المُنجد

عربی --- اردو

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

عربی اور اردو کی جامع ترین لغت

المنجد

مرتب :

لوئیس معلوف

ترجمہ

مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

تکمیل و نظر ثانی :

قاری عبدالستار

فاضل مدینہ یونیورسٹی

تقدیم :

محمد اسحاق بھٹی

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

حرفے چند

آج سے تقریباً ۳۵ سال قبل جب والد محترم حضرت مولانا عبدالخالق قدوسی رحمۃ اللہ علیہ نے مکتبہ قدوسیہ کا آغاز کیا تو اس کی بنیاد عربی کتب کے کاروبار سے رکھی۔ انہوں نے محدود پیمانے پر عربی کتب کی خرید وفروخت شروع کی اور ان کی شہادت (۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء) تک الحمدللہ مکتبہ قدوسیہ پورے پاکستان میں عربی کتب کی فراہمی اور طباعت کا ایک اہم ادارہ بن چکا تھا۔ عربی کی نادر ونایاب کتب کے حصول کے لیے شائقین دور دراز سے تشریف لاتے۔ اسی طرح طباعت کے میدان میں بھی مکتبہ قدوسیہ نے عربی کی کئی ایک بلند پایہ کتب شائع کیں۔ عربی زبان وادب کی خدمت کا یہ سلسلہ جاری وساری ہے۔ کچھ عرصہ قبل مصباح اللغات بہت عمدہ معیار پر اور خوبصورت کمپوزنگ کے ساتھ شائع کی گئی جب کہ چار جلدوں پر مشتمل ایک بہت اہم کتاب ''تاریخ ادب عربی'' بھی جلد شائع ہو رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ہماری ایک اور کاوش المنجد (عربی۔اردو) آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

مولانا ابوالفضل بلیاوی نے جب مصباح اللغات مرتب کی تو اس کی بنیاد دراصل المنجد ہی تھی مولانا ابوالفضل نے المنجد کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں بعض اضافے کر دیئے تھے۔ جب کہ کثیر تعداد میں المنجد کے الفاظ حذف کر دیئے تھے اور اس کو مصباح اللغات کا نام دیا تھا۔ ہماری خواہش تھی کہ المنجد کو اس کی اصل حالت میں ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جائے۔ چنانچہ ہم نے مصباح اللغات میں ان حذف شدہ الفاظ کو نئے سرے سے ترجمہ کروا کر شامل کر دیا ہے جب کہ ان کے اضافہ جات کو خارج کر دیا ہے۔ یوں المنجد اپنی اصل شکل میں مکمل ہو گئی ہے۔ مولانا عبدالستار صاحب فاضل ریاض یونیورسٹی نے اس مشکل کام کو بہت محنت اور خلوص سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

المنجد کی طباعت اور معیار کے متعلق بہتر فیصلہ تو قارئین ہی کر سکتے ہیں۔ البتہ ہم نے بساط بھر کوشش ہے کہ ظاہری اور معنوی اعتبار سے اس کو مفید سے مفید تر بنایا جائے۔ عربی الفاظ کو نمایاں کرنے کے لئے سرخ رنگ کی روشنائی استعمال کی گئی جب کہ اردو کے لیے سیاہ۔ علاوہ ازیں المنجد کے آخری ایڈیشن میں جدید عربی کے جو الفاظ ہیں ان کا ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو اس نسخے کی اہمیت کو دو چند کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ اہل عرب کے ہاں روزمرہ کے محاورے اور ضرب الامثال کا مختصر اور جامع ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ اپنی حد تک ہم نے کوشش کی ہے کہ تصحیح کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھا جائے۔ اس مقصد کے لئے مختلف ماہرین فن کی خدمات حاصل کی گئیں جنہوں نے بار بار کتاب کی خواندگی کی۔ اس کے باوجود جو

کمی کوتاہی رہ گئی ہو، قارئین اس کی نشاندہی فرما کر ہمیں شکریہ کا موقع دیں۔ تاکہ آئندہ طباعت مزید بہتر ہو سکے۔

ہم محترم و مکرم جناب مولانا محمد اسحاق بھٹی کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست پر اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکال کر اس بظاہر خشک موضوع پر علمی، تحقیقی اور جامع مقدمہ لکھا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن حکیم کی زبان کی مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

ابوبکر قدوسی
اپریل ۲۰۰۱ء

تقدیم

''لغت'' عربی کا لفظ ہے اور مذکر استعمال ہوتا ہے۔ اس کے معنے ہیں زبان' بولی' آواز' فرہنگ' وہ کتاب جس میں الفاظ کے معنے درج ہوں اور مشکل الفاظ کے استعمال کا طریقہ بتایا گیا ہو۔ وہ صدا جس کی وساطت سے ایک شخص دوسرے شخص کے سامنے اپنا مقصد بیان کرتا اور اپنی ضرورت کا اظہار کرتا ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں اور ان کتابوں میں مشکل الفاظ کے معنے بتائے گئے ہیں۔ اردو زبان کے بھی بہت سے لغت موجود ہیں' جن میں اس زبان کے ماہرین نے دقیق اور مشکل الفاظ کے معانی درج کیے ہیں اور ان کے محل استعمال اور طریق بیان کی وضاحت کی ہے۔ انگریزی کتب لغت بھی معرض تصنیف میں آئی ہیں۔ اس موضوع کی بعض کتابیں وہ ہیں جن میں انگریزی الفاظ کے معنے انگریزی میں بتائے گئے ہیں' بعض میں اردو میں اور بعض میں عربی میں بیان کیے گئے ہیں۔ اسی طرح عربی کتب لغت کثیر تعداد میں ضبط تحریر میں لائی گئی ہیں۔ عربی سے عربی میں بھی' عربی سے اردو میں بھی' عربی سے فارسی اور انگریزی وغیرہ زبانوں میں بھی۔! پھر عربی لغت کی کتابیں صرف اہل عرب ہی نے نہیں لکھیں' غیر عربوں نے بھی اس زبان میں مہارت پیدا کی اور بہت سی کتب لغت تصنیف کی ہیں بلکہ عربی لغت نویسوں میں غیر مسلم بھی شامل ہیں جن کی بعض کتابیں ہمارے ہاں مشہور و متداول ہیں اور ہم ان سے استفادہ کرتے ہیں۔ غیر مسلموں کی کتابوں میں ایک کتاب ''المنجد'' ہے جو عربی سے عربی کے لغت کی کتاب ہے' پہلی دفعہ ۱۹۰۸ میں چھپی تھی۔ اب تک پینتیس چھتیس دفعہ چھپ چکی ہے۔ اس کے مصنف کا نام لوئیس معلوف ہے۔ یہ مشہور مستشرق پادری تھا یعنی فادر لوئیس معلوف۔ ۱۸۶۷ء میں پیدا ہوا تھا۔ ۱۹۴۶ میں فوت ہوا۔

کلام و تکلم کا آغاز کب ہوا؟

سوال یہ ہے کہ اظہار مقصد و مدعا کا سلسلہ کب سے جاری ہے اور کلام و تکلم کا آغاز کس طرح ہوا؟ اس کی ابتدا کب ہوئی اور کس زبان میں ہوئی؟

بعض کتابوں میں مرقوم ہے کہ بات چیت اور گفتگو کا سلسلہ تخلیق آدم سے بھی قبل سے جاری تھا اور جن اور ملائکہ ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے۔ ان کی کوئی زبان تو ہوگی جس میں وہ محو تکلم ہوتے تھے' لیکن انسانی بیان و کلام کی ابتدا اس وقت سے ہوئی' جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ حضرت آدم کا اولین مقام جنت تھا۔ وہیں اللہ کی طرف سے انھیں قوت گویائی سے نوازا گیا اور انھیں اس وقت کی موجود اشیا کے ناموں سے آگاہ کیا گیا۔ قرآن اس کا ذکر ان الفاظ میں کرتا ہے۔

وعلم ادم الاسمآء کلھا۔ (البقرہ:۳۱)

یعنی اللہ نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھا دیے۔

یہی لغت ونطق کی تاریخ ہے اور یہیں سے اس کا آغاز ہوتا ہے۔سوال یہ ہے کہ حضرت آدم کو اللہ نے کن چیزوں کے نام سکھائے؟

جواب دیا جاتا ہے کہ آسمان' زمین' دریا' درخت' پہاڑ' پتھر' پانی' نباتات' حیوانات وغیرہ ان سب چیزوں کے نام بتادیے' جو اس وقت موجود تھیں اور استعمال میں آسکتی تھیں۔فرشتوں کو اللہ نے ان چیزوں کے ناموں سے مطلع نہیں کیا تھا' حالاں کہ یہ چیزیں موجود تھیں' اس لیے کہ فرشتوں کو ان کی ضرورت نہ تھی۔آدم کو چوں کہ دنیا میں رہنا تھا اور اس کی اولاد کا سلسلہ آگے بڑھنا اور پھلنا تھا' اس لیے ان کے لیے اکل وشرب کی بھی ضرورت تھی' لباس کی بھی ضرورت تھی اور حالات کے مطابق دیگر بہت سی اشیا کی حاجت تھی۔یعنی انھیں ان تمام چیزوں کے ناموں سے مطلع کر دیا گیا اور پھر وہ اطلاع آگے چلتی رہی۔یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سواری کے جانوروں' مویشیوں اور برتنوں کے نام بھی انھیں بتادیے گئے تھے۔

سب سے پہلی زبان

روایات سے واضح ہوتا ہے کہ سب سے پہلے جو زبان سطح وجود پر ابھری اور جس سے دنیا کے اولین انسان حضرت آدم آشنا ہوئے' وہ عربی زبان تھی۔لیکن عربی کے ساتھ حضرت آدم کو کسی اور زبان سے شناسا کیا گیا یا نہیں؟ یہ مختلف فیہ بات ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت بیان کی جاتی ہے کہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی' لیکن جب انھوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا جس کے کھانے سے اللہ نے منع فرمایا تھا تو عربی زبان ان سے چھین لی گئی اور وہ سریانی زبان بولنے لگے۔اس کے بعد اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمالی اور غلطی معاف کردی تو عربی زبان انھیں دوبارہ عطا فرمادی گئی اور وہ جنت سے دنیا میں آئے تو ان کی زبان عربی تھی اور وہ عربی میں گفتگو کرتے تھے۔

عربی زبان کی اہمیت

عربی زبان کے بارے میں متعدد صحابہ کرام سے متعدد روایات مروی ہیں۔ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

احبوا العرب لثلاث

۱۔ فانی عربی ۔

۲۔ والقرآن عربی ۔

۳۔ ولسان اھل الجنة عربی ۔

تم عربی سے تین امور کی بنا پر محبت کرو۔
ایک اس لیے کہ میں عربی ہوں۔
دوسرے اس لیے کہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے۔
تیسرے اس لیے کہ اہل جنت کی زبان عربی ہے۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں میت سے فرشتوں کے سوال و جواب کا سلسلہ عربی زبان میں ہوگا۔

ایک روایت سے پتا چلتا ہے کہ اللہ کی طرف سے انبیا علیہم السلام پر جن کتب وصحائف کا نزول ہوا' وہ عربی زبان میں تھیں' لیکن ان انبیا علیہم السلام کی زبان انہی قوموں کی تھی' جن قوموں کی طرف انھیں مبعوث فرمایا گیا تھا۔ پھر ان انبیا نے ان عربی کتب وصحف کا ترجمہ اپنی اپنی امتوں کی زبان میں کیا۔

معانی ومطالب میں عربی زبان کی وسعت

عربی زبان الفاظ ومعانی کے لحاظ سے نہایت وسیع زبان ہے اور فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے دنیا کی کوئی زبان اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم عرب کے شاعر اور ادیب جس فخر اور غرور کے ساتھ اس زبان میں اپنی مہارت کا تذکرہ کرتے ہیں دوسرے زبانوں کے پرانے ماہر وادیب اس انداز سے شاید نہیں کرتے ہوں گے۔

عربی زبان کی وسعت کا یہ عالم ہے کہ ایک ایک لفظ میں کئی کئی معنے پنہاں ہیں اور اس باب میں اس کا دامن نہایت کشادہ ہے۔ مثلاً تلوار کر لیجیے' عربی میں اس کے لیے بہت سے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ اسی طرح شیر' نیزہ' اونٹ' بکری وغیرہ کے لیے بے شمار الفاظ مستعمل ہیں اور عرب ادبا وشعرا الفاظ کی اس بے پناہ کثرت پر انتہائی مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہیں۔

صلات اور حروف روابط

عربی زبان میں ایک بہت بڑا مسئلہ صلات اور حروف روابط کا ہے۔ کس فعل کا کیا صلہ ہونا چاہیے اور وہ صلہ کن حروف کے ساتھ آنا چاہیے' یہ مسئلہ بے حد اہمیت کا حامل ہے اور انتہائی دشوار بھی ہے۔ اگر رفع کا صلہ ''ب'' ہے تو کیا معنے ہوں گے' علیٰ' الی' من' اور فی ہے تو کیا ہوں گے۔! اس میں بسا اوقات عربی کے بڑے بڑے ادیب ٹھوکر کھا جاتے ہیں' بلکہ بعض دفعہ بعض اہل زبان بھی لغزش کا شکار ہو جاتے ہیں۔۔۔ عربی کے لغت نویسوں نے اس مشکل کو پوری طرح پیش نگاہ رکھا ہے اور بتایا ہے کہ کس فعل کا کس موقعے پر کیا صلہ آئے گا اور کیا معنے دے گا۔ لیکن اس باب میں سب سے بہتر اور قابل اعتماد بلکہ کہنا چاہیے کہ حرف آخر قرآن مجید ہے۔ اگر عربی کے کسی ادیب کو اس کتاب ہدیٰ سے پورا شغف ہے اور اس میں وہ درک رکھتا ہے تو اسے صلات کی پوری مشق ہو جاتی ہے اور حروف روابط کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

عربی شعر کا معاملہ

پھر شعر میں الفاظ کا استعمال ایک بہت بڑا فن ہے---شعر ہر اعتبار سے صحیح ہے' ردیف' قافیہ' الفاظ سب معاملہ ٹھیک ہے' لیکن ماہرین فن اس میں بھی خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہتے ہیں- اس کی ایک مثال ملاحظہ ہو-

خنسا عرب کی بہت بڑی شاعرہ تھی اور مرثیہ گوئی میں اس دور کا کوئی شاعر اس کا مقابلہ نہ کر سکتا تھا' وہ علاقہ نجد کی رہنے والی تھی اور اس کا اصل نام تماضر تھا- چوں کہ بے حد چست' تیز طرار' ذہین اور خوب رو تھی' اس لیے خنسا کے لقب سے مشہور ہوئی' جس کے معنے ہرنی کے ہیں- اس نے زمانہ جاہلیت بھی پایا اور زمانہ اسلام بھی-! اس کا سلسلہ نسب ساتویں پشت سے عرب کے نامور شاعر امراء القیس سے ملتا ہے- شاعری کے فن میں اس کی مہارت سے متعلق بعض دلچسپ باتیں تاریخ کی کتابوں میں مرقوم ہیں-

دورِ جاہلیت میں اہل عرب میں یہ دستور تھا کہ مختلف مقامات پر شعر و شاعری کی مجلسیں آراستہ ہوتی تھیں- ان مجلسوں میں مرد اور عورتیں برابر کی سطح پر حصہ لیتے تھے- خنسا بھی ان میں شامل ہوتی تھی اور اس کے خیمے پر ایک جھنڈا نصب کیا جاتا تھا' جس پر جلی حروف سے لکھا ہوتا تھا-

الخنساء-- ارثی العرب-
(خنساء-عرب کی سب سے بڑی مرثیہ گو)

تمام عرب شعرا نہایت شوق اور دلجمعی سے اس کا کلام سنتے تھے- نابغہ ذبیانی جس کا اصل نام زیاد بن معاویہ تھا' بڑی توجہ سے اس کے اشعار سنتا تھا- ایک مجلس میں خنساء بھی موجود تھی اور حضرت حسان بن ثابت بھی تشریف فرما تھے- نابغہ ذبیانی نے خنساء کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اگر میں نے ابو بصیر (اعشیٰ) کے اشعار نہ سنے ہوتے تو تمھیں موجودہ دور کے تمام شعرا سے بہتر قرار دیتا-

حضرت حسان کو دورِ جاہلیت میں بھی عرب کا بہت بڑا شاعر گردانا جاتا تھا اور زمانہ اسلام میں بھی انھوں نے رسول اللہ ﷺ کی مدح میں جو اشعار کہے' تاریخ اسلامی میں وہ اپنی مثال آپ ہیں-

انھوں نے نابغہ ذبیانی کی زبان سے خنساء کے اشعار کی تعریف سنی تو طیش میں آ گئے اور بولے:

''میں خنساء سے بہتر شعر کہتا ہوں-''

نابغہ ذبیانی نے یہ الفاظ سن کر حسان سے تو کچھ نہیں کہا البتہ خنساء کی طرف دیکھا-

خنساء نے حسان سے کہا: ''آپ اپنے قصیدے کے جس شعر کو سب سے اچھا سمجھتے ہیں' وہ سنایے-''

حسان نے فوراً شعر پڑھا-

ان الجفنات یلمعن فی الضحی
واسیافنا یقطرن من نجدۃ دما

یعنی ہمارے پاس بڑے بڑے شفاف برتن ہیں جو چاشت کے وقت چمکتے ہیں اور ہماری تلواریں بلندی سے خون ٹپکاتی ہیں۔

اس شعر میں انھوں نے اپنے قبیلے کی سخاوت کا اظہار بھی کیا ہے اور بہادری و جنگ ہوئی کا بھی۔!

شعر سن کر خنساء نے کہا: ''یہ شعر سات مقامات پر بلندی سے گر گیا---'' اب وہ ان مقامات کی نشان دہی کرتی ہے۔

۱۔ ''جفنات'' کا لفظ دس سے کم پر بولا جاتا ہے۔ اس کے بجائے مناسب لفظ ''جفان'' تھا۔

۲۔ ''غر'' کے معنے پیشانی کی سفیدی کے ہیں۔ اس کی جگہ لفظ ''بیض'' ہوتا تو زیادہ بہتر تھا۔

۳۔ ''یلمعن'' عارضی چمک کو کہا جاتا ہے۔ یہاں ''یشرقن'' لایا جاتا تو بہت مناسب رہتا۔

۴۔ ''الضحی'' کی نسبت ''الدجی'' زیادہ موزوں تھا' کیوں کہ روشنی سیاہی میں زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

۵۔ ''اسیاف'' کا اطلاق جمع قلت پر ہوتا ہے' اس کے بجائے ''سیوف'' استعمال کرنا چاہیے تھا۔

۶۔ ''یقطرن'' میں وہ خوبی نہیں پائی جاتی جو ''یسلن'' میں پائی جاتی ہے' لہٰذا ''یقطرن'' کی جگہ ''یسلن'' زیادہ مناسب تھا۔

۷۔ ''دم کی جگہ ''دماء'' ہونا چاہیے تھا' اس لیے کہ اس میں کثرت کے معنے پائے جاتے ہیں۔

حضرت حسان نے خنساء کے یہ اعتراضات سنے اور خاموش رہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حسان نے خنساء کے اعتراضات کو اہمیت دی اور خنساء کے نزدیک شعر اس طرح ہونا چاہیے تھا۔

لنا الجفان البیض یشرقن فی الدجی

وسیوفنا یسلین من نجدۃ دماء

عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ عہد قدیم میں عرب عورتیں بھی عربی زبان کے مختلف گوشوں پر گہری نظر رکھتی تھیں اور اس سے خوب آگاہ تھیں کہ کون سا لفظ کس موقعے اور مقام پر زیادہ مناسب اور موزوں رہتا ہے۔ یہ زبان پر ان کے عبور کا ثبوت اور اس کی نزاکتوں سے کامل آگاہی کی دلیل ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں' جو زبان بولی جاتی ہے' اس کے نشیب و فراز کو سمجھنے اور مشکل الفاظ کو فہم کی گرفت میں لانے کے لیے لغات کی بہرحال ضرورت رہتی ہے۔ بعض دفعہ کسی لفظ کے معنی کا علم ہوتا ہے' لیکن اس کو مناسب اور صحیح انداز سے استعمال میں لانے میں مشکل پیش آ جاتی ہے' اس مشکل سے نکلنے کے لیے کتاب لغت کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

عربی کتب لغت کی کثرت

عربی لغت کی سب سے زیادہ کتابیں لکھی گئی ہیں اور ایک ایک کتاب کئی کئی جلدوں میں لکھی گئی ہے۔ اس طرح ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی ہے۔ اس کا اندازہ صاحب بن عباد کے اس واقعہ سے کیجیے کہ ان کو کسی حکمران

نے اپنے یہاں آنے کے لیے درخواست کی تو انھوں نے جواب دیا کہ میں اپنے مقام سکونت سے آپ کے ہاں کس طرح آ سکتا ہوں۔ مجھے ساٹھ اونٹ تو فقط لغت کی کتابیں لادنے کے لیے درکار ہوں گے۔
یہ صرف ایک شخص کی بات ہے کہ اس کے پاس کتب لغت کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ انھیں کسی جگہ منتقل کرنے کے لیے ساٹھ اونٹوں کی ضرورت ہے۔ یقیناً ایسے اہل علم بھی ہوں گے جن کے پاس اس سے بھی زیادہ کتابیں ہوں گی۔

عربوں کا فطری ذوق

یہاں یہ بھی عرض کر دیں کہ قدیم دور کے جن عرب شاعروں اور اصحاب فصاحت و بلاغت کا کلام ہم پڑھتے اور سنتے ہیں، وہ کسی کے شاگرد نہیں تھے اور ان میں سے کسی نے کسی استاذ کے سامنے اس طرح زانوئے شاگردی تہہ نہیں کیا تھا، جس طرح ہم کرتے ہیں۔ امراء القیس کس کا شاگرد تھا؟ نابغہ ذبیانی کس کے حلقہ تلمذ میں رہا تھا؟ خنسا نے کس سے استفادہ کیا تھا؟ حسان بن ثابت نے کس سے اصلاح لی تھی؟
کلثوم بن عمرو عتابی، سری بن احمد کندی اور اس طرح کے بہت سے شعرا و ادبا تھے، مگر کچھ پتا نہیں ان لوگوں نے یہ علم کس سے سیکھا تھا۔ خود نبی ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ انا افصح العرب (میں تمام باشندگان عرب سے زیادہ فصیح ہوں) پھر قبیلہ قریش کی زبان نہایت نکھری ہوئی اور صاف تھی۔ قبائل عرب میں سے بنو قیس، بنو تمیم، بنو اسد اور بنو ہذیل وغیرہ قبائل کی زبان نہایت فصیح تھی اور یہ نعمت انھیں ان کے فطری ذوق کی بدولت حاصل ہوئی تھی۔

عرب میں تحریر و کتابت کا آغاز

اب سوال یہ ہے کہ اہل عرب نے تحریر و کتابت کا سلسلہ کب شروع کیا اور کس طرح کیا اور اول اول عربی رسم الخط کی طرح کس نے ڈالی؟
اس سوال کا جواب محمد بن اسحاق ندیم وراق (وفات تقریباً ۳۹۰ھ) نے اپنی مشہور تصنیف ''الفہرست'' میں دیا ہے اور ہم یہاں اسی سے استفادہ کر رہے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:
اس میں اختلاف ہے کہ سب سے پہلے عربی رسم الخط کی بنیاد کس نے رکھی۔ ہشام کلبی کا بیان ہے کہ اس کا اولیں موجد عرب عاربہ کا ایک گروہ ہے[1]، جنھوں نے عدنان بن اد کے ہاں سکونت اختیار کی۔ ان کے نام یہ تھے:

---

[1] یہاں یہ وضاحت کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ قبائل عرب کی تین قسمیں ہیں اور وہ ہیں (۱) عرب عاربہ (۲) عرب متعربہ اور (۳) عرب مستعربہ۔ عرب عاربہ خالص عربوں کو کہا جاتا ہے اور وہ نو قبیلے ہیں جو ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ وہ نو قبیلے یہ ہیں: عاد، ثمود، امیم، عبیل، طسم، جدیس، عملیق، جرہم، وبار۔
عرب متعربہ اور عرب مستعربہ کا اطلاق ان لوگوں پر ہوتا ہے جو خالص عرب نہیں ہیں، ان میں دوسری قوموں کا اختلاط پایا جاتا ہے۔ عرب متعربہ قحطان کی اولاد ہیں، جن کی اصل زبان سریانی تھی۔ پھر انھوں نے یمن کو اپنا وطن بنا لیا تھا۔ یمن میں انھوں نے بنو اسماعیل سے عربی زبان سیکھی اور وہی ان کی زبان قرار پائی۔

ابوجاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفص، قریبات-[1]
کتابت وتحریر کا آغاز انھوں نے اپنے ناموں کے مطابق کیا-یعنی وہ حروف لکھنا شروع کیے جو ان کے ناموں میں پائے جاتے ہیں-بعدازاں وہ ان حروف سے آشنا ہوئے جو ان کے ناموں میں موجود نہ تھے، مثلاً ثا، خا، ذال، ظا، شین، غین-ان حروف کو انھوں نے ''روادف'' کے نام سے موسوم کیا-

ابن ہشام کی روایت کے مطابق، یہ لوگ (ابوجاد، ہواز، حطی وغیرہ) شاہان مدین سے تعلق رکھتے تھے اور حضرت شعیب علیہ السلام کے زمانے میں ''یوم الظلہ'' میں ہلاک ہوئے-[2]

اس کی صورت یہ ہوئی کہ پہلے تو سات دن حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم اتنی سخت گرمی میں مبتلا رہی کہ ان کے لیے اس کا برداشت کرنا ممکن نہ رہا-جہاں جاتے ہیں، گرمی کی شدت میں مبتلا ہیں-سات دن یہ کیفیت طاری رہی-اس کے بعد یکایک آسمان سے سیاہ بادل نمودار ہوا اور سردی کا ریلا آیا، جس سے لوگ بے حد خوش ہوئے اور اس سیاہ بادل کے نیچے جمع ہو گئے-پھر اس بادل میں سے آگ کے شعلے برسنے لگے اور ان شعلوں نے نہایت تیزی کے ساتھ وہاں کے باشندوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا-حضرت شعیب علیہ السلام کی تکذیب کرنے والے تمام لوگ ان شعلوں میں بھسم ہو گئے-قرآن نے اس دن کو ''یوم الظلہ'' (سائبان کے دن) سے تعبیر کیا ہے، اس لیے کہ منکرین حق پر سیاہ بادل، سائبان کی طرح تن گیا تھا-صرف وہی لوگ اس عذاب سے محفوظ رہے تھے، جنھوں نے حضرت شعیب علیہ السلام کے احکام پر عمل کیا تھا-یوم الظلہ کو ابوجاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفص اور قریبات بھی ہلاک ہو گئے تھے-

کلمون کی بہن نے ان کی ہلاکت پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے یہ مرثیہ کہا تھا-

کلمون ہدّ رکنی هلكه وسط المحله
سيد القوم اتاه الحتف ثارا وسط ظله
جعلت نارا عليهم دارهم كالمضمحله

یعنی ''اے کلمون! میرا سہارا ختم ہوا، اس لیے کہ تو آبادی کے عین وسط میں ہلاک ہو گیا-
قوم کے سردار کو موت نے آ دبوچا، جب کہ وہ سائبان کے نیچے اقامت گزیں تھا-
اس سائبان نے ان کے گھروں پر آگ برسادی اور گھر تباہ ہو گئے-''

گزشتہ سے پیوستہ
عرب مستعربہ، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں، انھیں بنی سعد بن عدنان بن اد کہا جاتا ہے-حضرت اسماعیل علیہ السلام اصل عرب نہ تھے، نہ ان کی آبائی زبان عربی تھی، ان کی شادی بنو جرہم میں ہوئی تو انھوں نے عربی زبان سیکھی، اس لیے ان کی اولاد جو ارض حجاز سے تعلق رکھتی ہے، عرب مستعربہ ہوئی-

[1] ہمارے ہاں ان ناموں کا تلفظ یہ ہے: ابجد، ہوز، حطی، کلمن، صعفص، قریبات-

[2] حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو جب ان برائیوں سے روکا، جن کا وہ ارتکاب کرتی تھی تو ان لوگوں نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور کہا کہ اگر تم سچے ہو اور واقعی تمھیں اللہ نے اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تو ہم پر آسمان سے عذاب کی شکل میں کوئی ٹکڑا برسادو-چنانچہ فاخذهم عذاب يوم الظلة (شعراء:۱۸۹) ''سائے کے دن کے عذاب نے ان کو آ پکڑا''

الفہرست کے مصنف محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے یہ نام ابن ابی سعد کی تحریر میں اس شکل وصورت اور اس اعراب کے ساتھ پڑھے ہیں۔

ابجا، ہاوز، حاطی، کلمان، صاع فض، قرست۔

کہتے ہیں، یہ آخری قافلہ تھا جو عدنان بن اڈ وغیرہ کے ہاں آ کر ٹھہرا۔ جب ان لوگوں نے اپنے آپ کو عربوں کے قابل میں ڈھال لیا تو عربی انداز کتابت وضع کیا۔ واللہ اعلم

کعب احبار کا کہنا ہے کہ پہلے شخص جنھوں نے عربی، فارسی اور ہر قسم کے اسالیب کتابت کو وضع کیا، آدم علیہ السلام ہیں۔ انھوں نے اپنی موت سے تین سو سال قبل ان اسالیب کتابت کو مٹی پر لکھا اور آگ پر پکایا۔ جب دنیا طوفان کی زد میں آئی تو انداز تحریر کے یہ نمونے محفوظ رہے، چنانچہ ہر قوم نے اپنے اپنے رسم الخط کو پہچانا اور اختیار کیا اور اسی انداز سے لکھنا شروع کر دیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس کا فرمان ہے کہ سب سے پہلے جن لوگوں نے عربی رسم الخط وضع کیا، وہ قبیلہ بولان کے تین شخص ہیں۔ انھوں نے انبار کو اپنا مسکن بنایا اور اکٹھے ہو کر حروف مقطعہ اور موصولہ وضع کیے۔ ان کے نام مرامر بن مرہ، اسلم بن سدرہ اور عامر بن جدرہ ہیں۔ ایک قول کے مطابق مروہ اور جدلہ ہیں۔ مرامر نے شکل وصورت کو، اسلم نے فصل و وصل کو اور عامر نے نقطوں کو وضع کیا۔

اہل حیرہ سے پوچھا گیا: ''تم نے عربی کس سے سیکھی۔؟ انھوں نے جواب دیا۔ ''اہل انبار سے!'' نیز کہا جاتا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام چوبیس برس کے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عربی مبین بولنا سکھائی۔

محمد بن اسحاق کا کہنا ہے کہ جو چیز واقعیت وحقیقت سے قریب تر اور قابل قبول ہے اور جسے ثقہ لوگوں نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ عربی جن قبائل کی زبان تھی، وہ تھے حمیر، طسم، جدلیس، ارم اور حویل۔ یہ عرباعاربہ تھے۔ حضرت اسماعیل نے جب قبیلہ جرہم میں سکونت اختیار کی اور بڑے ہوئے تو اسی قبیلے میں، جو خاندان معاویہ بن مضاض جرہمی کی ایک شاخ تھا، شادی کی۔ چنانچہ یہ لوگ ان کی اولاد کے ننھیال ٹھہرے۔ اس رشتہ وتعلق کی بنا پر حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اس قبیلے کی زبان سیکھی۔ اس کے بعد مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے ضروریات پیش آتی اور ظاہر ہوتی رہیں، حالات کے مطابق ان کی اولاد نے بات سے بات نکالی اور بہت سی چیزوں کے نام وضع کر لیے۔ پھر اس طرح جب دائرہ کلام زیادہ وسیع ہوگیا تو قبیلۂ عدنان میں عمدہ اور فصیح شعر کہنے کا رواج ہوا، جو آہستہ آہستہ مزید ترقی کر گیا۔

عرب کا ہر قبیلہ اپنی الگ بولی رکھتا تھا، جسے لوگ سیکھتے اور رواج دیتے تھے، لیکن زبان بنیادی طور پر سب کی ایک ہی رہی۔

اس بات کی تصدیق مکحول کی روایت سے ہوتی ہے جو وہ مختلف راویوں سے بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں، پہلا گروہ، جس نے عربی خط وضع کیا نفیس، نضر، تیما اور دومہ پر مشتمل ہے جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تھے۔ انھوں نے اسے تفصیلی شکل میں وضع کیا اور قادور اور نبت بن ہمیسع بن قادور نے اسے پھیلایا اور عام کیا۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ انبار کے چند افراد نے جو قبیلہ ایاد قدیم سے تعلق رکھتے تھے، حروف الف، ب، ت، ث وضع کیے اور عربوں

نے اسی سے سب کچھ سیکھا۔

محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے عمر بن شیبہ کی کتاب مکہ میں خود اس کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ تحریر پڑھی ہے کہ مجھے علمائے مصر کے ایک گروہ نے بتایا کہ جس نے عربی کے خط جزم کو اختیار کیا وہ بنو مخلد بن نضر بن کنانہ کا ایک شخص ہے۔ اسی کی پیروی میں عربوں نے لکھنا شروع کیا۔

ایک دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ جو شخص علم کتابت کو قریش مکہ میں لایا وہ ابو قیس بن عبد مناف بن زہرہ ہے۔ ایک قول کے مطابق حرب بن امیہ ہے۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب قریش نے (جدید تعمیر کے لیے) کعبہ کو گرایا تو اس کے ایک رکن کے نیچے سے ان کو ایک پتھر دستیاب ہوا جس پر یہ تحریر ثبت تھی۔

السلف بن عبقر یقرأ علی ربه السلام من رأس ثلاثة الاف سنة

یعنی تیسرے ہزار سال کے آغاز میں سلف بن عبقر اپنے رب کو سلام بھیجتا ہے۔

خزانہ مامون میں چمڑے پر لکھا ہوا عبد المطلب بن ہاشم کا ایک نوشتہ موجود تھا، جس پر یہ الفاظ مرقوم تھے:

حق عبدالمطلب بن هاشم من اهل مكة على فلان بن فلان الحميرى من اهل وزل صنعا عليه الف درهم فضة كيلا با لحديدة و متى دعاه ادبها اجابه شهدالله والملكان۔

کہ اہل مکہ میں سے فلاں بن فلاں حمیری پر جو وزل صنعا سے تعلق رکھتا ہے، عبد المطلب بن ہاشم کا چاندی کا ہزار درہم بوزن حدیدہ واجب الادا ہے، جب بھی اس سے اس کا مطالبہ کیا جائے گا، وہ اسے ماننے پر مجبور ہوگا۔ اللہ اور اس کے فرشتے اس پر گواہ ہیں۔

یہ خط عورتوں کے خط کی مانند ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں بھی لکھنا جانتی تھیں۔

قصبہ سور میں، مرپین کے قبرستان میں ایک عرب کاتب اسید بن ابوالعیص مدفون تھا، قبرستان کے کنارے ایک مسجد تھی۔ سیلاب کی وجہ سے اس میں شگاف پڑ گیا تو وہاں سے ایک پتھر برآمد ہوا جس پر یہ الفاظ کندہ تھے۔

انا اسيد بن ابى العيص ترحم الله على بنى عبد مناف

میں اسید بن ابوالعیص ہوں، اللہ بنی عبد مناف پر رحم کرے۔

اب سوال یہ ہے کہ عرب اس نام (یعنی عرب) سے کیوں موسوم ہوئے؟

الفہرست میں مرقوم ہے کہ ابن ابوسعد لکھتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں کو ان کے ننھیال کے ساتھ جو قبیلہ جرہم سے تعلق رکھتے تھے، دیکھا تو پوچھا۔

”اسماعیل! یہ کون لوگ ہیں؟“

انھوں نے جواب دیا: ”میرے بیٹے اور ان کے ننھال جرہم“

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو قدیم سریانی زبان میں باتیں کر رہے تھے' کہا: "اعرب لہ" یعنی ان کو ایک دوسرے میں جذب کر دو اور ملا دو۔

یہ تمام باتیں کہاں تک صحیح ہیں؟ یہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

اس سے آگے الفہرست میں خط حمیری اور مختلف علاقوں کے رسم الخط اور اندازِ کتابت کا ذکر کیا گیا ہے جو نہایت دلچسپ ہے۔ متعدد علاقوں کے اسالیب کتابت کے نمونے بھی درجِ کتاب کیے گئے ہیں۔

کتاب کی خصوصیت

زیر مطالعہ کتاب عربی زبان کے ہزاروں الفاظ پر مشتمل ہے اور اپنے انداز کی ایک منفرد کتاب ہے۔ اس کی بہت بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کرنے کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ مثلاً آپ فعل مضارع کے جمع کے لفظ یَسْتَخْرِجُوْنَ کے معنے دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کا مادہ تلاش کیجیے جو تین حروف خ ر ج (خَرَجَ) ہے۔

اسی طرح آپ کو لفظ یَسْتَبْدِلُوْنَ کی تلاش ہے تو پہلے ب د ل (بدل) پر نظر ڈالیے' پھر آگے بڑھتے بڑھتے "یَسْتَبْدِلُوْنَ" آ جائے۔

اس طرح ثلاثی' رباعی' خماسی وغیرہ کے تمام ابواب آپ کے سامنے آ جائیں گے اور مسئلہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔

عربی لغت کی کتابوں کے مختلف طریقوں میں آسان ترین طریقہ یہی ہے جو اس کتاب میں اختیار کیا گیا ہے یعنی حروف تہجی کی ترتیب سے کتاب مرتب کی گئی ہے۔ جیسے آ' ابّ' اَبَّبَ' اَبَتَ' اَبَثَ' اَبْجَدُ' اَبَدَ' اَبَرَ--- ایاد' ایلہ تک' اس کے آگے ب' پھر ت اور آخر میں ی۔

یہ نہایت آسان ترتیب ہے اور اس طرح ہر شخص بخوبی کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔

میرے محترم عزیز ابوبکر قدوسی نے اپنے اشاعتی ادارے مکتبہ قدوسیہ کی طرف سے اس کتاب کی اردو زبان میں اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ ان کی یہ کوشش حد درجہ لائق تحسین ہے۔ یقیناً اہل علم اس کو سراہیں گے اور یہ کتاب ان کے تحقیقی کاموں میں ممد و معاون ہوگی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ان کے کاروبار میں برکت فرمائے اور یہ قرآن و حدیث کی جو نشر و اشاعت کر رہے ہیں' اسے قبولیت سے نوازے۔

محمد اسحٰق بھٹی

المنجد کے رموز واشارات

فا	سے مراد اسم فاعل	مص	سے مراد مصدر	(س)	سے مراد باب سَمِعَ يَسْمَعُ
مفع	سے مراد اسم مفعول	(ض)	سے مراد باب ضَرَبَ يَضْرِبُ	(ک)	سے مراد باب كَرُمَ يَكْرُمُ
ج	سے مراد جمع	(ن)	سے مراد باب نصر ينصر	(ح)	سے مراد باب حَسِبَ يَحْسِبُ
جج	سے مراد جَمْعُ الْجُمْعِ	(ف)	سے مراد باب فَتَحَ يَفْتَحُ		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کریں

بعض قیاسی احکام

عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں:

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں اس طرح شریک ہونا کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہوں۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخییل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ. تکلف اور تخییل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخییل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ. حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقیناً پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صیونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتدا: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ. عراق میں پہنچا۔ (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَعْلَ. اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اخرج = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثُ الحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) صیونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الْفَرع. سردار قابل ملامت ہوا۔ (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ. گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَتْمَرَ النخلُ. کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ. میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ. میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتدا: جیسے کَلَّمَ اس نے کلام کی (مجرد کلم زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس. اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خیم. وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ. اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ. اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ الْقَوْسَ. اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِی. اس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ. اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجرُ. درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ. اس نے لا إلہ إلا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ. وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِی. اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا. زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سافر بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَل: جیسے بَاعَدْتُہ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ. اس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ. اس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۲)

(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ. اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ. وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ. اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ. وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ. وہ مالدار ہو گیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فعل: جیسے علمته فتعلَّمَ. میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ. اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک. اونٹ کا بیٹھنا) (۵)
(۲) تشارک: جیسے تشاتَما. دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)
(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ: اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)
(۴) مطاوعت فاعل: جیسے بَاعَدتُهُ فَتَبَاعَدَ. میں نے اسے دور کیا سو وہ دور ہو گیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتدا: جیسے اِنطَلَقَ. وہ گیا (مجرد طَلَقَ) (۵)
(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنکَسَرَ. وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت فعل: جیسے کَسَرتُهُ فانکسر. میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفعَلَ: جیسے اَغلَقَ البا[illegible]لَقَ. اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)
فائدہ. باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں آتا اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِختَجَرَ الفَارُ. چوہے نے بل بنایا۔ (۶)
(۲) تخییر: جیسے اِکتَالَ الشَّعِیرَ. اس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل. اپنے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممته فاغتمَّ. میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکتَدَّ فُلاناً. اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذ[illegible]
(۷) موافقت تفاعل: جیسے اختصم بمعنی تخاصم (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمته. میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)
(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب. کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمته. میں نے اسکو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِستَحسَنتُهُ. میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۳۱)
(۵) تحول: جیسے اِستَحجَرَ الطین. مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)
(۷) تکلف: جیسے اِستَجرَأَ. اس نے جرأت دکھلائی۔ (۳۰)
(۸) قصر: جیسے اِستَرجَعَ. اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیهِ رَاجِعُونَ کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمتُه فَاستَقَامَ. میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔ (۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِستَقَرَّ (۳۱)
موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِستَجَابَ (۳۱)
(۱۱) ابتدا: جیسے اِستَعَانَ. زیرناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسوَدَّ اللیلُ. رات بہت تاریک ہو گئی (۲۹)
فائدہ. اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحمَرَّ، ابیضَّ اِحوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفعِیعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحدَودَبَ. بہت کبڑا ہو گیا۔ (۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحلَولٰی التَّمرُ بمعنی حلا (۳۱)

باب اِفعِوَّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجلَوَّذَ. وہ بہت تیز دوڑا۔ (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحمَارَّ. بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتَهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔(۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنا لیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم مرة' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان وظرف زمان' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعة' تجارة' حیاكة

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعلان ہے جیسے غلَیَان' جَولاَن' حفقان

(۴) جس کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار

(۵) اس کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فُعالؔ اور فَعِیلؔ ہے جیسے رَحِیلؔ و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعالؔ اور فَعِیلؔ ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَةؔ ہے جیسے حُمْرَة' رُزْقَة' خُضْرة

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فعل کا مصدر فُعُولَةؔ اور فَعَالَةؔ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُولَة نَبَاهَة' فَصَاحَةٌ

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَلؔ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ

(۳) فعل لازمی کا مصدر فُعُولؔ کے وزن پر جیسے قُعُودٌ' خُرُوجٌ' نُهُوضٌ

(۴) فِعلؔ اور فَعْلؔ کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصر

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلاً اور تفعلةؔ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة' قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعلةؔ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنْبِئَة و طَأ توطِئَة' هنَّأ تهنئةؔ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلی تحلیه' زكى تزكيةؔ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسَمَ' تقويمًا' سَوَّدَ تسويدًا

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعَلَةؔ ہے جیسے قَاتَلَ قِتالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَةؔ کا وزن متعین ہے جیسے يَاسَرَ' مُيَاسَرَةً' يَامَنَ مُيَامَنَةؔ اور بَاوَمَ مُيَاوَمَةً و يَواهَا شاذ ہے۔

أَفعَلَ کا مصدر إفْعَالؔ ہے جیسے أَكْرَمَ إكْرَامؔ اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' وہ الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' اماتة' اغاث اغاثة' اشار اشارة

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلؔ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلؔ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یاء سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأنّي' تَأنِّيًا' تغاضى تَغَاضِيًا.

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوعَلَ کا افعيعالؔ اور اِفْعَلَّ کا افعلالؔ ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنْطِلاَقًا' اِحْدَوْدَبَ اِحْدِيْدَابًاؔ اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا.

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَالؔ ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً.

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَةؔ اور فِعْلاَلؔ ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةؔ اور وَسْوَاسًا.

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلؔ. اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَلؔ اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلاَّلؔ ہے جیسے

تدحرج تدحرجًا. اجرنجم احرنجامًا. اِقشعرّ اِقشِعرارًا فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَربًا۔

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مستثنٰی ہیں۔ مَجِئی، مرجِعٌ، مَسِیرٌ، مَصِیرٌ، مَشِیبٌ، مَرفق مَقِیلٌ مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا "عین" کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مورِدٌ، مَوعِدٌ، مَوجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنحَدَر، مصطبَر، مزدحم

اسم مرۃ واسم نوع

اس مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَربَةً، جَلَسْتُ جَلسَةً ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلتَفَتُّ اِلتِفَاتَةً، اِنطَلَقتُ اِنطِلاقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة، قاتلته مقاتلةً لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجبةً اجابة فقط۔ اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فعلة کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد، مشی مِشیَةَ المُختال. ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة قبیح المعاشرة.

ظرف مکان وظرف زمان

ظرف مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔ ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مفعل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنصَر مَفتَحٌ، مَسمَعٌ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مفعِل کے وزن پر جیسے مَجلِس مَنزِل اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنٰی ہیں، ان سب کا وزن مفعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسجِدٌ، مَشرِقٌ، مَغرِبٌ، مَطلِعٌ، مَجزِرٌ، مَرفِقٌ، مَفرِقٌ، مَسکِنٌ، مَنسِکٌ، مَنبِتٌ، مَسقِطٌ. مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مفعل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مفعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد، مَوجِل، مَطوی، مرمی اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدخَلَ سے مُدخَلٌ، اَخرَجَ سے مُخرَجٌ، اِنخَدَعَ سے مُنخَدَعٌ کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلة کا وزن مقرر ہے جیسے مقبرة جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مأبلة جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفعَالٌ جیسے مفتاح. مِفعَلَةٌ جیسے مِکنَسَةٌ اور یہ مِفعَلٌ وزن بھی قیاسی جیسے مِبرَد وغیرہ الفاظ اسماء جامد کی مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور مُنخُلٌ، مُدهُنٌ، مُکحُلةٌ، مُدقٌّ، مُسعُطٌ، مُشطٌ آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم سِکِّین، فَاسٌ وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فاعل کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب مُکرِمٌ مُتَعَلِّمٌ مُنکَسِرٌ کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَضرُوبٌ، مَفتُوحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب مُنخَدَعٌ

مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کردینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدْحَرَجٌ

تنبیہ: (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسریں سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفعَ سے یَافِعٌ. اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوبٌ. اَجَنَّهُ سے مَجْنُونٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُومٌ. اَزْكَمَهُ سے مَزْكُومٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُولٌ.

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ، كَرِيمٌ، لَيِّنٌ، سَهلٌ، صَعْبٌ، لقيان، غضبان، كسول، عطشى، رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ، اعرج، ابلج اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقيم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فُعْلَى کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سوادًا. اشد استِخرَاجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد"، میں احمد، حمد سے اور "حاتم اعطى من عمرو"، میں اعطى سے اور "هذا السفر اَخْصَرُ من ذَاكَ"، میں اَخْصَرُ، اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادية انوا منه"، میں انواء، نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی نچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْيَر اور اشَر تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہوگئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں:

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ. نَصَّار. فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ و فهامة. فِعِّيل جیسے صِدِّيق و سِكِّير. مفعيل جیسے مِسْكِينَ وَ مِعْطِيرُ. مِفْعَالُ جیسے مكسال و مقدام. فعلة جیسے ضحكة و ضُجْعَةٌ. فَعَلٌ جیسے شَرَةٌ، وَحَرِزٌ. فَعِيلٌ جیسے رَحِيمٌ وَ عَظِيمٌ. فَعُولٌ جیسے كَذُوبٌ. وَدُودٌ. فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُولَةٌ جیسے فَرُوقَةٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ. فَاعُولٌ جیسے فَارُوقٌ. فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ. مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ، اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطى سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تاء تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامة، فَهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصير، امراة نصيرة". "جاء نصير و نصيرة"۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت میں ہوگی جیسے "زيد قتيل". و اتت المرأة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب و حبيبة

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے يحيىٰ البتول، مريم البتول اور

موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول و تلک رسولة. وجاء رسل و رسولة

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة الف مقصورہ جیسے عذری' فضلٰی' کُبریٰ' عُظمٰی الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم' زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں' جیسے اخت' ام وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لیے کہ صدغ' مزلق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتکر فی ما يتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں:

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' افق' بئر' باع' بنصر' ثعلب' جحیم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم' قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' هیف' حرور' سموم' صرصر' نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں **الريح مؤنثة لا علامة فيها و كذلک سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذكر**

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں: ابط' ابهام' ازار' بلد' جراد' حال' هانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحی' طرس' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فهر' قدر' قفا' قمیص' کبد' السان' مسک' ملح' منجنیق' موسی' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" رايت الرجلين و مررت بالرجلين.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب' ذواتا بعلبک

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی' ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان' داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا. رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قهقرآن' خوزلیان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قهقهریان' خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوات. بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہو تا کہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواء ان اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالاء سے لالاء ان. قُرّاء سے قُرّاء ان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں' ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماء ان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب"، کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان' حموان' غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة' ابن' اسم کیلئے سنتان' ابنان' اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض' اجمع' جمعا' کل اور عریب' دیار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحدہ کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم' جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واؤ ماقبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بِمُسلِمِینَ"

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحة باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا' بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب' ذوو بعلبک.

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو' ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' علیون' اهلون' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سبون' منون

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف وتاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات. اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات' مسلمة سے مسلمات

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات' شجرة سے شجرات' امراة' شاة' قلة' أَمَةٌ' مِلَّةٌ شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات' مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات.

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حمی سے حمیات.

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے' جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سرادقات' شمالات' امهات' سراویلات وغیرہ۔

الفاظ عجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات

اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، قناصل بطارکۃ، کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلۃٌ فَعلَۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات. رَحْمَۃٌ رَحَمَاتٌ.

اور اگر فِعلۃٌ فُعلۃٌ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا، ساکن رکھنا اور فاکلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرۃٌ سے کِسَرات، کِسْرات، کِسِرات، حُجرۃٌ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فاء کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَۃٌ سے جَوزَات، بیعۃٌ سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رمیات اور رقوۃ سے رقوات، رقوات لیکن اگر فاء کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فاء بنانا جائز نہیں جروا شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فاء مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضَمَّۃٌ سے ضمّات. عزَّۃٌ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رجل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رسل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَدٌ سے اُسُد. بَعُثٌ سے بُعُثٌ.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: جمع قلت، جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:

اَفعَالٌ جیسے طِفلٌ سے اَطْفَال. اَفْعُلٌ جیسے نہر سے انھر.

اَفْعِلَۃٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَۃ. فِعْلَۃٌ فعلۃٌ جیسے فتی سے فتیۃ.

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد، منابر، اناعیم، قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوخُ لاَ تَکُوْنُوا کَالفِتیَۃِ. احفظُوا اَنْفُسَکُمْ

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں، صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃٌ کی جمع جیسے غُلْبَۃٌ کی جمع غُلَب. صورۃ کی جمع صور صُرۃٌ کی جمع صُرَد

(۲) فِعَل فِعْلَۃٌ کی جمع جیسے قِطعَۃٌ کی جمع قِطَع لیکن فِعلۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیۃ کی جمع حلی. لحیۃ کی جمع لحی.

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل، حندس کی جمع حنادس اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج اور خندریس کی جمع خندارس.

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واو یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) اَفَاعِل افعل (بتثلیث الھمزہ) کی جمع اَفَاعِل اِصبع کی جمع اصابع، انملۃ کی جمع انامل، اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اواجیز.

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس. عصفور کی جمع عصافیر.

(۹) مفاعل مفعل اور مفعلۃ کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع. مکنسۃ کی جمع مکانس.

(۱۰) مفاعیل مفعال اور مفعیل مفعول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح. مسکین کی جمع مساکین. مقدور کی جمع مقادیر.

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لیے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل، قوم، ربط، جیش.

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً ورق کہ اس کا مفرد ورقة ہے ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرومی. رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی. مجوسیوں میں ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لیے اور دوسرا ذوی العقول کے لیے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام، رفقة کی جمع رفق، نجم کی جمع نجم اور روم کی جمع اروام.

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴) اسم تفضیل (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقة، عالم، عالمة، لیکن وہ صفت جو فعلان یا فعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لیے مؤنث فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکریٰ ظمآن سے ظمایٰ لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان، مَصّان، موتان، ندمان، نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی اور عطشانة، غضبان سے غضبی اور غضبانة.

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء، اسمر سے سمراء.

(۳) اسم تفضیل کے لئے مونث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کرمی. اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص وادی ہو تو واو کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حلیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) فَعَّالَة جیسے رَجلٌ فَهَّامَةٌ اِمرَاةٌ فَهَامَةٌ.

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفضَالٌ، امراة مِفضَالٌ اور میقانة شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ امراة مِعْطَیرٌ اور مسکینه شاذ ہے۔

(۴) مِفعَلٌ جیسے رَجلٌ مِغشَمٌ، اِمرَاَةٌ مِغشَمٌ.

(۵) فُعَلَة اور فُعلَة جیسے رجل ضُحَکَةٌ امراة ضحکة اور اگر عین کو فتح دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکة. بہت ہنسنے والا ہمزة. بہت عیب لگانے والا ھُزاَة. بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور، غُلامٌ قتیل، امراة قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جب کہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوة شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمة سعیدة، عاقبة حمیدة اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراة عقیم، یُحیی العِظَام و ھی رَمِیمٌ.

جو صفات کہ طبقہ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق، مرضع، حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے وضعت فَھِیَ مُرضِعَةٌ.

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لیے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء فعلان فعلی، کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر. ازرق کی زرق، اعرج کی عرج، اعمی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں خِید، بِیض، ھِیف، اِغید،

اِبیض، اھیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فِعلان فعلیٰ کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالیٰ یا فِعَال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاریٰ و حیاریٰ سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ، رماۃ، غزاۃ کی اصل ان کی دُعَوَۃٌ رُمَیَۃٌ غزیۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت، درد یا تَشَتُّت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحیٰ، صریع کی جمع صرعیٰ شتیت کی جمع شتیٰ اور اسی پر حملیٰ کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ۔ یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنیٰ یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ھلکیٰ۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ، فَعَلَۃٌ، فُعَّل، فَوَاعِلُ، فُعَلاءَ اور اِفْعِلاءَ۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کتبۃ، ظالم کی جمع ظَلَمَۃ۔
فَعَلَۃٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لیے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقۃ، باعۃ، حاکۃ، صاغۃ کہ اصل میں سوقۃ، بیعۃ، حیکۃ، صوغۃ تھے۔

(۲) فعل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّدٌ ساجِد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِلُ فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اناث کے صفات کے لیے ہو جیسے عواقر، عَاقِر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر. اکابر.

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغو، کُبر.
صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواریات. افاضل کی جمع افاضلون.

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِیٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِیٌّ اور مَلِکٌ میں مَلَکِیٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاھرۃ سے قاھری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عَصَوِیٌّ۔ فتی سے فَتَوِیٌّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو الف مقصورہ اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَوْمٰی سے مومَوی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِیٌّ اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لیے ہو خواہ الحاق کے لیے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبِلِّی اور دِفِرِیٌّ کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی، دفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوِیٌّ۔ دُنیَاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفی سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیٌّ

اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لیے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی. بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قزاء سے قزائی. ابتداء سے ابتداء. انتھاء سے انتھائی.

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا ردادی، سماء سے سمائی یا سماوی.

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِيٌّ. ماضٍ سے ماضِیاور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس سے صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قَاضَوِيٌّ، ماضوی اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعليٌّ، معتدی سے معتديٌّ.

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِيٌّ سے غَنَوِيٌّ. عَلِيٌّ سے عَلَوِيٌّ.

اور اگر فعیلۃ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہوگا جیسے مدینہ سے مدنی، فریضہ سے فرضی بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی، سلیقی.

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہوگا طویلۃ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزۃ کی عزیزی.

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلۃ میں بھی جاری ہوگا جیسے عقیل سے عقیلی. قصی سے قُصَوِيٌّ. قُلَيْلَةٌ سے قُلَيْلِيٌّ. اُمَيْمَةٌ سے اُمَيْمِيٌّ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوۃ سے قَلَنسِيٌّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی.

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریۃ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری.

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حیّ تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَيَوِيٌّ.

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِيٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی، اخ سے اخوی.

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابن کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا يَدَوِيٌّ دَمَوِيٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے يديٌّ. دميٌّ.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسے کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمویٌّ اور بنویٌّ کہنا جائز ہے اور ابنیٌّ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی، لغۃ سے لغوی اور زنۃ سے وزنی اور صلۃ سے وصلی.

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی، مسلمین سے مسلمی.

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور ثنوی. عشرین سے عشری، اربعین سے اربعی.

ایسے جمع جن کے لیے مفرد نہیں جیسے ابابیل و صنادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر، مناجذ، نساء نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری، مناجذی، نسائی.

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی. ملوک سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری الصار سے الصاری، اھواز سے اھوازی.

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اول جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جب کہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی.

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزء اول کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی

دیر القمر سے ویرانی، عبدالاشہل سے اشھلی، ابوبکر سے بکری عبد مناف سے منافی کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے یک طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین إبل سے عین، ابلی وادی آش سے وادی آشی، عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اول کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطیٌّ، ذرحبا سے ذریٌّ.

حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کے تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

انف كبير	سے	أُنافِيٌّ
أُمَيَّه	"	أُمَوِيٌّ
بادِيَةٌ	"	بَدَوِيٌّ
بحرين	"	بحرَانِيٌّ
بهراء	"	بَهْرَانِيٌّ
تهامة	"	تهامِيٌّ يا تهَام
تيم اللات	"	تيمَلِيٌّ
ثقيف	"	ثَقَفِيٌّ
جمة عظيمةٌ	"	جُمَّاني
جذيمة	"	جذمِيٌّ
جلولاء	"	جَلُوَلِيٌّ
بني الحبلى	"	حُبَلِيٌّ
عميرة كلب	"	عُمَيْرِيٌّ
بني عبيدة	"	عَبَدِيٌّ
عبد شمس	"	عَبشَمِيٌّ
عبدالدار	"	عَبدَرِيٌّ
عبد قيس	"	عَبقَسِيٌّ
عبدالله	"	عبدلِيٌّ

حروراء	سے	حَرُورِيٌّ
حرمين	"	حِرْمِيٌّ
حضر موت	"	حَضْرَمِيٌّ
خُزينة	"	خُزَنِيٌّ
دَهر	"	دُهْرِيٌّ
دَير	"	دَيْرانِيٌّ
داريًا	"	دَارَانِيٌّ
رب	"	رَبَّانِيٌّ
رقبة عظيمة	"	رقبانِيٌّ
رامهرمز	"	رامِيٌّ
ردينه	"	رُدِيْنِيٌّ
روح	"	رُوحَانِيٌّ
فراهيد	"	فُرهُودِيٌّ
قويم	"	قُومِيٌّ
قريش	"	قُرَشِيٌّ
كنت	"	كُنتِيٌّ
لحية عظيمة	"	لُحيانِيٌّ
مُليح خزاعة	"	مُلَحِيٌّ

رَوحاء	سے	رَوُحانِيٌّ
رے	"	رَازِيٌّ
رباب	"	رُبِّيٌّ
سهل	"	سهلِيٌّ
سليقة	"	سَلِيقِيٌّ
سليمة الازد	"	سُلَيمِيٌّ
سُلَيمُ	"	سُلَمِيٌّ
شام	"	شامٍ
شعر كثير	"	شعرانِيٌّ
صدر كبير	"	صدرانِيٌّ
صنعاء	"	صنعانِيٌّ
طبيعة	"	طبيعِيٌّ
مروا الشهجاني	"	مَرْوَزِيٌّ
امرؤ القيس	"	مَرْقِسِيٌّ
هجر	"	هَاجِرِيٌّ
هذيل	"	هُذَلِيٌّ
انباط	"	نُبَاطِيٌّ يا نباطٍ
ناصره	"	نَصْرَانِيٌّ
يمن	"	يَمَانٍ

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فعیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب. عبد سے عُبَید. رُجُل سے رجیل ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جعفر سے جُعَیفِر. سفرجل سے سفیر لہذا اگر مدہ ہو تو فُعَیلیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطیس مضراب سے مُضَیرِیب اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائد تا ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل ہو تو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرۃ کی تصغیر ثمیر، بشریٰ کا بشیری، سمراء کی سمیراء. سکران. سکیران. غصبیان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة. شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں

چلنا۔

تَذَاءَل. حقیر بنا۔ چھوٹا بننا۔

ذُؤَالَة. بھیڑیے کا علم جنس۔ ج ذُؤْلَانٌ و ذِئْلَان.

الذَأْلَان والذُؤْلَان. بھیڑیا۔ گیدڑ۔

المِذْأَل. ہلکا پھلکا تیر۔

ذَأَمَه (ف) ذَأْمًا. عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔ حقارت کرنا۔ دھتکارنا۔

اَذْأَمَه اِذْآمًا. عَلٰی كَذَا: مجبور کرنا۔

الذَأْم والذَام. عیب اور امثال عرب میں سے ہے "قَدْ لَاتَعْدَمُ الحَسنَاءُ ذَامًا" یعنی کبھی خوبصورت عورت میں بھی عیب ہوتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ ذَامَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

ذَبَّ (ن) ذَبًّا. عَنْهُ: دفع کرنا۔ حمایت کرنا۔

ذَبَّ (ض) ذَبًّا و ذَبَبًا وذُبُوبًا. گرمی یا پیاس سے خشک ہونا جِسْمُهُ: لاغر ہونا۔
النَبْتُ: پژمردہ ہونا۔ مرجھانا۔

ذُبَّ. البَعِيْرُ او الرَّجُلُ: مجنون ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کے نتھنے میں مکھی داخل ہونا۔ صفت (مَذْبُوْبٌ)

ذَبَّبَ تَذْبِيْبًا. بہت دفع کرنا شَفَتَهُ: ہونٹ کا پیاس وغیرہ سے خشک ہونا النَهَارُ: تھوڑا باقی رہنا۔

اَذَبَّ. المَكَانُ: بہت مکھیوں والی ہونا۔ صفت (مَذْبُوب ومُذِبٌّ)

الذَبُّ. س۔ بہت حرکت کرنے والا۔ جنگلی بیل۔

الاَذَبّ. لمبا۔ جنگلی بیل۔ اُونٹ کی کچلی۔

الذُبَاب. مکھی۔ ج اَذِبَّة وذِبَّان ذُبٌّ. بھڑ اور شہد کی مکھی اور مچھر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ واحد (ذُبَابَة) ذُبَابُ السَّيْفِ: تلوار کی دھار۔ ذُبَابُ العَيْنِ: آنکھ کی پتلی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعَزُّ مِنْ ذُبَابِ العَيْنِ" وہ آنکھ کی پتلی سے زیادہ عزیز ہے۔ الذُبَاب: جنون۔ طاعون۔ بدبختی۔ دائمی برائی۔

الذُبَابَة. ذُبَاب کا واحد۔ ذُبَابَةُ الشَّيْءِ: چیز کا بقیہ۔ عَطَشٌ (مُذَبِّبٌ) سخت پیاس۔

الذُبَّاب والمِذَبُّ. اپنی قوم کی بہت حمایت کرنے والا۔

الذُبَّان. پیاس سے مرجھایا ہوا۔

المِذَبَّة. مور چھل۔ چوری۔ ج مِذَبَّات و مَذَابٌّ. اور اسی سے ہے "اَذْنَابُهَا مَذَابُّهَا" یعنی جانوروں کی دُم ان کیلئے مور چھل ہے۔

اَرْضٌ ذَبُوْبَةٌ ومَذْبُوْبَة. بہت مکھیوں والی زمین۔ رَاكِبٌ (مُذَبِّبٌ) تنہا جلد باز سوار۔

ذَبَحَه (ف) ذَبْحًا وذَبَاحًا. پھاڑنا۔ گلا کاٹنا۔ ذبح کرنا۔ گلا گھونٹنا۔ الدَنَّ: مٹکے میں سوراخ کرنا۔

ذَبَّحَ. القَوْمَ: ذبح کرنے میں مبالغہ کرنا۔

اِذَّبَحَ. مذبوح بنانا۔

تَذَابَحُوْا. ایک دوسرے کو ذبح کرنا۔

الذِبْح. جو ذبح کیا جائے۔ مقتول۔

الذِبَح والذُبَح. ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔

الذَابِح. فا. داغ کرنے کا ایک آلہ جس سے گردن کے عرض میں داغ لگاتے ہیں۔

الذُبَاح والذُبَّاح والذِبَاح. و الذُبْحَة والذِبَحَة والذُبَحَة. وَالذِّبَحَة. حلق کا درد۔

الذَبِيْح. ذبح کیا ہوا۔ قربانی کے لائق جانور۔ اسمٰعیل علیہ السلام کا لقب۔

الذَبِيْحَة. ذبیح کا مؤنث۔ جو عنقریب ذبح کیا جائے۔ ج ذَبَائِح.

المِذْبَح. ذبح کرنے کا اوزار۔

المَذْبَح. ذبح کرنے کی جگہ۔ ج مَذَابِح.
مَذَابِح الكَنَائِس: گرجا کی قربان گاہ۔

ذَبْذَبَ. الشَّيْءُ المُعَلَّقُ فِي الهَوَاءِ: لٹکی ہوئی چیز کا حرکت کرنا الرَّجُلُ. حیران ومتردد ہونا۔ ذَبْذَبَهُ: متردد و حیران چھوڑنا۔ ذَبْذَبَ اَهْلَهُ: حمایت کرنا الخَلْقَ: تکلیف پہنچانا الشَّيْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔

تَذَبْذَبَ. ہلنا۔ حرکت کرنا۔

الذَبْذَبَة. س زبان۔ ہوا میں حرکت کرنے والی چیز۔ وہ چیز جو ہودج پر زینت کے لیے لٹکائی جائے۔ ج ذَبَاذِب.

الذَبَاذِبْ. کپڑے کے چھوڑ۔ کپڑے کے نچلے حصے۔

المُذَبْذِب. متردد۔ متحیر۔ پس وپیش کرنے والا۔

ذَبَرَ (ن ض) ذَبْرًا. الكِتَابَ: لکھنا۔ نقطے لگانا۔ بغیر رکے ہوئے تیز پڑھنا الشَّيْءَ: جاننا اور اچھی طرح سمجھنا۔

ذَبَرَ (ض) ذَبْرًا وذَبَارَةً. اچھی طرح دیکھنا۔
الخَبَرَ: سمجھنا الشِعْرَ: شعر پڑھنا۔

ذَبِرَ (س) ذَبَرًا. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

ذَبَّرَ. الكِتَابَ: لکھنا۔ نقطے لگانا۔ بغیر رکے ہوئے تیز پڑھنا۔

الذِبْر. س۔ کتاب ج ذِبَار.

المِذْبَر. قلم۔

ذَبَلَ وذَبُلَ (ن ک) ذُبُوْلًا وذَبْلًا. النَبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔ مرجھانا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا لِسَانُهُ اَو شَفَتُهُ: زبان یا ہونٹ کا خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے "ذَبَلَتْهُ ذَبُوْلٌ" اسے مصیبت لاحق ہوئی۔

اَذْبَلَ. النَبَاتَ: پژمردہ کرنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔

تَذَبَّلَ. فِي المَشْيِ: نازوانداز سے چلنا۔

تَذَبَّلَتِ المرأةُ: لاغر بدن ہوتے ہوئے مردوں کی چال چلنا۔

الذَبْل. س۔ کچھوے کی پیٹھ کی ہڈی۔ آغازِ جوانی۔

الذِبْل. پیر گمشدگی۔

الذَبْلَة. مینگنی۔ مرجھا دینے والی گرم ہوا۔

الذُبْلَة. پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہونا۔

الذَابِل. فا. باریک۔ دبلا۔ ج ذُبَّل وذُبُل.

الذَابِلَة. الذابل کا مؤنث۔ عَيْنٌ ذَابِلَة: چشم نیم باز۔ ج ذَوَابِل. الذَوَابِل: رماح کی

صفت ہے۔ کہتے ہیں "الرِّمَاحُ الذَّوابل"
یعنی باریک نیزے۔ صفت کو موصوف کے
قائم مقام کر کے نفس رماح پر بھی اطلاق کرتے
ہیں۔
الذُّبَالَة والذُّبَّالَة. بتی۔ج ذُبَال.
ذَجَّ (ن) ذَجًّا. سفر سے واپس آنا۔
الماءَ: پینا۔
ذَجَلَهُ (ن) ذَجْلًا. ظلم کرنا۔ صفت
(ذَاجِل)
ذَحَّهُ ذَحًّا. تھپڑ مارنا۔الحطب: لکڑی
چیرنا۔ پھاڑنا الفِلْفِلَ: مرچ کوٹنا۔الجَارِيَةَ:
جماع کرنا۔
ذَحجَهُ (ف) ذَحْجًا. چھیلنا۔ حرکت
دینا۔ذَحَجَتْهُ الرِيحُ: ایک جگہ سے دوسری
جگہ لے جانا۔المرأةُ بِوَلَدِهَا: جننا۔
ذَحْذَحَ. قریب قریب قدم رکھ کر تیز چلنا
الرِيحُ التُرابَ: خاک اُڑانا۔
الذَحل. خون کا بدلہ۔ دشمنی۔ کینہ۔ ج
ذُحُول وأذْحَال. تم کہتے ہو"لِي عِنْدَهُمْ
ذُحُوْل" مجھے ان سے کینہ ہے۔
ذَحىٰ (ض)ذَحْيًا. الصُّوفَ: اُون کو کوٹنا
الرِيحُ القَوْمَ: کھلی ہوا لگنا۔
المَذْحَاة. بغیر درختوں والی زمین۔ ج
مَذَاحٍ.
ذَخَرَ (ف) ذَخْرًا. الشَّيْءَ: وقت
ضرورت کے لیے چھپا رکھنا۔
اِذَّخَر و اِدَّخَر. بمعنی ذخر.
الذُّخر. ذخر کا اسم جس کو ذخیرہ بنا کر رکھا
جائے۔ج اَذْخار.
الذَاخِر. فا. موٹا۔
الذَخِيْرَة. وقت ضرورت کے لیے جو چیز
چھپا کر رکھی جائے۔ج ذَخَائِر. اسی سے ہے
ذَخائِرِ الحَرْبِ اور کہتے ہیں "اَعْمَالُ
المؤمِنِيْنَ ذَخائِرُ عِنْدَاللهِ" مومنین کے
اعمال اللہ کے ہاں ذخیرہ ہیں۔
الإِذْخِر. سبز گھاس۔ ایک قسم کی خوشبودار
گھاس۔ واحد اِذْخِرَة ج اَذَاخِرُ.

المَذْخَر. ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ج مَذَاخِر.
المَذَاخِر. جوف۔ رگیں۔ انتڑیاں۔ پیٹ
کے نچلے حصے۔
ذَرْ. چھوڑ دے۔
ذَرَّ (ن) ذَرًّا. المِلْحَ: نمک چھڑکنا۔
الحبَّ فِي الأَرْضِ: دانہ بونا۔الأَرْضُ
النَباتَ. اگانا (ذَرًّا وذُرُوْرًا) القرنُ او
النباتُ: اگنا۔الشمسُ: آفتاب طلوع ہونا
اللحمُ: گوشت سکڑنا۔
ذَرَّ (س ن) ذَرًّا وذُرُوْرًا. الرجلُ: سر
کے اگلے حصہ کا سفید ہونا۔
الذَّرُّ. چھوٹی چیونٹی۔ ذرات۔ واحد (ذَرَّة)
نسل۔
الذَّرُوْر. آنکھ یا زخم میں چھڑکنے کی دوا۔
عطر۔ج اَذِرَّة.
الذَرِيْرَة. ایک قسم کی خوشبو۔
الذَّرِّيُّ. تلوار کی آب وجوہر۔
ذُرِّيَّة. الرجلِ (بتثليث الذال) اولاد و
نسل۔ج ذراری وذُرِّيَّات.
الذِرار. غضب و غصہ۔ غصہ کی وجہ سے
روگردانی۔
اَلذَّرَّةُ. واحد الذَّرِّ ج ذَرَّاتٌ: بہت چھوٹا
حصہ۔اس کا دوسرا نام جوہر فرد۔
علم کیمیا کا پرانا نظریہ تھا کہ ذرہ کے مزید ٹکڑے
نہیں ہو سکتے۔جدید نظریہ کے مطابق اس کے
لاکھوں حصے بنائے جا سکتے ہیں۔
الذُرَارَة. دوا وغیرہ جو چھڑکنے سے گرے۔
المِذَرَّة. چھڑکنے کا آلہ۔ غلہ وغیرہ بکھیرنے
کا سامان۔
ذَرَأَ (ف)ذَرْأً. اللّٰهُ الخلقَ: پیدا کرنا۔
الشيءَ: زیادہ کرنا۔الأَرْضَ: بونا۔
وذَرِئَ (س)ذَرَأً) شَعْرُهُ: سفید ہونا۔
فُلانٌ: سفید بال والا ہونا۔ صفت (اَذْرَأ)
مؤنث ذَرْءاء.
اَذْرَأَ اِذْرَاءً. غضبناک کرنا۔ ڈرانا ہ
بالشَّيْءِ: حریص بنانا۔ إِلٰی کَذَا: مجبور کرنا
الدَمْعَ: بہانا۔ الناقةُ: تھن میں دودھ اتارنا۔

صفت (مُذْرِیٌ)
الذَرْء. تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "یَكْفِيْنِي
ذَرْءٌ مِنْ خَيْرٍ" مجھے تھوڑی سی نیکی کافی ہے۔و
"هُمْ ذَرْأُ النَّارِ" وہ لوگ آگ کیلئے پیدا کئے
گئے ہیں۔
الذُرْأَة. بڑھاپے کی ابتدائی سفیدی جو کنپٹیوں
میں ظاہر ہوتی ہے۔
الذَرِيُّ. بکھیرا ہوا۔زَرْعٌ ذَرِيٌّ: کھیت
جس میں ابھی بیج ڈالا گیا ہو۔
ذَرِبَ (س) ذَرَبًا وذَرَابَةً وذُرُوبَةً
السَيْفُ: تلوار کا تیز ہونا۔ صفت (ذَرِبٌ)
ج ذُرْبٌ الجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا
الرَجُلُ: عجز کے بعد فصیح ہونا المِعْدَةُ:
بگڑنا۔ درست ہونا۔ (ضد)
ذَرَبَ (ن) ذَرْبًا وذَرَّبَ واَذْرَبَ.
السَيْفَ: تلوار تیز کرنا۔ اَذْرَبَ الرَجُلُ:
تنگ گزارے والا ہونا۔
الذَرَب. مص. زبان کی تیزی۔ ناقابل علاج
بیماری۔ زنگ۔ مورچہ۔ ج اَذْرَاب.
الذِرْب. جگر کی ایک بیماری۔ گردن کا غدود۔
رَجُلٌ ذِرْبٌ: تیز زبان مرد۔
الذَرِب. موچی کی رانپی۔ ذَرِبُ اللسان:
تیز زبان۔ ج ذُرْب. لِسَانٌ ذَرِبٌ: زبان
فصیح۔ فحش گو زبان۔
الذِرْبَة. غدود۔ تیز زبان عورت۔ ج ذِرَب.
الذَرَاب. زہر۔
الذَرَبىٰ. عیب۔
الذَرَبِيّ. مصیبت۔
الاَذْرَبِي. خلاف قیاس۔ آذر بائیجان کی
جانب نسبت۔
المِذْرَب. زبان۔
ذَرَحَ (ف) ذَرْحًا وذَرَّحَ. الشيءَ فِي
الرِيحِ: ہوا میں اڑانا الطَعَامَ: ذراح نامی کیڑا
ڈالنا۔ وذَرَّحَ اللَبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
الزعفرانَ فِي المَاءِ: پانی میں تھوڑا سا
زعفران ڈالنا۔
الذُرَّاح والذُرُّوح والذُرِّيح والذُرَاح

والذُّرُوح والذُّرَّاح والذُّرِّيحة وا
لذُرْحُوح والذُّرْنُوح. ایک قسم کا اُڑنے
والا زہر دار کیڑا۔ مفرد کا استعمال کم ہے جمع ہی
استعمال ہوتا ہے۔ تصغیر ذُرَيْرِح آتی ہے۔

الذَرَاح. پانی ملا ہوا دودھ۔

الذَرِيْحة. پشتہ۔ ٹیلہ۔ ج ذَرِيْح

لَبَنٌ اَوعَسَلٌ (مُذَرَّحٌ) زیادہ پانی والا دودھ یا
شہد۔

ذَرَعَ (ف) ذَرْعًا. الثوبَ: ذراع سے
ناپنا ہ: کسی کے پیچھے سے ذراع سے گلا گھونٹنا
(دیکھئے ذراع) ذرعه القيُّ: غالب ہونا اور
خود بخود آنا۔

ذَرِعَ (ف) ذَرْعًا وذَرِعَ (س) ذَرَعًا.
عِنْدَ الرَّجُلِ والَيْه: سفارش کرنا۔ ذَرِعَتْ
رِجْلَاه: چلنے سے عاجز ہونا۔

ذَرُعَ (ک) ذَرَاعَةً. الفَرَسُ: گھوڑے کا
کشادہ قدم ہونا۔ صفت (ذَرِيْع)

ذَرَّعَ. الرَّجُلَ: کسی کے پیچھے ہو کر ذراع
سے گلا گھونٹنا بالشيءِ: اقرار کرنا في
السِّبَاحَة: تیرنے میں بازو پھیلانا في
المشي: چلنے میں بازو ہلانا الرَّجُلُ: ڈرانے یا
خوش خبری دینے کے لیے بازوؤں کو بلند کرنا۔
کہا جاتا ہے "ذَرَّع لِيْ شَيْئًا مِنْ خَبَرِه" اس
نے مجھے کچھ خبر دی۔ و "ذَرَّعه بَيْنَنا" اس
نے اس کو ہمارے درمیان وسیلہ بنایا۔

ذَارَعَهٗ. باہم مل جانا۔ الرَّجُلَ: ناپ کر
بیچنا۔ صَاحِبَهٗ فَذَرَعَه: قدم بڑھانے میں
مقابلہ کرنا اور غالب رہنا۔

اَذْرَعَ. الشيءَ: ہاتھ سے قبضہ کرنا ذِرَاعَيْه
مِنْ تَحْتِ الجُبَّة: نکالنا فِي الكَلَام: بہت
گفتگو کرنا۔

تَذَرَّعَ. فِي الكَلَام: بہت گفتگو کرنا
الشيءَ: ہاتھ سے ناپنا الابلُ الماءَ: بازوؤں
تک پانی میں اُترنا۔ بِذَرِيْعَة: وسیلہ بنانا
الشيءَ: ہاتھ ہاتھ بھر کا پھینکنا۔

اِنْذَرَعَ. ناگاہ پہنچنا۔ کشادہ چلنا۔

تَذَارَعَتْ. الابلُ المَفَازَةَ. طے کرنا۔

اِسْتَذْرَعَ. بالشيءِ: چھپنا اور وسیلہ بنانا۔

الذَّرْعُ. مص۔ ہاتھ کا پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے
"اَبْطَرْتُ فُلَانًا ذَرْعَه" میں نے اس کو
طاقت سے زیادہ تکلیف دی۔ و "اَبْطَرَانِي
ذَرْعِي" یعنی میرے بدن کو دبلا کر دیا اور
میری معاش کو منقطع کر دیا۔ و "ضِقْتُ
بالامْرِ ذَرْعًا" یعنی میں اس پر قادر نہیں۔ و
"هُوَ وَاسِعُ الذَّرْعِ" وہ صاحب قدرت
ہے۔ و "هُوَ خَالِيُ الذَّرْعِ" یعنی اس کا دل
رنج و غم سے خالی ہے و "ذَرْعُهٗ كَذَا" یعنی
اس کا طول اتنا ہے۔

الذِّرَاعُ. مِنَ الرَّجُلِ: کہنی سے بیچ کی انگلی
تک کا حصہ۔ بازو (مؤنث ہے اور کبھی مذکر
استعمال کرتے ہیں) طاقت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
وَاسِعُ الذِّرَاعِ" مرد صاحب قدرت " و
"ضَاقَ بالامْرِ ذِرَاعُه" یعنی وہ اس پر قادر
نہیں و "هُوَ لَكَ عَلَى حَبْلِ الذِّرَاعِ" یہ
تمہارے لیے تیار و حاضر ہے۔ و "جَعَلْتُ
اَمْرَكَ عَلَى ذِرَاعِكَ" یعنی تمہارا معاملہ میں
نے تمہارے اوپر چھوڑ دیا جیسا تمہارا جی چاہے
کرو۔ ج اَذْرُعٌ و ذُرْعَانٌ و الذِّرَاعُ مِنَ
البَقَرِ والغَنَمِ: گائے اور بکری کا دست مِنَ
الخَيْلِ و الابِلِ: گھوڑے اور اونٹ کی پنڈلی
کے پچلے حصہ سے اوپر کا حصہ۔ اَوْلَادُ ذِرَاعٍ
واَوْلَادُ الذَّارِعِ: کتے۔ گدھے۔

الذَّرَعُ. مص۔ اُمید۔ جنگلی بچھڑا۔ ج ذِرْعَانٌ.

الذَّرِعُ. زبان دراز۔ رات دن چلنے والا۔
اچھی مصاحبت والا۔ مؤنث ذَرِعَةٌ ج
ذَرِعَاتٌ الذَّرِعَات: تیز کشادہ قدم والیاں۔

الذُّرْعَة. وسیلہ۔ ج ذُرَعٌ

الذَّرُوْعُ. تیز و کشادہ قدم گھوڑا یا اونٹ۔

الذَّرِيْعُ. سفارش کرنے والا۔ تیز رفتار۔ کہا
جاتا ہے "مَوْتٌ ذَرِيْعٌ" جلدی کی موت۔ و
"قَتْلٌ ذَرِيْعٌ" حد سے بڑھا ہوا شنیع قسم کا
قتل۔

الذَّرِيْعَة. وسیلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذَرِيْعَتِي
اِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کے پاس میرے لیے
وسیلہ ہے۔ اونٹنی جس کے پیچھے شکاری شکار
کرنے کے وقت چھپتا ہے۔ ج ذَرَائِعُ

الاَذْرَعُ. بہت فصیح۔ کہا جاتا ہے "قتلهم
اَذْرَعَ قتل" اس نے اُن کو بہت جلدی اور
بہت برے طریقے سے قتل کیا۔

المِذْرَعُ. کھیتی کی زمین اور جنگل و بیابان
کے درمیان کے دیہات۔ جانور کی ٹانگ۔ ج
مَذَارِعُ و مَذَارِيْعُ.

المُذَرَّعُ. مع۔ وہ اونٹ جس کے سینہ پر نیزہ
وغیرہ مارا گیا ہو اور اس کی اگلی ٹانگوں پر خون بہہ
رہا ہو۔ سبقت کرنے والا گھوڑا۔
مِنَ الثِّيرَانِ: بیل جس کی پنڈلیوں پر سیاہ داغ
ہوں مِنَ النَّاسِ: جس کی ماں باپ سے زیادہ
شریف ہو۔

ذَرَفَ (ض) ذَرْفًا و ذَرِيْفًا و ذُرُوْفًا و
ذَرَفَانًا و تَذْرَافًا. الدَّمْعُ: بہنا۔ صفت
(ذَرِيْفٌ و مَذْرُوْفٌ) العَيْنُ و معها: بہانا
(ذَرَفَانًا) سست چال چلنا۔

ذَرَّفَ. تَذْرِيْفًا و تَذْرِفَةً و تَذْرَافًا.
الدَّمْعَ: بہانا ہ المَوْتَ: قریب المرگ کرنا ہ
الشيءَ: خبردار کرنا عَلَى الخَمِيْسِ: زائد
ہونا۔ بڑھ جانا۔

اِسْتَذْرَفَ. الشيءَ: قطرے قطرے ٹپکانا
الضَّرْعُ:

الذَّرَّافُ. تیز رو۔

المَذَارِفُ. آنسو بہنے کی جگہیں۔ کہا جاتا ہے
"سَالَتْ مَذَارِفُ عَيْنَيْه" واحد مَذْرَفٌ.

ذَرَقَ (ض ن) ذَرْقًا واَذْرَقَ. الطَّائِرُ:
بیٹ کرنا۔ واَذْرَقَ المَكَانُ:
الذُّرَقُ. ایک انگوری زمین پر پھیلنے والی جو کہ
طبی فوائد رکھتی ہے۔

الذَّرْقُ. بیٹ۔

لَبَنٌ (مُذَرَّقٌ) پانی ملا ہوا دودھ۔

ذَرْقَطَ. الكَلَامَ: بولنا۔

ذَرَا يَذْرُو ذَرْوًا وذَرَى يَذْرِي ذَرْيًا
وذَرَّى تَذْرِيَةً واَذْرَى اِذْرَاءً.
الرِّيْحُ التُّرَابَ: اُڑانا۔ بکھیرنا الحِنْطَةَ:

اساون کرنا۔ اَذْرَی الشَّیْءَ: گرانا۔ بکھیرنا۔ کہاجاتاہے "اَذْرَاہ الفرس مِنْ ظَھْرِہٖ" اُس کو گھوڑے نے اپنی پیٹھ سے گرادیا۔ اَذرت العَین دَمْعَھَا: آنسو بہانا۔ ذَرَّی الشَّاۃَ: اُون تراشنا اور علامت کے لیے کچھ چھوڑ دینا۔

ذَرا یَذْرُو ذَرْوًا. الشَّیْءُ: ہوا میں اُڑ جانا الظَّبْیُ: تیز دوڑنا اِلیٰ فُلَان: قصد کرنا فُوْہ: دانت گرنا۔

تَذَرّٰی. غلہ کا بھوسہ سے صاف ہونا۔ المَکَانَ اَوِ الجَبَلَ: کسی جگہ پر یا پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَرّٰی مِنْ بَرْدِ الشِّمَال بِصَخْرَۃٍ" یعنی اس نے شمالی ہوا کی ٹھنڈک سے چٹان کی پناہ لی۔

اِسْتَذْریٰ. بِہٖ: پناہ لینا بِالشَّجَرَۃِ: سایہ لینا۔

الذَّرٰی. گھر کے سامنے کا صحن اور اس کے اطراف۔ جائے پناہ۔ ہر وہ جگہ جہاں تم چھپ سکو۔ تم کہتے ہو "اِتَّخَذْتُ الحَائطَ ذَرًی لِی" میں نے دیوار کی پناہ لی۔ "وَاَنَا فِی ذَرٰی فُلَان" میں فلاں کی پناہ و حفاظت میں ہوں۔ و "ھُوَ کَرِیْمُ الذَّرٰی" وہ طبعا کریم ہے۔ الذَّرٰی: وہ غلہ جس کا اوساون کیا جائے۔ گرا ہوا آنسو۔

الذُّرَاوَۃ. بھوسہ وغیرہ جو اوساون کرتے وقت گرے۔ وہ چیز جس کو ہوا اُڑا لے جائے۔

الذُّرْوَۃ والذِّرْوَۃ. بلندی۔ بلند جگہ۔ ہر چیز کا بلند حصہ۔ ج ذُرًی وذِرًی،

الذُّرْوَۃ: بڑھاپا۔

الذُّرَۃ. مکئی۔

المِذْرٰی والمِذْرَاۃ. جیلی جس سے گیہوں کھولتے ہیں۔ ج مَذَارٍ.

المِذْرَوَان. سر کے دونوں پہلو۔ دونوں سرین کے کنارے۔ اور اسی سے ہے "جَاءَ یَنْفُضُ مِذْرَوَیْہِ" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔

مِذْرَوا القَوْسِ: کمان کے دونوں کنارے۔

تَذَعَّبَتْہُ الجِنُّ. خوفزدہ کرنا۔

اِنْذَعَبَ. المَاءُ: لگاتار بہنا۔

الذُّعْبَان. جوان بھیڑیا۔

المُذْعَابِیْن. لگاتار و پیاپے۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُھُمْ مُذْعَابِیْنَ کَاَنَّھُمْ عُرْفُ ضِبْعَان" میں نے لوگوں کو یکے بعد دیگرے دیکھا گویا کہ وہ لوگ نر بجو کے ایال ہیں۔

ذَعَتَ(ف) ذَعْتًا. سخت گلا گھونٹنا۔ خاک آلود کرنا۔ سختی سے ہٹانا۔

ذَعَجَہٗ(ف) ذَعْجًا. سختی سے ہٹانا۔ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

الذَّعَاع. فرقے۔ واحد (ذَعَاعَۃ)

ذَعْذَعَ. الشَّیْءَ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَعْذَعَتْہُ النَّوَائِبُ" اس کو مصیبتوں نے جھڑ جھڑا دیا السِّرَّ اَوِ الخَبَرَ: فاش کرنا۔ پھیلانا الرِّیْحُ الشَّجَرَ: جھڑ جھڑا دینا۔

تَذَعْذَعَ. بکھرنا۔ پھیلنا۔ پراگندہ ہونا۔

الذَّعْذَاع. چغل خور۔ بھید کو نہ چھپانے والا۔

ذَعَاذِعُ. النَّخْلِ: کھجور کے ردی درخت۔ کہاجاتاہے "تَفَرَّقُوْا ذَعَاذِعَ" وہ لوگ اِدھر اُدھر متفرق ہوگئے۔

ذَعَرَہٗ(ف) ذَعْرًا. ڈرانا۔ خوفزدہ کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔

ذُعِرَ. ڈرنا۔ صفت (مَذْعُوْر)

ذَعِرَ(س) ذَعَرًا. دہشت زدہ ہونا۔

اَذْعَرَہٗ. ڈرانا۔

تَذَعَّرَ. ڈرنا۔

اِنْذَعَرَ. ڈرنا۔ گھبرانا۔

الذُّعْرُ. خوف۔ ڈر۔

اَمْرٌ (ذُعَرٌ) خوفناک معاملہ۔

الذَّاعِر. فا۔ ڈرنے والا۔ خبیث۔

رَجُلٌ (ذَاعِرٌ وذُعَرَۃٌ وذُعْرَۃٌ) عیب دار مرد۔

الزُّعْرَۃ. دبر۔

الذُّعَرَۃ. ایک پرندہ جو ہر وقت اپنی دُم کو ہلاتا رہتا ہے۔

سَنَۃٌ (ذُعْرِیَّۃٌ) سخت سال۔

الذَّعُوْر. خوفزدہ۔ تہمت اور بُری باتوں سے ڈرنے والی عورت۔

نَاقَۃٌ (مُذَعَّرَۃٌ) پاگل اونٹنی۔

ذَعَطَہٗ(ف) ذَعْطًا. جلدی سے ذبح کرنا۔ موت (ذَاعِطٌ و ذُعُوْطٌ) جلد آنے والی موت۔

ذَعَفَ (ف) ذَعْفًا. زہر قاتل پلانا الطَّعَامَ: کھانے میں زہر ملانا۔

ذَعِفَ(س) ذَعَفَانًا. مرنا۔

اَذْعَفَہٗ. جلدی مار ڈالنا۔

اِنْذَعَفَ. دِل کا کٹ جانا۔ سانس پھولنا۔

الذَّعْف والذُّعَاف. فوراً ہلاک کرنے والا زہر۔ مَوْتٌ ذُعَافٌ: جلدی آنے والی موت۔ کہا جاتا ہے "حَیَّۃٌ ذَعْفُ اللُّعَابِ" فوراً ہلاک کرنے والا سانپ۔

الذَّعَفَان. س۔ موت۔

طَعَامٌ (مَذْعُوْفٌ) زہر ملا ہوا کھانا۔

ذَعَقَہٗ(ف) ذَعْقًا. چیخنا بِہٖ: گھبرا دینا۔

دَاءٌ (ذُعَاقٌ) مہلک بیماری۔ مَاءٌ ذُعَاقٌ: سخت کھاری پانی۔

ذَعِنَ (س) ذَعَنًا واَذْعَنَ. لَہٗ: مطیع و فرمانبردار ہونا۔ فروتنی کرنا۔ اَذْعَنَ بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔

المِذْعَان. آسانی سے تابع ہونے والا۔

ذَعَّ(ن) ذَعًّا. جَارِیَتَہٗ: جماع کرنا۔

ذَفَّ(ض) ذَفًّا و ذَفَفًا و ذِفَافًا. عَلَی الجَرِیْحِ: فوراً مار ڈالنا فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا (ذَفًّا) الطَّاعُوْنُ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔

ذَفَّفَ وذَافَّ واَذَفَّ. الجَرِیْحَ وذَافَّ عَلَیْہِ ولَہٗ: فوراً مار ڈالنا۔ وذَفَّفَ جِھَازَ رَاحِلَتِہٖ: سواری کے سامان کو ہلکا کرنا۔

ذَفَّ (ض) ذَفِیْفًا واسْتَذَفَّ اسْتِذْفَافًا. الاَمْرُ: ممکن ہونا۔

الذَّفُّ. تھوڑا پانی۔

الذِّفَاف. مص۔ ذَفَّ عَلَی الجَرِیْحِ کا اسم تھوڑی چیز۔ (والذُّفَاف) زہر قاتل۔ تھوڑا پانی۔ ج ذُفُف واَذِفَّۃ. الذُّفَاف: ہلکا پھلکا

تیز۔

الذَفِيف والمُذَفَّف. ہلکا پھلکا تیز۔

ذَفْذَفَ ذَفْذَفَةً. الجَرِيْحَ: مار ڈالنا۔

ذَفْذَفَ: ناز سے چلنا۔

ذَفِرَ (س)ذَفَرًا. الشَّيءُ: بو ظاہر ہونا(عام طور سے بدبو میں □ ہے)صفت(ذَفِر و اَذْفَر) مؤنث ذَفِرَة و ذَفْرَاء النَبْتُ: زیادہ ہونا۔

اِسْتَذْفَرَ. بالاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔

الذَفَر والذَفَرَة. بو کی تیزی۔ بدبو۔

الذَفْرَاء. ایک قسم کی بدبودار سبزی۔

الذِفْرَیٰ. کان کے پیچھے کی ہڈی۔ ج ذِفْرَيَات وذَفَارَیٰ وذَفَار.

رَوْضَةٌ (مَذْفُوْرَة) باغ جس میں ذفراء سبزی بہت ہو۔

اَلذَّفْرَةُ: ایک خوشبودار پودے کا نام۔

ذَقَنَهُ (ن)ذَقْنًا. ٹھوڑی پر مارنا(وَذَقَّنَ) عَلیٰ يَدِهٖ اَوْعَصَاه: ٹھوڑی کو سہارا دینا۔

ذَاقَنَه مُذَاقَنَةً. تنگ کرنا۔

الذَقَن والذِقَن. ٹھوڑی۔ ج اَذْقَان.

الذَقِن. بہت بوڑھا۔

الذَاقِنَة. حلق کے کنارہ پر ابھرا ہوا حصہ۔

الاَذْقَن. لمبی ٹھوڑی والا۔ مؤنث ذَقْنَاء. ج ذُقْن.

ذَكَرَ (ن)ذِكْرًا و تِذْكَارًا. اَللّٰهَ: تسبیح و تمجید کرنا۔الشَّيءَ: دل میں یاد کرنا۔لِفُلَان حَدِيْثًا: ذکر کرنا۔الاَمْرَ: اچھی طرح سمجھنا اِسمَ اللّٰه: اللہ کا نام لینا۔حَقَّ فُلَانٍ. کسی کے حق کی حفاظت کرنا۔

ذَكَّرَ. الكَلِمَةَ: مذکر استعمال کرنا۔ذَكَّرَه الشَّيءَ وذَكَّرَه بِه: یاد دلانا۔القَوْمَ: وعظ و نصیحت کرنا۔

اَذْكَرَهُ. الشَّيءَ: یاد دلانا۔المَرْاَةُ: لڑکے جننا۔ صفت(مذکر)

ذَاكَرَهُ مُذَاكَرَةً. فِي اَمْرٍ: کسی معاملہ میں گفتگو کرنا۔

تَذَكَّرَ. الشَّيءَ: یاد کرنا۔

تَذَاكَرُوْا. فِي الاَمْرِ: کسی کام میں باہم مشغول ہونا۔تَذَاكَرُوْا الشَّيءَ: کسی چیز کو یاد کرنا۔

اِذَّكَرَوا اِذَّكَرَ واِذْدَكَرَ واسْتَذْكَرَ. الشَّيءَ: یاد کرنا۔واِسْتَذْكَرَ الشَّيءَ: پڑھنا۔ حفظ کرنا۔اِسْتَذْكَرَ الرَجُلَ: یادداشت کے لیے کسی کی انگلی میں دھاگا باندھ دینا۔

الذِكْر. س۔ شہرت۔ کہا جاتا ہے"لَهٗ ذِكْرٌ فِي النَاسِ" اس کی لوگوں میں شہرت ہے۔ تعریف و ثنا۔ شرف و بزرگی۔ نماز و دُعا۔ وَالذِكْرُ مِنَ الرِجَال: تواناو دلاور مرد۔ مِنَ القَوْلِ: بلند و سنجیدہ قول مِنَ المَطَرِ: بڑے قطروں والی بارش۔ذِكْرُ المَيِّتِ: مرنے کے بعد لوگوں کی زبان پر نام باقی رہنا۔ ذِكْر الحَقِّ: چک۔ ج ذُكُوْر.

الذُكْر. یاد آوری۔ کہا جاتا ہے"واجْعَلْهُ مِنِّيْ عَلیٰ ذُكْرٍ" اس کو میرے لیے ایسا کر دے کہ میں نہ بھولوں۔

الذَكِر والذَكِّير والذَكُوْر والذِكِّيْر. بہت یاد کرنے والا۔ اچھی قوت حافظہ والا۔ اچھی یادداشت والا۔ والذِكِّير مِنَ الحَدِيْدِ: عمدہ اور سخت لوہا۔رَجُلٌ ذِكِّيْر: خوددار مرد۔اِمْرَاَةٌ ذَكِرَةٌ: مردوں سے مشابہت کرنے والی عورت۔

الذِكْرَة. یاد۔

الذَكَر. نر۔مِنَ الحَدِيْد: عمدہ لوہا۔مِنَ النُحَاس: سخت تانبا جو اچھی طرح کوٹا نہ جا سکے۔سَيْفٌ ذَكَرٌ: تلوار جس کی دھار عمدہ لوہے کی ہو اور پشت معمولی لوہے کی۔مَطَر ذَكَرٌ: سخت بارش۔الذَكَرُ مِنَ النَخْلِ: پھل نہ دینے والا کھجور کا درخت۔ ج ذُكُوْر و ذُكُوْرَة وذُكْرَان وذِكَار وذِكَارَة وذِكَرَة. ذُكُوْرُ البَقْل: وہ ترکاریاں جو لمبی اور سخت ہو گئی ہوں۔

الذَكَر. عضو تناسل۔ ج ذُكُوْر و مَذَاكِيْر.

الذِكْرَیٰ. یاددہانی۔ دل یا زبان سے یاد کرنا۔

الذُكْرَة. شہرت۔ کلہاڑی کے سر پر فولاد کا ٹکڑا۔و ذُكْرَةُ السَّيْفِ: تلوار کی تیزی۔

الذَاكِرَة. ذاکر کا مؤنث۔ قوت حافظہ۔

التَذْكِرَة. ضرورت کو یاد دلانے والی چیز۔و عِنْدَ المُوَلَّدِيْن: سر □۔ پاسپورٹ۔ ٹکٹ۔ ج تَذَاكُر.

رَجُلٌ (ذَكَّار) اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرنے والا۔

الذُكُوْرَة. مردمی۔

المُذْكِر. لڑکے جننے والی عورت۔ يَوْمٌ مُذْكِرٌ: سخت دہشت کا دن۔ طَرِيقٌ مُذْكِرٌ: خوفناک راستہ۔ دَاهِيَةٌ مُذْكِرٌ: سخت مصیبت۔

المُذَكَّر. مِنَ السُيُوْف: آبدار تلوار۔ طَرِيْقٌ مُذَكَّرٌ: خوفناک راستہ۔ يَوْمٌ مُذَكَّرٌ: سخت دہشت کا دن۔

المُذْكِرَة والمُتَذَكِّرَة. مردوں کی مشابہت کرنے والی عورت۔

المِذْكَار. عورت جس کی عادت لڑکے جننے کی ہو۔اَرْض مِذْكَارٌ: سخت ترکاری اگانے والی زمین۔

ذَكَتْ تَذْكُوْ ذُكُوًّا وذَكًا وذَكَاءً واسْتَذْكَتِ. النَارُ: سخت شعلہ بھڑکنا۔الشَمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا۔الحَرْبُ: لڑائی کا تیز ہونا۔

ذَكِيَ يَذْكیٰ وذَكِيَ يَذْكیٰ وذَكُوَ يَذْكُوْ ذَكَاءً. تیز خاطر ہونا۔صفت ذَكِيٌّ) مؤنث ذَكِيَّة. ج اَذْكِيَاء.

ذَكَا يَذْكُوْ ذَكًا وذَكَاةً. الذَبِيْحَة: ذبح کرنا(ذَكَاءً) المِسكُ: مشک کی خوشبو بھڑکنا۔ صفت ذَكِيٌّ)

ذَكّیٰ. النَارَ: آگ بھڑکانا۔الحَرْبَ: لڑائی کی آگ بھڑکانا۔الذَبِيْحَة: ذبح کرنا۔الرَجُلُ: بڑی عمر کا اور موٹا ہونا۔

اَذْكیٰ. النَارَ: آگ بھڑکانا۔ روشن کرنا۔الحَرْبَ: لڑائی کی آگ بھڑکانا۔ اور کہا جاتا ہے"اَذْكیٰ عَلَيْهِ العُيُوْن" اس نے اس پر

جاسوس بھیجے۔
اِسْتَذْکیٰ اِسْتِذْکَاءً. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ روشن کرنا۔ اِسْتَذْکَتِ النَّارُ: آگ کا تیز بھڑکنا۔
الذَّکَاء. مص۔ تیزی خاطر۔ زود فہمی۔
ذُکَاء. آفتاب کا اسم علم ہے (غیر منصرف) کہا جاتا ہے "طَلَعَتْ ذُکَاء" آفتاب طلوع ہو گیا۔ اِبْنُ ذُکَاء: صبح۔
الذُّکْوَۃُ والذُّکْیَۃُ. ایندھن۔ آگ سلگانے کی چیز۔
المَذْکَاء. مص۔ انگارہ (و الذَّکَاۃ) ذبح۔
المُذْکِي والمُذَکّي. مِنَ السَّحَاب: بہت بارش والا بادل۔ المُذَکّي مِنَ الخَیْل: گھوڑا جس کی عمر پوری اور قوت کامل ہو چکی ہو۔ ج المَذَاکي والمُذَکِّیات۔
ذَلَّ (ض) ذُلًّا وذِلَّةً وذَلَالَةً ومَذَلَّةً. ذلیل ہونا۔ خوار ہونا۔ صفت ذَلِیْل وذُلَّان ج اَذِلَّاء واَذِلَّة وذِلَال. (ذُلًّا وذِلًّا) البَعِیْرُ: آسانی سے تابع ہونا۔ صفت ذَلُوْل ج اَذِلَّة وذُلُل. کہا جاتا ہے "ذَلَّتْ لَهُ القَوَافِي" اسے قوافی کی آمد ہوئی۔
ذَلَّلَهُ واَذَلَّهُ واسْتَذَلَّهُ. ذلیل کرنا۔ اَذَلَّهُ واسْتَذَلَّهُ: ذلیل پانا۔ اَذَلَّ الرَّجُلُ: مستحق ذلت ہونا۔ ذلیل ساتھیوں والا ہونا۔
ذُلِّلَ. الکَرْمُ: گچھے لٹکایا جانا یا برابر کیا جانا النَّخْلُ: درخت خرما کے خوشوں کو لکڑی پر رکھنا۔
تَذَلَّلَ. لَهُ: خاکساری وفروتنی کرنا۔
الذِّلُّ. مص۔ مہربانی ونرمی۔ ذِلُّ الطَّرِیْقِ: راستہ کا روندا ہوا حصہ ج اَذْلَال. کہا جاتا ہے "دَعْه عَلیٰ اَذْلَالِه" اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دو۔ "جَاءَ عَلیٰ اَذْلَالِه" وہ اپنے طور طریقہ پر آیا۔ "اُمُوْرُ اللّٰهِ جَارِیَةٌ اَذْلَالَها اَوْ عَلیٰ اَذْلَالِها" اللہ کے امور حسب مواقع جاری ہیں۔ اَذْلَالُ النَّاسِ: سب سے آخری لوگ۔
الذُّلُّ. مص۔ تابعداری۔ سہولت۔ نرمی۔ تواضع۔ کہا جاتا ہے "ذُلٌّ ذَلِیْلٌ" ذلیل کرنے والا یا بڑی ذلت۔
الذُّلُوْلِيُّ. نرم اور اچھے اخلاق والا۔
طَرِیْقٌ مُذَلَّلٌ. چلتا ہوا راستہ۔
شَجَرَۃٌ (مُذَلَّلَةٌ) درخت جس کو ہر شخص پا لے۔
ذَلَجَ (ن) ذَلْجًا. المَاءَ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
الذُّلَّاح. پانی ملا ہوا دودھ۔
ذَلَغَ (ف) ذَلْغًا. پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔ صفت اَذْلَغ الطَّعَامَ: کھانا الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
ذَلِغَت (س) ذَلَغًا. شفته: ہونٹ کا اُلٹنا۔ صفت اَذْلَغ)
تَذَلْذَلَ. الشَّيْءُ: ڈھیلا ہونا۔ مضطرب ہونا۔
الذُّلْذُلُ والذِّلْذِل. کپڑے کا دامن۔ ج ذَلَاذِل. کہا جاتا ہے "شَمِّرْ ذَلَاذِلَكَ لِهٰذَا الاَمْرِ" اس کام کیلئے اپنے دامن کو سمیٹ لو۔ یعنی مستعد ہو جاؤ۔ ذَلَاذِلُ النَّاسِ وَ ذُلَیْذِلَاتُهُمْ" سب سے آخری لوگ۔
ذَلِفَ (س) ذَلَفًا. الاَنْفُ: ناک چھوٹی اور ہموار ہونا۔
الاَذْلَف. چھوٹی اور ہموار ناک والا۔ مؤنث ذَلْفَاء ج ذُلْف.
ذَلَقَ (ن) ذَلْقًا واَذْلَقَ. الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔ ذَلَقَ اللِّسَانُ: تیز و فصیح ہونا۔ (و اَذْلَقَ وذَلَّقَ) السِّکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔
ذَلَقَه واَذْلَقَه وذَلَّقَه: کمزور ولاغر کرنا۔ ذَلَقَ الضَّبَّ: بجو کو باہر نکالنے کیلئے سوراخ میں پانی ڈالنا۔
ذَلِقَ (س) ذَلَقًا. السَّیْفُ او اللِّسَانُ: تلوار یا زبان کا تیز ہونا۔ السِّرَاجُ: چراغ روشن ہونا۔ الرَّجُلُ: رنجیدہ ہونا۔ مِنَ العَطَشِ: پیاس سے قریب الموت ہونا۔
ذَلُقَ (ک) ذَلَاقَةً. اللِّسَانُ: فصیح ہونا۔
اِنْذَلَقَ. تیز زبان ہونا۔
الذَّلَق. مص۔ ذَلَقُ الشَّيْءِ وذَلْقَتُه: کسی چیز کی تیزی۔ ذَلَقُ اللِّسَانِ: زبان کا کنارہ۔
ذَلَقُ السَّهْمِ: تیر کا باریک حصہ۔
الذَّلِق والذَّلَق والذُّلُق والذُّلَق والذَّلِق والذَّلِیْق. مِنَ الاَلْسِنَةِ او الاَسِنَّةِ: تیز زبان یا بھالا۔ کہا جاتا ہے "لِسَانٌ ذَلِقٌ طَلِقٌ وذُلُقٌ طُلُقٌ وذَلْقٌ طَلْقٌ" تیز زبان فصیح و بلیغ۔
الاَذْلَق. مِنَ الاَلْسِنَةِ اوالاَسِنَّة: تیز زبان یا بھالا۔ ج ذُلْق.
الذَّوْلَق. مِنْ کُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی تیزی۔
ذَوْلَقُ اللِّسَانِ: زبان کا کنارہ۔ اور اسی سے ہے "اَلاَحْرُفُ الذَّوْلَقِیَّةُ" یعنی وہ حروف جن کا مخرج کنارہ زبان ہے۔
یہ حروف چھ ہیں تین ان میں سے شفوی (دو ہونٹ کے ملنے کی وجہ سے ادا ہونے والے حرف) وہ تین حرف: با- فا- میم ان کا دوسرا نام ذُلقیه ہے- ان میں سے تین حرف زبان کی جڑ سے ادا ہوتے ہیں- وہ تین حرف لام' را نون- ان کا نام ویقة ہے-
ان میں سے تین حرف زبان کی جڑ سے ادا ہوتے ہیں- وہ تین حرف لام' را نون' ان کا نام ویقة ہے-
المُذَلَّق. تیز کنارہ والا- پانی ملا ہوا دودھ۔
ذَلَیٰ یَذْلِي ذَلْیًا. الرُّطَبَ: تر کھجور چننا۔
اِنْذَلیٰ. الرُّطَبُ: تر کھجور چنا جانا۔
تَذَلّیٰ. تواضع۔ فروتنی کرنا۔
اِذْلَوْلیٰ. ذلیل ہونا۔ مطیع ہونا۔ چھپ کر چپکے سے جلدی نکل جانا۔
ذَمَّهُ (ن) ذَمًّا و مَذَمَّةً: برائی بیان کرنا الاَنْفُ: رینٹ بہنا۔
ذَمَّمَهُ. برائی بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔
ذَامَّ. عَیْشَهُ: قناعت کرتے ہوئے گزارہ کرنا۔
اَذَمَّهُ. قابل مذمت پانا۔ پناہ دینا اور اپنی حفاظت میں لے لینا۔ الرَّجُلُ: قابل مذمت فعل کرنا۔ عَلَیْهِ وَلَهُ: کسی کے لیے پناہ لینا المَکَانُ: خشک و بے برکت ہونا۔ اَذَمَّ بِهِمْ:

حقارت کرنا اور بقول بعض مذموم حالت میں چھوڑنا۔

تَذَامَّ القومُ: ایک دوسرے کی بُرائی بیان کرنا۔

تَذَمَّمَ منه: ننگ و عار سمجھنا اور شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ اَتَذَمَّمُ مِنَ الْقَوْمِ" میں قوم سے دوسروں کی طرف منتقل ہو جاؤں گا۔

اِسْتَذَمَّ قابلِ مذمت فعل کرنا۔ به: پناہ طلب کرنا اِلٰی فُلَانٍ: کسی کے ساتھ ایسا فعل کرنا جس پر وہ اس کی مذمت کرے۔

الذَمّ س۔ بُرائی۔ مذمت۔ ج ذُمُوْم کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ کَذَا و خَلَاكَ ذَمٌّ" ایسا کرو تمہیں اس پر ملامت نہ ہوگی۔ الذَمّ بمعنی مذموم مصدر بمعنی مفعول۔

بئرٌ (ذَمَّة) کم پانی والا کنواں۔ زیادہ پانی والا کنواں۔

الذِمُّ کفالت۔ بہت زیادہ لاغر۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذِمٌّ" ہلاک ہونے والا مرد۔

الذِمَام حق۔ عزت۔ حرمت۔ ج اَذِمَّة۔

الذَمَامَة والذِمَامَة کفالت۔

الذُمَامَة بقیہ۔

الذِمَّة امان۔ عہد۔ ذمہ داری۔ کہا جاتا ہے "فِیْ ذِمَّتِیْ کَذَا" یعنی میری ذمہ داری میں۔ ج ذِمَم۔ اَهْلُ الذِمَّة: دار السلام میں جزیہ دے کر رہنے والے کفار۔ ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنے والی قوم۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِیْ ذِمَّةِ اللّٰه" تو اللہ کی پناہ میں ہے۔

الذِمِّیّ جزیہ دے کر دار السلام میں رہنے والا۔

الذَمِیْم بُرا۔ منہ پر کی پھنسی۔ شبنم۔ رینٹ۔ بدمزہ پانی۔ بئرٌ ذَمِیْمٌ: کم یا زیادہ پانی والا کنواں (ضد) ج ذِمَام

المُذِمّ فا۔ بے حرکت۔ اَمْرٌ مُذِمٌّ: عیب دار۔

المَذَمَّة س۔ برائی۔ حق و حرمت۔ اور اسی سے ہے "هُوَ یَحْفَظُ مَذَمَّتَه" وہ اپنے حق کی حفاظت کرتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے "قَضِیَ مَذَمَّتَه اَوْ مَذِمَّتَه" اس نے مذمت و برائی کے خوف سے اس کے ساتھ احسان کیا۔ "وَاَذْهِبْ مَتَّه بِشَیْءٍ" اس کو کچھ دو کہ اس کا حق ہے۔

المُذَمَّم مذموم۔

ذَمَأَ (ف) ذَمَأَ الاَمْرُ عَلَیْهِ: دشوار ہونا۔

ذَمْذَمَ الرجلَ: تھوڑا عطیہ دینا۔

ذَمَرَه (ن) ذَمْرًا دھمکی دینا۔ ذَمَرَه عَلَی الْاَمْرِ: ملامت کے ساتھ کسی کام پر برانگیختہ کرنا الاَسَدُ: گونجنا۔ دھاڑنا۔

ذَمَّرَ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا الرَّجُلَ: کسی کے مونڈھے کو چھونا۔

تَذَمَّرَ فوت شدہ چیز پر اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ یَتَذَمَّرُ عَلٰی رَبِّه" وہ اپنے رب پر بگڑتا تھا عَلٰی فُلَانٍ: بگڑنا اور دھمکی دینا۔ (وتَذَامَرَ) القَوْمُ ایک دوسرے کو جنگ پر برانگیختہ کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

الذَمِر والذِمْر والذَمِرُ والذِمِّیر بہادر۔ ج اَذْمَار

الذِمَار ہر وہ چیز جس کی حمایت و حفاظت ضروری ہو۔ حرم۔ اپنے لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْنَعُ ذِمَارًا مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حفاظت کرنے والا ہے و "هُوَ حَامِیُ الذِمَارِ" وہ قابل نگہداشت چیز کی حمایت و حفاظت کرنے والا ہے۔

ذَمَارِ جنگ پر برانگیختہ کرنے کے لیے اسم فعل ہے۔

الذَمَارَة شجاعت۔ بہادری۔

الذَیْمُرِیُّ تیز طبیعت۔

المُذَمَّر مثـ۔ کندھا۔ گردن اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الْاَمْرُ الْمُذَمَّرَ" معاملہ شدت کو پہنچ گیا۔

ذَمَلَ (ن ض) ذَمْلًا و ذُمُوْلًا و ذَمِیْلًا و ذَمَلَانًا البَعِیْرُ: اونٹ کا آہستہ چلنا۔

ذَمَّلَ البَعِیْرَ: اونٹ کو آہستہ چلانا۔

نَاقَة (ذَمُوْلٌ) آہستہ چلنے والی اونٹنی۔ ج ذُمُل

الاَذْمَل برص والا۔

ذَمِه (س) ذَمَهًا الحَرُّ: گرمی سخت ہونا الرَّجُلَ بالحَرِّ: سخت گرمی لگنا۔

ذَمِیَ (س) ذَمًا و ذَمَاءً ہلنا۔

ذَمِیَ (ض) ذَمَاءً لمبی بیماری والا ہونا۔ قریب الموت ہونا۔ بدبو نکلنا (ذَمَیَانًا) جلدی کرنا (ذَمَتْه الرِّیْحُ تَذْمِیْه ذَمْیًا) تکلیف دینا۔

اَذْمٰی اِذْمَاءً فُلَانًا: مار کر مرنے کے قریب کر دینا۔

اِسْتَذْمٰی مَا عِنْدَه: جو کچھ کسی کے پاس ہو ڈھونڈ کر سب کچھ لے لینا۔

الذَمٰی بدبو۔

الذَمَاء بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "اَطْوَلُ ذَمَاءً مِنَ الضَّبِّ" وہ بجو سے زیادہ سخت جان ہے۔ اس وجہ سے کہ بجو کی روح بڑی دیر میں نکلتی ہے۔

ذَنَّ (ض) ذَنِیْنًا و ذَنَنًا المُخَاطُ: رینٹ بہنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّه لَیَذِنُّ" یعنی وہ بڑھاپے یا مرض کی وجہ سے ضعیف ہے۔ و "مَا زَالَ یَذِنُّ فِیْ تِلْكَ الْحَاجَةِ حَتّٰی اَنْجَحَهَا" ہمیشہ اس حاجت میں لگا رہا یہاں تک کہ اس کو کامیاب کر لیا۔

ذَنَّ (س) ذَنَنًا و ذَنَنَ رینٹ بہنے والا ہونا۔

ذَنَّ (ض) ذَنِیْنًا البَرْدُ: سخت سردی ہونا۔

الذَنَن گندگی۔

الاَذَنّ وہ شخص جس کے دونوں نتھنوں سے رینٹ بہہ رہی ہو۔ مؤنث ذَنَّاء ج ذُنّ اور اَنْفُكَ مِنْكَ وَاِنْ کَانَ اَذَنَّ مثال ہے۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے ضعفاء قوم سے بیزار ہو۔

الذُنَان والذَنِیْن بہنے والی رینٹ۔

الذُنَانَة حاجت۔ کمزور چیز کا بقیہ۔

ذَنَبَه (ض ن) ذنبا و پیچھے لگے رہنا۔
ذَنَّبَ العِمامَةَ: شملہ لٹکانا الکتابَ: تتمہ لگانا الضَّبَّ: بجو کی دُم پکڑ لینا الجرادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا الضَّبُّ: بجو کا سوراخ سے صرف دُم باہر نکالنا۔
اَذْنَبَ الرجلُ: گنہگار ہونا۔
تَذَنَّبَ عليه: زیادتی کرنا الرَّجُلُ: شملہ لٹکانا الطَّرِيقَ: راستہ اختیار کرنا۔
تَذانَبَ السَّحابُ: بادلوں کا ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
اِسْتَذْنَبَه: پیچھے جانا۔ گنہگار پانا یا سمجھنا الاَمْرُ: کامل ہونا۔
الذَّنْب: گناہ۔ ج ذُنُوب و جج ذُنُوبات۔
الذَّنَب مِنَ الحَيْوان: دم۔ ج اَذْناب۔
اَذْنابُ النّاسِ: معمولی لوگ۔ ذَنَبُ العَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک۔ ذَنَبُ السَّوْطِ: کوڑے کا کنارہ۔ ذَنَبُ الثَّعْلَبِ وذَنَبُ الفَرَسِ وذَنَبُ الخَيْلِ: مختلف نباتات کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بِذَنَبِه" اس نے اقامت کر لی۔ ورَكِبَ ذَنَبَ البَعِيرِ وہ ناقص حصہ پر راضی ہو گیا۔ ورَكِبَ ذَنَبَ الرِّيحِ وہ آگے بڑھ گیا اور کوئی اس کو نہ پا سکا۔ و "بَيْنِي وبَيْنَهٗ ذَنَبُ الضَّبِّ" میرے اور اس کے درمیان دشمنی ہے۔
الذِّناب: اونٹ کی دُم باندھنے کی رسی۔
ذِنابُ الشَّيْءِ: چیز کا پچھلا حصہ۔ ج ذَنائِب۔
الذِّنابَة: قرابت۔ (والذُّنابَة والذِّنَبَة) مِنَ الوادِي: وادی کے بہنے کی انتہائی جگہ۔
الذِّنَبَة: دم۔ ذِنَباتُ النّاسِ وذِناباتُهم: لوگوں میں معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔
الذُّنابَى: پرندہ کی دم۔
الذَّنُوب مِنَ الخَيْلِ: لمبی اور زیادہ بالوں کی دُم والا گھوڑا۔ ج ذَنائِب و ذِناب و اَذْنِبَة۔ الذَّنُوبُ: قبر۔ دنبہ کی چکی کا گوشت۔
ضَبٌّ (اَذْنَبُ) لمبی دُم والی گوہ۔

الذِّنَبِيّ والذَّنَبِيّ: دم۔
المِذْنَب: لمبی دم۔ پتلا نالہ۔ کہا جاتا ہے "سالَتِ المَذانِبُ" نالے بہ پڑے (والمِذْنَبَة) چمچہ۔
المُذَنَّب: دُم دار۔ اور اسی سے ہے "نَجْمٌ مُذَنَّبٌ" دُم دار تارہ۔
المُذانِب مِنَ الابلِ والخَيْلِ: سب سے آخر میں چلنے والا اونٹ یا گھوڑا۔
نَجْمٌ مُذَنَّبٌ: دم دار ستارہ۔ اس ستارے کا دم کئی سالوں کے بعد ظہور ہوتا ہے۔ ۱۹۱۰ء میں ظاہر ہوا تھا اب ۱۹۸۸ء میں ظاہر ہو گا۔
ذه وذِه: اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے اور اس پر "ها" تنبیہ داخل کرتے ہیں اور کہتے ہیں هٰذِهٖ و هٰذِه۔
ذَهَبَ (ف) ذَهابًا وذُهُوبًا ومَذْهَبًا: جانا۔ گزرنا۔ مرنا۔ الاَمْرُ: ختم ہونا عَلَى الشَّيْءِ: بھول جانا بِه: لے جانا۔ ساتھ جانا۔ جگہ سے ہٹانا اور اسی سے ہے "ذَهَبَتْ بِهِ الخُيَلاءُ" اس کو تکبر لے گیا یعنی اس کو اس کے مرتبہ سے گرا دیا۔ فِي المَسْئَلَةِ اِلَى كَذا: فلاں رائے اختیار کرنا۔
ذَهِبَ (س) ذَهَبًا: سونے کی کان میں بہت سا سونا پا کر حیران ہونا۔
اَذْهَبَ وذَهَّبَ: سونے کی قلعی کرنا۔ صفت مفعولی (ذَهِيبٌ ومُذْهَبٌ و مُذَهَّبٌ) اَذْهَبَه واَذْهَبَ بِه: لے جانا۔ جگہ سے ہٹانا۔
الذَّهَب: س۔ سونا (کبھی مؤنث بھی بولتے ہیں) ج اَذْهاب و ذُهُوب و ذُهْبان۔ ایک ٹکڑے کو (ذَهَبَة) کہتے ہیں۔ الذَّهَب: انڈے کی زردی۔ ج ذِهاب و اَذْهاب و جج اَذاهِيب۔
الذِّهْبَة: ہلکی یا بہت بارش۔ ج ذِهاب واَذْهاب و جج اَذاهِيب۔
الذَّهُوب: جانے والا۔
المَذْهَب: س۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد۔ اصل۔ ج مَذاهِب "تَمَذْهَبَ بالمَذْهَبِ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ مشہور مذاہب چار ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔
المُذْهَبات: زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ معلقات کے علاوہ سات قصائد۔
ذَهِرَ (س) ذَهَرًا فوه: کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْهَر) مؤنث ذَهْراء۔ ج ذُهْر۔
ذَهَلَ (ف) ذَهْلًا و ذُهُولًا الشَّيْءَ و عَنْهُ: بھول جانا۔ غافل ہو جانا۔
ذَهِلَ (س) ذُهُولًا: ہکا بکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔
اَذْهَلَ: غافل کر دینا۔
الذُّهْل والذَّهْل مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔
المَذْهَل: ہکا بکا ہونے کی جگہ۔
الذُّهْلُول مِنَ الخَيْلِ او الرِّجالِ: عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَهالِيل۔
ذَهَنَ (ف) ذَهْنًا الاَمْرَ: سمجھنا۔ تیزی خاطر میں غالب آنا (واَذْهَنَ واسْتَذْهَنَ) الرَّجُلَ عَنِ الاَمْرِ: فراموش کر دینا۔
ذَهِنَ (س) ذَهَنًا الشَّيْءَ: سمجھنا۔
ذَهُنَ (ک) ذَهانَةً: اچھے حافظہ والا ہونا۔
ذُهِنَ: ذہن کا زائل ہونا۔
ذاهَنَه: زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يُذاهِنُ النّاسَ يُفاطِنُهُمْ" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اَقْرَبُ المَوارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔
الذِّهْن: سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "ما بِرِجْلِي ذِهْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذْهان۔

الذِهن. سمجھ۔ زیرکی۔ ج اَذْھان. کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اھل الاذھان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔
رجل "ذَھِن و ذِھْنٌ" ذکی اور سمجھ دار مرد۔
ذَھا (ن) ذُھوًا. تکبر کرنا۔
ذُو. صاحب مالک۔ تثنیہ ذَوَان. ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتہ ذاصباح" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جاءَ مِنْ ذِیْ نفْسِہ" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا۔ اور فقہاء کے قول "ذُوالید اَحقّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وکَانَ ذٰلِكَ مِنْ ذِیْ قَبْل" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔
ذَوُوْالاَرْحام: رشتہ دار۔ اقربا۔ الذَوُوْن والاَذْواء: یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْیَزَن. ذُوْنُواس. ذُوْرِیَاش. وغیرہ۔
ذاتٌ. ذُو کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَان. ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہ ذَاتَ یَوْمٍ او ذَاتَ لَیْلة اَوْذَاتَ مرَّةٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وکَانَ ذٰلِكَ ذَاتَ الْعُوَیْم" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ الْیَمِیْن" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِیْتُہ اَوَّلَ ذَاتِ یَدَیْن" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَّدْرِ: فکر یا بھید۔ ذَاتُ الْیَمِیْن: داہنی جانب۔ ذَاتُ الْبَیْن: حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُم" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو۔
ذَاتُ شَفَةٍ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتہ فَمَا رَدَّ عَلَیَّ ذَاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔
ذَاتُ الْیَدِ: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ یَدِہٖ" اس کی ملکیت کم ہو گئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَاتَ بَطْنِھَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الْجَنْب عِنْدَ الاَطِبَّاء: نمونیا۔ ذَاتُ الرئة وذَاتُ الصَّدْر و ذَاتُ الکبد: بیماریوں کے نام۔
الذات. وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذَاتُ الشَّیْ: نفس شیٔ. عین شیٔ. جوھر شیٔ. اِسْمُ الشَّیٔ. عِنْدَ النُّحاة: نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔ الذَوَات عِنْدَ الْمُوَلِّدِیْن: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔
الذَاتِی. ذات کی جانب منسوب۔
ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا. الثَلْج او السَّمَنُ: برف یا گھی پگھلنا دَمْعُہٗ: آنسو بہنا الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم و تیز ہونا الرَجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِی عَلَیْہِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَا ذَابَ فِی یَدِی مِنْہ خَیْر" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرجُل" لاغر ہو گیا۔
ذَوَّبَ. السَمَنَ: گھی پگھلانا الغُلَامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔
اَذَابَ اِذَابَةً. السَمَنَ: گھی پگھلانا حَاجَتَہ: حاجت پوری کرنا القَوْمُ اَمْرَھُمْ: درست کرنا عَلَی العَدُوِّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔
اِسْتَذَابَہ. پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا الشَّیٔ: باقی رکھنا حَاجَتَہٗ: پوری کرنا۔
الذَاب. عیب۔
الذَوْب. مص. خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّھَب: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا الکَلَامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔
الذَوبَة. ذَابَ کا اسم مرۃ کہا جاتا ہے "ظَھَرَتْ مِنْہُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے مَنَاقَة (ذَؤُوْب) موٹی اونٹنی۔
الاِذْوَاب والاِذْوَابَة. مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَحْلٰی مِنَ الذَوْب بالاِذْوَابَة" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔
المِذْوَب. سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔
المِذْوَبة. چمچہ۔
ذَاجَ (ن) ذَوْجًا. جلدی کرنا الماء: پانی پینا۔
ذَاحَ (ن) ذَوْحًا. سخت چال چلنا۔
(وذَوَّحَ) الاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔
ذَادَہ (ن) ذَوْدًا اوذِیَادًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الاِبِلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا (وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِہ: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذائد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد وذَادَة.
اَذَادَ اذادة وَاَذْوَدَہٗ اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا۔
الذَوَّاد. بہت دفع کرنے والا۔
المَذَاد. چراگاہ۔
المِذْوَد. مویشیوں کا تھان۔ جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔
رجال (مَذَاوِدُ ومَذَاوِیْد) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔
اَلذَّوْدُ: اونٹ جن کی تعداد تین سے لے کر تیس (۳۰) تک۔ مؤنث کے لئے اس کا واحد کوئی نہیں یا یہ خود واحد ہے اس کی جمع اَذْواد ہے۔
ذَاطَہٗ (ن) ذَوْطًا. سخت گلا گھونٹنا۔ الاِنَاءَ: بھرنا۔
ذَوِطَ (س) ذَوَطًا. چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذْوَط)
الذَوْطَة. زرد پیٹھ والی مکڑی۔ ج ذِوَاط.
الذَوط. ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
ذَاعَ (ن) ذَوْعًا. مَالَہٗ: سب کچھ پراگندہ

کر دینا۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. القَوْمُ بِمَا فِي الحَوْضِ: قوم کا سارا پانی پینا الرَّجُلُ بِمَالِهٖ: لے جانا۔

الرُّوْبَۃُ۔ حاجت اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا یَقُوْمُ بِرُوْبَۃِ اَھْلِہٖ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کیلئے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ محتاجی۔ حیرانی۔ زیادہ پینے سے کسل مندی۔

الرُّوْبَۃُ مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کا ٹکڑا مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الرَّجُلُ: مرد کی عقل۔ تم کہتے ہو "ھُوَ یحدثنی وَاَنَا اِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَیْسَتْ لَہٗ رُوْبَۃٌ" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لیے عقل نہ ہو۔

الْاَرْوَبُ۔ حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسل مند۔

الرَّوْبٰی۔ وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سست ہوگئے ہوں۔ قَوْمٌ رَوْبٰی: سست طبیعت کے لوگ؛ وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہوگئے ہوں۔ واحد (رَائِبٌ ورَوْبَان)

الْمِرْوَبُ۔ دودھ جمانے کا برتن۔

سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔

الرُّوْبِیْنِیَّۃُ۔ ایک درخت کا نام۔

رَاثَ (ن) رَوْثًا۔ الْفَرَسُ: لید کرنا۔

الرَّوْثُ۔ لید۔ ج اَرْوَاثٌ۔

الرَّوْثَۃُ۔ روث کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَضْرِبُ بِلِسَانِہٖ رَوْثَۃَ اَنْفِہٖ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لے جاتا ہے۔ کنایہ ہے زبان دراز ہونے سے۔ چونچ۔

الْمَرَاثُ والْمَرْوَثُ۔ لید کا مخرج۔

رَاجَ (ن) رَوْجًا ورَوَاجًا۔ الْاَمْرُ: جلدی ہونا السِّلْعَۃُ: رائج ہونا الدَّرَاھِمُ: رواج پکڑنا الطَّعَامُ: کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْضِرْ لَنَا مَارَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لئے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا نا معلوم سمت سے چلنا۔

رَوَّجَ۔ الشَّیْءَ وَ بِہٖ: جلدی کرنا السِّلْعَۃَ وَالدَّرَاھِمَ: رائج کرنا فُلَانٌ کَلَامَہٗ: مزین و مبہم کرنا۔

تَرَوَّجَ۔ حوض کے گرد اگرد گھومنا۔ صفت (رَوَّاج)

الرَّوْجَۃُ۔ جلدی۔

رَاحَ (ن) رَوَاحًا۔ شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔

(رَوَاحًا ورَوْحًا) الْقَوْمَ وَاِلَیْھِمْ وعِنْدَھُمْ: شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً) جانا۔

(رَوْحًا) الْیَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا۔

رَاحَ یَرِیْحُ رَیْحًا۔ الشَّیْءَ: بو محسوس کرنا۔

رَاحَ یَرَاحُ رَیْحًا۔ الْیَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا الْبَیْتُ: ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَحِ الْبَابَ حَتّٰی یَرَاحَ الْبَیْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے الرِّیْحَ الشَّیْءُ: ہوا لگنا۔

الْقَوْمُ الرِّیْحَ: ہوا میں داخل ہونا۔

رَاحَ یَرَاحُ رَاحَۃً۔ لِلْمَعْرُوْفِ: بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لیے جلدی کرنا۔

یَدُہٗ لِلْاَمْرِ: سبک ہونا الشَّجَرُ: نئے پتے نکالنا الشَّیْءَ: بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنْكَ مَعْرُوْفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔

رَاحَ یَرَاحُ رَوَاحًا ورَاحًا ورَاحَۃً و

رِیَاحَۃً وَرُؤُوْحًا وَاَرْیَحِیَّۃً. لِلْاَمْرِ: کسی کام کیلئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔
رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَۃً. اَلْاِبِلُ: اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِیْحَ ہوا لگنا۔ صفت مَرُوْحٌ مَرِیْحٌ۔
رَوِحَ یَرْوَحُ رَوَاحًا کشادہ ہونا۔
رَوَّحَ. اَلْقَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا اَلرَّجُلَ: آرام دینا۔
اَلْاِبِلَ: شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا بِالْجَمَاعَۃِ: تراویح کی نماز پڑھانا قَلْبَہ: کسی کے دِل کو بیدار کر دینا۔
اَلدُّھْنَ: تیل کو خوشبودار بنانا۔
عَلَیْہِ بِالْمِرْوَحَۃِ: پنکھا جھلنا۔
اَرَاحَ اِرَاحَۃً. اَلْقَوْمُ: ہوا میں داخل ہونا ٥ آرام پہنچانا عَلٰی فُلَانٍ حَقَّہ: واپس کرنا اَلْاِبِلَ: باڑہ کی طرف اونٹوں کو واپس لانا اَلْمَعْرُوْفَ: بھلائی حاصل کرنا| پانا اَلشَّیْئَ: بُو محسوس کرنا اَلْمَاءُ او اللَّحْمُ: پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا۔
اَلرَّجُلُ: سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاحَ فَاَرَاحَ" اس نے مر کر آرام پہنچایا۔
اَرْوَحَ. اَلْمَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا اَلشَّیْئَ: بُو محسوس کرنا عَلَیْہِ حَقَّہ: واپس کرنا۔
رَاوَحَ. بَیْنَ الْعَمَلَیْنِ: باری باری مشغول ہونا بَیْنَ رِجْلَیْہِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
تَرَوَّحَ. شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا۔
اَلْقَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا اَلشَّجَرُ: نئے پتے نکالنا اَلنَّبْتُ: نباتات کا طویل ہونا اَلْمَاءُ: پانی کا بودار ہونا بِالْمِرْوَحَۃِ: پنکھا ہلانا۔
اَلشَّیْئُ: بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔
تَرَاوَحَ. اَلرَّجُلَانِ الْاَمْرَ: باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے "اِنَّ یَدَیْہِ تَتَرَاوَحَانِ بِالْمَعْرُوْفِ" اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔

اِرْتَاحَ. خوش ہونا اَللّٰہُ لَہ بِرَحْمَتِہ: مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "ھُمَا یَتَرَاوَحَانِ عَمَلًا" وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔
اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَۃً. آرام پانا۔ اِلَیْہِ: سکون پانا۔
اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا. آرام پانا۔ اَلشَّیْئَ: سونگھنا اَلْغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا سے ہلنا اَلصَّیْدُ: شکار کا انسان کی بُو محسوس کرنا اَلشَّجَرُ: سرسبز کرنا۔
اَلرَّاحُ. س. شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ یَوْمٌ رَاحٌ: سخت ہوا کا دن۔
اَلرَّاحَۃُ. س. آرام۔ الراح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کف دست۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہ عَلٰی اَنْقٰی مِنَ الرَّاحَۃِ" میں نے اس کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثَّوْبَ عَلٰی رَاحَتِہ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج رَاحَات. لَیْلَۃٌ رَاحَۃٌ: تیز ہوا والی رات۔
اَلرَّوْحُ. آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنے والے کو آرام پہنچائے۔ مدد۔ خوشی۔ رحمت و مہربانی۔ یَوْمٌ رَوْحٌ: عمدہ و خوشگوار دن۔ سہانا دن۔
اَلرَّوْحَۃُ. وراح کا اسم مرۃ۔ ج رَاحَات. لَیْلَۃٌ رَوْحَۃٌ: سہانی رات۔
اَلرُّوْحُ. جان (مذکر و مؤنث) نفس۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ" یعنی وہ لطیف و پاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ امر الٰہی۔ قرآن۔ پیغام خداوندی۔ جبرئیل۔ اَلرُّوْحُ الْاَعْظَمُ: اللہ تعالیٰ۔ رُوْحُ الْقُدُسِ: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم
اَلرُّوْحُ الْاَمِیْنُ: حضرت جبرئیل نسبت کیلئے (رُوْحَانِی) ج اَرْوَاح اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست وجواہر پر بولا جاتا ہے۔ اَلْاَرْوَاحُ الْخَبِیْثَۃُ: شیاطین۔

اَلرَّوَحُ. دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔
اَلرَّوَاحُ. س. شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا بِرَوَاحٍ مِنَ الْعَشِیِّ" وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ و "اَفْعَلُ ذٰلِكَ فِیْ سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" میں صبح شام اس کو کرتا ہوں (والرُّوَیْحَۃ والرَّوَاحَۃ والرَّاحَۃ) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔
اَلرِّیْحُ. ہوا (مؤنث) ج اَرْیَاح و اَرْوَاح وَرِیَاح وَرِیَح وجج اَرَاوِیْح وَاَرَایِیْح. بُو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ وقوت اور ہوائیں چار ہیں۔ اَلْجَنُوْبُ: دکھنی۔ اَلشَّمَالُ: اُتری۔ اَلصَّبَاءُ: پُروائی۔ اَلدَّبُوْرُ: پچھوائی۔
اَلرِّیْحَۃُ. ہوا۔ بُو۔
اَلرَّیْحَانُ. ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت و روزی۔ فرزند۔ ج رَیَاحِیْن.
اَلرَّیْحَانَۃُ. گلدستہ۔
اَلرَّیِّحُ مِنَ الْاَیَّامِ: تیز یا اچھی ہوا والا دن۔
اَلرَّائِحَۃُ. رائح کا مؤنث۔ بُو۔ ج رَائِحَات وَرَوَائِح اَلرَّوَائِحُ: شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے "مَالَہ سَارِحَۃٌ وَلَا رَائِحَۃٌ" یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔
اَلْاَرْوَحُ. ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مؤنث رَوْحَاءُ ج رُوْحٌ (والاَرْیَحُ) کشادہ۔
اَلْاَرْیَحِیُّ. کشادہ اخلاق والا۔
اَلْاَرْیَحِیَّۃُ. وہ خصلت جو انسان کو افعال حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہے۔
اَلتَّرَاوِیْحُ. ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی

ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔
المَراح۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔
المَراح. اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔
المَرْوَح والمَرِيح. ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔
يوم مروح: اچھی ہوا والا دن۔
المِروح والمِروحة. پنکھا۔ ج مَراوِح.
المَرْوَحة. بیابان۔ ج مَراوِح.
المُروَّح. مذ۔ دهن مُروَّح: خوشبو دار تیل۔
المُستَراح. پاخانہ۔
راد يرُوْدُ رَوْدًا ورِيادًا. الشئَ: طلب کرنا الارْضَ: قیام کے لیے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا قومه مَرعًى او منزلًا: قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔
راد يرود رودانا ورِيادًا. کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رادتِ الابل: اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔
رادت رودا ورودانا. المرأة: پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا الرِيحُ: ہوا کا نرم چلنا۔ الماشية: مویشیوں کا چرنا۔
راوَدَهٗ مُراوَدة ورِوادًا. چاہنا۔ راوده عَنْ و عَلىٰ نفسِه: فریب دینا۔ برائی کی ترغیب دینا۔ پھسلانا علىٰ كذا: ارادہ کرنا۔
رَوَّدَه. طلب و جستجو پر اکسانا۔
اَرادَ اِرادَة. چاہنا۔ خواہش کرنا۔ راغب ہونا ہ: على الامْر: برانگیختہ کرنا۔
اَرْوَدَ اِرْوادًا و مَروادًا و مُرْوَدًا و رُوَيْدًا و رُوَيْداءَ ورُوَيْدِيَةً. فِى السيرِ: آہستگی سے چلنا۔ نرم چلنا۔
اِرْتادَ اِرتيادًا. الشئ: طلب کرنا۔
اسْتَرادَ. لِامْر الله: حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا۔ فرمانبردار ہونا۔ الدابة: جانور کا چرنا الرجلُ: چل پھر کر روزی طلب کرنا۔
الرائِد. ج رادَةٌ ورُدَّادٌ ورائِدُوْن. جاسوس۔ وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو۔ چکی کا دستہ ورائِدِ العَين: آنکھ کا تنکا۔ کہا جاتا ہے "هو رائِدُ الوِسادِ" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔
الرّاد. بمعنی الرائد۔
الرِيْد. طلب۔ تلاش۔
الرادة والرائدة والرُوادة. پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔
الرُود. مث۔ ریح (رود ورائدة) نرم چلنے والی ہوا۔ کہا جاتا ہے "امش على الرُوْد" یعنی آہستہ چلو۔
الرّادار: راڈار جنگی جہازوں کی آمد، رفتار اور ان کو روکنے کی معلومات دینے والا آلہ۔
الرّاديكسالی: ایسے مذہب کی طرف نسبت والا جو کہ مکمل سیاسی اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہیں۔
رُوَيد. اَرْوَدَ کا مصدر مصغر ہے۔ کہا جاتا ہے "رُوَيْدًا" یعنی آہستہ۔ و "رُوَيْدَكَ زَيدًا" و "رُوَيْدَ زَيْدٍ" یعنی زید کو مہلت دی۔ و "ساروا سيرًا رُوَيدًا" و "ساروا رُوَيْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے۔
الاَرْوَد. کام میں آہستگی کرنے والا۔ اور کہتے ہیں "الدهر اَروَد ذو غِير" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی۔ و "الدهر اَروَد مستبدّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔
المِرْوَد. سرمہ کی سلائی۔ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ کھونٹی ج مَراوِد.
المَراد والمُستَراد: چراگاہ میں اونٹوں کے آنے جانے کی جگہ۔ مُستَراد. الرجلِ: آمد و رفت کی جگہ۔
المَراوِيد. جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔
الرَوَنْد والرِوَنْد والراوَنْد. ریوند چینی۔ ایک دوا کا نام۔
راز (ن) رَوْزًا. الحجر: پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا الرَجُلَ: آزمانا الدينار: دینار کا وزن معلوم کرنے کے لیے تولنا۔ الاراضى: زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا ما عِندَه: طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت (رائز) ج رازة.
رَوَّزَ. الكلام او الرأى: آہستہ آہستہ غور کرنا۔
راوَزَه. آزمائش کرنا۔
الرازى. منسوب بہ شہر رے۔
الرَوْزِيزى. بڑی چادر۔
الرّاز. معماروں کا سردار۔ ج رازة اور اس کی اصل رائز ہے۔ مثل شاكٍ و شائك کے۔
الرِيازة. معماری۔
المَراز والمَرازة. وزن۔ مقدار۔
المَرازان. دونوں پستان۔
الرُوزنامَة. روزنامچہ۔ کیلنڈر۔ جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)
راس يروس روسًا. متکبرانہ چلنا۔ بہت کھانا السيلُ الغُثاء: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا۔
اِستَراس. کھانا طلب کرنا۔
الرَوْس. مث۔ مرد۔ کہا جاتا ہے "انَّهٗ رَوْسُ سَوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔ عیب۔ بہت کھانا۔
رَوانِس. الاودِيَة: وادیوں کے بلند حصے۔
رَوائِسُ السحاب: اگلے بادل۔
راش يَرُوْشُ رَوْشًا. بہت کھانا۔ ہ المَرضُ: کمزور کرنا۔
الرّاش. من الجمال او الرماحِ: کمزور اونٹ یا نیزہ۔ یہ رائش کا مخفف ہے۔ مؤنث راشة.
الرَوْش. ہلکی عقل۔
الاَرْوَش. ہلکی عقل والا۔ مؤنث رَوْشاء.
راصَ (ن) رَوْصًا. بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔
راضَ يَرُوْضُ رَوْضًا ورِياضَةً و

ریاضا. المهر: بچھیرے کو سدھانا۔ صفت (رائض)ج راضة ورُوّاض و رُوّض و رائضون اور صفت مفعولی (مَرُوْض) مؤنث مَرُوْضَة.

رَوّض. المهر: بچھیرے کو خوب سدھانا الرَّجُلَ: باغوں میں رہنا المطرُ الارضَ: باغ کی مانند بنادینا۔

راوضهٗ. علی الامرِ: کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگادینا۔

اَراض اِراضةً. سیراب ہونا۔ القومُ: سیراب کرنا المکانُ: بکثرت باغات ہونا اللّٰهُ الارضَ: مرغزار بنانا۔ باغات بنانا الحوضُ: حوض کی تہ کا پانی سے ڈھلکنا۔

اَرْوَضَ. المکانُ: بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا الارضُ من المطرِ: زمین کا بارش سے تر ہونا۔

تَراوَضَ. القومُ فی الامرِ: کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا فی البیعِ والشراءِ: آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔

اِرْتاضَ. المُهْرُ: بچھیرے کا سدھ جانا۔ کہا جاتا ہے ''ارْتاضت القوا فی الصعْبةُ للشاعرِ'' یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔

اِسْتَراضَ اِستراضةً: المکانُ: جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھلکنا۔ کشادہ ہونا۔ النفسُ: خوش ہونا المکانُ: بکثرت باغات والی ہونا۔

الرَّوْض. س۔ باغ۔ وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔

الرَّوْضة. باغ۔ ج رَوْض و رِیاض و رَوْضات و رِیضان۔ رَوْضات الجنّات: باغوں کے بہترین ٹکڑے۔

الرَّوْضَةُ: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے ''فی الحوضِ رَوْضةٌ من الماءِ'' حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپالیا ہے۔

الرِّیضة. الرَّوضة میں ایک لغت۔

الرِّیاضة. مص۔ جسمانی ورزش۔ بُری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاق نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

العلمُ الریاضی و علمُ الریاضیّات: علم حساب۔ الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّیِّض. وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ ''امرٌ رَیِّضٌ'' غیر محکم کام۔

الرَّیِّضَة باغ۔

المَراض. نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مرایض و مراضات۔

اَرْضٌ (مُسْتَرْوِضةٌ) عمدہ نباتات اگانے والی زمین۔ نباتٌ مُسْتَرْوِضٌ: نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

راط یَرُوْط و یریط رَوْطًا ورَیْطًا. بالمکان: پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔

راعَ یَرُوْع رَوْعًا ورُؤُوعًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ صفت (رائع ورَوِع) فی یدی کذا: فائدہ دینا۔ راعَهُ الامرُ: گھبرادینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

راعَ یَرُوْعُ و یریعُ رُواعًا. لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِیْعَ. فُلانٌ: گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَراعَهُ ورَوَّعَهُ. گھبرادینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ(س) رَوَعًا. اَرْوَع ہونا۔ (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

اَرْوَعَ اِرْوَاعًا. الراعی الغنمَ: چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتاعَ و تَرَوَّعَ. منهُ ولهُ: ڈرنا۔ اِرْتاعَ للخبرِ: خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْع. مص۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَة. ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوْع. دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے ''افرِغْ رُوْعَكَ'' اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

الرَّوَع. اَرْوَع کا اسم (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

الاَرْوَع. حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج رُوْع واَرْوَاع مؤنث رَوْعاء. قلبٌ اَرْوَعُ: جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلانٌ (رُوَاعُ) القلبِ ہوشیار۔ ذکی۔

الرائع. فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رائعون و رُوَّع مؤنث رائعة. ج روائع ورُوَّع. کلامٌ رائعٌ: خوشگوار کلام۔

رائعةُ. الشیبِ: بڑھاپے کی ابتداء میں رائعةُ النهارِ او الضحی: دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّع. خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

راغَ(ن) رَوْغًا ورَوَغانًا. الصیدُ: شکار کا ادھر ادھر جانا الرجلُ عن الطریقِ: مکر و فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا۔ الی کذا: چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔ علیه بالضربِ: مارنے کیلئے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ. اللقمةَ فی الدسمِ: لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں الٹ پلٹ کر تر کرنا۔

راوغه مُراوغةً. کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔

راوغه علی الامرِ: پھسلانا اورغلانا۔

راوغ القومُ: مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَراغهُ اِراغةً واِرْتاغهُ اِرتیاغًا. مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے ''مازلتُ اُرِیْغُ حاجةً لی'' میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے ''ارتاغ العقابُ الصیدَ'' عقاب شکار کا پیچھا کرتے ہوئے کبھی ادھر ادھر جاتا رہا۔ اَراغه علی امرٍ وعن امرٍ: پھسلا بہلا کر طلب کرنا اراغ الرجلَ: دھوکا دینا۔

تروّغ. الحمارُ: گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَراوَغا. ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی کرنا۔

الرائغ. فا. طریقٌ رائغٌ: کج راستہ۔

الرَّوّاغ والرُّوَیْغة. مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و "هُمْ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ"وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔
الرِّيَاغ سرسبزی۔
رَافَ يَرَافُ. رَأَفَ يَرْأَفُ میں ایک لغت ہے۔
الرَّوْف سکون، اطمینان۔
الرَّوْفَة رحمت۔
رَاقَ يَرُوقُ رَوْقًا. الشَّرَابُ صاف ہونا عَلَيْهِ فضیلت وخوبی میں بڑھ جانا۔
رَاقَهُ رَوْقًا وَرَوْقَانًا. الشَّيْءُ تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔
رَوِقَ يَرْوَقُ رَوَقًا اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (أَرْوَق) مؤنث رَوْقَاءج رُوْق.
رَوَّقَ. الشَّرَابُ: صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَهُ: سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ وَأَرْوَقَ إِرْوَاقًا) اللَّيْلُ: تاریکی پھیلانا۔
رُوِّقَ. الْبَيْتَ: سائبان بنایا جانا۔
رَاوَقَهُ مُرَاوَقَةً کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے: "هُوَ مُرَاوِقِي"اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔
أَرَاقَ إِرَاقَةً. الْمَاءَ: بہانا دَمَهُ: خون گرانا۔ کنایہ قتل کرنے سے۔
الرَّائِق. فائج۔ رَوَق و رُوْقَة.
الرَّوْق: س۔ سینگ مِنَ الْبَيْتِ: سائبان، برآمدہ مِنَ الشَّبَابِ جوانی کی رونق وابتداء مِنَ الْخَيْلِ: خوبصورت گھوڑا مِنَ اللَّيْلِ رات کا ایک حصہ۔ مِنَ الْمَاءِ وَ نَحْوِهِ: صاف۔ رَوْقُ الْفَرَسِ نیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "أَرْوَق" کہتے ہیں۔
الرَّوْق خالص محبت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ ذَاتُ رَوْقَيْنِ"یعنی بڑی مصیبت و "رَمَى بِأَرْوَاقِهِ عَلَى الدَّابَّةِ"یعنی وہ سوار ہوا و "أَلْقَى بِأَرْوَاقِهِ عَنِ الدَّابَّةِ"یعنی وہ دابہ سے اتر پڑا۔ و "أَلْقَى أَرْوَاقَهُ"یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوْقَهُ بِمَنْزِلٍ كَذَا"وہ فلاں منزل پر اترا اور اس نے خیمہ لگایا۔ و "أَلْقَى عَلَيْكَ أَرْوَاقَهُ وَ شَرَاشِرَهُ"اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو۔ و "أَلْقَتِ السَّحَابَةُ أَرْوَاقَهَا"بادل نے اپنا دھانہ کھول دیا۔
الرُّوَاق والرِّوَاق. برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج أَرْوِقَة و رِوَاقَات وَرُوُق. رِوَاقُ الْعَيْنِ: ابرو۔ رِوَاقُ اللَّيْلِ رات کا ابتدائی حصہ۔
الرَّاوُوق. چھنا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔
رَيِّقٌ. الشَّبَاب جوانی کی رونق وابتداء اور کہا جاتا ہے "كُنْتُ فِي رَيِّقِ زَمَانِي"میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ وَرَيِّقُ كُلِّ شَيْءٍ ہر چیز کا افضل حصہ۔
الرَّوَق اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)
الرَّوْقَة بہترین حسن وجمال۔
الرُّوْقَة رائق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَةٌ"خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر، مؤنث، واحد اور جمع کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوْقَةٌ جَارِيَةٌ رُوْقَةٌ و جَوَارٍ رُوْقَةٌ"
الأَرْوَق. سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔
الْمُرَوَّق. صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَيْتٌ مُرَوَّقٌ سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔
الرَّوْكَة والرَّوْكَاء بزالو کی آواز۔
رَوَّلَ. الْفَرَسُ گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الْخُبْزَ گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔
الرُّوَال گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِيل.
الْمِرْوَل بہت رال والا۔
رَأَمَ(ن) رَوْمًا وَمَرَامًا. الشَّيْءَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِم ج رُوَّم و رُوَّام.
رَوَّمَ. ٹھہرنا فُلَانًا وَبِهِ: خواہش دلانا رَأْيَهُ ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔
تَرَوَّمَ. بِهِ ٹھٹھا کرنا۔
الرَّام ایک درخت کا نام۔
الرَّامَة. جو ہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔
الرَّوْم والرُّوْم کان کی لو۔
الرُّوْم والأَرْوَام بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِي) نصرانیوں کا ایک گروہ۔ بَحْرُ الرُّوْمِ بحر متوسط جس کو بحر ابیض بھی کہتے ہیں۔
رُوْمَة و رُوْمِيَة قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے۔ نسبت کے لیے رُوْمَانِيّ.
الرُّوْمِي خالی کشتی کا بادبان۔
الرُّوْمَة. سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔
الرُّومَنْطِيقِيَّةُ أَوِ الرُّومَانْسِيَّةُ. ادبی نظریہ جس میں شعور اور خیال عقل پر غالب ہوتا ہے اور انفرادی تسلط ہوتا ہے۔
الْمَرَام مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات.
رَانَ يَرُوْنُ رَوْنًا. الأَمْرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّيْلَةُ سخت خوفناک ہونا۔
الرَّوْن. سختی۔ ج رُوُوْن.
رُوْنَة. الشَّيْءِ چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ اللّٰهُ عَنْكَ رُوْنَةَ هٰذَا الأَمْرِ"اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔
الأَرْوَنَان. سخت۔ دشوار (الأَرْوَنَان و الأَرْوَنَانِيّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی، گرمی، خوشی، غمی، شور وغیرہ کی) مؤنث أَرْوَنَانَة وأَرْوَنَانِيَّة.
مَرُوْنٌ. بِهِ مغلوب۔

الرَّوَنْد و الرِّوَنْد والرَّوَانْد: ایک پودا جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں طبی فائدہ میں معدہ کو طاقت اور اخراج مادہ ہے۔

رَاهَ (ن) رَوْهًا ورَوَاهًا. الماءُ: پانی کا سطح زمین پر لہر مارنا۔

رَوَی (ض) رِوَايَةً. الحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ. ج رُوَاةٌ و رَاوُوْنَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا. الرَّحْلَ: اونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا. القَوْمَ: قوم کے لیے پانی لانا۔

رَوِیَ (س) رِيًّا ورَيًّا ورِوًی. مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَيَّان) مؤنث رَيًّا. ج رِوَاء. الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّی تَرْوِيَةً. سفر میں پانی ساتھ لے جانا ٥ الشِّعرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا. النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا. رَوَّی فِي الأَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوَّی تَرَوِّيًا. سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا الحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا القَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَرَوَّتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوَی. اِرْتِوَاءً مِنَ المَاءِ. سیراب ہونا۔ الحَبْلُ. رسی کا بٹ جانا۔ مَفَاصِلُهُ. جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّیُّ. سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرِّوَی. سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوُّ. سرسبزی (اس کی اصل رَوْیٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّیَّا. عمدہ خوشبو۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ رَيَّتُكُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّيَةُ. رِوِی کا اسم نوع۔ پھیپھڑا۔ رِيَةُ البَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرَّوِيُّ. مِنَ الشُّرْبِ: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِيًّا" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ مَاءٌ رَوِيٌّ: اور اور سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "كَأْسٌ رَوِيَّةٌ" الرَّوِيُّ سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِيَّةُ. الرَّوِيُّ کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّيَّانُ. سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ۔ مؤنث رَيَّا. ج رِوَاء. وَجْهٌ رَيَّانُ: پر گوشت چہرہ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَيَّانُ مِنَ العِلْمِ وَهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاءُ. ج أَرْوِيَةٌ (المِرْوَى) ج مَرَاوٍ و مَرَاوِيُّ: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔

الرَّوَاءُ. خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الرُّوَاءُ. خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهُ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الرَّاوِيَةُ. حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے۔ ج رَوَايَا. جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الأُرْوِيَّةُ والإِرْوِيَّةُ. پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج أَرَاوِيُّ وأَرَاوٍ أَرْوَى.

يَوْمُ (التَّرْوِيَةِ) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لیے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَهُ يَرِيْبُهُ رَيْبًا. شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيْبُهُ أَحَدٌ بِشَيْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

أَرَابَهُ إِرَابَةً. شک میں ڈالنا۔ قابل شک ہونا۔ بے قرار کرنا الرَّجُلُ أَوِ الأَمْرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَرَابَهُ مِنْهُ أَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَيَّبَ تَرَيُّبًا. مِنْهُ: خوف کرنا۔ ڈرنا بِهِ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَابَ اِرْتِيَابًا. مِنَ الشَّيْءِ: شک کرنا بِفُلَانٍ: تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَةً. شک میں پڑنا بِهِ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّيْبُ. تہمت۔ شک۔ حاجت۔ رَيْبُ المَنُوْنِ گردش زمانہ۔

الرِّيْبَةُ. شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِيَبٌ.

أَمْرٌ (رَيَّابٌ) ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ يَرِيْثُ رَيْثًا و تَرَيَّثَ. تاخیر کرنا۔ دیر کرنا۔

رَيَّثَ. تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَيَّثَ عَمَّا كَانَ عَلَيْهِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی لِشَيْءٍ: نرم کرنا۔

أَرَاثَهُ إِرَاثَةً. دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَهُ اِسْتِرَاثَةً. دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّيْثُ. مقدار۔ مہلت۔ کہا جاتا ہے "وقف (رَيْثَمَا) صَلَّيْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و "مَا قَعَدْتُ عِنْدَهُ إِلَّا رَيْثَ أَعْقِدُ شِسْعِي" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ ریث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ يُرِيْدُ يَفْعَلُ بجائے يُرِيْدُ أَنْ يَفْعَلَ کے ہے۔

الرَّيِّثُ. سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَيَّثُ) العَيْنَيْنِ: کمزور نظر والا۔

رَاخَ يَرِيْخُ رَيْخًا و رَيَخَانًا ورُيُوْخًا. ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رَيَّخَهُ. کمزور کرنا۔

المَرِيْخُ. سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج أَمْرِخَةٌ.

الرَّيْدُ. پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُيُوْدٌ.

ریح (رِیْدَةٌ ورَادَةٌ ورِیْدانَةٌ)نرم ہوا۔

رِیْرَ. القَوْمُ :ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔

رَیَّرَ. القَوْمُ: موٹاپا غالب ہونا۔ رَیَّرَتِ البِلادُ :ارزانی و فراخ سالی والے ہونا۔ رَیْرَ القَوْمُ :ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔

الرِّیْر :رال جو بچّہ کے مُنہ سے نکلے۔ (الرِّیْر والرِّیْر والرَّار)ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔

الرَّائِرَة :زانو کی ہڈی کا مغز۔

رَاسَ یریْسُ رَیْسًا و رَیَسانًا :متکبرانہ چال چلنا الشَّیْءَ :کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا القَوْمُ :برتر ہونا؛ غالب ہونا۔

الرَّیِّس :سردار قوم۔

رَاشَ یریْشُ رَیْشًا :مال و متاع جمع کرنا ہ :کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ہ مَالًا :دینا مِنْ حاله :درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایَرِیْشُ ولا یَبْرِی"فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ و "لا تَرِشْ عَلَیَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔ (و اَرَاشَ ورَیَّشَ) السَّهْمَ :پر لگانا۔ رَیَّشَ السَّقَمُ فُلانًا :کمزور کرنا۔

اِرْتَاشَ. السَّهْمَ :تیر میں پر لگانا (و تَرَیَّشَ) خوش حال ہونا۔

اَلرِّیْشُ پرندوں کے پر۔ پرندوں کے لئے زینت اور حفاظت کا ذریعہ ہیں۔

ان کی (پروں کی) پانچ اقسام ہیں۔

(۱) اَلْقَوَادِمُ (۲) اَلْمَنَاكِبُ (۳) لْخَوَافِی (۴) اَلاَبَاهِرُ (۵) اَلْكُلَی۔

الرِّیْش :پرندے کے پر۔ واحد (رِیْشَة)ج رِیَاش وأَرْیَاش. الرِّیش :لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔

الرَّاش :پرندے کے پر۔ج اَرْیَاش. جَمَلٌ رَاش :کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ :مالدار مرد۔ رُمْحٌ رَاشٌ :کمزور نیزہ۔ طَیْرٌ رَاشٌ :پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث رَاشَةٌ کلا (رَیْشٌ و رَیِّشٌ)بہت پتیوں والی گھاس۔

الرِّیش :کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔

الرِّیَاش. مِنَ النُّوْقِ :کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔

الرِّیَاش. ع ہ لباس و سامان۔ سرسبزی۔ معاش۔ مال۔

الرَّیَّاش :تیروں پر پر لگانے والا۔

الرَّایِش. فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔

الاَرْیَش :کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَیْشَاء. رَیْش ورَجُلٌ اَرْیَش :مال و لباس والا مرد۔

المَرِیش والمُرَیَّش. مِنَ السِّهَامِ :پر لگایا ہوا تیر۔ والْبُرْدُ الْمُرَیَّش :پروں کے نقش والی چادر۔ المُرَیَّش :بہت بالوں والا؛ کم گوشت والا۔ کمزور پیٹھ والا۔

المُرَیَّش من الرجال :سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔

الرَّیْطَة :ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَیْط و رِیَاط.

الرَّائِطَة :ایک پاٹ کی چادر۔

رَاعَ یَرِیْعُ رَیْعًا و رُیُوْعًا و رِیَاعًا و رَیَعَانًا. الشَّیْءُ :نشوونما پانا۔ زائد ہونا الزَّرْعُ :کھیتی کا بڑھنا (رَیْعًا). السَّرابُ :سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا مِنْهُ :ڈرنا عَنْهُ و اِلَیْهِ :واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "هَرَبَتِ الاِبلُ فَصَاحَ بِهَا الرَّاعِیْ فَرَاعَتْ اِلَیْه" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے۔ و "فُلانٌ لا یَرِیْعُ لِكَلامِكَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔

رَیَّعَ. القَوْمُ :جمع ہونا الطَّعَامُ :بڑھنا اور زیادہ ہونا الطَّعَامَ :بڑھانا اور زیادہ کرنا۔

اَرَاعَ اِرَاعَةً. الزَّرْعُ :کھیتی کا بڑھنا اللّٰه الزَّرْعَ :کھیتی کو بڑھانا القَوْمُ :بڑھی ہوئی کھیتی والے ہونا الاِبلُ :اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔

تَرَیَّعَ. ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا المَاءُ :بہنا السَّرابُ :سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا القَوْمُ :اکٹھا ہونا۔ یداہ بالجُوْد :فیاضی کرنا۔

اِسْتَرَاعَ اِسْتِرَاعَةً :حیران ہونا یداه بالجُوْد :فیاضی کرنا۔

الرِّیْعُ۔ س۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوفٌ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ :ہر چیز کا اول و افضل۔ مِنَ الضُّحٰی :چاشت کے وقت کی روشنی و چمک۔ مِن الدِّرْعِ :دامن و آستین کی زیادتی۔

الرَّیْعُ :ہر چیز کی زیادتی اور کہا جاتا ہے (لَیْسَ لَهُ رَیْعٌ)اس کے لیے پیداوار نہیں۔

الرِّیْعُ :بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیَاع ورُیُوْع وأَرْیَاع.

الرِّیْعَة :بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔

الرَّیْعَان. مِن كُلِّ شَیْءٍ :ہر چیز کا اول و افضل اَرْضٌ (مَرِیْعَة)سرسبزی والی زمین۔

مطرٌ (مُرِیْعٌ)سرسبزی لانے والی بارش۔

نَاقَةٌ (رَیْعَانَةٌ و مِرْیَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ والی اونٹنی۔

رَاغَ یریْغُ رَیْغًا :بھاگنا۔

رَیَّغَ تَرْیِیْغًا. الثَّرِیْدَةَ :گھی میں تر ہونا۔

تَرَیَّغَتِ. الثَّرِیْدَةُ :گھی میں تر کرنا۔

الرِّیْغ :گرد و غبار۔ مٹی۔

المُرَیَّغ :خاک آلود۔

رَافَ یَرِیْفُ رَیْفًا واَرْیَفَ اِرْیَافًا و تَرَیَّفَ :سبزہ زار زمین آنا۔ رَافَتِ الماشیةُ :سبزہ چرنا۔

رَایَفَ مُرَایَفَةً لِلظِّنَّةِ :تہمت کے قریب ہونا۔

اَرَافَ اِرَافَةً واَرْیَفَ اِرْیَافًا. المَكَانُ :سبزہ زار ہونا۔

الرَّاف :شراب۔

الرِّیْف :سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین۔ ج اَرْیَاف ورُیُوف. الرِّیْف :کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّف)سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفَة

رَاقَ يَرِيقُ رَيْقًا. اَلْمَاءُ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ: سطحِ زمین پر پانی کا بہنا۔ الشَّیُٔ: چمکنا۔
السُّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
(رَيْقًا ورُيُوْقًا) بِنَفْسِهٖ: جان دینا۔
رَيَّقَهٗ. الشَّرَابَ: نہار منہ پلانا۔
اَرَاقَ اِرَاقَةً. الْمَاءَ: گرانا۔
تَرَيَّقَ. السُّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
الرَّيْقُ. س۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رَيْقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی (والرَّيِّقُ والرَّيُّوْقُ) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول و افضل۔
الرِّيْقُ. ج اَرْيَاقٌ ورِيَاقٌ و (الرِّيْقَةُ) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّي عَلَى الرِّيْقِ" میں نہار منہ ہوں و "شَرِبْتُ عَلَى الرِّيْقِ وَ عَلٰى رِيْقِ النَّفْسِ اَوْ رِيْقَةِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا۔ الرِّيْقُ: قوت۔ بقیہ جان۔
الرَّائِقُ. فا۔ خالص۔ نہار منہ والا مفلس۔
خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔
الْمَاءُ الرَّائِقُ: وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔
الرَّيِّقُ. نہار منہ والا۔
رَالَ يَرِيْلُ رَيْلًا. الصَّبِيُّ: بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔
الرِّيَالُ. رال. منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)
رَامَ يَرِيْمُ رَيْمًا. حَمْلُ الْبَعِيْرِ: بوجھ کا جھک پڑنا الْمَكَانَ و مِنْهُ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا عَنْهُ: ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَامَ بِفِعْلِ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَايَرِيْمُ مُتَيَّمًا" بمعنی لَا يَزَالُ مُتَيَّمًا. (رَيْمًا ورَيَمَانًا)
الْجُرْحُ: زخم کا انگور باندھنا۔
رِيْمَ. بِهٖ: چھوڑ دیا جانا۔
رَيَّمَ تَرْيِيْمًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
عَلٰى كَذَا: بڑھنا السَّحَابَةُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَّيْمُ. س۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو "فِي هٰذَا الْعِدْلِ رَيْمٌ عَلَى الْآخَرِ" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ (والرِّيْمُ) خالص سفید اونٹنی۔
رَانَ يَرِيْنُ رَيْنًا ورُيُوْنًا. الشَّيْءُ فُلَانًا و عَلَيْهِ وبِهٖ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ هَوَاهُ عَلٰى قَلْبِهٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُهٗ: جی متلانا۔ رَانَ الْمَوْتُ عَلَيْهِ وبِهٖ: موت کا آجانا۔
رِيْنَ. بِهٖ: لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
اَرَانَ اِرَانَةً. الْقَوْمُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِيْنُوْنَ)
الرَّانُ. موزہ کی طرح جوتا۔
الرَّيْنُ. میل کچیل۔
الرَّيْنَةُ. شراب۔ ج رَيْنَاتٌ.
رَجُلٌ (مَرِيْنٌ) عَلَيْهِ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہوگئے ہوں۔
رَاهَ يَرِيْهُ رَيْهًا. الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔
رَيَّهَ تَرْيِيْهًا. آمد و رفت کرانا۔
تَرَيَّهَ. السُّرَابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔
اَرْيَى اِرْيَاءً. الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔
رَيَّى. الرَّايَةَ: جھنڈا بنانا۔
الرَّايَةُ. علامت جو پہچان کے لیے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الْحَرْبِ" ہے اور یہ لوا سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَايَاتٌ ورَايٌ.
الرَّيُّ. مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے (الرازی)

الرِّيُّ. خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِيٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔

ز

ز الزای: بنیادی حروف میں سے گیارواں حرف ہے اور حروف اسلیہ (زبان کی نوک سے نکلنے والے) میں سے ہے۔ حساب جمل میں اس کا نمبر (۷) ہے۔

زَأَبَ (ف) زَأْبًا. ڈگڈگا کے پینا الدَّهْرُ بِه: زمانہ کا لٹنا الْمَاشِيَةَ: مویشی ہانکنا۔ بِحَمْلِهِ: بوجھ کھینچنا (وازْدَأَبَ اِزْدِئَاباً الْقِرْبَةَ) مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا۔

زَأْبَرَ الثَّوْبُ: کپڑے کا رواں والا ہونا۔ الثَّوْبَ: کپڑے سے رواں نکالنا۔

الزِئْبِرُ والزُؤْبُرُ والزِوْبَرُ. کپڑے کا رواں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الْاَيَّامُ بِنَضَارَتِهِ و نَفَضَتْ زِئْبِرَهُ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا۔ یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا۔

زَأْبَقَ الشَّیْءَ: پارہ کی قلعی کرنا۔

الزِئْبَقُ والزِئْبِقُ. پارہ۔

زَأَجَ (ف) زَأْجًا. بَيْنَهُمْ: بھڑکانا۔ اکسانا۔ ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔

زَأَدَهُ (ف) زَأْدًا وزَأَدًا وزُؤْدًا و زُؤُدًا گھبرا دینا۔

الزُؤْد والزُؤُد. گھبراہٹ۔

لَيْلَةٌ (مَزْؤُودَةٌ) خوف و گھبراہٹ کی رات۔

زَأَرَ (ف ض) وزَئِرَ (س) زَئِيرًا وزَأْرًا وتَزْآرًا وازْأَرَ ازْآرًا وَتَزَأَّرَ. الْاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔ صفت (زَئِر وزَائِر و مُزْئِر) الْفَحْلُ: آواز کو گڑگڑانا۔

الزَأْرَةُ. زَأَرَ کا اسم مرۃ۔ جنگل؛ جھاڑی۔ باغ۔ مِنَ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ: اونٹوں اور بکریوں کا گنجان ریوڑ۔

زَأْزَأَ. سر اور دم اُٹھا کر تیز چلنا ٥: خوف دلانا الشَّیْءَ: ہلانا؛ حرکت دینا۔

تَزَأْزَأَ. ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا مِنْهُ: ڈر کر خاکساری کرنا الشَّیْءُ: ہلنا۔

زَأَطَ (ف) زَأْطًا. بہت شور مچانا۔

زَأَفَهُ (ف) زَأْفًا. جلدی کرانا۔

اَزْأَفَ اِزْآفًا. عَلَيْهِ: ادھ مری کو مار ڈالنا۔

اَزْأَفَهُ بَطْنُهُ: بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے۔

الزُؤَاف. جلدی کرانا۔ مَوْتٌ زُؤَافٌ: جلدی کی موت۔

زَأَكَ (ف) زَأْكَانًا. ناز سے چلنا۔

تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا. مِنْهُ: شرم کرنا۔

زَأَمَ (ف) زَأْمًا وزُؤَامًا. جلدی مرنا۔ خوب ڈٹ کے کھانا ٥: گھبرا دینا۔

٥ الْبَرْدُ: کپکپا دینا لِيْ كَلِمَةً: ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو اور کہا جاتا ہے "مَازَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا۔

زُئِمَ زَأْمًا. وزَئِمَ (س) زَأَمًا و اِزْوَأَمَ. بہت گھبرانا۔ زَئِمَ بِفُلَانٍ: چلانا۔ آواز دینا۔

زَأَّمَهُ تَزْئِيمًا. گھبراہٹ میں ڈالنا۔

اَزْأَمَهُ. عَلَى الْاَمْرِ: کسی کام پر مجبور کرنا۔ الْجُرْحَ: زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا۔

الْمَوْتَ (الزُؤَام) مکروہ موت۔ جلدی کی موت۔

الزِئْمُ. آنکھ۔ حسب۔ کہا جاتا ہے "طَعَنُوْا فِي زِئْمِه" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی۔

الزَئِمُ. بہت خوفزدہ۔

الزَأْمَة. حاجت۔ بہت کھانا پینا۔ ہوا۔ سخت آواز۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْصِيْه زَأْمَةً" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔

الزَأْمَةُ مِنَ الطَّعَامِ کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو۔

الزُوَان. ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اُگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد (زُؤَانَة)

زَأَى (ف) زَأْيًا. تکبر کرنا۔

اَزْأَى. فُلَانًا بَطْنُه: پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔

زَبَّ (ض) زَبًّا. چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

زَبَّ (ن) زَبًّا. الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا الْحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔

زَبَّبَتِ. الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا الْعِنَبَ: انگور خشک کرنا۔

الرَّجُلُ: زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فُلَانٌ حَتَّى زَبَّبَ فَمُه" فلاں

نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے مُنہ سے جھاگ آنے لگا۔
اَزَبَّ اِزْبابًا. العِنَبُ: انگور خشک کرنا الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔
تَزَبَّبَ. العِنَبُ: انگور خشک ہونا۔ الرَّجُلُ: غصّہ سے بھر جانا فِی الکلامِ: زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا۔
اِزْدَبَّتْ. اِزْدِبابًا القِرْبَةُ: مشک کا بھر جانا۔
الزَّبَبُ. مص۔ بالوں کی زیادتی ولمبائی۔
الزَّبابَةُ. ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبابَةٍ"
الزَّبِیبُ. خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبّاب" کہتے ہیں۔ سانپ کے مُنہ کا زہر۔
الزَّبِیبَةُ. زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ مُنہ کے جھاگ۔
الزَّبِیبتان سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے۔ اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِیبَتَیْنِ" کہتے ہیں۔
الاَزَبُّ. چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاء. عامٌ اَزَبُّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "کُلُّ اَزَبَّ نَفُورٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔
دَاهِیَةٌ زَبَّاءُ: بڑی مصیبت۔
الزَّبِیبِیُّ. کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔
المُزِبُّ والمُزَبِّبُ. فا. بہت مال والا۔
الزَّبَنْتَل. پستہ قد۔
زَبَدَ(ن) زَبْدًا. مکھن کھلانا السِّقاءَ: مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلوانا۔
زَبَدَ(ض) زَبْدًا. السَّوِیقَ: ستو میں مکھن ملانا لَهُ: مکھن دینا۔
زَبَّدَ. اللَّبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا شِدْقُهُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا القُطْنَ: روئی دھننا۔
اَزْبَدَ. اَلْبَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا مُنہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَى الرَّجُلُ واَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی۔ الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا السِّدْرُ ونحوُهُ: شگوفہ نکلنا۔
تَزَبَّدَ. الشِّدْقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا۔ الزُّبْدَةَ: مکھن لینا الشَّیْءَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نگلنا الیَمِینَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔
الزُّبْدَةُ والزُّبْدُ. مکھن۔ ج زُبَدٌ و زُبْدَةُ الشَّیْءِ: چیز کا عمدہ وافضل حصہ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِخَاثِرِهِ ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔
الزَّبْدُ. داد و دہش۔
الزَّبَدُ. ج اَزْبَاد و (الزَّبَدَة) ج زَبَدٌ: جھاگ۔ میل۔ اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَدِ" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔
الزَّبَاد. ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَاد وسِنَّوْرُ الزَّبَادِ اور قِطُّ الزباد کہا جاتا ہے۔
الزُّبَّاد. ایک قسم کی نباتات۔ زُبَّادُ اللَّبَنِ: غیر مفید چیز اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّادِ" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔
الزِّبْدِیَة. مٹی کا پیالہ۔ ج زَبادِیُّ.
المِزْبَد. مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزَابِد.
المُزْبِد. فا. جھاگ پھینکنے والا۔ بحر مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔
المُزْدَبِد. مکھن والا۔
زَبَرَهُ(ن ض) زَبْرًا. عَنِ الاَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا السَّائِلَ: جھڑکنا الرَّجُلَ: پتھر مارنا البِنَاءَ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا) عَلَیْهِ: صبر کرنا (وزَبَّرَ و اِزْدَبَرَ) الکِتابَ: لکھنا۔
زَبُرَ(ک) زَبَارَةً. بڑے جسم کا ہونا۔ صفت (زَبِیر)
اَزْبَرَ. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔ الکَبْشَ: موٹا کرنا۔
اِزْبَأَرَّ اِزْبِئْرارًا. الکَلْبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا الشَّعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ: آمادۂ شرارت ہونا النَّبَاتُ و الوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اُگنا۔
الزَّبْرُ. مص۔ عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔
الزِّبْرُ. کتاب۔ ج زُبُور عقل۔ کہا جاتا ہے "مالَهُ زِبْرٌ" اس کو عقل نہیں۔
اخذه (بزبره او بزأبره) یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔
الزَّبِرُ. بہت قوی۔
الزُّبْرَة. لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) ناف۔ ج زُبَر و زُبُر۔
الزَّبُور. فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُرٌ. حضرت داؤد کی کتاب۔
الزِّبِّیرُ. لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کیچڑ۔
الاَزْبَرُ. بڑے کندھوں والا۔ ایذا رساں۔ مؤنث زَبْراء. ج زُبْر.
التَّزْبِرَة. زَبَّرَ کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔
المِزْبَر. قلم۔
المُزْبِر. بڑے کندھے والا۔
اَرْض (مَزْبَرَة) بہت بھڑوں والی زمین۔
اَسَدٌ (مُزْبَرانی) بہت ایال والا شیر۔
بئر (مَزْبُورة) پتھروں سے مَن بنایا ہوا کنواں۔
زَبْرَجَ. الشَّیْءَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔
الزِّبْرِج. نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبارِج.

الزبرجد. زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زبارج.
زبط (ض) زبطا و زبیطا. البطّ: کڑ کڑانا۔
الزباطة والزبّاطة. بط
تزبّع. بدخلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔
الزبنیع. غصہ ور جھگڑالو۔
الزوبع. حقیر۔ پستہ قد۔
الزوبعة. بگولہ۔ اس کو اُمّ زوبعة اور ابو زوبعة بھی کہا جاتا ہے۔ ج زوابع.
الزوابع: مصیبتیں۔
الزنباعة. چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔
زبعر. الزبعری: بدخلق۔ سخت۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگرمچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اُٹھا لیتا ہے۔
الزبعری. لمبے پروالا تیر۔
زبق (ض) زبقا. شعره: بال اُکھیڑنا ٥ فی السجن: قید کرنا۔ تنگی ڈالنا ٥ فی الشیء: داخل کرنا۔ الشیء بالشیء: مخلوط کرنا۔ ملانا القفل: تالا کھولنا المرأة بولدها: پھینک دینا۔
انزبق. فی البیت: گھر میں داخل ہونا۔
فی الحبالة: جال میں پھنسنا۔ چھپنا۔
الزابوقة. من البیت: مکان کا گوشہ۔
الازبق. بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔
المزبوقة والزبیقة. من اللحی: نوچی ہوئی داڑھی۔
زبل (ض) زبلا و زبّل. الارض: زمین میں کھاد ڈالنا (وازدبل) الشیء: اُٹھانا۔
الزابل والزابل. پستہ قد۔
الزبال والزبال. وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اُٹھا کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "ما اصاب منه زبالا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

الزبل والزبلة والزبیل. گوبر۔ کھاد۔
الزبیل والزبّیل. خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔
الزبلة. لقمہ۔
الزبالة. تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "ما فی البئر زبالة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے۔
الزبیل. ج زبل و زبلان و (الزبّیل) ج زبابیل و (الزنبیل) والزنبیل ج زنابیل. ٹوکرا۔ برتن۔ توشہ دان۔
المزبلة والمزبلة. کوڑا خانہ۔ ج مزابل.
زبنه (ض) زبنا. دفع کرنا۔ ٹکر لگانا۔ علیحدہ کرنا۔ زبنت الناقة: اونٹنی کا دوھنے کے وقت زانو سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "زبن عنا معروفه" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا۔ زبن الثمر: درخت پر پھل بیچنا۔
ازبن. بیته عن الطریق: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا۔
زابنه مزابنة. ایک دوسرے کو ہٹانا۔ ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ درخت پر پھل بیچنا۔
تزابن. القوم: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
انزبن. القوم: علیحدہ ہونا۔ کنارہ پر ہونا۔
تزبنه. زبردستی غلبہ کرنا۔
استزبنه. غالب ہونا۔
الزبن. س. بیت زبن: گھروں سے علیحدہ گھر۔ مقام زبن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں۔
الزبن. گوشہ۔
الزبن والزبن. بہت دفع کرنے والا۔
زبنتا. الناقة: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں۔
الزبین. پیشاب، پائخانہ کو روکنے والا۔
الزبنیة. سخت۔ جن و انسان میں سے سرکش۔ سپاہی ج زبانیة.
الزبانیة. عند العرب: سپاہی۔ ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔
الزبون. من النوق: دوھنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی۔ حرب زبون: سخت لڑائی۔ الزبون: بیوقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)

الزبونة والزبّونة. گردن اور کہا جاتا ہے "فیه زبونة" اس میں تکبر ہے۔
زبانی. العقرب: بچھو کا ڈنک۔
زبانیا. العقرب: بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں۔
المزابنة. س. اندازہ سے بیع کرنا۔
زبی (ض) زبیا وازدبی ٥: اُٹھانا، ہانکنا۔
زباه بشر: تہمت لگانا۔
ازباه ازباء. اُٹھانا۔
زبّی. فلانا: ہانکنا اللحم: شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا۔
زبّی و تزبّی. الزبیة: شکار کا گڑھا کھودنا۔
تزبّی فی الزبیة: شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا۔
تزابی تزابیا. تکبر کرنا۔
الزبیة. درندوں کے شکار کا گڑھا۔ پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے۔ ج زبی. کہا جاتا ہے "السیل الزبی" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا۔
الازبی. جلدی۔ نشاط۔ ایک قسم کی چال۔ برائی۔ بڑا معاملہ۔ ج ازابی.
زجّ (ن) زجّا. دوڑنا ٥: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔ زجه بالرمح: کسی کو نیزہ مارنا بالشیء: کوئی چیز پھینکنا۔
زجّ (ض) زججا وازوجّ. حاجبه: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت (ازجّ) مؤنث زجاء ج زجّ (ایسی بھوں کو بھی ازجّ کہتے ہیں۔)
زجّج. الحاجب: ابرو کو لمبی اور باریک بنانا الموضع: درست و ہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نقر خشبة ثم زجج موضع النقر" اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔
ازجّ. الرمح: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔
الزجّ. نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں

اوپر کالوہا سنان ہے) مثل ہے "جعل الزجّ قُدّامَ السِنان" یعنی اس نے ادنی کو اعلی پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجَاج وازِجَّة و زَجَجة اور کبھی الزِجَاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَجَاج والزُجَاج والزِجاج۔ شیشہ (زَجَاجَة زِجَاجَة زُجَاجَة) شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشِيْشَةُ الزُجَاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُجَاجِيّ۔ شیشہ بیچنے والا۔

الزَجَّاج۔ شیشہ بنانے والا۔

الزِجَاجَة۔ شیشہ گری کا پیشہ۔

الزُجُج۔ پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے۔ سدھائے ہوئے گدھے۔

الاَزَجّ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شترمرغ۔ مؤنث زَجَّاء ج زُجّ۔

المِزَجّ۔ چھوٹا نیزہ۔ رُمْحٌ (مُزَجّ) نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجَّة۔ وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُجْبَة۔ کلمہ ت۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ مِنْهُ زُجْبَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَرَهٗ (ن) زَجْرًا۔ عَنْ کذا: روکنا۔ منع کرنا۔ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا الرِیْحُ السَحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اُٹھا کر لانا الکلبَ وبالکلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا الطَیْرَ: شگون لینے کیلئے پرندہ کو اُڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَر الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت اَنْ یَکُوْنَ کَذَا وکَذَا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

اِزْدَجَرَه۔ منع کرنا، روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (وانْزَجَرَ) رک جانا۔

تَزَاجَرَ۔ القَوْمُ عَنِ الشَرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَجْر۔ س۔ (والزَجَر) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجور۔

الزَاجِر۔ فا زَاجِرُ الاِنْسان: ضمیر۔ اَبُو زَاجِر: کوا۔

الزَجَّار۔ بہت ڈانٹنے والا۔

نَاقَةٌ (زَجُوْر) اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزْجَر۔ ڈانٹنے کی جگہ (والمَزْجَرَة) ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذکرُ اللّٰه مَزْجَرَةٌ للشیْطَان" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ (ن) زَجْلًا۔ ہ وبہ: تیر مارنا۔ دفع کرنا ہ بالرُمْح: نیزہ مارنا الحُمَامَ: کبوتر کو دور جانے کے لیے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حُمَامُ الزَاجِل یا حُمَامُ الزَجَّال کہتے ہیں۔

زَجِلَ (س) زَجَلًا۔ خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزَاجِل) القَوْمُ: کھیل کود کرنا۔

الزَجَل۔ شعر کی ایک قسم۔ سَحَابٌ ذُوْزَجَلٍ۔ گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنِّ: جنّوں کی گنگناہٹ۔

الزَجْلَة۔ لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات۔

الزُجْلَة۔ لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل۔

مَسَافَةٌ (زَجُوْن) دور کی مسافت۔

الزَاجِل والزَاجَل۔ حلقہ کی مانند لکڑی جو رسّی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے نچلے حصّہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَوَاجِل۔

الزَجَّالَة۔ چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزْجَل والمِزْجَال۔ چھوٹا نیزہ۔

المَزْجَل۔ کبوتروں کی روانگی کی جگہ۔ نَاقَةٌ (زَجْلَاء) تیز رفتار اونٹنی۔

زَجَم (ن) زَجْمًا۔ آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سَکَتَ فما زجم بَحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزُجَم: ایک قسم کا پرندہ۔

الزَجْمَة والزُجْمَة۔ آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اسْمع لَهُ زَجْمَةً" میں نے اس سے ایک بات بھی نہیں سنی۔ وَهُوَ لایُخالِفُهُ بِزَجْمَةٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَجْمَة: رطوبتیں جو بچّہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قَوْس (زَجُوْم) کمزور آواز والی کمان۔

الزَجْنَة۔ نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ زَجْنَةً" مین نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزَجّی تزْجِیَةً وازْجی اِزْجَاءً واِزْدَجی۔ ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "کَیْفَ تُزَجّی اَیَّامَكَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ و "زَجّی فُلانٌ حَاجتی" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کر دیا۔ اَزْجی الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ اَزْجی الدِرْهَم: دراہم کا رائج کرنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزجاء۔ الاَمْرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا الخراجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا فُلَانٌ: ہنسی منقطع ہونا۔

تَزَجّی تزجیًا۔ بالشَیْءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزْجی۔ تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث مُزْجَاةً۔

الاَزْجی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَزْجی مِنْ فُلانٍ بِهذا الاَمرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔

المُزجیّ۔ کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہے۔

زَحَّهٗ (ن) زَحًّا۔ دفع کرنا؛ ہٹانا یا جلدی سے کھینچنا عَنْ مَکَانِهٖ: علیحدہ کرنا۔

زَحَبَ (ف) زَحْبًا و زُحُوْبًا. اِلَيْهِ نزدیک ہونا۔

زَحَرَ (ف ض) زَحِيْرًا وزُحارًا وزَحارَةً. پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا زَحَرتْ بِهٖ اُمُّهٗ: جننا۔

زَحَرَه بالرُّمحِ: سر پر نیزہ مارنا۔

زُحِرَ. مبتلائے پیچش ہونا۔

زَحُرَ. پیچش میں مبتلا ہونا۔

زَاحَرَهٗ. دشمنی کرنا۔

تَزَحَّرَ. پیچش میں مبتلا ہو عَنْهُ اُمُّه: جننا۔

الزُّحار والزَّحِير. پیچش۔

الزُّحَر والزَّحَّار والزَّحْرَان. بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔

زَحْزَحَهٗ. عَنْ مَكانِهٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔

تَزَحْزَحَ. دور ہونا۔ ہٹنا۔

الزَّحْزَحُ. دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِزَحْزَحٍ مِنْهُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔

الزَّحْزَاحُ. دور۔

زَحَفَ (ف) زَحْفًا و زَحَفانًا و زُحُوْفًا. آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا اِلَيْهِ: چلنا کہا جاتا ہے "زَحَفَ العَسْكَرُ اِلَى الْعَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا الشَيْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔

البَعِيْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔

زَاحِفٌ وزَاحِفَةٌ تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت مؤنث زَاحِفَةٌ ج زَوَاحِف و (زُحُوْف)

ج زُحُف السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف) ج زَوَاحِف.

اَزْحَفَ. اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچنا طُوْلُ السَّفَرِ: تھکا دینا البَعِيْرُ: اونٹ کا تھکنا الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا اَزْحَفَ بَنُوْ فُلانٍ: بڑا لشکر بننا۔

زَاحَفْنَاهُمْ. ایک دوسری کی طرف گھسٹنا۔

تَزَحَّفَ وازْدَحَفَ. اِلَيْهِ: چلنا۔

تَزَاحَفَ. القَوْمُ فِي الْحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔

الزَّحْفُ. مص۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ ج زُحُوف

الزُّحَفَةُ. قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دور نہ جائے۔

الزِّحاف. فِي العَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔

الزَّحَّافُ. گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَةٌ

الزَّحَّافات مِنَ الحَيْوانِ: رینگنے والے جانور۔

المَزْحَفُ. گھسٹنے کی جگہ ج مَزَاحِف.

مَزَاحِفُ الحَيَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ مَزَاحِفُ السَّحَابِ: قطرہ گرنے کی جگہ۔

بَعِيْرٌ (مِزْحَاف) اونٹ جس کو تھک جانے کی عادت ہو۔ ج مَزَاحِف و مَزَاحِيف.

زَحَكَ (ف) زَحْكًا. بالمكانِ: اقامت کرنا عَنْهُ: قریب ہونا عَنْهُ: بعید ہونا البَعِيْرُ: اونٹ کا تھکنا۔

اَزْحَكَ. تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔

زَاحَكَهٗ. عَنْ نَفْسِهٖ: دور کرنا۔

تَزَاحَكَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)

زَحَلَ (ف) زُحُوْلًا. عَنْ مَكانِهٖ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِل وزَحِل)

زَحَلَ (ف) زَحْلًا. تھکنا۔

اَزْحَلَهٗ. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔

اَزْحَلَهٗ وزَحَّلَهٗ. دور کرنا۔

تَزَحَّلَ. عَنْ مَكانِهٖ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔

زُحَلُ. ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بعد کے لیے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں ورَجُلٌ زُحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا برا۔

الزُّحَلَةُ. کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔

مسافةٌ (زَحُوْلٌ) دور کی مسافت۔

الزَّحْلِيْلُ. تیز۔ علیحدہ رہنے والا (والزُّحْلُوْلُ) تنگ پھسلنے کی جگہ۔

الزُّحْلُوْلُ: ہلکے پھلکے جسم والا۔

المَزْحَلُ. وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَلَ کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "اِذا لَمْ يَكُنْ عَنْ شَفْرَةِ السَّيْفِ مَزْحَلٌ" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔

زَحْلَفَ. الشيءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا الإناءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِي الكَلامِ: جلدی جلدی بولنا۔

تَزَحْلَفَ. لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔

تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔

الزُّحْلُوفَةُ. چکنی ڈھلواں جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحالف و زَحاليف.

الزُّحالِف. چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔

زَحْلَقَ و زَحْلَكَ و تَزَحْلَقَ و تَزَحْلَكَ والزُّحْلُوْقَةُ والزُّحْلُوْكَةُ بمعنی زَحْلَفَ و تَزَحْلَفَ والزُّحْلُوْفَةُ.

الزُّحْلُوْقَةُ. لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں جانب بیٹھ کر جھولیں۔

زَحَمَهٗ (ف) زَحْمًا و زِحامًا. تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

زَاحَمَهٗ. تنگی کرنا۔ زاحم الخمسين: قریب ہونا۔

اِزْدَحَمَ وتَزَاحَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔ الأمْواجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔

الزَّحْمُ. مص۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔

الزَّحْمَةُ. بھیڑ۔ تنگی۔

الزِّحامُ. مص۔ يَوْمُ الزِّحامِ: قیامت کا دن۔

المِزْحَمُ. بہت بھیڑ کرنے والا (ا)۔ (مِزَاحِم) ہاتھی۔

زَخْمَر. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

زَحَنَ (ف) زَحْنًا. دیر کرنا ٥ عَنِ المَكَانِ: دور کرنا۔

تزحّن. دیر کرنا۔ سمٹنا عَنْ مَكانِهِ: ہلنا عَلَى الشئِ و عَنْهُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔

رجلٌ زُحَنٌ. پستہ قد مرد۔ مؤنث زُحَنَةٌ.

الزَحْنَة. سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زُحْنَةٌ" ان لوگوں کے لیے دیر کا کام ہے۔ "ولَهُ زُحْنَةٌ بَعْدُ" جب کہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔

الزُحْنَة. وادی کا موڑ۔

زَخَّ (ن) زَخًّا غضبناک ہونا بالإبلِ: اُونٹوں کو تیز چلانا ٥: گڑھے میں دھکیلنا المرْأةَ: جماع کرنا۔

زَخَّ (ن) زَخًّا وزَخِيخًا. الجمرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔

الزَخُّ. س۔ کینہ۔ غُصّہ۔ غضب۔

الزَخَّة. کینہ۔ غُصّہ۔ غضب (والمَزَخَّة والمِزَخَّة) بیوی۔

زَخْزَخَ. المرْأةَ: جماع کرنا۔

زَخَرَ (ف) زَخْرًا و زُخُورًا و تَزْخَارًا. البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا الوَادِي: لمبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا النَبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کیلئے پرجوش ہونا الحَرْبُ او القِدْرُ: جوش مارنا ٥: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا بِمَا عِنْدَهُ: فخر کرنا۔

زَاخَرَهُ. فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَهُ فَزَخَرَهُ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَزَخَّرَ. البَحْرُ او الوَادِي: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔

تَزَخَّرَ. بِمَا عندہ: فخر کرنا۔

الزَاخِر. فا۔ کریم۔ شاداں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا مِنَ الشَرَفِ بلند عزت۔

زَوَاخِرُ. الوَادِي: وادی کی گھاس۔

الزَخّار. زَخَرَ کا اسم مبالغہ۔

نَبَاتٌ (زَخُورٌ وزُخارِيٌّ و زُخُورِيٌّ) لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِيُّ النباتِ: پودہ کی تروتازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخَارِيَّهَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔

کَلَامٌ زَخْوَرِيٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔

الزَخْرِيُّ. لمبا۔

زَخْرَفَهُ. خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا الكَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔

تَزَخْرَفَ. الرَجُلُ: مزین ہونا۔

الزُخْرُف. سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔

زَهَدَ و زَهِدَ (س ف) وزَهُدَ (ک) زُهْدًا و زَهَادَةً. فِی الشَّیْءِ و عَنْهُ: بے رغبتی کر کے چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "زَهَدَ فِی الدُّنْیَا" اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لیے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاهِد) وصفت مفعولی (مَزْهُوْد) فِیْهِ و عَنْهُ.
زَهَدَ زَهْدًا. النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
زَهَّدَهُ. فِی الشَّیْءِ و عَنْهُ: بے رغبت کرانا۔ (زَهَّدَ وازْهَدَ) النَّخلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
تَزَهَّدَ. عبادت کے لیے دنیا کو چھوڑ دینا۔
تَزَاهَدَ. القَوْمُ فُلانًا: حقارت کرنا۔
اِزْدَهَدَ. الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ (زَهْدَ) مَا یَکْفِیْكَ" جتنا تم کو کافی ہو اس کو لے لو۔
الزُهْدُ والزهادَة. حقارت کی وجہ سے بے رغبتی۔
الزَهَد. زکوۃ. ج زِهَاد.
اَرْضٌ (زَهَادٌ) زمین جو بہت پانی برسنے سے بہے۔
الزَاهِد. فا آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔ تنگ خو۔ ج زُهَّد و زُهَّاد و زَاهِدُوْن.
الزَهِیْد. کم حقیر۔ مؤنث زَهِیْدَةٌ. کہا جاتا ہے "هُوَ زَهِیْدُ الخُلُقِ" وہ تنگ خو ہے۔
"هُوَ زَهِیْدُ العَیْنِ" وہ سیر چشم ہے۔ تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ و"وَادٍ زَهِیْدٌ" کم پانی کو لینے والی وادی۔ ج زُهْدَان.
الزَهَیْد. بہت بے رغبتی کرنے والا۔
المُزْهِد. کم مال والا۔
زَهَرَ (ف) زُهُوْرًا. السِرَاجُ او القَمَرُ او الوَجْهُ: چمکنا۔ روشن ہونا الشَّیْءُ: صاف رنگ والی ہونا الزَنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَهَرَتْ بِكَ زِنَادِی اَوْنَارِی" تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔
زَهِرَ (س) زَهَرًا او زَهُرَ (ک) زُهُوْرَةً. الرَجُلُ: خوبصورت وبارونق ہونا۔
اَزْهَرَ. النَبَاتُ: کلی نکالنا النَارَ: آگ روشن کرنا۔
اِزْدَهَرَ. روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔ بِالاَمْرِ: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِزْدَهِرْ بِهٰذَا فَاِنَّ لَهُ شَانًا" اس کی حفاظت کرو اس لیے کہ اس کیلئے ایک خاص شان ہے۔
اِزْهَرَّ وَاِزْهَارَّ. النَبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔
تَزَاهَرَ. السِرَاجُ و نَحْوُهٗ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔
الزَهْر والزَهَر. کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَهْرَة و زَهَرَة) زَهْرَةُ الدُّنْیَا: دنیا کی رونق وخوبی۔ ج اَزْهُر وَاَزْهَار وزُهُوْر. ج اَزَاهِر واَزَاهِیْر. زَهْرُ النَرْدِ: تاش۔
الزُهْرُ والزُهْرَةُ. حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَیْتُ مِنْهُ زُهْرِی وزُهْرَتِی" اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔
الزُهَر. مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)
الزُهْرَة. خوبصورتی۔
الزُهَرَةُ: ایک سیارے کا نام جو کہ سورج سے ۱۰۸ ملین کلو میٹر دور ہے۔ اس کی چمک کبھی صبح کے وقت کبھی شام کے وقت بہت ہوتی ہے۔

شام اور عراق کے آس پاس باشندے اس کو پوجتے ہیں اوز اس کو العزی کا نام دیتے ہیں- بعض قدماء کے نزدیک خوبصورتی کا دیوتا ہے-
اَلزَّھْرَۃُ: بادیات الزَّھْر پھولوں میں اعضاء تناسل کا مجموعہ-
بَادِیَاتُ الزَّھْر: انگوریوں کی ایک شاخ جن میں اعضاء تناسل ظاہر ہوں اور ان کوالذھو کا نام دیاجاسکتا ہے-
مَستُوراتُ الزَھر: انگوریوں کی وہ قسم جو کہ نہ پھول نکالیں اورنہ ان کادانہ نکلے-
زَھْرَۃُ الآلامِ: زمین پر لگی ہوئی خوبصورت انگوری جس کے بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں اس کے پھول مسیح کو عذاب دینے کے اوزار کے مشابہ ہوتے ہیں' خوبصورتی کے لئے بوئی جاتی ہے-
زَھْرَۃُ الْحواشِی: خنازیری پھولوں کی قسم ہے-
زینت کے لئے اور جوشاندہ کے لئے استعمال ہوتی ہے-
زَھْرَۃُ الرَّبِیْع: باغوں میں موسم ربیع میں لگائے جانے والا پھول جو کہ زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے-اس قسم کے پھول کئی انواع پر ہیں-
زَھْرَۃٌ مِنْ فَصِیلۃِ الْمُرَکَّبَاتِ: ایک انگوری جس کے پتے زمین پر پھیل جاتے ہیں چھوٹا سا تنا ہوتا ہے جس پر چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں-
زَھْرَۃُ الْعَسلِ: ایک درخت جس کے پھول زرد یا سرخی مائل ہوتے ہیں-
زھْرَۃُ الصَّمَدِ: خوبصورتی پتیوں والا پودا-
اَلزُّھیرَۃُ: ابتدائی چھوٹے چھوٹے پھول-
اَلْمزھَرِیَّۃ: شیشے کا برتن پھول سجانے کے لئے-
الزَاھِر. فا. خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمرُ زَاھِرٍ" بہت سرخ۔
الزَاھِرِیَّۃ. ناز کی چال۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی الزَاھِرِیَّۃ" وہ ناز سے چلتا ہے۔

الازْھر. روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَھْرَاء ج زُھْر.
الزَھَّار. بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زَھَّارٌ و قَمرٌ نوَّارٌ."
المُزْھِر. فا. مہمانوں کیلئے آگ روشن رکھنے والا۔
المِزْھَر. ایک قسم کا باجا۔ ج مَزاھِر.
زَھْرَفَ. الشَیٔ: کھوٹا بنانا۔
زَھْزَقَ. الرَجُلُ: بہت ہنسنا۔ زَھْزَقَتِ الاُمُّ ولَدَھَا: ماں کا بچّہ کو کدانا۔
الزَھْزَق. کمینہ۔ فرومایہ۔
زَھَفَ (ف) زُھُوْفًا. الرَجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا لِلْموْتِ او اِلَی المَوْتِ: قریب المرگ ہونا۔
زَھِفَ (س) زَھَفًا. للشَیْٔ: جلدی کرنا۔ چست ہونا۔
ازْھَفَ. اِلَیہِ الطَعْنَۃ: قریب کرنا۔
اَزْھَفَتہ الطَعْنَۃُ: قریب بہ ہلاکت کرنا۔
اَزْھَفَ عَلَی الجَرِیْح: حملہ کر کے فوراً مار ڈالنا الرَجُلُ: جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغل خوری کرنا۔ بُرائی کی طرف جلدی کرنا فُلانًا. ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ ہلاک کرنا الشَیٔ: ڈھیلا کرنا۔ جلدی کرانا۔ لے جانا۔ خراب کرنا۔
ہ بالشَّرِّ: بُرائی پر اکسانا بِمَا طلَبَہٗ: پورا کرنا بالشَیٔ: تعجب کرنا الخبرَ: خبر میں زیادتی کرنا لَہٗ حَدِیْثًا: جھوٹی بات بیان کرنا اِلَیْہ حدِیثا: قول ردی کی نسبت کرنا۔
اِنْزَھفَت. الدَابۃُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔
تَزَھَّفَ. عَنْہُ: اعراض کرنا۔
اِزْدَھَف. اِلَی المَوْتِ: موت سے قریب ہونا عَنْہ: اعراض کرنا الشَیٔ: منحرف ہونا ہ: جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا ہ الدابۃ: جانور کا گرادینا الشَیٔ وبِہٖ: لے جانا العَداوۃ و بِھَا: دشمنی اختیار کرنا الحِمْل: بوجھ اُٹھانا فُلانٌ:

بدی میں گھسنا۔ گفتگو میں زیادتی کرنا فِی کَلَامِہٖ: سختی کرنا اور آواز بلند کرنا۔
زَھَقَ (ف) زُھُوْقًا. العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پُر ہونا البَاطِلُ: نیست و نابود ہونا۔ کمزور ہونا (زُھْقًا و زُھُوْقًا) النَفْس: روح کا جسم سے نکلنا (الرَاحِلَۃُ: سواری کا آگے بڑھنا الشَیُٔ: تباہ ہونا۔ ہلاک ہونا السَھْمُ: تیر کا نشانہ سے گزر جانا۔
اَزْھَقَ. العظْمُ: ہڈی کا مغز سے پر ہونا۔ الاِنَاءَ: برتن بھرنا البَاطِلَ: باطل کو نیست و نابود کرنا السَھْمَ: تیر کا نشانہ سے گزارنا النَاقۃُ السرْجَ: زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا فِی السَیْر: تیز چلنا۔
زَاھَقَ. الحَقُ البَاطِلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا لَانَاء: برتن کو اُلٹ دینا۔
اِنْزھقَ. آگے بڑھنا انْزَھقتِ الدابۃُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔
الذَّاھِقُ. پست زمین و (الذھق) گڑھا۔
الزاھِق. فا. موٹا جانور۔ قوی۔ لاغر (ضد) شکست خوردہ مِنَ السِھَام: نشانہ سے تجاوز کرنے والا تیر مِنَ المِیَاہِ: تیز بہنے والا پانی۔ ج زُھْق و زُھُق (والزھُوْق) ہلاک ہونے والا۔ باطل۔ گہرا کنواں۔
الزھِق. پھرتیلا۔ سبک۔
فرسٌ ہ (زَھْقَی) سبقت لے جانے والا گھوڑا۔
الزَاھِقۃ. الزَاھق کا مؤنث۔ بئر زاھقۃٌ: گہرا کنواں۔
الزُھاق والزِھَاق. مقدار۔ تقریبًا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدی زُھاقَ مِأتِہ دِیْنارٍ" میرے پاس تقریبًا سو دینار ہیں۔
جَاءَتِ الخَیْلُ (ازاھِق وازاھِیْق" گھوڑوں کی متفرق جماعتیں آئیں۔
الاُزْھُوْقۃ. عجیب قسم کی دوڑ۔ ج ازاھیق کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذَاتُ ازاھِیْق" عجیب قسم سے دوڑنے والا گھوڑا۔
المَزْھَقَۃ. سبب بطلان۔ سبب ہلاکت۔ کہا

جاتا ہے "جملٌ مُزْهَقَةٌ. لا رُوَاحَ المَطِي" اونٹ سواریوں کی روح کیلئے باعث ہلاکت ہیں۔ یعنی سواریاں پوری کوشش کرتی ہیں اور اونٹوں کے ساتھ لاحق نہیں ہوتیں۔

زَهَكَ (ف)زَهْكًا. کوٹنا الرِیحُ الاَرْضَ: ہوا کا خاک کو اڑانا۔

زَهِلَ (س)زَهَلًا. الشَّيُ: سفید و چکنا ہونا۔

زَهَلَ (ف)زَهْلًا. عَنِ الشَّيِ: دور ہونا۔

الزَاهِل. فا. مطمئن دل والا۔

الزُهْلُول. چکنا۔ ج زَهَالِيل.

رَجُلٌ (زَهْلَب) سبک داڑھی والا امرد۔

زَهْلَقَ. الشَّيَ: چکنا و سفید کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَهْلَقَ لَهُ الحَدِيْثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔

تَزَهْلَقَ. چکنا و سفید ہونا وتَزَهْلَقَ الحَيْوَانُ" موٹا ہونا۔

الزِّهْلِق. چکنا۔ ہلکا پھلکا تیز آدمی۔ تیز ہوا۔ بتی کی لو کی جگہ۔ حمارٌ زِهْلِقٌ: ہموار پیٹھ و موٹا گدھا۔ ج زَهَالِق.

الزُهْلُوق. موٹا۔

زَهَم (ن)زَهْمًا وازْهَم. العَظْمُ: ہڈی کا پُر مغز ہونا۔ زَهَمَه عَنْ كَذَا: روکنا۔ زَهَمَ الرَّجُلُ عَلَيْهِ: بہت باتیں کہنا۔

زَهِمَ (س)زَهَمًا. بدہضمی والا ہونا۔ صفت (زَهْمَان) چکناہٹ والا چربی دار ہونا۔ صفت (زَهِمٌ) مؤنث زَهِمَةٌ.

زَاهَمَهُ. باہم دشمنی کرنا۔ باہم دوستی کرنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ (ضد)

الزُهْم. بدبودار ہوا۔ چربی۔ ایک خوشبو کا نام جو الزباد کے نام سے مشہور ہے۔ (دیکھئے لفظ الزَّبَاد)

الزُهْمَة والزُهُومَة والزَهَم. سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔

زَهَا (ن) زَهْوًا وزُهُوًّا وزُهَاءً. چمکنا۔ روشن ہونا۔ بڑھنا۔ نشوونما پانا النَّخْلُ: درخت خرما کا لمبا ہونا البُسْرُ: رنگ پکڑنا الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا النَّبْتُ: پھل دار ہونا الشَّاةُ بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا الرِیحُ: چلنا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔ (زَهَا (ن)زَهْوًا فُلَانًا: حقارت کرنا الكِبْرُ فُلَانًا: خود پسند بنانا زَهَا السِرَاجَ: روشن کرنا۔ الرِيحُ النَبَاتَ: تر شدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا الامْوَاجُ السَّفِيْنَةَ: موجوں کا کشتی کو بلند کرنا فُلَانٌ بِالسَّيْفِ: تلوار چمکانا فُلَانًا بالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا السُرَابُ الاكْمَةَ يَزْهَاهَا: نمایاں کرنا۔ (يَزْهُوْهَا مستعمل نہیں ہے۔)

زُهِيَ. الرَّجُلُ بِكَذَا: تکبر کرنا۔

اَزْهىٰ. تکبر کرنا النَّخْلُ: لمبا ہونا البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔

زَهّىٰ. البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔ زَهَّتِ المِرْوَحَةُ الرِيحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا۔

اِزْدَهىٰ. الرَّجُلَ: مغرور بنانا۔ حقارت سے دیکھنا ہ عَلَى الاَمْرِ: مجبور کرنا۔ ہ و بہ: حقارت کرنا۔

الزُهَاء. س. مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِي زُهَاءُ خَمْسِيْنَ دِرْهَمًا" میرے پاس تقریباً پچاس درہم ہیں۔

الزَهْو. س. فخر۔ تکبر۔ غرور۔ جھوٹ و باطل۔ ظلم۔ سرسبز نباتات۔ زرد یا سرخ پکی کھجور۔

(والزُها) تروتازگی و خوبصورتی۔ زُهَا الدُّنْيَا: دنیا کی زینت و آرائش۔

الزَهُوّ. زرد یا سرخ پکی کھجور۔

الزَاهِي. فا. پر رونق چمکدار چہرے والا۔ مؤنث زَاهِيَةٌ.

المُزْدَهِي والمَزْهُوّ. متکبر و مغرور۔

زَاءَ يَزُوْءُ زَوْءًا. بِهِ الدَّهْرُ: زمانہ کا پلٹ جانا۔

زَابَ يَزُوْبُ زَوْبًا. چپکے سے بھاگ جانا المَاءُ: جاری ہونا۔

زَاجَ (ن)زَوْجًا. بَيْنَهُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔

زَوَّجَهُ. اِمْرَأَةً اَوْبِامْرَاةٍ اَولِامْرَأَةٍ: نکاح کرانا الشَّيَ بالشَّيِ وَاِلَيْهِ: ملانا۔

زَاوَجَهُ. باہم میل ملاپ رکھنا۔ باہم قریب ہونا (وازْوَجَ) بَيْنَهُمَا: قریب کرنا۔

تَزَوَّجَ. اِمْرَأَةً و بِامْرَأَةٍ: نکاح کرنا فِي قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهُ النَّوْمُ" اس کو نیند آگئی۔

اِزْدَوَجَ وتَزَاوَجَ. الكَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا القَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔

الزَاج. پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔

الزَوْج. شوہر۔ بیوی۔ ساتھی۔ جوڑا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِي زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے۔ واشْتَرَيْتُ زَوْجَي نِعَالٍ" میں نے ایک جوڑہ جوتا خریدا۔ ہر چیز کی قسم۔ ج اَزْوَاج و زِوَجَة. جج اَزَاوِيج.

الزَوْجَة. بیوی۔ ج زَوْجَات.

الزَوَاج. شادی بیاہ۔

زَاحَ يَزُوْحُ زَوْحًا وزَوَاحًا عَنِ المَكَانِ: دور ہونا۔ ہٹنا۔ جانا العِلَّةُ: زائل ہونا (زَوْحًا) الابِلَ پراگندہ کرنا۔ جمع کرنا۔ (ضد)

اَزَاحَهُ. جگہ سے ہٹانا الاَمْرَ: کام کو پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَاحَهَا اللّٰهُ العِلَلَ" اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں۔ و "اَزَحْتُ عِلَّتَه فِي مَا احْتَاجَ اِلَيْهِ" یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کر دی۔

اِنْزَاحَ. زائل ہونا۔

زَادَ يَزُوْدُ زَوْدًا. توشہ لینا۔

اَزَادَهُ وزَوَّدَهُ. توشہ دینا۔

اِزْدَادَ واسْتَزَادَ. توشہ مانگنا۔

تَزَوَّدَ. توشہ لینا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّدَ مِنَ الاَمِيْرِ كِتَابًا اِلَىٰ عَامِلِهِ" وہ امیر کا خط اس

کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے و"تزوَّرمنّی طَعْنَةً بَیْنَ اُذُنَیْهِ" یعنی میری جانب سے اس کو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا۔

الزّاد. توشہ۔ زادِراہ۔ ج اَزْوِدة وازْواد.

المِزْوَد والمَزاد و المَزادَة. توشہ دان۔ ج مَزاوِد. نُفاضَةُ المزاوِد: توشہ دان کا بچا کھچا۔ یہ خست کے لیے ضرب المثل ہے۔ وَهُمْ مِلاء المَزاوِد: وہ لوگ اغنیاء ہیں۔

زارَه يَزُوْرُه زِيارَةً ومَزارًا و زَوْرًا و زُوارًا و زُوارَةً وازْدارَه. ملاقات کیلئے جانا۔ صفت (زائِر) ج زائِرُوْنَ وزُوَّر وزُوَّارٌ مؤنث زائِرة ج زُوَّر وزَوْر و زائِرات.

زارَ زَوارًا. الفرسَ: گھوڑے کے ہونٹوں میں تیار باندھنا۔ (دیکھئے لفظ زیار)

زَوِرَ يَزْوَرُ زَوَرًا. کج ہونا۔ ٹیڑھے سینہ والا ہونا۔

زَوَّرَ. جھوٹ کو آراستہ کرنا الکلامَ: باطل ٹھہرانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا الشَهادَةَ: شہادت کو باطل قرار دینا نَفْسَه: جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا عَلَيْهِ: کسی پر جھوٹ باندھنا عَنْهُ: کسی سے پھر جانا فُلانًا عَلىٰ نَفْسِهِ: کسی پر تہمت لگانا۔ الشئَ: درست کرنا؛ سیدھا کرنا الشئَ لِنَفْسِهِ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کرلینا الزائِرَ: عزت و اکرام کرنا۔ تم کہتے ہو "زُرْتُهُمْ فزوَّرُوْنِي" میں نے ان لوگوں سے ملاقات کی اور انہوں نے میری تعظیم کی القَوْمُ صاحِبَهُمْ: بھلائی کرنا۔

اَزارَه. زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا الشئَ: چلانا۔ اِزْدارَهُ. ملاقات کے لیے جانا۔

تَزَوَّرَ. جھوٹ بولنا الشئَ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کرلینا۔

تَزاوَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَتَزاوَرُوْنَ وبَيْنَهُمْ تَزاوُر" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (وازْوَرَّ وازْوارَّ) عَنْهُ: انحراف کرنا۔

اِسْتَزارَه. ملاقات کے لیے کہنا۔

الزَوْر. س۔ سینہ کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِيضُ الزَوْر" چوڑے سینہ والا گھوڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْقىٰ زَوْرَهُ" یعنی اس نے اقامت کرلی۔ الزَوْر: پختہ ارادہ عقل۔ خیال جو خواب میں آئے۔ زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع؛ مذکر؛ مؤنث سب کیلئے) کہا جاتا ہے رَجُلٌ زَوْرٌ امْرأةٌ زَوْرٌ ورِجالٌ زَوْرٌ ونِساءٌ زَوْرٌ. سردار۔ رئیس۔ درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں۔ پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں۔

الزُوْر. عقل۔ جھوٹ۔ باطل۔ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "ما لَهُ زُوْرٌ وَلا صَبُّوْرٌ" نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے۔ رائے۔ سردار۔ رئیس۔ کھانے کی لذت۔ کپڑے کی نرمی و صفائی۔ راگ و گانے کی مجلس۔ یہودیوں و نصرانیوں کی عیدیں۔

الزَوَر. س۔ کجی۔ سینہ کے بالائی حصہ کی کجی۔

الزِير. منکا۔ کتاں۔ باریک تانت۔ عادت۔ عورتوں سے بغیر ارادہ و بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا۔ ج اَزْوار و اَزْيار وزِيرَة.

الزِيْرَة. ملاقات کی ہیئت۔ کتاں کا ٹکڑا۔

الزِيار. دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں زَيَّرَ الفَرَسَ (والزِوار) ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو۔ سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی۔ ج اَزْوِرَة.

الزِيِّر. غضبناک۔

الزارَة. اونٹوں کا گلہ۔ بانس؛ نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (والزاوِرَة والزاوَرَة والزاوُوْرَة) پوٹا۔ زاوِرَةُ القَطا: قطا پرندہ کا وہ حصہ جس میں وہ اپنے بچوں کیلئے پانی لے جائے۔

الزَوَرُّ. سخت چال۔ سخت۔ سفر کے لیے تیار کیا ہوا اونٹ (والزَوِير والزُوَيْر) سردار قوم۔ رئیس قوم۔

الزَوْرَة. زار کا اسم مرۃ۔ دوری۔ اونٹنی جو شدت و صلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے۔

الاَزْوَر. ٹیڑھے سینے والا۔ باریک وسط سینہ والا۔ مائل ہونے والا۔ ترچھی نظر سے دیکھنے والا۔ مؤنث زَوْراء. ج زُوْر. کہا جاتا ہے "قَوْمٌ عَنْ مَواقِفِ الحَقِ زُوْرٌ" حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم۔

الزَوْراء. گہرا کنواں۔ کمان۔ پیالہ۔ چاندی کا برتن۔ شہر بغداد۔ دجلہ بغداد۔ فَلاةٌ زَوْراء: دور دراز بیابان۔ كَلِمَةٌ زَوْراء: گھٹیا بات۔ مَنارَةٌ زَوْراء: ٹیڑھا منارہ۔

الزَوّار و الزَوُّوْر. بہت ملاقات کرنے والا۔

المَزار. س۔ ملاقات۔ زیارت کرنے کی جگہ۔ ج مَزارات.

اَلزُوْسْتِبْراء: بحر اوقیانوس کے ساحل پر پیدا ہونے والا ایک پھول دار جس کو مچھلی پسند کرتی ہے۔

الزَوْرَق. چھوٹی کشتی۔

الزَوْش. کمینہ غلام۔

الاَزْوَش. متکبر و مغرور۔

زَوَّطَ. بڑے لقمے بنانا۔

الاَزْوَط: جس کی ایک آنکھ تنگ سوراخ والی ہو۔

زاعَ يَزُوْعُ زَوْعًا. فُلانًا: روکنا؛ آگے دھکیلنا الدابَّةَ: جانور کو تیز چلانے کے لیے لگام ہلانا الشئَ: موڑنا لَهُ مِنَ البِطِّيخَةِ (زَوْعَةً) خربوزے کی قاش اُتار کر دینا (وتَزَوَّعَ) اللَحْمُ: گوشت کا پٹھے سے اُتر

جانا۔

زَوَّعَ. الابِلَ: متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

الزَّوْعَة. لوگوں کی ایک جماعت مِنَ البَطِّيخَةِ و نحوِها: خربوزہ وغیرہ کی پھانک؛ قاش مِنَ النَبتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونے لگے۔

الزَاعَة. پولیس کی جماعت (جمع ہے مثل باعة. وسادة کے)

الزَوْع والزُوَع. مکڑی۔

زَاغَ يَزُوْغُ زَوْغًا. الشَيْءُ: کسی چیز کا جھکنا النَاقَةَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا۔ (زَوْغًا وزَوَغانًا) مائل ہونا۔ ظلم کرنا البَصَرُ: نگاہ میں ہونا۔

أَزَاغَه إِزاغَةً. جھکانا۔

الزَاغ. کوا۔

زَافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا. الحَمَامَةُ: کبوتر کا بازو ودم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا الطائِرُ فِي الهَوَاءِ: پرندہ کا فضا میں گولائی میں اڑنا الرَجُلُ: مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء ڈھیلے کر کے چلنا الماءُ: پانی کا بلبلے والا ہونا (وتَزاوَف) اپنے آپ کو ہلکا پھلکا کرنے کے لیے ورزش کی مشق کرنا۔

الزُؤُوْف. چلنے میں ڈھیلا پن۔

الزُوْفَى والزُوْفَاء. ایک دوا کا نام۔

زَوَّقَ. الكَلامَ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا البَيْتَ: نقش ونگار کرنا الدِرْهَمَ: پارہ کا طمع کرنا۔

الزَوَاق. لڑکی کی زینت۔

الزَوَّقَة. گھروں میں نقش و نگار کرنے والے۔

الزَاوُوْق والزَاؤُوْق. پارہ۔

زَاكَ يَزُوْكُ زَوْكًا وزَوَكَانًا. مونڈھوں کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو کشادہ کرنا۔ تکبر سے چلنا۔

تَزاوَكَ تَزاوُكًا. شرم کرنا۔

الزَوْك. س۔ کوے کی چال۔

زَالَ يَزُوْلُ زَوْلًا وزَوَالًا وزَوَلانًا وزُؤُوْلًا و زُوُوْلًا وزَوِيْلًا. جاتا رہنا۔ پھر جانا اور اسی سے ہے "زَالَ عَنْه مُلْكُهٗ" اس کی سلطنت جاتی رہی۔ جدا ہونا۔ ہلاک ہونا (زَوْلًا) حرکت کرنا اور اسی سے ہے "أَرَى النُجُوْمَ تَزُوْلُ ولا تَغِيْبُ" یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ ستارے حرکت کر رہے ہیں اور غائب نہیں ہوتے۔ و "فُلانٌ يَزُوْلُ فِي النَاسِ" فلاں لوگوں میں بہت چلتا پھرتا ہے۔

زَالَتْ (ن) زَوالًا وزُؤُولًا وزَوَلانًا و زِئَالًا. الشَمسُ: آفتاب کا ڈھلنا۔ الخَيلُ بِرُكبَانِها لے کر اُٹھنا اور اسی سے ہے "زِيْلَ بِنَعْشِه" یعنی اس کی نعش اُٹھائی گئی۔ کہا جاتا ہے "زَالَ زَائِلُ الظِلِّ" یعنی دوپہر ہوگئی۔ و "زَالَ اَوْزِيْلَ زَوِيْلُه وزَوَالُه" ڈر اور خوف کی وجہ سے اس کی جانب جھک گئی۔

أَزَالَه وزَوَّلَه وازْدَالَه. ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "أَزَالَ اللّٰهُ زَوَالَه" یعنی اللہ اسے ہلاک کرے۔ زَوَّلَ الشَيْءَ: کسی چیز کو لانا۔

زَاوَلَه. کوشش کرنا۔ قصد کرنا۔ تلاش کرنا۔

تَزَوَّلَ. الشَيْءَ: کسی چیز کو لانا الغُلامُ: لڑکے کا انتہائی زیرک وظریف ہونا۔

تَزاوَلَ. القومُ: باہم کوشش کرنا۔

اِنْزَالَ. عَنْه: جدا ہونا۔

اِزْوَلَّ اِزْوِلالًا. الشَيْءُ: زائل ہونا۔

الزَوْل. س۔ تعجب۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ زَوْلٌ" یعنی عجیب سیر۔ و "شَتْوَةٌ زَوْلَةٌ" عجیب سردی۔ الزَوْل: وجود انسانی۔ فیاض مرد سبک وظریف وزیرک۔ بہادر۔ بلا۔ ج أَزْوَال.

الزَوَال. س۔ سورج کا ڈھلنا۔ کہتے ہیں "السَاعَةُ الرَابِعَةُ زَوَالِيَّة."

الزَائِل. فا۔ کہا جاتا ہے "لَيْلٌ زَائِلُ النُجُوْمِ" یعنی لمبی رات۔

الزَوَّال. بہت حرکت کرنے والا۔

الزَائِلَة. الزائِل _ کا مؤنث۔ زندہ یا متحرک چیز۔ ج زَوَائِل. الزَوَائِل: ستارے۔ عورتیں۔ شکار۔

الزَوِيْل. س۔ حرکت۔ جانب۔

المِزْوَلَة. دھوپ گھڑی۔ ج مَزَاوِل.

زَامَ يَزُوْمُ زَوْمًا. الرَجُلُ: مرنا۔

الزَام. ہر چیز کی چوتھائی۔ زَامٌ مِنَ النَهارِ: دن کی چوتھائی۔ زَامَانٌ مِنَ النَهارِ: دن کا نصف حصہ۔

الزَامَة. جماعت۔ گروہ۔ ج زَامَات.

الزَوْم. عِنْدَ العَامَّةِ: عوام کے نزدیک کسی چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا اور اس کے لیے فصیح لفظ النسغ ہے۔ وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے اور اس کیلئے فصیح لفظ الغُسالَة ہے۔

الزَوِيْم. ہر چیز کا ڈھیر۔

زَوْمَلَ. الابِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔

الزَوْمَلَة. س۔ گدھے مع بوجھوں کے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْنُ زَوْمَلَتِها" وہ اس کا جاننے والا ہے۔

الزَان. بدہضمی۔

الزَوْن والزُوْن والزِوَن. پستہ قد۔

الزُوْن: بت یا مندر۔

الزَوْنَة. زینت۔ سمجھدار عورت۔

الزِوَان والزُوَان والزَوَان. دیکھئے الزُؤَان بالهَمْزَة.

زَوَى يَزْوِي زُوِيًّا وزَيًّا. الشَيْءَ: جدا کرنا۔ یکسو کرنا۔ روکنا۔ جمع کرنا۔ قبضہ کرنا المالَ وغیرہ: اکٹھا کرنا عَنْهُ السِرَّ. راز کو پوشیدہ رکھنا عَنْه حَقَّه: کسی کا حق روک لینا۔

الدَهْرُ القَوْمَ: زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا۔

زَوَّى و تَزَوَّى وانْزَوَى. گوشہ نشین ہونا۔ تَزَوَّى وانْزَوَى: سکڑنا۔ زَوَّى الكَلامَ: دل میں سوچنا۔ اِنْزَوَى القَوْمُ بَعْضُهُم اِلَى بَعْضٍ: سمٹنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

الزَاوِيَة. مِنَ البَيْتِ: گوشہ۔ ج زَوَايا.

والزَاوِيَة: عِنْدَ الحَجَّارِيْنَ والنَجَّارِيْنَ وغَيْرِهِم: دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ کہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح

جڑا ہوا ہوتا ہے کہ ان کا درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے۔
تزیّب. لَحْمُهٗ گوشت کے لوتھڑے بننا۔
الزَّیَب ہوا کی تیزی۔
رَجُلٌ (زِیَبٌ و اَزْبٌ) بہادر و دلیر مرد۔
الازیب. شادماں۔ پست قدم۔ قریب قریب قدم رکھنے والا۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا۔ اجنبی۔ امر بد۔ بلا مصیبت۔ دشمنی۔ بہت پانی۔ شادمانی۔ سیہی۔ جنوبی ہوا۔
الِازْیَبُ شدید۔ بخیل۔
الزِّیْبَق پارہ۔
زَاتَ یَزِیْتُ زَیْتًا وزَیَّتَ. الطَّعَامَ: کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا الشَّیْءَ: کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا الْقَوْمَ: لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا۔
اَزَاتَ اِزَاتَةً بہت تیل والا ہونا۔
اِزْدَاتَ اِزْدِیَاتًا روغن زیتون ملنا۔
اِسْتَزَاتَ روغن زیتون طلب کرنا۔
الزَّیْت س۔ زیتون کا تیل۔ ج زُیُوْت و (الزَّیَّات) تیلی۔ زیت کا اطلاق مطلقاً تیل کیلئے بھی ہوتا ہے۔ چاہے وہ کسی چیز کا ہو۔
الزَّیْتُوْن زیتون کا درخت۔ زیتون کا پھل۔ واحد زَیْتُوْنَة.
اَلزَّیْتُوْنِیَّة وہ درخت جس کے پتے درخت زیتون جیسے ہوتے ہیں اس کے پھول زرد اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ وہ مشرق وسطی میں بہت پیدا ہوتا ہے لوگ دوران سفر اس کو استعمال کرتے ہیں۔
اَلْمِزْیَتَة مخصوص تیل کی طویل بوتل جس کے ساتھ اوزار کو تیل لگایا جاتا ہے۔
الزَّیْتُوْنِی زیتون کے رنگ والا۔
المَزِیْت والمَزْیُوْت. جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو۔
الزِّیْج گاڑی کا میٹر جس کے ساتھ گاڑی کی رفتار معلوم ہوتی ہے۔
الزِّیْج معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔ علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو سیاروں کی رفتار بتاتی ہے۔ جنتری۔ ج زِیْجَات و زِیَجَة (دخیل)
زَاحَ یَزِیْحُ زَیْحًا وزُیُوْحًا وزِیُوْحًا و زَیَحَانًا وانْزَاحَ دور ہونا۔ چلے جانا۔ زَاحَ اللِّثَامَ نقاب اُتارنا۔ کھولنا۔
اَزَاحَهٗ دور کرنا۔ لے جانا۔
المَزَاح دور چلے جانے کی جگہ۔
زَاخَ یَزِیْخُ زَیْخًا وزَیَخَانًا. ظلم کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَزَاخَهٗ علیحدہ کرنا۔
تَزَیَّخَ فروتنی کرنا۔
زَادَ یَزِیْدُ زَیْدًا وزِیْدًا و زَیَدًا و زِیَادَةً و مَزِیْدًا و زَیْدَانًا بڑھنا۔ زیادہ ہونا الشَّیْءَ: بڑھانا زیادہ کرنا فُلَانٌ زیادہ دینا۔
زَایَدَ بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
اَلْمُزَایَدَة بولی کی بیع یعنی کوئی چیز بیع کے لئے پیش کی جائے اس پر مختلف افراد زیادہ قیمت لگائی جو زیادہ لگا دے اس کو حق خرید مل جائے۔
تَزَیَّدَ. السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا الرَّجُلُ فِیْ حَدِیْثِهٖ واقع سے زیادہ بیان کرنا فِی الشَّیْءِ: بڑھانے میں تکلف کرنا۔
تَزَایَدَ. فِیْ حَدِیْثِهٖ واقعہ سے زیادہ بیان کرنا۔ تَزَایَدُوْا فِیْ ثَمَنِ السِّلْعَةِ ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔
اِزْدَادَ زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا زیادہ طلب کرنا۔
اِسْتَزَادَهٗ زیادہ طلب کرنا۔ کوتاہی کرنے والا۔ سمجھنا اور شکایت کرنا۔
الزَّائِد. فا مؤنث زَائِدَة. زَائِدَةُ الْکَبِدِ: جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک جانب میں ہوتا ہے۔ ج زَوَائِد. والزَّوَائِدُ مِنَ الاَسْنَانِ کچلیوں کے قریب والے دانت۔
الزِّیَادَة س۔ جو چیز بڑھائی جائے۔ ج زِیَادَات وزَیَائِد وزِیَادَةُ الکَبِدِ: بمعنی زَائِدَةُ الکَبِدِ.
الزَّیْد والزِّیْد زیادتی۔ بڑھاؤ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ زَیْدٌ عَلٰی مِائَةٍ" وہ سو سے زائد ہیں۔
المَزِیْد س، مثل کہا جاتا ہے "لا مَزِیْدَ عَلٰی هٰذَا الاَمْرِ" یعنی اس معاملہ میں زیادہ گنجائش نہیں۔
المَزَادَة توشہ دان۔ چمڑے کے کئی ٹکڑے ملا کر ایک تھیلا سا بناتے ہیں جس میں پانی رکھتے ہیں۔
زِیر دیکھئے مادہ (زور)
الزِّیْز ایک کیڑا جو درختوں پر رہا کرتا ہے اور زیز زیز کی آواز نکالتا ہے۔
الزِّیْزَی والزِّیْزَاء والزِّیْزَاء والزَّازِیَة. چھوٹا سا ٹیلہ یا سخت زمین۔ پر یا اس کے کنارے۔ ج اَلزَّیَازِی.
اَلزَّیْذَبَّات چھوٹے چھوٹے پروں والے کیڑے۔
الزَّیَازِیَة پپیہ۔
الزَّیْزَفُوْن ایک درخت ہے جس کے پھول کو پانی میں بھگو کر دواءً استعمال کرتے ہیں۔ اور امثال عرب میں سے ہے "هُوَ کَالزَّیْزَفُوْنِ یَزْهَرُ وَلَا یُثْمِرُ" وہ زیزفون کی مانند ہے پھول تو دیتا ہے پھل نہیں۔
زَاطَ یَزِیْطُ زَیْطًا وزِیَاطًا. شور مچانا اور بہت جھگڑنا۔ صفت (زَیَّاط)
زَاغَ یَزِیْغُ زَیْغًا و زَیَغَانًا و زُیُوْغَة: جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا الْبَصَرُ نگاہ کا تھکنا۔
زَیَّغَهٗ ٹیڑھا کرنا۔ کجی درست کرنا۔
اِزَاغَهٗ. عَنِ الطَّرِیْقِ بدراہ کرنا الرَّجُلَ: کجی میں ڈالنا۔
تَزَایَغَ جھکنا۔
الزَّائِغ فا ج زَاغَة وزَائِغُوْن.
الزَّاغ ایک قسم کا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ کے پر کچھ سفیدی مائل ہوتے ہیں۔ اور ایک قسم ہے۔ الزَّاغُ الجِیْفِی جو مردار کھاتا ہے۔ ج زِیْغَان.
الزَّیْغ س۔ حق سے انحراف۔ شک۔
الزُّیُوْغ جھکاؤ۔
زَافَ (ض) زُیُوْفًا. الدَّرَاهِمُ کھوٹے ہونا۔ (زَافَ زَیْفًا) الدراهِمَ کھوٹے کرنا یا کھوٹے سمجھنا الحَائِطَ دیوار پھاندنا (زیفا

وزيفانا)مٹک کر چلنا البعيرُ :اونٹ کا جھکتے ہوئے دوڑنا۔
زَيَّف. الدراهمَ: کھوٹے بنانا یا سمجھنا۔
الرجلَ :حقارت کرنا البناءُ :بلند ہونا۔
تَزَيَّفت. الدراهمُ :کھوٹے ہونا۔
الزائِف. فا. شيئ مِن الدراهم: کھوٹا درہم۔ج زُيَّف وزُيُوف.
الزيف. چھجہ جو دیوار کی حفاظت کیلئے ہوتا ہے۔ کنگرہ۔ سیڑھی کے پائے۔ ج زِياف وأزْياف وزُيُوف. اور کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ زَيْفٌ" کھوٹا درہم۔
الزَيَّاف. مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔ مؤنث زَيَّافة.
زَيَّق. الثوبَ :کپڑے میں گوٹ لگانا۔
تَزَيَّقتِ. المرأةُ :زینت کرنا۔ سرمہ لگانا۔
الزيق. مِنَ الثوبِ :کپڑے کی گوٹ۔ معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔
زاك(ض) زَيَكانًا. نازو تکبر سے چلنا۔
الزيك. چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے گرد اگرد جڑے ہوئے ہوں۔
زَالَهُ يَزالُهُ و يَزِيلُهُ زَيْلًا. عَنْ مَكانِهِ: ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما زِلْتُ أفعلُ" میں ہمیشہ کرتا رہا۔ ومَا زِلْتُ بِزَيْدٍ ومَازِلْتُ زَيْدًا حتىٰ فَعَلَ" میں ہمیشہ زید کے ساتھ لگا رہا یہاں تک کہ اس نے کر دیا۔ و "زِلْتُ أفعلُ" بمعنى "ما زِلْتُ أفعلُ" حرف نفی کی تقدیر سے اور یہ قلیل الاستعمال ہے۔
أزَالَهُ إزَالَةً وإزالًا. عَن مَكانِهِ: ہٹانا۔
زَيَّلَهُ. متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
زَايَلَهُ. باہم دگر جدا ہونا۔
تَزَايَلُوا وتَزَيَّلُوا. پراگندہ ہونا۔ جدا ہونا عَنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "أنا أتزايلُ عنكَ فلا أتجاسرُ عليكَ" میں تم سے شرم کرتا ہوں اس لیے میں تمہارے سامنے دلیری نہیں کرسکتا۔

الزيل. دونوں رانوں کے درمیان کی دوری۔
الأزْيَل. دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا۔ رَجُلٌ (مِزْيَلٌ و مِزْيالٌ)خوش طبع۔ زیرک۔
زَامَ يَزِيمُ ويَزَامُ زَيْمًا. لِفُلانٍ فأسكتهُ: ایک کلمہ بول کر خاموش کر دینا۔
تَزَيَّمت. الخيلُ وغيرُها :گھوڑے وغیرہ کا پراگندہ ہونا اللحمُ :گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الزِيمة. گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج زِيَم. زانه يَزِينُهُ زَيْنًا. زینت دینا الشيئَ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔
زَيَّنَهُ تَزْيِينًا وأزانَهُ إزانةً وأزْيَنَهُ إزْيانًا. زینت دینا۔
تَزَيَّنَ تَزَيُّنًا وازَّيَّنَ ازَّيَّانًا وازْدانَ ازْدِيانًا وازْيَنَّ ازْيِنَانًا وازْيانَّ ازْيِينَانًا. آراستہ ہونا۔
الزائِن. فا. امْرَأةٌ زائِنٌ :آراستہ عورت۔
الزَيْن. مص۔ آراستگی ج أزْيان. الزَيْن :ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔ زَيْنُ الديكِ :مرغ کی کلغی۔
الزَّانُ :بلوط کی قسم سے ایک درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اس کے پھول سے مفید غذائی تیل نکالا جاتا ہے۔ اور وہ خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔
الزِانة. بدہضمی۔
الزِّينةُ :انتہائی خوبصورت پھول کی قسم جس کی اہمیت باغوں میں بہت ہے۔
الزَّاوِيةُ: زَاوِيةٌ مُسْتَقِيمةٌ :وہ زاویہ جس کے دونوں ضلع نقطہ زاویہ کے دونوں جانب برابر ہوں۔ دونوں جانب کو دو ضلع کا نام دیا جاتا ہے۔ نقطہ کو راس الزاویہ کہا جاتا ہے۔ زاوية قائمة مستقيمة کا نصب ہوتا ہے۔ زاوية حادة: قائمہ سے زیادہ چھوٹا ہوتا ہے۔ زاوية منفرجة: قائمہ سے بڑا اور مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ نافرة: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ منعكسة: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

الزينة. آراستگی جس سے زینت کی جائے۔ أمْراضُ الزينةِ عِنْدَ الأطبّاءِ :بال یا کھال یا ناخن کے امراض۔
الزيان. خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قمرٌ زيانٌ" خوبصورت چاند۔
الزيان. ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے۔
المُزَيِّن. فا. نائی۔ (مولد)
زَيَّاه تَزْيِيةً. پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے "هذه زايٌ فزيِّها" یعنی اس کو حرف زا سے پڑھو۔
تزيَّا. آراستہ ہونا بِزِيِّ القومِ: قوم کا لباس پہننا۔
الزِيّ. ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا ہے "أقبلَ بزيِّ العربِ" وہ عرب کے لباس میں آیا و "جاءنا بزيٍّ عريبٍ" وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔ ج أزياء.

س: السین بنیادی حروف میں سے بارہواں حرف ہے حرف اصلیہ میں سے ہے اور حساب جمل میں اس کا نمبر (۶۰) ہے۔

السین: فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنی کے لیے خاص کر دیتا ہے۔

سأبہ(ف) سأبا. گلا گھونٹنا السقاء: مشک کو کشادہ کرنا (وسئب (س) سأباً) من الشراب. آسودہ و سیراب ہونا۔

السأب. س. بڑی مشک۔ ج سؤوب.

السؤبان. مال کا بہترین منتظم۔

المسأب. بڑی مشک۔ بہت پانی پینے والا۔

سأتہ(ف) سأتا. گلا گھونٹنا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔

السأت. گلے کی ایک جانب۔

سأدہ(ف) سأدا وسأدا. گلا گھونٹنا۔

سئد. کھاری پانی کے پینے سے بیمار ہونا۔ صفت (مسئود)

سئد(س) سأدا. بہنا الجرح: زخم ٹوٹ کر بہنا۔ صفت (سئید)

اسأد اسآدا. ساری رات چلنا۔ کہتے ہیں "اسعد یومه اسعادا من اسأ و لیلة اسآدا" جو شخص ساری رات چلتا رہا اس نے اپنے دن کو کامیاب بنایا۔

السؤاد. کھاری پانی پینے کی وجہ سے بیماری۔

السؤدة. بقیہ جوانی۔

المسأد. تیل یا شہد کی مشک۔

سأر(ف) سأرا واسأر. الشارب في الإناء: کچھ باقی چھوڑنا۔ صفت (سأر) اور کہا جاتا ہے "أسأر الحاسب في حسابه" حساب لگانے والے نے حساب کو پوری طرح سے نہیں کیا۔

سئر(س) سأرا. الشئ: باقی رہنا۔

تسأر. النبيذ: جھوٹا نبیذ پینا۔

السؤر. جھوٹا پانی وغیرہ۔ بقیہ۔ ج اسآر. کہا جاتا ہے "هو سؤر شر" وہ شریر ہے۔

السؤرة. بقیہ جوانی۔ من المال: عمدہ مال۔ ج سؤر.

السائر. فا. من الشئ: بقیہ۔

سأسأ سأسأة. بالحمار: گدھے کو روکنے کیلئے ڈانٹنا یا پینے یا چلنے کیلئے آواز دینا۔

تسأسأت. الأمور: مختلف ہونا۔

سأفت(ف) سأفا و سئفت(س) سأفا يده: ناخن کے ارد گرد پھٹنا۔ ہاتھ کی صفت (سئفة) (سئف وانسأف) ليف النخل: پھٹنا۔ پراگندہ ہونا۔ چھلنا۔

السأف. کھجور کی شاخ۔ دم کے بال۔

السائفة. ریت کے تودے کے نیچے کی باریک ریت۔ ج سوائف.

سأل(ف) سؤالا وسآلة وسألة و مسألة وتسآلا. طلب کرنا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ جیسے "سألت الله نعمة" اور جب استخبار کے معنی میں ہو تو مفعول اول کی طرف بنفسہ اور مفعول ثانی کی طرف عن سے متعدی ہوتا ہے جیسے "سألته عن حاجته" اور کبھی ہمزہ کی تخفیف ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "سال يسال سل" مثل خاف يخاف خف کے اور اسم مفعول "مسول" مانند مخوف کے۔

ساءل. وسايله مساءلة و مسايلة و ساءل عنه: بمعنی سال۔

اسأل. سؤله و سؤلته و مسألته: حاجت پوری کرنا۔

تسأل و تسول. مانگنا۔

تساءل و تساول. القوم: ایک دوسرے سے پوچھنا۔

السؤل والسول والسؤلة والسولة. درخواست۔ التجا۔

السأل والسؤلة والسؤول. بہت سوال کرنے والا۔

السائل. فا. مانگنے والا۔ ج سائلون وسؤل وسؤال و سألة.

المسألة. حاجت۔ مطلب۔ ج مسائل

المسؤلية. ذمہ داری۔

سئم(س) سأمة و سأما و سآمة و سأما و سآمة. الشئ و منه: کسی چیز سے ملول ہونا۔ اکتا جانا۔ صفت (سؤوم)

اسأمه اسآما. ملول کرنا (اکتا دینا)

سأ(ن) سأوا. دوڑنا الشئ: کسی چیز کی نیت کرنا۔ قصد کرنا الرجل: کسی کو غمگین کرنا الثوب: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔

بَیْنَھُمْ لوگوں میں فساد ڈالنا۔

السَّأْو. س۔ وطن۔ وہ جہت جہاں کا ارادہ کیا جائے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ بَعِیْدُ السَّاوِ" وہ بڑی ہمت والا ہے۔

سَبَّہ(ن) سَبًّا و سِبِّیْبیٰ. سخت گالی دینا۔ مقعد میں نیزہ مارنا (سَبًّا) الحَبْلَ: رسّی کو کاٹنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو زخمی کرنا۔ کونچیں کاٹنا۔

سَبَّبَہٗ. بہت گالی دینا الاَسْبَابَ: اسباب پانا لِلْمَاءِ مَجْرٰی: پانی کے لیے نالی درست کرنا الاَمْرَ: سبب بننا۔

سَابَّہٗ مُسَابَّۃً و سِبَابًا. گالی دینا۔

تَسَبَّبَ. اسباب ڈھونڈنا بِہٖ اِلَیْہِ: وسیلہ بننا بِالاَمْرِ: سبب ہونا۔

تَسَابَّ. الرَّجُلَانِ: باہم قطع تعلق کرنا اور گالی گلوچ کرنا۔

اِسْتَبَّ. القَوْمُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

اِسْتَسَبَّ. لَہٗ: گالی کیلئے پیش کرنا۔

اِسْتَسَبَّ لَہُ الاَمْرُ: کام کا درست ہونا۔

السِّبُّ والسُّبَبَۃ والمِسَبُّ والمَسَبَّۃ. بہت گالی دینے والا۔ السِّبُّ: ج سُبُوْب: رسّی. عمامہ۔ کھونٹی۔ کتاں کا باریک ٹکڑا۔ پردہ۔

السَّبَّۃ. مِنَ الحَرِّ او البَرْدِ او الدَّھْرِ: عرصہ مقعد۔

السُّبَّۃ. انگشت شہادت عِنْدَ المُوَلَّدِیْن: ہفتہ۔

السُّبَّۃ. جس کو لوگ بہت گالی دیں۔ عار۔ بے عزتی۔

السَّبَب. رسّی۔ ذریعہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِی اِلَیْہِ سَبَبٌ" میرے لیے اس کی طرف کوئی راستہ نہیں۔ و "قَطَعَ اللّٰہُ بِہِ السَّبَبَ" اللہ نے اس کی زندگی ختم کر دی۔ دوستی۔ رشتہ داری۔ فِی العُرُوْضِ: دو حرف متحرک یا ایک متحرک اور ایک ساکن۔ ج اَسْبَاب. اَسْبَابُ السَّمَاءِ: آسمان کے اطراف یا آسمان میں چڑھنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "تَعَاطِی الاَسْبَابِ" اس نے اُمورِ معیشت کے اسباب حاصل کیے۔ و "تَقَطَّعَتْ بِھِمُ الاَسْبَابُ" ان کی دوستیاں اور تعلقات ختم ہوگئے۔

السَّبِیْب و السَّبِیْبَۃ. بالوں کا گچھا۔ مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کے دم کے بال۔ گھوڑی کی پیشانی کے بال۔ ایال۔ ج سَبَائِب. کہا جاتا ہے "قَدْ عَقَدُوْا سَبَائِبَ خَیْلِھِم" انہوں نے اپنے گھوڑوں کے دُم کے بال میں گرہ لگائی۔

السَّبِیْبَۃ: کتاں کا باریک ٹکڑا۔

السَّبَّاب. بہت گالی دینے والا۔ مؤنث سَبَّابَۃ.

الاُسْبُوْبَۃ. باعث گالی۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ اُسْبُوْبَۃٌ یَتَسَابُّوْنَ بِھَا" ان کے درمیان گالی کا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔

السَّبَّابَۃ و المِسَبَّۃُ. انگشت شہادت۔

سَبَأَ (ف) سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً. الخَمرَ: شراب کو پینے کیلئے خریدنا۔ الجِلْدَ: کھال اُتارنا الجِلْدَ بالنَّارِ: کھال کو آگ میں جلانا۔

الرَّجُلَ: کوڑے مارنا۔ مصافحہ کرنا۔

النَّارُ الجِلْدَ: آگ کا کھال کو جھلس دینا۔

اَسْبَأَ لِاَمْرِ اللّٰہِ: حکم الٰہی کے لیے جھک جانا۔ عَلَی الشَّرِّ: مطیع ہونا۔

اِنْسَبَأَ. الجِلْدُ: کھال کا اُترنا۔ چھل جانا۔

اِسْتَبَأَ اِسْتِبَاءً. الخَمرَ: شراب کو پینے کے لئے خریدنا۔

السِّبَا و السَّبِیْئَۃ. شراب۔

السَّبَّاء. مے فروش۔

السُّبْأَۃ. دور کا سفر۔

السِّبی. مِنَ الحَیَّۃِ: سانپ کی کینچلی۔

المَسْبَأ. پہاڑی راستہ۔ راستہ۔

سَبَتَ (ن ض) سَبْتًا. ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا۔ آرام لینا الشَّیءَ: کسی چیز کو کاٹنا الرَّاسَ: سر مونڈنا الرَّجُلُ: حیران ہونا الشَّعرَ: بال لٹکانا عُنُقَہ: گردن پر مارنا۔

سُبِتَ. الرَّجُلُ: نیند کا آجانا۔

اَسْبَتَ. ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔

اِنْسَبَتَ. الشَّیءُ: کسی چیز کا دراز ہونا۔ الجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا الوَجْہُ: چہرہ کا لمبا ہونا۔

اِسْتَبَتِ. الیَھُوْدُ: یہودیوں کا ہفتہ کا دن منانا۔

السَّبْت. س۔ سنیچر۔ شنبہ۔ ج اَسْبُت و سُبُوْت. السَّبْت: بہت سونے والا۔ عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا۔ چالاک مرد۔ زمانہ۔ ہفتہ۔ (السَّبْتَۃ) زمانہ کا ایک عرصہ۔

السِّبْت. پکائی ہوئی کھال۔ رنگی یا دباغت دی ہوئی کھال۔

السُّبْت والسَّبْت. خطمی کی مانند ایک پودہ۔

السُّبَات. نیند یا اونگھ۔ زمانہ۔ چالاک مرد۔

اِبْنَا سُبَاتٍ: دن رات (السَّابُوْت) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔

السِّبْتَان. بیوقوف۔

السَّبْتَاء. بیابان۔

السَّبَنْتی. دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت و سَبَاتِی. مؤنث سَبَنْتَاۃ.

السَّبَنْتَاۃ: زبان دراز عورت۔

المُسْبِت. فا. وہ شخص جو مرض وغیرہ کی وجہ سے نہ حرکت کرے نہ آنکھیں کھولے۔

المَسْبُوْت. مف. میت یا بیہوش سر منڈا ہوا۔

تَسَبَّجَ. سیاہ کمبل اوڑھنا۔

السُّبْجَۃ. کالا کمبل۔ ج سُبَج. بغیر آستین کا کرتا۔

السَّبَج. سیاہ مہرے۔

السَّبَّاج. کالا کمبل بیچنے والا۔

ثَوْب (مُسَبَّج) چوڑا کپڑا۔

سَبَحَ (ف) سَبْحًا. الرَّجُلُ: اپنی معاش کیلئے تصرف کرنا۔ سونا اور آرام لینا۔ دور تک نکل جانا عَنِ الاَمْرِ: فارغ ہونا۔ فِی الکَلَامِ: بہت بولنا فِی الاَرْضِ: کھودنا

القوم: پھرنا اور زمین میں پھیلنا (سَبْحًا و سِبَاحَةً. فِي الْمَاءِ و بِالْمَاءِ) تیرنا اور بطور استعارہ کے گھوڑے کی رفتار اور سیارے کی چال کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے (سُبْحَانًا) سبحان اللہ کہنا۔

سَبَّحَ تَسْبِيْحًا. نماز پڑھنا۔ سبحان اللہ کہنا اللہ و لِلّٰہ: خدا کی پاکی بیان کرنا۔

اَسْبَحَهٗ. تیرانا۔

السَّبْحَة. سَبَحَ کا اسم مرۃ۔ کھال کے کپڑے۔

السُّبْحَة. دعا۔ تم کہتے ہو "قَضَيْتُ سُبْحَتِي"، میں نے اپنی دعا پوری کرلی۔ نفل نماز۔ تسبیح۔ سُبْحَةُ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کا جلال۔ ج سُبَح و سُبُحَات و سُبُحَاتُ وَجْهِ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے انوار یا وہ دلائل عظمت جن سے باری تعالیٰ کی تقدیس کی جائے۔

السُّبْحَة. روئی کا ٹکڑا۔

اَلسُّبْحَةُ. پتھر یا لکڑی کے منکے جو کہ لڑی پروئے جاتے ہیں تاکہ اس کے ساتھ مختلف اذکار کئے جائیں۔

سُبْحَان. س. کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰهِ" یعنی میں اللہ تعالیٰ کی عیوب و نقائص سے پاکی بیان کرتا ہوں۔ و "سُبْحَانَ مِنْ كَذَا" موقع تعجب کیلئے اور یہ اضافت کے معنی میں ہے۔ یعنی "سُبْحَانَ اللّٰهِ مِنْ كَذَا" کے معنی میں۔ و "اَنْتَ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ سُبْحَانِكَ"، یعنی جو کچھ تیرے نفس میں ہے اس کا تو زیادہ جاننے والا ہے۔

التَّسْبِحَة. س. تسبیح کے کلمات۔ ج تَسَابِيْح.

السَّابِح. فا. ج۔ سَابِحُوْنَ و سُبَّاح و سُبَحَاء مؤنث سَابِحَة ج سَابِحَاتٌ و سَوَابِح. والسَّابِحُ مِنَ الْخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ السَّوَابِحُ: تیز رفتار گھوڑے۔

السَّابِحَات: کشتیاں۔ ستارے یا مومنین کی ارواح جو آسانی سے قبض کی جاتی ہیں یا فرشتے جو آسمان و زمین کے درمیان تسبیح کرتے رہتے ہیں۔

السَّبَّاح. سَابِح کا مبالغہ۔ بڑا تیراک۔ ج سَبَّاحُوْنَ.

السَّبُوْح. تیراک ج سُبَحَاء. فَرَسٌ سَبُوْحٌ. تیز رفتار گھوڑا جو اپنی رفتار میں اِدھر اُدھر نہ ہوتا ہو۔

السُّبُّوْح والسَّبُّوْح باری تعالیٰ کی صفات میں سے ہے۔ اس لیے کہ اس کی تسبیح کی جاتی ہے۔

ثَوْبٌ (مُسَبَّحٌ) مضبوط کپڑا۔

الْمُسَبِّحَة والسَّبَّاحَة. انگشت شہادت۔

الْمُسَبِّحَة. عِنْدَ الْعَامَّةِ: عوام کے نزدیک بمعنی نفل نماز۔ تسبیح یا تسلی۔

سَبْحَلَ سَبْحَلَةً. سبحان اللہ کہنا۔

السِّبَحْل. موٹا۔ جَارِيَةٌ سِبَحْلَةٌ: موٹی لمبی لڑکی۔

سَبْحَنَ. سبحان اللہ کہنا۔

سَبَخَ (ن) سَبْخًا. گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا۔ دور ہونا۔

سَبِخَ (س) سَبَخًا. الْمَكَانُ: شورے والی ہونا۔ صفت (سَبِخٌ)

سَبَّخَ. عَنْهُ. ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللّٰهُمَّ سَبِّخْ عَنِّي الْحُمّٰى او الشِّدَّةَ"، اے اللہ مجھ سے بخار یا سختی کو ہلکا کردے الْحَرَّ. ٹھنڈا کرنا الْقُطْنَ و نَحْوَهٗ: روئی دھننا الرَّجُلُ: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا الْعِرْقُ: رگ کا ساکن ہونا الْحَرُّ. گرمی کا کم ہو جانا۔

اَسْبَخَ. فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں زمینی شور تک پہنچنا۔ الْمَكَانَ: زمین شور والی ہونا۔

تَسَبَّخَ. الْحَرُّ او الْغَضَبُ: گرمی یا غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْضٌ (سَبْخَة) ج سِبَاخ (و سَبِخَة) ج سَبِخَات: زمین شور۔

السَّبْخَة والسَّبَخَة نمکین و دلدلی زمین۔ کائی کی مانند جو پانی کے اوپر آجائے۔ ج سِبَاخ.

السَّبَاخ. من الارض. ویران کھیت جو جو تا نہ گیا ہو۔

السَّبِيْخ. روئی کا پھایا یا بکھرے ہوئے پر وغیرہ۔

السَّبِيْخَة. دھنکی ہوئی روئی کا گالا۔ ج سَبَائِخ. تم کہتے ہو "طَارَتْ سَبَائِخُ الْقُطْنِ"، روئی کے گالے اُڑے۔

سَبَدَ (ن) سَبْدًا. الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔ شَارِبَهٗ: مونچھوں کا بڑھ کر ہونٹوں کو گھیر لینا۔

سَبَّدَ الشَّعْرُ: بال کا مونڈنے کے بعد نکلنا الْفَرْخُ چوزے کے پر نکلنا اور سخت ہونا الرَّحْلُ سر میں تیل نہ لگانا۔ رَاْسَهٗ سر میں کنگھی کرنا اور تر کرنا پھر چھوڑ دینا۔ شَعْرَهٗ: بال کو جڑ سے مونڈنا الْعُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

اَسْبَدَ. الشَّعْرَ: بال مونڈنا اَلْعُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

السِّبْد. بھیڑیا۔ مصیبت۔ ج اَسْبَاد.

الاَسْبَاد: کالے کپڑے۔ اَسْبَادُ الْعُشْبِ: گھاس کا سرا ابتدائی رونیدگی کے وقت۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ سِبْدٌ مِنَ الْاَسْبَادِ"، وہ چوری میں بڑا ہوشیار ہے۔

السَّبَد. کم بال۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَبَدٌ و لَا لَبَدٌ"، اس کے پاس نہ تو بال ہیں نہ اون یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

السَّبَد. سبز گھاس کا بقیہ۔

السُّبَد. چیتھڑا جس سے حوض کی نالی بند کی جائے۔ بدبختی۔ ج سِبْدَان. ایک قسم کا پرندہ جس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں اور اس کا منہ کشادہ اور سر و چونچ چوڑی ہوتی ہے۔ السُّبَد والسُّبَدَة. پیڑو۔

السِّبَنْدَى. لمبا۔ دلیر۔ چیتا (الف الحاق کیلئے ہے تانیث کیلئے نہیں) ج سَبَانِد. و سَبَانِدَة. السَّبَانِدَة: کھیل کود میں رہنے والے لوگ۔

سَبَرَ (ن ض) سَبْرًا واَسْبَرَ واسْتَبَرَ. الْجُرْحَ او الْبِئْرَ او الْمَاءَ: گہرائی کی

آزمائش کرنا۔
الأمر: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هذه مفازة لاتسبر" اس بیابان کی وسعت کا اندازہ معلوم نہیں۔
السَّبْر: ش۔ شیر (والسِبْر) اصل۔ رنگ۔ جمال۔ ہیئت۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَسَنُ الحِبْر والسِبْر" جبکہ اچھی ہیئت والا اور جمیل ہو "و رأيتُه سَيّئَ السِبْر" جبکہ لاغر اور رنگ بدلا ہوا ہو "و قد غلَب عليه سِبْرُ فُلان" اس پر فلاں کی مشابہت غالب ہے۔ السِبْر: دشمنی۔ ج أسْبار.
السَّبْرَة: ٹھنڈی صبح۔ ج سَبَرات.
السُبَر والسُبَرَة: ایک شکاری پرندہ۔
السِبار: ج سُبرو (المِسْبَر والمِسْبار) ج مَسابر و مَسابير: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔
السِبار: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو بجو کے مشابہ ہوتا ہے۔
اَلسَّابُوْرَة: مٹی وغیرہ اٹھانے کے لئے ٹوکرا۔
السِبارَة: ایک قسم کا جہاز۔
السَابِرِی: سابور کی جانب منسوب۔ عمدہ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔
السَبُّوْرَة: سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔
المَسْبَر: ہیئت و حسن و جمال۔ کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ مَسْبَرَهُ و مَخْبَرَهُ"
المِسْبَار: زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَسابِير.
مَسْبَرَةُ الجرح: زخم کی گہرائی۔
المَسْبَرَة: آزمائش۔
المَسْبُوْر: ش۔ اچھی ہیئت والا۔
سَبْرَتَ الرَّجُلُ: قناعت کرنا۔
السُبْرُت والسُبْرُوْت والسِبْرِيت والسِبْرات: مسکین و محتاج۔ ج سَبارِيت و سَبارِ۔ السُبْرُوْت: تھوڑی چیز۔ امرد لڑکا۔
السُبْرُوْت مِنَ الأرض: چٹیل بیابان۔
المُسَبْرَت: وہ شخص جس کے بال نہ ہوں۔
سَبْسَبَ الماءَ: پانی بہانا الرَّجُلُ: نرم و آہستہ چلنا۔ بری گالی دینا۔
تَسَبْسَبَ الماءُ: پانی بہنا۔
السَبْسَب: بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔ ج سَباسِب اور کہا جاتا ہے "أرضٌ سَباسِب او سُبَاسِب" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔
سَبِطَ(س) سَبَطًا و سَبْطًا و سُبُوْطًا و سَبُطَ(ن) سُبُوْطَةً و سَباطَةً.
الشَعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔
سَبُطَ(ک) سَباطَةً المطرُ: بہت بارش ہونا اور دور تک ہونا۔
سُبِطَ سَبْطًا: بخار ہونا۔
سَبَّطَتِ الناقةُ او النعجةُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (مُسَبِّط)
أسْبَطَ: خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گر کر بے حس و حرکت ہونا بالأرض: چمٹنا فِي نَوْمِهِ: نیند میں آنکھیں بند کرنا عَنِ الأمرِ: غفلت کرنا۔
السِبْط: اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے جیسے حفید کا اطلاق پوتوں پر مِنَ اليَهُوْد: یہ لفظ یہودیوں کے لیے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کیلئے قبیلہ کا لفظ۔ ج أسْباط.
السَبْط والسَبِط مِنَ الشَعْرِ: سیدھے بال۔ السَبْط مِنَ المطرِ: بکثرت بارش۔ ج سِباط. کہا جاتا ہے "هُوَ سَبِطُ اليَدَيْنِ أوْ سَبْطُ البَنان" یعنی وہ فیاض و کریم ہے۔ "و سَبْطُ الجِسْم" عمدہ قد و قامت والا۔
السَبَط: ترو تازہ لمبی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَبَطة) شَعْرٌ سَبِطٌ: سیدھے بال۔ السَبَط: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔
سَباط: بروزن قطام بمعنی بخار۔
سُباط: ایک ترکی مہینہ مطابق ماہ فروری۔ اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے۔)
السُباطة: بال جو کنگھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔
السَّابُوْط: ایک سمندری جانور۔
السَاباط: چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوابِيط و سَاباطات.
السَبَطانَة: نے۔ جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔
إسْبَطَرَّ إسْبِطْرارًا: دراز ہو کر لیٹنا۔
اِسْبَطَرَّتِ الابلُ: تیز چلنا لَهُ البِلادُ: کسی کیلئے ممالک و بلاد کا درست ہونا۔
السِبَطْر: تیز خاطر و چالاک۔ لمبا۔ اسدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمالٌ سِبَطْرَاتٌ" لیٹے ہوئے اونٹ (اس میں تا تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے حمّامات اور رِجالات مذکر کی جمع میں۔)
السُباطِر والسِبَيْطَر: لمبا مرد۔
السِبَطْرى: متکبرانہ چال۔
سَبَعَ (ف ن) سَبْعًا القومُ: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا الحَبْلَ: سات لڑی کی رسی بنانا الشیءَ: سات بنانا الرجلَ: غیبت کرنا۔ گالی دینا الشیءَ: چرانا۔ الذئبُ الغنمَ: بھیڑیے کا بکری کو پھاڑنا۔
سُبِعَتِ الوَحْشِيَّةُ: درندے کا بچے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَة)
سَبَّعَهُ: سات بنانا یا سات گوشہ کا بنانا الإناءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا الله لَكَ: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولاد دینا المرأةُ: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا القومُ: پورے سات سو ہونا۔
سَابَعَهُ مُسَابَعَةً و سِباعًا: گالی گلوچ کرنا۔
أسْبَعَ القومُ: سات ہونا الراعي: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آ پڑنا الشیءَ: سات بنانا المكانُ: بہت درندوں والی ہونا ہ: درندے کا گوشت کھلانا الرجلُ: گھاٹ پر ساتویں دن جانے والے اونٹوں کا مالک ہونا۔ ایسے اونٹوں کو (سَوابِع) کہتے ہیں۔
اِسْتَبَعَ الشیءَ: کسی چیز کو چرانا الغنمَ:

بکری کو پھاڑنا القَوْمُ: سات ہونا۔

السَّابِع. فا. ساتواں۔ ج سَبَعَةٌ و سَابِعُوْنَ.

سَبْعَة. سات۔ مؤنث۔ سَبْع.

السَبْع. سَبْعَة کا مؤنث۔ یَوْمُ السَبْعِ: قیامت کا دن۔ السَبْعُ المَثَانِي. سورۂ فاتحہ یا پہلی سات سورتیں۔ کہا جاتا ہے "طَافَ بِالبَيْتِ سَبْعًا" اس نے بیت کا سات مرتبہ طواف کیا۔

السَبُع والسَبْع والسَبَع. درندہ۔ ج اَسْبُع و سِبَاع و سُبُوع و سُبُوعَة مؤنث سَبُعَة و سَبْعَة. السَبُع مِنَ الطَيْرِ: شکاری پرندہ۔

السُبْع. ساتواں حصہ۔ ج اَسْبَاع. و حُمّى السُبْع: ساتویں روز کی باری کا بخار۔

السِبْع. اونٹوں کا ساتویں دن گھاٹ پر آنا۔

السُبَاعِيّ. سات گوشے والا۔ سات حروف والا لفظ۔ بڑا اونٹ۔ سُبَاعِيّ البَدَنِ: پورے قد و قامت والا۔ مَوْلُوْدٌ سُبَاعِيٌّ: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ۔

السَبْعُوْنَ. مِنَ العَدَدِ: ستر (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)

السَبِيْع. ساتواں حصہ۔

الاُسْبُوْع. ہفتہ۔ ج اَسَابِيع اَرْضٌ (مَسْبَعَة) بہت درندوں والی زمین۔

المُسْبَع. ساتویں مہینے پیدا شدہ بچہ۔ وہ بچہ جس کی ماں مر گئی ہو اور کوئی دوسری عورت دودھ پلائے۔ منہ بولا بیٹا۔

المَسْبُوْع. درندہ سے خائف۔

سَبَغَ (ن) سُبُوْغًا. العَيْشُ: زندگی کا وسیع و فراخ ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا زمین تک لمبا ہونا الشَيْءُ: پورا ہونا اِلَى وَطَنِهِ: مائل ہونا المَطَرُ: بارش کا زمین سے قریب ہونا۔

اَسْبَغَ. اللّٰهُ عَلَيْهِ النِعْمَةَ: نعمت کا کامل کرنا اپوری کرنا الثَوْبَ: کپڑے کا لمبا و کشادہ کرنا الرَجُلُ: پوری زرہ پہننا لَهُ النَفَقَةَ: کسی کے لیے کشادگی سے خرچ کرنا اور تمام ضروریات پوری کرنا۔

السَّابِغ. فا. دِرْعٌ سَابِغَةٌ: پوری زرہ۔ ج سَوَابِغ. ذَنَبٌ سَابِغٌ: لمبی دم۔ سَابِغ الاِلْيَتَيْنِ: بڑے چوتڑوں والا۔

السَبْغَة. آسودگی۔ وسعت۔

اَلتَّسْبِيْغُ: علم عروض والوں کے نزدیک فاعلاتن کے آخر میں حرف ساکن زائد کرنا مقطوع رمل کی قسم میں وہ فاعلاتان ہو جاتا ہے۔

التَسْبِغ والتَسْبِغَة. خود کا وہ حصہ جو زرہ کی کڑیوں سے مل کر گردن کو چھپاتا ہے۔ ج تَسَابِغ (دونوں لفظ فتحہ با سے بھی ہیں۔)

سَبْغَل. اِسْبَغَلَّ الثَوْبُ: کپڑے کا پانی سے تر ہونا الشَعْرُ: بالوں کا تیل سے تر ہونا۔

المُسْبَغِلّ. فراخ و دراز۔

سَبَقَهُ (ن ض) سَبْقًا. اِلَى كَذَا: آگے بڑھ جانا ہ عَلَى كَذَا: غالب ہونا۔ سَبَقَ عَلَى قَوْمِهِ: قوم سے بخشش و کرم میں بڑھ جانا۔ صفت (سَابِق) ج سَابِقُوْن و سُبَّاق.

سَبَّقَهُ. شرط لینا یا دینا الشَاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا الطَيْرَ: پرندہ کے پیر میں بندھن ڈالنا۔ سَبَّقَ البَدْرَةَ بَيْنَ الشُعَرَاءِ: دس ہزار کی تھیلی شعراء کے درمیان رکھنا تا کہ جو غالب ہو وہ لے لے۔

اَسْبَقَ. القَوْمُ اِلَى الاَمْرِ: سبقت کرنا۔

سَابَقَهُ سِبَاقًا و مُسَابَقَةً. آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَابَقْتُ بَيْنَ الخَيْلِ" میں نے گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرایا۔

تَسَابَقَ واسْتَبَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ اِسْتَبَقَا البَابَ او اِلَى البَابِ: دونوں نے دروازے کی طرف آگے بڑھنے کی کوشش کی۔ اِسْتَبَقَا الصِرَاطَ: دونوں آگے بڑھ گئے اور راستہ کو چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ گمراہ ہو گئے۔

السَبَق. ج اَسْبَاق و (السُبْقَة) شرط جو آگے بڑھنے پر رکھی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے هُمَا (سِبْقَانِ) وہ دونوں ایک دوسرے پر سبقت کرنے والے ہیں۔

السَابِق. فا. گھڑ دوڑ کے میدان کا پہلا گھوڑا۔ اس کو مجلی بھی کہا جاتا ہے بقیہ گھوڑوں کے نام ترتیب وار یہ ہیں۔ المُصَلِّي. المُسَلِّي. التَالِي. المُرْتَاح. العَاطِف. الحَظِيّ. المُؤَمَّل. اللَطِيْم. السُكَيْت. ج سَابِقُوْن و سُبَّاق اور کبھی اس کو اسم قرار دے کر سَوَابِق جمع لاتے ہیں۔ جیسے خَاتَم و خَوَاتِم.

السَابِقَة. السَابِق کا مؤنث۔ اولیت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ سَابِقَة فِي هٰذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اولیت حاصل ہے۔ ج سَوَابِق و سَابِقَات. السَوَابِق: گھوڑے۔

السَبَّاق. بہت آگے بڑھنے والا۔

السِبَاق. س۔ پائے بند۔ بندش۔ سِبَاق الخَيْلِ. گھڑ دوڑ۔

السَبُوْق والمُسَبَّق. مِنَ الخَيْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا۔

سَبَكَ (ن ض) سَبْكًا و سَبَّكَ. الفِضَّةَ: پگھلا کر سانچہ میں ڈھالنا الكَلَامَ: کلام کو حشو و زوائد سے پاک کر کے عمدہ بنانا۔ سَبَّكَتْهُ التَجَارِبُ: مہذب بنانا۔

اِنْسَبَكَ. الذَهَبُ و نَحْوُهُ: پگھلنا۔ ڈھلنا۔

السَبِيْك. پگھلا ہوا۔ میل کچیل سے صاف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تِبْر سَبِيْك"

السَبِيْكَة. چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچہ میں ڈھالا گیا ہو۔ ج سَبَائِك.

المَسْبَك. پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ ج مَسَابِك. اِسْبَكَرَّ. دراز ہو کر لیٹنا الاَسَدُ: حملہ کے وقت دراز ہونا۔ اِسْبَكَرَتِ الجَارِيَةُ: پورے قد والی ہونا۔

سَبَلَ (ن) سَبْلًا: گالی دینا۔

سَبَّلَ. المَالَ: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا الشَيْءَ: مباح کرنا السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔

اَسْبَلَ. السِتْرَ: پردہ لٹکانا الدَمْعَ: آنسو بہانا المَاءَ: پانی گرانا الطَرِيْقُ: بہت

آمد ورفت والا ہونا السَّمَاءُ: برسنا الدَّمْعُ او المَطَرُ: بکثرت آنسو بہنا یا بکثرت بارش ہونا الزَّرْعُ خوشہ نکلنا۔
عَلیٰ فُلَانٍ: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔
السَّبَلُ. بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ ناک۔
اَسْبَلَ الدَّمْعُ او المَطَرُ کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ رِمَاحٍ" نیزوں کا مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ "ثِيَابٌ سَبَلٌ" لٹکائے ہوئے کپڑے۔
السَّبَلَة. مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج۔ سِبَال (والسُّبُوْلَة والسَّبُوْلَة) خوشہ۔ کہا جاتا ہے "مَلَا الاِنَاءَ اِلیٰ سَبَلَتِه" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "جَرَّ سَبَلَتَه" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے و "بَعِيْرٌ حَسَنُ السَّبَلَة" باریک کھال والا اونٹ۔ و "جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَه" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔
السَّبِيْل. راستہ یا واضح راستہ (مذکر ومؤنث) ج سُبْل و سُبُل واَسْبُل واَسْبِلَة و سُبُوْل
اِبْنُ السَّبِيْل: مسافر۔ سَبِيْلُ اللّٰه: جہاد۔ طلب علم۔ حج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَكَ عَلَيَّ سَبِيْلٌ" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و "لَيْسَ عَلَيَّ فِي كَذَا سَبِيْلٌ" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَى الْمُحْسِنِ سَبِيْلٌ" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ و "سَبِيْلُنَا اَنْ نَفْعَلَ كَذَا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔
السَّبِيْلَة. راستہ یا واضح راستہ۔
السَّابِلَة. رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "سَبِيْلٌ سَابِلَةٌ" راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِل.
عَيْنٌ (سَبْلَاء) لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَاَةٌ سَبْلَاءُ. مونچھوں والی عورت۔
الاَسْبَل والمُسْبِل والمُسْبَل والمُسَبَّل والمُسَبَّل. لمبی مونچھوں والا۔ المُسْبَل: گوہ۔ جوئے کے تیروں میں سے پانچواں یا چھٹا تیر۔ ماہ ذی الحجہ۔
اَسْبَنَتِ. المَرْاَةُ ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔
السَّبِنِيَّة. عورتوں کا سیاہ تہ بند۔
السَّبْنَتُ والسَّبْنَتَة. عرصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَه سَبْنَتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی۔
السَّبَنْتیٰ. دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت و سَبَات.
السَّبَنْدیٰ. دلیر۔ جنگ میں پیش قدمی کرنے والا۔ ج سَبَانِد.
سُبِه سَبْهًا و سُبِّهَ تَسْبِيْهًا. بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت (مَسْبُوْه و مُسَبَّه)
السَّبَه. بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل۔
رَجُلٌ (سُبَّهٌ و سُبَاهٌ) مغرور مرد۔
السُّبَاه. سکتہ۔ زوال عقل۔
رَجُلٌ (سَبَاهِيٌّ) بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔
المُسَبَّه. فصیح زبان والا۔
سَبَهْلَل. کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبَهْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا۔ یعنی لاپروائی سے آیا یا بغیر کسی کام کے آیا۔ "هُوَ يَمْشِي سَبَهْلَلًا" وہ بیکار آتا جاتا ہے۔
سَبیٰ يَسْبِي سَبْيًا و سِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا الرَّجُلَ. دور کرنا۔ جلاوطن کرنا الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا الحَافِرُ المَاءَ: پانی تک کھودنا فلانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔
اِسْتَبیٰ اِسْتِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا قَلْبَ فُلَانٍ: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔
تَسَابیٰ. القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔
تَسَبّیٰ. فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرانا۔
السَّبْيُ. س۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِسَبْيٍ كَثِيْرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کیلئے اور سَبْی کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔ ج سُبِيّ. و سَبْيُ الحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِيّ. قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِيٌّ و جَارِيَةٌ سَبِيٌّ" ج سَبَايَا سَبِيُّ الحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِيَّة. قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ موتی جس کو غوطہ خور نکالے۔
السَّبِيّ والسَّبَاء. لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔
سَوَابِيٰ. السَّابِيَاء: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی۔
السَّتّ. عیب۔ بری گفتگو۔
السِّتَّة. چھ۔ مذکر کے لیے مستعمل ہے اور مؤنث کے لیے سِتٌّ.
السَّات. چھٹا۔
السِّتُّوْن. ساٹھ (مذکر ومؤنث)
السَّتَب. ایک قسم کی تیز چال۔
سَتَرَ (ن ض) سَتْرًا وسَتَرًا و سَتَّرَ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا۔
سَاتَرَه مُسَاتَرَةً. العَدَاوَةَ: مخفی دشمنی کرنا۔
تَسَتَّرَ واسْتَتَرَ وانْسَتَرَ. چھپنا۔ ڈھک جانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰهِ بِسِتْرٍ" یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں۔
السِّتْر. پردہ۔ خوف۔ حیاء۔ ج سُتُوْر و اَسْتَار کہا جاتا ہے "مَالَه سِتْرٌ ولَا حِجْرٌ" یعنی اسے حیا و عقل نہیں۔ و "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَه" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا۔ یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔
السُّتْرَة. س۔ ڈھال۔
السِّتَار. پردہ۔ ج سُتُر کہا جاتا ہے "مَدَّ اللَّيْلُ سِتَارَه" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا

دیا۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُتْرَةُ. ج سُتَر و (السِتَارَة) ج سَتَائِر: پردہ۔ سُتْرَةُ السَطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار۔

السَتِیْر. چھپا ہوا۔ پاکدامن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِیْرٌ وامْرَأةٌ سَتِیْرَه" ج سُتَراءُ. مثل قُتَلاء و شُهَدَا. و شَجر سَتِیْر: بہت ڈالیوں والا درخت۔

المَسْتُوْر. مفع۔ پاک دامن۔ ج مَسْتُوْرُوْن و مَسَاتِیْر.

السَتَّار. سَاتِر کا مبالغہ اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔

الإسْتَار. مِنَ الْعَدَدِ: چار فِیْ الوَزْنِ: چار مثقال۔ ج أسَاتِر وأسَاتِیْر.

المِسْتَر والإسْتَارَة. پردہ۔

المُسَتَّر. مفع۔ جَارِیَةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین لڑکی۔

المِسْتَع والمُنْسَتِع. چست و چالاک اور بہت کار گزار مرد۔

السَتُّوْق والسُتُّوْق. کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو۔

المُسْتُقَة والمُسْتَقَة. لمبے آستین کی پوستین۔ چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔

سَتَلَ (ن) سَتْلًا وتَسَاتَلَ وانْسَتَلَ واسْتَتَلَ. القَوْمُ: پے درپے یکے بعد دیگرے نکلنا اللُؤلُؤ: موتیوں کا لگاتار بکھرنا الدَمْعُ: آنسو قطرہ قطرہ بہنا۔ صفت (سَائِل)

سَتِلَه (س) سَتَلًا و سَاتَلَهٗ: پیروی کرنا۔

السَتَل. س۔ عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج سِتْلَان و سِتْلَان.

السُتَالَة. ردی چیز۔

المُسْتَل. تنگ راستہ۔ ج مَسَاتِل.

اَسْتَن. الرَجُلُ فِیْ السَنَةِ: قحط سالی میں پڑنا۔

الَاسْتَن والَاسْتَان. بوسیدہ درخت کی جڑیں۔

الإسْتَانه. شہر □۔

سَتَهَ (ف) سَتْهًا. الرَجُل: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔

السَتْه والسِتْه والسَتَه. سرین۔ ج استاه.

الَاسْتَه والسُتَاهِیّ. بڑی سرین والا۔ ج سُتْه و سُتْهَان و ستاهِیّ. مؤنث سَتْهَاء.

سَتَا (ن) سَتْوًا. جلدی کرنا۔

الشَّفَةُ والشِّفَةُ. مِنَ الْاِنْسَانِ: ہونٹ۔ ج شِفَاه وشَفَهَات اور نسبت کے لیے (شِفِيٌّ وشَفَهِيٌّ وشَفَوِيٌّ) اور تصغیر (شُفَيْهَة) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الشَّفَةِ" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهُ فِي النَّاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ و "مَا اَحْسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيْكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمْتُهُ بِبِنْتِ شَفَةٍ" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ شَفَةُ الشَّيْئِ كَالدَّلْوِ: ڈول جیسی چیز کا کنارہ۔

الشَّافِهُ. پیاسا۔

الشُّفَاهِيُّ والْاَشْفَهُ. بڑے ہونٹوں والا۔

الْحُرُوْفُ الشَّفَهِيَّةُ. ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ ب ف م ہیں۔

الْمَشْفُوْهُ. مفع۔ مَاءٌ مَشْفُوْهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَشْفُوْهٌ عَنَّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "هُوَ مَشْفُوْهُ الْمَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور بہت داد و دہش والا ہے۔

شَفَا يَشْفُوْ شَفْوًا. الْهِلَالُ: چاند کا طلوع ہونا الشَّخْصُ: ظاہر ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا الشَّفَا. نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ ہر چیز کا حد و کنارہ۔ تثنیہ شَفَوَان. ج اَشْفَاء. آدمی کے لیے موت کے وقت اور چاند کے لیے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لیے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ مِنْهُ اِلَّا شَفًا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔

الْاَشْفٰی. جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔

شَفٰی يَشْفِيْ شِفَاءً. اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ

المَرضِ: تندرست کرنا۔ صحت یاب کرنا فُلانٌ فُلانًا: کسی کیلئے شفا مانگنا الشَمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (و شَفِيَ (س) شَفِيَ) الهِلَالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔

شُفِيَ المَرِيْضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔

اَشْفٰى اِشْفَاءً فُلانًا: شفا مانگنا عَلَيْهِ: کنارے پر آلگنا اور اسی سے ہے "اَشْفٰی المَرِيْضُ عَلَى المَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آلگا العَلِيْلُ: حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کیلئے) المُسَافِرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا المَرِيْضَ: مفید دوا بتانا۔ تم کہتے ہو "اشفِنِيْ" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو۔ اَشْفَاهُ الشَّيْءَ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔

تَشَفّٰى مِنْ غَيْظِهٖ: غصے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَفّٰى مِنْ فُلانٍ" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہو گیا (واشْتَفٰى) بِكَذَا: شفا حاصل کرنا۔

اَلْمُسْتَشْفٰى - ہسپتال

اِسْتَشْفٰى بِهٖ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يُسْتَشْفٰى بِرَايِهٖ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے المَرِيْضُ مِنْ عِلَّتِهٖ: صحت یاب ہونا۔

الشِفَاءُ. س۔ دوا۔ (مجاز ہے اس لیے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو مسبب کا تھا) ج اَشْفِيَةٌ ج اَشَافٍ.

الشَافِي. فا. مِنَ الاَدْوِيَةِ ونَحْوِهَا: مفید دوا وغیرہ۔ الجَوَابُ الشَافِي: ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو۔

الاِشْفٰى. سُتَالِي. سُوجا. ج اَشَافٍ.

شَقَّ (ن) شَقًّا الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے ہے شَقَّ عَصَاءَ القَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا۔ و"شَقَّ فُلَانٌ العَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا۔

شَقَّ (ن) شَقًّا ومَشَقَّةً. الاَمْرُ: دشوار ہونا عَلٰى فُلَانٍ: مشقت میں ڈالنا البَرْقُ: بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا الفرسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا (شُقُوْقًا) النَبتُ: اگنا نابُ البَعِيْرِ: دانت نکلنا (شَقًّا) الصُبْحُ: فجر طلوع ہونا۔

شَقَّقَ الحطبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا الكَلَامَ: بر محل کہنا۔

شَاقَّهٗ شِقَاقًا ومُشَاقَّةً. مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔

تَشَقَّقَ. اَلحطبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔ الفَرسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَتْ عَصَاهُمْ بالبَيْنِ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

تَشَاقَّ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا الرجُلان. باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوْ ثِيَابَهُمْ: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔

اِنْشَقَّ. الشَيْءُ: شگاف پڑنا الاَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَقَّتْ عَصَاهُمْ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

اِشْتَقَّ. الشيَ: آدھا لینا الكَلِمَةَ مِنَ الكَلِمَةِ مشتق کرنا جیسے الضَرْبُ سے ضَرَبَ الفَرَسُ فِي عَدْوِهٖ: دائیں بائیں جانا فِي الكَلَامِ او الخُصُوْمَةِ: اِدھر اُدھر ہٹ جانا الطَرِيْقَ فِي الفَلَاةِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔

الشَقُّ. س۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ج شُقُوْق.

الشِقُّ. جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ سگا بھائی۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "المَالُ بَيْنِي وبَيْنَكَ شِقَّ اَوْ شَقَّ شَعْرَةٍ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔

الشِقَّةُ. کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شِقَق وشِقَاق.

الشِقَّةُ والشُقَّةُ. دور کا سفر۔ مسافت جس کو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لیے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقق.

الشَقِيْقُ. دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔

الشَقِيْقَةُ. حقیقی بہن۔ باغوں کے درمیان سخت زمین۔ بہت بارش مِنَ البَرْقِ: اُفق آسمان میں پھیلنے والی بجلی۔ آدھا سیسی کا درد۔ ج شَقَائِق. شَقَائِقُ النُعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد۔ شَقِيْقَةُ النُعْمَانِ.

الاَشَقُّ. مِنَ الخَيْلِ: دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فَرَسٌ اَشَقُّ المَنْخِرَيْنِ: وسیع نتھنوں والا گھوڑا۔

المَشَقَّةُ والمِشَقَّةُ. دشواری۔ محنت۔ ج مَشَاقّ ومَشَقَّات.

شَقَأَ (ف) شَقْأً و شُقُوْءًا. النَابُ: دانت نکلنا الشَعْرَ الرَاسِ: مانگ نکالنا اور کنگھا کرنا رَاسَهٗ: سر پھاڑنا فُلانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔

المَشْقَأُ. مانگ۔

المِشْقَأُ والمِشْقَاء والمِشْقَاة. کنگھا۔

شَقُحَ (ک) شَقَاحَةً. قبیح ہونا۔ صفت (شَقِيْح)

شَقَحَ (ف) شَقْحًا. الشَيْءَ: توڑنا الجَوْزَ: گری نکالنا ہ اللّٰهُ: قبیح بنانا الكَلْبُ: کتے کا پیشاب کرنے کے لیے ٹانگ اٹھانا۔

شَاقَحَهُ مُشَاقَحَةً. باہم گالی گلوچ کرنا۔

اَشْقَحَهٗ. دور کرنا (اَشْقَحَ وشَقَّحَ) البُسْرُ: رنگ پکڑنا النَخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شُقْحًا وشَقْحًا) لَهٗ: یعنی اس کے لیے دوری ہو۔

الاَشْقَحُ. سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ. ج شُقْح.

الشُقحِيُّ. سرخ رنگ والا۔
شَقِذَ (س) شَقَذًا. تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شَقَذ وشَقِذ وشَقِيْذ وشقذان)
شَقَذَ (ض) شَقْذًا وشَقِذَ (س) شَقَذًا. دور جانا۔
شَاقَذَهٗ. باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔
اَشقَذَهٗ. دھتکارنا۔
الشَقَذ والشُقَذ والشِقذ. گرگٹ کا بچہ۔ ج شُقْذَان وشُقَاذَی. الشُقذ: س. کہا جاتا ہے "مَالَه شَقَذٌ ولَا نَقَذٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "و هٰذَا لَيْسَ بِه شَقَذٌ ولَا نَقَذٌ" اس میں کوئی اللہ اور نقصان نہیں۔
الشِقْذَان. بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے مکوڑے۔ بھٹ۔ تیتر وغیرہ کے چوزے۔
الشَقَذَان. س ج شِقْذَان و (الشِقْذ والشَقَذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔
الشَقْذَاء. بہت بھوکا عقاب۔
شَقِرَ (س) و شَقُرَ (ک) شَقَرًا وشُقْرَةً. سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (اَشْقَر) مؤنث شَقْرَاء ج شُقْر.
اِشْقَرَّ. گہرا سرخ وزرد رنگ کا ہونا۔
الشَقْر. امر مقصود ودلچسپ۔ ج شقور: کہا جاتا ہے "اَفْضَيْتُ اِلَيْهِ بُشقُوْرِی" میں نے اپنے ان اُمور پر اس کو مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بثّه شُقُوْرَهٗ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔
الشُقَر. مرغ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالشُقَر والبُقَر" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔
اَشْقَرَان بنباتات اور دانوں میں لگنے والی بیماری۔
الشَقِر والشَقِرَان والشُقَّار والشُقَّارَی. ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔
الشَقِرَّاق والشِقِرَّاق. فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شُقُرَّق اور شَرَقْرَق بھی کہتے ہیں۔

شَقشَقَ شَقْشَقَةً. الجَمَل: اونٹ کا بلبلانا الطَيْرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
الشِقْشِقَةُ. بوقت مستی اونٹ کے مُنہ کے جھاگ۔ ج شَقَاشِق اور فصیح کیلئے "هَدَرت شِقْشِقَتُه" کہا کرتے ہیں۔ و "فُلَانٌ شِقشِقَةُ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف و فصیح ہے۔
شَقَّصَ. الذَبِيْحَة: ذبح کیے ہوئے جانور کو حصّہ داروں کیلئے کاٹ کر برابر حصّہ کرنا۔
الشِقْص. حصّہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔
الشَقِيْص. شریک۔ شرکت۔ حصّہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔
المِشْقَص. چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مَشَاقِص.
المُشَقِّص. قصاب۔
الشَقِيْط. مٹی کا مٹکا یا پکی ہوئی مٹی۔
الشَقِيْظ. پکی ہوئی مٹی۔
شَقَعَ (ف) شَقْعًا. فِي الْإِنَاءِ: برتن میں مُنہ ڈال کر پینا۔
الشِقْف. ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے واحد (شِقْفَةٌ)
الشَاقُوْف. عند البَنَّائِيْن: لوہے کا بڑا ہتھوڑا۔ فصیح لفظ مِلْطَاس اور مِلْطَس ہے۔
شَقَلَ (ن) شَقْلًا. الدراهِمَ: تولنا المَرْأةَ: جماع کرنا۔
شَوْقَلَ شَوْقَلَةً. حلیم و بردبار ہونا۔
الشَاقُوْل. معماروں کا سا ہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔
شَقَنَ (ن) شَقْنًا واَشْقَنَ. العَطِيَّة: کم دینا۔ واَشْقَنَ الرَجُلُ: کم مال ہونا۔
شَقُنَ (ک) شُقُوْنَةً. العَطَاءُ: کم ہونا۔ صفت (شَقْنٌ وشَقِنٌ وشَقِيْنٌ)
المِشْقَن. ہنگا (جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ)
شَقَا يَشْقُوْ شَقْوًا واَشْقَى اللّٰهُ فُلَانًا: بدبخت بنانا۔ اَشْقٰى شَعْرَهٗ. کنگھی کرنا۔

شَقِيَ يَشْقٰى شَقًا وشَقَاءً وشَقَاوَةً وشِقَاوَةً وشَقْوَةً وشِقْوَة. بدبخت ہونا۔ صفت (شَقِيٌّ) ج اَشْقِيَاء.
شَاقٰى. فُلَانًا: بدبخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شَاقَانِیْ فَشَقَوْتُه" اس نے بدبخت ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت رہا ٥ فِي الحَرْب: لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا ٥ عَلٰى كَذَا: صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَاقِي. فا مِنَ الجِبَالِ: پہاڑ کا لمبا نکلا ہوا گوشہ۔ ج شَوَاقٍ وشُقْيَان.
الشَقَا والشِقَاء. س. سختی۔ بدبختی۔
المِشْقٰى. کنگھی۔
شَكَّ (ن) شَكًّا. فِي الْأَمْرِ: شبہ کرنا۔ صفت فاعلی (شَاكٌّ) اور صفت مفعولی (مَشْكُوْك) فِيْهِ عَلَيْهِ الْأَمْرُ: مشتبہ ہونا ٥ بالرُمْح: ہڈی تک چھیدنا۔ شَكَّت الشَوْكَةُ رِجْلَهٗ: کانٹا چبھنا۔ شَكَّ القَوْمُ بُيُوْتَهُمْ: گھروں کو ایک طرز یا ایک قطار میں بنانا الخَيَّاطُ الثَوْبَ: کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا اِلَيْهِ البِلَادَ: طے کر کے پہنچنا الشَّیْءَ اِلَى الشَّیْءِ: ملانا عَلَيْهِ الامرُ: دشوار ہونا فِي السِلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ صفت (شَاكُّ السِلَاحِ و شَاكٌّ فِي السِّلَاحِ) ج شُكَّاك.
شَكَّ (س) شَكًّا. فُلَانًا و اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
شَكَّكَهٗ. شک و شبہ میں ڈالنا۔
تَشَكَّكَ. فِي الْأَمْرِ: شبہ کرنا۔
الشَكُّ. س. شبہ۔ ہڈی میں تھوڑی سی درز۔ ایک دوا جو چوہوں کیلئے قاتل ہے۔ ج شُكُوْك.
الشِكَّة. اسم نوع۔ ہتھیار۔ لکڑی وغیرہ کا پچڑ جو کلہاڑے کے سوراخ کو تنگ کرنے کیلئے لگاتے ہیں۔ ج شِكَك اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْتَلِفُ الشِكَّة" فلاں مختلف اخلاق والا ہے۔

الشُکَّۃ. مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا شُکَّۃٌ بَعِیْدَۃٌ" ان دونوں کے درمیان بڑی مسافت ہے۔

الشَاکَّۃ. الشاكّ کا مؤنث گلے کی سوجن۔

ج شَوَاكٌّ. بُیُوتٌ (شِکَاكٌ) ایک قطار کے مکانات۔

الشِکَاکَۃ. زمین کا گوشہ۔

الشَکِیْکَۃ. طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "دَعْہُ عَلٰی شَکِیْکَتِہٖ" اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ میوہ کی ٹوکری۔ ج شَکَائِكُ و شُکُكٌ.

اَلْمِشَكُّ. سوراخ کرنے کا آلہ۔ زرہ۔ ج مَشَاكٌّ.

شَکَرَ (ن) شُکْرًا و شُکُوْرًا و شُکْرَانًا. الرَّجُلَ ولَہٗ (و باللام اَفْصَح) شکریہ ادا کرنا۔ شکر کرنا۔ بہتر سلوک پر تعریف کرنا اور کہاجاتا ہے "شَکَرَ اللّٰہُ سَعْیَكَ" یعنی اللہ تمہاری کوشش کی جزادے و "شَکَرْتُ لِفُلَانٍ نِعْمَتَہٗ" میں نے فلاں کی نعمت کا شکریہ ادا کیا۔ و "شَکَرَ اللّٰہَ و لِلّٰہِ وباللّٰہِ ونِعْمَۃَ اللّٰہِ وبِنِعْمَۃِ اللّٰہِ" اس نے اللہ کا شکر یا اللہ کی نعمت کا شکر ادا کیا۔ صفت (شاکر) ج شَاکِرُوْنَ وشُکَّر. شَاکِرُ رَبِّہٖ: ایک قسم کی گھاس۔

شَکِرَتْ (س) شَکَرًا. النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بھرے ہوئے تھن والی ہونا۔ صفت (شَکِرَۃٌ) ج شَکِرَات وشَکَارَیٰ وشَکْرَیٰ و (مِشْکَار) الشَّجَرَۃُ: درخت کا جڑ میں سے شاخ نکلنا الرَّجُلُ: بخل کے بعد سخی ہونا۔

اَشْکَرَ. الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ صفت (شَکْرَان) مؤنث شَکْرَیٰ. ج شُکَارَیٰ و شَکَارَیٰ. عَیْنٌ شَکْرَیٰ: آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ اشْکَرَ الشَّجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا۔

شَاکَرَہٗ. شکر گزاری دکھلانا۔ الحَدِیْثَ: گفتگو شروع کرنا۔

اِشْتَکَرَ. الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔

اِشْتَکَرَتِ الرِّیَاحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ السَّمَاءُ: بارش لانا۔ الرَّجُلُ فی عَدْوِہٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ اِشْتَکَرَ البَرْدُ او الحَرُّ: سردی یا گرمی کا تیز ہونا۔ الشَّجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا۔ الجَنِیْنُ: رواں نکلنا۔

تَشَکَّرَ. لَہٗ: شکر ادا کرنا۔

الشَّکُوْر. بہت شکر گزار (مذکر و مؤنث) ج شُکُر. الشَّکُوْرُ فی اَسْمَائِہٖ تَعَالٰی. تھوڑے عمل کا زیادہ بدلہ دینے والا۔

الشَّکِیْر. بڑے درختوں کی جڑ میں جو شاخ نکل آئے۔ بڑوں میں چھوٹے (پودے یا گھاس یا پر یا بال) بال جو چہرہ اور پس گردن کے متصل ہوں۔ درخت کی ڈاڑھی۔ شَکِیْرُ الْاِبِلِ. چھوٹے اونٹ۔ ج شُکُر.

الشَّکْرَۃ. اسمرۃ (والشَّکْرِیَّۃ) تھنوں کا دودھ سے بھرنا۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ (مَشْکَرَۃٌ) یعنی دودھ والا پودہ۔

الشُّکْرَان. شکر گزاری۔

الشَّوْکَرَان والشَّیْکَرَان والشَّیْکُرَان. ایک زہریلا پودہ۔ (دخیل)

الشَّاکِرِیُّ. خادم۔ نوکر۔ چاکر۔ ج شَاکِرِیَّۃ (دخیل)

الشَّاکِرِیَّۃ. خادم کی اُجرت۔ عوام شَاکِرِیَّۃ کو ٹیڑھے سر والی چھری کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

الشَّکَائِر. پیشانیاں۔

شَکَزَہٗ (ن) شَکْزًا. اُنگلی چبھونا۔ زبان سے تکلیف دینا۔ شَکَزَہٗ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

الشَّکِز والشَّکَز. بد خلق۔

الشَّکَّاز. شاکز کا مبالغہ۔ جنگجو۔

شَکُسَ (ک) شَکَاسَۃً وشَکِسَ (س) شَکَسًا. بخیل ہونا۔ درشت خو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ صفت (شَکِسٌ وشَکْسٌ) ج شُکْسٌ.

شَاکَسَہٗ مُشَاکَسَۃً. مخالفت کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔

تَشَاکَسَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللَّیْلُ والنَّھَارُ یَتَشَاکَسَانِ" دن اور رات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

الشَّکِیْس. نحوست۔

المِشْکَس. بخیل۔ سخت مزاج۔

الشَّکْس. نئے چاند نکلنے سے ایک دو دن پہلے۔

□ الشَّکِص والشَّکِیْص. بد خلق۔

الشَّکِیْصَۃ: اونٹنی جس کے نہ تو تھن میں دودھ ہو نہ حاملہ ہو۔

الشِّکَاص. ناہموار دانتوں والی عورت۔

شَکِعَ (س) شَکَعًا. المَرِیْضُ: بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاکِعٌ وشَکِعٌ وشَکُوْعٌ) الزَّرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔

اَشْکَعَہٗ. غضبناک کرنا۔ ملول کرنا۔ تنگ دل کرنا۔ زچ کر دینا۔

شَکَلَ (ن) شَکْلًا وشَکَّلَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ شَکَلَ وشَکَّلَ العِنَبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَکَلَ وشَکَّلَ الکِتَابَ: اعراب لگانا۔ شَکَلَ وشَکَّلَ الدَّابَّۃَ بالشِّکَالِ: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ شَکَّلَ الشَّیْءَ: تصویر بنانا۔ شَکَلَتْ وشَکَّلَتِ المَرْاَۃُ شَعْرَھَا: دائیں اور بائیں جانب زلف کی دو لٹیں بٹنا۔

شَکِلَ (س) شَکَلًا. سرخ سفید ہونا الشَّیْءُ: سفید مائل بسرخ ہونا المَرْاَۃُ: عورت کا ناز و انداز والی ہونا۔

اَشْکَلَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے اَشْکَلَتْ عَلَیَّ الاَخْبَارُ میرے اوپر خبریں مشتبہ ہو گئیں۔ العِنَبُ: انگور پکنے لگنا النَّخْلُ: درخت خرما پک کر تیار ہونا الکِتَابَ: اعراب لگانا الشَّیْءُ: مشکل ہونا المَرِیْضُ: بیمار کا صحت کے قریب ہونا۔

شَاکَلَہٗ مُشَاکَلَۃً. مشابہ ہونا۔ موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فُلَانٍ مُشَاکَلَۃٌ مِنْ اَبِیْہِ" اس میں اُس کے باپ کی مشابہت ہے۔

تَشَکَّلَ. صورت اختیار کرنا العِنَبُ: انگور پکنے لگنا۔

اِشْتَکَلَ واِسْتَشْکَلَ. الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔

الشَّکْلُ. س۔ مشابہت۔ مثل۔ نظیر۔ مشکل معاملہ۔ قصد وارادہ۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُهٗ عَنْ شَکْلِ فُلَانٍ" میں نے فلاں کے ارادہ کو دریافت کیا۔ عورت کا ناز و انداز۔ محسوس یا متوہم چیز کی صورت شکل مثلاً گولائی؛ کجی۔ سیدھا پن وغیرہ۔ ج اَشْکَال وشُکُوْل.

الاَشْکَالُ: چاندی یا موتیوں کے زیورات جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوتے ہیں اور جن کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں اور کہا جاتا ہے "اُمُوْرٌ اَشْکَالٌ" یعنی مشتبہ اُمور۔ شکْلُ الکِتَابِ: کتاب کی حرکات۔ الشَّکْلَة: ایک حرکت مثلاً زیر، زبر یا پیش۔

الشِّکْل. مثل۔ عورت کا ناز وانداز۔

الشُّکْلة. سرخی مائل بہ سفیدی (والشَّاکِلُ) مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ شُکْلَةٌ اَوْ شَاکِلٌ مِنْ اَبِيْهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ اِمْرَاَةٌ (شَکِلَةٌ) ناز وانداز والی عورت۔

الشِّکَال. جانور کا پائے بند۔ ڈوری جو اونٹ کے پیش بند اور تنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی ٹانگ اور پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن۔ ج شُکُلٌ. الشِّکَالُ فِي الخَيْلِ: تین ٹانگوں کا سفید اور ایک دوسرے رنگ کا ہونا یا اس کے برعکس۔

الشَّاکِلَةُ. الشَّاکِلُ کا مؤنث۔ شکل۔ جانب۔ جیسے شَاکِلَةُ الطَّرِيْقِ. طریقہ مذہب۔ نیت۔ حاجت۔ کوکھ۔ ج شَوَاکِل. اور اسی سے ہے "اَصَابَ شَاکِلَةَ الصَّوَابِ" اس نے طریقہ صواب پالیا۔ و "فُلَانٌ يَرْمِيْ بِرَايِهِ الشَّوَاکِلَ" یعنی فلاں وجوہ صواب کو پالیتا ہے۔ الشَّوَاکِل. بڑے رستے سے نکلے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے هٰذَا طَرِيْقٌ ذُوْ شَوَاکِلَ. یہ راستہ ایسا ہے جس سے مختلف راستے نکلتے ہیں۔

الاَشْکَل. سفید مائل بسرخی۔ آنکھوں کی سفیدی میں سرخی والا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَشْکَلُ بِهٖ" اس کے مشابہ ہے۔ ج شُکْلٌ.

الشَّکْلَاء. اَشکل کا مؤنث۔ حاجت۔

الشَّوْکَلَة. ناحیہ۔ جانب (الشَّوْکَل) کا واحد بمعنی عوسج۔ اور عوسج ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔

الاَشْکَلَة. التباس۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ اَشْکَلَةٌ مِنْ اَبِيْهِ" اس کے اندر اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ حاجت جو انسان کو پابند کردے۔ تم کہتے ہو "لنا عِنْدَهٗ اَشْکَلَةٌ" اس کے پاس ہماری حاجت ہے۔

الشَّکِيْل. خون آمیز جھاگ جو لگام کے لوہے پر ظاہر ہو۔

المُشْکِل والمُشْکِلَة. امر دشوار یا امر مشتبہ۔ ج مَشَاکِل و مُشْکِلَات.

المَشْکُوْل. مِنَ الخَيْلِ: تین ٹانگوں میں سفیدی اور ایک ٹانگ میں دوسرے رنگ والا۔ پائے بند سے بندھا ہوا۔

المُشَکَّل. صورت وشکل والا۔

شَکَمَهٗ (ن) شَکْمًا دینا۔ بدلہ دینا۔ فلانًا: رشوت دینا۔

شَکَمَه (ن) شَکْمًا وشَکِيْمًا. دانت سے کاٹ لینا۔

شَکِمَ (س) شَکَمًا بھوکا ہونا۔

اَشْکَمَه. بدلہ دینا۔

الشُّکْمُ والشُّکْمٰی. ثواب۔ بدلہ۔ عطیہ۔

الشَّکِم. شیر۔

الشَّکِيْمَة. تکبر۔ ظلم کی داد رسی۔ عہد۔ طبیعت۔ چھپّا۔ زہر۔ مشابہت مِنَ اللِّجَامِ: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔ ج شَکَائِم وشُکُم وشَکِيْم اور اسی سے ہے "فُلَانٌ ذُوْ شَکِيْمَةٍ" او شَدِيْدُ الشَّکِيْمَةِ یعنی فلاں خود دار اور غیرت مند ہے۔

شَاکَهَه شِکَاهًا ومُشَاکَهَةً. مشابہ ہونا۔

اَشْکَهَ. الاَمْرُ: دشوار ہونا۔

تَشَاکَهَا. باہم مشابہ ہونا۔

شَکَا يَشْکُوْ شَکْوًی وشَکْوًا وشَکَاةً وشَکَاوَةً وشِکَايَةً وشَکِيَّةً. اِلَيْهِ زَيْدًا: شکایت کرنا۔ شکایت کرنے والے کو (شَاكٍ) جس کی شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ ومَشْکِيٌّ) اور جس سے شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ) اِلَيْهِ اور شکایت کو (شَکْوٰی) کہتے ہیں۔ شَکَا الاَمْرَ او العِلَّةَ: ذکر کرنا یا درد مند ہونا مَرْضَه لِلطَّبِيْبِ: طبیب سے مرض کی کیفیت بیان کرنا اَمْرَهٗ اِلَى اللّٰهِ ظاہر کرنا۔

شَکَا يَشْکُوْ شَکْوًا وشَکْوٰی وشَکَاةً. المرضُ فُلَانًا: الم پہنچانا۔ درد مند بنانا۔

شَکّٰی تَشْکِيَةً. الشَّاکِيَ: شکایت قبول کرنا۔

اَشْکٰی اِشْکَاءً. فُلَانًا: شکایت قبول کرنا۔ شاکی پانا۔ کسی کے سامنے شکایت اور تکلفات شوق کو بیان کرنا۔ کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا کہ وہ شکایت کرنے پر مجبور ہو۔ کسی سے شکایت کو زائل کر دینا فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کوئی چیز کسی کی خوشنودی کے لیے لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَشْکِيْ بِکَذَا" وہ فلاں چیز کے ساتھ متہم ہے۔

شَاکَاه. شکایت کرنا۔

تَشَکّٰی. بیمار ہونا اِلَيْهِ: شکایت کرنا۔ مِن جُرْحٍ: درد مند ہونا۔

اِشْتَکٰی. بیمار ہونا اِلَيْهِ: شکایت کرنا مِن جُرْحِه: درد مند ہونا۔

تَشَاکٰی تَشَاکِيًا. القَوْمُ: باہم دگر شکایت کرنا۔

الشَّکْو والشَّکْوٰی والشَّکَاء والشَّکَاة والشَّکْوَاء. بیماری۔ الشَّکْوٰی: جس چیز کی شکایت کی جائے۔ ج شَکَاوٰی. الشَّکْو: چھوٹا اونٹ۔

الشَّکْوَة. شکا کا اسم مرة۔ شکو بمعنی مرض کا واحد ج شَکَوَات وشِکَا (والشُّکَيَّة) پانی یا دودھ کا چمڑے کا برتن۔

الشَّکِيُّ. جس کی شکایت کی جائے۔

دردمند۔ مؤنث شَكِيَّةٌ. ج شَكَايَا (والشَاكي) معمولی بیمار رَجُلٌ شَاكِي السِلَاحِ: ہتھیار بند صاحب شوکت ورعب مرد (بھَائِك کا مقلوب ہے۔)

الشَكَاة. عیب۔

المِشْكَاة. طاق۔ چراغ رکھنے کا طاق۔ چراغ دان۔

شَكَى يَشْكِيْ شَكْيًا. اِلَيْهِ: شکایت کرنا۔

الشَكِيَّةُ. بقیہ۔

شَلَّ (ن) شَلًّا. الثَوْبَ: کپڑے میں ہلکی سلائی کرنا۔ شَلَّتِ العَيْنُ دمْعَها: آنکھ کا آنسو بہانا الدِرْعَ وشَلَّهَا عَلَيْهِ: زرہ پہننا الشَيْءَ: کاٹنا۔

شَلَّ (ن) شَلًّا وشَلَلًا. الابِلَ: اُونٹوں کو بھگانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ فُلَانٌ يَشُلُّهُمْ بالسَيْفِ" فلاں گزرا اس حال میں کہ لوگوں کو تلوار سے بھگا رہا تھا۔ والصُبْحُ يَشُلُ الظَلَامَ" صبح تاریکی کو دور کر دیتی ہے۔

شَلَّتْ (س) شَلًّا وشَلَلًا وشُلَّتْ و اُشِلَّت اِشْلَالًا. يَدُهٗ: خشک ہونا۔ لنجا ہونا۔ ایسے ہاتھ کو (شَلَّاء) اور ایسے ہاتھ والے کو (اَشَلَّ) کہتے ہیں۔ جو شخص اچھی طرح تیر چلائے یا نیزہ بازی کرے اس کے لیے دُعاء کے طور پر کہتے ہیں "لَا شُلَّتْ يَدَاكَ اولَا شُلَّتْ عَشْرُكَ" تمہارے ہاتھ یا تمہاری دس انگلیاں بیکار نہ ہوں۔

اَشَلَّ. بیمار ہاتھ والا ہونا۔

اِنْشَلَّ. المَطَرُ: برسنا السَيْلُ: سیلاب بڑھنا شروع ہونا الذِئبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑیئے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔ اِنشَلَّتِ الاِبِلُ: بھاگنا۔

شَلَالِ. مبنی على الكسر: شَلَّلَ کا اسم ہے۔ تیر انداز کے لیے دُعا کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "لَا شَلَالِ" بمعنى لا شُلَّتْ يَدُكَ.

الشَلَل. مص۔ کپڑے کا داغ جو دھونے سے بھی نہ جائے۔ ہاتھ کی خرابی۔

الشُلَل والشُلُل والشَلُوْل. تیز۔ خوش مزاج۔

الشِلَال. متفرق لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ شِلَالًا" اونٹوں کو بھگاتے ہوئے لوگ آئے۔

الشَلَّةُ. اسم (ج والشُلَةُ والشُلىّ) دور کا مقصد۔ جہت سفر۔

الشَلِيْل. اونی کپڑے کا ٹکڑا جس کو کجاوہ کے پیچھے جانور کے سرین میں ڈالتے ہیں۔ چھوٹی زرہ جو بڑی زرہ کے نیچے پہنی جائے۔ کرتہ جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔ وادی میں پانی بہنے کا بڑا نالہ۔ ج اَشِلَّة.

الشَلَّال. آبشار۔ ج شَلَّالَات.

المِشَلَّ. گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔ رَجُلٌ مِشَلٌّ: سبک دست۔ تیز۔ خوش مزاج۔

شَلَّحَهُ تَشْلِيْحًا. ننگا کرنا۔

الشَلْحَاء والشَلْحى. تیز تلوار۔ ج شُلْح.

المُشَلَّح. حمام کا کمرہ جس میں کپڑے اُتارے جائیں۔

شَلَخَه (ن ف) شَلْخًا. بِالسَيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔

الشَلْخُ. مص۔ اصل۔ جڑ۔ آدمی کی اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُو شَلْخ سُوءٍ" وہ بُری اولاد ہے۔

شَلْشَلَ شَلْشَلَةً وشِلْشَالًا. المَاءُ: پانی ٹپکنا المَاءَ وبالمَاءِ: پانی متفرق چھڑکنا المَاءَ: پانی ٹپکانا السَيْفُ الدَمَ: گرانا۔ صفت مفعولی (شَلْشَل ومُشَلْشِل ومُشَلْشَل)

تَشَلْشَلَ. المَاءُ: پانی کا پھینکنا۔ بکھرنا السَيْفُ بالدَمِ: گرانا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وجُرْحُهُ يَتَشَلْشَلُ دَمًا" وہ اس حال میں آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔

الشَلْشَال. ٹپکنے والی مشک۔ مَاءٌ شَلْشَلٌ: لگاتار ٹپکنے والا پانی۔ مَاءٌ ذُوْ شَلْشَلٍ: ٹپکنے والا پانی۔ (الشَلْشَل والشُلْشُل) مِنَ الرِجَالِ: تیز و سبک دست۔ خوش مزاج۔

الشَلْطُ والشَلْطَاءُ. چھری۔

الشِلْطَة. باریک اور لمبا تیر۔ ج شِلَط.

شَلَغَ (ف) شَلْغًا. الرَاسَ: کچلنا۔ توڑنا۔

الشِلْف. مِنَ الحَدِيْدِ عِنْدَ العَامَّةِ: لوہے کی سلاخ۔

الشَالُوْف. عِنْدَ العَامَّةِ: آبشار۔ آبشار گرنے کی جگہ۔

الشَلَّافَة. مِنَ النِسَاءِ: بدکار عورت۔

شَلَقَهٗ (ن) شَلْقًا. لمبا پھاڑنا یا چیرنا۔ بالسَوْطِ: کوڑے سے مارنا۔

الشِلْق والشَلِق. نرم کانٹوں والی ایک مچھلی۔ ج اَشْلَاق.

الشِلْقَاء. چھری۔

الشَلْقَة والشِلْقَة. گوہ کے انڈے۔

الشَلَقَة. گھوڑوں کو سدھانے والے۔

الشَلَقَة: موگری جس سے کسی چیز کو توڑیں۔

الشَلَّاق. فقیروں کا تھیلا۔

الشَوْلَقِيّ. مٹھائی بیچنے والا یا مٹھائی کی زیادہ خواہش رکھنے والا۔

المِشْلِيْق. ہنستے وقت مُنہ کھولنے والا۔

الشَيْلَمْ والشَوْلَمْ والشَالَمْ. ایک قسم کا کڑوا دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے۔

الشِلَّم. چنگاری۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتطايَرُ شِلَّمَه" فلاں کے غُصہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔

شَلَا يَشْلُوْ شَلْوًا. چلنا الشَيْءَ: بلند کرنا۔

اَشْلى اِشْلَاءً. الكَلْبَ على الصَيْدِ: کتے کو شکار پر اُکسانا۔ بھڑکانا النَاقَةَ: اونٹنی کو دودھنے یا چارہ کے لیے بلانا۔

اِشْتَلى. فُلَانًا: چھڑانا۔

اِسْتَشْلى. غضبناک ہونا: چھڑانا۔

الشِلْو. عضو۔ اونٹنی کا بچہ۔ ہر پوست کشیدہ جس میں کچھ کھا لیا گیا ہو اور کچھ باقی رہ گیا ہو۔ ج اَشْلَاءُ. اَشْلَاءُ اللِجَامِ: لگام کے تسمے جو پرانے ہوں۔ اَشْلَاءُ الانْسَانِ: اعضاء انسانی۔ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَان اَشْلَاءٌ فِي بَنِي فُلَان" بنو فلاں بقایا ہیں بنو فلاں کے۔

الشِلْو والشَلَاءُ. ہر چیز کا جسم۔

المُشَلَّى. لاغر و نحیف۔

شَمَّ (س ن) شَمًّا و شَمِیْمًا و شَمِیْمٰی. الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھنا (شَمَمًا) تکبر کرنا۔ الجَبَلُ: اَوِ الاَنْفُ: چوٹی بلند ہونا۔ صفت (اَشَمُ و شَمِیْم)

شُمَّ. آزمائش کیا جانا۔

شَمَّمَ. الزَهْرَ: پھول سونگھنا ہ الزَهْرَ: پھول سونگھانا۔

اَشَمَّ. سر اُٹھا کر گزرنا الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھانا عَنِ الاَمْرِ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔ اَشَمَّ القَارِئُ الحَرْفَ: اشمام کر کے وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشْمِمْنِیْ یَدَکَ" مجھے اپنا ہاتھ دو۔ و "عَرَضْتُ عَلَیْهِ کَذَا فَاِذَا هُوَ مُشِمٌّ لَا یُرِیْدُهٗ" میں نے اس پر فلاں چیز پیش کی اس نے ناک بھوں چڑھالی۔ اس کی خواہش اسے نہیں۔

شَامَّاً مُشَامَّةً و تَشَامًّا تَشَامًّا. ایک دوسرے کو سونگھنا۔

اِشْتَمَّ. الشئَ: سونگھنا۔

تَشَمَّمَه. آہستہ آہستہ سونگھنا۔

اِسْتَشَمَّهٗ. سونگھنے کی درخواست کرنا۔ سونگھنا۔

الشَمّ. مص۔ سونگھائی۔

الشَامَّة. سونگھنے کی حس۔

الشَمَم. مص۔ نزدیکی۔ دوری (ضد) ناک کے بانسہ کی بلندی حسن و ہمواری کے ساتھ۔

الشَمِیْمُ. مص۔ بلند۔ عمدہ خوشبو۔

الاَشَمَّ. مغرور سردار۔ کریم۔ اُونچی ناک والا۔ مؤنث شَمَّاء. ج شُمٌّ.

الشَمَّام والشَمُوْم. بہت سونگھنے والا۔

الشَمَّام: ایک قسم کا زرد رنگ کا خربوزہ۔ واحد (شَمَّامَةٌ) ج شَمَّامَاتٌ. الشَمَامَات: عمدہ خوشبوئیں۔

الاِشْمَام. عِنْدَ الْقُرَّاءِ والنُحَاةِ: بغیر آواز کے ہونٹ سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔

المَشْمُوْمُ. مع۔ جو چیز سونگھنے سے معلوم ہو۔ مشک۔

شَمِتَ (س) شَمَاتًا و شَمَاتَةً بِفُلَان: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ صفت فاعلی (شَامِتٌ) ج شُمَّاتٌ. اور صفت مفعولی (مَشْمُوْتٌ) بِهٖ.

شَمَّتَ. العَاطِسَ و شَمَّتَ عَلَیْهِ: یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ کر دُعا کرنا۔ یا دُعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلا نہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے ہ: محروم کرنا۔ شَمَّتَ بَیْنَهُمَا: جمع کرنا۔

اَشْمَتَهٗ. اللّٰهُ بَعُدوِّهٖ: دشمن کے غم سے خوش کرنا۔

تَشَمَّتَ. القَوْمُ: بلا غنیمت کے محروم واپس آنا۔

الشَامِتُ. فا. ج شُمَّاتٌ.

الشَامِتة. الشَامِت کا مؤنث۔ جانور کی ٹانگ۔ ج شَوَامِت. کہا جاتا ہے "بَاتَ بِلَیْلَةِ الشَوَامِت" اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری جس پر خوش ہونے والی عورتوں نے خوشی منائی۔ و بَاتَ طَوْعَ. الشَوَامِت. مصیبت پر خوش ہونے والی عورتوں کی خواہش کے مطابق اس نے رات گزاری۔

الشِمَات والشَمَاتَی. محروم لوگ (جمع ہے واحد نہیں) کہا جاتا ہے "رَجِعَ الْقَوْمُ شِمَاتًا او شَمَاتٰی" قوم محروم واپس آئی۔

اَلشَّمَانْیَا فرانسیسی دوپٹہ وہاں کے شہر کے نام پر۔

شَمَجَ (ن) شَمْجًا. الشئَ: ملانا الثَوْبَ: کپڑے کو دُور دُور سینا۔ شَمَجَهٗ عن کَذَا: الگ کرنا فُلَانًا:

الشَمَاج. انگور کا وہ حصہ جو کھانے کے بعد پھینک دیا جائے۔ کہا جاتا ہے "ما ذُقْتُ شَمَاجًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔ نَاقَةٌ (شَمَجٰی) تیز رفتار اونٹنی۔

شَمْجَرَ. الرَجُلُ: خوفزدہ کی طرح دوڑنا۔

الشَمْحَط والشِمْحَاط والشُمحُوْط. بہت لمبا۔

شَمَخَ (ف) شَمْخًا و شُمُوْخًا. الجبلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔ صفت (شَامِخٌ) ج شُمَخٌ. مؤنث شَامِخَة ج شَوَامِخ و شَامِخَات (و شَمَّخَ) اَنْفَه و بِاَنْفِهٖ: تکبر سے ناک چڑھانا۔ صفت (شَمَّاخ)

تَشَامَخَ. بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔

تَشَمَّخَ. بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔

الشَامِخ. فا. نَسَبٌ شَامِخٌ: شریف نسب رَجُلٌ شَامِخٌ: متکبر مرد۔

الشَمَّاخ. شَامِخٌ کا مبالغہ جَبَلٌ شَمَّاخ: بہت بلند پہاڑ مَفَارَةٌ (شَمُوْخٌ و شَمَخ) دور اطراف والا۔ بیابان۔

شَمْخَر شَمْخَرَةً. تکبر کرنا۔

اِشْمَخَرَّ اِشْمِخْرَارًا. الشئُ: طویل ہونا الجَبَلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔

الشُمَّخْر والشِمَّخْر. متکبر مرد۔ بلند نظر۔ موٹا آدمی یا اونٹ۔

الشَمْذَرُ والشِمذَرُ والشِمْذار تیز رفتاری۔

الشِمذَارَةُ والشِمِیْذَر. چست لڑکا۔

شَمَرَ (ن ض) شَمْرًا. تیز چلنا۔ تکبر سے چلنا النَخْلَ: کھجوریں کاٹنا۔

شَمَّر تَشْمِیرًا. تیز گزرنا ہ: تیز چلانا۔ الشئَ: سمیٹنا السَفِیْنَة او الصَقْر: چھوڑنا۔ الثَوْبَ عَنْ سَاقَیْهِ: اُٹھانا فِی الْاَمْرِ: چستی کرنا لِلْاَمْرِ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔ اِلَی المَکَان: قصد کرنا۔ شَمَرَت الحَرْبُ و شَمَّرَتْ عَنْ سَاقَیْهَا: سخت ہونا۔

اَشْمَرهٗ. جلدی کرانا ہ بِالسَیْفِ:

تَشَمَّرَ و اِنْشَمَرَ. تیز چلنا یا تکبر سے چلنا الاَمْرِ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔

الشِمْر. فیاض۔ سخی۔ صاحب بصیرت۔ پرکھنے والا۔ تجربہ کار۔

الشُمْرَة والشَمَار: ایک قسم کا پودہ ہے

جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لمبے ہوتے ہیں۔ شَرٌّ (شِمِرٌّ) سخت بُرائی۔
الشَّمُّوْر الماس۔ ہیرا۔
الشِمِّیْر والشَّمَرِیَّ والشِمِّرِیَ والشِمَّرِیَّ. تجربہ کار۔ دانائے اُمور۔ محنت سے کام کرنے والا۔ مِنَ الِابِل: تیز رفتار۔ نَاقَةٌ او الشَاة (شَامِرٌ او شَامِرَةٌ) اونٹنی یا بکری جن کے تھن پیٹ سے لگے ہوئے ہوں۔ لَثَةٌ شَامِرَةٌ: دانتوں کی جڑوں سے لگا ہوا مسوڑھا۔ ج شَوَامِر.
المُشَمِّر. فا. تجربہ کار۔ محنت سے کام کرنے والا۔
شَمْرَجَ. الثَوْبَ: دور دور ٹانکے لگا کر خراب سلائی کرنا فِی الْکَلَامِ: گڑبڑ کرنا۔ خلط ملط کرنا۔
الشِمْرَاج. جھوٹ سے مخلوط گفتگو کرنا۔ ج شَمَارِیج. الشَمارِیْج: باطل باتیں۔
الشُمْرَج. باریک بناوٹ کا کپڑا۔
ثَوْبٌ (مُشَمْرَجٌ) باریک بناوٹ کا کپڑا۔
شَمْرَخَ. العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔
الشُمْرُوْخ والشِمْرَاخ. کھجور یا انگور کا گچھا۔ الشِمْرَاخ: پہاڑ کی چوٹی۔ بادل کا بالائی حصہ۔ الشُمْرُوخ: باریک ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر کے حصہ میں نکلے۔ ج شَمَارِیْخ.
الشَمَارِق والشَمَارِیق والمُشَمْرَق. مِنَ الثِیَابِ: کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہو۔
شَمَزَتْ (ن) شَمْزًا. نَفْسُهُ مِنْهُ کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
تَشَمَّزَ. الوَجْهُ: سکڑنا۔
اِشْمَأَزَّ اِشْمِئزَازًا. خوفزدہ ہونا۔ کراہت کی وجہ سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا الشَّیْءَ: مکروہ جاننا مِنْهُ: منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
شَمَسَ (ن) شُمُوْسًا وشِمَاسًا. باز رکھنا۔ انکار کرنا لَهُ: دشمنی ظاہر کرنا۔ بُرائی کا ارادہ کرنا الفَرسُ: نہ چڑھنے دینا نہ زین لگانے دینا نہ ایک جگہ قرار لینا۔ صفت (شَمُوْسٌ) ج شُمْسٌ و شُمُسٌ و (شَامِسٌ) ج شَوَامِس.
شَمَسَ (ن ض) شَمْسًا وشَمِسَ (س) شَمَسًا واَشمَسَ. اليَوْمُ: دھوپ والا ہونا۔ صفت (شَامِس و مُشْمِسْ) وشَمِسَ لِی. عداوت ظاہر ہونا اور چھپانے پر قادر نہ ہونا۔
شَمَّسَ. الکافِرُ: آفتاب کی پرستش کرنا الشَّیْءَ: دھوپ میں پھیلانا ۵: نفرت دلانا۔ فُلَانٌ: شماس ہونا (دیکھو لفظ شماس)
شَامَسَهُ. دشمنی کرنا۔
تَشَمَّسَ. دھوپ میں بیٹھنا یا کھڑا ہونا عَلَیْنَا: بخل کرنا۔
الشَمْس. س۔ آفتاب۔ تصغیر شُمَیْسَةٌ. ج شُمُوْسٌ الشمس: ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا ہار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَّیْءَ فِی الشَمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ "وَدَخَلَتِ الشَمْسُ فِی البَیْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہو گئی۔
اَلشَّمْسُ: سورج جس کے درجہ حرارت کی مقدار سطح ۶۰۰۰ اور اندرونی ۹۰۰۰ ملین ذکر کی گئی ہے۔ اس کا قطر زمین کے قطر سے ۱۰۹ گنا زیادہ ہے۔
الشَمِس والشَمْس والشَمُوْس. مِنَ الْاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔
الشَمُوْس بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمْسٌ و شُمُسٌ.
الشَامِس فا. مِنَ الْاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔ مِنَ الخَیلِ: گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے مِنَ الرِجَالِ: دشوار خو۔ ج شَوَامِس
الشَمْسِیَّةُ. عِنْدَ المُوَلِّدِیْن: چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّةٌ یا مُظِلَّةٌ کہا جائے اور بارش سے بچانے والی کو عَالَةٌ.
الشَمَّاس. قسیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمہ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)
المُتَشَمِّس. فا. سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔
شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَّصَ. الدَوابَ: جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَصَهُ بِالسَّوطِ: کوڑے سے مارنا الرَجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔ شَمَصَهُ الشَّیْءَ: بے قرار کرنا۔
شَمِصَ (س) شَمَصًا جلدی جلدی بولنا۔
اَشْمَصَ وانْشَمَصَ. خوفزدہ ہونا۔
تَشَمَّصَ. سکڑنا۔
الشِمَاص. نکل جانا۔
الشُمَاص. جلدی۔
الشَمُوْص. مِنَ الخَیلِ: سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔
شَمَطَ (ض) شَمْطًا. الشَّیْءَ: ملانا الِانَاءَ: برتن کو بھرنا الشَجَرُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔
شَمِطَ (س) شَمَطًا و اشْمطَ اِشْمِیْطَاطًا واشْمَاطَّ اِشْمِیْطَاطًا واِشْمَأطَ اِشْمِئْطَاطًا. سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (اَشْمَط) ج شُمْط و شمطان. مؤنث شَمْطَاء ج شُمْط.
شَمَّطَهُ واَشْمَطَهُ. بہ: ملانا۔ اشمط الرَجُلُ: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔
الشَامِط. وہ دیگ جس میں پوری بکری معہ مسالا کے آجائے۔
الشَمَط والشَمْط والشِمْط. مسالا۔ ج شِمَاط واَشْمَاط.
الشَمِیْط. مخلوط۔ صبح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوئی ہوتی ہے۔)
الشَمْطَات. فِی الرَاسِ: سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔
الشَمُّوْط. عِنْدَ العَامَةِ: چینا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپیٹا ہوا گولا۔

الشِمْطَاط والشُمْطُوْط والشِمْطِيْط. گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِيْط: کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِيْط: لوگ متفرق آئے۔ ثَوْبٌ شَمْطَاط: پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُمْطُوْط: لمبا۔

شَمَظَهٗ (ض ن) شَمْظًا. منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برانگیختہ کرنا اور معمولی حرکت دینا الشَیْئَ: ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔

شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا ومَشْمَعًا. کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْعٌ) کہا جاتا ہے "اَشَامِعٌ اَنْتَ اَمْ جَادٌّ" تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (شُمُوْعًا) الشَیْئُ: متفرق ہونا۔

شَمَّعَ. الشَیْئَ: پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا یا اوپر سے ڈالنا الرَّجُلَ: کھیل کود یا مزاح پر آکسانا۔

اَشْمَعَ. السِرَاجُ: روشنی پھیلنا۔

الشَمَعُ والشَمْعُ. موم بتی۔ واحد (شَمَعَةٌ وشَمْعَةٌ) ج شَمَعَاتٌ. و (الشَمَّاعُ) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (المَشْمَعَةُ) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِمَاع والشِمَاعَة: خوش طبعی۔ ہنسی۔ مذاق۔

الشَمُوْع. مِنَ النِسَاءِ: ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَمْعَدَان. چراغ دان۔ ج شَمَاعِد وشَمْعَدَانات دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں مَاثِلَةٌ ہے۔ مِسْكٌ (مَشْمُوْعٌ) عنبر ملا ہوا مشک۔

اِشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا. غصّے سے بھر جانا۔ القَوْمُ فِي الطَلَبِ: کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا الاِبِلُ والخَيْلُ: اونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وتَشَمْعَلَ واِشْمَعَلَّ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا الغَارَةُ: ہر جانب سے غارت واقع ہونا الاِبِلُ: اونٹوں کا خوشی میں ہو کر اِدھر اُدھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا. جنون کی حد تک خوش ہونا۔

تَشَمَّقَ. شادماں ہونا۔

الشَمَاقَةُ. جنون۔ شادمانی۔ چستی۔ الشِمَقُّ والشَمَقْمَقُ. لمبا۔ شادماں۔

شَمَلَتْ (ن ع) شُمُوْلًا. الرِيْحُ: بادِ شمالی چلنا (شَمْلًا) الشَیْئَ: بادِ شمالی کے سامنے کرنا بہ: بائیں جانب لینا النَخْلَةَ: تیار کھجوروں کو چن لینا۔

شَمَلَ (ن ض) شَمْلًا. الشَاةَ: بکری کے تھن پر تھیلا چڑھانا۔

شَمِلَهٗ (س) شَمْلًا و شُمُوْلًا. چادر میں لپیٹنا۔

شَمِلَ (س) شَمَلًا و شُمل و شَمْلًا. القَوْمُ: بادِ شمالی لگنا۔

شَمَلَ (ن) وشَمِلَ (س) شَمْلًا وشَمَلًا وشُمُوْلًا. الاَمْرُ القَوْمَ: عام ہونا۔ شامل ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَمِلَ القَوْمَ خَيْرًا او شرًّا" اس کی بھلائی یا برائی ساری قوم کو عام ہو گئی۔

شَمَّلَهٗ تَشْمِيْلًا. چھوٹی چادر میں لپیٹنا۔

شَمَّلَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ بائیں ہاتھ سے پکڑنا۔

اَشْمَلَ. القَوْمُ: بادِ شمالی میں داخل ہونا۔ الرِيْحُ: بادِ شمالی چلنا الشَاةَ: بکری کے تھن کیلئے تھیلا بنانا القَوْمُ خَيْرًا او شرا: خیر یا شر کو سب کے لیے عام کرنا الرَّجُلُ: بڑی چادر والا ہونا۔ اَشْمَلَهٗ: بڑی چادر دینا النَخْلَةَ: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔

تَشَمَّلَ. بالشَمْلَةِ: چادر میں لپیٹنا۔

اِشْتَمَلَ. جلدی کرنا في الحَاجَةِ: آمادہ ہونا اور ارادہ کرنا بالثَوْبِ: سارے جسم پر لپیٹنا۔ الاَمْرُ عَلَيْهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ عَلٰی فُلَانٍ: بچانا۔

اِنْشَمَلَ جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَمَلَ فِيْ حَاجَتِهٖ" اس نے اپنی حاجت میں جلدی کی۔

الشَمْلُ. س۔ بادِ شمالی۔ امر مجتمع۔ امر متفرق (ضد) کہا جاتا ہے "جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اُمور متفرق کو جمع کر دے۔ و "فَرَّقَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے (والشِمْلُ) کھجوروں کا گچھا اور بقول بعض کم دانوں والا گچھا۔

الشَمَلُ. س۔ بادِ شمالی۔ پناہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی تعداد کھجور، آدمی وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَنَا شَمَلٌ مِنَ المَطَرِ" ہم لوگوں پر تھوڑی بارش ہوئی۔ و "مَا عَلَى النَخْلَةِ اِلَّا شَمَلٌ" کھجور کے درخت پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ ج اَشْمَال.

الشَمْلَة. جسم کو ڈھانکنے والی چادر۔ ج شَمَلَات اُمّ شَمْلَة: دُنیا۔ شراب۔ آفتاب۔

الشِمْلَة. لپٹنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الشِمْلَةِ"۔

الشَمَال والشِمَال والشَمْأَل والشَأْمَل والشَمِيْل والشَمُوْل والشَوْمَل والشَيْمَل. بادِ شمالی۔ کہا جاتا ہے "هَبَّتِ الشَمَال او رِيْحٌ شَمَالٌ" بادِ شمالی چلی۔ ج شَمَالَات. الشِمَال: بکری کے تھن کا غلاف۔ والشِمَال. ج اَشْمُل وشُمُل وشِمَال (بلفظ الواحد) وشَمَائِل: بایاں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِنْدِيْ بالشِمَالِ" فلاں میرے نزدیک کم رتبہ والا ہے۔ و "هُوَ عِنْدِيْ بِالْيَمِيْنِ" وہ میرے نزدیک اچھے مرتبہ پر ہے۔ الشِمَال: اُتر۔ بدبختی۔ بکری کے تھن کا داغ۔ کھیتی کا ایک مٹھا جس کو ہاتھ میں پکڑ کر کاٹنے والا کاٹے۔

طَيْرٌ شِمَالٌ: وہ پرندہ جس سے بدشگونی کی جائے۔ نَاقَة شِمَالٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِمَال. ج شَمَائِل: سیرت۔ عادت۔

طبیعت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ مِنْ شِمَالِی اَنْ اَعْمَلَ بِشِمَالِیْ" میری عادت نہیں کہ بائیں ہاتھ سے کام کروں۔
الشَّمِیْلَة. طبیعت۔ ج شَمَائِل.
الشَّمِل. چادر سے لپٹا ہوا۔
الشَّمُوْل. شراب یا ٹھنڈی شراب۔
الشِّمِل. تھوڑی کھجوروں کا گچھا۔ نَاقَةٌ شِمِلَّةٌ. تیز رفتار اونٹنی۔
الشِّیْمَال. بایاں۔
الشِّمْالَة. شکاری کے لیے شکار سے چھپنے کی جگہ۔ ج شَمَائِل.
المِشْمَل. چھوٹی تلوار۔ خنجر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ (والمِشْمِلَة والمِشْمَال) جسم کو ڈھانکنے والی بڑی چادر۔ لحاف۔
المَشْمُوْل. مذ۔ جس پر بادِ شمالی چلی ہو۔ پسندیدہ اخلاق والا۔
المَشْمُوْلَة. شراب اور بقول بعض ٹھنڈی شراب۔ لَیْلَةٌ مَشْمُوْلَةٌ: ٹھنڈی رات۔ اخلاق۔ مَشْمُوْلَةٌ: برے اخلاق۔
شَمْلَل. الرَّجُلُ: جلدی کرنا النَّخْلَة: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔ جَمَلٌ او نَاقَةٌ (شِمْلَالٌ و شَمَلِیْلٌ) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ والشِّمْلَال: بایاں۔
الشُّمْلُوْل. کھجوروں یا بارش کی تھوڑی مقدار یا آدمیوں کی تھوڑی تعداد۔ ج شَمَالِیْل. الشَّمَالِیْل: شاخ کے سر پر متفرق ٹہنیاں۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَی النَّخْلَة اِلَّا شَمَالِیْلَ" درخت خرما پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ و "ذَهَبُوْا شَمَالِیْلَ" وہ متفرق ہو کر چلے گئے۔ "ثَوْبٌ شَمَالِیْلَ" پھٹا پرانا کپڑا۔
شَمْهَذ. السِّکِّیْنَ: تیز کرنا۔ الحَدِیْدَ: پتلا کرنا۔
الشَّمْهَذ. تیز چیز۔ ہلکا پھلکا۔ تیز دانتوں والا کتا۔
شَمَا یَشْمُوْ شُمُوًّا. الرَّجُلُ: بلند شان والا ہونا۔

الشَّمَا. موم۔
شَنَّ (ن) شَنًّا. الماءَ علی الشَّرَاب: متفرق چھینٹا دینا۔ (واشَنَّ) الغَارَةَ عَلَیْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔
شَنَّت (ض) و شَنت وشَنَتَ. القِرْبَةُ: مشک پرانی اور خشک ہونا۔
تَشَنَّنَ وتَشَانَّ الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا جِلْدُ الاِنْسَان. بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا (واشْتَنَّ) السِّقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔ تَشَادَّ الشَّیْأَن: باہم ملنا۔
اِسْتَشَنَّ. دُبلا ہونا اِلَی اللَّبَنِ: دودھ کا خواہش مند ہونا۔ اسْتَشَنَّتَ القِرْبَةُ: مشک پرانی ہونا۔
الشَّنّ. مذ۔ ج شِنَان واشْنَان و (الشَّنَّة) چھوٹی پرانی مشک۔ قَوْسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اشنان جمع لاتے ہیں۔
الشَّنُوْن. موٹا۔ دبلا (ضد) بھوکا۔
الشَّنِیْن. دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔
الشُّنَان. ٹھنڈا پانی۔ پانی برسانے والا۔ بادل۔
مَاءٌ شُنَانٌ: متفرق پانی۔
الشُّنَانَة. مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔
الاُشْنَان. ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔
شَنَأَ (ف) وشَنِیَٔ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنْأَةً وشَنَأَنًا وشَنَانًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُؤَةً. الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ صفت فاعلی (شَانِیٔ) ج شُنَّأ. مؤنث شَانِئَةٌ. ج شَوَانِی وصفت مفعولی (مَشْنُوْء)
شَنِیَٔ (س) شَنَاءَة. الشَّیْ: نکالنا حقه و بحقِّه. اقرار کر کے دینا۔
شُنِیَٔ. جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔
تَشَانَأَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔
الشَّنَاءَةُ. بغض۔ دشمنی۔

الشَّوَانِی. شَانِئَة کی جمع۔ شَوَانِی المَالِ: ایسے اموال جن کیلئے بخل نہ کیا جائے۔
الشَّنْآن. بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنْآنَةٌ وشَنْأَی. رَجُلٌ (شَنَائِیَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔
المِشْنَأ. وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے امور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔
المَشْنَأ. قبیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔
شَنِبَ (س) شَنَبًا. الیَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشُّنْبَة) الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِیْب ومِشْنَب)
المَشَانِب. خوشبودار منہ۔
الشَّنْبَاء. سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔
شَنْبَثَ. الهَوَی قَلْبَه: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔
الشَّنْبَث والشُّنَابِث. شیر۔ سخت۔
الشَّنْتَة. فائل۔
شَنْتَر. ثَوْبَهٗ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشُّنْتُرَة. انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَاتِر. کہتے ہیں "لَا ضَمَّنَّكَ ضَمَّ الشَّنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔
شَنِجَ (س) شَنَجًا واشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ. الجِلْد: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج) اور صاحب جلد کی صفت (شَنِج وَاَشْنَج)
شَنَّجَهٗ. سکیڑنا۔
الشَّنج. مذ۔ اونٹ۔
شَنَّحَ. عَلَیْهِ: برا بھلا کہنا۔
الشَّنَاح والشَّنَاحِی والشَّنَاحِیَ

والشَّناحِيَة. موٹا اور لمبا اونٹ۔ مؤنث شَناحِيَة.

شَنَّخ. النَّخلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔

الشِناخ. پہاڑ کی نوک۔

الشِنْخابُ والشُنْخُوبُ والشُنْخُوبَةُ. پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَناخِيْب. الشُنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الشُنْذُخ. گٹھے بدن کا مضبوط و لمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔

شَنَّر. عَلَيْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔

الشَنار. عار۔ بدترین عیب۔

الشِنِّير والشِنِّيرَة. بدخلق۔ بڑا شریر۔ بڑا عیبی۔

شَنز. الشُوْنِيز والشِينِيز. کلونجی۔

شَنَص(ن) شَنِص(س) شُنُوْصًا. بِهٖ: چمٹنا۔ فَرَسٌ (شَناصٌ وشَناصِيٌّ وشُناصِيٌّ وشَناصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔

الشُنُط. پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔

المُشَنَّط. بھنا ہوا گوشت۔ شِواءٌ مُشَنَّطٌ اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔

شَنَظ. شِناظُ. الجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ ذاتُ شِناظٍ" گٹھے بدن والی پرگوشت عورت۔

الشُنْظُب. لمبا و خوبصورت۔

شَنْظَر. بِهِم: گالی دینا۔ فحش بکنا۔

الشِنْظِير والشِنْظِيرَةُ والشُنْظُورَةُ. بدخلق۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔ شِنظِيرة کی جمع شَناظِيْر. شَناظِير الجَبَلِ پہاڑ کے اطراف۔ ہر چیز کی شاخ۔

شَنْظَى. بِهٖ بُرا بھلا سنانا۔

شُنْظُوَةُ. الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شَناظٍ.

شَنَعَهٗ(ف) شَنْعًا. قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔ رُسوا کرنا۔

شنع(س) شُنْعًا. بِهٖ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَى اَمْرًا شَنِعَ بِهٖ" اس نے ایسا معاملہ دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔

شَنُعَ (ک) شَناعَة وشُنْعًا وشَنَعًا وشُنُوْعًا. قبیح ہونا۔ صفت (شَنِعٌ) ج شُنُعٌ و (شَنِيعٌ واَشْنَع)

شَنَّعَ. الرَّجُلَ: بہت بُرا بھلا کہنا عَلَيْهِ الاَمْرَ: قبیح قرار دینا الرحلُ: آمادہ و تیار ہونا۔ (واَشْنَعَ) البَعِيْرُ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔

تَشَنَّعَ. دوڑنے میں کوشش کرنا۔ لِلاَمْرِ: تیار ہونا السِلاحَ: ہتھیار پہننا الغارَةَ: لوٹ ڈالنا القَوْمُ: اختلاف رائے کی وجہ سے خراب حالت والی ہونا الرَجُلُ: بُرے کام کا ارادہ کرنا الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا۔ چڑھنا الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

اِسْتَشْنَعَهٗ. قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔

الشُنْعَةُ والشَناعَةُ والشُنُوْعُ. قباحت۔

المُشَنِّعُ. قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا پھیلانے والا۔

المَشْنُوْعُ مس۔ برائی میں مشہور۔

الشِنْعابُ. لمبے قد و قامت کا مرد۔

الشُنْعُوْف والشُنْعاف. پہاڑ کی چوٹی۔ بلند پہاڑ۔ لمبا و کمزور مرد۔

الشَنْعَفَة. لمبائی۔

شَنَف (ن ض) شَنْفًا. اِلَيْهِ: تعجب یا اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔

شَنِفَ(س) شَنَفًا. فُلانًا اور لِفُلانٍ: بغض رکھنا لَهٗ: سمجھ جانا بِهٖ: تاڑ جانا۔

شَنَّفَ. الكَلامَ: مزین کرنا اِلَيْهِ: کنکھی سے دیکھنا (واَشْنَفَ) الجارِيَة: لڑکی کیلئے ایئر رنگ بنانا۔ بالی بنانا۔

تَشَنَّفَتِ. الجارِيَةُ: لڑکی کا ایئر رنگ پہننا۔ بالی پہننا۔

الشانِف. فا. اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَشانِفٌ عَنّا بِانْفِه" وہ اپنے آپ کو ہم سے برتر سمجھتا ہے۔

الشَنْف. مس۔ بالی۔ ایئر رنگ۔ ج شُنُوْف واَشْناف.

الشَنِف. بغض رکھنے والا۔

شَنَق(ن ض) شَنْقًا. البَعِيْرَ: سوار ہونے کی حالت میں لگام کھینچنا القِرْبَةَ: مشک کو سربند باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سربند کو پکڑنا رَاْسَ الدابَّةِ: درخت یا اونچے کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشَنْق" ہے جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں الشَيَّ: لٹکانا الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔

شَنَق(ض) شَنْقًا وشَنِق(س) شَنَقًا کسی چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔

شَنَّق. الشَيَّ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الخَلِيَّة: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔

اَشْنَق. البَعِيْرَ والقِرْبَةَ: بمعنی شَنَقَ البَعِيْرَ و القِرْبَةَ البَعِيْرُ: اونٹ کا سر اُٹھانا عَلَى فُلانٍ: دست درازی کرنا الرَجُلُ: خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔ (ضد) الشَي لٹکانا غَنَمَه اِلَى غَنَمِ زَيْدٍ: ملا کر بڑھانا اليَدَ اِلَى العُنُقِ: ہاتھ کا گلے میں گھیرا ڈالنا۔

شانَقَهٗ مُشانَقَةً وشِناقًا. اپنے مال کو کسی کے مال سے ملانا۔

تَشانَقا. اپنے مال کو دوسرے کے مال سے ملانا۔

الشَنَق. مس۔ تاوان زخم۔ رسّی۔ سر کی لمبائی۔ گٹھری۔

الشِناق. مس۔ مشک کا بندھن۔ تانت سر کی لمبائی۔ ہر وہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ رسّی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر باندھنے کی رسّی۔ ج شُنُق واَشْنِقَة.

القَلْبُ (الشَنِق) مشتاق و خواہش مند دل۔ ج اَشْناق. فَرَسٌ (اَشْنَق) لمبے سر کا گھوڑا۔ اور ایسا ہی بَعِيْرٌ اَشْنَق. مؤنث. شَنْقاء و شِنْقاء. الشَنْقاء. وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔

الشَّنِيق پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ منہ بولا بیٹا۔
الشَّنْيق. خود پسند۔ الشَّنِّيقَة: عشق باز عورت۔
اَلْمِشْنَكْل ج شَنَاكِلُ دروازہ یا گھڑی کا دستہ بند کرنے اور کھولنے کے لئے۔ کپڑے لٹکانے کے لئے کیل۔
المِشْنَاق ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شَنِم(ن) شَنْمًا. الجِلْدَ: خراش لگانا۔ مَاءٌ (شَنِمٌ) ٹھنڈا پانی۔
الشُّنْم کٹے ہوئے کان والے۔
الشَّنَم چنگاری جو اُڑے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَايَرُ شَنَمَهُ" فلاں سے غصہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔
شَنْهَق او شَهْنَق. الحِمَارُ: گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک ہے۔ فصیح لفظ نَهَق یا شَهَقَ ہے۔
الشَّانِيَة. بڑا جنگی جہاز۔ ج شَوَانٍ (مفرد کا استعمال نادر ہے۔)
شَهِبَ (س) وشَهُبَ (ک) شَهَبًا. سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (شَاهِب واَشْهَب) عَامٌ اَشْهَبُ: خشک سال۔ يَوْمٌ اَشْهَبُ: ٹھنڈی ہوا اور پالے کا دن۔ جَيْشٌ اَشْهَبُ: قوی و مضبوط لشکر۔ ج شُهْب۔
شَهَبَ(ف) شَهْبًا و شَهَبَةً. الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔
اَشْهَبَ. العَامُ القَوْمَ: قوم کے اموال کو تباہ کر دینا۔
اِشْهَبَّ واشْهَابَّ واِشْتَهَبَ. سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ الزَّرْعُ: خشک وزرد ہونا اور کچھ سبزی باقی رہنا۔
الشَّهْب. س. برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ۔
الشُّهْبُ والشُّهْبَة. سفیدی جس میں کچھ کچھ سیاہی ملی ہوئی ہو۔
الشِّهَاب. آگ کی چمک۔ ٹوٹا ہوا تارہ۔

تارہ۔ نیزہ کا پھل۔ ج شُهُب و شُهْبَان وشِهْبَان واَشْهُب. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شِهَابُ حَرْبٍ" جبکہ جنگ میں کود پڑنے والا ہو۔
الاَشْهَب شیر۔ دشوار کام۔
الشَّهْبَاء اَشْهَب کا مؤنث۔ شہر حلب کا لقب مِنَ الكَتَائِب: بہت ہتھیاروں والا بڑا لشکر۔ سَنَةٌ شَهْبَاءُ: بغیر بارش اور سبزی کے خشک سال یا بہت برف والا سال۔
الشِّهَاب واشْهَابَة. دودھ جس میں دو تہائی پانی ملا ہو۔
الاَشَاهِب. منذر لخمی کی اولاد۔
الشَّاهْتَرج والشَّهْتَرشاهتره۔
شَهِدَ(س) شُهُودًا. المَجْلِسَ: حاضر ہونا الشَّيْئَ: معائنہ کرنا۔ اطلاع پانا الجُمْعَةَ: پانا عَلَى كَذَا: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِدٌ) ج شُهُودٌ و شُهَّدٌ۔
شَهِدَ(س) و شَهُدَ(ک) شَهَادَةً. عِنْدَ الحَاكِمِ لِفُلَانٍ اَوْ عَلَى فُلَانٍ: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِد) ج شُهَّد وشُهُود واَشْهَاد. شَهِدَ اللّٰهُ. جاننا یا قبول فرمانا۔
شَهِدَ بِكَذَا: قسم کھانا۔
شَاهَدَهُ مُشَاهَدَةً. معائنہ کرنا۔
اَشْهَدَهُ. حاضر کرنا۔ اَشْهَدَ فُلَانًا عَلَى كَذَا: گواہ بنانا۔
اِسْتَشْهَدَهُ. گواہی دینے کو کہنا۔
اِسْتَشْهَدَبِهِ. گواہی کے معاملہ کو مدد دینا۔
اُشْهِدَ واُسْتُشْهِدَ. اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔
تَشَهَّدَ. گواہی طلب کرنا المُسْلِمُ: التحیات پڑھنا۔
الشُّهْد والشَّهْد. شہد جو موم سے جدا نہ کیا گیا ہو۔ ج شِهَاد اور (الشُّهْدَة والشَّهْدَة) اس سے خاص ہے۔
الشَّهَادَة. س. یقینی خبر۔ گواہی۔ قسم۔ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔ عالم ظاہر جو عالم غیب کے مقابل ہے۔

الشَّاهِد. فا. زبان۔ اور اسی سے قول ہے "مَالَهُ رُوَاءٌ ولَا شَاهِدٌ" یعنی اس کے لیے نہ تو حسن منظر ہی ہے نہ زبان۔ قوام۔ ستارہ۔ صَلَاةُ الشَّاهِد: مغرب کی نماز۔ وہ عبارت جو کسی قاعدہ نحو وغیرہ کے ثابت کرنے کے لیے نقل کی جائے۔ الشَّاهِد من الاُمُور: جلدی۔
الشَّاهِدَة. الشاهد کا مؤنث۔ زمین۔ ج شَاهِدَاتٌ وشَوَاهِد۔
الشَّهِيْد والشِّهِيْد. حاضر۔ گواہی میں امانت دار۔ وہ ذات جس کے علم سے کوئی چیز غائب نہ ہو۔ اللہ کی راہ میں مقتول۔ اسم (الشَّهَادَة) ج شُهَدَاء مؤنث شَهِيْدَة۔
المَشْهَد. لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اللہ کی راہ میں مقتول ہونے کی جگہ۔ ج مَشَاهِد۔
المَشْهَدَة والمَشْهُدَة. لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔
المُشْهَد. اللہ کے راستہ کا مقتول۔
المُشْهِد. فا. اِمْرَاَةٌ مُشْهِدَةٌ: وہ عورت جس کا شوہر موجود ہو اور اس کا مقابل "اِمْرَاَةٌ مُغِيْبَةٌ" ہے۔ یعنی وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو۔
المَشْهُوْد. مف. جمعہ کا دن۔ قیامت کا دن۔ عرفہ کا دن۔
شَنْهَدَر شَهْدَرَةً. الغُلَامُ او الجَارِيَةُ: لڑکے یا لڑکی کا تین اور چھ سال کے درمیان حرکت کرنا۔
الشَّهْدَر. دولت مند۔ مؤنث شَهْدَرَةٌ۔
الشِّهْدَارَة. بدزبان۔ فسادانگیز۔ گٹھے بدن کا پستہ قد۔
شَهَرَهُ(ف) شَهْرًا و شُهْرَةً. بِكَذَا: مشہور کرنا۔ شَهَرَ و شَهَّرَ السَّيْفَ. تلوار کو سونت کر بلند کرنا۔ و شَهَّرَ فُلَانًا: رسوا کرنا۔
اَشْهَرَ. ایک مہینہ کسی حال میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَشْهَرْنَا فِي هٰذَا المَكَانِ" ہم نے

اس جگہ ایک مہینہ قیام کیا۔ اَشْهَرتِ الْمَرْأَة: ولادت کے مہینے میں داخل ہونا اَلْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔

شَاهَرَهٗ شِهَارًا و مُشَاهَرَةً. ماہواری پر معاملہ کرنا۔

اِشْتَهَرَ. الْاَمْرُ: مشہور ہونا الْاَمْرَ: مشہور کرنا بالفضل: فضیلت میں مشہور ہونا۔

اَلشَّهْرُ: ماہ۔ شمسی سال کے کل ماہ بمع ایام درج ذیل: کانونِ الثانی (۳۱ دن)۔ شباط (۲۸ دن)۔ لیپ سال میں (۲۹ دن) اذار (۳۱ دن) نیسان (۳۰ دن) ایار (۳۱ دن) حزیران (۳۰ دن) تموز (۳۱ دن) آب (۳۱ دن) ایلول (۳۰ دن) تشرین الاول (۳۱ دن) تشرین الثانی (۳۰) کانون الاول (۳۱)

یعنی جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر۔

قمری سال کے ماہ بمع تعداد ایام (اندازاً)

محرم (۳۰ دن) صفر (۲۹ دن) ربیع الاول (۳۰ دن) ربیع الثانی (۲۹ دن) جمادی الاول (۳۰ دن) جمادی الاخرۃ (۲۹ دن) رجب (۳۰ دن) شعبان (۲۹ دن) رمضان (۳۰ دن) شوال (۲۹ دن) ذوالقعدہ (۳۰ دن) ذوالحجہ (۲۹ دن)

عربوں کے نزدیک حرمت والے چار ماہ ہیں۔ ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب۔

اَلشَّهْر. مس۔ دانا۔ نیا چاند۔ چاند۔ مہینہ۔ ج اَشْهُر و شُهُور.

اَلشُّهْرَة. شہرت۔ برائی میں مشہوری۔ رسوائی۔

اَلشَّهِيْر. مشہور۔ نامور۔ مؤنث شَهِيْرَة.

اَلْمَشْهُوْر. مع۔ شہرت یافتہ۔ مؤنث مَشْهُوْرَة.

اَلشَّهْرَب. بڑی عمر والا۔ مؤنث شَهْرَبَة. درخت خرما کے نیچے کا چھوٹا حوض۔

شَهَقَ (ف ض) و شَهِقَ (س) شَهِيْقًا وتَشْهَاقًا. الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا (شَهِيْقًا وتَشْهَاقًا وشُهَاقًا) الرَّجُلُ: رونے میں سسکی لینا۔ (شُهُوْقًا) الْجَبَلُ وغَيْرُهٗ: پہاڑ وغیرہ کا بلند ہونا۔ صفت (شَاهِق) اور تم کہتے ہو "شَهِقَتْ عَيْنِيْ عَلَيْهِ"، جبکہ تم کو کوئی چیز پسند آئے اور تم اس پر نظر جما دو۔

تَشَهَّقَ. عَلَيْهِ: نظر جما دینا۔

اَلشَّهْقَة. اسم مرۃ۔ چیخ۔

اَلشَّاهِق. فا. ذو شاهق: زیادہ غضبناک۔

اَلتَّشْهَاق. مس۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكَ تَشْهَاقًا"، زور کی ہنسی۔ وصف بالمصدر کی بنا پر۔

شَهِلَ (س) شَهَلًا واشْهَلَّ اِشْهِلَالًا. آنکھ میں سیاہی مائل بسرخی ہونا۔ صفت (اَشْهَل) مؤنث شَهْلَاء. ج شُهْل. آنکھ کی صفت بھی شَهْلَاء. واقع ہوتی ہے۔

شَاهَلَهٗ مُشَاهَلَةً. گالی گلوچ کرنا۔

تَشَهَّلَ. بے رونق چہرہ والا ہونا۔

اَلشَّهَل والشُّهْلَة. آنکھ کی سیاہی مائل بسرخی۔

اَلشَّهْلَاء. حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْ فُلَانٍ شَهْلَائِيْ" فلاں میں سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔

اَلشَّهْلَةُ. بڑھیا۔

شَهَمَ (ف ن) شَهْمًا و شُهُوْمًا. الْفَرَسَ: ڈانٹنا الرَّجُلَ: گھبرا دینا۔ خوفزدہ کرنا۔

شَهُمَ (ک) شَهَامَةً وشُهُوْمَةً. تیز فہم ہونا۔ ذکی ہونا۔

اَلشَّهْم. تیز خاطر۔ ذکی۔ سردار جس کا حکم جاری ہو۔ ج چالاک گھوڑا۔ ج شُهُوْم.

اَلشَّيْهَم. نر سیہی۔ ج شَيَاهِم

اَلشَّهَام. غول بیابانی۔

اَلشَّيْهَمَة. بڑھیا۔

اَلْمَشْهُوْم. تیز خاطر۔ ذکی۔ خوفزدہ۔

اَلشَّاهِيْن. ایک شکاری پرندہ۔ ج شَوَاهِين وشَيَاهِيْن. ترازو کا عمود۔

شَهَا يَشْهُوْ وشَهِيَ يَشْهٰى شَهْوَةً و اِشْتَهَى. الشَّيْءَ: خواہش کرنا۔ رغبت شدید کرنا۔

شَهُوَ يَشْهُوْ. الطَّعَامُ: لذیذ ہونا۔

شَهَّيَ. الرَّجُلَ: خواہش کرنے پر اکسانا عَلَيْهِ كَذَا: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ يُشَهِّي الطَّعَامَ" یہ چیز کھانے کی خواہش بڑھاتی ہے۔

شَاهَاه. مشابہ ہونا۔

اَشْهَاه. خواہش کے مطابق دینا۔ نظر بد لگانا۔

تَشَهَّى. الشَّيْءَ: خواہش کرنا عليه كذا: بار بار خواہش کرنا۔

الشَّهْوَة. مس۔ خواہش۔ ج شهوات و شُهًى

الشَّهَّاء. بہت خواہش کرنے والا۔

الشَّهِيّ. خواہش مند (والْمُشْتَهِي) مرغوب۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ شَهِيٌّ"، لذیذ چیز۔

الشَّهْوَان. مؤنث شَهْوَى. ج شهاوى و (الشَّهْوَانِيّ) خواہش مند۔

الشَّاهِيَة. خواہش۔

شَابَ يَشُوْبُ شَوْبًا وشِيَابًا. الشَّيْءَ: ملانا الرَّجُلَ: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا (و شَوَّبَ تَشْوِيْبًا) عَنْهُ: آہستگی سے ہٹانا۔

اِنْشَابَ انْشِيَابًا واشْتَابَ اشْتِيَابًا. ملنا۔

الشَّوْب. مس۔ وہ چیز جو دوسرے سے ملائی جائے۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ شہد۔

الشَّوْبَة. اسم مرۃ۔ دھوکا۔

الشَّائِبَة. الشائب کا مؤنث۔ اور شوائب کا واحد۔ بمعنی عیوب۔

الشِّيَاب. مس۔ ملاوٹ۔

لَيْلَةُ (الشَّيْبَاء) مہینے کی آخری رات۔

الْمَشُوْب والْمَشِيْب. ملا ہوا۔

الْمِشْوَاب. بوتل کا غلاف۔ ج مشاوب۔

شَوَّحَ. الشَّيْءَ: انکار کرنا۔ نہ پہچاننا۔

الشَّوْحَة. چیل۔ ایک درخت جس کی شاخیں مخروطی شکل کی ہوتی ہیں۔ اور یہ (الشَّوْح) کا واحد ہے۔

الشَّوْحَط. ایک درخت جس کی لکڑی سے

کمان بنائی جاتی ہے۔ واحد (الشَوحطة)
شَوَّذت. الشَمْسَ: مائل بغروب ہونا۔
شَوَّذَ السحابُ الشَمْسَ: ڈھانکنا۔ گھیر لینا۔
ہ: کسی کو عمامہ باندھنا۔
تَشوَّذَ واشْتَاذَ. پگڑی باندھنا
الاَشاوِذ. مخلوق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَيْرُ الاَشاوِذ" وہ مخلوق میں بہتر ہے۔
المِشْوَذُ والمِشْواذُ. عمامہ۔ بادشاہ۔ سردار۔ ج مَشاوِذ ومَشاوِيْذ.
شَارَ يشُوْرُ شَوْرًا وشِيارًا وشِيارَةً ومَشارًا ومَشارَةً. العَسَلَ: چھتے سے شہد نکالنا۔ صفت مفعولی (مَشُوْر) شَوْرًا وشوارًا) الدَابّةَ: جانور کو سدھانا۔ تجربہ کیلئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا۔
شَارَتِ الإبلُ: اونٹ کا موٹا و خوبصورت ہونا۔
شَوَّرَ. الدابّةَ: جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا
بہ: شرمندہ کرنا اِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔
النارَ وبالنارِ: آگ کو بلند کرنا۔
اَشارَ. العَسَلَ والدابّةَ: بمعنی شَارَهُما
النارُ وبالنارِ: آگ کو بلند کرنا بہ پہنچوانا۔
اَشارَ اِلَيْهِ واَشارَ بيَدِهِ: اشارہ کرنا عَلَيْهِ: حکم دینا۔ نصیحت کرنا۔ صحیح طریقہ بتانا فُلانًا: عسلًا: شہد نکالنے میں مدد دینا۔
اَشْوَرَ اِشْوارًا. النارَ وبالنارِ: آگ کو بلند کرنا۔
شَاوَرَهُ. فِي الْاَمْرِ: مشورہ طلب کرنا۔
شَارَاتُ الرِّنْكِ: عزت کے شعار ٹوپیوں پر یا محل کی دیواروں پر۔
اِشْتَار اِشْتِيارًا. العَسَلَ: شہد نکالنا۔
اِشْتارَتِ الإبلُ. اونٹ کا کچھ موٹا ہونا۔
تَشَوَّرَ. شرمندہ ہونا۔
تَشاوَرَ واِشْتَوَرَ. القَوْمُ: باہم مشورہ کرنا۔
اِسْتَشار. عمدہ لباس پہننا۔ العَسَلَ: شہد نکالنا۔ اِسْتَشارَتِ الإبلُ: موٹا و خوبصورت ہونا۔ اِسْتَشارَ الاَمْرُ: واضح و روشن ہونا ہ: مشورہ طلب کرنا۔
الشَوْر. مص۔ شہد جو چھتے سے نکالا جائے۔
الشَارَة والشَوْرَة والشُوْرَة والشَوار والشُوار والشِوار والشِيار. حسن و جمال۔ ہیئت۔ منظر۔ لباس و زینت۔ گھر کا عمدہ سامان۔ کہا جاتا ہے "رِيْحٌ شَوار" نرم ہوا۔ و "خَيْلٌ شِيَار" خوبصورت موٹے گھوڑے۔
الشَوْرَة: شہد کا چھتہ۔
الشُوْرَة. شار کا اسم مرۃ۔ شرمندگی۔
الشُورَى. ایک قسم کی دریائی گھاس۔
الشُوْرَى. اسم ہے "تشاوَرَ" کا یا اشارَ عَلَيْهِ کا۔ مَجلِس شورَى: کونسل و "تَرَكَ عُمَرُ الخلافَة شُوْرَى" کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے مسئلہ خلافت کو باہم مشورہ کے لیے چھوڑ دیا۔
الشَيِّر. خوبصورت۔ جس سے مشورہ کیا جائے۔ وزیر۔ ج شُوراء.
المَشار. شہد کا چھتہ۔
المَشارة. قابل کاشت زمین کا ٹکڑا۔ ج مَشاوِر و مشائِر.
المَشُوْر. مع۔ آراستہ۔ مزین۔
المِشْوَر. شہد نکالنے کا آلہ۔ ج مَشاوِر.
المُشِيْر. فا فِي اصْطِلاحِ اَرْبابِ السِياسة: کونسلر۔ المُشِيْرِيّة: کونسلر کا درجہ۔
اَلْمُشِيْرُ: مشورہ دینے والا حکومت کا نمائندہ جو کہ وزیر سے بڑا عہدہ دار ہو۔
المُشِيْرة. انگشت سبابہ۔
المَشُوْرَة والمَشْوَرة. اَشارَ عَلَيْهِ کا اسم۔ مشورہ۔ نصیحت۔ ج مَشُوْرات.
الشَوار. گرنے کے قریب جگہ کا کنارہ۔
المِشْوار. منظر۔ جانوروں کو دکھانے کی جگہ۔ شہد نکالنے کا آلہ۔ دُھنے کی کمان کی تانت۔ ج مَشاوِيْر. کہا جاتا ہے "اَخذتِ الخيلُ مِشْوارَها" یعنی گھوڑے موٹے اور خوبصورت ہوئے۔
اَلشَّوْرَةُ: درختوں کی قطار۔ زمین کا طویل قطعہ۔
المِشْوارة. شہد نکالنے کی جگہ۔
اَلشَوْرَبَةُ: چاول، دال یا سبزی کا شوربہ جو کہ گوشت کے ساتھ یا گھی کے ساتھ پکا ہو۔
شُوِزَ. (شِيْزَ بِهِ شَوْزًا) عَلَى المَجْهُوْلِ: فریفتہ ہونا۔
الاَشْوَز. مغرور۔ متکبر۔
المَشْوُز. بے آرام۔
شَاسَ يَشاسُ وشَوِسَ يَشْوَسُ شَوَسًا وتَشاوَسَ. غصہ یا تکبر کی بنا پر ترچھی نظر سے دیکھنا۔ دیکھنے کے لیے آنکھیں چھوٹی کرنا۔ لڑائی میں بہت دلیر ہونا۔ صفت (اَشْوَس) مؤنث شَوْساء. ج شُوْس. الشُوْس: لمبے۔ اور کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلانٌ بِخُطُوْبٍ شُوسٍ" فلاں کے اوپر سخت مصیبتیں پڑیں۔
تَشاوَسَ تَشاوُسًا. بمعنی شَوِسَ. نخوت و تکبر ظاہر کرنا۔
شَوَّشَ. الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔
تَشَوَّشَ. عَلَيْهِ الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔
تَشاوَشَ. القَوْمُ: گڈمڈ ہونا۔
الشَواش. اختلاف و اضطراب۔
عِبارَةٌ (مُشَوَّشَةٌ) ترکیب یا معنی کے لحاظ سے نادرست عبارت۔
الشَاشُ: روئی کی چادر۔ ریشم کی پگڑی
الشَاوِيْش. سارجنٹ۔ (جدید)
اَلشَاشَةُ الْبَيضاءُ: سینما کی سفید سکرین۔
شَاصَهُ يشُوْصُهُ ويَشاصُهُ شَوْصًا. جگہ سے ہلانا۔ ہاتھ سے ملنا۔ دھونا۔ شَاصَ فاهُ بالسِواكِ: منہ کو مسواک سے صاف کرنا
شَوْصًا وشَوَصًا) بھڑکنا الرَجُلُ: ڈاڑھ یا پیٹ کے درد والا ہونا الجَنِيْنُ: جنین کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا بِهِ العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا فُلانٌ بِفُلانٍ: کسی کا کسی پر شر کو

برانگیختہ کرنا۔
شَوِصَتْ(س) شَوَصًا. عَيْنُهُ :اتنی موٹی ہونا جس سے دونوں پلکیں نہ مل سکیں۔ بہت پھڑکنے والی پلکوں والی ہونا۔ جس کو یہ کیفیت لاحق ہو اس کو (اَشْوَص) کہتے ہیں اور آنکھ کی صفت (شَوْصَاء) ج شُوْص.
شَوَّصَ تَشْوِيْصًا واَشَاصَ اِشَاصَةً الرَجُلُ :مسواک کرنا۔
الشَوْصة. رگ کی حرکت۔ پسلیوں کے پردہ کا ورم۔ پیٹ کا ریاحی درد۔
اَلشِّيَاص .بد خلقی۔
شَاطَ يَشُوْطُ شَوْطًا. بِهِ الغَضَبُ: بھڑکنا۔
شَوَّطَ .لمبا سفر کرنا القِدْرَ :ہانڈی کا جوش دینا اللحْمَ :گوشت پکانا الصَقِيْعُ النبات: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔
تَشَوَّطَ. الفَرسَ :گھوڑے کو چلا کر تھکانا۔
الشَوْط. غایت۔ چکر۔ غایت تک ایک مرتبہ دوڑ۔ کہا جاتا ہے "جرَىَ الفَرَسُ شَوْطًا" گھوڑے نے ایک چکر لگایا۔ ج اَشْوَاط.
شَاظَ يَشُوْظُ شَوظًا. بفُلان :گالی دینا بِهِ الغضب :غصہ بھڑکنا۔
تَشَاوَظَ. القَوْمُ :باہم گالی گلوچ کرنا۔
الشُوَاظ والشِواظ. بغیر دھوئیں کا شعلہ۔ آگ یا دھوپ کی گرمی۔ پیاس کی شدت۔ چیخ و پکار۔ گالی گلوچ۔
شَوِعَ يَشْوَعُ شَوَعًا. الراسُ :پراگندہ اور گرد آلود بالوں والا ہونا الفرسُ: ایک رخسارے میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (اَشْوَع) مؤنث شَوْعَاء. ج شُوْع.
شَوَّعَ تَشْوِيْعًا. القَوْمَ :جمع کرنا۔
الشُوْع. بان کا درخت۔ واحد شُوْعَة ج شِيَاع.
المِشْوَاع. تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ (اس کی اصل مِشْيَاع ہے۔)
شَافَهُ يَشُوْفُهُ شَوْفًا. صیقل کرنا۔
الجَمَل بالقَطِرَان :اونٹ پر قطران ملنا۔
شِيْفَتْ. الجَارِيَةُ :بناؤ سنگھار کیا جانا۔
شَوَّفَ. الجَارِيَة :لڑکی کا بناؤ سنگھار کرنا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔
اَشَافَ اِشَافَةً. عَلَيْه :اوپر سے جھانکنا مِنْهُ :خوف کھانا الشَیءُ :بلند ہونا۔
تَشَوَّفَ تَشَوُّفًا .مزین ہونا من السطح: دیکھنا۔ اوپر سے جھانکنا الى الشَیءِ: جھانکنا الشَیءُ :بلند ہونا۔
اِشْتَافَ اِشْتِيَافًا. اِلَيْه :گردن اُٹھا کے دیکھنا البَرْقَ: بجلی کو باامید بارش دیکھنا۔ (واِسْتَشَافَ) الجُرْحُ :زخم سخت ہونا۔
الشَوْف .س۔ ہینگا۔
الشِيَاف. آنکھ میں استعمال کرنے کی دوا کی بتی۔
الشَيِّفة والشَيِّفان. دیدبان۔ دشمن کی حرکت کی دیکھ بھال کرنے والا۔
الشَوَّاف. مِنَ الرِجالِ :تیز نظر والا۔
المَشُوْف. ٭۔ آراستہ کیا ہوا۔ مِنْ الجِمَال :قطران ملا ہوا اونٹ۔
شَاقَنِي يَشُوْقُنِي شَوْقًا وتَشْوَاقًا. الحُبُّ اِلَيْهِ: شوق دلانا۔ صفت مفعولی (مَشُوْق) و صفت فاعلی (شائق) شَاقَ القِرْبَةَ: مشک کو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا کرنا۔ صفت مفعولی (مشُوْقَة) الطُنُب الى الوَتَد: خیمہ کی رسیوں کو کھونٹے میں باندھنا۔
اَشَاقَهُ اَشَاقَةً :شائق پانا۔
شَوَّقَهُ. اِلَيْهِ :شوق کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَشَوَّقَ. الشَیءَ و اِلَيْه: بہت شوق ظاہر کرنا۔
اِشْتَاقَهُ. واِشْتَاقَ اِلَيْه :بہت خواہش کرنا۔
الشَوْق .س۔ سخت خواہش۔ ج اَشْوَاق.
الشِيَاق والشِيْق. وہ چیز جس سے کسی چیز کو کھینچ کر دوسری چیز میں باندھیں جیسے خیمہ کی طنابیں۔
الشَيِّق. آرزومند۔
الرَجُلُ (الاَشْوَق) لمبا مرد۔ ج شُوْق
الشُوَّق: عُشّاق
شَاكَهُ يَشُوْكُهُ شَوْكًا. کانٹا چبھانا۔
شَاكَتْهُ الشَوْكَةُ :کانٹا چبھنا۔
شَاكَ يَشَاكُ شَاكَةً و شِيْكَةً .کانٹوں میں پڑنا ہٗ بالشَوْكَةِ: کانٹا چبھانا الشَوْكُ: کانٹوں میں پڑنا (شَوْكًا) شوکت ظاہر ہونا لِحْيا البَعِيْرِ: لمبے دانتوں والا ہونا ثَدْيُ الجارِيَة :نمودار ہونا شروع ہونا۔
شَيِكَ. کانٹا چبھنا الجَسَدُ: بدن پر سرخ پھنسیاں ظاہر ہونا۔ صفت (مَشُوْك)
اَشَاكَهُ .کانٹا چبھانا۔
اَشْوَكَ. المكانُ :کانٹوں والی ہونا۔
اَشْوَكَت الشَجَرَةُ :خاردار یا بہت کانٹوں والا ہونا۔ صفت (مُشْوِكَة)
شَوَّكَ. الشجَرُ: درخت کا خاردار ہونا۔ کانٹے نکلنا الحائط: دیوار پر کانٹے رکھنا الفَرْخُ: چوزے کا نئے پر نکالنا شارِبُ الغُلامِ :لڑکے کی مونچھ کا سخت ہونا الراسُ بَعْدَ الحَلْقِ :سر میں نئے بال نکلنا۔
الشَوك. س۔ کانٹا۔ ج اَشْوَاك واحد (شَوْكَة)
الشَوْكَة. شوک کا واحد۔ بچھو کا ڈنک۔ سرخ پھنسی۔ ہتھیار اور اس کی تیزی۔ قوت و طاقت۔ دشمن کو تکلیف رسانی کہا جاتا ہے "لا تَشُوْكُكَ مِنّی. شَوْكَةٌ" یعنی مجھ سے تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ شَوْكَةُ الحائك تانا بانا درست کرنے کا آلہ۔
الشَوْكَة المُبارَكَة والشَوْكَة اليَهُوْدِيَة والشَوْكَة البَيْضاء: جڑی بوٹیوں کے نام ہیں۔ ريح الشَوْكَة :ایک تکلیف دہ پھنسی جو عموماً ہاتھ کے انگوٹھے میں ہوتی ہے۔
شَوْكُ الدَرّاج :کانٹے دار پودا جو کہ جانوروں کے لئے گھاس اور دھوبیوں کے لئے نمدہ کے کام آتا ہے۔
الشَّكُرلاتا ایک معجون کا نام
الشائك ج شاكة و (الشَوِك) خاردار۔

شائِكُ السِّلَاحِ وشَوْكُ السِّلاحِ: ہتھیاروں سے مسلح اور (شَاكُ السِّلَاحِ) بالتشدید اور (شَاكُ السِّلاحِ) بالتخفیف اور (شاكى السلاح) بھی مستعمل ہیں۔ اَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شَاكَة) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت۔

الاَشْوَكُ. مِنَ الثِّيَابِ ونحوها: کھردرا۔ مؤنث شَوْكَاء.

الشَوْكَران. ایک زہریلا پودا۔ (دخیل)

شَالَ يَشُوْلُ شَوْلًا وشَوَلَانًا. الذَّنَبُ وغیرہ: اُٹھنا۔ بلند ہونا۔ شَالَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ. اُٹھانا۔ بلند کرنا۔

المِيْزَانُ: ترازو کے ایک پلڑے کا اُونچا ہونا۔

شَالَتِ القِرْبَةُ او الزِقُّ: پھونکنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَالَتْ نَعَامَتُه" وہ ہلکا ہوا؛ وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہوگیا۔ وہ مر گیا۔ و شَالَتْ نَعَامَتُهُم. انہوں نے اپنے مکانات خالی کر دیئے اور متفرق ہوگئے یا ان کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی۔

اَشَالَ الشَّيْءَ. بلند کرنا؛ اُٹھانا۔

شَوَّلَ تَشْوِيْلًا. لَبَنَ النَاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔ گھٹنا۔ شَوَّلَتِ النُوقُ: دودھ خشک ہونا۔ شَوَّلَ المَاءُ: کم ہونا المَزَادَةُ: کم پانی والا ہونا فِي المَزَادَةِ: تھوڑا پانی باقی رکھنا۔

شَاوَلَ. الحَجَرَ: اُٹھانا ہ و بہ: ہٹانا (و تَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا۔

اِنْشَالَ اِنْشِيَالًا. بلند ہونا۔

اِشْتَالَ اِشْتِيَالًا. بلند ہونا لَهُ. تعرض کرنا۔ گالی دینا۔

اِسْتَشَالَتِ. النَاقَةُ ذَنَبَهَا: اونٹنی کا دُم کو اُٹھانا۔

الشَوْلُ. مص۔ سبک ہلکا ڈول وغیرہ کا بقیہ پانی۔ تھوڑا پانی۔ ج اَشْوَال.

الشَوِلُ. کام اور خدمت میں چست۔

الشَوْلَةُ. اسم مرۃ۔ بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے مِنَ النِسَاءِ: بیوقوف عورت۔

شُوْلَة وشَوَالَة. بچھو کا اسم علم الشَوَالَة: چغل خور عورت۔

الشِوَال عِنْدَ العَامَّةِ: بالوں یا اُون کا بڑا بورا (یہ جوالق کی تحریف ہے)

الشَال. کندھوں پر ڈالنے کی چادر۔ ج شِيْلَان وشَالَات. اور (الشَالَة) اخص ہے (اعجمیہ) النَاقَةُ (الشَائِل) بغیر دودھ والی مستی کے وقت دُم اُٹھانے والی اونٹنی۔ ج شُوَّل و شُوَّال وشُيَّل وشِيَّل.

الشَائِلَة. الشَائِل کا مؤنث مِنَ الاِبِلِ: اونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہو گیا ہو۔ ج شَوْل. واَشْوَال وشَوَائِل.

شَوَّال. قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَوَّال بھی کہا جاتا ہے۔ ج شَوَّالَات. وج شَوَاوِيل.

المِشْوَل. چھوٹی درانتی۔

المِشْوَال. پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔

شَانَ يَشُوْنُ شَوْنًا. الرُؤُوْسَ: دماغ کے کیڑے نکالنے کے لیے سر کو کھولنا۔

تَشَوَّنَ. کم عقل ہونا۔

الشُوْنَة. بیوقوف عورت۔

الشُوْنَة. غلہ جمع کرنے کی جگہ۔ جنگی جہاز۔ ج شَوَان

الشَوَّانُ. غلہ جمع کرنے والا۔

شَاهَ يَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً. الوَجْهُ: چہرہ بدشکل ہونا الرَجُلَ. خوفزدہ کرنا۔ گھبرا دینا۔ حسد کرنا۔ نظر بد لگانا۔ کہا جاتا ہے "شَاهَت نَفْسُه اِلَى كَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔

شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا. الوَجْهُ: چہرہ کا بدشکل ہونا العُنُقُ. گردن لمبی ہونا۔ چھوٹی ہونا۔ (ضد)

شَوَّهَ. اللّٰهُ وَجْهَهُ: چہرہ کا بدشکل بنانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَيَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔

تَشَوَّهَ. بدشکل ہونا۔ تَشَوَّهَ الرَجُلُ شَاةً: شکار کرنا لِفُلَانٍ: اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناسا کرنا۔ نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اُٹھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَشَوَّهُ اَمْوَالَ النَاسِ لِيُصِيْبَهَا بِالعَيْنِ" وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اُٹھاتا ہے۔

الشَوْه. مص۔ بدشکلی۔ خوبصورتی (ضد) گردن کی لمبائی و بلندی۔ سر بلند کرنا۔

الشَوْهَة. دوری۔ بدشکلی۔

الشَاه. بادشاہ نسبت کیلئے (شاہی و شاہانی)

الشَائِه. فا۔ حسد کرنے والا۔ ج شُوْه.

شَاه بَنْدَر. سوداگروں کا رئیس۔

شَاه بَلُّوْط. شاہ بلوط کا درخت۔

رَجُلٌ (شَاهُ البَصَرِ وشَائِهُهُ وشَاهِيْهِ) تیز نظر والا۔

الشَاةُ. بکری۔ بکرا۔ جنگلی گائے۔ ج شَاء وشِيَاه وشِوَاه واَشْيَاه وشِيْه وشَيِّه وشَوِيّ اور شاة کی تصغیر شُوَيْه وشُوَيْهَة ج شُوَيْهَات اور نسبت کے لیے شَاوِيّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِيّ.

الشَاهِيّ. بکری والا۔

الشَاهْتَرَجُ. ایک گھاس نما پودا جس کے پتے ڈبل ہوتے ہیں انگوری شکل کے پھول ہوتے ہیں۔ اس کے پھول اور بیج خارش کے لئے بطور دواء استعمال ہوتے ہیں۔

الاَشْوَه. بدشکل۔ جلدی نظر بد لگانے والا۔ متکبر۔ مؤنث شَوْهَاء. ج شُوْه. الشَوْهَاء: ترش رو عورت۔ بدشکل عورت۔ خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت۔ فَرَسٌ شَوْهَاء. تیز نگاہ والا گھوڑا۔ اَرْضٌ (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین۔

المُشَوَّه. بدشکل: ناہموار شکل و صورت والا۔

شَوَى يَشْوِي شَيًّا. اللَحْمَ: گوشت کو آگ میں بھوننا۔ صفت مفعولی (مَشْوِيّ)

المَاءَ: پانی گرم کرنا۔

شَوَّیٰ واَشْوَیٰ. القَوْمَ: بھنا ہوا گوشت کھلانا الرَجُلَ: جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔ اَشْوَیٰ السَهْمُ: تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔ اَشْوَی الزَرْعُ: بھوننے کے قابل ہونا الرَجُلُ: رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔ اَشْوَیَ السَعَفُ: درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا۔ اور اسی سے ہے "مَا اَعْیاه وما اَشْوَاه" وہ کس قدر کمزور ہے۔

اِنْشَوَی اِنْشِوَاءً واشْتَوَیَ اِشْتِوَاءً. بھن جانا۔ اِشْتَوی الرَجُلُ: بھوننا۔

الشَوَی. گھٹیا مال۔ آسان معاملہ۔ ہاتھ پیر۔ جسم کے اطراف۔ وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (الشَوَاة) کھوپڑی کا چمڑا۔

الشِوَاء والشُوَاء. بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِوَاءَة والشُوَاءَة والشَوَّاءَة بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔

الشَوَّاء. گوشت بھوننے والا۔

الشُوَایَة والسَوَایَة والشِوَایَة والشَوِیَّة مِنَ الْمَال: ردی مال۔ ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔ ج شَوَایَا سَعْفَة (شَاوِیَّةٌ) درخت خرما کی خشک شاخ۔

الشَوِیَّ. بھنا ہوا گوشت۔

المِشْوَاة. گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج مَشَاوٍ.

شَاءَهُ یَشَاءُهُ شَیْئاً ومَشِیْئَةً ومَشَاءَةً ومَشَائِیَةً. چاہنا۔ صفت فاعلی (شَاءٍ) اور صفت مفعولی (مشِیٌّ) اللّٰه الشَیَٔ: مقدر کرنا۔ تعجب کے موقع پر "مَاشَاء اللّٰه" کہا جاتا ہے۔

شَیَّأَهُ. عَلَی الْاَمْر: برانگیختہ کرنا۔ شَیَّا اللّٰهُ وَجْهَه چہرہ کا بد شکل بنانا۔

اَشَأَهُ اِلَیْهِ اشَاءَةً مجبور کرنا۔

تَشَیَّأَ تَشَیُّؤًا غصہ ٹھنڈا ہونا۔

الشَیْءُ. مص۔ چیز جس کے ساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے۔ ج اشیاء جج اَشَاوَیٰ واَشْیَاوَات واَشَاوَات واَشَایَا اور تصغیر شُیَیٌّ وشُیَیٌ اور اَشْیاء کا کلمہ غیر منصرف ہے۔

الشِیْئَة. شاء کا اسم (والمَشِیئَة) ارادہ۔

المُشَیَّأ. بد شکل۔ ناہموار صورت والا۔

شَابَ یَشِیْبُ شَیْبًا وشَیْبَةً ومَشِیْبًا. سفید بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر (اَشْیَبُ وشَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَةُ) (مؤنث کی صفت میں شَیْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوْسُ الْآکَام) "ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔

اَشَابَ. الرَجُلُ: بوڑھی اولاد والا ہونا۔

اَشَابَ وشَیَّبَ. الحُزْنُ فُلَانًا رِبِفُلَانٍ: غم کا بوڑھا کر دینا۔

الاَشْیَب. سفید سر والا من الایَام: برف و بادل والا دن۔ ج شِیْبٌ وشُیُب. الشِیْب: برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔

الشَائِب. فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَةٌ. ج شَیَّب. مبالغہ کے طور پر "شَیْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔

یَوْمٌ (شَیْبَانٌ) اولہ برف بادل کا دن (وشِیْبَانٌ) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)

الشَیْبَة. اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ ہے جس کا نام (افسنتین) ہے۔

الشَیْتَان. ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔

شَاحَ یَشِیْحُ شَیْحًا. علی حَاجَته: چوکنا رہنا۔ کوشش کرنا۔

شَیَّحَهُ. ڈرانا۔ شَیَّحَ خَصْمُهُ: تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔

اَشَاحَ اِشَاحَةً. فِیْ اَمْرِهِ: کوشش کرنا۔ چوکنا رہنا۔ محتاط رہنا وَجْهِهٖ وبِوَجْهِهٖ واَشَاحَ عَنْهُ وَجْهَهُ: نفرت سے منہ پھیر لینا المَکَانُ: شیح نامی گھاس اگانا الفَرسُ بِذَنَبِهٖ: گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔

شَایَحَ مُشَایَحَةً وشِیَاحًا جنگ کرنا۔ فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔

الشِیْح ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شِیْحَةً) مِنَ الرِجَال: کاموں میں کوشش کرنے والا۔ چوکنا رہنے والا۔

الشِیَاح. مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط۔

الشَیْحَان والشِیْحَان والمُشِیْح. لمبا۔ غیرت مند۔ محتاط۔

شَاخَ یَشِیْخُ شَیْخا وشَیُوخَة وشُیُوخَة وشُیُوخِیَّة وشَیْوخِیَّة وشَیْخُوخَة وشَیْخُوخِیَّة. بوڑھا ہونا۔

شَیَّخَ. بوڑھا ہونا ہ: تعظیم کیلئے یاشیخ کہہ کے پکارنا عَلَیْهِ: عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا بِهٖ: رسوا کرنا۔

الشَّیْخِیَّةُ پھول کی ایک جنس جو کہ بطور زیب و زینت بوئے جاتے ہیں۔

تَشَیَّخَ. بوڑھا ہونا۔

الشَیْخ. بڈھا۔ ج شُیُوْخ وشِیُوْخ واَشْیَاخ وشِیْخَة وشِیَخَة وشِیخَان. ومَشْیَخَة ومَشِیْخَةٌ و جج مشائخ واَشَایِیْخ مؤنث شَیْخَة اور شیخ کی تصغیر شُیَیْخ وشُیَیْخ. شَیْخُ المرأة. شوہر اور شیخ کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم و فضیلت و مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔ شَیْخُ النار: ابلیس سے کنایہ ہے۔

الشَیْخُوْن بڈھا۔

شَادَ یَشِیْدُ شَیدا وشَیَّدَ البناء: عمارت کو بلند کرنا الحائط: دیوار پر گچ کرنا۔ جِلْدَهُ بالطِیْب: جسم پر خوشبو ملنا۔ شاد الرجُل: ہلاک ہونا (شَادَ الاِبلَ شِیَادًا) اونٹوں کو بلانا۔

اشَادَهُ اِشَادَةً ہلاک کرنا۔ اشاد بذکرہ: تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اشاد علیه قبیْحًا وبقبیْح: بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اشاد علیه: کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا المُغَنّی: گانے میں آواز بلند کرنا۔ اشاد صوته و بصوته: برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ الضَالّة: گم شدہ چیز کی تعریف کرنا البنیانَ لمبا کرنا۔

الشِّیْد گچ وغیرہ کا پلستر۔
المَشِیْد مفع۔ پلستر کیا ہوا (والمُشَیَّد) بلند کیا ہوا۔
الشِّیَار یوم شنبہ۔ ج اَشْیُر وشُیُر وشِیْر۔
شَیَّرَہٗ۔ البُرْدَ: سرخی سے دھاری بنانا۔
الشِّیْز والشِّیْزیٰ: آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
اَلشِّیْشَۃ: تمباکو نوشی کا آلہ
اَشَاشَتِ النَّخْلَۃُ: نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔
الشِّیْش: نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِّیْش عِنْدَ العَامَّۃِ: گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّوْد ہے۔
شَیَّصَ۔ القَوْمَ: رنج وتکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخْلَۃُ: ردی کھجور والا ہونا۔
الشِّیْص: ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِیْصَۃ)۔
الشِّیْص: بد خلقی۔
الشِّیْصَاء: نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِیْصَاءَۃ)
المُشَایَصَۃ: ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔
شَاطَ یَشِیْطُ شَیْطًا وشِیَاطَۃً وشَیْطُوْطَۃً۔ الشَّیْئُ: جلنا۔ شَاطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔
شَاطَ الزَّیْتُ: زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔
شَاطَتِ الذَّبِیْحَۃُ: ذبیحہ کا گوشت تقسیم ہو کر ختم ہو جانا۔ فُلَانٌ: ہلاک ہونا۔ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا۔ دَمُہٗ: بیکار جانا۔ فُلَانٌ الدِّمَاءَ: ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔
شَیَّطَ واَشَاطَ۔ اَلصَّقِیْعُ النَّبْتَ: جلانا۔ والدَّوَاءُ الجُرْحَ: جلانا۔ الرَّاسَ او الکُرَاعَ: سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لیے جھلسنا۔ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
اَشَاطَ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَّحْمَ عَلَی القَوْمِ: گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ السُّلْطَانُ دَمَہٗ وبِدَمِہٖ: قتل کرنے کے لیے سامنے لانا۔
تَشَیَّطَ: جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔
اِشْتَاطَ اِشْتِیَاطًا۔ عَلَیْہِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ الحَمَامُ: کبوتر کا خوش ہو کر اڑنا۔ مِنَ الاَمْرِ: ہلکا ہونا۔ فِی الحَرْبِ: اپنے آپ کو قتل کے لیے پیش کرنا۔
الشِّیَاط: روئی، اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔
التَّشْیِیْط والمُشَیَّط: گوشت جو قوم کے لیے بھونا جائے۔
الشَّیْطِیُّ: غبار جو فضا میں بلند ہو۔
المُسْتَشِیْط: بہت ہنسنے والا۔ موٹا اونٹ۔
شَیْطَن وشَیْطَان۔ (دیکھو مادہ شطن)
شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا۔ بِالخَبَرِ: خبر کو پھیلانا۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا وشُیُوْعًا ومَشَاعًا وشَیَعَانًا وشَیْعُوْعَۃً۔ الخَبَرُ: پھیلنا۔ فِیْہِ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
شَاعَہٗ شِیَاعًا: پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَاعَکُمُ السَّلَامُ وشَاعَکُمُ اللّٰہُ بِالسَّلَامِ"، یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔
اَشَاعَ اِشَاعَۃً۔ الخَبَرَ وبِالخَبَرِ: پھیلانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَکُمُ اللّٰہُ السَّلَامَ وبِالسَّلَامِ"، اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَاعَ بِالاِبِلِ: پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بلانا۔
شَیَّعَہٗ: رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کیلئے ہمراہ جانا۔ شَیَّعَ شَہْرَ رَمَضَانَ: شش عید کے روزے رکھنا۔ الرَّجُلَ: جرات دلانا۔ قوی کرنا۔ النَّارَ: آگ تیز کرنے کے لیے لکڑیاں ڈالنا۔ الشَّیْئَ بِالنَّارِ: جلانا۔ الرَّجُلُ: شیعہ ہونے کا دعوی کرنا۔ الشَّیْئَ: کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔
شَایَعَہٗ: کام کے لیے کسی کے ہمراہ جانا۔
شَایَعَ بِہِمُ الدَّلِیْلُ: رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بِالاِبِلِ: پکارنا، آواز دینا۔
تَشَیَّعَ: شیعہ ہونے کا دعوی کرنا۔ اللَّبَنُ فِی المَاءِ: بکھرنا۔ ہ الغَضَبُ: دل میں غصہ بھڑکنا۔ فُلَانٌ فِی الشَّیْئِ: کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا۔ ہ الشَّیْبُ: بڑھاپا نمایاں ہونا۔
تَشَایَعَ تَشَایُعًا۔ القَوْمُ: مختلف گروہ ہونا۔
تَشَایَعُوْا عَلَی الاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔
تَشَایَعُوْا فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔
تَشَایَعَتِ الاِبِلُ: متفرق ہونا۔
اَلشُّیُوْعِیَّۃ: کارل مارکس کا اجتماعی نظریہ
اِشْتَاعَ اِشْتِیَاعًا۔ فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔
الشِّیْعُ: مثل۔ مقدار۔ ج اَشْیَاع کہا جاتا ہے "ھٰذَا شِیْعُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِہِمْ" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔ وَاَقَمْتُ عِنْدَہٗ شَہْرًا اَوْ شِیْعَ شَہْرٍ: میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینے کے بقدر اقامت کی۔ و "کَانَ مَعَہٗ مِائَۃُ رَجُلٍ اَوْ شِیْعُ ذٰلِکَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوْا مَوْضِعَ کَذَا اَوْ شِیْعَہٗ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اترے۔ "آتِیْکَ غَدًا وشِیْعَہٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔
الشَّاعَۃ: بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع کی جمع ہے۔
شِیْعَۃُ الرَّجُلِ: پیرو، مددگار۔ ج شِیَع واَشْیَاع والشِّیْعَۃ: فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علیؓ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِیْعِیّ)
الشَّیِّع: حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا شَیِّعُ لِھٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَاء۔ مؤنث شَیِّعَۃ کہا جاتا ہے "الدَّارُ شَیِّعَۃٌ بَیْنَہُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔
الشِّیَاع: آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔
الشُّیُوْع: آگ سلگانے کی چیز۔

الشَائِع. فا. حَدِیْثٌ شَائِعٌ وَشَاعٌ بحذف عین: پھیلی ہوئی بات۔ سَھْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ: مشترک غیر منقسم حصہ۔

المَشَاع والمُشَاع. پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے ''مَشَاعُ القُریٰ'' وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔

المُشِیْع. بھرا ہوا برتن۔ کمینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔

المِشْیَعَة. ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔

المُشَیَّع. مث۔ بہادر۔ جلد باز۔

المِشْیَاع. تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔

رَجُلٌ مِشْیَاعٌ: راز کو پھیلانے والا مرد۔

المُتَشَایِع والمُشْتَاع. شریک۔

شَاقَه یَشِیْقه شَیْقًا. اِلَیْه: کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے ''شَاقَ الطُنُبَ اِلَی الوَتَدِ'' اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔

الشِیْق. پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِیْق: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیْقَة)

الشَیَّال. قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ و (الشِیَالَة) بوجھ اُٹھانے کا پیشہ۔

شَامَ یَشِیْمُ شَیْمًا. بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْیَم) مؤنث شَیْمَاء. ج شِیْم وشُوْم.

السَیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد) البَرْقَ: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے ''شَامَ مَخَایِلَ الشَئِ'' یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اُٹھائی (شَیْمًا وشُیُوْمًا) الرَجُلُ: جم کے حملہ کرنا فی الشَئِ: داخل ہونا۔ الشَئَ فِی الشَئِ: چھپانا الشَئَ: تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے ''شِمْ مَا بَیْنَهُمَا'' ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

شَیَّمَ واَشَامَ وانْشَامَ واشْتَامَ. فی الشَئِ اَوْ الاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَیَّمَ یَدَیْه فی رَاسِ فُلَانٍ اَوْ ثَوْبِه: لڑائی کرنے کے لیے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ انْشَامَ الرَجُلُ: منظور نظر ہونا۔

تَشَیَّمَ. اَبَاهُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا۔ الشَئُ فِی الشَئِ: داخل ہونا۔ الشَیْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔

الشَامَة. تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَام وشَامَات. کہا جاتا ہے ''سَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ'' وہ لوگ شہروں میں متفرق ہوگئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِیْمَة والشِیْمة. عادت۔ طبیعت۔ ج شِیَم.

الشَیَم. ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔

الشَیَام. نرم زمین۔ مٹی۔

الشِیَام. مٹی۔ چوہا۔ ج شِیَم.

المَشِیْم والمَشُوْم والمَشْیُوْم. تل والا۔

المَشِیْمَة. بچے کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِیْم و مَشَائِم.

شَانَهُ یَشِیْنُهُ شَیْنًا. عیب لگانا۔

شَیَّنَ. حرف ''ش'' لکھنا۔

المَشَایِن. عیوب۔

شَاهَهُ یَشِیْهُهُ شَیْهًا. نظر بد لگنا۔

الشَیُوْه. نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے ''هُوَ شَیُوْهٌ مِنْ اَشْیَهِ النَاسِ'' وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔

الشِیَة. (دیکھو ش ی) الشَای. چائے۔

ص

ص : الصاد : چودھواں حرف بنیادی حروف سے - حروف اسلیہ سے ہے۔ بحساب جمل اس اعدد(۹۰) ہے۔

صَئِبَ (س صَأَبًا) مِنَ الشراب: شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا صَئِبَ واَصْأَبَ الرأسُ: سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُؤابة: جوں کے انڈے۔ ج صُؤاب

صِئبان۔ الصِئبان: چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے۔

المِصْئاب: شراب سے بھرا ہوا۔

صَأصَأ الجرو: پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا الرجلُ: مرد کا بزدل ہونا فُلان: د(تصأصأ) منه: خوف کرنا۔ تابع ہونا۔

الصِئصأ: ردی کھجوریں۔

صِئصِئة الدیك: مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِك (س صأکا): بدبودار پسینہ نکلنا الدم: خون جمنا: چپکنا۔

صائکه مصائکة: سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔

الصَئك من الرجال: مضبوط آدمی۔

صُؤول (ک صُؤولا) صالة البعیر: اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِل وصَؤول۔

صأل یصأل صئیلا الفرس: گھوڑے کا ہنہنانا۔

صأم یصأم صأما الجیش علی القوم: لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِم یصأم صأما: بہت پانی پینا۔

الصائم: پیاسا۔

صأی یصأی وبصأی صُئیا صئیا صئیًا تصائی الفرخ: پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اسی سے ضرب المثل ہے "فلان یحلب ع ویصئ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جاء بما صأی وصمت" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔

صأی: چوں چوں کرانا۔

صَبَّ (ن صبًّا) الماء: پانی انڈیلنا الوادی: وادی میں اُتارنا الدرع: زرہ پہننا۔

صَبَبتُ الدرع علی فلان: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے "صُبَّ علیه البلاء من صبب" اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی صَبَّ اللّٰہ علیه صاعقة: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ رجله فی القید: یعنی بیڑی پہنا دی۔

صَبَّ (ض صبًّا) الماءُ: پانی گرنا۔

صُبَّ الشئ: مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ (س صبابة) الیه: عاشق ہونا۔

أصَبَّ إصبابًا القومُ: قوم کا نیچے اترنا۔

انصبَّ الماءُ: پانی گرنا علیه: اترنا۔ کہا جاتا ہے "نصبت قدماہ فی الوادی" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصطبَّ الماءَ: پانی گرنا۔

اصطبَّ وتصابَّ الماء: بچا ہوا پانی پینا۔

اصطبَّ وتصابَّ العیش: بقیہ زندگی گزارنا۔

تصبَّبَ الماء ونحوه: پانی بہنا۔

الصبُّ: عاشق ج صُبُّون۔ مؤنث صَبَّة ج صَبّات۔ ماءٌ صبٌّ: پانی بہا ہوا۔

الصُبُّ والصُبَّة: گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُبَّة: آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے اونٹ، بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔

الصَبَب: نشیب۔ ج اصباب۔

الصُبابة: برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبابات۔ کہا جاتا ہے "لم ادرك من العیش الا الصُبابة" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَبابة: عشق۔ سوزش عشق۔

الصَبیب: زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے "وضعت صبیب السیف فی بطنه" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المَصَبُّ: گرنے کی جگہ۔ ج مصابّ

المِصَبُّ: حروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المصبوب: گرایا ہوا المصبوب علی الشئ: کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔

صَبَأ (ف صبوءا) (ک صبأ وصبوءا

مذہب تبدیل کرنا۔ صائبین کا دین اختیار کرنا۔ صفت صابی عَلَیْھِمْ: اچانک پہنچ جانا العَدُو عَلَیْھِمْ: دشمن کی رہنمائی کرنا (واَصْبأ اِصْبَاءً) النابُ او النبات: دانت نکلنا۔ نباتات اُگنا واَصْبأ القَوْمَ: قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصَابِئُوْنَ والصَابِئَة. ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوحؑ کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصِبَأُوْت والصَبَاؤُوْت. جمع صِبْئٌ عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَبَأُوْت" یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ (ف) صَبَاحًا. القَوْمَ: صبح کے وقت آنا عَنِ الحق: حق ظاہر کرنا۔

صَبِحَ (س) صَبَحًا وصُبْحَةً. چمکدار روشن ہونا الشَعْرُ: بال کا چمکدار ہونا الحَدِیْدُ: لوہے کا چمکدار ہونا۔

صَبُحَ (ک) صَبَاحَةً. الوَجْهُ: چہرے کا روشن و چمکدار ہونا الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاحٌ صَبِیْحٌ.

صَبَّحَهُ. صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ القَوْمُ الماءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا الرَجُلُ: صبح کو سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَبَّحَكَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ"

اَصْبَحَ. صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا المِصْبَاحَ: چراغ جلانا۔ الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔

اَصْبِحْ. یَا رَجُلُ: اے شخص چوکنا ہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰهِ لا صَبَاحُكَ.

تَصَبَّحَ. صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِهِ: صبح کے وقت ملنا۔

تَصَابَحَ. بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَتَصَابَحُ ويَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ. چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "الشمع مما یُصْطَبَحُ بِهِ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔ الرَجُلُ: صبح کی شراب پینا۔

اِصْبَاحَّ اِصْبِیْحَاحًا. الشَعْرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔

اِسْتَصْبَحَ. الرَجُلُ. چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔

الصُبْحُ. دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاحٌ.

الصُبْحَةُ. س۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی (والصَبْحَةُ) صبح کی نیند۔

الصَبَاحُ والصَبِیْحَةُ الاُصْبُوحَةُ دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتِیْهِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو مبنی کر کے اور "آتِیْهِ ذَاصَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ "یَوْمُ الصَبَاحِ" لوٹ کا دن۔

الصُبَاحُ. قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ: خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاحٌ.

الصُبَاحِیَةُ. چوڑا نیزہ۔

الصُبَاحِیُّ. بہت سرخ خون۔

الاَصْبَحُ. شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ ج صُبْحٌ.

الصَبُوْحُ. جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوھا جائے۔ کہا جاتا ہے "آتِیْهِ ذَاصَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔

الصَّبَاحِیَّةُ: بچوں کو سال کے آخر میں جو دیا جائے۔ یا رخصتی والی رات دلہن کو جو دیا جائے۔

الصَبِیْحُ. خوبصورت۔ ج صِبَاحٌ مؤنث صَبِیْحَةٌ ج صِبَاحٌ.

الصَبْحَانُ. خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَی ج صُبَاحَی. وہ شخص جو صبح کی شراب پیئے۔ رَجُلٌ صَبْحَانٌ جلدی صبح کی شراب پینے والا۔

الصَبَاحِیَّةُ خوبصورتی۔

المُصْبَحُ. صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔

المِصْبَحُ. بڑا پیالہ۔ چراغ۔

المِصْبَاحُ. چراغ۔ چوڑہ نیزہ۔ بڑا پیالہ۔ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیْحُ.

صَبَرَ (ض) صَبْرًا. عَلَی الاَمْرِ: دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیْرٌ صَبُوْرٌ. عَنِ الشَیْءِ: رک جانا الدَابَّةَ: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ہ: مجبور کرنا اور لازم کر دینا ہ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا۔ بند کر دینا (کام سے) اسی سے ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ کذا یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وصَبَرْتُ عَلی ما اَکْرَهُ وصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ. جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ وحُلِفَ صَبْرًا قسم کھانے کے لیے بند کیا گیا۔

صَبَرَ (ن) صَبْرًا وصَبَارَةً بِهِ: ضامن ہونا۔ ہ. ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اُصْبُرْنِی یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَهُ. صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا المَیِّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الکَأسَ پیالہ کو لبالب بھرنا۔

اَصْبَرَ. اللَبَنُ. کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا الرَجُلُ: ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا القاضی فُلانًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صَابَرَهُ صِبَارًا ومُصَابَرَةً صبر کرنے میں غالب رہنا۔

تَصَبَّرَ. تکلف سے صبر ظاہر کرنا عَلَیْهِ: صبر کرنا۔

اِصْطَبَرَ واِصَّبَرَ. عَلَیْهِ: صبر کرنا مِنْهُ:

بدلہ لینا۔
اِصْبَارًا اصْبَارًا عَلَيْهِ: صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ. الشَّیْءُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ تہ بتہ ہونا۔
الصَّبْرُ. بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔
شَهْرُ الصَّبْرِ: رمضان کا مہینہ۔ يَمِيْنُ الصَّبْرِ: وہ قسم جس کو کھانے کے لیے قید کر دیا جائے۔
الصَّبْرُ والصُّبْرُ. کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَار. کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَصْبَارِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔ و "مَلَأَ الكَاسَ اِلَى اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصُّبْرُ والصُّبُرُ. کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَّبِرُ. بزف۔ ج اَصْبَار.
الصَّبِرُ. ایلوا۔ ج صُبُوْرٌ واحد صَبِرَةٌ. اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُّبْرَةُ. غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَار. کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَّابِرُ. فا. اَبُوْ صَابِرٍ: نمک۔
الصَّابُوْرَةُ. بوجھ جو سواری یا کشتی یا جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ اِدھر اُدھر نہ جھکنے پائے۔
الصَّبْرَةُ والصَّبَارَةُ. سخت سردی۔ صَبَارَةُ الشِّتَاءِ: سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِّبَارُ. کاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔
الصَّبَارَةُ. ضمانت۔ سردی کی شدت۔
(والصُّبَارَةُ) چکنے پتھر۔
الصُّبَارُ والصُّبَّارُ. املی۔ ناگ پھنی۔ واحد صُبَارَةٌ. صُبَّارَةٌ.
اَلصَّبَّارُ امریکہ کے علاقہ کی املی
الصَّبَّارَةُ. بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْرُ. ج. صُبُرٌ. بردبار۔ یہ اللہ تعالی کے اسمائے حسنی میں سے ہے (والصَّبَّارُ) بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَةُ. مِنَ الرِّجَالِ: قتل کے لیے قید کیا ہوا۔
الصَّبِيْرُ. صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ ج صُبَرَاءُ.
الصَّبِيْرُ والصَّبِيْرَةُ. چوڑی روٹی۔
اُمُّ صَبَّارٍ واُمُّ صَيُّوْرٍ. مصیبت۔
المَصْبُوْرُ. قتل کے لیے قید کیا ہوا۔ ڈھیر۔ مؤنث مَصْبُوْرَةٌ.
صَصْبَ. متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ. متفرق ہونا۔ تَصَبْصَبَ اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا۔ الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا عَلَيْنَا فُلَانٌ بہت گستاخی کرنا۔
الصَّبْصَابُ والصَّبَصْبُ والصُّبَاصِبُ. سخت مضبوط۔
صَبَعَ (ف) صَبْعًا بہ و عليه. انگلی سے اشارہ کرنا۔ فُلَانًا عليه. اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَهٗ (ف) صَبْعًا ومَصْبَعَةً. متکبر بنانا۔ اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّيْطَانُ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔ شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔
صَبَعَ الشَّیْءَ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا بَيْنَ القَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔ فِي الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
لَاِصْبَعُ الاِصْبُعُ الاَصْبِعُ الاَصْبَعُ الاِصْبَعُ الاُصْبُعُ الاُصْبِعُ الاَصْبُعُ الاُصْبَعُ. انگلی۔ مؤنث۔ سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ ج اَصَابِعُ اَصَابِيْعُ الفَتَيَاتِ: ایک پھول کی قسم۔ ترنجمشك اَصَابِعُ العَذَارَى او اَصَابِعُ العَرُوْسِ: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المَصْبَعَةُ. غرور، تکبر، گھمنڈ۔
اَصَابِعُ اليَدِ: ہاتھ کی انگلیاں۔ خِنْصَرٌ (چھنگلیا) بِنْصَرٌ (چھنگلی کے ساتھ والی) وُسْطَى (درمیان والی) سَبَّابَةٌ (انگشت شہادت) اَلاِبْهَامُ (انگوٹھا)
المَصْبُوْعُ. گھمنڈی۔ متکبر۔
المُصَبِّعُ. گوشت بھوننے کا پنجہ۔
صَبَغَ (ن ض ف) صَبْغًا وصِبْغًا الثَّوْبَ. کپڑے کو رنگنا يَدَهٗ فِي المَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا يَدَهٗ بِالعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا۔ فُلَانًا بِالنَّعِيْمِ: نعمتوں سے چھپا دینا۔
صَبَغَهٗ بِالمَاءِ فَاصْطَبَغَ. پانی سے بپتسمہ دینا۔ کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِي فِي عَيْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ (ن) صُبُوْغًا. ضَرْعُ النَّاقَةِ او نتنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ. گہرا رنگنا (واَصْبَغَ) کھجور کا پکنے لگنا۔
اَصْبَغَ عَلَيْهِ النِّعْمَةَ. کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ. فِي دِيْنِهٖ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ. سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالخَلِّ اَوْ فِي الخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔ بِكَذَا: رنگین ہونا۔
الصَّبْغُ والصِّبْغُ. ج. اَصْبَاغٌ والصِّبَاغُ. ج اَصْبِغَةٌ والصِّبْغَةُ. رنگ۔
الصِّبْغُ. سالن۔
الصِّبْغَةُ. نوع۔ ملت۔ دین۔ بپتسمہ کا رنگ۔
الصُّبْغَةُ. ادھ کچری کھجور۔
الصِّبَاغَةُ. رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغُ. رنگنے والا۔ لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِيْغُ. رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِيْغٌ ثِيَابٌ صَبِيْغٌ"
الصَّبَّاغُ. رنگریز۔ جھوٹا۔
الاَصْبَغُ. بڑا سیلاب مِنَ الطَّيْرِ وَالشَّاءِ پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو مِنَ الخَيْلِ گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔ مؤنث صَبْغَاءُ. ج صُبْغٌ
المَصْبَغَةُ. رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ (ض) صَبْنًا. الشَّیْءَ عَنْهُ. روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا المُقَامِرُ الكَعْبَيْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لیے درست کرنا۔
اِنْصَبَنَ واصْطَبَنَ. عَنْهُ: رک جانا۔ پھر

جانا۔

الصَّابُوْن. صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان و صَابُوْنِی کہتے ہیں۔

الصَّابُوْنِیَّة. ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔

المَصْبَنَة. صابون کا کارخانہ۔

صَبَا یَصْبُوْ صَبْوَةً وصُبْوَةً وصُبُوًّا. اِلَیْهِ ولَهُ: مشتاق ہونا۔

صَبَا یَصْبُوْ صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبَاءً وصَبَاءً. بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ مؤنث صَابِیَة.

صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا. الرِّیْحُ: پُروائی ہوا کا چلنا۔

صُبِیَ واَصْبٰی. القَوْمُ: پُروائی ہوا کا لگنا۔

اَصْبٰی. الرَّجُلُ: بچّے والا ہونا۔ اَصْبٰی الشَّیْئُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَکَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔

صَبِیَ یَصْبٰی صَبَاءً واسْتَصْبٰی. بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِیَ اِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔

اِسْتِصْبَاه: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔

صَابٰی مُصَابَاةً. نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لیے جھکانا السَّیْفَ: تلوار کو میان میں اُلٹی طرف سے کرنا الکَلَامَ: بے قاعدہ بولنا بَیْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا۔

تَصَبّٰی تَصَبِّیًا وتَصَابٰی تَصَابِیًا. کھیل کود کی طرف مائل ہونا المَرْأَةَ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّیْئُ: شوق میں ڈالنا۔

الصَّبَا. پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَیَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء.

الصِّبَا. شوق۔

الصِّبَاء والصَّبَاء. بچپنا۔ کہا جاتا ہے رَأَیْتُهُ فِي صِبَاه او فِي صَبَائِه. یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔

الصَّبْوَة. بچپن۔ جوانی کی نادانی۔

الصَّبِیّ. بچّہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ ج صَبْیَان وصِبْیَان وصُبْوَان وصِبْوَان واَصْبِیَة وصِبْیَة وصَبْیَة وصُبْیَة وصِبْوَة واَصْبٍ مؤنث صَبِیَّة. ج صَبَایَا. الصَّبِیَّة: لڑکی۔ الصَّبِیّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِه وَجْعٌ فِيْ صَبِیِّ قَدَمِه" اس کے پنجے میں درد ہے۔

الصِّبْیَان. ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔

الصُّبَیَّة الاُصَیْبِیَة. صَبِیّ کی جمع صِبْیَة اور اَصْبِیَة کی تصغیر ہے۔

الصَّابِیَة. پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِیَة: مصیبت۔

صَتَّه (ن) صَتًّا. زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا بِکَلَامٍ اَوْ بِدَاهِیَةٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔

صَاتَّهُ مُصَاتَّةً وصِتَاتًا. جھگڑا کرنا۔

تَصَاتَّ. القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔

الصَّتُّ والصِّتُّ والصُّتَّة. جماعت

الصِّتُّ والصُّتَّة: ضد۔ ہٹ۔

الصِّتَت. درپے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصِتَةٍ" وہ اس کے درپے ہے۔

الصَّتِیْت. جماعت۔ آواز۔ شور۔

المِصْتِیْت. اپنے کاموں میں مستعد۔

صَتَعَه (ف) صَتْعًا. پچھاڑ دینا لَهُ: کسی کا قصد کرنا۔

تَصَتَّعَ. کسی کام میں تردد کرنا۔

الصَّتَع. مضبوط جوان۔ گورخر۔

صَتَّمَ. الشَّيْئَ: مکمل کرنا۔

تَصَتَّمَ. تیز دوڑنا۔

الصَّتْم والصُّتَم. سخت مضبوط۔ کامل مضبوط۔

الصِّنْمَة والصَّتِیْمَة. سخت پتھر۔

المُصَتَّم. گلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو۔

صَحَجَ (ن) صَحْجًا. لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔

الصَّحْج والصَّحِیْج. لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔

صَحَّ (ض) صُحًّا وصِحَّة وصَحَاحًا. تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِیْحٌ وصِحَاح. کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلٰی فُلَانٍ کَذَا" یعنی میرے لیے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔

صَحَّحَ. المَرِیْضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا الکِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔

اَصَحَّ اِصْحَاحًا. تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچّے یا مویشی والا ہونا۔

تَصَحَّحَ بِکَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔

اِسْتَصَحَّ. مِنْ مَرَضِه: مرض سے تندرست ہونا الکَلَامَ: صحیح پانا۔

الصِّحَّة. س۔ تندرستی۔

الصَّحَاح. س۔ مِنَ الطَّرِیْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔

الصَّحِیْح. تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّة وصَحَائِح.

المَصَحّ. صحت کی جگہ۔

المَصَحَّة والمِصَحَّة. صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَّوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے "اَرْضٌ مَصَحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَة وصَحَابَة و

صِحَابَةً وَصَاحَبَهُ مُصَاحَبَةً. ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔
صَحَبَ (ف) صَحْبًا. المَذْبُوحَ: کھال اُتارنا۔
اَصْحَبَ. الرجلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا الماءُ: پانی کا کائی والا ہونا فُلانًا: محفوظ رکھنا ہ عنْ كَذا: روک دینا ہ الشئَ: ساتھ کر دینا۔
تَصَحَّبَ. منهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ ما يتصحَّبُ مِنْ شئٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔
اِصْطَحَبَ. فُلانًا: حفاظت کرنا۔
اِصْطَحَبُوْ: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِسْتَصْحَبَه. ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لیے کہنا۔ ساتھی بنا۔ اِسْتَصْحَبَهُ الشئ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لیے کہنا الشئ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔
الصَاحِب. ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حُماة" یعنی حاکم حماة اور "یا صاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب واَصْحَاب و صُحْبة وصِحاب وصُحْبان وصِحابة وصَحابة اور اَصْحاب کی جمع اَصاحِيْب.
الصَاحِبَة. صاحب کا مؤنث ۔ بیوی۔ ج صاحِبات وصَواحِب.
الصَحابة. وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔
الصَحابِيُّ: جو صحابہ کرام رضي الله عنہم کی طرف منسوب ہو۔ نیز صحابہ کرام رضي الله عنہم میں سے فردِ واحد۔
المُصاحِبُ. ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔
المُصْحَبُ. پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ صُحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ ادِيْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں۔
المُصْحَب و المِصْحَاب. فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِيْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔
المَصْحُوْب. مثل ادیم مصحوب: وہ چمڑا جس پر دے بال نہ اُتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔
صَحَرَ (ف) صَحْرًا. اللبنَ: دودھ کو اُبالنا۔ صَحَرَتْهُ الشمسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
صَحَرَ (ف) صَحِيْرًا وصُحَارًا. الحِمارُ: گدھے کا زور سے رینکنا۔
صَحِرَ (س) صَحَرًا. سرخی مائل مٹیالا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صَحْراء ج صُحْر اور رنگ کا نام صُحْرة.
اَصْحَرَ. جنگل کی طرف جانا المكانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا الامْرَ و بالامْرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْهُ اَمْرَكَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو۔ اور "اَصْحِرْ مَافِي قَلْبِكَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو الرجلُ: کانا ہونا۔
اِصْحَارًا اِصْحِيْرارًا. سرخی مائل مٹیالے رنگ والا ہونا۔
الصَحَر. سرخ سفید رنگ۔
الصَحْراء. بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحارى صَحار و صَحارِيّ و صَحْراوات.
الصَحِيْرةُ. دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔
المُصاحِر. وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔
المُصْحَر. شیر۔
صَحْصَحَ. الامْرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الصَحْصَح والصَحْصَاح والصَحْصَحَان. ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صحاصِح.
التُرَّهَاتُ الصَحاصِحُ و تُرَّهاتُ الصَحاصِح: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔
الصُحْصُح والصُحْصُوْح. من الرجال: مرد باریک بین۔
المُصَحْصِح. خالص محبت والا۔ باطل کوش۔
صَحَّفَ. الكلِمَةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔
اَصْحَفَ. الكِتابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔
تَصَحَّفَ. القارِئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَحِيْفَة" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔
الصَحْفَة. بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحاف. الصحاف: چھوٹے چھوٹے چشمے۔
الصِحافة. ایڈیٹری۔ عالم الصِحافة: محررین اخبار۔
الصَحِيْفَةُ. لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِيْفَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِيْفَةَ وَجْهِكَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحائف و صُحُف.
الصُحَيْفَة. چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔
الصَحِيْف. رُوئے زمین۔
الصَحَّاف. پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔
الصَحَفِيّ. بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔ (والمُصَحِّف) پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔
المُصْحَف والمِصْحَف والمَصْحَف مجلد کتاب۔ مصاحِف. جمع۔

المُصحَف. تغیر کیا ہوا۔
صحل (س) صحلاً صوتُه: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صحِلٌ و اَصحَل۔
اِصطحم. الرجلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اِصحامّ اِصحِیمامًا. النباتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت اَصحم مؤنث صحماء رنگ۔ صُحمة الارض زمین کے نباتات کا متغیر ہونا الزرع سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔
صحنه (ف) صحنًا مارنا۔ کہا جاتا ہے "صحنهٗ عشرین سوطًا" اس نے اس کو بیس کوڑے مارے۔ صحنهٗ برجله: پیر سے مارنا الرجلُ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صحنهٗ دینارًا: دینار دینا بینهُم: اصلاح کرنا۔
الصحن. چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فرسٌ واسعُ الصحن" صحن الدار: انگنائی ا الصحن من الارض: ہموار زمین۔ ج صُحُون
الصحنان. جھانجھ ایک قسم کا باجا۔
صحنا الاذنین. کان کے اندرونی حصے۔
فرس صحُونٌ. لات مارنے والا گھوڑا۔
الصحنی والصحناة والصحناء والصحناءة. چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔
المصحنة. برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔
صحا یصحُو صحوًا وصُحُوًّا و صحی یصحی صحًا واصحی اصحاءً. الیومُ. دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صحوٌ و صاحٍ مُصحٍ
السکرانُ. نشہ اتر جانا الرجلُ بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صاحٍ ج صاحون صُحاة مؤنث صاحیة ج صاحیات و صواحٍ۔
صحّاه. ہوش میں لانا۔ اصحی القومُ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔
الصحو. کہا جاتا ہے "سماءٌ صحوٌ و یومٌ صحوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں۔ اور یہ وصف بالمصدر ہے۔
المَصحاة. باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فی مَسلاةٌ من کرب الھم و مَصحاةٌ من سُکر الھم" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہ غم سے افاقہ ہے۔
المِصحاة. برتن۔ طشت۔ پیالہ۔
صخّ (ن) صخًّا الحدیدَ بالحدیدِ لوہے کو لوہے پر مارنا الصوتُ الاذنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (صخًّا صخیخًا) الحدیدُ: لوہے کا آواز کرنا لحدیثه: کان لگانا۔
الصخّة. اسم مرۃ۔ باری (والصخ و الصخیخ) پتھر یا لوہے کی آواز۔
الصخیخ. خوف زدہ کوے کی آواز۔
الصاخّة. سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔
صخِب (س) صخبًا. شور مچانا۔
صاخبهٗ مُصاخبةً. ایک دوسرے کا شور مچانا۔
تصاخب. القومُ: باہم شور مچانا اور رپیٹ کرنا۔
اِصطخبت. الطیرُ او الضفادعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔
الصخب. مص۔ شور۔
الصاخب والصخِب والصخّاب و الصخُوب والصخبان. شور مچانے والا۔ مؤنث صخبة و صُخبی و صخّابة و صخوب و صخبی
صخِد (س) صخدًا و صخدانًا الیومُ: سخت گرم ہونا۔
صخدته (ف) صخدًا الشمسُ: جلانا۔ الصردُ: لٹورے کا آواز کرنا۔
صخد (ف) صخودًا له: کان لگانا۔
اَصخد. الحرُّ: گرمی تیز ہونا الرجلُ: گرمی میں داخل ہونا الحرباءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصاخدة. دوپہری۔
الصخدان والصخدان. سخت گرمی کا دن۔
صَیخدُ الشمس: گروۂ آفتاب۔
ھاجرةٌ صیخودٌ. سخت گرم دوپہری۔ ج صیاخید. صیاخیدُ الحرّ: گرمی کی تیزی۔
المصخدة. دوپہر۔ ج مصاخد.
المصطخد. دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔
صخّرهٗ. فرمانبردار کرنا۔
اَصخر. المکانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصخر
الصخرة الصخرة. ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صخرٌ و صخَرٌ و صُخُورٌ و صُخُورةٌ و صخرات. کہا جاتا ہے "فلانٌ صخرةُ الوادی" فلاں بہت مستقل ہے۔
الصخر. من الامکنة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھو صخرُ الوجه او اصخرُ الوجه" یعنی وہ بے حیا ہے۔
الصخراویّة. انتہائی خوشبو والا درخت جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔
الصاخر. لوہے پر لوہے کی جھنکار۔
الصاخرة. پینے کے لیے مٹی کا پیالہ۔
صحف (ف) صحفًا الارضَ: زمین کھودنا۔
المصحفة. زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔
صحته (ن) صحمًا الشمسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
اصطخم. الرجلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
صحی یصحی صحًا. الثوبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صحٍ
الصحاة. میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صدّه (ن) صدًّا عن کذا: روک دینا۔

منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِیْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔

صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا. عَنْه: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ. جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ و صُدَّاد.

صَدَّ (ن ض) صَدِیْدًا. مِنَ الشَّیْءِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔

صَادَّهٗ. مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ یُصَادُّهٗ و یُصَادُّهٗ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔

صَدَّدَ. تالی بجانا الجُرْحُ: پیپ دینا۔

اَصَدَّهٗ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔

تَصَدَّدَ لَهٗ: درپے ہونا۔

اِصْطَدَّتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔

الصُّدُّ. س الصَّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَاد و صُدُوْد.

الصَّدَد. درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔

الصِّدَاد. پردہ۔ ج اَصِدَّة.

الصُّدُوْد. روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔

الصَّدِیْد. س۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔

صَدِیْدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔

الصُّدَّاد. سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِد.

صَدِئَ (س) صَدَأً و صَدُؤَ (ک) صَدَاءَةً. الحَدِیْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَةٌ الشَّیْءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء. الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔

صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّیْءَ: زنگ دور کرنا المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔

اَصْدَأَهٗ. مورچہ والا جیسا بنانا۔

تَصَدَّأَ لَهٗ: درپے ہونا۔

الصَّدَأُ. زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔

الصَّدِئُ. جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔

الصُّدْأَة. مورچہ کا رنگ۔

صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَیْدَحٌ و صِیْدَاحٌ و صَدُوْحٌ و صَیْدَحِیٌّ و مِصْدَحٌ و مِصْدَاحٌ.

الصَّدَحُ. عَلَم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَیْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان.

الصُّدْحَة والصَّدْحَة والصَّدَحَة. مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔

صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا. عَنِ المَكَانِ و عَنِ الماءِ: واپس ہونا اِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا (صُدُوْرًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا مِنْهُ: ظاہر ہونا عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔

صَدَرَهٗ صَدْرًا. سینہ پر مارنا۔

صُدِرَ. سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ.

صَدَّرَهٗ. واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔

اَصْدَرَهٗ. عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا الرَّجُلَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُوْرِدُ وَلَا یُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔

صَادَرَهٗ. عَلَى الشَّیْءِ و بِهٖ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔

تَصَدَّرَ. صدر مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔

الفَرَسُ. گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا۔

تَصَادَرُوْا. عَلَى مَاشَاءُوْا: صدروا.

الصَّدْرُ. ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔ الصَّدْرُ الاَعْظَمُ: وزیراعظم۔ ج صُدُوْر.

بَنَاتُ الصَّدْرِ. افکار۔

ذَاتُ الصَّدْرِ. سینہ کی ایک بیماری کا نام۔

صُدُوْرُ الوَادِی: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِهٖ" یعنی اوّل حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔

الصَّدَرُ. پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِر کا اسم جمع۔

الصَّادِرُ. فا. لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَالَهٗ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِیْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِیْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔

الصُّدْرَة. مِنَ الاِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔

التَّصْدِیْرُ. تنگ اونٹ کے سینے کا۔

الصِّدَارُ. صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔

الصَّدَارَةُ. تقدم۔ وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ

(والصِّدِیْرَة) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ج صَدَائِر.

الاَصْدَرُ. مضبوط بڑے سینے والا۔

الاَصْدَرَانِ: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المَصْدَرُ. جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل و جڑ ہیں۔

المُصْدَرُ. فا. رَجُلٌ مُصْدَرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

المصدّر قوی اور بڑے سینہ والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صدع (ف) صُدُوْعًا۔ اِلٰی کذا مائل ہونا۔
صدع (ف) صدعًا۔ الشیٔ اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو القوم متفرق کر دینا الامر ظاہر کرنا بالحق حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا فی الامر کر گزرنا الامر بالحق حق کا فیصلہ کرنا فلانا قصد کرنا۔
صدعہ عن کذا روک دینا النھر کاٹ دینا فی المکان گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھذا الطریق یصدع فی ارض کذا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے اللیل رات میں چلنا۔
صُدِع و صُدِّعَ درد سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مصدوع
صدّع الشیٔ پھاڑنا الفلاۃ او النھر بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تصدع القوم متفرق ہونا۔ تصدعت الارض بہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔
تصدع و انصدع الشیٔ پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تصدعت و انصدعت الارض بالنبات" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔
انصدع الصباح صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصادع قاضی۔ جبل صادع دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ واد صادع دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سبیل صادع دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صبح صادع روشن صبح۔
الصدع شگاف۔ ج صُدُوع۔
الصدع و الصدع ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صدع الحدید لوہے کا مورچہ زنگ۔ کہا جاتا ہے "الناس علیھم صدع واحد" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصدع آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصدعۃ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صدعات کہا جاتا ہے "رأیت بینھم صدعات" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اصلحوا ما فیکم من الصدعات" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصدعۃ ج صدع و الصدیع ج صُدُع بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنی مصدوع۔ صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُداع درد سر۔
التصداع تفریق۔
المصدع سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مصادع۔
المصدع نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔
خطیب مصقع مصدع بلیغ خطیب۔
صدغ (ف) صدغا عن الامر باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا النملۃ چیونٹی کو مارنا۔
صدغ (ف) صدغا مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔
صدغ (ن) صدغا و صدوغا الی الشیٔ مائل ہونا۔
صدُغ (ک) صداغۃ کمزور و ناتواں ہونا۔
صدغ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صادغہ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الصُدغ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اصداغ
الصدغ کجی۔ ٹیڑھاپن۔
الصداغ کنپٹی پر نشان۔
الصدیغ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔
الاصدغان دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المصدغۃ تکیہ۔
بعیر مصدغ و مصدوغ کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صدف (ن ض) صدفًا و صدوفا پھر جانا۔
صدف (ض) صدفًا۔ عنہ اعراض کرنا فلانا پھیر دینا۔ ہٹانا۔
صدف (س) صدفًا گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اصدفہ عنہ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
صادفہ پانا۔
تصادف ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصدف سیپی۔
الصدفۃ ایک سیپی۔ ج اصداف۔ صدفۃ الاذن کان کا اندرونی حصہ۔
الصدف فی الخیل رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصدف الصدفۃ جانب۔ کنارہ۔
الصدف و الصُدُف و الصَدَف و الصُدْف پہاڑ کا کنارہ۔ الصدف زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فرس اصدف وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الاصداف سمندر کی موجیں۔
الصدفۃ ملاقات۔
الصدفیات نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔
الصدوف گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
المصدوف مخفی۔ چھپا ہوا۔
صدق (ن) صدقًا و صِدقا و مصدوقۃ و تصداقا سچ بولنا فی وعدہ و وعیدہ پورا کرنا فی الجملۃ بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صدق القتال" و صدق فلانا القتال سخت جنگ کی ٥ النصیحۃ او المحبۃ خالص نصیحت یا محبت کرنا ٥ الحدیث سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔

صَدَّقَهُ. سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔

صَادَقَهُ صِدَاقًا و مُصَادَقَةً. دوست بننا۔

صَادَقَهُ المَوَدَّةَ: خالص دوستی کرنا۔

اَصْدَقَ. الاِبْنَةَ: بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔

تَصَدَّقَ. صدقہ دینا عَلَى الْفَقِيْرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔

تَصَادَقَا. محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِيْثَ او المَوَدَّةَ او فِيْهِمَا. ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔

الصَّدْقُ. س۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہو یا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ وقَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ وَالنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُقٌ و صُدْقٌ و صَدْقُوْنَ. مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَاتٌ.

الصِّدْقُ. سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِيْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔

الصَّدَقَةُ. خیرات۔ ج صَدَقَاتٌ

الصَّدُقَةُ والصُّدْقَةُ والصُّدُقَةُ. مہر۔

الصَّدَاقُ والصِّدَاقُ. مہر۔ ج اَصْدِقَةٌ و صُدُقٌ.

الصَّدَاقَةُ. سچی دوستی۔

الصَّادِقُ. سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الحَلاوَةِ. بہت میٹھی کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ: خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ. شدید حملہ۔

الصَّدُوْقُ. ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدُقٌ و صُدْقٌ.

الصَّدِيْقُ. پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاءُ و صُدَقَاءُ و صُدْقَانٌ. ج اَصَادِقُ. مؤنث صَدِيْقَةٌ.

الصِّدِّيْقُ. بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابو بکرؓ کا لقب۔

المِصْدَاقُ. کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔

المَصْدُوْقَةُ. سچائی۔

التَّصْدِيْقُ: علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔

اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔

صَدَمَهُ (ض) دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَهُ اَمْرٌ شَدِيْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الكَأْسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔

صَادَمَهُ مُصَادَمَةً. مارنا۔

اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ. الفَارِسَانِ: ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔

الصِّدَامُ. جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔

الصَّدْمَةُ. اسم مرۃ۔ دفعةً واحدةً کہا جاتا ہے "صَرَعَهُ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔

الصُّدْمَتَانِ والصَّدِمَتَانِ. پیشانی کے دونوں جانب۔

الاَصْدَمُ. وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔

رَجُلٌ مِصْدَمٌ. جنگجو بہادر۔

صَدَا يَصْدُوْا صَدْوًا وصَدًّى. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

صَدِيَ يَصْدَى صَدًى. سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ و صَدْيَانُ. مؤنث صَدْيَا و صَادِيَةٌ ج صَوَادٍ. کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَانُ اِلَى حَدِيْثِكَ وَلِيْ اَحْشَاءُ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔

صَدِيَ الشَّيْءُ. لمبا ہونا۔

صَادَاهُ مُصَادَاةً. مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔

الصَّدَى: اَلْهَامَةُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔ اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا الْهَامَةُ بولتے ہیں۔

صَدَّى تَصْدِيَةً. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

اَصْدَى اِصْدَاءً. مَرَّنَا الجَبَلُ: گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔

تَصَدَّى لَهُ: درپے ہونا لِلْاَمْرِ: کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔

الصَّدَى. سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصْدَاءٌ کہا جاتا ہے "هُمُ اليَوْمَ اَعْدَاءٌ وَهُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مردہ ہوں گے "و مَنَعَتْ صَدَاهُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا۔ "صَمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔ و "اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کر دے۔

الصَّدَى. الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔

زمانہء جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔

صَرَّ. (ن) صَرًّا. الصُّرَّةَ: تھیلی کو باندھنا الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ: تھیلی میں رکھنا الفَرَسُ اُذُنَهُ و بِاُذُنِهِ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا النَّاقَةَ و بِالنَّاقَةِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِيْرًا. الشَّيْءُ: چرچرانا الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا

ہونا۔ الْاُذُنُ: کان بجنا۔

صَرَّ. النَّبَاتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّتِ النَّاقَةُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّ رَاذُنَه سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّہُ مُصَارَّةً. عَلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔

اَصَرَّ. عَلَی الْاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَی الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے السُّنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا الفَرَسُ اُذُنَه و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِّرُّ والصِّرَّة. سردی۔ رِیْحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِّرَّة. چیخ۔

الصَّرَّة. شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُّرَّة. تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر.

یَمِیْنٌ صِرّٰی. سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِیَ مِنِّیْ صِرّٰی" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَّرَر. خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَة.

الصَّارُّ. فا. شَجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔

الصَّارَّة. الصَّارُّ: کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ.

الصَّرُوْرُ والصَّارُوْرُ والصَّرُوْرِیُّ والصَّارُوْرِیُّ. جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)

الصَّارِیُّ. ملاح۔ ج صَرَارِیُّوْنَ.

الصِّرَار. دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّة.

الصَّرَّارُ. صَارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّیْلِ: جھینگر۔

اَلصَّرَّارَةُ: سانپ کھانے والا عقاب۔

الصَّرَارَة والصَّرُوْرَة والصَّارُوْرَة و الصَّارُوْرَاء. وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

صَرَّارُ اللَّیْلِ: ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔

الصَّرِیْرَة: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر.

المَصَارُّ. آنتیں۔

المَصْرُوْر. مفـ۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ (ض) صَرْبًا. کاٹنا؛ کمانا؛ دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا الصَّبِیُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ (س) صَرَبًا. اللَّبَنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَصْرَبَ. اِلَیْهِ مَالًا: دینا۔

صَرَّبَ. ترش دودھ پینا۔

اِصْطَرَبَ. اللَّبَنَ فِی الْوَطْبِ: دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

اِصْرَابَّ. الشَّیْءُ: صاف اور چکنا ہونا۔

الصَّرْبُ والصَّرَبُ. بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ.

الصِّرْبُ. غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔

الصَّرِیْب. کھٹا دودھ۔ ج صُرُب.

المَصْرُوْب. مفـ۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَب. برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب.

صَرَّجَ. الحَوْضَ: حوض کو چونا؛ مٹی ملا کر بنانا۔

الحَوْضَ بِالنُّوْرَة: حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَّارُوْج. چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً. صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِیْحٌ جمع صُرَحَاء مؤنث صَرِیْحَةٌ.

صَرَحَ (ف) صَرْحًا. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ. المُتَکَلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ: ظاہر کرنا الاَمْرَ: واضح کرنا۔ الاَمْرُ: واضح ہونا لازم و متعدی ہے۔ النَّهَارُ. دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ: خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِی: تیر انداز کا خطا کرنا۔

اَصْرَحَ. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهٗ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً. کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتَمَهٗ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔

صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

اِنْصَرَحَ. الحَقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ. الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَّرْح. قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْح.

الصَّرْحَة. سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ: گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات.

الصَّرَح والصَّرَاح والصِّرَاح والصُّرَاح. خالص۔

الصَّرَاحَة والصُّرُوْحَة. خلوص۔ وضاحت۔

الصُّرَاحِیَّة. مِنَ الخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "کَذِبٌ صُرَاحِیَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔

الصُّرَاحِیُّ. واضح۔ ظاہر۔

یَوْمٌ مُصَرِّحٌ ومُصَرَّحٌ. بے بادل کا دن۔

صَرَخَ (ن) صُرَاخًا وصَرِیْخًا. سخت چیخنا۔ فریاد کرنا القَوْمَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَصْرَخَهٗ. فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

تَصَرَّخَ. بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخ واِصْطَرَخ. القَوْمُ: چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخ بمعنی صَرَخ.

الصَّارِخ. فا. مرغ۔

اَلصَّارُوخ. راکٹ (دفاعی اسلحہ جو بم کو لے کر چلتا ہے)

میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔ (۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔ (۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں کے پیچھے دوڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔

الصَّارِخَة. الصَّارِخ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ"، میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَّرَّاخ. بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

الصَّرِيْخ. س۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاء.

صَرِدَ (س) صَرَدًا. السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا الرَّجُلُ: سردی برداشت کرلینا۔ سردی محسوس کرنا السِّقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِيْ عَنْهُ"، یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ (ن) صَرْدًا واَصْرَدَ. الرَّامِي السَّهْمَ: نشانہ لگانا۔ اَصْرَدَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

صَرَّدَ. الشَّيَّ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا اَقْطَاءَ کم دینا الرَّجُلَ: سیرابی سے کم پلانا۔

الصَّرْد. محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الخَمْرَ صَرْدًا"، خالص شراب پلائی۔ اُحِبُّهُ حُبًّا صَرْدًا خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا"، شدت سردی سے مرگیا۔ اَرْضٌ صَرْدٌ. سرد ملک۔ ج صُرُوْد. اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُوْمٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔

الصَّرَد. بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔

الصَّارِد. فا. سَهْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔

الصَّوَارِد. ٹھنڈی ہوائیں۔

الصُّرَد. لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان.

الصُّرَدَان. زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔

الصَّرِد. مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو مِنَ الرجالِ: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى يَوْمٌ صَرِدٌ: سخت ٹھنڈا دن۔

الصُّرَّاد والصُّرَيْد. بے پانی کا پتلا بادل۔ نَعْجَةٌ صَرِيْدَةٌ. سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد.

المِصْرَاد. بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ. نشانہ پر لگنے والا تیر۔ سَهْمٌ مُصْرِد. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

المُصْطَرِد. سخت غضبناک۔

صَرْصَرَ. الصُّرْدُ او الصَّقْرُ: آواز کرنا الرَّجُلُ: چیخنا الشَّيَّ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرْصَر. مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (الصُّرْصُر) ج صَرَاصِر. الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِيْر. جھینگر۔ مجیرا۔ الصُّرْصُوْر: کشتی۔

الصِّرَاط. راستہ۔ ج صُرط۔

الصُّرَاط. لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَهُ (ف) صَرْعًا وصِرْعًا ومَصْرَعًا. پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا الشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا البَابَ: دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ. مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ"، یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَهُ. سخت پچھاڑنا الشِّعْرَ: مصرعے لگانا البَابَ: کواڑ لگانا۔

صَارَعَهُ صِرَاعًا ومُصَارَعَةً. کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ واِصْطَرَعَ. الرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔

اِنْصَرَعَ. پچھاڑا جانا۔

تَصَرَّعَ. لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَتَصَرَّعُ لَهُ وَاِلَيْهِ حَتّٰى اَجَابَنِيْ"، میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

الصَّرْع. س۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ كَذَا"، یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج اَصْرُع صُرُوْع. والصَّرْعَان: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ صَرْعَيِ النَّهَارِ"، یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صَرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صَرْعَيْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

الصِّرْع. س۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج اَصْرُع وصُرُوْع. کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَان"، یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَة. اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرْعَةٍ"، مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّرْعَة. جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَة والصَّرَّاع والصُّرَّاعَة والصِّرِّيْع والصَّرُوْع. لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَة: حلیم و بردبار۔ اس لیے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔

الصُّرُع جمع صُرُوْع کی ہے۔

الصِّرَاعَة. کشتی کا فن۔

الصَّرِيْع. زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعٰى. کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيْعَ الْكَاسِ"، یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔

درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج سرع۔
المَصْرَع: س۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔
المِصْرَاع مِنَ البَاب: دروازے کا ایک پٹ مِنَ الشِعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِیع۔
صَرَفَهُ (ض) صَرْفًا: پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوبَهُم" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَرَاب: خالص شراب پینا "اَلدَنَانِیْرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا المَالَ: خرچ کرنا الکَلِمَة: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔
صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا: بِنَابِهِ: دانت پیسنا البَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔
صَرَّفَهُ: مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَیٔ: بیچنا الدَرَاهِم: تبدیل کرنا الخَمْرَ: خالص شراب پینا الکَلَامَ: بات سے بات نکالنا ٥ فِی الأَمْرِ: سپرد کر دینا صَرَّفَ المَاءَ: جاری کر دینا۔ اللّٰهُ الرِیَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔
صَارَفَهُ: مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَیٔ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔
اَصْرَفَهُ عَنْ کَذَا: رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔
اَصْرَفَ الشَرَابَ: کچھ نہ ملانا۔
تَصَرَّفَ فِی الأَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الأَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔
اِنْصَرَفَ الرَجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الکَلِمَةُ: منصرف ہونا۔
اِصْطَرَفَ: کمائی کرنے کیلئے پھرنا الدَرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَرَاهِمَ بِدِیْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ اللّٰهَ المَکَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔
الصَرْفُ: ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَهْرِ و صُرُوفُهُ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَیَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِیْثِ او الکَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ المَالِ: خرچ کرنا۔
الصِرْفُ: خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔
الصَرْفَانِ الصِرْفَانِ: رات دن۔
الصَرَفَانُ: موت۔ پیتل۔ سیسہ۔
الصِرَافَة: صرافی کا پیشہ۔
الصَرْفَة: اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ؛ منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوھ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔
الصَرُوْفُ: وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔
الصَرِیْفُ: س۔ چاندی خالص۔ صَرِیْفُ البَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِیْفُ القَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز (و المَصْرُوْف) ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَرِیْفَة۔ الصَرِیْف کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صُرَافٌ و صَرِیْفٌ۔
تَصَارِیْفُ الدَهْرِ: مصائب زمانہ۔
الصَرَّافُ والصَیْرَفُ والصَیْرَفِیُّ: روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَیَارِفَة۔
الصَرَّافُ والصَرْفِیُّ: علم صرف کا جاننے والا۔
المُتَصَرِّفُ: ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِیَّة: ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

صَرْقَعَ اَصَابِعَهُ: انگلیاں چٹخانا۔
صِرْقَاعَة: گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔
صَرُمَ (ک) صَرَامَةً۔ السَیْفُ: کاٹنا الرَجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا۔ الحَبْلَ: توڑنا الشَیْٔ: کاٹنا۔ فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَهُ: صرم کا مبالغہ ہے۔
صَارَمَهُ۔ مُصَارَمَةً: مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَصْرَمَ الرَجُلُ: محتاج ہونا النَخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ الرَجُلُ: بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ وَانْصَرَمَ: کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتْ وَانْصَرَمَتِ السَنَةُ: سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ القَوْمُ: قطع تعلق کر لینا۔
اِصْطَرَمَ الشَیْٔ: کاٹنا۔
الصَرْمُ: س۔ کھال (معرب چرم) الصَرَّامُ: چرم فروش۔
الصِرْمُ: جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام و اَصَارِم و اَصَارِیْم و صُرْمَان۔
الصُرْمُ: س۔ بے تعلقی۔
الصِرْمَة: قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَارِمُ: فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم۔
الصَرَامَة: س۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل بالرائے۔ دھن کا پکا۔
الصَرُوْمُ: کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُرَامُ: جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَرِیْمُ: کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔ زمین جس کی کھیتی

کٹ چکی ہو۔ غلّہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِیْمَا اللیل: رات کا اوّل و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِیْمٌ: لازمی امر۔
الصَّرِیْمَة. عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّیْرَمُ. پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم. جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (والمُصْرِم) بہت بال بچّے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان. رات دن۔ کوّا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ بِوَحْشِ الاَصْرَمَیْن" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوّے ہیں۔
الصَّرْمَاء. الاَصْرَم کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
المَصْرَم. ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔
المِصْرَم. درانتی۔
الصُّرْنَایَة. بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا یَصْرُو صَرْوًا. اِلَیْهِ: دیکھنا۔
صَرَی یَصْرِیْ صَرْیًا. الشَّیْئَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَی اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دُور کرے۔ صَرَی بَوْلَهٗ: پیشاب روک دینا۔ فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔ الشَّیْئُ: بلند [illegible]نا۔ نیچے ہونا۔ القَوْمُ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا۔ بَیْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِیَ یَصْرٰی صَرًی. المَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا۔ اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا۔ فُلَانٌ فِیْ یَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا۔ الدَّمْعُ: آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَتْ وَاَصْرَتْ. النَّاقَةُ: اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرّٰی تَصْرِیَةً. الشَّاةَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔

الصَّرَی. باقی ماندہ (الصِّرٰی) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرِیٌّ" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِی. فا. ملاح۔ ج صُرَّاء و صَرَارِیّ و صَرَارِیُّوْن. بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ.
الصَّارِیَة. الصاری کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاة والصَّرّٰی والمُصَرَّاة. مِنَ الشَّاةِ او النُّوْق: وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمَصْطَبَة. چبوترہ۔
المِصْطَب. لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح. خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلّہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح.
صَطَرَ (ن) صَطْرًا. لکھنا۔
صَیْطَرَ. داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع. فصیح و بلیغ۔
الاَصْطُمَّة. چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوْبَةً. عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ. مؤنث صَعْبَةٌ. ج صِعَاب.
اَصْعَبَ. الاَمْرُ: مشکل ہونا۔ الشَّیْئَ: شکل پانا۔ الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهٗ مُصَاعَبَةً. سختی کرنا۔
صَعَّبَهٗ. دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ. دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرَ: دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ. باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ. مشکل ہونا۔ الشَّیْئَ: مشکل پانا۔
الصَّعْب. س۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب. دشوار۔ ج صُعُب.

الصُّعْبُوْب. دشوار۔
المَصَاعِب. سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب. سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب ومَصَاعِیْب. کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَعْتَرَ. النَّحْلُ: پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّیْئَ: مزین کرنا۔
الصَّعْتَر. پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِیّ. چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِی السُّلَّمِ: سیڑھی پر چڑھنا بِهٖ: چڑھانا (صُعُوْدًا) المَكَانَ: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ. فِیْ وعَلَی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا فِی الوَادِیْ: وادی میں اُترنا۔
صَعَّدَ فِیْهِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ. مکّہ کو جانا فِی الاَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا فِی الوَادِیْ: وادی میں اترنا فِی العَدْوِ: تیز دوڑنا: چڑھانا۔
اَصْعَدَتِ السَّفِیْنَةُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اُڑنا۔
تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ. چڑھنا۔ تَصَعَّدَهٗ و تَصَاعَدَهُ الاَمْرُ: دُشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصَّعَدَ. چڑھنا۔
الصَّاعِدُ. فا. کہا جاتا ہے "بَلَغَ كَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبارِ حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَّعَّاد. بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُد. بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اُترا و "هٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے۔
الصَّعَد. مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔

الصَّعِيد. مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہوگیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان. مصر میں چند شعروں کا نام صعید ہے۔

الصَّعُود. چڑھائی۔ خَمِيْسُ الصَّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیّدنا حضرت مسیح آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود. چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دُشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُد و اَصْعِدَة و صَعَائِدُ کہا جاتا ہے "لَأُرْهِقَنَّكَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء. غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاء. مشقت۔

الصَّعْدَة. اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات۔

الصَّعُوْدَاء. دُشوار گزار گھاٹی۔

المُصَعَّد. مِنَ الْأَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔

التَّصَعُّدُ: جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا۔ بغیر پگھلنے کے۔

المَصْعَد: بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

المِصْعَدُ: بلند عمارت پر چڑھنے کے لئے لفٹ۔

جَبَل مُصَعِّد. بلند پہاڑ۔

المِصْعَاد. درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا. وَجْهُهُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَر. مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر رَاسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ و صَاعَرَ و اِصْعَرَّ. تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتًا ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ. تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ. الشَّيءَ: گھمانا۔

تَصَعْرَرَ. گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ و اِصْعَرَّرَ. پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ. الْإِبِلُ. تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار. مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُوْر والصُّعْرُوْر. درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِير.

الصُّعْرُوْرَة. گبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ. الْقَوْمَ. متفرق کر دینا الشَّيءَ. حرکت دینا۔ مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا۔ رَاسَهُ بِالدُّهْنِ. سر کو تیل سے چکنا کرنا۔

تَصَعْصَعَ. متحرک ہونا، متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفتیں منتشر ہو گئیں۔

الصَّعْصَع. متفرق (والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا. کپکی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْف.

اَصْعَفَ. الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جا سکے۔

الصَّعْفَة. کپکی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوْق والصَّعْفَقِي. وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوْق: کمینہ۔ ج صَعَافِيْق و صَعَافِقَة.

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً. السَّمَاءُ الْقَوْمَ. بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا. الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (وصَعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِق. مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ. السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَه: قتل کرنا۔

الصَّعْق. س۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق. بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة. س۔ آگ ہے جو بہت تیز کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق.

الْمَصْعُوْق. غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر. مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا واِصْعَالَّ. چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل. مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل.

الصَّعْل. چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً. محتاج بنانا۔ دُبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ. فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوْك. فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك و صَعَالِيْك. صَعَالِيْكُ الْعَرَبِ: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ. الرَّجُلُ. چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ. الشَّيءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُو صَعْوًا. باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو. چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَة

صَعْوَات. مولا۔ ج صِعَاء و اَصْعَاء نَاقَة

صَعْوَة. چھوٹے سر والی اُونٹنی۔

الصُّعْب. جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) و صَغُرَ (ک) صَغَرًا وصَغَارَة و صِغَرًا و صُغْرَانًا. چھوٹا ہونا۔

صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا. ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صِغَرًا. القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرَو أَصْغَرَهُ. چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهُ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "أَصْغَرَتِ الأَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ أَصْغَرَ القَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ. الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ إِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہوگیا۔

اِسْتَصْغَرَهُ. چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِّغْرَةُ. اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ أَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ أَوْلَادِ أَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "أَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَّغَار والصُّغْر. ذلت۔ ظلم۔

الصَّغَارَة. چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُّغَار والصُّغْرَان. چھوٹا۔

الصَّاغِرُ. ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة و صَاغِرُوْن.

الصَّغِيْر. چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار و صُغَرَاء.

الأَصْغَر. اسم تفضیل۔ ج أَصَاغِرُ أَصَاغِرَةٌ وأَصْغَرُوْن. مؤنث صُغْرَى. ج صُغَر.

الأَصْغَرَان. دِل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "المَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دِل و زُبان سے وابستہ ہے۔

صَغَا يَصْغُوْ يصغى صَغْوًا وصَغِيَ يَصْغَى صَغًى وصُغِيًّا. إِلَيْهِ: جھکنا النُّجُوْمُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ.

أَصْغَى إِصْغَاءً. إِلَى حَدِيْثِهِ: کان لگانا إِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا الإِنَاءَ: جھکانا الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "أَصْغَى حَقَّهُ" جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِّغْو. کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُا الكَفِّ او المِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج أَصْغَاء.

صَاغِيَةُ. الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "أَكْرِمُوْا الرَّجُلَ فِيْ صَاغِيَتِهِ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا و صَفَّفَ. الشَّيْءَ: صف بنانا القَوْمَ: میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا صَفَّ القَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحِهِ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا الإِبِلُ قَوَائِمَهَا: اُونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا السَّرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً. القَوْمَ فِي القِتَالِ: میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا مُصَافِّی کہلاتا ہے۔

أَصَفَّ. السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔

تَصَافَّ. القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔

اِصْطَفَّ. القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔

الصَّفّ. سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف.

الصَّفَف. زرہ کے نیچے کا لباس۔

الصُّفَّة. ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرْجِ او الرَّحْلِ: زین یا پالان کی گدی۔ صُفَّةُ المَسْجِدِ: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُّفَّةُ: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف.

الصَّافُّ. فا. الصافةُ مِنَ الإِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات و صَوَافّ. الصَّافَّات: فرشتے۔

نَاقَةٌ صَفُوْفٌ. بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔

الصَّفِيْف. خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔

الصَّفْصَاف: ایک درخت جو کہ عام طور پر ٹوکرہ بنانے کے کام آتا ہے۔

المَصَفّ. صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ.

تَصَفَّتَ. الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔

الصِّفِتّ والصِّفِتَّان والصِّفْتَان. بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔

صَفَحَ (ف) صَفْحًا. عَنْهُ: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهِ: حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "أَتَيْتُهُ فِيْ حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ٥ بِالسَّيْفِ: تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا الشَّيْءَ: چوڑا کرنا النَّاسَ: لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا وَرَقَ المُصْحَف: ایک ایک ورق کو پیش کرنا فِي الأَمْرِ: غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا. النَّاقَةُ وغَيْرُهَا. دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِح.

صَفَّحَ. الشَّيْءَ: لمبا چوڑا کرنا المَكَانَ: مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔

صَفَّحَ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔

اَصْفَحَ. السَّائِلَ: محروم واپس کر دینا الشَّيْءَ: اُلٹنا پلٹنا۔

صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وصِفَاحًا. ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔

تَصَفَّحَ. الشَّيْءَ: تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا القَوْمَ: چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔

تَصَافَحَ. القَوْمُ: باہمدگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الاَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔

اِسْتَصْفَحَهُ. الذَّنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔

الصَّفْحُ. جانب مِنَ الوَجْهِ: رخسارہ مِنَ الاِنْسَانِ: پہلو مِنَ السَّيْفِ. چوڑا پہلو۔ ج صِفَاحٌ. کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔

الصَّفْحَةُ. مِنَ الشَّيْءِ: جانب۔ چہرہ مِنَ الكِتَابِ: ورق کا ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ: سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات.

الصَّفْحَانِ والصَّفْحَتَانِ. رخسارے۔

الصُّفْحُ. چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔

الصِّفَاحُ والصَّفَحُ. رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔

الصَّفِيحُ. آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔

الصَّفِيحَةُ. چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيحَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ ج صَفِيحٌ و صَفَائِحُ.

الصَّفَائِحُ: سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔

الصُّفَّاحُ. پتلے چوڑے پتھر۔ اُونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَات صَفَافِيح.

الصَّفَّاحُ والصَّفُوحُ. معاف کرنے والا۔ الصَّفُوحُ بمعنی کریم۔

المُصْفَحُ. چوڑا۔ اُلٹا جھکا ہوا مِنَ الوُجُوْهِ: ملائم و خوبصورت مِنَ الاُنُوْفِ: ستواں ناک مِنَ الرُّؤُوْسِ: کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل مِنَ القُلُوْبِ: جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں مِنَ النَّاسِ: جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔

المُصَفَّحُ. چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنْفٌ مُصَفَّحٌ: ستواں ناک۔

المُصَفِّحَةُ والمُصَفَّحَةُ. تلوار۔ ج مُصَفِّحَات و مُصَفَّحَات.

صَفَدَهُ (ض) صَفْدًا وصُفُوْدًا وصَفَّدَهُ. قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔

اَصْفَدَهُ. قید کرنا مَالًا: دینا۔

الصَّفَدُ. بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔ الصِّفَادُ. ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔

صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا. ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِنْدَ وُرُوْدِهِ: گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔

صُفِرَ صَفْرًا. پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفار)

صَفِرَ (س) صَفَرًا وصُفُوْرًا وصُفُوْرَة الاِنَاءُ: برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ او اِنَاؤُهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔

صَفَّرَ. الشَّيْءَ: زرد کرنا الثَّوْبَ: زرد رنگنا البَيْتَ: خالی کرنا لِلدَّابَّةِ: ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا بِالدَّابَّةِ: جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔

اَصْفَرَ. محتاج ہونا الاِنَاءُ: خالی ہونا البَيْتَ خالی کرنا۔

اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا. زرد رنگ ہونا۔

الصَّفْرُ والصِّفْرُ والصُّفْرُ. خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔

الصُّفْرُ. سونا۔ پیتل۔

الصِّفْرُ. زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَرٌ. قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار

الصَّفَرَانِ. عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہور اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔

الصَّفَرُ. س۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلَى شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لا يَلْتَاطُ هٰذَا بِصَفَرِي" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چپکتا۔

الصِّفْرُ خالی۔ ج اَصْفَار. کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَار" خالی برتن۔

الصُّفَيْرَاءُ: ایک درخت جس کے پتے سبز زردی مائل ہوتے ہیں۔

اَلبَابَانِيَّةُ: زینب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پر نما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔

الصَّفْرَةُ. ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔

الصُّفْرَةُ. زردی۔ سیاہی۔

مِصْفَار: ایک قسم کی مچھلی۔

الصِّفْرِيتُ. کثیر العیال محتاج۔ ج صَفَارِيت.

الصَّفَرِيُّ والصَّفَرِيَّةُ. فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔

الصُّفَارُ. آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے

کپڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (والصِفار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُفارَة. مرجھایا ہوا پودہ۔
الصَفِير. ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَفِيْر: زای معجمہ سین و صاد مہملہ ہیں۔
الصَفَّار. ٹھٹھیرا۔
الصَفَّارَة. سیٹی۔ مقعد۔
الصَفَّارِيَّة. زرد پروں کا پرندہ۔
الصَافِر. سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الاَصْفَر. زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَاء ج صُفْر.
الصُفْر. دنانیر۔
الاَصْفَران. زعفران اور سونا۔
الصَفْرَاء. مؤنث اَصْفَر. سونا۔ پت۔ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
المُصْفِر. فا. محتاج۔
المَصْفُوْر والمُصَفَّر. بھوکا۔
الصِفْرِد. ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ. الرَجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا
العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔
الصُفْصُف. چڑیا۔
الصَفْصَفَة. بیابان۔
الصَفْصَاف. بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَة.

صَفَعَهُ (ف) صَفْعًا. تھپڑ مارنا۔
صَافَعَهُ و تَصَافَعَا. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَفْعَان والمُصْفَعَانِّي. جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهُ (ن ض) صَفْقًا. تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) الرَجُلُ عَنْ مُرَادِهِ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا الطَائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا عَيْنَهُ: آنکھ بند کر دینا العُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا القَدَحَ. پیالہ بھرنا الشَرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا لَهُ بِالبَيْعِ و صَفَقَ عَلٰى يَدِهِ و صَفَقَ يَدَهُ بِالبَيْعَة: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا الرَجُلُ: جانا ہ بِالسَيْفِ: تلوار مارنا الرِيْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَيْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً. الرَجُلُ: بے حیا ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْفَقَهُ. باز رکھنا۔ اَصْفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَرَابَ بمعنی صَفَقَ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے الثَوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰى قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے۔
صَفَّقَ. الطَائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا الرَجُلُ يَدَيْهِ: تالی بجانا حَوْلَ الشَيْءِ: طواف کرنا الرَجُلُ: جانا الشَرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَافَقَ. الرَجُلَان عِنْدَ البَيْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

صَافَقَ الرَجُلُ بَيْنَ جَنْبَيْهِ. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا. بَيْنَ ثَوْبَيْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَافَقَ. القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔
تَصَفَّقَ. الرَجُلُ: تردد کرنا لِلْاَمْرِ: درپے ہونا۔
اِنْصَفَقَ. واپس ہونا۔ پھر جانا القَوْمُ عَلَيْهِ: متوجہ ہونا۔
اِصْطَفَقَ. العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا الاَشْجَارُ: حرکت کرنا النِسَاءُ عَلَى المَيِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔
الصَفْق. گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔
صَفْقَا العُنُقِ: گردن کی دونوں اطراف۔
صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے۔
صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق.
الصِفْق. دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔
الصَفْقَة. خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔
الصَفَق. گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔
الصِفَاق. کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق.
الصَافِقَة. نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔
الصَفَّاق. صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔
الصَفُوْق. بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق.
الصَفَائِق. آنے جانے والے قافلے۔
الصَفَائِق والصَوَافِق. مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَفِيْق. بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف۔ کپڑا۔
المَصْفَق. راستہ۔
المُصَافِق. فا. ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا مِنَ الإبلِ: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔
صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا الرَّجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا بِهِ الأرْضَ: زمین پر دے مارنا (صَفْنًا) الطَّائِرُ الحَشِيْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔
صَافَنَ. القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔
تَصَافَنَ. القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔
الصَّفَن. خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دستر خوان۔ مستی کے وقت اُونٹ کے مُنہ کی جھاگ۔ ج صُفُن وصُفُن واَصْفَان و صُفْنَان.
الصُّفْن. چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔
الصَّفْنَة. ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دستر خوان۔ مستی کے وقت اُونٹ کے منہ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَن. ج اَصْفَان وصُفْنَان الصَّفَنَة. خصیہ کی تھیلی۔
الصَّافِن. پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات و صَوَافِن و صُفُوْن.
صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا. صاف ہونا الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔
صِفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا و صَفُوَتْ صَفَادَةً النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔
صَفَّى تَصْفِيَةً. الشَّيْءَ: صاف ستھرا کرنا۔
اَصْفَى اِصْفَاءً. فُلَانًا الوُدَّ: وَاَصْفَى لَهُ الوُدَّ. خالص محبت کرنا اَلَّذِي يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ اَصْفَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رُک جانا الشَّاعِرُ: شعر کہنے سے رُک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "اَنَا شَاكِرُكَ الَّذِي يَصفي و شاعرك الذى لا يصفي" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گزار ہوں جو خالص محبّت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رُکتا نہیں۔ اَصْفَى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا الشَّيْءَ: کل لے لینا۔
صَافَى مُصَافَاةً. فُلَانًا: خالص محبّت کرنا۔
تَصَافَى. القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبّت کرنا۔
اِسْتَصْفَى. المَالَ: کل لے لینا الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَصْفَاه واِصْطَفَاه" یعنی چن لینا۔
الصَّفو. س. خالص محبّت (الصَّفْوَة والصِّفْوَة والصُّفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: خالص اور عمدہ۔

الصَّافِي. صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابروباد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ: بغیر اُوڑا کرکٹ کی گھاس۔
الصَّافِيَة. زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو۔ ج صَوَافٍ.
الصِّفْوَة. خالص دوست۔ طرزِ صفائی۔
الصِّفْوَةُ مِنَ المَاءِ و نَحْوِهِ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔
الصَّفَاء. جمع صَفَاة کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)
الصَّفَاة. ج صَفَاء صَفَوَات جج اَصْفَاء و صُفِيٌّ و صِفِيّ.
الصَّفْوَانَة. ج صَفْوَان و صَفَوَان والصَّفْوَاء. ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَاتَنْدَى صَفَاتُه" مُراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهُ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔
الصَّفْوَان. چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَانٌ: صاف دن۔
الصَّفِيّ. ~~مخلص دوست۔ ج اَصْفِيَاء.~~ مؤنث صَفِيَّةٌ. ہر چیز کا خالص حصہ۔
الصَّفِيّ والصَّفِيَّة. مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔
الصَّفِيَّة. زیادہ دودھ والی اُونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفايا.
المِصْفَاة. چھننا۔ ج مَصَافٍ.
المُصْطَفَى. برگزیدہ۔ چنا ہوا۔
صَقِبَ (س) صَقَبًا. المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔
صَقَبَه (ن) صَقْبًا. تھپڑ مارنا الشَّيْءَ: جمع کرنا البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
صَاقَبَهُ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً. قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ صِقَابًا یعنی رو در رو ملاقات کی۔
اَصْقَبَهُ. نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَّيْءُ.

قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اصقبك الصیدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔
اَلصَقَب. مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب لمبا۔ ج صِقَاب و صُقْبان.
الصَقَب والصَقِب. قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِی مِنْ دَارِہٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِہٖ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔
الصَیقَبانی. عطر فروش۔
الصَقْح والصَقْحَة. گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔
الاَصقَح. گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح.
صَقَرَہٗ (ن) صَقْرًا. بِالعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِی بِکَلَامِہٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی۔ بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ الحِجَارَۃَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔
صَقَر و صَقَّر. النَارَ: آگ کو جلانا۔
صَقَرَت (ن) صَقْرًا و صَقْرَۃً واَصْقَرَتِ. الشَمْسُ اَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْہُ الشَمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
صَقَرَ (ن) صَقْرًا واِصْقَرَّ اللَبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔
تصَقَّر. شکرہ سے شکار کرنا بِالمَکَان. مکان میں ٹھہرنا۔ تصَقَّرتْ واِصْطَقَرتِ النَارُ: آگ کا جلنا۔
الصَقْر. گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔
ج اَصْقُر و صُقُور و صُقُوْرَۃ وَ صِقَار و صِقَارَۃ و صُقُر. کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔
الصَقْر. بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُوْر و صِقَار.
الصَقْر والصَقَر. شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا التَمْرُ اَصْقَرُ مِنْ ذَاكَ" مُراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔
الصَقْرَۃ. بہت کھٹا دودھ۔
صَقَر. طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہء غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔
الصَقِر. مِنَ الرُطَبِ اَوِ الزَبِیبِ: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ اِمْرَاَۃٌ صَقِرَۃٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصَقْرِ والبَقْرِ او بِالصُقَارَی والبُقَارَی" یعنی سفید جھوٹ بولا۔
الصُقْرَۃ. پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔
الصَقْرَۃ. حوض کا بقیہ پانی۔
الصَاقُوْر. ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (والصَاقِرَۃ) مصیبت۔ بڑی مصیبت۔
الصَقَّار. چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
صَقَعَہٗ. (ف) صَقْعًا. سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِہِ الاَرْضَ: پچھاڑ دینا الرَجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَینَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا الحِمَارَ بِکَیٍّ گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ صَقَعَتْہُ الصَاقِعَۃُ کہا جاتا ہے بمعنی صَعَقَتْہُ الصَاعِقَۃُ یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔
صَقَعَ (ف) صَقْعًا و صُقَاعًا و صَقِیْعًا الدِیْكُ: مرغ کا بانگ دینا (صَقْعًا و صُقَاعًا) بِصَوتِہٖ: آواز بلند کرنا۔
صَقِعَ (س) صَقَعًا. الرَجلُ: بیہوش ہونا۔ الفَرَسُ او الطَائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اَصْقَع. صَقِعَتِ البِئرُ: کنواں گر جانا۔
صَقِعَ واَصْقَعَ. المکانُ یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔
صَقَّعَ. لِفُلَان: کسی کے لئے قسم کھانا۔
اَصْقَعَ. الرَجُلُ: یخ پر چلنا الصَقِیعُ الاَرضَ. یخ پڑنا۔
الصُقْع. جانب۔ گوشہ۔ ج اصقاع.
الصَقَع. سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔
الصَقِع. گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَکَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔
الصَقْعَۃ. گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔
الصَقْعَاء. مؤنث اَصْقَع کا۔ آفتاب۔
الصَاقِع. جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَہْ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔
الصَاقِعَۃ. مؤنث صَاقِع کا۔ بجلی۔
الصِقَاع. برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاعُ الخِبَاءِ وہ رسی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔
الصَقِیع. یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔
المِصْقَع. فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع.
صَوْقَعَہٗ. سر پر مارنا۔
الصَوْقَعَۃ. عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔

اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔
الصَّقْعَب. لمبا۔ آواز نکالنے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)
صَقْعَرَ. فِی اُذُنِه: کان میں چلانا۔
الصُّقْعُر. ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔
صَقَلَ (ن) صَقْلًا و صِقَالًا. الشیٔ: صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَاقِل ج صَقَلَة. صفت مفعولی مَصْقُوْل الدابة: دُبلا کرنا ہ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا بِه الاَرْض: زمین پر پٹک دینا۔
صَقِلَ (س) صَقَلًا. صاف شدہ ہونا۔
الصَّقَل. گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔
الصُّقْل. پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔
الصُّقْل والصُّقْلة. کمر۔
الصَّقِلُ. مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ: لمبے پہلو کا گھوڑا۔
الصَّيْقَل. صَاقِل کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ج صَيَاقِل و صَيَاقِلَةٌ.
الصَّقِيْل. صاف کیا ہوا۔ تلوار۔
الصَّقَّال. صَاقِل کا مبالغہ۔
المِصْقَل. مِنَ الخُطَبَاء: فصیح و بلیغ۔
المِصْقَلَة. جس سے صیقل کیا جائے۔
صَكَّه (ن) صَكًّا. زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔ صَكَّ البَاب: دروازہ بند کر دینا۔
صَكَّ (س) صَكَكًا. الرَّجُلُ او الفَرَس: چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت اَصَكّ.
اصْطَكَّتْ رُكْبَتَاهُ: چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا "اِصْطَكَّ القَوْمُ بِالسُّيُوْف" تلوار سے لڑنا۔
تَصَاكَّتِ. الرُّكَب: زانو کا رگڑ کھانا۔
الصَّكّ. چک۔ اقرار نامہ۔ ج اَصُكّ و صُكُوْك و صِكَاك.
الاَصَكّ. چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ ملے ہوئے ڈاڑھ اور دانت والا۔ قوی۔ مؤنث صَكَّاء ج صُكٌّ.

الصَّكَّاك. زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چیک لکھنے والا۔ چیک کی حفاظت کرنے والا۔
الصَّكِيْك. کمزور۔
المِصَكّ. مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔
المَصْكُوْكَات. درا ہم و دنانیر۔
صَكَمَهُ (ن) صَكْمًا. مارنا۔ صَكَمَ الفَرَسُ عَلٰی لِجَامِه: گھوڑے کا لگام کو چبانا۔
الصَّكْمَة. صدمہ شدیدہ۔
الصَّوَاكِم. مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے "صَكَمَتْه و صَوَاكِمُ الدَّهْرِ" اس کے اوپر زمانہ کے مصیبتیں پڑیں۔
صَلَّ (ض) صَلِيْلًا. السَّلَاح: جھنکار ہونا الشیٔ: آواز دینا المِسْمَارُ: ٹھونکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا الاِبِلُ: اُونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے السِّقَاء: مشک کا خشک ہونا (صُلُوْلًا) اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا المَاءُ: پانی کا متغیر ہونا۔
صَلَّ (ن) صَلًّا. الشَّرَاب: صاف کرنا الحَبَّ المُخْتَلِط بِالتُّرَاب: پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا الخُفَّ: چرمی موزہ پر استر لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَلَّتْهم الصَّالَّة" یعنی ان کو مصیبت لاحق ہو گئی۔
اَصَلَّ. اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا القِدَمُ المَاءَ: دیر تک ٹھہرنے سے پانی کو متغیر کر دینا۔
الصَّلّ. گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔
الصِّلّ. خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا صِلُّ ذَاك" یعنی اس کے مماثل ہے۔ تلوار۔ ج اَصْلَال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِلُّ اَصْلَالٍ" یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔
الصِّلّ والصَّلّ والصَّلَّة. تھوڑی متفرق بارش۔
الصَّلَّة. دباغت سے پہلے خشک چمڑا بدبودار چمڑا۔ جوتا۔ چوتڑ۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ تر مٹی۔
الصُّلَّة. بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔
الصَّالَّة. مصیبت۔
الصِّلَالَة. چرمی موزے کا استر۔ ج اَصِلَّة.
صُلَالَةُ. الحَبِّ: غلے کا کوڑا کرکٹ۔
الصَّلِيْل. جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔
الصَّلَال والمِصْلَال. مِنَ الطِّيْن. خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ مَاءٌ صَلَال: متغیر پانی۔
الصِّلِّيَان. ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّيَانَة.
المُصَلِّل. سردار۔ شریف۔ خالص النسب۔ کثیر بارش۔
صَلَبَه. (ن ض) صَلْبًا. سولی دینا اللَّحمَ گوشت بھونا العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا صَلَبَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔ صَلَبَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔
صَلُبَ (ک س) صَلَابَةً. سخت ہونا عَلَى المَال: بخل کرنا۔
صَلَّبَ. الشیٔ: سخت کرنا الشیٔ: سخت ہونا اور خشک ہونا اللِّصَّ: چور کو سولی دینا۔ المَسِيْحِی: ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔
اَصْلَبَتْ. النَّاقَةُ: بچہ کو دودھ پلاتے ہوئے اُونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اٹھانا۔
تَصَلَّبَ. سخت ہونا۔
اِصْطَلَبَ. العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا۔
الصُّلْب. ریڑھ کی ہڈی۔ چربی۔ گودا۔ سخت زمین۔ ج صِلَبَة و اَصْلَاب. ان

زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں۔ "اِنَّھَا لَاَصْلَابٌ مُنْذُ اَعْوَامٍ"

الصُّلْب. سخت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُلْبٌ فِي دِينِهِ" وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ "رَاعٍ صُلْبُ الْعَصَا" جبکہ اُونٹوں پر سختی کرتا ہو۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج اَصْلَاب واَصْلُب و صِلَبَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے۔

الصُّلْب. قوۃ۔ حسب۔ سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَة.

الصُّلَب. ایک پرندہ ہے۔

الصَّالِب. قَا. حُمَّى صَالِبٌ: تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔

الصَّالِب والصَّالَب. ریڑھ کی ہڈی۔

الصُّلَّب. سخت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُّلَّبَة. سان رکھنے کا پتھر۔

الصُّلَّبِي. سخت۔ جس سے سان رکھا جائے۔ سِنَانٌ صُلَّبِيٌّ: تیز نیزے۔

الصُّلَّبِيَّة. بمعنی صُلَّبِي. تا مبالغہ کے لئے ہے۔

المُصَالِبُ: وہ ستون جس کے چار حصے بنائے گئے ہوں۔

الاُنْبُوبُ: وہ ستون لمبا جس کے حصے نہ ہوں۔

الاَعْرَاج: وہ ستون جو دو پر قائم ہوا اور باقی لمبا ہو۔

الصَّلِيب. وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسٰی علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ ہر وہ جو دو خط کی شکل پر ہو جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے۔ ج صُلْبَان و صُلُب. قوی۔ سولی دیا ہوا۔ چربی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِيبَ الْعَظْمِ" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا۔ جھنڈا۔ لَذِي صَلِيبٍ عَلَى الزَّوْرَاءِ مَنْصُوبِ. مؤنث کا داغ۔ ج صُلُب. خالص نسب والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ صَلِيبٌ" وہ خالص عربی ہے۔ "ذُو الصَّلِيبِ" لقب ہے "الاخطل نصرانی شاعر کا۔"

بَعِيرٌ مُصَلَّبٌ و مَصْلُوبٌ جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔ مؤنث مُصَلَّبَة و مَصْلُوبَة. سِنَانٌ مُصَلَّبٌ تیز نیزے۔ شَيْءٌ مُصَلَّبٌ عَلَيْهِ: جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔

صَلَتَ (ن) صَلْتًا. الفَرَسَ: گھوڑے کو ایڑ مارنا۔

صَلُتَ (ک) صُلُوتَة. الرَّجُلُ: کشادہ پیشانی والا ہونا۔

اَصْلَتَ. السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

اِنْصَلَتَ. فِي عَدْوِهِ: دوڑ میں آگے نکل جانا۔

الصَّلْت. کشادہ ہموار اُبھری ہوئی پیشانی۔ کہا جاتا ہے "جَبِينٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔

الصَّلْت والصُّلْت. بڑی چھری۔ ج اَصْلَات.

الصَّلْتُ والصَّلَتَانُ والاِصْلِيتُ والاَصْلَتِيُّ والاِصْلَات والمِصْلَتُ و المِصْلَاتُ والمُنْصَلِتُ. مِنَ الرِّجَالِ: بہادر آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَصَالِيتِ الرِّجَالِ" وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے۔ الصَّلْت والاِصْلِيت والمُنْصَلِت مِنَ السُّيُوفِ: صیقل شدہ تیز تلوار۔

المُصَالَتَة. باہم دگر تلوار بازی کرنا۔ شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنی لے لینا اور یہ سرقاتِ شعریہ میں قبیح ترین ہے۔

صَلَجَ (ن) صَلْجًا. الفِضَّةَ: چاندی پگھلانا۔ صَلَجَه بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

صَلِجَ (س) صَلَجًا. سَمْعُهُ: بہرا ہونا۔

تَصَالَجَ. الرَّجُلُ: بہرا بننا۔

الصُّلَّج. کھرے درہم۔

الصُّلْجَة. ریشم کے کیڑے کا خول۔ ج صُلَج.

الصَّلِيجَة. پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔

الصَّوْلَجَان والصَّوْلَجَانَة. ٹیڑھے سرے کی لاٹھی۔ ج صَوَالِجَة.

الصَّوْلَج. خالص چاندی۔ کان کا سوراخ۔ ٹیڑھی لکڑی۔

الاَصْلَج. سخت چکنا۔ بہرا۔

صَلَحَ (ک ف ن) صَلَاحًا و صُلُوحًا و صَلَاحِيَةً. درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَلُحَتْ حَالُ فُلَانٍ" فلاں کا حال درست ہوگیا الرَّجُلُ: نیک ہونا فِي عَمَلِهِ: کام میں درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَصْلُحُ لَكَ صَلَاحًا" یعنی تمہارے موافق ہے۔ تمہارے لائق ہے۔

صَالَحَه صِلَاحًا و مُصَالَحَةً. موافق ہونا۔ صلح کرنا۔

اَصْلَحَ. الشَّيْءَ: درست کرنا۔ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا اِلَيْهِ: اچھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَصْلَحَ اللّٰهُ فِي ذُرِّيَّتِهِ وَمَالِهِ."

تَصَالَحَ واصْتَلَحَ واصْطَلَحَ واصَّلَحَ. القَوْمُ: رضامند ہونا۔

اِسْتَصْلَحَ. الشَّيْءَ: درستی چاہنا۔

الصُّلْح. سلامتی۔ درستی۔ مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُمْ لَنَا صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوحٌ" یعنی رضامند ہیں۔ مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔

الصَّلَاحِيَة. وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔

الاِصْطِلَاح. عرف خاص۔ یعنی کسی جماعت خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع پر اتفاق کر لینا۔ ج اِصْطِلَاحَات.

الصَّالِح. نیک۔ ٹھیک۔ درست۔ حقوق و

واجبات کا پورا کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَالِحٌ بِكَذَا" یعنی اس کے اندر فلاں کام کی اہلیت و قابلیت ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں "لَهُ حَظٌّ صَالِحٌ مِنَ الأَدَبِ" یعنی اس کیلئے ادب کا حصہ کثیر ہے۔ ج صَالِحُوْنَ و صُلَّاحٌ.

الصَّالِحَة. مؤنث صَالِحٌ کا۔ کہا جاتا ہے "أَتَتْنِي صَالِحَةٌ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔

الصَّلِيْح. بمعنی صَالِح ج صُلَحَاء.

المَصْلَحَة: جو صلاح پر برانگیختہ کرے۔ نیکی۔ ج مَصَالِح. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَهْلِ المَفَاسِدِ لَا المَصَالِحِ."

صَلِخَ (س) صَلَخًا. سَمْعُهُ: سخت بہرا ہونا۔

تَصَالَخَ. بہرا بننا۔

اِصْلَخَّ. لیٹنا۔

الصَّالِخ. بمعنی السَّالِخ یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے "حَرْبٌ صَالِخٌ و سَالِخٌ" کالا سانپ۔

الأَصْلَخُ. بہت بہرا۔ مِنَ الجِمَالِ: خارشی اُونٹ۔ مؤنث صَلْخَاءُ ج صُلْخٌ.

الصَّلَخ. بہرا پن۔ خارش۔ وَاهِيَةٌ صَلُوْخٌ. ہلاک کرنے والی مصیبت۔

اِصْلَخَدَّ. سیدھا کھڑا ہونا۔

الصَّلَّخْد و الصِّلَّخْد و الصِّلْخَد و الصِّلْخَاد و الصُّلَاخِد و الصَّلَخْدَى. قوی۔ ذہین۔ دلیر۔ ج صَلَاخِد.

الصَّلَخْدَم. مِنَ الإِبِلِ قوی اُونٹ۔

صَلَدَ (ض) صُلُوْدًا. الزَّنْدُ: چقماق کا بغیر آگ نکلے ہوئے آواز کرنا۔ صَلَدَتِ الأَرْضُ: زمین کا سخت ہونا۔ صَلَعَتْهُ. سر کے گنج کا چمکنا۔

صَلَدَتْ (ض) صَلْدًا. الدَّابَّةُ: جانور کا کھڑا ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا۔ الرَّجُلُ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَدَ السَّائِلَ: کچھ نہ دینا۔ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔

صَلُدَ (ک) صَلَادَةً و صَلَّدَ تَصْلِيْدًا. بخل کرنا۔

أَصْلَدَ. الزَّنْدُ: بغیر آگ نکلنے کے چقماق کا آواز کرنا۔ أَصْلَدَتِ الأَرْضُ: سخت ہونا۔ أَصْلَدَ الزَّنْدَ: بغیر آگ کے چقماق سے آواز نکالنا۔

الصَّلْد. ٹھوس۔ چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے أَرْضٌ صَلْدٌ و مَكَانٌ صَلْدٌ ج أَصْلَادٌ. فَرَسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذمومہ ہے۔ رَأْسٌ صَلْدٌ: جس سر پر بال نہ نکلیں۔ جَبِيْنٌ صَلْدٌ: سخت پیشانی۔ رَجُلٌ صَلْدٌ: بخل مرد۔

الأَصْلَد. بخیل۔ مؤنث صَلْدَاء ج صُلْدٌ.

الصَّالِد. فادہ چقماق جس میں آگ نہ نکلے۔

الصَّالِدَة. مؤنث صَالِد کا۔ دانت جس کے پیسنے میں آواز نکلے۔ ج صَوَالِد.

الصَّلُوْد. آگ نہ دینے والا چقماق۔ ٹھوس۔ اکیلا۔ بہت بخیل۔ خشک۔ فَرَسٌ صَلُوْدٌ وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے۔ قِدْرٌ صَلُوْدٌ وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے۔ اِمْرَأَةٌ صَلُوْدٌ: بے برکت عورت۔

الصَّلَوْدَد. ٹھوس چکنا۔

الصَّلِيْد. اکیلا۔

عُوْدٌ صَلَّادٌ و مِصْلَادٌ. نہ سلگنے والی لکڑی۔ نَاقَةٌ مِصْلَادٌ: بے دودھ کے بچے والی اُونٹنی۔

الصَّلْدَاء و الصَّلْدَانَة. سخت ٹھوس زمین۔

الصَّلْدَح. چوڑا پتھر۔

الصَّلَوْدَح. سخت قوی۔

الصِّلْدِم. ٹھوس۔ سخت کھر۔ شیر۔ ج صَلَادِم.

الصَّلَّوْر. ایک قسم کی مچھلی۔

صَلْصَلَ صَلْصَلَةً الحَلْيُ او اللِّجَامُ: زیور یا لگام سے آواز نکلنا الرَّعْدُ: صاف گرجنا۔ الجَرَسُ: آواز کو دہرانا فُلَانًا: دھمکی دینا۔

تَصَلْصَلَ. اللِّجَامُ او الحُلِيُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔

الصُّلْصُل. گھوڑے کی پیشانی۔ گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ۔ چھوٹا پیالہ۔ برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز۔ ماہر چرواہا۔ فاختہ۔

الصَّلْصَال. کھنکھنانے والی خشک مٹی.

و الصُّلَاصِل و المُصَلْصَل آواز دینے والا گدھا۔

الصَّلْصَالَة. زمین جس میں کوئی نہ ہو۔

المُصَلْصَل. مصدر میمی۔ خالص النسب۔ شریف سردار۔

الصَّلْطَةُ وَالصَّلَاطَةُ. سلاد یعنی سبزی، پیاز، نمک، تیل اور دیگر اشیاء سے کچا کھانا تیار کیا جائے۔

الصَّلْصَةُ. لیموں کا جوس۔

اِصْلَنْطَحَ. البَطْحَاءُ: کشادہ ہونا۔

الصُّلَاطِح و المُصْلَنْطِح. چوڑا کشادہ۔

صَلِعَ (س) صَلَعًا. سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا۔ صفت أَصْلَعُ ج صُلْعٌ و صُلْعَانٌ. کہا جاتا ہے صَلِعَتِ الشَّجَرَةُ یعنی ٹہنیوں کے پتے گر گئے۔

صَلَعَتْ و تَصَلَّعَتْ وانْصَلَعَتْ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا۔ الحَيَّةُ. سانپ کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا۔ تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا۔

صِلَاعُ. الشَّمْسِ: آفتاب کی گرمی۔

الصُّلْعَة و الصَّلَعَة. سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں۔

الصَّلْعَاء. أَصْلَع کا مؤنث۔ خالی بیابان۔ مصیبت۔ رَمْلَةٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریتلا میدان۔ ج صُلْع.

الصَّلَع و الصَّلِيْع و الصُّلَّاع. چوڑا پتھر۔ مِنَ الأَمْكِنَةِ: بنجر زمین۔ رَأْسٌ صَلِيْعٌ. سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔

صَلْعَم. صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار۔

صَلِفَ (س) صَلَفًا. ڈینگ مارنا۔ صفت صَلِفٌ ج صَلِفُوْنَ صُلَفَاء و صَلَافَى. لِصَاحِبِهِ. غیر پسندیدہ باتیں کرنا۔ المَرْأَةُ عِنْدَ زَوْجِهَا. شوہر کے نزدیک بے وقعت

ہونا۔ صفت صَلِفَة. ج صَلِفَات و
صَلَائِف السَّحَاب: زیادہ گرجنا اور پانی کم
برسنا۔
اَصْلَفَ. بے برکت ہونا۔ گراں جان ہونا۔
فُلَانًا: بغض رکھنا۔
تَصَلَّفَ. بے تکلف ڈینگ مارنا۔ چاپلوسی کرنا۔
القَوْم: سخت زمین میں پڑنا۔
الصَّلَف. درخت خرما میں خالی ہونا۔ صَلَفَةٌ
واحد ہے۔
الصَّلِف. بے مزہ کھانا۔ بھاری برتن۔ اناءٌ
صَلِفٌ: کم پانی لینے والا برتن۔ سحابٌ
صَلِفٌ: زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل۔
اَرْضٌ صَلِفَةٌ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
الصَّلِيف. گردن کا پہلو۔ کہا جاتا ہے اَخَذَهُ
بِصَلِيفِه یعنی پورا لے لیا۔ طَعَام صَلِيفٌ
بے مزہ کھانا۔
الاَصْلَف. زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ
نہ اُگے۔ ج اَصَالِف.
الصَّلْفَاء والصِّلْفَاء والصَّلْفَاءَة
والصِّلْفَائَة. زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ
نہ اُگے۔ ج الصَّلَافِي.
المُصْلِف. بیوی کی بے قدری کرنے والا۔
صَلْفَعَ. مفلس ہونا۔ رَاسَهُ. مونڈ دینا۔
صَلَقَ (ن) صَلْقًا. الرَّجُلُ: مصیبت میں
چیخنا چلانا۔ صَلَقَهُ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
صَلَقَتْه الشَّمْسُ: آفتاب کا گرمی سے تکلیف
پہنچانا۔
صَلَقَ (ن) صَلْقًا. نَابَه: دانت پیسنا۔
اَصْلَقَ. الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔
النَّابَ: دانت پیسنے میں آواز نکالنا۔
تَصَلَّقَ. المَرِيضُ: دور کی وجہ سے مریض کا
مضطرب و بے چین ہونا۔ المَرْاَةُ: دردِ زہ میں
مبتلا ہونا۔
اِصْطَلَقَ. البَعِيرُ بنَابِه: اُونٹ کا دانت پیسنا۔
الصُّلَاقَة. پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے۔
الصَّلْق. سخت آواز۔
الصَّلَق. ہموار زمین۔ ج اَصْلَاق. جج
اَصَالِيق.
الصَّلِيق. چکنا۔
الصَّلِيقَة. پتلی روٹی۔ چپاتی۔ گوشت کا بھنا
ہوا ٹکڑا۔ ج صَلَائِق.
المِصْلَق والمِصْلَاق. مِنَ الخُطَبَاء:
بلیغ خطیب۔ ج مَصَالِق و مَصَالِيق.
المَصَالِيق. بڑے بڑے پتھر ہلکے پھلکے
اُونٹ۔
صَلْقَعَ. مفلس ہونا۔ رَاسَهُ: سر مونڈنا۔
صَوْتَه: آواز تیز کرنا۔
الصَّلْقَع. خالی۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ صَلْقَعٌ
بَلْقَعٌ و صَلَنْقَعٌ بَلَنْقَعٌ خالی مکان۔ بَلْقَع و
بَلَنْقَع صَلْقَع و صَلَنْقَع کے لیے تابع
ہیں۔
الصَّلَنْقَع. مرد دلاور و توانا۔
صَلَمَ (ن ض) صَلْمًا و صَلَّمَ. الشَيَ: جڑ
سے کاٹنا۔ صَلَمَهُ و صَلَّمَهُ جڑ سے ناک کان
کاٹ لینا۔
اِصْطَلَمَهُ. جڑ سے اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے'
اِصْطَلَمَهُ الدَّهر یعنی زمانہ نے ان کو برباد کر
دیا۔
الصَّلَم والصَّلَمَة. مضبوط اور بہادر لوگ۔
واحد صَالِمٌ.
الصُّلمة. خود۔
الصُّلَامَة والصِّلَامَة والصَّلَامَة.
آدمیوں کی جماعت۔ سخاوت میں بہادری میں
اور عمر میں ایک قسم کے لوگ۔ ج صُلَامات
صِلَامات صَلَامات.
رَجُلٌ اَصْلَمُ. الاُذُنَيْنِ: وہ شخص جس کے
دونوں کان کٹے ہوئے ہوں گویا کہ خلقتًا
ایسے ہی ہیں۔ مؤنث صَلْمَاء ج صُلْم.
الصَّيْلَم. تلوار۔ سخت کام۔ مصیبت۔ دن
میں ایک مرتبہ کا کھانا۔ وَقْعَةٌ صَيْلَمَةٌ: جڑ مٹا
دینے والی جنگ۔
صَلْمَعَ. مفلس ہونا۔ الرَّاسَ: مونڈ دینا
الشَيَ: اُکھیڑ دینا۔ چکنا کر دینا۔ کہا جاتا ہے' هُوَ
صَلْمَعَة قَلْمَعَة یعنی وہ اور اس کے باپ غیر
معروف ہیں۔
اِصْلَهَبَّ. دراز ہونا۔
الصَّلْهَب والمُصْلَهِب. لمبا آدمی۔
الصَّلْهَب: بڑا مکان۔
الصَّلْهَج. بڑی چٹان۔ قوی اُونٹنی۔
اِصْلَهَمَّ. سخت ہونا۔
الصِّلْهَام. دلیر۔ شیر۔
صَلَا يَصْلُو صَلْوًا. فُلَانًا: پیٹھ کے
درمیان مارنا۔
صَلِيَتْ تَصْلَى صَلًا و اَصْلَتْ اِصْلَاءً.
النَّاقَةُ: قربِ ولادت کی وجہ سے اُونٹنی کے
دُبر اور دُم کے درمیان کا ڈھیلا پڑ جانا۔
صَلَّى صَلَاةً. دُعا کرنا۔ نماز پڑھنا۔ الله
عَلَيْهِ: برکت دینا۔ اچھی تعریف کرنا تَصْلِيَةً
الفَرَسَ: گھوڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر ہونا۔
صفت مُصَلِّي.
الصَّلَا. انسان اور چوپایہ کی پیٹھ کا درمیانی
حصہ۔ ج صَلَوَات و اَصْلَاء.
الصَّلَاة والصَّلَوة. دعا۔ نماز۔ تسبیح مِنَ
اللّه: رحمت۔ ج۔ صَلَوَات.
المُصَلَّى. نماز پڑھنے کی جگہ۔
صَلَى صَلْيًا. اللَّحْمَ: گوشت بھوننا۔ صفت
مفعولی مَصْلِي. فُلَانًا النَّارَ و فِيهَا و عَلَيْهَا:
آگ میں داخل کرنا۔ الرَّجُلَ: فریب دینا
لِلصَّيْدِ: جال لگانا۔
صَلِيَ (س) صَلًى و صِلًى و صُلِيًّا و
صِلِيًّا النَّارَ و بِهَا: آگ کی گرمی برداشت
کرنا۔ آگ میں جلنا۔ الاَمْرَ و بالاَمْرِ: معاملہ
کی شدت برداشت کرنا۔
صَلَّى. العَصَا عَلَى النَّارِ او بالنَّارِ: آگ
دکھلا کر سیدھا کرنا۔ صَلَّى و اَصْلَى يَدَهُ:
ہاتھ گرم کرنا۔
اَصْلَاه. النَّارَ: آگ میں داخل کرنا۔
تَصَلَّى تَصَلِّيًا. النَّارَ و بالنَّارِ: آگ کی
گرمی برداشت کرنا۔ آگ تاپنا۔ عَصَاهُ عَلَى
النَّارِ: آگ دکھلانا۔
اِصْطَلَى اِصْطِلَاءً. بالنَّارِ: آگ تاپنا۔ کہا

فلان لا یصطلی بنارہ یعنی فلاں ایسا بہادر ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

الصِّلاء و الصَّلی آگ یا بڑی آگ۔

الصَّلایۃ و الصَّلاءۃ پیشانی۔ خوشبو پیسنے کا پتھر۔ ہر بڑا پتھر جس پر پیسا جائے۔ ج صُلِیّ و صِلِیّ۔

الصِّلِّیان ایک جنگلی گھاس۔ واحد صِلِّیانۃ۔

المِصلاۃ و المِصلی جال جو شکار کیلئے لگایا جائے۔ ج مَصَالٍ۔ کہا جاتا ہے انّ للشیطان مصالی کہ شیطان کے لیے بہت سے پھندے اور جال ہیں۔

صَمَّ (ن) صَمًّا القارورۃ: شیشی بند کرنا۔ الجرح: زخم کو باندھنا اور لیپ لگانا۔ صم الرجل عزیمتہ: پکا ارادہ کرنا۔ بحجرٍ: پتھر سے مارنا۔

صَمَّ (س) صَمَمًا و صَمًّا بہرا ہونا۔ صفت اَصَمّ مؤنث صَمّاء ج صُمّ و صُمّان۔ صَمَّ صداہ اس کی آواز بہری ہو گئی یعنی مر گیا ہلاک ہو گیا۔ صَمَّم صممہ بہرا کر دینا۔ علی الامر و فیہ: کر گزرنا اور منع کرنے والی کی بات نہ سننا۔ السیف: تلوار کا ہڈی میں گھسنا اور کاٹ دینا۔ صَمَّہ الحدیثَ: یاد کرانا۔ صَمَّ الشیئ: دانت سے کاٹنا۔

اَصَمّ: بہرا ہونا۔ بہرا کرنا۔ بہرا پانا۔ القارورۃ: شیشی بند کرنا۔ اصم دعاءہ: ایسی قوم کو پکارنا جو بلاوا سنے نہ جواب دے۔ اصم اللہ صداء فلان: اللہ اسے ہلاک کر دے۔

تصامّ عن الحدیث: بہرا بننا۔

الصِّمّ سخت مصیبت۔ شیر۔

الصِّمَّۃ بہادر شیر۔ نذکر سانپ۔ مادہ سیپی۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج صِمَم۔

الصَّمَم بہرا پن۔ رجل صِمَم پختہ ارادہ والا۔

صَمِّی بروزن قطام سخت مصیبت کے لیے علم۔ کہتے ہیں صَمِّی صَمام اسے مصیبت زیادہ ہو۔ صَمام صَمام بمعنی امر۔

الصِّمام ج اَصِمَّۃ۔ الصِّمامۃ شیشی کی ڈاٹ۔

الصَّمیم ہڈی جس پر عضو کا مدار ہو۔ من کل شیئ: خالص۔ من الحر او البرد: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے ذَھَبَ فی صمیم الحر سخت گرمی میں گیا اور یہ واحد اور جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے۔ تم کہو گے رجل صمیم و رجال صمیم مؤنث صمیمۃ۔ کہا جاتا ہے ھو من صمیم القوم یعنی قوم کا اصل ہے۔

الاصم ٹھوس۔ کہا جاتا ہے حجر اصم و صخرۃ صماء بمعنی ٹھوس پتھر۔ رمح اصم مضبوط نیزہ۔ رجل اصم جس سے کسی خیر کی امید نہ ہو اور اپنی خواہشات سے باز نہ رکھا جا سکے۔ دھر اصم زمانہ گویا کہ اس سے شکایت کی جاتی ہے اور وہ سنتا نہیں۔ عرب رجب کے مہینے کو شہر اصم کہتے تھے اس وجہ سے کہ اس مہینے میں نہ تو قتل و قتال کی آواز آتی تھی اور نہ ہتھیاروں کی جھنکار سنائی دیتی تھی اور نہ کوئی فریادی شور مچاتا تھا۔

الصماء مؤنث اصم۔ ٹھوس زمین۔ سخت مصیبت۔ ج صُمّ۔

الصَّمّانۃ و الصَّمّان ہر پتھریلی سخت زمین۔

المُصَمِّم کر گزرنے والا۔ السیف المُصَمِّم ہڈی میں گھس جانے والی تلوار۔

صَمَأَ (ف) صَمْأً علیہم برآمد ہونا۔ فلانًا علی الامر برانگیختہ کرنا۔ ظاہر ہونا۔

صَمَتَ (ن) صَمْتًا و صُمُوتًا و صُماتًا خاموش رہنا۔

صَمَّتَ و اَصْمَتَ خاموش رہنا۔ صَمَّتَہ و اَصْمَتَہ خاموش کرنا۔ صَمَّتَت العلیلَ بیمار کی زبان بند ہو جانا۔ المراۃ ولدھا: عورت کا اپنے بچہ کو بہلانے کے لیے کچھ کھلانا۔

الصُّمات خاموشی۔ پیاس کی سرعت۔ کہا جاتا ہے رماہ بصُماتہ و سکاتہ یعنی چپ کرا دیا۔ کہا جاتا ہے ھو علی صُمات الامر او بصُماتہ وہ کام کرنے کو مستعد و تیار ہے۔ بات من القوم علی صُمات قوم سے قریب ہوا۔

الصُّمتۃ و الصُّمتۃ کھانا یا مٹھائی وغیرہ جس سے بچے کو بہلایا جائے اور چپ کرایا جائے۔

الصّامت فا: خاموش۔ گاڑھا دودھ۔ من المال: چاندی سونا یا ناطق حیوانات ہیں کہا جاتا ہے مالہ ناطق ولا صامت یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

الصِّمِّیت و الصَّموت بہت خاموش رہنے والا۔

الصَّموت بھاری زرہ۔ شہد سے بھرا ہوا چھتہ۔ ضربۃ صموت پار ہو جانے والی ضرب۔

المُصمِت کہا جاتا ہے اللہ یشکو الی غیر مُصمِت یعنی ایسے شخص سے شکایت کر رہا ہے جو اس کی پروا نہیں کرتا۔

المُصمَت ٹھوس۔ باب مُصمَت بند دروازہ جس کے بند ہونے کی جگہ معلوم نہ ہو۔ حائط مصمت جس دیوار میں فرجہ نہ ہو۔ فرس مصمت جس گھوڑے کے رنگ میں کوئی دوسرا رنگ نہ ہو۔ اناء مصمت جس پر چاندی کی قلعی نہ ہو۔ الف مصمت و مُصمَّت کامل ایک ہزار۔

صَمَحَہ (ف ض) صَمْحًا الحرُّ گرمی کا دماغ کو پگھلا دینا۔ ہ بالسوط کوڑے سے مارنا۔ صَمَّحَ فلانًا سوال کرنے میں سختی کرنا۔

الصُّماح بدبودار پسینہ۔ داغ لگانا۔ چربی جو پگھلا کر پیر کی پھٹن میں لگائی جائے۔

الاصمح بہادروں کے سر پر ضرب لگانے

والا۔
يَوْمٌ صَامِحٌ وصَمُوْحٌ. سخت گرم دن۔
حَافِرٌ صَمُوْحٌ: سخت کھر۔
الصِّمْحَاء والصِّمْحَائَة. سخت زمین۔
صَمَخَهٗ (ن) صَمْخًا. کان کے سوراخ پر مارنا۔ صَمَخَ اَنْفَهٗ: ناک توڑ دینا۔
الصِّمْخ. خشک چیز جو بکریوں کے تھن کے سوراخ میں بچہ جننے کے وقت ہوتی ہے کہ اس کے نکل جانے کے بعد دودھ اچھی طرح آنے لگتا ہے۔ مار کا نشان جو چہرے پر پڑ جائے۔
الصِّمَاخ. کان کا سوراخ۔ ج صُمُخ واَصْمِخَة.
الاُصْمُوْخ. کان کا سوراخ۔ کہتے ہیں' ضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰی صِمَاخِهٖ یعنی اللہ اسے سلادے۔
الصُّمَاخ. کم پانی کا کنواں۔ ج صُمُخ
اِصْمَخَدَّ. غصہ سے پھول جانا۔
صَمَدَ (ن ض) صَمْدًا و صَمَدَ. فُلَانًا وَلَهٗ واِلَيْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے' صَمَدَ صَمْدَ هٰذَا الْاَمْرِ۔ یعنی اس امر پر اعتماد کیا۔ ہ بالعَصَاء لاٹھی سے مارنا۔ صَمَدَتِ الشَّمْسُ وَجْهَهٗ: آفتاب کا چہرے کو جھلس دینا۔ صَمَدَ القَارُوْرَة: شیشی میں ڈاٹ لگایا۔ صَمَّدَ الرَّجُلُ رَاْسَهٗ: مرد کا اپنے سر پر بند لپیٹنا۔
صَامَدَهٗ صِمَادًا و مُصَامَدَةً. تلوار بازی کرنا۔
اَصْمَدَ. اِلَيْهِ الْاَمْرَ: سہارا دینا۔
تَصَمَّدَ. لَهٗ بالعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔
الصَّمْد. بلند جگہ۔ ج اَصْمَاد و صِمَاد.
الصَّمَد' سردار جس کے بغیر امور پورے نہ ہوں۔ ٹھوس۔ ایسا شخص جو لڑائی میں بھوکا پیاسا نہ ہو۔ ہمیشہ رہنے والا۔ بلند۔ اور صمد۔ اللہ تعالی کے اسمائے حسنی میں سے ہے یعنی وہ ذات جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو۔
اَلصَّمَدَة: عیسائیوں کے نزدیک قربان مقدس کے پاس رکھا ہوا رمال۔
الصَّمْدَةُ والصُّمْدَة. بلند گڑی ہوئی چٹان۔
الصِّمَاد. شیشی کی ڈاٹ۔
الصِّمَاد والصِّبَادَة. پگڑی کے علاوہ سر پر لپیٹنے کا کپڑا۔
الْمُصَمَّد والمَصْمُوْد. قصد کیا ہوا۔ جس کا قصد کیا جائے۔
صَمْدَحَ. اليَوْمُ: دن کا بہت گرم ہونا۔
الصُّمَادِح والصُّمَادِحِی. بہت سخت چیز کا خالص۔
الصُّمَادِح. کھلا ہوا راستہ۔ شیر۔
الصَّمَيْدَح. بہت سخت گرم دن۔
صَمَرَ (ن) صَمْرًا و صُمُوْرًا. بخیل ہونا۔ ماءٌ: پانی کا آہستہ آہستہ نشیبی زمین سے ہموار زمین کی طرف بہنا۔
صَمَرَ (ض) صَمْرًا و صَمِرَ (س) صَمَرًا. اللَّبَن: کھٹا ہونا۔
اَصْمَرَ. اللَّبَن: زیادہ کھٹا ہونا۔ (و صَمَّرَ) الرَّجُلُ: بخل کرنا۔ غروبِ آفتاب کے وقت آنا۔ اَصْمَرَ و صَمَّرَ المَتَاعَ: جمع کرنا۔
الصَّمْر: تازہ مشک کی خوشبو (والصَّمَر) بدبو۔
الصِّمْر. آہستہ آہستہ پانی بہنے والے کے جمع ہونے کی جگہ۔
الصُّمْر. برتن وغیرہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے' مَلَأَ الكَاسَ اِلٰی اَصْمَارِهَا اَوْ اَصْبَارِهَا یعنی پیالے کو اس کے کناروں تک بھر دیا۔
الصَّمِر. بدبودار۔ کہا جاتا ہے یَدِیْ مِنَ السَّمَكِ صَمِرَةٌ یعنی میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
الصَّامِر: بخیل۔ ج صَامِرُوْن.
الصَّمِيْر. دبلا پتلا خشک آدمی جس سے پسینہ کی بدبو پھیلے۔
الصُّمَيْر. آفتاب کے غروب ہونے کا وقت۔
الصَّمِرَة والصَّامُوْرَة. کھٹا دودھ۔
صَمْصَمَ صَمْصَمَةً. فِي الْاَمْرِ او السَّيْر. استقلال سے کام جاری رکھنا۔
صَمْصَمَتِ القُنْفُذَةُ: سیہی کا آواز کرنا۔
الصَّمْصَام والصَّمْصَامَة. تلوار جس کی دھار نہ مڑے۔
الصِّمْصِم والصُّمَاصِم والصُّمَاصِمَة. مِنَ الخَيْل: چلنے میں ثابت قدم گھوڑا۔
الصِّمْصِم. چھوٹا موٹا۔
الصَّمْصَم. بہت زیادہ بخیل۔
الصَّمْصَمَة والصِّمْصِمَة. قوم میں اچھا آدمی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج صِمْصِم و صَمَاصِم.
صَمَعَهٗ (ف) صَمْعًا بالعَصَا اَوْ السَّيْف: لاٹھی یا تلوار سے مارنا۔ الظَّبْیُ: زمین کے اندر چل دینا۔
صَمِعَ (س) صَمَعًا. لاپروائی سے گزر جانا۔ فِي الكَلَام: غلطی کرنا۔ صَمِعَتْ اُذُنُهٗ: کان کا چھوٹا ہونا اور سر سے چپٹا ہوا ہونا۔ صفت اَصْمَع مؤنث صَمْعَاء. ج صُمْع.
صَمَّعَ. عَلٰی رَايِهٖ: پختہ ارادہ کرنا۔
اِنْصَمَعَ. فِي غَضَبِهٖ: غضب پر قائم رہنا۔
الاَصْمَع. چھوٹے کان والا۔ مؤنث صَمْعَاء ج صُمْع اوپر چڑھنے والا۔ تلوار قاطع۔ تیز ذہن والا۔ روئیدگی کہ جس کا پھل ابھی غلاف سے نہ نکلا ہو۔ عمدہ پر۔ ج صُمْعَان.
اَصْمَعَان: قلب ذکی و پختہ رائے۔
الصَّمِع. ذکی القلب۔ تیز فہم والا۔ بہادر۔
صَمَّغَ. گوند لگانا۔
اَصْمَغَ. الشِّدْقُ: باچھوں کا زیادہ تھوک والی ہونا۔ اَصْمَغَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا گوند والا ہونا۔
اِسْتَصْمَغَ. الشَّجَرَةُ: گوند نکالنا۔ فلان زخم ہونا۔
الصَّمْغ والصَّمَغ. گوند۔ واحد صَمْغَة و صَمَغَة. ج صُمُوْغ.
الصِّمْغ والصِّمْغَة. تھن کے اندر ولادت کے بعد کوئی منجمد چیز ہوتی ہے۔
الصَّمْغَان. وہ شخص جس کے کان' ناک' مُنہ

سے مادہ نکلے جس طرح درخت سے گوند نکلتا ہے۔
اَلصِّمْغَانِ والصِّمْغَتَانِ والصَّامِغَانِ والصِّمَاغَانِ. باچھیں۔
اَصْمَقَ. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ اللَّبَنُ او المَاءُ: متغیر ہونا، بگڑ جانا۔ الرَّجُلُ: خبیث ہونا۔
الصَّمَقَةُ. بگڑا ہوا دودھ۔
صَمْقَرَ واِصْمَقَرَّ. اللَّبَنُ: بہت کھٹا ہونا۔
اِصْمَقَرَّتِ الشَّمْسُ: بہت گرم ہونا۔
اِصْمَاكَّ. الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ اللَّهَنُ: جم کر پنیر جیسا ہو جانا۔ الاَرْضُ: بارش سے تر ہونا۔ الجُرحُ: زخم کا پھولنا۔
الصَّمَكُوكُ والصَّمَكِيكُ. شر و فساد کی طرف سبقت کرنے والا جاہل۔ سخت مضبوط۔ بہت سخت دل۔ لیس دار چیز۔
صَمَلَ (ن) صَمْلًا و صُمُولًا. الشَّيَ: سخت ہونا۔ خشک ہونا۔ الرَّجُلُ عَنِ الطَّعَامِ: رُک جانا۔ صَمَلَهُ بالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
اَصْمَلَهُ. الصِّيَامُ: روزے کا دُبلا کر دینا۔
اِصْمَالَّ. سخت ہونا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا گھنا ہونا۔
الصُّمُلُّ. مرد قوی جثہ۔
الصَّامِلُ والصَّمِيلُ. خشک۔
المُصْمَئِلُّ. غصہ کی وجہ سے پھولنے والا۔
المُصْمَئِلَّةُ. مصیبت۔
صَمِيَ صَمًى صَمَيَانًا. الرَّجُلُ: پلٹنا۔ کودنا۔ جلدی کرنا۔
صَمِيَ صَمْيًا. الاَمْرُ فُلَانًا: سر پر آپڑنا، کہا جاتا ہے "مَا صَمَاكَ عَلَيْهِ" یعنی کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا۔ الصَّيْدَ: شکار کا سامنے مرنا۔
صَمِيَ اصْمَاءً. الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
الصَّيْدَ: تیر مارنا اور شکار کا سامنے ہی ٹھنڈا ہونا۔ الفَرَسُ عَلَى لِجَامِهِ: لگام کو کاٹنا اور چلنا۔ اَصْمَى مَنِيَّتَهُ: موت کا مزہ چکھنا۔
اِنْصَمَى اِنْصِمَاءً. عَلَيْهِ: گرنا۔ الطَّائِرُ: ٹوٹ پڑنا۔
الصَّمَيَانُ. بہادر جس کا حملہ خالی نہ جائے۔ ج صِمْيَانٌ.
اَصَنَّ. گندہ بغل ہونا۔ غرور سے ناک پھیلانا۔ المَاءُ: فاسد ہونا۔ اللَّهَمُ: بدبودار ہونا۔ عَلَى الاَمْرِ: اصرار کرنا۔ الرَّجُلُ: خاموش ہونا۔ غیظ و غضب سے بھر جانا۔
الصِّنُّ. ٹوکری۔ روٹی رکھنے کی ڈھکنے دار ٹوکری۔ زنبیل۔ ج صِنَانٌ.
الصِّنُّ. اُونٹ کا پیشاب۔ دبر نامی ایک جانور کا پیشاب۔ جاڑے کے سخت سات دنوں میں سے پہلا دن۔
الصُّنَانُ. گندہ بغلی۔ بدبو۔ ج اَصِنَّةٌ.
الصِّنَّةُ. گندہ بغلی۔ بدبو۔
الصَّنَّانُ. بہادر۔
الاَصَنُّ. غفلت برتنے والا۔
الصِّنَابُ والصِّنَابَةُ. لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔ چٹنی جو رائی اور زیتون کے تیل سے بنائی جاتی ہے۔
الصِّنَابِيُّ. سفیدی کے ساتھ زردی آمیز سرخ رنگ والا۔
صَنْبَرَتْ صَنْبَرَةً. النَّخْلَةُ: درخت خرما کا کم پھل اور پتلے تنے والا ہونا۔
الصِّنَّبْرُ. ہر چیز کا باریک و کمزور۔
الصُّنْبُورُ والصُّنْبُورَةُ. درخت خرما جس کا پھل کم اور تنہ پتلا ہو۔ درخت خرما جو دوسرے درخت خرما کی جڑ سے بغیر بوئے ہوئے نکلے۔
الصُّنْبُورُ وہ شخص جو کمزور بغیر والی وارث کے ہو۔ کمینہ۔ چھوٹا بچہ۔ مصیبت۔ ٹھنڈی ہوا۔ گرم ہوا۔ حوض کی نالی جس سے پانی نکلے۔ ج صَنَابِيرُ.
الصِّنَّبْرُ. ٹھنڈی ہوا۔ گرم ہوا۔ جاڑے کے سخت سات دنوں میں سے دوسرا دن۔ ج صَنَابِرُ. کہا جاتا ہے لَيْلَةٌ صِنَّبْرٌ و صِنِبْرٌ: بہت ٹھنڈی یا گرم رات۔
صَنَابِرُ. الشِّتَاءِ: جاڑے کی شدت۔
الصَّنَوْبَرُ. ایک درخت ہے جس کے پتے ہمیشہ سبز رہتے ہیں اور اس کے پتے بلندی پر ہوتے ہیں۔
الصَّنَوْبَرِيُّ. جو صنوبر کے پھل کی شکل کا گول لمبا مخروطی ہو۔
الصَّنَوْبَرِيَّاتُ: لمبے اور سبز درختوں کی قسمیں جیسے صنوبر، سرو، عرعر وغیرہ۔
الصَّنْبُوحَةُ: ایک زرعی دانہ جو کہ ہند، جاپان اور چین میں بویا جاتا ہے۔ گلابی یا سفید پھولوں والا اس کے آٹا سے نشہ آور روٹی بنائی جاتی ہے۔
صَنِعَ. البَخِيلُ: سوال کے وقت منقبض ہونا۔
اَصْنَتَ. الشَّيَ: مضبوط کرنا۔
الصُّنُوتُ. شیشی کا غلاف۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔ ج صَنَانِيتُ.
صَنَجَهُ (ن) صَنْجًا. بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ صَنَجَ النَّاسَ: ہر ایک کو اس کی اصل کی طرف لوٹانا۔
صَنَّجَ تَصْنِيجًا. بِهِ: پچھاڑ دینا۔ عوام کہتے ہیں صَنَّخَتْ رَقَبَتُهُ یعنی گردن کے اعصاب اکڑ گئے اور صَنَّجَتْ شَخْصَهُ ہے۔
الصَّنْجُ. جھانجھ۔ مجیرا۔ جنگ۔ ج صُنُوجٌ
صَنْجُ الجِنِّ: جن کی آواز۔ کہا جاتا ہے مَا اَدْرِي اَيُّ صَنْجٍ هُوَ میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔
الصَّنَّاجُ والصَّنَّاجَةُ. جھانجھ والا۔
صَنَّاجَةُ العَرَبِ: اعشٰی قیس شاعر جاہلیت کا لقب۔ صَنَّاجَةُ الجَيْشِ: طبل۔
الصِّنْدِيدُ. مِنَ الرِّيحِ او البَرْدِ: تیز۔ مِنَ الغَيْثِ: بڑی بوند کی بارش (والصِّنْدِدُ) سردار۔ بہادر۔ ج صَنَادِيدُ. الصَّنَادِيدُ: مصیبتیں۔ لشکر کی جماعت۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ حَامِي الصِّنْدِيدِ او الصَّنَادِيدِ" یعنی سخت گرم دن۔
الصُّنْدُوقُ. بکس۔ ج صَنَادِيقُ.
الصَّنْدَلُ. ایک خوشبودار لکڑی کا نام۔
الصُّنَادِلُ. بڑے سر والا۔
الصَّنْدَلَانِيُّ. عطار۔ صَيْدَلَانِي میں ایک

لغت ہے۔ج صَنادِلَۃٌ.

الصِنَّار والصِنَّار. چنار کا درخت۔ واحد صِنَارَ ۃو صِنَّارَۃٌ.

الصِنَّارَۃ. تکلے کے سرے پر منڈھا ہوا لوہا۔ صِنَّارَۃُ الصَیَّاد: مچھلی وغیرہ کے شکار کرنے کا کانٹا۔ بنسی۔ج صَنَانِیر. کہا جاتا ہے 'رَجُلٌ صِنَّارَۃٌ و صَنَّارَۃ یعنی بد خلق مرد۔ ج صَنَانِیر.

الصِنَّوْر. بخیل۔ بد خلق۔

صَنَعَ (ف) صَنْعًا و صُنعا. الشَیَ: بنانا اِلَیْہِ مَعْرُوْفًا: احسان کرنا۔ بِہ صَنِیْعًا قَبِیْحًا: برائی کرنا۔ (صَنْعًا و صَنْعَۃً) الفَرسِ: اچھی تربیت کرنا۔

صَنَّعَ. الشَیَ: مزین کرنا۔ کاریگری سے خوبصورت بنانا۔

اَصْنَعَ. الرَجُلُ: سیکھنا۔ مضبوطی سے کام کرنا۔ دوسرے کو مدد دینا۔

صَانَعَہٗ مُصَانَعَۃً. نرمی کرنا۔ مدارات کرنا۔ رشوت دینا۔ مثل مشہور ہے' مَنْ صَانَعَ بِالمَالِ لَمْ یَحْتَشِمْ مِنْ طَلَبِ الحَاجَۃِ جو شخص رشوت میں مال خرچ کرے وہ حاجت کے طلب کرنے سے منقبض نہیں ہو سکتاہٗ عَنِ الشَيِ: فریب دینا۔ الرَجُلَ: رفیق بنا۔

تَصَنَّعَ. تزئین کا تکلیف کرنا۔ بناوٹ کرنا۔

اِصْطَنَعَ. شَیْئًا: تیار کرنے کا حکم دینا۔ عِنْدَہٗ صَنِیْعَۃً: احسان کرنا۔ ادب سکھلاناہ لِنَفْسِہٖ: اپنے لیے اختیار کرنا۔ فلان خیراتی کھانا تیار کرنا۔ الرِزْقَ: پیش کرنا۔

اِسْتَصْنَعَہٗ. الشَیَ: کسی چیز کو بنانے کے لیے کہنا۔

الصَنْع. س۔ ایک چھوٹا سا جانور۔ رَجُلٌ صَنْعُ الْیَدیْنِ کاریگری میں ماہر۔ ج رجالٌ صَنْعُوْنَ.

الصُنْعُ. س۔ عمل۔ احسان۔ رزق۔

الصِنْعُ. بنا ہوا۔ کپڑا۔ عمامہ۔ حوض۔ قلعہ۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔ درزی۔ ج اَصْنَاع رَجُلٌ صِنْعُ الْیَدْیْنِ: کاریگری میں ماہر۔ ج رِجَالٌ صِنْعُوْنَ.

الصَنْعَۃ. پیشہ۔ کاری گری۔ صَنْعَۃُ الْفَرَسِ. گھوڑے کے سدھانے کا فن۔

الصَنَاع. لکڑی جو پانی کو کچھ دیر روکنے کے لئے نالی میں لگادی جائے۔

رجل صَنَاع الیَدَیْنِ وصَنَعُ الْیَدَیْنِ. کاریگری میں ماہر اور ایسا ہی اِمْرَاَۃٌ صَنَاعُ الْیَدَیْنِ واِمْرَاَتَان صَنَاعَانِ ونِسْوَۃٌ صُنُعٌ. اور شاعر و بلیغ کے لیے کہا جاتا ہے۔ هُوَ صَنَعُ اللِّسَان وَلَہٗ لِسَانٌ صَنَع.

الصِنَاعَۃُ والصَنَاعَۃُ. پیشہ۔ وہ علم جو مزاولت عمل سے حاصل ہے جیسے درزی کا کام جولاہ گری وغیرہ۔ وہ علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو جیسے منطق۔

اور کہا گیا ہے کہ صَنَاعَۃ بالفتح کا استعمال محسوسات میں ہوتا ہے اور صِنَاعَۃ بالکسر کا معانی میں۔ج صَنَاعَات و صَنَائِع.

الصِنَاعِیّ. مصنوعی۔ طبیعی کا مقابل۔

الصَنِیْع. س۔ بنایا ہوا۔ صیقل شدہ تلوار۔ تیر۔ صاف ستھرا کپڑا۔ سدھا ہوا گھوڑا۔ کھانا۔ احسان۔ کہا جاتا ہے فُلَان صَنِیْعِیٌّ یعنی فلاں میرا تربیت یافتہ ہے۔ سَیْفٌ صَنِیْعٌ جس کی جلاء کی دیکھ بھال کی جائے۔ رَجُلٌ صَنِیْعُ الْیَدَیْن کاری گری میں ماہر۔ مؤنث صَنِیْعَۃُ الْیَدَیْنِ قَوْمٌ صَنْعِیُّ الاَیْدِی وصُنْعِیُّ الاَیْدِی وَصَنَعِیْ الْاَیْدِی وصِنْعِیُّ الاَیْدِی واَصْنَاعُ الاَیْدِی. کاریگری میں ماہرین۔

الصَنِیْعَۃ. احسان۔ج صَنَائِع. کہا جاتا ہے هُوَ صَنِیْعَتِیْ میرا تربیت یافتہ ہے۔

الصَانِع. فا. کاریگر۔ج صُنَّاع. کہا جاتا ہے اِمْرَاَۃٌ صَانِعَۃُ الْیَدَیْنِ یعنی کاریگری میں ماہر عورت۔

صَنْعَاء. موجودہ یمن کا دارالحکومت۔ نسبت کرنے میں صَنْعَائی اور صَنْعَانِی کہا جاتا ہے۔

الصَنَّاعَۃ. لکڑی جو پانی کو روکنے کیلئے نالی میں لگادی جائے۔

المَصْنَعَۃ المَصْنُعَۃ والمَصْنَع. حوض جس میں بارش کا پانی جمع کیا جائے۔ ج مَصَانِع. المَصَانِع: گاؤں۔ قلعے۔ محلات۔ المَصْنَعۃ: کھانے کی دعوت۔ کہا جاتا ہے' کُنَّا فِیْ مَصْنَعَۃِ فُلَان ہم فلاں کے یہاں دعوت میں تھے۔ مقام شہد کی مکھیوں کیلئے جو آبادی سے علیحدہ بنایا جائے۔

صَنَّفَ. الشَیَ: قسم قسم بنانا اور بعض کو بعض سے جدا کرنا۔ الکِتَابَ: کتاب تصنیف و تالیف کرنا۔ الشَجَرَ: پتے نکلنا۔ التَمرُ: کھجور کا ادھ کچرا ہونا۔

تَصَنَّفَتِ. الشَجَرُ او النَبَاتُ: پتے نکلنا۔ مختلف قسمیں ہونا۔ تصنفت الشَفَۃُ: ہونٹ کا چھل جانا۔ تصنف الساق: پنڈلی کا پھٹ جانا۔

الصِنْفُ. صفت۔ کہا جاتا ہے' صِنْفَہٗ کَذَا صِنْفُ الثَوْبِ: کپڑے کا کنارا۔

الصِنْف والصَنَف. نوع۔ قسم۔ کہا جاتا ہے' عِنْدَہٗ صِنْفٌ مِنَ الاَمْتِعَۃ یعنی اس کے پاس ایک قسم کا سامان ہے۔ ج اَصْنَاف و صُنُوْف.

الْاَصْنَفْ. شتر مرغ جس کی ٹانگیں چھلی ہوئی ہوں۔

الصَنَافِر. ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے' وَلَدٌ صَنَافِرَۃٌ یعنی جس کا باپ معلوم نہ ہو۔

صَنِق (س) صَنَقًا. جَسَدُہٗ او اِبطَہٗ: تیز بدبودار ہونا۔ صفت صَنِقٌ.

اَصْنَق. عَلَیْہِ: اصرار کرنا۔ فِیْ مَالِہٖ: اچھی طرح سے عمل کرنا۔ الرَجُلُ العَرْقُ: پسینہ کا بدبودار کر دینا۔

الصَنَق. س۔ بغل کی تیز بدبو۔

الصَنِق. بدبودار۔ وَرَجُلٌ صَنِقٌ. بھاری بھرکم مرد۔

الصَانِق. بہت سخت بدبودار۔ج صَنَقَۃٌ.

المُصْنَق والمِصْنَاق. اونٹوں کی اچھی خدمت کرنے والا۔

صَنِم (س) صَنَمًا. العَبْدُ: قوی ہونا۔ صفت صَنِمٌ مؤنث صَنِمَةٌ ج صَنِمَاتٌ الرَّائِحَةُ: خراب ہونا۔
صَنَّم. آواز دینا۔ چلانا۔ تصویر بنانا۔
الصَنَم. بُت۔ ج اَصْنَام.
الصَنَمة. جانور کے پَر کا قلم۔ مصیبت۔
اَصْنٰی اِصْنَاءً او تَصَنّٰی و تَصَنِّيًا. حرص کی وجہ سے چولہے کے پاس بیٹھ کر کباب بنانا اور گوشت بھونا یہاں تک کہ راکھ وغیرہ لگ جائے۔ اصنی النَخْلُ: درخت خرما کی ایک جڑ سے دو درخت کا ہونا۔
الصِنَاء والصِنٰی. راکھ۔
الصَنو. دو پہاڑوں کے درمیان گہرائی۔ جس میں تھوڑا پانی بہے۔ ج صُنُوٌّ.
الصَنو والصِنو. حقیقی بھائی۔ بیٹا۔ چچا۔ مؤنث صَنوَةٌ وصِنْوَةٌ. ج اَصْنَاء و صِنْوَان. ایک جڑ سے دو یا دو سے زیادہ درخت خرما نکلیں تو ہر ایک کو ان میں سے 'صِنو یا صُنو کہا جاتا ہے۔ تثنیہ صِنوَان و صِنیَان تثلیث صاد کے ساتھ اور جمع صِنوان. کہا جاتا ہے رَکِیَّتَان صِنوَان یعنی پاس والے کنوئیں یا جو ایک ہی چشمہ سے جاری ہوں۔
الصَلْوَ ةوالصِلْوَة. پودہ۔ درخت کا قلم۔
الصَانِی. ہمیشہ خدمت کرنے والا۔
الصِنَايَة. کل۔ کہا جاتا ہے 'اَخَذَ بِصِنَايَتِهِ یعنی کل لے لیا۔
صَه. اسم فعل ہے بمعنی خاموش رہ اور یہی لفظ مؤنث و مذکر کے لیے اور جمع میں بھی استعمال ہوتا ہے اور صَهٍ تنوین کے ساتھ بولا جاتا ہے جس کا مطلب ہوتا ہے کہ کسی وقت میں خاموش رہو۔
صَهَّ. القَوْمَ: ڈانٹنا۔
صَهِبَ (س) صَهَبًا و صُهْبَةً و صُهُوبَةً واِصْهَبَّ واِصْهَابَّ. الشَعْرُ: بالوں کا سرخ ہونا یا سرخ سفید ہونا۔ صفت اَصْهَب
الصُهَاب. ایک مقام کا نام ہے جس کی طرف اُونٹ منسوب ہوتے تھے۔
الصُهَابِی. مِنَ الجمالِ: جو موضوع صہاب کی طرف منسوب ہوں۔ جو بہت زیادہ سفید نہ ہو زیادہ جو کم نہ ہو۔ سخت اور اسی معنی میں ہے 'اَلْمَوْتُ الصُهَابِی یعنی سخت قسم کی موت۔
الصَيْهَب. سخت گرمی۔ گرم دن۔ لمبا آدمی۔ سخت پتھر۔ ہموار زمین۔ دھوپ کی وجہ سے ایسی گرم زمین کہ جس پر گوشت بھن جائے۔ ج صَيَاهِب.
الاَصْهَب. سفیدی سرخی مائل۔ ٹھنڈا دن۔ شیر۔ اَصْهَبُ السِبَال: دشمن۔ مؤنث صَهْبَاء ج صُهْبٌ.
الصَهْبَاء. شراب۔
المُصَهَّب. گوشت چربی ملا ہوا۔ گوشت کم بھنا ہوا۔
الصُهَابِيَة. ٹڈی۔ اُونٹنیاں جو صہاب نامی اُونٹ کی جانب منسوب ہیں۔
صَهَدَتْهُ (ف) صَهْدًا. الشَمْسُ: آفتاب کا جھلسنا۔
الصَهْدَان. گرمی کی شدت۔
الصَيْهَد والصَيْهُود. گرمی کی شدت۔ بیابان بے آب و گیاہ۔ متحرک سراب۔ عِزٌّ صَيْهُوْدٌ. عزت بلند۔
الصَهْوَد. تن و توش والا۔
صَهَر (ف) صَهْرًا. الشَيَ: پگھلانا۔
صَهَرته الشَمْسُ. آفتاب کا گرم کر دینا۔
صَهَر الشَيَ: پگھلی ہوئی چربی ملنا۔ الخُبْزَ: پگھلی ہوئی چربی کو سالن بنانا۔ صفت مفعولی صَهِير و مَصْهُور فُلانًا بالیَمِین: سخت سخت قسم کھلانا۔ الشَيَ: قریب کرنا۔
صَاهَر مُصَاهَرة. القَوْمَ و فِی القَوْمِ اَصْهَرَ. بِهِمْ و اِلَیْهِمْ و فِیْهِمْ: داماد بننا۔ سسر بننا۔ اَصْهَر الجَیْش لِلْجَیْش: بعض لشکر کا بعض سے قریب ہونا۔ اَصْهَرَهُ: قریب کرنا۔
اِنْصَهَر. الشَیُٔ: پگھلنا۔
اِصْطَهَر. الشَیَ: پگھلانا (واِصْهَارّ) الحِرْبَاءُ: گرگٹ کی پیٹھ کا سورج کی گرمی سے چمکنا۔
الصَهْر. گرم۔
الصِهْر. قرابت۔ قبر۔ داماد یا بہنوئی۔ ج اَصْهَار مؤنث صِهْرَة.
الصُهَارَة. جو پگھلایا جائے۔ چربی کا ٹکڑا۔ ہڈی کا گودا۔
الصَهُوْر. پگھلانے والا۔ گوشت بھوننے والا۔ ج صُهُر.
الصَهِير. پگھلنے والا۔
صَهْرَج. الغُرْفَةَ: چونہ مٹی ملا کر لیپنا۔
الصِهْرِيْج والصُهَارِج. پانی کا حوض۔ ج صَهَارِيْج. و صِهْرِیٌّ بھی ایک لغت ہے۔ حوض۔ صُهَارِج: حوض چونہ مٹی سے لیپا ہوا۔
الصَهْصَلِق والصَهْصَلِيْق. مِنَ الاَصْوَاتِ: تیز آواز۔
صَهْصَه. بِالْقَوْمِ. صہ صہ کہہ کے لوگوں کو خاموش کرنا۔
صَهَلَ (ف ض) صَهِيْلًا و صَاهِلَةً و صُهَالًا. الفَرَسُ: ہنہنانا۔
تَصَاهَلَتِ. الخَیْلُ: ایک دوسرے کی طرف ہنہنانا۔
الصَهَل. آواز کی تیزی مع گلا پڑنے کے۔
الصَاهِل. فا. گھوڑا جیسے نابح کتے کیلئے۔ ج صَوَاهِل. الصَوَاهِل: گھاس وغیرہ میں مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الصُهَال والصَهِيْل. گھوڑے کی آواز۔
الصَهَّال. بہت ہنہنانے والا۔
صَهَا يَصْهٰی صَهْوًا وصَهِی يَصْهٰی صَهًی زخم کا ہرا ہونا۔ زخم کا رِسنا۔ صَهَا الرَجُلُ. مالدار ہونا۔
صَهِیَ يَصْهٰی صَهْيًا. عُمر رسیدہ ہونا۔
صَاهٰی. الدَابَّةَ: جانور کی پیٹھ پر سوار ہونا۔
اَصْهٰی اِصْهَاءً. الفَرَسُ: گھوڑے کی پیٹھ کا دردمند ہونا۔

الصَّهْوَة. گھوڑے کی پیٹھ۔ کہا جاتا ہے' اِسْتَوٰی عَلٰی صَهْوَةِ العِزِّ یعنی اسے عزت حاصل ہوئی۔ کوہان کا پچھلا حصہ۔ ج صِهَاء و صَهَوَات پہاڑ کی چوٹی کا برج۔ ج صُهٰی زمین کا پست حصہ جس میں پانی جمع ہو۔ پانی کا منبع۔ ج صِهَاء.

صَاب يَصُوْبُ صَوْبًا و مَصَابًا. المَطَرُ بارش ہونا۔ الشَّیُ: اُوپر سے اُترنا (صَوْبًا) الْمَاءُ: بہانا السَّمَاءُ الْاَرْضَ: برسانا ہٗ الْمَطَرُ: بارش کا پہنچنا صَوْبًا و صَيْبُوْبَةً السَّهْمُ نَحْوَ الرَّمِيَّةِ: تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔

صَابَ يَصِيْبُ صَيْبًا. السَّهْمُ القِرْطَاسَ. تیر کا نشانہ پر لگنا۔

صَوَّبَ. لَهٗ رَأيَه: تصدیق کرنا۔ فُلَانًا کسی کی تصدیق کرنا۔ السَّهْمَ: سیدھا کرنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑنے کے لیے چھوڑنا۔ الاِنَاءَ: جھکا دینا۔ الْمَاءَ: گرا دینا رَاْسَهٗ. پست کرنا المَكَانُ وَغَيْرُهٗ: ڈھلوان ہونا۔

اَصَابَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگنا الرَّجُلُ. درست کرنا۔ الشَّیَ: صواب سمجھنا۔ مِنَ الشَّیِ: لینا الشَّیَ پانا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ پست کرنا۔ (اِصَابَةً و مُصَابَةً) الدَّهْرُ القَوْمَ بِاَمْوَالِهِمْ او نُفُوْسِهِمْ: تکلیف دینا۔ اَصَابَتِ الْمُصِيْبَةُ فُلَانًا: نازل ہونا۔ اَصَابَه بِعَيْنِه: نظرِ بد لگانا۔

تَصَوَّبَ. نیچے اُترنا۔

اِنْصَابَ اِنْصِيَابًا. الْمَاءُ: پانی کا بہنا۔

اِسْتَصَابَ اِسْتِصَابَةً او اِسْتَصْوَبَ اِسْتِصْوَابًا. الرَّایَ او الفِعْلَ: صواب سمجھنا۔

الصَّاب. ایک کڑوا درخت ہے صَابَةٌ احد اور' صَابَۃ اس درخت کے عصارہ کو بھی کہتے ہیں۔

الصَّوْب. جانب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُسْتَقِيْمُ الصَّوْبِ جب کہ اپنے ارادہ سے دائیں بائیں جانب مائل نہ ہو۔ صوبِ مطر سے تشبیہ دے کر عطا کے معنی بھی آتے ہیں۔ ضد خطا (الصَّيِّب) بارش والا بادل۔

الصَّابَة. مصیبت۔ عقل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے' فِیْ عَقْلِه صَابَةٌ یعنی تھوڑا سا جنون ہے۔

الصُّوْبَة. غلہ کا ڈھیر۔

الصَّوَاب. ٹھیک۔ لائق۔ حق۔

الصَّائِب. ٹھیک کرنے والا۔ ج صِيَاب.

الصَّوِيْب والمُصِيْب. درست کار۔

صَبُوْب. ٹھیک کرنے والا۔ بارش۔

مَطَرٌ صَبُوْبٌ. بہنے والی بارش۔

صُوَّابَةُ القَوْمِ و صَيَّابُهُمْ و صُيَّابَتُهُمْ. قوم کے منتخب لوگ۔

الاَصْوَب. سخت مصیبت والا۔

المُصِيْبَة. بلا۔ ہر امر مکروہ۔ ج مَصَائِب و مَصَاوِب و مُصِيْبَات.

المُصَاب والمُصَابَة والمَصُوْبَة. بلا۔ ہر امر مکروہ۔

المُصَاب. جس میں کچھ جنون ہو۔

المِصْوَب. چمچہ۔ ڈوئی۔

الصَّوْبَج والصُّوْبَج. بیلن۔

صَاتَ يَصُوْتُ و يَصَاتُ صَوْتًا. آواز دینا۔ پکارنا۔

صَوَّتَ تَصْوِيْتًا واَصَاتَ اِصَاتَةً. آواز دینا۔ اَصَاتَ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق غیر پسندیدہ چیز کو مشہور کرنا۔ اَصَاتَ الطَّسْتَ و صَوَّتَه طشت بجانا۔

اِنْصَاتَ. الرَّجُلُ: جھکے سے جانا۔ جھکاؤ کے بعد قد کا سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے' اِنْصَاتَ بِهِ الزَّمَانُ یعنی مشہور ہو گیا۔ وَدُعِیَ فَانْصَاتَ بلایا گیا پس متوجہ ہوا۔

الصَّوْت. آواز۔ ہر قسم کا راگ۔ ج اَصْوَات. نحویوں کے نزدیک اسماءِ اصوات وہ ہیں کہ جن سے کسی آواز کی حکایت کی جائے جیسے پتھر پر پتھر کی آواز کے لیے طَقْ. اور یا جن سے جانور وغیرہ کو آواز دی جائے یا ڈانٹا جائے جیسے گھوڑے کے لیے هَلا اور خچر کے لیے عَدَس.
اور یا تعجب کے لیے جیسے وَیْ یا اظہارِ درد کے لیے جیسے اُحْ یا اظہارِ حسرت و افسوس کیلئے جیسے آہ۔

الصُّوت والصَّات والصِّيْت والصِّيْتَة. اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے' اِنْتَشَرَ صَوْتُه بَيْنَ النَّاسِ اس کی شہرت لوگوں میں پھیل گئی۔

الصِّيْتَة: نوع آواز۔

الصَّات والصَّيِّت. بلند آواز والا۔ کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ صَاتٌ و صَوْتٌ صَيِّتٌ

المِصْوَات. بہت آواز دینے والا کہا جاتا ہے' مَا بِالدَّارِ مِصْوَاتٌ یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الصَّوْجَان. خشک۔ سخت۔ مؤنث صَوْجَانَةٌ. نَخْلَةٌ صَوْجَانَةٌ: خشک درخت خرما جس کے پتے بھی خشک ہوں۔ کہا جاتا ہے' اَیُّ صَوْجَانٍ هُوَ یعنی کون آدمی وہ ہے۔

صَاحَهٗ يَصُوْحُهٗ صَوْحًا. پھاڑنا۔

صَوَّحَتْهُ. الشَّمْسُ اوِ الرِّيْحُ: خشک کرنا۔

صَوَّحَ البَقْلُ: خشک ہونا۔

تَصَوَّحَ. پھٹنا۔ خشک ہونا۔

اِنْصَاحَ. اِنْصِيَاحًا. پھٹنا۔ الفَجْرُ: روشن ہونا۔

الصَّوْح والصُّوْح. نہر کا کنارہ۔ دامن کوہ۔

الصَّاحَة. بنجر زمین۔

الصُّوَاح. گھوڑے کا پسینہ۔ کھجور کا خشک شگوفہ۔

الصُّوْحَان. خشک۔

صَاخَ يَصُوْخُ صَوْخًا. فِی الاَرْضِ: زمین میں دھنسنا۔

اَصَاخَ اِصَاخَةً. لَهٗ و اِلَيْه: کان لگانا۔ کہا جاتا ہے اصاخ عَنْ كَذَا یعنی فلاں چیز سے رجوع کیا و اَصَاخ عَلٰی حَقِ فُلَانٍ فلاں کے حق ضائع کرنے پر خاموش رہا۔

الصَّاخَة. مصیبت۔ ہڈی پر صدمہ کا اثر۔ ج

صَاخ و صاخات.
بَلَدٌ صُوَّاخٌ. وہ شہر جس میں پیر دھنس جاتے ہوں۔
اَلصُّوْدِیُوم: سوڈیم ایک سفید دھات چاندی کی طرح جس سے نمک کھانے والا بنتا ہے۔
سوڈیم کاربونیٹ: غسل اور بدہضمی وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ سوڈیم نائٹریٹ: مشہور کھاد۔
صَارَ یَصُوْرُ صَوْرًا. آواز دینا الشَّیَ: جھکا دینا۔ تم کہتے ہو' صَارَ عُنُقَه او وَجْهَهٗ اِلَیَّ یعنی اس نے اپنی گردن یا اپنے چہرے کو میری طرف مائل کیا۔ کسی چیز کو اپنی طرف جھکانا۔ کہا جاتا ہے' صُرْتُ الْغُصْنَ لِاَجْتَنِیَ الثَّمَرَ یعنی میں نے ٹہنی اپنی طرف جھکائی تاکہ پھل توڑوں الشَّیَ: کاٹنا۔ جدا کرنا۔
صَوِرَ یَصْوَرُ صَوَرًا. جھکنا۔ صفت اَصْوَرُ. کہا جاتا ہے هو اصور الی کذا جب کہ اپنی گردن یا چہرے کو مائل کرے۔
صَوَّرَهٗ. تصویر بنانا۔
صُوِّرَلِی. خیال میں آنا۔
اَصَارَهٗ: جھکا دینا۔ توڑنا۔
تَصَوَّرَ. الشَّیَ: ذہن میں لانا۔ خیال میں لانا۔ الرَّجُلُ: گرنا یا گرنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے' طَعَنَهٗ فَتَصَوَّرَ اس نے نیزہ مارا پس وہ گر گیا۔ تَصَوَّرَ لَهُ الشَّیَ اس کے ذہن میں صورت آگئی۔
اِنْصَارَ اِنْصِیَارًا. جھکنا۔ ٹوٹنا۔
الصَّوْرُ. چھوٹا درخت خرما۔ ج صِیْرَان و اَصْوَار. گردن کا پہلو۔ نہر کا کنارہ۔ ج صِیْرَان.
الصُّوْرُ. نرسنگھا۔
الصَّوَرُ. کجی۔ ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "فِی عُنُقِهٖ صَوَرٌ" یعنی اس کی گردن میں کجی ہے۔
الصَّارَةُ. مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔

صَارَةُ الْمِسْكِ. مشک کا ڈبہ۔
الصَّوْرَةُ. اسم مرۃ۔ جھکاؤ۔ سر کی خارش۔
الصُّوْرَةُ. شکل۔ ج صُوَر. صِوَر. صُوْر.
الصُّوْرَةُ. صفت۔ نوع۔ چہرہ۔
الصُّوَار والصِّوَار. گائیوں کا گلہ۔ اچھی بو تھوڑا سا مشک۔ مشک کا ڈبہ۔ ج صِیْرَان.
الصُّوَّار. گائیوں کا گلہ۔
الصِّیَار. گائیوں کا گلہ۔ ج صِیْرَان.
الصَّیِّر. اچھی صورت والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَیِّرٌ شَیِّرٌ" مرد اچھی صورت ہیئت کا۔
الاَصْوَر. جھکاؤ والا۔
التَّصْوِیْرَة. سٹیچو۔ مجسمہ۔ بت۔
الْمُصَوِّر. فا۔ تصویر بنانے والا۔
مُصَوِّرُ الْکَائِنَات. اللہ تعالیٰ۔
الصُّوْص. لئیم۔ بخیل۔ جو رات کو چھپ کر آئے تاکہ مہمان نہ دیکھ لے۔
الصُّوْص عِنْدَ العَامَّةِ: عوام کے نزدیک مرغی کا بچہ جبکہ وہ انڈے سے نکلے اور فصیح لفظ قُوب ہے۔
صَاعَ یَصُوْعُ صَوْعًا الحَبَّ: صاع سے ناپنا القَوْمَ: ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا الشَّیَ: موڑنا۔ متفرق کرنا القَوْمَ: قوم پر اطراف سے آنا النَّحْلُ: شہد کی مکھیوں کا ایک دوسرے کے پیچھے جانا الرَّجُلَ: خوف دلانا گھبرا دینا۔
صَوَّعَ. الشَّیَ: گول اور نوکدار بنانا لِلْقُطْنِ: روئی دھننے کے لیے جگہ صاف کرنا الرِّیْحُ النَّبَاتَ: ہوا کا پودوں کو حرکت دینا الطَّائِرُ بِرَاسِه: پرندہ کا سر کو حرکت دینا الفَرَسُ: سرکشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَوَّعَ بِهٖ فَرَسُهٗ" یعنی سرکشی کی اور قبضہ میں نہیں آیا۔
تَصَوَّعَ. متفرق ہونا۔ دور ہونا۔ پھیلنا۔ النَّبَاتُ: پودہ کا ہلنا' لہلہانا الشَّعْرُ: پراگندہ ہونا۔

اِنْصَاعَ اِنْصِیَاعًا. جلدی لوٹنا۔ گزرنا۔
الصَّاع والصَّوْع والصُّوْع. ایک قسم کا پیمانہ جو اسی روپے کے سیر سے ساڑھے تین سیر کے مساوی ہے۔ ج اَصْوَاع و اَصْوُع واَصْوُع و صُوْع و صِیْعَان.
الصَّاع: پست زمین۔ کھیلنے کا ڈنڈا۔ سینہ کا وسط۔ وہ زمین جس میں جھاڑو دے کر کھیلا جائے۔
الصَّاعَة. پست زمین۔ روئی یا اون دھننے کے لئے زمین۔ کہا جاتا ہے "اِتَّخِذْ لِصُوْفِكَ صَاعَةً" اپنی اون دھننے کیلئے زمین بنالو۔
الصُّوَاع والصِّوَاع. پانی پینے کا پیالہ۔ ج صِیْعَان.
صَاغَ یَصُوْغُ صَوْغًا. الماءُ: پانی کا نیچے اتر جانا الشَّیَ: درست نمونہ پر آراستہ کرنا الکَلِمَةَ: وزن مخصوص پر دوسرے کلمہ سے کوئی کلمہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "صَاغَ الکَلَام" یعنی گھڑ لیا۔ صَاغَ اللّٰهُ فُلَانًا صِیْغَةً حَسَنَةً" یعنی فلاں کو اللہ تعالیٰ نے اچھے طریقے سے پیدا کیا۔ "وَصِیْغَ عَلٰی صِیْغَتِهٖ" یعنی وہ اس کی پیدائش پر پیدا کیا گیا۔ و صَاغَ لَهُ الشَّرَاب: اس کیلئے شراب خوشگوار ہوئی۔
صَاغَ یَصُوْغُ صِیْغَةً وصِیَاغَةً وصَیْغُوْغَةً. الشَّیَ: پگھلانا' ڈھالنا۔
اِنْصَاغَ اِنْصِیَاغًا. پگھلنا' ڈھلنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوْغُ اَوْ صَوْغَةُ اَخِیْهِ" یعنی وہ اس کے ساتھ پیدا ہوا یا اس کے بعد پیدا ہوا کہ ان دونوں کے درمیان کوئی اور نہیں۔ "هٰذَا صَوْغُ هٰذَا" یعنی وہ اس کے مطابق ہے۔ "هُمَا صَوْغَان" یعنی وہ پیدائش وغیرہ میں ایک جیسے ہیں۔
الصِّیْغَة. قسم۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صِیْغَةٍ کَرِیْمَةٍ" یعنی وہ اصل کریم سے ہے "و صِیْغَةُ الاَمْر کَذَا و کَذَا"

مُراد وہ وزن ہے جس پر اَمر کا صیغہ بنایا جائے۔ ج صِیَغ۔
الصَّائِغ. زرگر۔ سنار۔ ج صَاغَة و صُيَّاغ و صُوَّاغ. الصِيَاغَة: زرگری۔ سناری کا پیشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صَاغَة الكَلَام" یعنی وہ لپاڑیا ہے۔
الصَوَّاغ والصَيَّاغ والصَيغ. لپاڑیا۔ جھوٹا۔
المَصَاغ. ڈھالے ہوئے زیور۔
صَافَ يَصُوْفُ صَوْفًا. عَنْ كَذَا: اعراض کرنا السَهْمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا ہو جانا (صَوْفًا وصُئُوْفًا) وصَوِفَ يَصْوَفُ صَوَفًا) الكَبْش: مینڈھے کا بہت اُون والا ہونا۔ صفت اَصْوَف. صَوَّفَهُ: صوفی بنانا۔
اَصَافَهُ. مائل کرنا۔ جھکانا۔
تَصَوَّفَ. صوفی بننا۔ صوفیوں کی سی عادت بنانا۔
الصُوْف. اون۔ ج اَصْوَاف. صُوْفَة: اُون کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِصُوْفِ رَقْبَتِهِ" یعنی زبردستی پکڑا و "اَعْطَاهُ اِيَّاهُ بِصُوْفِ رَقْبَتِهِ" یعنی بتمامہ یا مفت دے دیا۔
الصَوَّاف. اُون کا بیچنے والا۔
الصُوْفِيَة. عبادت گزاروں کی جماعت۔ واحد صوفی۔
الصَاف والصَافِي والاَصْوَف و الصَائِف. اُون والا۔
الصُوْفَان. بہت اُون والا۔ مؤنث صُوْفَانَة.
الصُوْفَان. ایک نرم خشک چیز ہے جو درخت کی لکڑی کے اندر ہوتی ہے جو جلدی آگ پکڑ لیتی ہے۔
الصَوِف والصُوْفَانِي بہت اُون والا۔
جُبَّةٌ صَيِّفَةٌ. بہت اُون والا جبہ۔
صَاقَ. الدَابَّةَ: ہانکنا۔
الصَوِيْق. ستو۔ سویق میں ایک لغت ہے۔

الصَاق. پنڈلی۔ ج صُوْق. ساق میں ایک لغت ہے۔
صَاكَ يَصُوْكُ صَوْكًا. بِهِ الزَعْفَرَانُ اَو المِسْكُ او نَحْوُهُمَا: زعفران یا مشک وغیرہ کا چپکنا۔
تَصَوَّكَ. فِي رَجِيْعِهِ و بِرَجِيْعِهِ: گوبر میں لتھڑنا۔
صَالَ يَصُوْلُ صَوْلًا و صَوْلَةً. عَلَيْهِ: کود پڑنا (صَوْلًا وصِيَالًا وصَالًا وصُؤُوْلًا وصَيَلَانًا ومَصَالَةً) عَلَيْهِ: حملہ کرنا اور زبردستی کرنا۔
صِيْلَ. لَهُ الاَمْرُ: کوئی معاملہ مقدر کیا جانا۔
صَوَّلَ. البَيْدَرَ: کھلیان کے اطراف و جوانب کو جھاڑو دینا الشَيْئَ: پانی سے نکالنا۔ پانی میں ڈال کو صاف کرنا۔
صَاوَلَهُ مُصَاوَلَةً وصِيَالًا وصِيَالَةً ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔
تَصَاوَلَا. ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔
الصَوْلَة. حملہ۔ قدرت۔ قہر۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ اَوَّلَ صَوْلَةٍ" یعنی اوّل وہلہ میں ملاقات کی۔
صُوْلَةُ. الحِنْطَةِ: پانی میں سے نکالا ہوا اور صاف کیا ہوا گیہوں۔
الصُوَالَة. گیہوں وغیرہ کا کوڑا کرکٹ جو پانی سے صاف کرنے میں نکلے۔ کھلیان کے ارگرد کا کوڑا کرکٹ۔
الصَئُوْل. مِنَ الرِجَالِ: لوگوں کو مارنے والا۔ لوگوں پر زبردستی کرنے والا۔
المِصْوَل. بھگونے کا برتن۔ ج مَصَاوِل.
المِصْوَلَةُ. کھلیان کا جھاڑو۔
صَامَ يَصُوْمُ صَوْمًا وصِيَامًا واِصْطَامَ. روزہ رکھنا۔ چلنے پھرنے / بولنے / کھانے پینے سے رُک جانا۔ صفت صَائِم ج

صَائِمُوْن وصُوَّام وصُيَّام وصُوَّم وصُيَّم وصِيَام. صَامَ الشَهْرَ: روزہ رکھنا۔ مَنِيَّتَهُ: موت چکھنا النَعَامُ: شتر مرغ کا بیٹ کرنا۔
صَامَ النَهَارُ: دوپہر ہونا۔ صَامَتِ الشَمْسُ: آفتاب کا وسط آسمان پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ والشَمْسُ فِي مَصَامِهَا" یعنی میں اس کے پاس ایسے وقت پہنچا کہ آفتاب وسط آسمان میں تھا۔ صَامَتِ الرِيْحُ: ہوا کا رُک جانا۔
صَوَّمَهُ. روزہ رکھوانا۔
الصَوْم. روزہ۔ کام سے رُکنا۔ روزہ دار یہ لفظ مذکر و مؤنث واحد جمع سب پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوْمٌ هِيَ صَوْمٌ هُمْ صَوْمٌ". شَهْرُ الصَوْمِ: رمضان۔ صَوْمُ النَعَامِ: شتر مرغ کی بیٹ۔
الصَوَام. مِنَ الاَرَاضِي: خشک بے پانی کی زمینیں۔
الصَوْمَان. روزہ دار۔ ج صَيَامَى.
الصَائِم. روزہ دار۔ يَوْمٌ صَائِم. وہ دن جس میں روزہ رکھا جائے۔ مَاءٌ صَائِم. ٹھہرا ہوا پانی۔ الصَائِمَةُ مِنَ السَكَاكِيْن: کند چھری مِنَ الخَيْلِ: بغیر چارہ کے کھڑا ہونے والا گھوڑا۔ والصَائِمَةُ مِنَ البَكَرَاتِ: نہ گھومنے والی چرخی۔
الصَوَّام. بہت روزہ دار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوَّامٌ قَوَّام" یعنی وہ دن میں روزے رکھنے والا اور رات میں عبادت کرنے والا ہے۔
مَصَامُ الفَرَسِ ومَصَامَتُهَا. گھوڑے کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
صَوْمَعَ. الشَيْئَ: جمع کرنا۔ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔
الصَوْمَعَة والصَوْمَع. راہب کی کٹی' گرجا۔ الصَوْمَعَة: عقاب: ایک قسم کی لمبی ٹوپی' پہاڑ کی چوٹی۔ ج صَوَامِع.
صَوْمَلَ. الرَجُلُ: کھال کا بھوک کی وجہ سے خشک ہو جانا۔

صانه یَصُوْنُهٗ صَوْنًا و صِیَانًا و صِیَانَةً و اِصْطَانَهٗ اِصْطِیَانًا. حفاظت کرنا۔ صفت مفعولی مَصُوْن. مَصْؤُوْن: دوسرا کم استعمال ہوتا ہے۔ صَانَ الثَّوْبَ او العِرضَ: کپڑے اور آبرو کو عیب لگانے والی چیزوں سے محفوظ رکھنا۔

تَصَوَّن و تصاون. مِنَ العَیْبِ: اپنے نفس کی عیب سے حفاظت کرنا۔ تصوَّنَهٗ: بچنے کے لیے تکلف کرنا۔

الصَّوان والصِّوان والصُّوَّان و الصِّیَان والصُّیَان والصِّیَان. کپڑوں یا کتابوں کے محفوظ کرنے کا برتن۔

الصَّوَّانة. ایک سخت قسم کا پتھر۔ ذبر۔

المَصَان والمِصْوَان. کمان وغیرہ کا غلاف۔

الصَّوُّ. خالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ صَوٌّ" خالی برتن۔

الصُّوَّة. گونج۔ آواز بازگشت۔ ٹیلہ' نشانِ راہ کا پتھر۔ ج صُوًی ج اَصْوَاء. الصُّوٰی والاَصْوَاء: قبور۔

صَوِیَ یَصْوٰی صُوِیًّا وصَوَی یَصْوِی صَوًی و صَوَّی تَصْوِیَةً واَصْوٰی اِصْوَاءً النَّخلُ: خشک ہونا۔ صفت صَوِیٌّ وصاوٍ الضَّرْعُ: تھن کا خشک ہو جانا۔

صَوِیَ(س) صَوًی. الرَّجُلُ: قوی ہونا۔

صَابَ یَصِیْبُ صَیْبًا. درست ہونا۔ صفت صَائِب. صَابَهُ السَّهْمُ: تیر کا نشانے پر لگنا۔

سَهْمٌ صَیُوْب. تیر نشانے پر لگنے والا۔ ج صُیُوْب.

الصُّیَّابُ والصُّیَّابَة والصُّیَاب و الصُّیَابَة. خالص۔ ہر چیز میں سے عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُیَّابِهِمْ ومِنْ صُیَّابَتِهِم" یعنی وہ سب میں عمدہ ہے۔

الصُّیَّابَة. سردار۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُیَّابَةُ قَومِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ صُیَّابَةُ القَوْمِ: یعنی جماعت قوم۔

صَاحَ یَصِیْحُ صَیْحًا وصَیْحَةً وصِیَاحًا وصُیَاحًا وصَیْحَانًا. چیخنا چلانا. بہ: پکارنا۔ آواز دینا۔ عَلَیْهِ: ڈانٹنا العُنْقُوْدُ: تر خوشے کا بڑھنا۔

صِیحَ. بِهِمْ: گھبرانا فیهم: ہلاک ہونا۔

صَیَّحَ. چیخنے میں مبالغہ کرنا الشَّیْئَ: توڑ دینا۔ پھاڑنا۔ صَیَّحَتِ الرِّیْحُ او الشَّمْسُ البَقْلَ: ہوا یا آفتاب کا ساگ کو خشک کرنا۔

صَایَحَ وتَصَایَحَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو پکارنا۔ صَایَحَ بِهٖ: آواز دینا۔ پکارنا۔ تَصَایَحَ جَفْنُ السَّیفِ: تلوار کے میان کا پھٹ جانا۔

تَصَیَّحَ واِنْصَاحَ. پھٹ جانا۔ تَصَیَّحَ البَقْلُ. اوپر کی جانب سے خشک ہونا۔ شروع ہونا۔ اِنْصَاحَ الفَجْرُ والبَرْقُ: ظاہر ہونا۔ اِنْصَاحَتِ الاَرْضُ: زمین کا کچھ حصہ روئیدگی سے ڈھک جانا اور کچھ کا خالی رہنا۔

الصَّیْحَة. چیخ۔ عذاب۔ اچانک غارت۔

الصَّائِحَة. مؤنث صَائِح. نوحہ کی چیخ۔

الصَّیَّاح. بہت چیخنے والا۔

صَادَ یَصِیْدُ و یَصَادُ صَیْدًا وتَصَیَّدَ واِصْطَادَ. الطَّیْرَ: پرندے کا شکار کرنا۔ صفت صَائِد. صَادَ فُلَانًا: کسی کیلئے شکار کرنا۔ صَادَ واِصْطَادَ المَکَانَ: فلاں جگہ میں شکار کرنا۔ صَادَ زَیْدًا: ٹیڑھی گردن کا کر دینا۔

صَیِدَ یَصْیَدُ صَیَدًا. ٹیڑھی گردن کا ہونا۔

اَصَادَهٗ. شکار پر اکسانا۔ اَصَادَ البَعِیْرَ: تکلیف دینا۔ علاج کرنا (کجی گردن کا)

الاَصْیَد. تکبر سے سر کو بلند کرنے والا۔ وہ اونٹ جس کی گردن ٹیڑھی ہو۔ بادشاہ اس لیے کہ وہ بھی فخر و غرور کی وجہ سے ادھر اُدھر نہیں دیکھتا۔ شیر۔ مؤنث صَیْدَاء ج صِیْد.

الصَّاد. حروفِ تہجی کا ایک حرف جس کا عدد بحساب جمل ۹۰ ہے۔ تانبا۔ پیتل۔ ج صِیْدَان ایک مرض ہے جو اُونٹ کو ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی ناک ہمیشہ بہتی رہتی ہے اور وہ اپنے سر کو بلند کرتا ہے۔ شیر۔

الصَّیْد. شکار۔

الصَّیْدَاء. مؤنث اَصْیَد. کنکر۔ اَرض صَیْدَاء. سخت زمین۔

الصَّیَد. س (والصِّیْد) اُونٹ کی مذکورہ بالا بیماری۔

الصَّیَّاد. شکاری۔ شیر۔

الصَّیُوْد. شکاری۔ کہا جاتا ہے۔ کَلْبٌ صَیُوْدٌ و صَقْرٌ صَیُوْدٌ. ج صِیْدٌ و صُیُوْدٌ. الصَّیُوْدُ مِنَ النِّسَاءِ: بدخلق عورت۔

الصَّیْدَان. سونا۔ تانبا۔ صَیْدَان الحَصیٰ. کنکریاں۔

الصَّیْدَانَة. بھوت مِنَ النِّسَاء. بدخلق۔ بہت بولنے والی۔

المَصْیَد والمِصْیَدة والمَصْیَدَة والمَصِیْدَة. جال۔

المَصِیْد. شکار کیا ہوا۔

المَصَاد والمُصْطَاد والمُتَصَیَّد. شکار گاہ۔

الصَّیْدَلَة. دوا فروشی۔

الصَّیْدَلِیّ والصَّیْدَلَانِیّ. دوا فروش۔ ج صَیَادِلَة. یہ کلمہ دخیل ہے اور اس کے لیے اجزائی کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور دواخانہ کو اجزائیہ کہتے ہیں۔

الصَّیْدَن. مضبوط عمارت۔ چاندی کی سل۔ تنگ چادر۔ بجو۔ لومڑی۔ بادشاہ۔ عطر فروش۔ ایک چھوٹا سا جانور ہے جو اپنے آپ کو لوگوں کی نگاہ سے محفوظ رکھنے کے لیے زمین میں بھٹ بناتا ہے۔

الصَّیْدَنَانِیّ. بھٹ۔

صَارَ یَصِیْرُ صَیْرًا وصَیْرُوْرَةً ومَصِیْرًا. لوٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا۔ جیسے "صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا" یعنی

فقر سے غنا کی طرف پلٹ گیا۔ منتقل ہونا
اِلٰی کَذَا او اِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ اور یہ افعالِ
ناقصہ میں سے ہے۔
صَارَہٗ یَصُوْرُہٗ و یَصِیْرُہٗ صَیْرًا. کاٹنا۔
الشَّیْ: روک دینا۔
صَیَّرَہٗ واَصَارَہٗ اِصَارَۃً. ایک حالت سے
دوسری حالت کی طرف کر دینا۔
تَصَیَّرَہٗ. مشابہ ہونا۔
الصَّیْر. انجام۔
الصِیْر. کسی شے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ عَلٰی صِیْرِ الْاَمْرِ" یعنی فلاں کام
کے پورے ہونے کے کنارے پر ہے۔
دروازے کی جھری۔ چھوٹی نمکین مچھلیاں۔
یہودیوں کا پادری۔ انجام کار۔
الصِیَارُ. گایوں کا گلہ۔ چنگ کی آواز۔
الصِیَارَۃ والصِیْرَۃ. گائے بکریوں کا باڑہ۔
ج صِیْر و صِیَر.
الصَائِرَۃ. خشک گھاس۔
الصَّیِّر. جماعت۔ قبر۔
الصَیُّوْرُ. عقل رائے (الصَیُّوْرَۃ) انجام
کار۔
المَصِیْر. انجامِ کار۔ پانی کا منتہی۔ ج
مَصَائِر.
الصِیْصَۃ والصِیْصِیَۃ. کپڑا بننے والے کا
کونچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا
سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔
گڑھی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج
صَیَاصِیْ.
صَاعَ یَصِیْعُ صَیْعًا واَصَاعَ. الغَنَم.
متفرق کرنا القَوْمَ: ایک دوسرے پر حملہ
کرنا۔
تَصَیَّعَ. الماءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
اِنْصَاعَ. الرَّجُلُ: تیزی سے واپس ہونا۔
الطَّیْرُ: فضاء آسمانی میں چڑھنا۔
صَافَ یَصِیْفُ صَیْفًا و صَیَّفَ و
تَصَیَّفَ واَصَیْفَ. المَکَانَ: موسم گرما
میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا
الطَعَامُ یُصَیِّفُنِی" یعنی یہ کھانا میرے لیے
گرم موسم گرما بھر کیلئے کافی ہے۔
صَافَ (ض) صَیْفًا و صَیُوْفَۃً. السَّھْمُ
عَنِ الْھَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا عَنِی
وَجْھَہٗ: منہ پھیر لینا۔
صِیْفَ وصُیِّفَ. المَکَانُ او الرَّجُلُ:
مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔
صفت مفعولی۔ مَصِیْفٌ مَصْیُوْفٌ و
مُصَیَّفٌ.
صَایَفَہٗ مُصَایَفَۃً و صِیَافًا. موسم گرما کے
لیے معاملہ کرنا۔
اَصَافَ اِصَافَۃً. بڑھاپے میں شادی کرنا یا
بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا القَوْمُ: زمانہ گرمی
میں داخل ہونا اللّٰہُ عَنْہُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو
دُور کرنا۔ اَصَافَتِ الدَابَۃُ: جانور کا گرمی
کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّیْف. موسم گرما۔ ج اَصْیَاف.
الصَیْفَۃ. موسم گرما۔ یہ صَیْف سے اخص
ہے۔ ج صِیَف.
الصَّیِّف والصَیِّفَۃ. موسم گرما کی بارش۔
کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا صَیِّفَۃٌ غَزِیْرَۃٌ" ہم
پر موسم گرما کی کثیر بارش ہوئی۔
الصَیِّف والصَیِّفِی. گھاس جو موسم گرما
میں اُگتی ہے۔
الصَائِف والصَاف. گرم۔
صَیْفٌ صَائِفٌ. تاکید کے موقعہ پر بولا
جاتا ہے جیسے لَیْلٌ لَائِلٌ.
الصَائِفَۃ. مؤنث الصَائِف کا۔ موسم گرما
کا وقت۔ گرمی کے زمانے میں جنگ۔
"صَائِفَۃُ القَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج
صَوَائِف.
المَصِیْف والمُتَصَیَّف والمُصْطَاف.
موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ المَصِیْف:
ندی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
اَرْضٌ مِصْیَاف. زمین جس میں روئیدگی
موخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں
بارش زیادہ ہوئی ہو۔ ج مَصَائِیف.
المَصَایِیْف. وہ بچے جو گرمی میں پیدا
ہوں۔
الصِیْق. چڑا چڑے۔ ج صِیْقَان. پسینہ۔
بدبو۔ آواز (والصِیْقَۃ) وہ غبار جو فضاءِ
آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِیَق.
صَاكَ یَصِیْكُ صَیْكًا. بِہِ الطِّیْبُ او
الدَمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِیْلَ. لَہٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔
الصِیْم. بہت سخت۔
الصِیْن. ملک چین۔
الصَوَانِی. چینی برتن۔ واحد صِیْنِیَّۃ.
الصِیْنِیَّۃ: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو
پیش کرنے کے لیے بنایا گیا ہو۔

ض

ض: الضاد: پندرھواں حرف بنیادی حروف سے مخارج کے لحاظ سے حروف شجریہ سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۸۰۰) ہے۔

الضِئْبُ. ایک دریائی جانور۔ موتی۔

الضُؤْبَان. موٹا قوی مرد یا اُونٹ۔

ضَأَدَ(ف) ضَأْدًا. خصومت میں غالب آنا۔

ضُئِدَ ضُؤَادًا. زکام زدہ ہونا۔

اَضْأَدَهُ اِضْآدًا. زکام میں مبتلا کرنا۔

الضُؤْد والضُؤْدَةُ والضُؤْدَةُ. زکام۔

المَضْؤُوْد. زکام زدہ۔

ضَأَزَّهُ(ف) ضَأْزًا و ضَأَزًا ظلم کرنا۔

ضَأَزَّهُ حَقَّهُ: حق گھٹانا۔

قِسْمَةٌ ضُؤْزٰى و ضَأْزٰى و ضِئْزٰى. ناقص تقسیم۔

الضَيأَز. کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الضُؤْزَة. حقیر مرد۔

ضَأْضَأَ ضَأْضَاةً وضَوْضَأَ ضَوْضَأَةً. القَوْمُ فِيْ الحَرْبِ: قوم کا لڑائی میں شور مچانا۔

الضَأْضَأَ والضَوْضَأَ والضَوْضٰى. لڑائی کا شور۔

الضُؤْضُؤْ والضِئْضِئُ. اصل۔ کان۔ معدن۔ الضُؤْضُؤْ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں۔

ضَئِطَ (س) ضَأَطًا. الرَجُلُ: چلنے میں مونڈھے اور جسم کو حرکت دینا۔

ضُئِكَ. زکام زدہ ہوا۔ الضُؤَاكُ: زکام۔

ضَؤُل (ک) ضَآلَةً وضُؤُوْلَةً. لاغر ہونا۔ حقیر ہونا۔

ضَاءَلَ. شَخْصَهُ: اپنے آپ کو حقیر کرنا۔

تَضَائَلَ. حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ الشَئُ: سکڑنا۔

اِضْطَأَلَ. چھوٹا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت مُضْطَئِل.

الضَئِيْل. چھوٹا۔ باریک۔ حقیر۔ دُبلا۔ ج ضُؤَلَاء و ضِئَال و ضَئِيْلُوْن.

الضُؤَلَة. کمزور۔ دُبلا۔

الضَئِيْلَة. ضَئِيل کا مؤنث۔ باریک سانپ۔ حلق کا کوا۔

ضَأَنَ (ف) ضَأْنًا. الضَأْنَ: بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا۔

اَضْأَنَ اِضْآنًا. بہت بھیڑ والا ہونا۔

الضَأْن. بھیڑ۔ دُنبہ۔

الضَّأْنِيْ. مولدین کے نزدیک بھیڑ کا گوشت

الضَائِن. کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ" کمزور مرد۔ ریت کا سفید چوڑا قطعہ۔ اُون والا۔ بھیڑ، دُنبہ۔ ج ضُأْنٌ و ضَأْنٌ و ضَئِيْن و ضِئِيْن.

الضَائِنَة. مؤنث ضَائِن ج ضَوَائِن.

الضِئْنِيِّ. دہی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی۔

ضَأَى يَضْأَى ضَأْيًا. الرَجُلُ: جسم کا لاغر ہونا۔

ضَبَّ (ض) ضَبًّا. چپ ہونا۔ النَاقَةَ. اُونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا عَلَى الشَئُ: جمع کرنا الشَئُ: زمین سے چمٹنا عَلَيْهِ: مضبوطی سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضِبُّ فُوْه او تَضِبُّ لِثَاتُه بِكَذَا اَوْ عَلٰى كَذَا" جبکہ حرص زیادہ ہو جائے (ضَبًّا و ضَبِيْبًا) الرِيْقُ اَوْ الدَم: تھوک یا خون بہنا۔

ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا و ضُبُوْبًا الشَفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے۔

ضَبُبَ يَضْبُبُ وضَبِب يَضَبُّ ضَبَابَةً: المَكَانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبِبٌ مؤنث ضَبِبَةٌ.

ضَبَّبَ. عَلٰى الشَّئُ: سخت قبضہ کرنا۔ جمع کرنا۔ ضَبَّبَ عَلٰى الضَبِّ: گوہ کو بھڑکانا۔

ضَبَّبَ البَابَ. دروازے میں بلی لگانا۔

اَضَبَّ. خاموش ہونا۔ چیخنا اور گفتگو کرنا۔ (ضد) المَاءُ او الرِيْقُ: پانی یا تھوک بہنا اليوم: دن کا کہر والا ہونا المَكَانُ: زیادہ روئیدگی والا ہونا الشَعْرُ: بال کا زیادہ ہونا۔ القَوْمُ: کسی کام کے لیے اکٹھا اُٹھ کھڑا ہونا۔ القَوْمُ فِيْ بُغْيَتِهِمْ: حصول مطلب کیلئے متفرق ہونا۔ اَضَبُّوا لِفُلَانٍ: کسی کے

طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا۔ الماءَ او الدمَ: بہانا۔ عَلَی الامرِ: حاوی ہونا۔ عَلَی الشَّیْٔ: چھپانا۔ عَلَی المَطْلُوْب: کامیابی کے قریب ہونا۔ اَضبّوْا عَلَیْہِ: بھیڑ کرنا۔

اَضَبَّ عَلٰی مَا فِیْ نَفْسِہٖ: جو کچھ دِل میں ہو اس پر خاموش رہنا۔ عَلٰی غَلٍّ فِیْ قَلْبِہٖ: کینہ کو دِل میں پوشیدہ رکھنا۔

تَضَبَّبَ. الصبِیُّ: بچے کا موٹا ہونے لگنا۔

الضَّبُّ. گوہ۔ ج اَضُبّ و ضِبَّان و ضِبَّاب و مَضَبَّۃ. عرب کہتے تھے "لَا اَفْعَلُہٗ حَتّٰی یَرِدَ الضَبُّ" یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لیے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی۔

بَقْلَۃُ الضَبِّ. ایک خوشبودار نباتات۔

الضَبُّ. اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔ اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا مرض جس سے خون بہے۔

الضَبُّ والضِبُّ. پوشیدہ کینہ۔ ج ضِبَاب. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ" یعنی دغا باز حیلہ گر مرد۔

الضَّبَّۃ. ضَبّ کا مؤنث۔ شگوفہ قبل اس کے کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔ دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج ضِبَاب.

الاَضَبُّ. مِنَ الجِمَالِ: وہ اُونٹ جس کو (ضب) کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء. ج ضُبٌّ.

الضَبُوْبُ. تھن میں تنگ سوراخ والی بکری۔

ضَبِیْبُ. السَّیفِ: تلوار کی دھار۔

الضَّبَابَۃ. کہرا۔ ج ضَبَاب.

الضَّبِیْبَۃ. ایک قسم کی خوراک جو گھی اور کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لیے تیار کی جاتی ہے۔

اَرْضٌ مَضَبَّۃٌ. زیادہ گوہ والی زمین۔ ج مَضَابُّ.

المِضْبَاب. بخیل۔

ضَبَأَ (ف) ضَبْأً و ضُبُوْءًا. الرَّجُلُ: زمین یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَبِیٌٔ. الصَّائدُ: شکاری کا فریب دینے کے لیے چھپنا۔ بالاَرْضِ: چمٹنا۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔ عَلَی القَوْمِ: اچانک آجانا۔

اَضْبَأَ. الشَّیْٔ: چھپانا۔ عَلَیْہِ: خاموش رہنا اور چھپانا۔ مَا فِیْ یَدِہٖ و عَلَیْہِ: پکڑے رکھنا۔

اِضْطَبَأَ اِضْطِبَاءً. مِنْہُ: چھپنا۔

الضَابِیٔ. راکھ۔

المَضْبَأ. چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِیٔ.

ضَبَثَ (ض) ضَبْثًا و اضْطَبَثَ بالشَّیْٔ و عَلَیْہِ: سختی سے قبضہ کرنا۔ ضَبَثَ بِہٖ: حملہ کرنا۔ ضُبِثَ عَلَیْہِ: مارا جانا۔

الضَّبْثَۃ. قبضہ۔ ج ضَبْثَات و اَضْبَاث.

الضُبَّاث. شیر کے پنجے۔

الضَبَّاث والضَبِث والضَبُوْث. شیر۔

المَضَابِث. چنگل اور شیر کے پنجے۔

مِضْبَث. واحد۔

ضَبَحَت (ف) ضَبْحًا و ضُبَاحًا. الخَیْلُ فِی وردھا: گھوڑے کا دوڑنے کی حالت میں جوف سے آواز نکالنا۔ (ضُبَاحًا) الاَرْنَبُ والثَّعْلَبُ والقَوْسُ: آواز کرنا۔ ضَبَحَت النَّارُ العُوْدَ: آگ کا لکڑی کو متغیر کر دینا۔

ضَابَحَہ. رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔

اِنْضَبَحَ. لَوْنُہٗ: راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔

تَضَابَحَا. ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

الضَّبْحَاء. کمان کہ جس میں آگ کا اثر ہو۔

الضِبْح. راکھ۔

المَضْبُوْح. سنگستان کا پتھر۔

ضَبَدَ (ن) ضَبْدًا. تر اور گدر کھجوروں کو ملانا۔

ضَبَّدَہٗ. غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَبَد. غصہ۔ غضب۔

ضَبَرَ (ن) ضَبْرًا. الحِجَارَۃَ: تہ بتہ رکھنا۔ الکتبَ: جمع کرنا یا بنڈل بنانا۔ (ضَبْرًا و ضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَیَّدُ: ٹانگوں کو جمع کرنا اور کودنا۔

ضَبَّرَ. الشَّیْٔ: جمع کرنا۔

میخ المُعَبَّد. کھونٹی۔ قطران ملا ہوا اونٹ۔ بعیر مُعَبَّد: اُونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو۔ مؤنث مُعَبَّدَة. المُعَبَّدَة: قار ملی ہوئی کشتی۔

عَبَرَ (ن) عَبْرًا غمگین ہونا اور آنسو بہانا العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا الکتاب چپکے چپکے غور کرنا الدَّراهِمَ: کمیت و کیفیت دراہم کو دیکھنا (عَبْرًا و عُبُوْرًا) السَّبِيْلَ: طے کرنا۔ مرنا۔ گزرنا النَّهْرَ والوادي: پار کرنا عبر بِهِ المَاءَ: گزر جانا (عَبْرًا و عِبارَةً) الرُّؤْيا خواب کی تعبیر بیان کرنا۔

عَبِرَ (س) عَبْرًا عابر: عبرت حاصل کرنا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اللّٰهُمَّ اجْعَلْنا مِمَّنْ يَعْبُرُ الدُّنْيا ولا يَعْبُرُها" اے اللہ! ہم کو اُن لوگوں میں سے بنا جو دُنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضامندی حاصل کیے جلدی مرتے نہیں۔

عَبَّرَ. الرُّؤْيا: خواب کی تعبیر بیان کرنا عَمَّا فِيْ نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کرنا عَنْ كَذا بولنا عَبَّرَهٗ بِالْماءِ: پار کرانا الدَّراهِمَ دراہم کی کمیت و کیفیت دیکھنا بِهٖ: ہلاک کرنا بِهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔

اِعْتَبَرَ: آزمانا۔ غور کرنا مِنْهُ تعجب کرنا الشَّيْءَ نصیحت حاصل کرنا۔ بِهٖ: اعتبار کرنا۔

اِسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا۔ الرَّجُلُ: غمگین ہونا الدَّراهِمَ: کمیت و کیفیت معلوم کرنا۔ اِسْتَعْبَرَهُ الرُّؤْيا تعبیر بیان کرانا۔ اَوِ الدَّراهِمَ دراہم کی کیفیت و کمیت پوچھنا العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔

العابِر. فا۔ گزرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا۔ ج عابِرُوْن و عُبَّار و عَبَرَة مؤنث عابِرَة کہا جاتا ہے "دَخَلَ عابِرَ سَبِيْلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گزرتے ہوئے داخل ہوا۔

العَبَّار. مبالغہ عابر خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اُونٹ۔

العَبْر والعِبْر. مِنَ الوادي: کونہ۔ کنارہ۔ مجلس۔ عَبْر و عِبْر: بہت آدمیوں والی مجلس۔

بَناتُ عِبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ اَبُوْ بَناتِ عِبْرٍ: جھوٹا۔

العُبْر. ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ تیز چلنے والا بادل۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (و العبر) آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔

العَبْر والعَبِر والعُبْر. قوی مضبوط۔ (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلانٌ عِبْرٌ لِكُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جِمالٌ عُبْرُ اَسْفارٍ" چلنے میں قوی اُونٹ۔

العَبْرَة. عَبَر کا اسم مرۃ۔ آنسو ج عِبَر و عَبَرات. غم۔

العِبْرَة. نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلانٍ عِبْرَةٌ" احوال و کیفیات میں غور و فکر تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔

اَلْعِبارَةُ الْجَبْرِيَّةُ: اعداد اور حروف کا مجموعہ جن کے ساتھ عمل جبر کیا جا سکے۔

العِبارَة. اسم ہے عَبَّر کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَسَنُ العِبارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے۔ "هذا عِبارَةٌ عَنْ كَذا" یہ اس کے ہم معنی ہے۔

اَلْعابُوْر: وہ پرندوں کی جماعت جو کہ کسی ایک علاقہ میں ٹھکانہ نہ بنائیں جیسے ترغل بوروار اور فری۔ (سریانی لفظ)

العَبِر مؤنث عَبِرَة. العَبْران. مؤنث عَبْرى ج عَبارى. آنسو بہانے والا۔

غمگین۔

العِبْرِيّ والعِبْرانِيّ. یہودی۔ یہودیوں کی زبان۔

العِبْرانِيَّة. یہودیوں کی زبان۔ یہودیت۔

العَبِيْر. ایک مرکب خوشبو کا نام۔ سَهْمٌ عُبَيْر: بہت پروں والا تیر۔ قَوْمٌ عُبَيْرٌ: بہت لوگ۔

المَعْبَر. گزرگاہ۔ گھاٹ۔

المِعْبَر والمِعْبَرَة. دریا عبور کرنے کا ذریعہ۔

المُعْبَر بہت بالوں یا پروں والا۔ غُلامٌ مُعْبَرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو۔

اَلْعَتْرَب: سماق نامی درخت جس کا پھل کھٹا ہوتا ہے۔

عَبَسَ (ض) عَبْسًا و عُبُوْسًا ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ چیں بجبیں ہونا (و عَبَّسَ) الوَجْهُ ترش رو ہونا۔ عَبَسَ وَجْهَهٗ: ترش روئی کرنا۔

عَبِسَ (س) عَبَسًا البَعِيْرُ: اُونٹ کی دُم پر مینگنی کا خشک ہونا الوَسَخُ فِيْ يَدِهٖ و عَلَيْها. میل خشک ہونا۔

اَعْبَسَ الرَّجُلُ: مینگنی والا ہونا الاِبِلُ: دُم پر خشک میلا ہونا الثَّوْبُ: میل خشک ہونا۔

تَعَبَّسَ. ترش رو ہونا۔

العَبَس. مص۔ اُونٹ کی دُم پر خشک مینگنی۔

العَبُوْس والعَبّاس. بہت ترش رو۔ شیر۔ يَوْمٌ عَبُوْسٌ: سخت دن۔

عَبَشَ (ن) عَبْشًا الشَّيْءَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔

العَبْش. درستی۔ صلاح (و العَبَش والعُبْشَة) عبادت۔ کند ذہنی۔

العَبْشَة والعَبَشَة. غفلت۔

عَبَطَ (ض) عَبْطًا. الذَّبِيْحَةَ: موٹے تازے کو ذبح کرنا الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کر دینا التُّرابَ: مٹی اُڑانا الرَّجُلُ: غیبت کرنا الدَّواهِي فُلانًا: بلا کسی سبب کے مصیبت

پہنچنا الکذبَ بالکسی عذر کے جھوٹ گھڑنا عِرضَہ گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبَط الرِیحُ وَجہَ الاَرضِ ہَوا سطحِ زمین کا صاف کر دینا الشَّیَ پھٹ جانا۔ اَعبَطَہُ المَوتُ صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔

اِعتَبَطَ. الذبیحَۃَ موٹا تازہ ذبح کرنا المَوتُ صحت و جوانی میں موت واقع ہونا الرَّجُلَ ظلماً قتل کرنا العِرضَ گالی دینا۔ بے آبرو کرنا الرَّجُلَ بخار آنا۔ زخمی کیا جانا۔

العَبطُ سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا ہے مات عَبطَۃً یعنی صحیح تندرست جوان مر گیا۔

العَبِیطُ تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا جانور۔ ج عُبُط و عِباط. اَدِیمٌ عَبِیطٌ پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ عَبِیطٌ تازہ خون۔

الاِعتِباطُ مصدر اِعتَبَطَ. الحَذفُ الاِعتِباطِی عِندَ النُّحاۃِ حذف جو بغیر کسی علت کے ہو۔

العَوبَطُ مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو۔ ج عَوابِط.

عَبعَبَ. الجَیشُ لشکر کا شکست کھانا۔

تَعَبعَبَ. الشَّیَ پورے کو ہلاک و برباد کر دینا۔

العَبعَبُ کشادہ کپڑا۔ اُونٹ کے بالوں کا نرم کمبل (والعَبعابُ) بلند قد والا۔ کشادہ حلق والا۔ کامل الخلقت۔

عَبِقَ(س) عَبَقًا و عَباقَۃً و عَباقِیَۃً الطِّیبُ بِہٖ خوشبو لگنا المَکانُ بالطِّیبِ جگہ کا خوشبو سے بھڑک اُٹھنا فلانٌ بِالشَّیِٔ حریص ہونا بالمکانِ اقامت کرنا۔

عَبَّقَ رائِحَۃَ الطِّیبِ خوشبو پھیلانا۔

العَبَقُ گھی وغیرہ کا بقیہ۔

العَبِقُ خوشبو دار۔ وہ چیز جس سے خوشبو بھڑکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ" یعنی ظریف مرد۔

العَباقِیَۃُ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم کا نشان۔ شاطر چور۔

عَبقَرَ عَبقَرَۃً السَّرابُ سراب کا چمکنا۔

عَبقَرُ نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔

العَبقَرِیُّ عبقر کی طرف منسوب۔ سردار۔ ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث عَبقَرِیَّۃٌ (والعَباقِرِیُّ) ایک قسم کا نفیس فرش۔

عَبَکَ(ن) عَبکًا. الشَّیَ بالشَّیِٔ ملانا۔

العَبَکَۃُ ٹکڑا۔ مشک کی میل۔ رسّی کی گانٹھ کہتے ہیں "یَبلَی الحَبلُ و تَبقَی العَبَکَۃُ" یعنی رسّی جل جائے اور بل نہ جائے۔

عَبَلَ(ض) عَبلًا. الشَّجَرَ درخت سے پتے گرانا الحَبلَ رسّی بٹنا الشَّیَ کاٹنا۔ رد کرنا۔ روکنا بھلے جانا الشَّجَرُ پتے نکلنا۔

عَبُلَ(س) عَبلًا و عَبَلًا (ک) عُبُولًا و عَبالَۃً موٹا ہونا۔ صفت عَبلٌ و عَبِلٌ و عِبالٌ و عابِلٌ عُبَّلٌ مؤنث عَبلَۃٌ عَبلاتٌ و عِبالٌ.

اَعبَلَ موٹا ہونا۔ سفید ہونا الشَّجَرُ درخت کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔

العَبَلُ لپٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے۔ ج اَعبال.

العَبِیلُ موٹا۔ مؤنث عَبِیلَۃٌ.

الاَعبَلُ سخت قسم کا پتھر جو سفید یا سرخ اور کالا ہوتا ہے ج اَعبِلَۃٌ.

العَبالُ جنگلی گلاب۔

العَبلاءُ چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان ج عِبال.

المِعبَلَۃُ کالمبا چوڑا پھل ج مَعابِل.

العَبُولُ موت۔

عَبِمَ(ک) عَبامَۃً و عَباماً بیوقوف ہونا۔

ماءٌ عُبامٌ بستہ پانی۔

العَبامُ سست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بیوقوف۔ بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل۔ ج عُبُم.

العَبامامَۃُ بیوقوف۔

عَبَنَ(ن) عَبنًا موٹا اور کھردرا ہونا۔ صفت عَبَنٌّ و عَبَنّی مؤنث عَبَنّاۃٌ عَبَنّیات.

العَبهَرُ نرگس۔ چنبیلی (والعَباهِرُ) بھرے ہوئے جسم والا۔ لمبا۔

عَبهَلَہُ غائب کرنا۔ عَبهَلَ الاِبِلَ اونٹ کو آزاد چھوڑ دینا۔

العَباهِلُ. مِنَ الاِبِلِ آزاد چھوٹے ہوئے اُونٹ۔

العَباهِلَۃُ یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیئے گئے تھے۔ واحد عَبهَلٌ.

عَبا یَعبُو عَبوًا چہرے کا دمک اُٹھنا المَتاعَ تیار کرنا۔

جارِیَۃٌ عابِیَۃٌ خوبصورت لڑکی۔

عَبّی تَعبِیَۃً. الجَیشَ لشکر کو ترتیب دینا۔

تَعَبّی تیار ہونا۔

العِبیُ حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا عِبیُكَ مِنَ الجَزُورِ" ذبح کئے ہوئے (اُونٹ یا بکری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔

رَجُلٌ عَباءٌ و عَباۃٌ بھاری جسم والا اکھڑ۔

العَبایَۃُ جبہ۔ ج عَبایات و عَبی.

عَتَّ(ن) عَتًّا بالمَسألَۃِ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ ہ بالکلامِ جھڑکی دینا۔

عاتَّہُ جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔

تَعَتَّتَ فِي کَلامِہٖ بار بار کلام کو دہرانا۔

العَتُّ کلام وغیرہ میں سختی۔

عَتَبَ(ن ض) عَتبًا و عُتبانًا و مَعتَبًا و مَعتَبَۃً و مَعتِبَۃً. عَلَیہِ کسی فعل پر سرزنش کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

(عَتبًا و عِتابًا و عُتَّیبی) فلانًا ملامت کرنا (عَتبًا و عَتَبانًا و تَعتابًا) ایک پاؤں پر کودنا (البَعِیرُ) تین ٹانگوں پر چلنا (عُتبانًا) البَرقُ بجلی کا لگاتار چمکنا مِن مَکانٍ اِلی مَکانٍ و مِن قَولٍ اِلی قَولٍ ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف منتقل ہونا۔

عَتَّبَ. الرَّجُلُ دیر کرنا الباب دروازے

کی دہلیز بنانا۔ عَاتَبَهٗ عِتَابًا و مُعَاتَبَةً علی کذا ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔

اَعْتَبَهٗ بسبب ناراضی و ملامت کو دُور کرنا۔ رضامند کرنا۔ اَعْتَبَ عَنْهُ پھر جانا۔

تَعَتَّبَ القَوْمُ ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَتَعَتَّبُ بِشَيْءٍ وَلَا يَتَعَتَّبُ عَلَيْهِ فِيْ شَيْءٍ" یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتَّبَ بَابَ فُلَانٍ: کسی کی چوکھٹ کو پھلانگنا۔ کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔

تَعَاتَبَ الرَّجُلَانِ ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔

اِعْتَتَبَ میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِيْقَ آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا و مِنْهُ عَنْهُ پھر جانا۔

اِسْتَعْتَبَهٗ رضامند کرنا۔ رضامندی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْتَبْتُهٗ فَاَعْتَبَنِيْ" اس سے میں نے رضامندی طلب کی اس نے مجھے رضامند کر دیا۔ اور اسی سے ہے "مَا بَعْدَ الْمَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ" یعنی موت کے بعد طلب رضامندی کا موقع نہیں۔

اَلْعَتَبُ لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے "بِرِجْلِهٖ عَتَبٌ" اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔

العُتَبُ بہت عتاب کرنے والا۔

العَتَبُ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیان۔ فساد۔

العَتَبُ و العَتَبَةُ مکروہ امر۔ شدت۔ سخت زمین۔

العَتَبَةُ چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج عَتَبٌ و عَتَبَات۔ عَتَبَاتُ الْمَوْتِ موت کی سختیاں۔

العُتْبَةُ رو ولدی کا موڑ۔

العُتْبٰى رضامندی۔

الاُعْتُوْبَةُ باعث عتاب۔ ج اَعَاتِيْب۔

العَتُوْبُ جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ راستہ۔

المَعْتَبَةُ و المَعْتِبَةُ عتاب۔ غضب۔

المَعْتُوْبُ مفع۔ جس پر عتاب کیا جائے۔

اُمُّ عِتْبَانَ اُمّ عَتَّابٍ بجو۔

عَتُدَ (ک) عَتَادًا و عَتَادَةً الشَّيْءُ تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔

عَتَّدَ و اَعْتَدَ الشَّيْءَ تیار کرنا۔

تَعَتَّدَ فِيْ صَنْعَتِهٖ غور سے کرنا۔

العَتَادُ سامان جو کسی مقصد کیلئے تیار کیا جائے۔ سامانِ جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج اَعْتُدٌ و عُتُدٌ و اَعْتِدَة۔

العَتَدُ و العَتِدُ مِنَ الْخَيْلِ دوڑنے کے لیے تیار گھوڑا۔ مضبوط۔ تام الخلقہ (مذکر و مؤنث)

العُتْدَةُ سامان۔ کہا جاتا ہے "خُذْ لِلْاَمْرِ عُتْدَتَهٗ" کام کے لیے اس کا سامان لو۔ ج عُتَد۔

العَتُوْدُ یک سالہ بکری کا بچہ ج اَعْتِدَة و عِدَّان۔

العَتِيْدُ تیار۔ آمادہ۔ بھاری بھرکم جسم کا۔

العَتِيْدَةُ مؤنث عَتِيْد۔ سنگھاردان۔

عَتَرَ (ض) عَتْرًا الشَّيْءُ مضبوط ہونا (تعتارًا) العَتِيْرَةَ ذبح کرنا و (عَتْرًا عَتَرَانًا) الرُّمْحُ حرکت کرنا۔

العِتْرُ اصل۔ اور اسی سے مثل ہے "عَادَتْ اِلٰى عِتْرِهَا لَمِيْسُ" یعنی لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی یہ مثال اس کیلئے بولی جاتی ہے جو اپنی پرانی عادت پھر اختیار کر لے۔

العِتْرُ ہر وہ جانور جو ذبح کیا جائے۔ بکواس (و العَتِيْرَةُ) بکری جس کو جاہلیت کے زمانہ میں رجب کے مہینے میں بتوں کے نام پر ذبح کیا کرتے تھے۔ ج عَتَائِر و عِتَر۔

العِتْرَةُ کنبہ۔ اولاد۔ مشک خالص کا ٹکڑا۔ خوشگوار کھوک۔ مرزنجوش۔ دانتوں کی تیزی و صفائی۔

العَتَّارُ بہادر۔ مضبوط گھوڑا۔ سخت خالی مقام۔

المُعْتَرُّ مِنَ الرِّجَالِ موٹا۔ اور عوام کے نزدیک بمعنی شریر۔

عَتْرَسَهٗ سخت بھینچنا۔ سختی سے پکڑنا۔

عَتْرَسَهٗ مَالَهٗ مال غضب کر لینا۔

العَتْرَسُ و العَتَرَّسُ سخت بھینچنے والا۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹے موٹے جوڑوں والا۔ شیر۔ مرغ۔

العِتْرِيْسُ سخت سرکش۔ غضبناک۔ بلا۔ مصیبت۔

عَتْرَفَ لَهٗ سخت ہونا۔

تَعَتْرَفَ بزرگی ظاہر کرنا۔

العِتْرِيْفُ و العُتْرُوْفُ خبیث۔ بدکار۔ مضبوط اُونٹ۔ ج عَتَارِيْف۔

عَتَفَ (ض) عَتْفًا الشَّعْرَ بال اُکھیڑنا۔

العِتْفُ مِنَ اللَّيْلِ رات کا ایک حصہ۔

عَتَقَ (ض) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَةً العَبْدُ آزاد ہونا۔ صفت عَتِيْقٌ و عَاتِقٌ۔

عَتَقَ (ن) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتُقَ (ک) عَتَاقَةً پرانا ہونا الشَّيْءُ درست ہونا الخَمْرُ شراب پرانی اور عمدہ ہونا۔ صفت عَاتِقٌ و عَتِيْقٌ و عُتَاقٌ اليَمِيْنُ عَلَيْهِ: قسم واجب ہونا۔

اَعْتَقَ العَبْدَ غلام آزاد کرنا الفَرَسُ تیز دوڑانا مَالَهٗ درست کرنا۔

عَتَّقَ الخَمْرَ پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا فُلَانًا بِفِيْهِ منہ سے کاٹ کھانا۔

العِتْقُ س۔ اصل کا خالص ہونا۔ جمال۔ شرافت۔ نجابت۔ آزادی۔ کھنگی۔

العُتْقُ کھنگی۔ آزادی۔ عاتق بمعنی کندھا کی جمع۔

اَلْعُتَقُ وہ درخت جس سے اوزار بنائے جاتے ہیں۔

العَاتِقُ فا۔ کندھا۔ ج عَوَاتِقُ و عُتُقٌ۔ کشادہ مشک۔ عمدہ شراب۔ پرانی شراب۔ دوشیزہ۔ ج عُتَّق۔ عَاتِقُ الثُّرَيَّا نام ستارہ

(والعَاتِقه) پرانی سرخ کمان۔
العُتاق. پرانی عمدہ شراب۔
العَتِیق. پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم۔ عمدہ ج عُتَقاءُ و عُتُق. فَرَسٌ عَتِیقٌ: خوش منظر گھوڑا۔ ج عِتاق. البَیْتُ العَتِیق: خانہ کعبہ۔
اَمَةٌ عَتِیقٌ: آزاد کردہ لونڈی۔
المُعَتَّقَة. پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر۔
عَتَكَ (ض) عَتْكًا و عُتُوكًا. لڑائی میں حملہ کرنا الفَرَسُ: گھوڑے کا دانت کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ عَتَكَ البَلَدَ: شہر پر ظلم کرنا عَلَی الاَمْرِ: کسی کام پر اقدام کرنا اِلَی المَکَانِ: مائل ہونا عَلَیْه بِخَیْرٍ او شَرٍّ: بھلائی یا برائی سے پیش آنا اللَبَنُ: دودھ کا کھٹا ہونا القَوْسُ: کمان پرانی ہونے سے سرخ ہونا۔ صفت عاتِکه ج عَوَاتِك.
العَاتِك. فا۔ شریف۔ خالص۔ النَبِیْذُ العَاتِك. صاف شراب۔ اَحْمَرٌ عَاتِكٌ: تیز سرخ۔
العَتْك س۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلَیْه عَتْكٌ" یعنی ایک زمانہ گزر گیا۔
العَتِیْك. پرانے ہونے سے سرخ مِنَ الْاَیام: سخت گرمی والا۔
عَتَلَهٗ (ن ض) عَتْلًا. سختی سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "عَتَلَهٗ اِلَی السِجْن" قید خانے کی طرف سختی سے کھینچنا الشَّیْءَ: اٹھانا۔
عَتِلَ (س) عَتَلًا اِلَی الشَرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت عَتِلٌ.
اِنْعَتَلَ (و تَعَتَّل) کھنچ جانا جگہ سے نہ ہٹنا۔
العَتَلَة. بڑا ڈھیلا۔ کدالہ۔ بڑی لاٹھی۔ ج عَتَل.
العُتُلّ. بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت عادت والا۔ سخت۔
العَتَّال. بار بردار۔ قلی۔ پیشے کا نام۔ العِتَالَة.
العَتِیل. مزدور۔ خادم۔ ج عُتُل و عُتَلاء.
داءٌ عَتِیلٌ سخت مرض۔
المِعْتَل. کھینچنے میں قوی و مضبوط۔

عَتَمَ (ض) عَتْمًا. اللَیْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔ قِرَی الضَیْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔
عَتَّمَ عَنِ الاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا قِرَاهُ: مہمانی کے کھانے میں تاخیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاعَتَّمَ اَنْ وَقَفَ بِنَا" یعنی دیر نہیں کی۔ "حَمَلَ عَلَیْهِم فَمَا عَتَّمَ" یعنی ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا الرَجُلُ: تاریکی میں چلنا الطَائِرُ: پرندہ کا انسان کے سر کے قریب پر پھڑپھڑانا۔
اَعْتَمَ قِرَی الضَیْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ دیر ہونا (لازم و متعدی) حَاجَتَهُ: مؤخر کرنا حَاجَتُه: مؤخر ہونا اللَیْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا الرَجُلُ: تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا عَنِ الْاَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔
عَتَمَتْ (ن ض) عَتْمًا و اِعْتَمَتْ و تَعَتَّمَتْ و اِسْتَعْتَمَتْ النَاقَةُ: عشاء کے وقت دوہا جانا۔ صفت عَاتِمَة. ج عَاتِمَات و عَوَاتِم اِسْتَعْتَمَ الرَجُلُ: دیر کرانا النَعَم: چوپایوں کے دوہنے میں دیر کرنا۔
العُتْم و العُتُم. جنگلی زیتون کا درخت۔ واحد عُتْمة و عُتُمة.
العَتَمة. رات کی پہلی تہائی۔ رات کی تاریکی۔ دیر کرنا۔
العَاتِم. فا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا ضَیْفٌ عَاتِمٌ" ہمارے پاس مہمان دیر میں شام کے وقت آیا۔ مؤنث عَاتِمَةٌ.
النُجُوْمُ العَاتِمَات. ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔
العَتُوْم. اونٹنی عشاء کے وقت دودھ دینے والی۔ العَتُوْمَة: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
المِعْتَام. دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ مِعْتَامُ القِرَی دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔
عَتَنَهٗ (ض ن) عَتْنًا. اِلَی السِجْنِ: قید خانے کی طرف زور سے دھکیلنا۔

اَعْتَنَ عَلَی غَرِیْمِه: قرض دار پر سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔
العَاتِن و العَتُوْن. قوی ج عُتُن.
العَتِن مِنَ الرِجَالِ: سخت پر حملہ کرنے والا۔
عَتِهَ (س) و عُتِهَ عَتَهًا و [illegible] و عَتَاهًا و عُتَاهًا و عَتَاهَةً و عَتَاهِیَه. کم عقل ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مَعْتُوْه و مُعَتَّه و عَتَاهِیَة. فِی الْعِلْمِ: حریص ہونا۔ عُتِهَ فُلَانٌ فِیْ فُلَان: تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا۔ صفت عَتِیه ج عُتَهَاء.
تَعَتَّهَ. جاہل بننا۔ پاگل بننا عَنْهُ. تغافل برتنا۔
العَتَاهِیَة و العَتَاهَة. س۔ جنون اور دہشت سے پاگل لوگ۔ العَتَاهَته: گمراہی۔ بیوقوفی۔
عَتَا یَعْتُوْ عُتُوًّا و عُتِیًّا و عِتِیًّا. تکبر کرنا۔ حد سے گزرنا۔ صفت عَاتٍ ج عُتَاة و عُتِیّ عَنِ الاَدَبِ: ادب قبول نہ کرنا۔
العَاتِی. فا۔ سرکش۔ لَیْلٌ عَاتٍ. بہت تاریک رات۔
العَتِیّ. سرکش۔ ج اَعْتَاء.
عَتِیَ یَعْتِیْ. بمعنی عَتَا یَعْتُو.
تَعَتِّی تَعَتِّیًا. نافرمانی کرنا۔ اطاعت نہ کرنا۔
عَثَّهٗ (ن) عَثًّا. اصرار کرنا۔ عَثَّتِ العُثَّةُ الصُوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا۔ عَثَّتِ الحَیَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈس لینا۔ سانپ کے پھونکنے سے بال کا گرنا۔
عَثَّثَ تَعْثِیْثًا و عَاثَّ عِثَاثًا و مُعَاثَّةً فِیْ غِنَائِه: سر نکالنا۔
اَعْتَثَّه. عِرْقُ سوءٍ: بد اصلی کا نیکی سے روک دینا۔
العِثّ. ایک قسم کے سانپ جو خشک سالی میں ایک دوسرے کو کھا جاتے ہیں۔ ج عِثَاث.
العَثَّاء. سانپ۔
العُثَّة. مِنَ النِسَاء: لاغر بدن کی عورت۔ گمنام حقیر عورت ج عِثَاث.
العُثَّة. کیڑا اون چاٹنے والا۔ ج عُثّ و

عُشَّت. بڑھیا۔ بیوقوف عورت۔ بدزبان گمنام عورت۔

عَثَرَ (ن ض) عَثِرَ (س) عَثُرَ (ک) عَثْرًا و عِثِيرًا و عِثَارًا. کرالفرس: گھوڑے کا پھسلنا اور اوندھا ہو گرالعِرق: رگ کا حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَثَرَبِهِمُ الزَّمَانُ" زمانہ نے ان کے اندر تباہی ڈال دی "عثر جَدُّهُ" یعنی ہلاک ہوگیا۔

عَثَر (ن) عَثْرًا و عُثُورًا. عَلَى السِّرِّ وغيره بھید پر مطلع ہونا۔

عَثَّرَهُ واَعْثَرَه. پھسلانا اَعْثَرَهُ عَلَى السِّرِّ وغيره: بھید پر مطلع کرنا اَعْثَرَهُ عَلَى اَصْحَابِه: بتا دینا اَعْثَرَبِه عِنْدَ الْاَمِيْرِ: عیب لگانا۔ طعنہ دینا۔

تَعَثَّرَ الرَّجُلُ وَالفَرَسُ والجلدُ: بمعنی عَثَرَ لِسَانُه: زبان کا رُکنا۔

العُثْر. عقاب و العَثْر) جھوٹ۔

العَثْرَة. لغزش۔ جہاد۔ لڑائی۔ گرنا۔ ج عَثَرات.

العَثُور. بہت گرنے والا۔ بہت پھسلنے والا۔

العَاثِر. جھوٹا۔

العَاثُور. شیر کے شکار کیلئے گڑھا۔ کنواں ج عَوَاثِر و عَوَاثِير (والعِثَار) پھسلن۔ بدی۔ مکروہ۔ جائے ہلاکت۔ جب کوئی آدمی ورطہ میں پڑ جائے تو کہا جاتا ہے "قَدْ وَقَعَ فِيْ عَاثُورِ شَرٍّ" یعنی شدت میں پڑ گیا۔

العِثْيَر. مٹی۔ غبار و العَيْثَر و العُثْيَر) مخفی نشان۔

العُثْقُول: کیلے کا گچھا۔

عَثْكَلَ الهَوْدَجَ: ہودہ کو جھالر وغیرہ سے مزین کرنا الرَّجُلُ: سست رفتار سے دوڑنا

العِذْق: بہت گچھے دار ہونا۔

العُثْكُولَة والعُثْكُول والعِثْكَال. کھجور کا گچھا ج عَثَاكِيل.

العُثْكُولَة. جھالر وغیرہ جو ہودج میں لٹکایا جائے۔

عَثِلَ (س) عَثَلًا. الشَّيءُ: بکثرت ہونا۔

موٹا ہونا۔ صفت عَثِلٌ و عَثَلٌ.

عَثَلَتْ (ن) عَثْلًا. يَدُه: ٹوٹنے کے بعد ٹیڑھا جڑنا۔

العَثَل. بکری کے اوجھ پر کی چربی کی چادر۔

العَثْوَل. بیوقوف۔ عَثْل.

العِثْيَل. زبجو۔

العِثْوَل. سر اور جسم پر بہت بالوں والا۔ مِنَ الرِّجَال: اُجڈ درشت مزاج۔

عَثَمَ (ن) عَثْمًا. العَظْمُ المَكْسُورُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی کا ناہموار جڑنا العظم: ہڈی کو ناہموار جوڑنا۔

اِعْتَثَمَ بِه: مدد طلب کرنا۔ نفع اُٹھانا بِیَدِه: جھکانا۔

العَيْثُوم. بجو۔ ہاتھی۔

العَيْثَمِيّ. گورخر۔

العُثْمَان. حباری کا بچہ۔ سانپ۔ سپولیا۔ اژدھے کا بچہ۔

اَبُوْ عُثْمَان. سانپ۔

عَثَنَ (ن) عَثْنًا و عُثَانًا و عُثُونًا فِي الجَبَلِ پہاڑ پر چڑھنا و عَثَّنَ) الثَّوْبَ: کپڑے کو دھونی دینا عَثَنَتْ و عَثَّنَتِ النَّارُ: آگ سے دھواں نکلنا۔ کہا جاتا ہے عَثَنَ عَلَى القَوْمِ" یعنی فساد پیدا کر دیا۔

عَثِنَ (س) عَثَنًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا خوشبو دار ہونا۔

تَعَثَّنَ. دھونی لگنا۔

العُثَان. مس۔ غبار۔ دھواں۔ عَوَاثِن.

العَثَن. دھواں، غبار، چھوٹا بُت۔

العَثِن والمَعْثُون. دھواں لگنے سے بگڑا ہوا کھانا۔

العِثْن. ناظم مال۔ رنگی ہوئی روئی۔

المُعَثَّن. مثلہ۔ بڑی ڈاڑھی والا۔

العُثْنُون. ڈاڑھی مِنَ المَطَرِ او الرِّيحِ. بارش یا ہوا کی ابتداء عَثَانِيْن.

عَثَا يَعْثُوا عُثُوًّا و عَثَى يَعْثِيْ و يَعْثَى و عَثِيَ يَعْثَى عُثِيًّا و عِثِيًّا وعَثَيَانًا. فساد۔ کفر یا کبر میں مبالغہ کرنا۔ صفت عَاثٍ. ج

عُثَاة و عُثِيّ و عِثِيّ.

العَثْوَة. زلف دراز۔ عَثْيَ.

الاَعْثَى. سیاہی مائل رنگ والا۔ بیوقوف۔ بہت بالوں والا۔

عَجَّ (ن ض) عَجًّا و عَجِيْجًا. چلانا۔ آواز بلند کرنا النَّاقَةَ: اُونٹنی کو عاج عاج" کہہ کر ہانکنا و اَعَجَّتِ) الرِّيحُ: ہوا کا غبار اُڑانا۔ کہا جاتا ہے "لَهُ رَائِحَةٌ تَعُجُّ فِي المَسْجِدِ" اس کی بُو ہے جو مسجد میں بھڑک اُٹھتی ہے۔

عَجَّجَ الغُبَارَ: غبار اُڑانا البَيْتَ مِنَ الدُّخَانِ: مکان کو دھوئیں سے بھر دینا۔

تَعَجَّجَ. دھوئیں سے بھر جانا۔

العُجَّة. ایک قسم کا کھانا جو انڈا، آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ خاگینہ۔

العَجَاج. غبار۔ دھواں۔ بیوقوف۔ ادنٰی لوگ۔ واحد العَجَاجَة.

العَجَاجَة. غبار۔ بہت اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَبَدَ عَجَاجَتَهُ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رُک گیا "لَفَّ عجاجته عَلَيْهِمْ" یعنی غارت ڈالا۔

العَجَّاج. چیخنے والا۔ چلانے والا غبار کو اُڑانے والا اليَوْمُ عَجَّاجٌ: گرد و غبار والا دن۔

رِيحٌ مَعَاجِيج. غبار اُڑانے والی ہوا۔

عَجِبَ (س) عَجَبًا مِنَ الاَمْرِ وَلَهُ: تعجب کرنا اِلَيْه: پسند کرنا۔

اَعْجَبَهُ و عَجَّبَهُ. تعجب میں ڈالنا اُعْجِبَ بِالشَّيْءِ: خوش ہونا اور تعجب کرنا اُعْجِبَ بِنَفْسِه: غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَعْجَبَهُ بِرَايِه" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے۔)

تَعَجَّبَ واسْتَعْجَبَ مِنْهُ: تعجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنِيْ فُلَانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کر لیا اور فتنہ میں ڈال دیا۔

العَجْب. ہر شئے کا پچھلا حصہ۔ دُم کی جڑ۔ ج عُجُوب.

العُجبفخر۔ غرور۔ خود بینی۔ پیش آمدہ چیز کا انکار۔
العَجب حیرانی۔ تعجب مِنَ اللّٰفِبا مندی ج اَعْجَاب۔
العُجَاب والعُجَّاب والعَجِيْب جس پر تعجب کیا جائے۔ العُجَاب تعجب کی حد سے متجاوز۔ مبالغہ کے لئے۔ عَجَبٌ عُجَابٌ عَجَبٌ عَجِيْبٌ کہا جاتا ہے۔
العَجِيْبَة جس پر تعجب کیا جائے۔ ج عَجَائِب۔
الاُعْجُوبَة جس پر تعجب کیا جائے۔ ج اَعَاجِيْب۔
العَجِيْبَاء عورت جس کی خوبصورتی یا بدصورتی پر تعجب کیا جائے مِنَ النِيَاقِ موٹی اونٹنی۔
رَجُلٌ تِعْجَابَة صاحب عجائبات۔
التَعَاجِيْب عجائبات۔ اس کا واحد نہیں۔
العَجَدَة کوا۔ ج عَجَد۔
العَجَد والعُجَد دانہ انگور۔ دانہ خشک انگور۔
عَجَرَ(ن) عَجْرًا عُنُقَهٗ گردن موڑنا بالسَّيْفِ تلوار سے حملہ کرنا القَاضِيْ عَلَيهِ قاضی کا تصرف سے روک دینا ہ بالعَصَا لاٹھی مارنے سے بدھی پڑنا الشَّيَّ پھاڑنا (عَجْرًا و عَجَرانًا و عَاجِرًا) خوف سے جلدی گزرنا۔
عَجِرَ(س) عَجَرًا موٹا ہونا۔ بڑے پیٹ کا ہونا۔ صفت اَعْجَر الفَرَس موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
تَعَجَّرَ بَطْنُهٗ موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹ پڑنا۔
اِعْتَجَرَ عمامہ لپیٹنا۔ اعتجرت المرأۃ اوڑھنی ڈالنا۔
العَجْر ابھار۔ مقدار جسم۔
العُجْرَة گرہ (دھاگے یا لاٹھی یا بدن کی گوں کی) کہا جاتا ہے ”ذَکَرَ عُجَرَهٗ بُجَرَهٗ“ یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کی ظاہر و پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں۔
العَجُوْر خربوزہ کی ایک قسم۔
الاَعْجَر بڑے پیٹ والا۔ بہت بھرا ہوا کپڑا۔ مؤنث عَجْرَاء ج عُجْرٌ. العَجْرَاءُ گرہ دار لاٹھی۔
العَجَّار گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانے والا۔
العَجَاجِير گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔
العُجْرُوْز ہوا کی وجہ سے ریت میں دھاری ج عَجَارِيْر۔
المِعْجَر عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔ اوڑھنی۔ پگڑی۔
المُعْجَّر عمامہ بندھا ہوا۔
عَجْرَدَ ننگا کرنا۔
تَعَجْرَدَ ننگا ہونا۔ صفت مُعَجْرِد۔
العَجْرَد ہلکا پھلکا تیز۔ سخت۔ عضو تناسل۔
العَجَارِد عضو تناسل۔
العَجْرَد کلاوار۔ ننگا۔
العَنْجَرِد بدزبان عورت۔
تَعَجْرَفَ تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔
العَجْرَفَة تکبر۔ کلام میں اکھڑپن۔ کہا جاتا ہے ”فِي الجَمَلِ عَجْرَفَةٌ و عَجْرَفِيَّةٌ فِي المَشْيِ“ یعنی اونٹ چلنے میں لاپرواہ ہے۔
عَجَارِف الدَهْر و عَجَارِيْفُهٗ حوادث۔ سختیاں۔ عَجَارِف المَطَر و عَجَارِيْفُهٗ بارش کی شدت۔
عَجْرَم الرَجُلُ تیز دوڑنا۔
العَجْرَم والعُجْرُم والعُجَارِم سخت آدمی۔
اَلعَجْرَم چھوٹے کانٹوں والا چھوٹے پتوں والا انڈوں کی طرح سیاہ چھوٹے پھلوں والا درخت۔
عَجَزَتْ و عَجُزَتْ(ن ک) عُجُوْزًا المرأۃ عورت کا بڑھیا ہونا۔
عَجَزَ(ض) و عَجِزَ(س) عَجْزًا و عُجُوْزًا و عَجَزَانًا و مَعْجَزًا و مَعْجِزًا و مَعْجَزَةً و مَعْجِزَةً عَنْ كَذَا قادر نہ ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے ”عَجَزَ فُلَانٌ عَنِ العَمَلِ“ یعنی بوڑھا ہو گیا۔ طاقت نہیں رکھتا۔ صفت عَاجِز ج عَوَاجِز و عَجَزٌ۔
عَجَّزَ عاجز کرنا۔ عجز کی طرف منسوب کرنا۔ روک دینا المرأۃ عورت کا بڑھیا ہونا۔
اَعْجَزَ عاجز کر دینا۔ عاجز پانا۔ اَعْجَزَهُ الشَّيُّ چیز کا قبضہ سے نکل جانا۔ اَعْجَزَ فِي الكَلَامِ مقصود کو بہترین اسلوب سے ادا کرنا۔
عَاجَزَهٗ مُعَاجَزَةً مسابقت کرنا۔ عَاجَزَ الرَجُلُ عاجز ہونا۔
تَعَاجَزَ عجز کا دعویٰ کرنا البَعِيْرُ اونٹ کے چوتڑ پر سوار ہونا۔
اِسْتَعْجَزَ عاجز پانا۔
العَجْز تلوار (والعُجْز والعِجْز والعَجُز والعَجِز) پچھلا حصہ۔ سرین۔ عَجُزُ بَيْتِ الشِعْرِ مصرعہ ثانی ج اَعْجَاز۔ بَنَاتُ العَجُزِ تیریں۔ اَعْجَاز النَخْلِ: درخت خرما کی جڑیں۔ کہا جاتا ہے رَكِبَ اَعْجَازَ الاِبِلِ یعنی ذلت اور مشقت میں مبتلا ہونا۔
رَجُلٌ عَجُزٌ و عَجِزٌ عاجز۔ کہا جاتا ہے ”هُوَ عِجْزَةُ اَبِيْهِ و عِجْزَتُهٗ“ یعنی وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے (مذکر و مؤنث واحد جمع سب کے لئے) وُلِدَ بِعِجْزَةِ الْوَالِدَيْنِ کے بوڑھا ہونے پر پیدا ہوا۔
العِجَاز والعِجَازَة کچھا جس سے تلوار کے دستے کو باندھیں۔
العِجَازَة والاِعْجَازَة گدی جس کو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں تاکہ بڑے معلوم ہوں۔
العَجُوْز بڑھیا۔ ج عُجُز و عَجَائِز۔
العَجُوْز شراب۔ مصیبت۔ کشتی۔ راستہ۔ ہانڈی۔ کمان۔ آگ۔ موت۔ کھجور کا درخت۔ اونٹنی۔ سوئی۔ زمین۔ خرگوش۔ شیر۔ ہر چیز کا ہزار۔ کنواں۔ دریا۔ بہادر۔ گائے۔ سوداگر۔

ڈھال۔ توبہ۔ بیل۔ بھوکا۔ تیر دان۔ بڑا پیالہ۔ بھوک۔ دوزخ۔ لڑائی۔ نیزہ۔ بخار۔ خیمہ۔ آفتاب کا ہالہ۔ عورت کی قمیص۔ دُنیا۔ بھیڑیا۔ جھنڈا۔ گدھ۔ رعشہ۔ گھوڑی۔ آسمان۔ گھی۔ گرم ہوا۔ سال۔ آفتاب۔ خط۔ باٹ۔ صومعہ۔ بجو۔ گور خر مادہ۔ بچھو۔ چاندی۔ قبلہ۔ مشک۔ دیگ۔ قیمت۔ لشکر۔ کعبہ۔ عورت۔ کتا۔ مشک۔ بادشاہ۔ دیگ کا پایہ۔ داہنا ہاتھ۔ تلوار کی دھار۔ عافیت۔ پرہیزگاری۔ قبضہ۔ تلوار کی میخ۔ ایام العجوز جاڑے کے آخر میں سات دن سخت سردی کے جس کے چار دن فروری میں اور تین دن مارچ میں ہوتے ہیں اور عام لوگ ان کو "مُستقرضات" کہتے ہیں اور ان دنوں کے نام یہ ہیں صِنٌّ. صِنَّبر. وبَر آمِرٌ. موتمرٌ مُعَلِّل. مُطفِی الجَمر یا مُکفِی الظَّعن.

(بہت سے شعراء نے اپنے قصائد میں معانی عجوز کے جمع کرنے کی کوشش کی ہے انہی قصیدوں میں سے ایک قصیدہ کتاب کے آخر میں لگایا گیا ہے۔

الاَعْجَز بڑے سرین والا۔ کِیسٌ اَعْجَز: بھری ہوئی تھیلی۔

العَاجِز فا۔ ج عَوَاجِز. ثَوْبٌ عَاجِزٌ: تنگ کپڑا۔ اِمْرَاَۃٌ عَاجِزٌ عاجز عورت۔

العَجْزَاء مؤنث اَعْجَز ریت کا اُونچا ٹیلہ۔

المِعْجَز بڑا پیالہ۔

المِعْجَاز راستہ۔ ہمیشہ عاجز رہنے والا۔

المُعْجِزۃ خارق عادت جس کو اللہ تعالیٰ کسی نبی کے ہاتھ سے ظاہر کردے اور دوسرے اس سے عاجز ہوں۔ ج مُعْجِزَات.

المَعْجُوز وہ جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

العَجِیزَۃ عورت کی سرین۔ کبھی مرد کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج عَجِیزَات.

عَجَسَ(ض) عَجْسًا. عَنْ حَاجَتِہٖ باز رکھنا۔ عَجَسَ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کو مظبوطی سے پکڑنا۔

تَعَجَّسَ پیچھے ہٹنا الاَمْرَ: کسی کام کے درپے ہونا۔ پیچھا کرنا بِالْقَوْمِ: دیر کرانا۔ تَعَجَّسَہ راوی کو ضعیف سمجھنا۔ تَعَجَّسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا۔

العُجْسَۃ رات کی تاریکی۔ رات کی ایک ساعت۔

العَجُوس بوجھل بادل۔ لگا تار بارش۔

العَجَاسَاء اُونٹوں کا بڑا گلہ۔

المَعْجِس کمان کا قبضہ۔

عَجْعَجَ عَجْعَجَۃً بہت چیخنا۔

العَجْعَاج بہت چیخنے والا مِنَ الخَیْل: اصیل گھوڑا۔ عمر رسیدہ گھوڑا۔

العَجْعَجَۃ چیخ ج عَجَاج.

عَجَفَ(ن) عُجُوْفًا کھانا چھوڑ دینا۔

عَجَفَ(ض) عَجْفًا و عُجُوْفًا و عَجَّفَ نَفْسَہٗ عَنِ الطَّعَامِ باوجود بھوک کے دوسرے کو کھلانے کی غرض سے کھانے کو چھوڑ دینا نَفْسَہٗ عَلَی المَرِیْضِ صبر سے تیمارداری کرنا۔ نَفْسَہٗ عَلٰی فُلَانٍ گمراہی کو برداشت کرنا اور مواخذہ نہ کرنا۔

عَجَفَ(ن ض) وَاَعْجَفَ الدَّابَّۃَ جانور کو لاغر کرنا۔ اَعْجَفَ القَوْمُ دبلے جانوروں کا مالک ہونا۔ عَجَفَ عَنْ فُلَانٍ: کسی سے دُور ہونا۔ اَعْجَفَ بِنَفْسِہٖ عَلَی المَرِیْضِ صبر سے تیمارداری کرنا۔

عَجِفَ(س) و عَجُفَ(ک) عَجَفًا کمزور ہونا۔ دُبلا ہونا۔ صفت مذکر عَجِفٌ و اَعْجَف اور مؤنث عَجِفٌ و عَجْفَاءُ

عِجَاف البِلَادُ بارش نہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا فِیْ بِلَادٍ عِجَافٍ غیر بارش شدہ شہروں میں اُترے۔

عَجَّفَ الرَّجُلُ آسودگی سے کم کھانا نَفْسَہٗ عَنِ الطَّعَامِ کھانا چھوڑ دینا۔

العِجَاف اندرائن۔ زمانہ۔ جمع عَجْفَاءُ کی خلاف قیاس۔

التَعَجُّف تنگی حالت۔

العَجِیْف لاغر دبلا۔ ج عَجْفٰی.

عَجِلَ(س) عَجَلًا و عَجَلَۃً. جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَجِلَ بِہٖ اِلَیْہِ" اس نے ایک کام سے دوسرے کی طرف جلدی کی الاَمْرَ دیر سمجھ کر دوسرا کام کر لینا۔

عَجَّلَ جلدی کرنا ہٗ سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا لَہٗ مِنَ الثَّمَنِ کَذَا پیش کرنا۔ اللَّحْمَ: گوشت کو جلدی پکانا۔

اَعْجَلَہٗ سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اَعْجَلَ الشَّیْءَ: جلدی کھانا۔ اَعْجَلَتِ النَّاقَۃُ: ناقص بچہ گرا دینا۔

عَاجَلَہٗ مُعَاجَلَۃً. بِذَنْبِہٖ جلدی مواخذہ کرنا اور سزا دینا ہٗ بِضَرْبٍ پتھر مارنے میں سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَعَجَّلَ فِی الاَمْرِ جلدی کرنا الاَمْرَ جلدی کام کرنا۔

اِسْتَعْجَلَہٗ برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم دینا۔ سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

اَلْعِجْل بچھڑا۔ عُجُوْل وَ عِجَلَۃ و عِجَال

العَجَلَۃ پچھیا۔ رہٹ۔ ج عَجَل و عِجَال.

العَجَل و العُجْلَۃ و العُجَالَۃ جو جلدی کیا جائے۔ کھانا جو موجود ہو۔ مہمان کیلئے جو جلدی تیار کیا جائے۔

العَجَلَۃ جلدی۔ ہلکا پن۔ گارا۔ کیچڑ۔ سامان لانے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج عَجَل و عِجَال و اَعْجَال.

العَاجِل و العَجِل و العَجُل جلد باز۔

العَاجِلَۃ مؤنث عَاجِلٌ دُنیا۔

العِجَّوْل بچھڑا۔ ج عَجَاجِیْل.

العَجْلَان مؤنث عَجْلٰی ج عَجَالٰی و عُجَالٰی و عِجَال والعَجُوْل ج عُجُل والعَجِیْل ج عِجَال جلد باز۔

العَجُوْل و العَجَّال بہت زیادہ جلد باز۔

العَجُوْل موت۔ بچہ کھونے والی۔ متحیر عورت۔

العَجِیْل ناشتہ پانی جو مہمان کے سامنے جلدی سے پیش کیا جائے۔

العُجَيْلَة والعُجَيْلٰى والعُجَّيْلٰى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "سَارَا العُجَيْلٰى" تیز چال چلا اور اس کا ضد هُوَيْنَا ہے۔

المِعْجَال: برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج مَعَاجِيْل۔

مَعَاجِيْل الطَرِيْق: مختصر راستے۔ اِمْرَاَةٌ مِعْجَال: وقت سے پہلے جننے والی عورت۔

طَرِيْقٌ مُسْتَعْجَلَة: مختصر راستہ۔ قریب کا راستہ۔

اَلْمِعْجَلُ: تیز رفتاری چیک کرنے کا آلہ۔

عَجَمَ (ن) عَجْمًا و عُجُوْمًا العُوْدَ: دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی سختی معلوم کرنا۔ السَيْفَ: تجربے کے لیے تلوار کو حرکت دینا۔ الشَّيَ: امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔ صفت عَاجِم ج عُجَّم۔ (عَجْمًا) الكِتَابَ والحَرْفَ: نقطہ لگانا۔ الكِتَابَ: حروف پر اچھی طرح وقف نہ کرنا۔ عَجَمَتْهُ الاُمُوْرُ: عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَجَمَتْهُ عَيْنِىْ مُنْذُ كَذَا" میری آنکھوں نے اس کو فلاں وقت سے نہیں دیکھا ہے "رَاَيْتُ فُلَانًا فَجَعَلَتْ عَيْنِىْ تَعْجُمُهُ كَاَنَّهَا تَعْرِفُهُ" یعنی اس کی آزمائش کی اور "عَجَمَ عُوْدَ فُلَانٍ" اس کے حال کی تحقیق کی۔

اَعْجَمَ و عَجَّمَ الكِتَابَ: اِعراب نہ لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر کے اِبہام کو دُور کرنا۔

اَعْجَمَ البَابَ: دروازے میں تالا لگانا۔ الكَلَامَ: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

عَجُمَ (ک) عُجْمَةً: لکنت ہونا۔ صفت اَعْجَم مؤنث عَجْمَاءُ ج عُجْم۔

عَاجَمَهُ: تجربہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَاجَمْتُ الاُمُوْرَ وعَاجَمَتْنِىْ" میں نے امور کی آزمائش کی اور امور نے میری۔

تَعَاجَمَ: کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔ القَوْمُ: اجنبی ہونا۔ الرَّجُلُ: عجمی ظاہر کرنا۔

اِنْعَجَمَ عَلَيْهِ الكَلَامُ: دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔

اِسْتَعْجَمَ: عجز سے ساکت ہونا۔ القِرَاءَةَ: پڑھنے پر قادر نہ ہونا۔ عَلَيْهِ الْكَلَامُ: کلام کا دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔

العَجْم والعُجْم: دُم کی جڑ۔

العَجَم (والعُجْم): مُلک فارس و فارسی لوگ غیر عرب۔

العَجَمُ والعُجَام: چھوہارے کی گٹھلی۔ گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الرُّمَّانِ عَجَمٌ" واحد عَجَمَة و عُجَامَة۔

العَجَمَة: کھجور کا درخت۔

العَجْمَة: اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج عَجَمَات۔

العُجْمَة والعَجْمَة: ابہام۔ کھول کر نہ بیان کرنا۔ ریت کا تودہ۔

الاَعْجَم: غیر عربی اگرچہ عجمی زبان فصیح بولتا ہو۔ جو صاف کھول کر نہ بیان کرے اگرچہ عربی ہو۔ گونگا۔ ج اَعْجَمُوْن۔ اَعَاجِم۔ مؤنث

العَجْمَاء: چوپایہ ج عَجْمَاوَات۔ اَعْجَم: ریت کا ٹیلہ جس میں درخت نہ ہو۔

الاَعْجَام: غیر عرب۔

العِجَّام: بڑی چمگادڑ۔

الاَعْجَمِىّ والعُجْمِىّ: غیر عرب۔ جو عجم کی جانب منسوب ہو۔

العَوَاجِم: دانت۔ مفرد عَاجِمَة۔

رَجُلٌ صُلْبُ المَعْجَمِ: آزمائش کے وقت سخت۔

المُعْجَم: مصدر میمی۔ حروفِ تہجی۔ بابٌ مُعْجَم: بند دروازہ۔ لغت کی کتاب کو بھی مُعْجَم کہتے ہیں۔

عَجَنَ (ن ض) عَجْنًا الدَقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔ عَلَى العَصَا: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔ الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں کا ٹیک لگا کر اُٹھنا۔ صفت عَاجِن ج عُجُن۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَجَنَ و خَبَزَ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔

اَعْجَنَ الرَّجُلُ: عُمر رسیدہ ہونا۔

اِعْتَجَنَ الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔ فُلَانٌ: خمیر بنانا۔

تَعَجَّنَ الشَّيءُ: گندھ جانا۔ خمیر ہونا۔

العَجَنُ مِنَ الجِمَالِ: موٹا اُونٹ۔

العَجْنَاءُ: کم دودھ والی اُونٹنی۔ بہت موٹی اُونٹنی۔

العَجِيْن: گندھا ہوا آٹا۔ پیڑا۔ ج عُجُن۔

العُجُنُ: ڈھیلے ڈھالے بدن کے مرد یا عورت۔

العَجِيْنَة: گندھے ہوئے آٹے کا ایک پیڑا۔ پیڑا۔ بیوقوف۔ جماعت۔ اُمُّ عَجِيْنَة: گدھ۔

العِجَان: گردن۔ سرین۔ ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔ خصیتین اور دبر کا درمیانی حصہ۔ ج عُجُن و اَعْجِنَة۔

العَجَّان: بہت آٹا گوندھنے والا۔ بیوقوف۔

عَاجِنَةُ المَكَانِ: مکان کا وسط حصہ۔

المِعْجَن والمِعْجَنَة: آٹا گوندھنے کا برتن۔

عَجَّهَ بَيْنَهُمَا: جدائی کرا دینا۔

تَعَجَّهَ: جاہل بننا۔ الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔

العُجَاهِن: سیہی۔ جو خالص النسب نہ ہو۔ خادم۔ باورچی۔ ج عَجَاهِنَة۔

عَجَا يَعْجُو عَجْوًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا بلبلانا اور سرکش ہونا۔ عَجَتِ الاُمُّ الوَلَدَ: ماں کا بچّے کو وقت رضاعت کے بعد دودھ پلانا۔ دودھ پلانا۔ فُلَانٌ فَاهُ: مُنہ کھولنا۔ عَجَاهُ اللَّمَنَ: دودھ کا غذا ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ فُلَانٌ مَا عَجَاهُ" یعنی سختی میں مبتلا ہوا۔ (و عَاجَى) الوَلَدَ: ماں کے علاوہ کسی دوسرے کا دودھ پلانا یا دودھ روک دینا اور غذا دینا۔

عَجَا وعَجِيَ (ن س) وَجْهَهُ: مُنہ ٹیڑھا کرنا۔

عَجِيَ الصَّبِيُّ: دودھ کے علاوہ دوسری چیز سے پرورش پانا۔

العَجِيُّ: ماں کو کھونے والا۔ دوسرے کے دودھ سے پرورش پانے والا۔ مؤنث عَجِيَّة ج عَجَايَا۔

العُجِيُّ: بچّہ کہ جس کی ماں نے وقت کے بعد دودھ پلایا ہو۔ بچّہ کہ جس نے دوسرے کے

دودھ سے پرورش پائی ہو۔ مؤنث عُجَيَّةٌ ج عُجَايَا و عَجَايَا۔
العَجْوَة و العُجَاوَة عمدہ قسم کی کھجور۔
العُجَاوَة و العِجَاوَة و العُجْوَة دودھ جو کہ یتیم کو پلائیں۔
عَجَتْ تَعجي عَجْيًا۔ المَرْاَةُ صَبِيَّهَا: عورت کا بچے کو دودھ پلانا۔
العَجَايَة و العُجَايَة عمدہ قسم کی کھجور۔ جانور کے بندوبست کا پٹھا ج عُجى و عُجِيٌّ و عَجَايَا۔
عَدَّ(ن) عَدًّا و تَعْدَادًا الشَّيَ شمار کرنا۔ گننا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَدْتُ زَيْدًا صَادِقًا" زید کو میں نے سچا گمان کیا۔
عَدَّدَ۔ المَيِّتَ خوبیاں شمار کرنا۔ خوبیاں بیان کرنا الشَّيَ شمار کرنا۔ عدد والا کر دینا المَالَ زمانے کیلئے ساز و سامان بنانا۔
اَعَدَّهٗ لِاَمْرٍ تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔
عَادَّهٗ عِدَادًا و مُعَادَّةً لڑائی میں مقابلہ کرنا الشَّيَ القَوْمَ چیز کا قوم پر برابر برابر تقسیم ہونا۔
تَعَدَّدَ و تَعَادَّ عدد میں زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَتَعَدَّوْنَ و يَتَعَادُّوْنَ عَلٰى الْاَلْفِ" یعنی وہ ہزار سے زائد ہیں۔
اِعْتَدَّ شمار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيٌ لَا يُعْتَدُّ بِهٖ" یعنی یہ ایسی چیز ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور اس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ "اِعْتَدَّ الْاَمْرَ تِجَارَةً" یعنی تجارت کا گمان کیا۔ عوام کہتے ہیں "اِعْتَدَّ بِنَفْسِهٖ" یعنی اپنے نفس پر اعتماد کیا۔
اِسْتَعَدَّ لِلْاَمْرِ تیار ہونا۔
عددِ صحیح زیرو سے لے کر تمام گنتی مثبت و منفی مثلاً -----۳،۲،۱،۰۔
اَلْعَدَادُ الزَّوْجُ اِو الْمُزْدَوِجُ جو ۲ کے علاوہ پر تقسیم نہ ہو جیسے ۴، ۱۲۔ المفرد زوج کا الٹ جو دو پر تقسیم نہ ہو جیسے ۳، ۵۔ اَلْعَدَدُ الْاَوْلٰى اِو الْاَوَّلُ اِو الْاَصْلِيُّ جو اپنے آپ پر یا ایک پر تقسیم ہو۔
اَلْعَدَدُ الْكَسْرِي اِو الْكَسْرُ جو ایک کا ایک جز یا کئی جز ہوں جیسے ۲/۱، ۴/۷۔
اَلْعَدَدُ الْمُوْجَبُ جس کی طرف + (جمع) کا اشارہ ہو۔
والعدد السالب جس کی طرف (-) نفی کا اشارہ ہو۔
اَلْعَدَدُ التَّخَيُّلِي اِو الْوَهْمِي فرضی عدد سمجھنے کے لئے۔
اَلْعَدَدَانِ الْمُتَقَابِلَانِ وہ عدد جن کی حسابی قیمت ایک ہو اور ان کا اشارہ مختلف ہو جیسے 5+، 5--۔
اَلْعَدَدَانِ الْاَوَّلِيَّانِ فِيْمَا بَيْنَهُمَا وہ دو عدد جن کو تقسیم کرنے والا مشترک صحیح عدد نہ ہو جیسے ۴، ۹۔ الاعداد المُتَبَاينة عندالعرب: جن کو اکٹھے کوئی کسر یا عدد صحیح شمار نہ کرے، دیگر صورت میں اعداد مشترکہ ہوں گے۔
اَلْاِعْدَادُ الْجَبْرِيَّةُ اِو الْمُوَجَّهَةُ وہ اعداد جن کی طرف اشارہ (+) یا (-) ہو اور اس کے ساتھ صفر ملا ہو۔
اَلْعَدَد۔ شمار۔ گنتی۔ گنا ہوا مِنَ الْاِنْسَانِ: آدمی کی عمر کے سال۔ ج اَعْدَاد۔
العِدَاد۔ عطاء دیوانگی کا اثر۔ ہمسر۔ حریف۔ موت کا وقت۔ پیشی کا دن۔ کمان کی آواز۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ عِدَادِهِمْ" یعنی منجملہ ان کے ہے (والعِدَاد) مِنَ الْوَجْعِ وقت مقررہ پر درد کا بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرَضُ عِدَادٍ" اس کا مرض وقت مقررہ پر عود کرتا ہے۔
اَلْعَدَّاد گاڑیوں کے چلنے کی مسافت کو معلوم کرنے کا میٹر یا استعمال شدہ بجلی کو یا استعمال شدہ پانی کو پیمائش کرنے کا میٹر۔
العِدّ۔ جاری پانی جو منقطع نہ ہو۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔ پرانا کنواں۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هو عِدُّكَ" وہ تمہارا ہمسر ہے۔ ج اَعْدَاد۔
العِدَّة۔ جماعت۔ چند۔ تعداد۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِيْ عِدَّةُ كُتُبٍ" میرے پاس کتابوں کا ایک ڈھیر ہے۔ "عِدَّةُ الْمَرْاَةِ" عورت کے طلاق یا شوہر کی وفات پر سوگ کا زمانہ۔ ج عِدَد۔
العُدَّة۔ تیاری۔ کہا جاتا ہے "كُوْنُوْا عَلٰى عُدَّةٍ" تیار رہو۔ سامان حرب وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ عُدَّتَهٗ" معاملے کیلئے سامان کو لے لیا ج عُدَد (والعُدّ) مہاسے۔ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔
العَدَّانِ و العِدَّانِ۔ کسی چیز کا زمانہ و موسم یا زمانے کا اول و بہتر۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ فِيْ عَدَّانِ الشَّبَابِ و عَلٰى عِدَّانِ مُلْكِهٖ" ج عَدَادِيْن۔
العَدَدِيّ۔ عدد کی جانب منسوب۔ جو چیز شمار سے بیچی جائے۔
العَدِيْد۔ شمار۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكْثَرَ عَدِيْدَهُمْ" ان کا شمار کس قدر کثیر ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر۔ ہم مثل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّرَاهِمُ عَدِيْدُ هٰذِهٖ" یعنی یہ دراہم اس کے مقدار میں ہیں۔ العَدِيْدُ مِنَ الْقَوْمِ جو قوم میں شمار کیا جائے اَيَّامٌ عَدِيْدَةٌ چند دن ج عَدَائِد العَدَائِد بہت سے ہم مثل۔ تقسیم شدہ مال۔ میراث۔
العَدِيْدَة حصہ۔
المُعِدّ فا۔ پورے سامان والا۔
عَدَرَ(ن) عَدْرًا و عُدْرَةً۔ جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔
عَدِرَ(س) عَدَرًا و اِعْتَدَرَ الْمَكَانُ پانی زیادہ ہونا۔ اِعْتَدَرَ الْمَطَرُ بکثرت برسنا۔
العَادِر فا۔ جھوٹا۔ پھسلنے والا۔
العَدَّار ما ج۔
العَدْر و العُدْر۔ موسلا دھار کثیر بارش۔
عَدَسَهٗ (ض) عَدْسًا۔ خدمت کرنا۔
عَدَسَ المَوَاشِيَ جانوروں کو چرانا الشَّيَ: سخت روندنا (عَدْسًا و عَدَسَانًا و عِدَاسًا و عُدُوْسًا) فِي الْاَرْضِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "عَدَسَتْ بِهٖ الْمَنِيَّةُ" موت اس کو لے گئی۔
عَدِسَ پھنسیوں والا ہونا۔ صفت مَعْدُوْس۔

عَادَسَ. الرَّجُلُ: ہمیشہ سفر میں رہنا۔
العَدَس. مسور۔ واحد عَدَسَةٌ. العَدَسَة.
چپٹی۔ العَدَسة والعَدَسِيَّة عِندَ عُلَمَاءِ
الطَّبِيْعَةِ: شیشے کے ٹکڑے جو بطور آلاتِ نظر
کے استعمال کئے جاتے ہیں۔
عَدَسْ. خچر ہانکنے کے لیے اسم صوت۔ نام
خچر۔
عَدَفَ (ض) عَدْفًا و تَعَدَّفَ. تھوڑا
کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَفْتُ او مَا تَعَدَّفْتُ
اليَوْمَ" یعنی آج میں نے تھوڑا بھی نہیں کھایا۔
چہ جائیکہ کثیر۔
اِعْتَدَفَ. الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑا لینا۔
العَدْف. تھوڑا عطیہ۔ تھوڑا چارہ۔ کہا جاتا
ہے "مَا ذُقْنَا عَدْفًا و عَدَفًا و عَدُوفًا و
عَدُوفًا وعَدُوفَةً" ہم نے کھانے پانی سے
کچھ بھی نہیں چکھا۔
العَدُوْف. تھوڑا چارہ۔ ج عُدُف.
العِدْف. لوگوں کی جماعت۔ رات کا ایک
حصہ۔
العِدْفَة. لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا اوس
سے پچاس تک (والعَدَفَة) زمین کے اندر
درخت کی جڑ ج عُدَف.
العَيْدَف. ہر چیز کا ٹکڑا۔
عَدَقَ (ض) عَدْقًا و عَدِقَ (س) عَدَقًا
وعَدَّقَ واَعْدَقَ يدها: حوض یا کنوئیں کے
کنارے میں کسی چیز کی تلاش کرنے کے لیے
ہاتھ ڈالنا۔ بالظَّنِّ: کسی کام کو اپنی غالب رائے
سے کرنا کہ اس کا یقین نہ ہو۔
العَدَقَة: ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج
عُدَق.
العَوْدَق والعَوْدَقَة. ڈول نکالنے کا سہ شاخہ
کانٹا ج عَدَق.
عَدَكَ (ن) عَدْكًا. الصُّوفَ. اُون دھننے
کے لیے ڈنڈے سے مارنا۔
المِعْدَكَة. اُون دھننے کا ڈنڈا۔
عَدَلَ (ض) عَدْلًا السَّهْمَ: تیر کو سیدھا
کرنا۔ فُلانًا بِفُلانٍ: برابری کرنا۔ بِرَبِّهِ: شریک کرنا۔ الطَّرِيْقَ: ٹیڑھا ہونا۔
(عَدْلًا و عُدُوْلًا) اِلَيْهِ: رجوع کرنا۔ واپس
ہونا۔ فُلانًا: موازنہ کرنا۔ فِي الْحِمْلِ:
ساتھ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدِلُكَ
عِنْدِيْ شَيْءٌ" تمہارے مشابہ کوئی چیز نہیں
(عَدْلًا و عَدَالَةً و عُدُوْلَةً و مَعْدَلَةً و
مَعْدِلَةً) انصاف کرنا۔ صفت عادل ج
عُدُوْل.
عَدُلَ (ک) عَدَالَةً. عادل ہونا۔ گواہی کے
قابل ہونا۔
عَدِلَ (س) عَدَلًا. ظلم کرنا۔
عَدَّلَ الشَّاهِدَ: معتبر جاننا۔ الشِّعْرَ: شعر
درست وزن پر کہنا۔ المَتَاعَ: سامان کو دو
حصّوں میں برابر کرنا۔ دو گٹھری بنانا۔ کہا جاتا ہے
"شَرِبَ حتى عَدَّلَ" یعنی اس قدر پیا کہ اس
کا پیٹ مانند گٹھری کے ہو گیا (وَاَعْدَلَ)
الشَّيْءَ: سیدھا کرنا۔ ہموار کرنا۔
عَادَلَهُ عِدَالًا ومُعَادَلَةً. موازنہ کرنا۔
ہ فِي المَحْمِلِ: ساتھ سوار ہونا۔ الشَّيْءُ:
ٹیڑھا ہونا۔ فِي الْاَمْرِ: متردد ہونا۔ بَيْنَ
الشَّيْئَيْنِ: برابری کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَادَلَ
بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ" جب کہ دو امر پیش آئیں اور
یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کونسا اختیار کرے۔ "قَطَعَ
العِدَالَ فِيْ اَمْرِهِ" یعنی پختہ ارادہ کر لیا۔
اِنْعَدَلَ عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹ جانا۔
اِعْتَدَلَ. سیدھا ہونا۔ دو حالتوں میں توسط
اختیار کرنا۔
العَادِل. فا۔ مشرک ج عُدُوْل.
العَدْل. انصاف۔ عادل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
عَدْلٌ و اِمْرَاَةٌ عَدْلٌ و عَدْلَةٌ و رِجَالٌ
عَدْلٌ" نظیر۔ مثل۔ ج اَعْدَال. العَدْل:
پیمانہ۔ بدلہ۔ اُمور میں توسط۔ برابری۔ امر
متوسط۔ سیدھا ہونا۔
العِدْل. نظیر و مثل۔ قیمت۔ کہا جاتا ہے
"خُذْ عِدْلَهُ كَذَا و كَذَا" یعنی اس کی اتنی
قیمت لو۔ گون۔ جانور کی پیٹھ پر ایک طرف کا
بوجھ۔ ج عُدُوْل و اَعْدَال.
العَدَل. دو گونوں کی برابری۔
العَدَلَةُ والعُدْلَةُ. معتبر گواہان اور بقول
بعض عُدَلَة واحد ہے اور عَدَلَة جمع۔
العَدِل. العَادِل.
العَدِيْل. نظیر۔ مثل۔ ردیف ج عُدَلَاء.
الاِعْتِدَال. برابری۔ تناسب الاِعْتِدَالُ
الرَّبِيْعِي: موسم ربیع میں رات دن کا برابر
ہونا۔ الاعتدال الخريفي: موسم خریف
میں رات دن کا برابر ہونا۔
المَعْدِل والمَعْدُوْل. پھرنے کی جگہ۔ کہا
جاتا ہے "مَالَهُ مَعْدِلٌ او مَعْدُوْلٌ عَنْ
كَذَا" یعنی اس کیلئے فلاں چیز سے پھرنے کی
کوئی جگہ نہیں "اَخَذَ مَعْدِلَ البَاطِلِ" یعنی
اس نے باطل کا طریقہ اختیار کیا۔
مُعَدَّلَاتُ البَيْتِ: گھر کے گوشے۔
عَدِمَ (س) عُدْمًا وعَدَمًا المَالَ: گم کرنا۔
نیست کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدَمُنِي
هٰذَا الْاَمْرُ" یہ امر مجھ سے تجاوز نہیں کرتا۔
عَدُمَ (ک) عَدَامَةً. بیوقوف ہونا۔
اَعْدَمَ اِعْدَامًا. الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت
مُعْدِم و عَدِيْمٌ ہ الشَّيْءَ: محروم کر دینا۔
اَعْدَمَنِي الشَّيْءُ: نہ پانا۔ اَعْدَمَ فُلَانًا: منع
کرنا۔
العَدَم والعُدْم والعُدُم. فقدان. العَدَم:
نیستی۔
العَدِم. فقیر۔ محتاج۔
العَدِيْم. بیوقوف۔ دیوانہ۔ فقیر۔ غیر موجود
کہا جاتا ہے "هو عديم النظير" اس کے ہم
مثل کوئی نہیں۔ ج عُدَمَاء.
ارض عَدْمَاء. ویران زمین۔
المَعْدُوْم. مف۔ ضد وجود۔
عَدَنَ (ض) عَدْنًا الارض: زمین میں کھاد
ڈالنا۔
الحجر: اُکھیڑنا۔
عَدَنَ (ن ض) عَدْنًا و عُدُوْنًا: بالمكان:
اقامت کرنا۔ البَلَدَ: وطن بنا لینا۔ اسی سے ہے
"جَنَّاتُ عَدْنٍ"

عَدَنَ الْاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
الْاَرْضَ: زمین کھودنا المَشَارِبُ: پینے والے کا آسودہ ہونا۔
عَدَنْ. یمن میں ایک شہر کا نام۔
العَدَنِّی. عدن کی جانب منسوب۔ اچھے اخلاق والا۔
جَنَّۃُ عَدْن. بہشت کا نام۔
العَدَان. سمندر کا کنارہ۔ دریا کا کنارہ۔
العَدَانَۃ. جماعت۔ عَدَانَات. کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَدَانَات" ہمارے پاس مختلف جماعتیں آئیں۔
العَدِیْنَۃ. ڈول کا پیوند۔
العَیْدَانَۃ. کھجور کا لمبا درخت۔ عَیْدَان.
المَعْدِن. کان سونے، چاندی وغیرہ کی۔ ہر چیز کا مکان جس میں اس کا اصل و مرکز ہو۔ گرمی سردی میں رہائش کی جگہ، کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَعْدِنُ الْخَیْرِ" فلاں خیر کا اصل و مرکز ہے۔ مَعَادِن.
المِعْدَن. ہتھوڑا۔ وہ آلہ جس سے پتھر نکالے جائیں اور توڑے جائیں۔
المُعَدِّن. فا۔ کان کن۔ کان سے چاندی، سونا نکالنے والا۔
اَلتَّعْدِیْن: کان کنی اور اس کی تحقیق و معلومات کا علم۔
عَدَا یَعْدُوْا عَدْوًا وعَدَوَانًا وعُدُوًّا وتَعْدَاءً وعَدًا. دوڑنا۔ (عَدْوًا و عُدْوَانًا) فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔
عَلَیْہِ: حملہ کرنا۔ الْاَمْرَ و عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَہ اَوْ قَدْرَہ" اس نے اپنے مرتبہ سے تجاوز کیا۔ (عَدْوًا و عُدُوًّا وعَدَاءً وعُدْوَانًا وعِدْوَانًا و عُدْوٰی) عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَا مِمَّا بَدَا"۔
عَدَا مصدریہ کے ساتھ یا بغیر ما کلمہ استثناء ہے اور یہ تمام احکام میں خلا کے مانند ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءَ الْقَوْمُ عَدَا زَیْدًا وعدا زیدٍ" نصب اور جر کے ساتھ اور "مَا عَدَا زَیْدًا" صرف نصب ہی کے ساتھ۔
عَدِیَ یَعْدٰی عَدًا لِفُلَان: بغض رکھنا۔
عُدِیَ عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کیا جانا۔ مال کا چوری جانا۔
عَدَّیٰ عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدِّ عَمَّا تَرٰی" اپنی نگاہ پھیر لے۔ فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔ الشَّیْئَ: نافذ کرنا۔ الفِعْلَ: لازم فعل کو متعدی بنانا۔
عَادَیٰ عِدَاءً ومُعَادَاۃً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔ دشمن ہونا۔ بَیْنَ الصَّیْدَیْن: ایک دوڑ میں دو شکار مارنا۔ الشَّیْئَ: دور کرنا۔
اَعْدیٰ الرَّجُلَ: دوڑنے کیلئے اکسانا۔ فُلَانًا عَلٰی فُلَان: مدد کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ الْاَمْرَ: معاملہ کی جانب دوسرے کو بڑھانا۔
اَعْدَاہ شَرًّا: شر پہنچانا۔ مِنْ عِلَّۃٍ او خُلُقٍ: بیماری لگا دینا یا عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قَرِیْنُ السُّوْءِ یُعْدِیْ قَرِیْنَہٗ" برا ہم نشین اپنے ساتھی کو بھی برا بنا دیتا ہے۔ عَدیٰ عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔ فِی کَلَامِہٖ. زیادتی کرنا۔
تَعَدَّی الشَّیْئَ: تجاوز کرنا۔ عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔ الفِعْلُ: متعدی ہونا۔ الشَّیْئَ اِلٰی آخَر: تجاوز کرانا۔
تَعَادَی الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ دوڑ میں مقابلہ کرنا۔ الرَّجُلُ: دور ہونا۔ بَیْنَہُمْ: اختلاف ہونا۔ فساد ہونا۔ الْمَکَانُ: ناہموار ہونا۔ تَعَادَتِ النَّوَائِبُ: مصائب کا پے در پے ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَادَیٰ الْقَوْمُ" جبکہ ایک جیسی بیماری ایک کے بعد دوسرے کو ہو۔
اِعْتَدَی الْحَقَّ و عَنِ الْحَقِّ وفَوْقَ الْحَقِّ: تجاوز کرنا۔ عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کرنا۔
اِسْتَعْدَی الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔
العَدَاءُ. مشغولیت۔ دوری۔ (العِدَاء) ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "عَدَا الفَرَسُ عِدَاءً وعِدَاءً واحِدًا" یعنی گھوڑے نے ایک دوڑ لگائی۔ عَدَاءُ الوَادِیْ: وادی کا درمیان۔
العِدْو والعِدَاء والعِدَیٰ. چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔
العِدَیٰ والعَدَیٰ. جانب۔ اَعْدَاء.
العِدَیٰ. اَعْدَاء جمع عَدُوّ کی بمعنی دشمن۔ دور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَیٰ. عدد کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔
العَدْوَیٰ. فساد۔ امراض متعدیہ۔
العَدَاوَۃ. دشمنی۔ دوری۔
العُدْوَۃ. دور جگہ (العَدْوَۃ والعِدْوَۃ) بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء و عِدَوَات.
العَدْوَۃ. ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَوَاء. سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت عُدَوَاء الشَّوْق: شدائد و تکالیف۔ شوق عُدَوَاءُ الشُّغْلِ: شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "طَالَتْ عُدَوَاؤُھُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دوری طویل ہو گئی۔
العُدْوَانُ. خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَیَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔
العَدَوَان. تیز دوڑ۔ ذِئْبٌ ذُوْعَدَوَان: لاگو بھیڑیا۔
العَدَّاء. تیز دوڑنے والا۔
عَدِیٌّ. نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل و قتال کے لیے تیار ہو۔
العَدُوّ. دشمن۔ ج اَعْدَاء، اَعَادِیْ.
العَادِیْ. فا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اُچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَادِی
العَوَادِیْ: بہت ضروری اُمور جو دوسرے اُمور سے باز رکھیں ج عَادَاۃ: عَادِیَا اللَّوْحِ: تختی کے دونوں طرف۔
العَادِیَۃ. مؤنث عادی۔ جماعت جو قتل و قتال کیلئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑ سوار۔ دوری۔ مشغولیت۔ تیزی۔ غضب۔ عَادِیَۃُ السَّمِّ: زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْکَ عَادِیَۃَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان

دور کر دیا ج عوادٍ. عوادِی الدَّھر: گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَتْہُ عَنْ کذا عوادٍ اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔

المَعْدی گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مالی عَنْ فُلانٍ مَعْدی میرے لیے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔

عَذَبَ (ض) عَذْبًا سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَذُوْب و عاذِب عَنْہُ باز رہنا ہ منع کرنا۔ عَذَبَ السَّوْطَ کوڑے میں پھندنا لگانا۔

عَذِبَ (س) عَذَبًا الماءُ کائی والا ہونا۔ صفت عَذِب.

عَذُبَ (ک) عُذُوْبَةً واعْذَوْذَبَ الشَّرابُ میٹھا و خوشگوار ہونا۔

اَعْذَبَ میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا۔ القومُ میٹھے پانی والا ہونا۔ اللّٰہُ الماءَ میٹھا پانی کر دینا عَنْہُ باز رہنا ہ عَنِ الامرِ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَعْذِبْ نفسَکَ عَنْ کذا: اپنے نفس کو اس سے روکو۔

عَذَّبَہٗ عذاب دینا۔ عَذَّبَہٗ عَنِ الشَّیْءِ منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ کوڑے میں پھندنا لگانا۔ الشَّیْءَ روکنا۔

اِعْتَذَبَ عمامے کے دو شملے لٹکانا۔

اِسْتَعْذَبَ الشَّیْءَ میٹھا و خوشگوار پانا۔ میٹھا و خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ یَسْتَعْذِبُ الماءَ میٹھا پانی لانے کیلئے گیا عَنْ کذا باز رہنا۔

العَذْبُ بر۔ خوشگوار کھانا پانی۔ ماءٌ عَذْبٌ میٹھا پانی۔ العَذْبُ ایک قسم کا درخت۔

العَذَبُ سن۔ کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔ عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَةٌ.

العَذَبَةُ تنکا (والعُذْبَة والعَذِبَة) کائی ج عَذَبات.

العاذِبُ فا۔ وہ شخص کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ مِنَ الدَّوابِّ وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج عُذُوْب.

العَذُوْبُ بمعنی عاذِب مِنَ الدَّوابِّ. شدتِ پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔

العَذَابُ ہر وہ جو انسان کیلئے باعث مشقت ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج اَعْذِبَة.

عَذَجَ (ض) عَذْجًا الماءَ پانی پینا فُلانًا گالی دینا۔

المِعْذَجُ غیرت مند۔ بد خلق۔ بہت ملامت کرنے والا۔

عَذَرَ (ض) عُذْرًا وعُذُرًا وعُذْرَی ومَعْذُرَة ومَعْذِرَة علٰی او فِیْ ما صَنَعَ الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔

عَذَرَ (ض) عَذْرًا وعُذْرًا گناہ زیادہ ہونا (عَذْرًا) الغلامَ لڑکے کا ختنہ کرنا۔

عَذَرَ (ض ن) عَذْرًا وعُذْرًا. الفرسَ بالعِذارِ پوزی لگانا؛ باگ ڈور سے باندھنا الصَّبِیَّ العاذُوْرُ حلق کا درد لاحق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔

عُذِرَ الصَّبِیُّ حلق کا درد لاحق ہونا۔

عَذَّرَ عذر ثابت نہ ہونا ہ عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عذر الغلامُ لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ اُگنا۔ مسیں بھیگنا الدارَ نشانات مٹانا فِی الامرِ کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔

اَعْذَرَہٗ فِیْ او عَلٰی ما صَنَعَ الزام سے بری کرنا الرَّجُلُ عذر ظاہر کرنا مِنْ نَفْسِہٖ بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا فِی الامرِ کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود کوشش کرنے والا سمجھنا الفرسَ پوزی باندھنا؛ باگ ڈور باندھنا الغلامَ لڑکے کا ختنہ کرنا۔ ہ فِیْ ظَھْرِہٖ مار کر بدھی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ حَتّٰی اَعْذَرَ مَتْنَہٗ مارا یہاں تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیے بفلانٍ زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَ فُلانٌ فَاَعْذَرَ یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ اَعْذَرَتِ الدارُ بکثرت پلیدی والا ہونا۔

عاذَرَ مُعاذَرَةً عذر نہ ثابت ہونا۔

تَعَذَّرَ عَلَیْہِ الامرُ دشوار ہونا۔ باز رہنا۔ عَنِ الامرِ پیچھے ہٹنا الرَّسْمُ مٹنا الرَّجُلُ اپنے لیے حجت کرنا۔ بھاگنا الشَّیْءُ پلیدی سے لتھڑنا فُلانٌ مِنَ الذَّنْبِ گناہ سے بری ہونا۔

اِعْتَذَرَ عَنْ و مِنْ فِعْلِہٖ عذر بیان کرنا عَنْ فُلانٍ کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔ الرَّجُلُ صاحب عذر ہونا اِلَیْہِ عذر پیش کرنا الرَّسْمُ نشان مٹنا۔

اِسْتَعْذَرَ اِلَیْہِ عذر پیش کرنا۔

اَلْعُذْرُ حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج اَعْذار غلبہ۔ کامیابی۔ اور اسی سے ہے جو جنگ کے موقع پر کہا جاتا ہے "لِمَنِ العُذْر" یعنی کسی کے لیے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَبُوْ عُذْرِ ھٰذَا الکلامِ وہ اس کلام کا پہلا بولنے والا ہے "الھَوَی العُذْرِیّ" پاکیزہ محبت۔

العِذارُ پوزی۔ باگ ڈور۔ ج عُذُر رخسارہ۔ رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیا۔ کہا جاتا ہے "خَلَعَ عِذارَہٗ" و "ھُوَ خَلِیْعُ العِذارِ" یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پروا نہیں کرتا گویا کہ بلا رسی کے جانور ہے۔ "لَوَی عِذارَہٗ عَنْہُ" یعنی نافرمانی کی العِذارُ مِنَ النَّصْلِ تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔ العِذارُ ختنہ کا یا تعمیر مکان کا کھانا۔

العِذْرَةُ عذر ج عِذَر.

العُذْرَةُ بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کے لیے اس کی پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔ العُذْرَةُ پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔ ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے۔ حلق کا درد ج عُذَر.

العَذِرَةُ پاخانہ۔ ردی حصہ جو گیہوں سے

نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرات.

العَاذِر. فا: نشان زخم (والعَاذِرَة) پاخانہ۔

العَاذِر: وہ رگ جس سے استحاضہ کا خون آتا ہے۔

العَذِیر. بمعنی عَاذِر. مددگار ج عُذُرٌ مؤنث عذیرة. العَذِیر والعَذِیرَة. کسی نئی خوشی کا کھانا۔ العَذِیرَة: نشانِ زخم۔

العَاذُوْر. گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِیر.

الإعْذَار. کسی نئی خوشی کا کھانا۔

العَذْرَاء. باکرہ۔ درناسفتہ ج عَذَارَیٰ وعَذَارِیٰ وعَذْرَاوَات. لقب سیّدہ مریم رضی اللہ عنہا کا۔

العُذْرَیٰ والمَعْذَرَة والمَعْذُرَة والمَعْذِرَة. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِر.

المِعْذَار. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِیر.

عَذَفَ(ض) عَذْفًا مِنَ الطَّعَامِ: چکھنا۔

تَعَذَّفَ. الطَّعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ عَذْفًا ولا عَذُوْفًا ولا عُذَافًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

العُذَافِر. شیر۔ مضبوط اُونٹ۔ ج عُذَافِرَة.

عَذَوْفِر. مضبوط اُونٹ۔

عَذَقَ(ض) عَذْقًا وعَذَّقَ النَّخْلَة: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عذقه إلى كَذَا: منسوب کرنا۔ عَذَقَ واَعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اُون سے نشان لگانا۔

اِعْتَذَقَ. دو شملے لٹکانا۔ اِعْتَذَقَهُ بِكَذَا کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔

العَاذِق. فا۔ وہ شخص جو درخت خرما کی دیکھ بھال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْن وعُذَّاق.

العَذْق. پھل دار کھجور کا درخت۔ ج اَعْذُق وعُذَّاق.

العِذْق. انگور کا گچھا مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوْق واَعْذَاق. العِذْق: شاخ دار ٹہنی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ عِذْقٌ كُمَّلٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔

العَذِق. ہوشیار۔ چرب زبان۔ طَيِّبٌ عَذِقٌ: تیز خوشبو۔

العَذَقَة والعِذْقَة. بکری کے رنگ کے خلاف اُون کا نشان۔

عَذَلَهُ (ن ض) عَذْلًا وعَذَّلَهُ. ملامت کرنا۔ صفت عَاذِل ج عُذَّل وعُذَّال وعَذَلَة وعَاذِلُوْن مؤنث عاذِلَة ج عَوَاذِل وعَاذِلَات.

تَعَاذَلَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

تَعَذَّلَ واِعْتَذَلَ. اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ الْيَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ اِعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّيْءِ: پختہ ارادہ کرنا۔ العَذْل والعَذَل والتَّعْذَال. ملامت کرنا۔ اَيَّامٌ عُذَّلٌ ومُعْتَذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔

العُذَلَة والعَذُوْل والعَذَّال والعَذَّالَة. بہت ملامت کرنے والا۔

العَذَّالَة. مؤنث عَذَّالٌ. سرین۔

العَاذِل. فا۔ رگ خونِ استحاضہ۔

المُعَذَّل. مف۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔

عَذْلَجَ. السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا الوَلَدَ وغَیْرَہٗ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔

عَيْشٌ عِذْلَاجٌ. خوشگوار زندگی۔

العُذْلُوْج. اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ۔

المُعَذْلَج. پرگوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجَة.

عَذَمَ(ض) عَذْمًا الفَرَسُ: گھوڑے کا کاٹ کھانا الرَّجُلَ: اپنے آپ سے دفع کرنا ہ: ملامت کرنا۔

عَذِمَ(س) عَذْمًا. گالی دینا۔

اَعْذَمَهُ. عَنْ نَفْسِهِ: روکنا۔ منع کرنا۔

العَذُوْم. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا ج عُذُم.

العَذَّام. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔

العَذِیمَة. ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت۔ ج عَذَائِم.

عَذَا يَعْذُوْ عَذْوًا وعَذِيَ يَعْذَىٰ عَذًى وعَذُوَ يَعْذُ وعَذَاوَةً المَكَانُ. اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور امراض وبائیہ سے دور ہونا۔

اِسْتَعْذَىٰ المَكَانُ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔

ارض عَاذِيَة وعَذِيَة وعَذِيَّة وعَذَاة. عمدہ آب وہوا والی زمین۔

العِذْیُ. کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو۔ ج اعذاء.

عَرَّ(ن ض) عَرًّا وعُرَّ الجَمَلُ: خارشتی ہونا۔ صفت عَرٌّ واَعَرُّ وعَارٌّ ومَعْرُوْرٌ.

عَرَّهُ(ن) عَرًّا. غمگین کرنا۔ سائل بن کر آنا۔ عَرَّهُ بِشَرٍّ: برائی سے ملوث کرنا (و عَرَّرَ) الاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔

عَرَّ(ض) عِرَارًا وعَارَّ مُعَارَّةً و عِرَارًا الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا چیخنا۔

اَعَرَّتِ. الدَّارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔

تَعَارَّ. نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔

اِعْتَرَّهُ واِعْتَرَّ بِهِ اِعْتِرَارًا. بغیر سوال کے بخشش کے لیے آنا۔

اِسْتَعَرَّهُمُ الجَرَبُ: خارش پھیلنا۔

العَارُوْر والعَارُوْرَة. منحوس مرد۔ قوم پر بے عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اُونٹ۔

العُرَر والعُرُوْر. خارش۔

العَرُّ. خارشی۔ خارش۔ عیب۔ برائی۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔

العَرَّة. اسم مرة۔ مؤنث العَرّ. جنگ کی سختی۔ بری عادت۔ عیب۔

العُرُّ. خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔

العُرَّة. خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔ مینگنی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات پہنچانا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عُرَّة" یعنی اس کے ساتھ جنون ہے۔

الاَعَرُّ. خارشی مرد یا اُونٹ۔ مؤنث عَرَّاء ج

عُرّ. العُرَّاءُ: لڑکی۔
العَرار. ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ چشم ہے۔ جنگلی نرگس۔ واحد عَرارَۃٌ۔
العَرارَۃ. قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرار. گناہ۔ قصور۔
العَرارَۃ. ڈٹی۔ سختی۔ بلندی۔ بد خلقی۔
العَرِیر. اجنبی۔
المَعَرَّۃ. گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔ قصور۔ عیب۔ اَمرِ قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّۃُ الجَیْشِ: لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرّ. فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُب (ک) عُرُوْبَۃً وعُرُوْبِیَّۃً وعَرابَۃً وعَرْبًا وعُرُوْبًا: فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح عربی ہونا۔
عَرِبَ (س) عَرَبًا. بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا المِعْدَۃُ: معدہ کا فاسد ہونا الجُرْحُ. سوجنا اور پیپ والا ہونا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی بہت ہونا الرَّجُلُ: لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَبَ (ض) عَرْبًا. الطَعامَ: کھانا۔
عَرَّبَ. المَنْطِقَ: اِعرابی غلطی سے پاک کرنا الکِتابَ ونَحْوَہٗ: عربی میں ترجمہ کرنا عَلَیْہِ فِعْلَہٗ: قباحت بتانا قَوْلَہٗ: رَد کر دینا عَنْہُ لِسانُہٗ: فصیح ہونا۔ مُراد کو ظاہر کرنا عَنْ صَاحِبِہٖ: اپنے صاحب کی طرف سے بولنا اور حجت بیان کرنا الرَّجُلُ: عربی گھوڑا لینا: المُشْتَرِی بیعانہ دینا الرَّجُلُ: فتیح بات بولنا بِحُجَّتِہٖ: دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی کر دینا۔
اَعْرَبَ الشَیْئَ: ظاہر کرنا عَن حاجَتِہٖ: صاف بیان کرنا کَلامَہٗ: فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا بِالْکَلامِ: بیان کرنا۔ بِحُجَّتِہٖ عمدہ دلیل لانا الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی بنا دینا الکَلِمَۃَ: اعراب لگانا الفَرَسَ: دوڑانا الفَرَسُ العَرَبِیُّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی سے ممتاز کرنا اَعْرَبَ الرَّجُلُ: اُونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا المُشْتَرِی: بیعانہ دینا الرَّجُلُ: کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔
تَعَرَّبَ. اخلاقِ عرب کو اختیار کرنا۔ ان کی مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا۔ اور اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ. عربوں میں داخل ہو جانا۔ فتیح بات بولنا۔
العُرْب والعَرَب. باشندگانِ مُلک عرب۔ ج اَعْرُب وعُرُوْب.
العُرْبُ والعُرْباءُ والعارِبَۃُ والعَرِبَۃُ والعَرَبِیَّۃُ. خالص عربی لوگ۔ اور لفظ عرب اس موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُتَعَرِّبَۃُ والمُسْتَعْرِبَۃُ. غیر ملکی لوگ جو عرب میں آ کر آباد ہو گئے ہوں۔
العَرابَۃ والعِرابَۃ. فحش وبد گوئی۔
العَرَب والعرب. مِنَ الماءِ: کثیر صاف پانی۔ رَجُلٌ عَرِبٌ: تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ عَرِبَۃٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مِعْدَۃٌ عَرِبَۃٌ: فاسد معدہ۔
رَجُلٌ عَرْبَانٌ. فصیح مرد۔
رَجُلٌ عَرْبَانِیُّ اللِّسَانِ: فصیح مرد۔
العَرَبِیّ. خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ قیام کسی دوسرے ملک میں ہو۔
العَرَبِیَّۃ. مؤنث العَرَبِیّ. اللُغَۃُ العَرَبِیَّۃُ. عربی زبان۔
الاَعْرابِیّ. عرب کا دیہاتی۔
الاَعْراب. عرب دیہات کے باشندے۔ واحد اَعْرابِی.
العَرِبَۃ. تیز بہنے والی نہر۔ نفس۔ ج عَرَب و عَرَبات. العَرَبات. وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق بگی پر ہوتا ہے۔
الاَعْرابِیَّۃ. عربی دیہاتیت۔ کہا جاتا ہے ''ھُوَ اَعْرَبُھُمْ اَحْسابًا'' حسب کے لحاظ سے خالص وَاَعْرَبُھُمْ اَلْسِنَۃً: اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَیْلٌ او اِبِلٌ عِرابٌ واَعْرُب: خالص عربی گھوڑے یا اُونٹ۔
العُرْبان. عرب۔
العَرُوْب والعَرُوْبَۃ مِنَ النِّساءِ: بہت ہنسنے والی۔ زوج کی نافرمان۔ عَرُوْبَۃ اور یَوْمُ العَرُوْبَۃ: جمعہ کا دن۔ کہا جاتا ہے ''ما بالدّارِ مُعْرِبٌ او عَرِیْبٌ'' یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ المُعَرَّبُ. عربی بنایا ہوا اسم۔ جیسے ریشم سے اَبریسم۔
عَرْبَدَ عَرْبَدَۃً. بد خلق ہونا۔ صفت عِرْبِیْد و مُعَرْبِد.
العِرْبَدّ والعِرْبِدّ. ایک سخت چیز۔ کہا جاتا ہے ''غَضِبَ غَضَبًا عِرْبَدًّا'' یعنی سخت غضبناک ہوا۔ نر سانپ۔
عَرْبَنَہٗ. بیعانہ دینا۔
العُرْبُوْن والعَرَبُوْن والعُرْبان. بیعانہ۔ سائی۔ جمع عَرابِیْن. عوام عُرْبُوْن کہتے ہیں۔
عَرَتَ (ض ن ف) الرُّمْحُ: نیزے کا سخت ہونا البَرْقُ ونَحْوُہٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا بَرْقٌ او رُمْحٌ عَرّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔
العَرْتَبَۃ. ناک یا ناک کا نرم حصہ۔ اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔
العَرْتَمَۃ. ناک کا اگلا حصہ۔ کہا جاتا ہے ''فَعَلَہٗ عَلٰی عَرْتَمَتِہٖ'' یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
عَرَجَ (ض ن) عُرُوْجًا ومَعْرَجًا فِی السُّلَّمِ سیڑھی پر چڑھنا عَلَی الشَّیْئِ و فِیْہِ: چڑھنا۔ عُرِجَ بِہٖ: چڑھایا جانا۔
عَرَجَ و عَرِجَ (ف س) عَرَجًا. لنگڑا ہونا۔ صفت اَعْرَج ج عُرْج وعُرْجان مؤنث عَرْجاء.
عَرِجَتْ (س) وعَرُجَتْ (ک) عَرَجًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّجَ. ٹھہرنا۔ ایک جانب سے دوسرے

جانب جھکنا عَنِ الشَّیْ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا الثَّوْبَ: پیچیدہ دھاری دار بنانا البِنَاءَ او النَّھْرَ: جھکاؤ کے ساتھ بنانا الرَّجُلَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَعْرَجُ عَلٰی قَوْلِهٖ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا (وتَعَرَّجَ) عَلَی الْمَکَانِ: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔

اَعْرَجَ. آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ اَعْرَجَهُ اللّٰهُ: لنگڑا کر دینا۔

تَعَارَجَ. بتکلف لنگڑا بننا۔

اِنْعَرَجَ. الشَّیْ: مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا الطَّرِیْقُ: جھکنا عَنِ الشَّیْ: تجاوز کرنا، چھوڑ دینا القَوْمُ عَنِ الطَّرِیْقِ: بھٹک جانا۔

العَرَجَ والعَرَجَان. لنگڑاہٹ، لنگڑے کی چال۔

العَرْجَاء. مؤنث الاَعْرَج. لنگڑی عورت۔ بجو۔

العَرْجَة والعُرْجَة جس پر توقف کیا جائے۔

اَمْرٌ عَرِیْجٌ غیر مستحکم کام۔

العُرَیْجَاء. دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

المِعْرَجُ والمَعْرَج والمِعْرَاج. سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ ج مَعَارِج ومَعَارِیج.

المُنْعَرَجُ مِنَ الوَادِی: وادی کا موڑ۔

عَرْجَنَ الثَّوْبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔

العُرْجُوْن. کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج عَرَاجِین.

عَرَدَ (ن) عَرْدًا الحَجَرَ: پتھر کو دور پھینکنا۔

(عُرُوْدًا واَعْرَدَ) النَّبَاتُ او النَّابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا الشَّجَرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔

عَرِدَ (س) عَرَدًا وعَرَّدَ. بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَرَّدَ السَّهْمُ فِی الرَّمْیَةِ: تیر کا پار ہو جانا۔ عَرَّدَ النَّجْمُ: ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔ عَرَّدَ الرَّجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔

العَرْد والعَرِد والعُرُدّ. بہت سخت۔

العَرَادَة: مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی سے ہے "هُوَ فِیْ عَرَادَةِ خَیْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔

العُرَّادَة. پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّادَات.

العَرِیْد. طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَرِیْدُهٗ" یہ اس کی عادت ہے۔

عَرْدَسَه. پچھاڑنا۔

العَرَنْدَس بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِزٌّ عَرَنْدَسٌ: ثابت رہنے والی عزت۔

عَرَزَ (ض) عَرْزًا. الشَّیْ: سختی سے کھینچنا۔ الرَّجُلَ: کسی کو ملامت کرنا وعَرِزَ (س) عَرَزًا) الشَّیْ: سخت ہونا، سکڑنا۔

عَرَّزَ. سکڑنا الشَّیْ: پوشیدہ کرنا۔

عَارَزَهٗ. دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

عَارَزَ وتَعَارَزَ الشَّیْ: سکڑنا۔

اَعْرَزَ. الشَّیْ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔

تَعَرَّزَ. عَلَیْهِ: دشوار ہونا۔

اِسْتَعْرَزَ. الشَّیْ: سکڑنا الرَّجُلُ: سخت ہونا۔

العِرْزَال. شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لیے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بمی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ قَوْمٌ عَرَازِیْل: چوروں کا گروہ۔

العِرْزِم. پرانا سانپ۔

العِرْزَم والعَرازِم والعِرْزَام: شیر۔

عَرَسَ (ن) عَرْسًا. خوشی میں رہنا عَنْهُ: پھر جانا (عَرْسًا وعُرُسًا) جماع کرنا۔

عَرَسَ (ن ض) عَرْسًا. البَعِیْرَ: اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔

عَرِسَ (س) عَرَسًا. الرَّجُلُ: اکڑنا بِهٖ: لازم ہونا۔ محبت کرنا مِنْهُ: بے خود ہونا۔ صفت عَرِسٌ الشَّیْ: سخت ہونا۔ الشَّرُّ بَیْنَهُمْ: ہمیشہ رہنا عَنْهُ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا عَلٰی مَا عِنْدَهٗ: باز رہنا اور بخل کرنا۔

اَعْرَسَ. دلہن لانا الشَّیْ: لازم ہونا اور محبت کرنا الرَّجُلُ: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کیلئے رکھنا بِاَهْلِهٖ: جماع کرنا (وعَرَّسَ) القَوْمُ: سفر میں آخر رات میں آرام کے لیے اترنا۔

تَعَرَّسَ لِامْرَاَتِهٖ: فریفتہ ہونا۔

اِعْتَرَسَ القَوْمُ عَنْهُ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔

العَرْسُ. س۔ رسّی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (والعُرْس) چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج عِرَاس.

العِرْس. دلہن۔ عِرْسُ المَرْاَةِ: دولہا۔ ج اَعْرَاس. اِبْن عِرْسٍ نیولا۔ ج بَنَاتُ عِرْسٍ (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)

العُرْس والعُرُسُ. زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج، اَعْرَاس وعُرُسَات.

العِرَاسِ. رسّی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔

العَرُوْس. دولہا دلہن۔ جمع کے لیے کہا جاتا ہے "هُمْ عُرُسٌ و هُنَّ عَرائِس" اور التباس کے دفع کرنے کے لیے عورت پر عَرُوْسَة کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرَائِس.

العَرِیْس. عِنْدَ المُوَلَّدِیْن: دلہن۔

العِرِّیْسُ والعِرِّیْسَة: شیر کی جھاڑی۔

العَرَّاس وَالمِعْرَس والمُعَرِّس اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔

المُعْرَس والمُعَرَّس. آخر رات میں آرام لینے کے لیے اترنے کی جگہ۔

عَرَشَ (ن ض) عَرْشًا. لکڑی کا مکان بنانا البَیْتَ: گھر بنانا العَرْشَ: چھت بنانا۔ تخت بنانا البِئْرَ: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا عَرْشًا وعُرُوْشًا) الکَرْمَ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔

عَرَشَ (ض) عُرُوْشًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

عَرِشَ (س) عَرْشًا وعَرَشًا. متحیر ہونا۔ بِغَرِيْمِهِ: سخت پکڑنا۔ عَنْهُ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔

عَرَّشَ الْكَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھنا الْكَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ الْبَيْتَ: چھت بلند کرنا الطَّائِرُ: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (وَاَعْرَشَ) ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔

تَعَرَّشَ وتَعَرْوَشَ بِالْاَمْرِ: چمٹا رہنا بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔

اِعْتَرَشَ. ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔ اِعْتَرَشَتِ الدَّوَالِيْ عَلَى الْخَشَبِ. انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا (وَاِعْرَوَّشَ) الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔

الْعَرْشُ. تخت شاہی۔ الْعَرْشُ: کسی چیز کا رُکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلَّ عَرْشُهُ"، یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہوگیا۔ الْعَرْشُ مِنَ الْبَيْتِ: چھت۔ مِنَ الْقَوْمِ: رئیس۔ سردار۔

الْعَرْشُ: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا من عَرْشُ الطَّائِرِ: گھونسلہ۔ عَرْشُ الْكَرْمِ: انگور کی ٹٹی ج اَعْرَاش وعُرُوْش وعُرُش وعِرَشَة.

الْعَرِيْش. جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عُرُش (وَالْعَرِيْشَة) پالکی۔

عَرَصَ (ض) عَرْصًا وعَرِصَ (س) عَرَصًا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عَرِصٌ عَرِصَ الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا۔

عَرَّصَ الْبَعِيْرُ: اُونٹ سدھا لینا اللَّحْمَ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا۔ اَعْرَصَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ تَعَرَّصَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِعْتَرَصَ. الْغُلَامُ: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا الْجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا الرَّجُلُ: اُچھلنا۔ کودنا۔

الْعَرْصَة. گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عِرَاص واَعْرَاص وعَرَصات.

الْعَرَّاص. بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔

الْمِعْرَاص. نیا چاند۔

عَرْصَفَهُ. عَرْصَفَةً. کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا۔

الْعُرْصُوْف والْعِرْصَاف. پالان کی میخ۔ ج عَرَاصِيْف. الْعِرْصَاف: پٹھے کا کوڑا۔ سونڈ کی نرم ہڈی۔

الْعَرْصَمُ. بہت کھانے والا۔ خرم وشادمان۔

الْعِرَصَمّ. لاغر۔ مضبوط قوی۔ شیر (الْعِرْصَام والْعُرَاصِم) شیر۔

الْعُرْصُوْم. بخیل۔

عَرَضَ (ض) عَرْضًا. لِشَيءٍ بِفُلَانٍ: پیش کرنا الشَّيْءَ عَلَيْهِ: دکھلانا الْمَتَاعَ لِلْبَيْعِ سامان کو فروخت کے لیے خریداروں کے سامنے کرنا الْجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا لَهُ مِنْ حَقِّهِ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔ عَرَضَ لَهُ عَارِضٌ مِنَ الْحُمّٰى: بخار لاحق ہونا الْقَوْمَ عَلَى السَّيْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا الْحَصِيْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَرْضٌ او عُرْضٌ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا۔ لَا تَعْرِضْ عَرْضَ فُلَانٍ: فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو۔

عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔

عَرَضَ لِيْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا۔

عَرَضَ (ض) و عَرِضَ (س) عَرْضًا. ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔

عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا الْعُوْدَ عَلَى الْاِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔

عَرِضَ. مجنوں ہونا۔

عَرَضَ (ن) عَرْضًا. مَكَّة مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا الْكِتَابَ: زبانی پڑھنا۔

عَرُضَ (ك) عِرَضًا وعَرَاضَةً. چوڑا ہونا۔ صفت عَرِيْض وعُرَاض.

عَرَّضَ وَلَهُ و بِهِ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا الشَّيْءَ: چوڑا کرنا الْمَتَاعَ: سامان کو دراہم و دنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا الْكَاتِبُ: مبہم لکھنا الشَّيْءَ لِلشَّيْءِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالِكَ لِلْهَلَاكِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لیے پیش کر دیا ٥ مِنْ مَالِهِ بِكَذَا: بدلہ دینا فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔

اَعْرَضَ عَنْهُ: روگردانی کرنا الشَّيْءَ: چوڑا کرنا الْمَسْئَلَةَ: لمبا چوڑا سوال کرنا۔ فِي الْمَكَارِمِ: بہت فیاض ہونا۔ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُهُ فَاَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہوگیا۔ الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَضَ لَكَ الْخَيْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و "اَعْرَضَ لَكَ الظَّبْيُ فَارمه" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔

عَارَضَهُ مُعَارَضَةً وعِرَاضًا. پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الْكِتَابَ بِالْكِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا ٥ فِي الْمَسِيْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضَه فَعَرَضَهُ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَعَرَّضَ الْاَمْرَ ولِلْاَمْرِ وَاِلَى الْاَمْرِ: درپے ہونا۔ طلب کرنا الشَّيْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔

تَعَارَضَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتَرَضَ. چوڑائی میں ہونا لَهُ: منع کرنا

البَعِير: سرکش اُونٹ پر سوار ہونا لَهُ بِسَهْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا عِرْضَهُ: عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا دُوْنَ الشَّيْءِ: حائل ہونا۔ روک بننا القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا عَلَيْهِ مِنْ قَوْلٍ او فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا الشَّيْءَ: تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عرضه فاعترض" اِس نے اُس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔

اِسْتَعْرَضَ. چوڑی چیز طلب کرنا الشَّيْءَ: پیش کرنے کو کہنا ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْرِضْ يُعْطِي مَنْ اَقْبَلَ اَوْ اَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔

اِسْتَعْرِضِ العَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو۔

العَرْض. اسباب۔ سامان۔ ج عُرُوْض پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔ ج عُرُوْض وعِرَاض واَعْرَاض. جزا سزا کا دن۔

العَرْض. التجا۔ گزارش۔ کہا جاتا ہے الشَّيْءُ عَرْضُ عَيْنِي: یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَيْتُ المَتَاعَ بِعَرْضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ و عَرْضُ الحالِ عِنْدَ الكُتَّابِ: حاکم کے پاس شکایت کے لیے یا کسی فائدہ کے لیے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لیے عُرُوْضُ الاَحْوَالِ بولا جاتا ہے اَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

العِرْض. اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج اَعْرَاض. کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيُّ العِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و "ذُوُو العِرْضِ مِنَ القَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و "هُوَ عَرِبُ العِرْضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ العِرْض. نفس۔ کہا جاتا ہے "اَكْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِي" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرْضَان. بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ العِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔

العُرْض. جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔ مِنَ البَحْرِ او النَّهْرِ: سمندر یا دریا کا وسط۔ مِنَ الحَدِيْثِ: بہتر و بڑی بات۔ مِنَ السَّيْفِ او العُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک جانب۔ کہا جاتا ہے نَظَرَ اِلَيْهِ عَنْ عُرْضٍ وكَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ: گوشہ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ و خَرَجُوْا يَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ: یعنی نکل کر مارنا شروع کردیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ و اِضْرِبْ بِهِ عُرْضَ الحَائِطِ: یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وهو مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض. متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت مِنْ كُلِّ شَيْءٍ جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج اَعْرَاض. کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة. پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرْضَةُ. ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِكَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلْكَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے و "جَعَلْتُهُ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنانا۔

العُرْضِيُّ جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الاِبِلِ. سرکش اُونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض. جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ۔ اُونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الحَدِيْثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرُض.

العُرَاض والعُرَض. چوڑا۔

العُرَاضَة. عُرَاض کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِّيْض. وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوْض. اشعار کا وزن۔ مصرعہ اولی کا جزء اخیر۔ سرکش اُونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج اَعَارِيْض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ مِنَ الكَلَامِ مضمون۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ المَسْئَلَةُ عَرُوْضُ هٰذِهِ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوْضِيُّ. علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض. فا۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ۔ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَةُ. مؤنث العَارِض. دانت جو منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج عَوَارِض. العَوَارِض. مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔ العَارِضَة: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

العَرِيْض. چوڑا۔ ج عِرَاض. دعاء عریض بہت زیادہ دعا "هُوَ عَرِيْضُ البِطَانِ" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔ العَرِيْض: خصی بکرا۔

العَرِيْضَة. مؤنث العَرِيْض. کیفیت کا پیش کرنا۔

التَّعْرِيْض فِي الْكَلَامِ: دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا۔

الْمِعْرَاض. توریہ کرنا مِنَ الْكَلَامِ: مضمون۔ بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصّہ موٹا ہو۔ ج مَعَارِيض۔

الْمَعْرِض. پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات و مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرْتُهُ فِي مَعْرِضِ كَذَا."

الْمِعْرَض. دُلہن کی شب عروسی کا کپڑا الْكَلَام الْمُعَرَّض. مبہم کلام ج مَعَارِضُ و مَعَارِيض. کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي الْمَعَارِيْضِ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْكِذْبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

الْمَعْرُوْض حکام کے سامنے پیش کرنے کی عرضی۔

عَرَط (ن) عَرْطًا وَاِعْتَرَطَ عِرْضَ فُلَانٍ غیبت کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ دُور چلا جانا۔

عِرِيْطُ و اُمُّ عِرِيْطٍ و اُمُّ الْعِرِيْطِ بچھو۔

الْعَرْطَنِيثَا ایک درخت کی جڑ جس کا نام بخور مریم ہے۔

عَرْعَرَ. الْقَارُوْرَةَ: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا الْعَيْنَ: آنکھ پھوڑ دینا۔

الْعَرْعَر. سرو کے مانند ایک درخت۔ واحد عَرْعَرَة۔

الْعُرْعُر. بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ عُرْعُرَهٗ" یعنی بد خلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصہ۔ پیڑو۔

الْعُرْعُرَة و الْعَرْعَرَة. شیشی۔ بوتل کی ڈاٹ۔ عُرْعُرَةُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج عَرَاعِر۔

الْعُرَاعِر. شریف۔ سردار مِنَ الْاِبِلِ: موٹا اُونٹ ج عَرَاعِر. الْعَرَاعِر: کوہان کے کنارے۔

الْعَارُوْرَة. منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اُونٹ۔

الْعَرْعُوْ صنوبر کی قسم کا ایک درخت جس کے پھل پھول والے مشروبات میں استعمال ہوتے ہیں۔ العرعر الكادی اس کی لکڑی سے سیاہ تیل جلدی امراض کے لئے نکالا جاتا ہے۔

عَرَفَ (ض) عِرْفَةً و عِرْفَانًا و عِرِفَّانًا و مَعْرِفَةً الشَّيْءَ: پہچاننا۔ جاننا بِذَنْبِهٖ: اقرار کرنا ہٗ: بدلہ دینا لِلْاَمْرِ: صبر کرنا۔

عَرَفَ (ن) عَرَافَةً. عَلَى الْقَوْمِ: چودھری ہونا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا (عَرْفًا) الْفَرَسَ: گھوڑے کے ایال کاٹنا۔

عَرُفَ (ک) عَرَافَةً. چودھری ہونا (عَرْفًا وعَرَافَةً) بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا۔

عَرِفَ (س) عَرْفًا. خوشبو ترک کر دینا۔

عُرِفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔

عَرَّفَ. الشَّيْءَ: خوشبو دار کرنا۔ عَرَّفَهُ الْاَمْرَ واقف کرا دینا۔ عَرَّفَهُ بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔ عَرَّفَ الضَّالَّةَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا الْاِسْمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا الْحُجَّاجُ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (واَعْرَفَ) فُلَانًا: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا واَعْرَفَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔

تَعَرَّفَ الْاِسْمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا الشَّيْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا الضَّالَّةَ: گمشدہ کو تلاش کرنا بِفُلَانٍ: آشنا ہونا اِلَيْهِ: واقف کرنا۔

تَعَارَفَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔

اِعْتَرَفَ. بِالشَّيْءِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا الشَّيْءَ: پہچاننا بِهٖ: رہنمائی کرنا الرَّجُلَ: دریافت کرنا اِلَيْهِ: نام اور حال کی اطلاع دینا لِلْاَمْرِ: صبر کرنا الضَّالَّةَ: گم شدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لیے اوصاف بتانا۔

اِسْتَعْرَفَ. الشَّيْءَ: پہچاننا اِلٰى فُلَانٍ: واقفیت کے لیے نسبت بیان کرنا۔

اِعْرَوْرَفَ. لِلشَّرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا النَّخْلُ درخت خرما کا گنجان ہونا الدَّمُ: خون کا جھاگ والا ہونا الرَّاكِبُ الْفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا الرَّجُلُ درخت خرما پر چڑھنا۔

الْعَرْف. بُو. اکثر خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْيَبَ عَرْفَهٗ" اس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔ الْعُرْف. جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے لَهٗ عَلَيَّ اَلْفٌ عُرْفًا. اس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔

الْعُرْف. موج۔ اُونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ عُرْفًا" یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرُف و اَعْرَاف. الْعُرْف: اصطلاح۔ تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِّسَانِ: اصطلاح لغوی۔ عُرْفُ الشَّرْعِ: اصطلاحِ شرعی۔

الْعُرْف و الْعِرْف. صبر۔

الْعُرُف ایال۔ ریت کی اُونچی جگہ۔

الْعُرْفَة. ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (والعِرْفَة) دریافت۔ سوال۔

الْعُرْفَة. دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اُونچی جگہ۔ ج عُرَف۔

عَرَفَة مکّہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ نویں ذی الحجہ۔

عَرَفَات مکّہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لیے نویں تاریخ کو ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لیے عَرَفِيّ۔

الْعِرَافَة. نجومی کا پیشہ۔

الْعَرَّاف. نجومی۔ طبیب۔

الْعِرْفَان. س۔ معروف۔

الْعِرِّفَان و الْعُرُفَّان. اقرار کرنے والا۔ بتانے والا۔

الْاِعْتِرَاف. س۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔

الْعَارِف. فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے

"هٰذَا الْاَمْرُ عارِفٌ" یعنی معروف ہے۔

العارِفَة مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ۔ ج عَوَارِف.

العَرُوْف بمعنی عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف.

العَرُوْفَة جاننے والا۔ عالم۔

العَرِیْف جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِیْفُ المَکَاتِب" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء. اَمْرٌ عَرِیْفٌ امر معروف۔

الاَعْرَف اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔

حَزْنٌ اَعْرَف بلند جگہ۔

العَرْفَاء مؤنث الاَعْرَف بجو۔ قُلَّة عَرْفَاء بلند چوٹی ج عُرْف.

الاَعْرَاف دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔

اَعْرَافُ الرِّیَاحِ وَالسَّحَاب ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل۔ اَعْرَافُ الحِجَابِ او الرَّمْل حجاب اور ریت کی بلندیاں۔

(الاَعْرَاف) قرآنِ پاک کی ایک سورت کا نام۔

المَعْرِفَة حقیقت کو پالینا۔

المَعْرَف والمَعْرِف چہرہ۔ چہرے کے محاسن ج مَعَارِف کہا جاتا ہے "هُمْ غُرُّ المَعَارِفِ شُمُّ المَرَاعِف" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ المَعَارِف علوم۔ مَعَارِفُ الرَّجُلِ شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ المَعَارِف" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔

المَعْرَفَة ایال کے اُگنے کی جگہ۔ ج مَعَارِف.

المَعْرُوْف ضد مشہور۔ خیر۔ رزق۔ احسان۔ اَرْضٌ مَعْرُوْفَةٌ اچھی بو والی زمین۔

العَرْفَج ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے۔ ج عَرَافِج. العَرَافِج ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

عَرَقَ (ن) عَرْقًا ومَعْرَقًا. العَظْمَ ہڈی پر سے سارا گوشت کھالینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا الطَّرِیْقَ قطع مسافت کرنا (عَرْقًا وعُرُوْقًا) فِی الاَرْضِ سفر کرنا۔

عُرِقَ عَرْقًا دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔

عَرِقَ (س) عَرَقًا پسینہ آنا۔ صفت عَرِقَانِ الحَائِطُ دیوار کا تر ہونا۔ الرَّجُلُ کاہل ہونا۔

عَرَّقَ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الخَمْرَ شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الاِنَاءَ برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرَّجُلُ عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔

اِعْتَرَقَ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا العَظْمَ ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا القَوْمُ عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔

اِسْتَعْرَقَ پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔

العَرْق ہڈی جس پر سے گوشت اُتار لیا گیا ہو۔ ج عِرَاق و عُرَاق.

العِرْق ہر چیز کا اصل مِنَ البَدَنِ رگ بدن۔ دشوار گزار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج عُرُوْق و اَعْرَاق و عِرَاق. دَاءُ عِرْقِ النَّسَاءِ وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔

العَرَق سم۔ پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مِدْمَاك" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے جَرَی الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَیْنِ گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا مِنَ التَّمْرِ کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَالِ دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ مِنْهُ عَرَقَ القِرْبَةِ" و "تَجَشَّمْتُ اِلَیْكَ عَرَقَ القِرْبَةِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اُٹھائی جیسے کہ مشک کا اُٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔

العَرَقِیَّة عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔

العَرِق والعُرَقَة بہت پسینہ والا۔

العَرْقَة اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔

العِرْقَة اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج عِرَق و عِرْقَات.

العُرْقَاة والعِرْقَاة اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔

العَرْقَاة والعَرْقُوَة ڈول کے مُنہ کی لکڑی ج العَرَاقِی.

العَرَقَة دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار۔ گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھنی۔ خیمہ کے ارد گرد کا پھندنا ج عَرَق و عَرَقَات.

العَرِیْق والمُعْرِق خاندانی شرافت یا کمینگی۔ غُلَامٌ عَرِیْقٌ دبلا لڑکا (والاَعْرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَقُ مِنْكَ فِیْ كَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے۔

العِرَاق طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف مِنَ الدَّارِ گھر کا صحن مِنَ الظُّفْرِ ناخن کے گرد اگرد گوشت مِنَ الاُذُنِ کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّهْرِ ندی کا کنارہ ج اَعْرِقَة وعُرُق وعُرُق. والعِرَاق مُلک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔

العِرَاقَان کوفہ وبصرہ۔

العُرَاق ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عُرَاقُ الغَیْثِ بارش کے بعد روئیدگی۔

العُرَاقَة. کثیر بارش۔

العَوَارِق. داڑھیں۔

المِعْرَق. چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اُتارا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مُعَرَّقٌ ومَعْرُوقُ العِظَام: دُبلا۔

عَرْقَبَ. الرَّجُلُ: حیلہ کرنا الدَّابَّةَ: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لیے کونچیں اُٹھانا۔

تَعَرْقَبَ. حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرْقُوب) عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا لِخَصْمِهٖ: دشمن کے لیے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرْقُوب. کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ ج عَرَاقِيب عَرَاقِيبُ الْاُمُوْرِ: مشکل کام۔ عُرْقُوب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔

عَرْقَصَ الغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ. توسط سے ہٹ جانا الْاَمْرَ: دشوار کر دینا عَلَيْهِ الكَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔

تَعَرْقَلَ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا الكَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔

العِرْقَال. گمراہ۔ کج رو۔

العِرْقِيل. انڈے کی زردی۔

العَرَاقِيل. مصیبتیں۔ عَرَاقِيلُ الْاُمُوْرِ: دشوار اُمور۔

العَرْقَلَى. ناز و تبختر کی چال۔

عَرَكَ(ن) عَرْكًا. الْاَدِيْمَ: چمڑے کو ملنا هٗ الدَّهْرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا الشَّيْءَ: رگڑتے رگڑتے مٹا دینا الْمَاشِيَةُ النَّبَاتَ جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا الْمَاشِيَةُ الْاَرْضَ: چارے سے خالی کر دینا (عَرْكًا وعَرَاكًا وعُرُوْكًا) الْمَرْاَةُ: عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَكَ الْاَذٰى بِجَنْبِهٖ" یعنی اس نے مشقت اُٹھائی۔

عَرِكَ(س) عَرَكًا. سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِك.

عَارَكَهٗ مُعَارَكَةً وعِرَاكًا. مقاتلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَهٗ عِرَاكًا" یعنی وہ سارے اُونٹوں کو پانی پر لایا۔

تَعَرَّكَ الشَّيْءُ: ملا جانا۔

تَعَارَكَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقاتلہ کرنا۔

اِعْتَرَكُوْا. آپس میں جنگ کرنا۔ "اِعْتَرَكَ النَّاسُ فِي الْمَعْرِكَةِ او الْخُصُوْمَةِ" لوگوں کا میدانِ جنگ میں قتل و قتال کیلئے پل پڑنا الْاِبِلُ فِي الْوِرْدِ: اُونٹوں کا گھاٹ پر اُترنے میں بھیڑ کرنا الرِّجَالُ فِي الْحَرْبِ: انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔

العَرْكُ والعَرَكُ. آواز۔

العَرَكِيُّ. مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَك. ج عُرُوْك.

العَرْكَة. بار بار۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ عَرْكَةً و عَرَكَاتٍ.

العُرَكَة. مشقت برداشت کرنے والا۔

العَرِيْكَة. کوہان۔ نفس۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی نرم خو ہے۔ "هُوَ شَدِيْدُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ ج عَرَائِك.

المَعْرَك والمَعْرَكَة والمَعْرُكَة. میدانِ جنگ ج مَعَارِك.

المُعْتَرَك. میدانِ جنگ۔ مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔

المِعَارَك. فا. جنگجو۔ سخت حملہ آور۔

المَعْرُوْك. مذ. مَاءٌ مَعْرُوْكٌ: جس پر پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض مَعْرُوْكَة جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو "رَمْلٌ مَعْرُوْكٌ وعَرِيْكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔

عَرْكَسَ. الشَّيْءَ: تہ بتہ ہونا الشَّيْءَ: تہ بتہ کرنا۔

اِعْرَنْكَسَ. جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔

عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا الصَّبِيُّ اُمَّهٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا الْاِبِلُ الشَّجَرَ: اُونٹ کا درخت سے پتے کھانا فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔

عَرَمَ (ن ض) عُرَامًا و عَرِمَ (س) و عَرُمَ (ک) عرامة. شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بد خلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِم وعَرِم.

عَرَّمَ الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔

اَعْرَمَ. ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔

تَعَرَّمَ. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا۔

عَلَيْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔

اِعْتَرَمَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا دُور دُور قدم رکھنا۔ مُنہ زور ہونا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔

العَارِم. فا. بد خلق۔ موذی ج عَرَمَة مؤنث عَارِمَةٌ ج عَوَارِم و عَارِمَات. يَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔

العَرَم. چکناہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔

العَرَم والعُرْمَة. سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو (عَرْمَاء) اور بکرے کو اَعْرَم کہتے ہیں (والعَرَمَة) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لیے جمع کیا جائے۔ العَرَمَة: کھانے کی بو۔ العَرِم: ہانڈی کا میل۔

العَرِمَة. پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج عَرِم اور یا عَرِم کا لفظ جمع ہے۔ بغیر واحد کے العَرِم زر چوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔

المُعْرَم. قطا یعنی سنگ خوار پرندے کا انڈا۔

العُرَام. مِنَ الْجَيْشِ: فوج کی تیزی و کثرت مِنَ الرَّجُلِ: بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ شِدَّةٌ وعُرَامٌ" اس میں تیزی و بدخلقی ہے۔ ہانڈی کا میل۔

العَرِيْم. مصیبت ج عُرْمَان.

الاَعْرَم. رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑیا

بکری کا ریوڑ۔ غیر مختون۔ ج عُرمان ج عَرَامِین۔

العَرمَاء۔ مؤنث اَعْرَم: چتی دار سانپ۔

العَرَمْرَم: سخت۔ بے شمار لشکر۔

عرن (ن ض) عَرنا السَھْمَ: تیروں کو ترتیب سے رکھنا۔ عَلَی الشَّیْٔ: کسی چیز کا عادی ہونا۔ البَعِیْرَ: اُونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔

عَرِنَتْ (س) عَرَنا۔ الدَابَۃ: عُرنہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنۃ) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُوْن وعَرِنۃ

(عِرَانًا) الدَارُ: گھر کا دُور ہونا۔

عَرَّنَ الرُمْحَ: نیزے میں میخ لگانا۔

اَعْرَنَ۔ الرَجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔

العَرَن: س۔ پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔

العَرَن والعِرَان والعُرْنَۃ: ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَان: لکڑی جو اُونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العَرِین: گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرن (والعَرِینۃ) شیر، بجو، بھیڑیئے کی جھاڑی۔ سانپ کی بمی۔

العِرنِین: ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار۔ مِن کلِّ شیءٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرَانِین۔

العِرْنَاس: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی رُوئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام (عَرْنُوس) کہتے ہیں ج عَرَانِیس۔

عَرَا یَعْرُو وعَرْوًا۔ فُلَانًا اَمرٌ: پیش آنا۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعلی عار اور صفت مفعولی مَعرُوّ۔ القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا (وعُرِی) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاۃ۔ اور معرو۔ وعُرِی الرَجُلَ: خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعْرَی وعَرَی القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرَی صَاحِبَہُ: چھوڑ دینا۔

اِعْتَرَی اِعْتِرَاءً۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعْتَرَاہُ اَمرٌ: لاحق ہونا۔

العِرْو: گوشہ۔ وہ جو اُمور کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کی جماعت ج اَعْرَاء۔ کہا جاتا ہے "انا عِرْو مِن کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِھَا اَعْرَاءٌ مِنَ النَاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرَوَاء: بخار کی سردی۔

العُرْوَۃ مِنَ الاِبْرِیق و نَحْوَہٗ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُرْوَۃ والعُرْی والعِرْی: کاج۔

العُرْوَۃ: گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "انا عُروۃ مِنہ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلقَی اِلَیْہِ العُرَی" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِیَ یَعْرَی عُرْیَۃً وعُرْیًا مِن ثِیَابِہٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ وعُرْیَان ج عُرَاۃ۔ صفت مؤنث عَارِیَۃٌ وعُرْیَانَۃٌ ج عَوَارٍ وعَارِیَات۔ عَرِیَ مِنَ العَیْبِ وغَیْرِہٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (عَرِی) اللَیْلَۃُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاہُ یَعْرِیْہِ عَرْیًا۔ الاَمرُ: پیش آنا۔

عَرَّی تَعْرِیَۃً الرَجُلَ الثَوبَ ومِنَ الثَوْبِ: ننگا کرنا۔ ہٗ مِنَ الاَمْرِ: علیحدہ کرنا۔ الرَجلَ: بیکار کر دینا۔ چھوڑ دینا چھڑا لینا۔ الشَیْٔ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَّاہُ بِعُرَی وَثِیْقَۃٍ" مضبوط دستہ لگانا۔

اَعْرَی اِعْرَاءً الرَجُلَ الثَوبَ ومِنَ الثَوْبِ: ننگا کرنا۔ کپڑے اُتار لینا۔ فُلَانًا النَخْلَۃَ: کسی کو ایک سال کے لیے پھل ہبہ کرنا۔ فُلَانًا صَدِیْقَہٗ: دُور ہونا اور مدد نہ کرنا۔ الرَجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرَّی تَعَرِّیًا مِن ثِیَابِہٖ: کپڑے اُتار لینا۔ ننگا ہونا۔

اِعْرَوْرَی اِعْرِیْرَاءً۔ الفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا۔ تنہا سفر کرنا۔ اَمرًا قَبِیْحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرَی: گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَرَاء: کھلا میدان۔ ج اَعْرَاء۔

العَرَاۃ: میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُرْیٌ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا۔ ج اَعْرَاء۔

الاَعْرَاء: آزاد و لاپروا لوگ۔ واحد عُرْیٌ۔

العُرْیَۃ والعِرْیَۃ: ننگا پن۔

العَارِیَۃ: اُدھار لی ہوئی چیز۔

العُرْیَان: ننگا۔ عُرْیَانُ النَجِی: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

عُرْیَانَاتُ البُزُوْر (ن) بیج سے خالی پودے جیسے صنوبر کے درخت۔

العَرِیُّ: ٹھنڈی ہوا۔

العَرِیَّۃ: ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دے دیا ہو۔ ج عَرَایَا۔ کہا جاتا ہے "نَخْلُھُم عَرَایَا" یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دے دیتے ہیں۔

المَعْرَی والمَعْرَاۃ: ننگا پن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ، چہرہ وغیرہ ج مَعَارٍ۔ المَعَارِی: بنجر مقامات۔ بچھونے۔

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّۃً وعَزَازَۃً: عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا۔ الشَیْٔ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا۔ المَاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیْہِ عِزًّا: کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" میرے اُوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّہٗ (ن) عَزًّا: قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔

عَزَّزَہٗ مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔
عَازَّہٗ مُعَازَّۃً حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔
اَعَزَّہٗ اِعْزَازًا عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔
اَعَزَّتِ الْبَقَرَۃُ گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَكَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔
اِعْتَزَّ قوی ہونا بِہٖ اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا عَلٰی فُلَانٍ بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔
تَعَزَّزَ قوی ہونا بِہٖ فخر کرنا لَحْمُہٗ سخت اور ٹھوس ہونا۔
اِسْتَعَزَّ عَلَیْہِ سختی کرنا۔ غالب ہونا۔ اللّٰہُ بِفُلَانٍ وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِحَقِّیْ" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "وَاسْتُعِزَّ بِعَلِیْلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آگئی۔
العِزُّ عزت۔ سخت بارش۔
رَجُلٌ عِزٌّ قوی۔ کہا جاتا ہے "جِئْ بِہٖ عَزًّا بَزًّا" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔
العِزَّۃُ ہرن کا مادہ بچہ۔
العِزَّۃُ حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ حمیت۔
العَزِیْزُ شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزَاز و اَعِزَّاء و اَعِزَّۃ حاکم مصر کا لقب۔
الاَعَزُّ اسم تفضیل۔ عزیز۔
العُزّٰی عزیزہ۔ شریفہ۔ (اَعَزُّ کا مؤنث)۔ قریش کے ایک بت کا نام۔
العَزَّاء شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوند کی بارش۔
المِعْزَازُ سخت مرض والا۔
المَعْزُوْزَۃُ سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔

عَزَبَ (ن) عُزْبَۃً و عُزُوْبَۃً بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزَبَ (ن ض) عُزُوْبًا دور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عَازِب عَزَبَتِ الاَرْضُ زمین کا ویران ہونا۔
عَزَّبَ دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ دور ہونا ہٗ دور کرنا۔ بے زوج کر دینا۔
تَعَزَّبَ مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
العَازِبُ فا۔ دور کی چراگاہ۔
العَازِبَۃُ مؤنث عَازِب مرد کی بیوی ج عَوَازِب۔
العَزَبُ وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ "عَزَبٌ" مرد کیلئے اور عَزَبَۃٌ مؤنث کیلئے۔ ج عُزَّاب و اَعْزَابٌ۔
الاَعْزَبُ وہ شخص جس کے اہل و عیال نہ ہوں۔ وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو۔ مؤنث عَزْبَاءُ ج عُزْبٌ۔
المِعْزَبَۃُ باندی۔ لونڈی (والمُعْزِبَۃُ) بیوی۔
المِعْزَابُ والمِعْزَابَۃُ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لیے لے جائے
المِعْزَابَۃُ جس کے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔
عَزَجَ (ن) عَزَجًا الرَّجُلُ دفع کرنا الاَرْضَ بِالمِسْحَاۃِ بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔
عَزَرَ (ض) عَزْرًا ملامت کرنا۔ اعانت کرنا۔ جماع کرنا ہٗ عَنْ کَذَا منع کرنا۔ واپس کر دینا ہٗ عَلَی الاَمْرِ خبر دینا۔ ہٗ عَلَی الفَرَائِضِ وَالاَحْکَامِ فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔
عَزَّرَہٗ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔
العَزْوَرُ والعَزَوَّرُ بدخلق۔
العَزْوَرَۃُ مؤنث۔ عَزْوَرُ ٹیلہ۔

العَزَائِرُ لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)
العَزِیْرُ والعَزَائِرُ کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔
عَزْعَزَہٗ عزت میں غالب آنا۔
عَزَطَ (ن) عَزْطًا جماع کرنا۔
عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا و عُزُوْفًا نَفْسُہٗ و عَنِ الشَّیْءِ بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (عَزْفًا) نَفْسَہٗ عَنْ کَذَا منع کرنا (عَزْفًا و عَزِیْفًا) آواز دینا۔ گانا۔
عَزَّفَ آواز دینا۔
اَعْزَفَ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
تَعَازَفُوْا ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ برائی کیلئے آمادہ ہونا۔
العَازِفُ آلاتِ لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔
العَزْفُ دف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ۔
العُزَفُ جنگلی کبوتر۔
العَزُوْفُ والعَزُوْفَۃُ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّھْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عُزَّاف عَزُوْفَۃٌ میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
التَّعْزَافُ بمعنی عَزْف مصدر۔
العَزَّافُ بہت باجا بجانے والا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ بہت گرجنے والا بادل۔
المِعْزَفُ والمِعْزَفَۃُ گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِف۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ شرارت کے لئے تیار ہونا۔
عَزَقَ (ن) عَزْقًا ہٗ تیز دوڑنا الخَبَرَ عَنِّیْ روک لینا ہٗ ضرب لگانے میں مبالغہ کرنا۔
عَزَقَ (ض) عَزْقًا الاَرْضَ زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔
عَزِقَ (س) عَزَقًا بِہٖ چپکنا۔
العَزِقُ بدخلق۔ ج عُزُق۔
العَزُوْقُ والعَزُوْقُ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ

عَزُوقٌ: سخت مزاج بخیل وبدخو مرد۔
العَزِیق. مِنَ الْاَرْضِ: پست زمین۔
المِعْزَق والمِعْزَقَة. ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج مَعَازِق.
المُتَعَزِّق. بدخلق۔
عَزَلَهٗ (ض) عَزْلًا. عَنْ كَذَا: جدا کر دینا فُلَانًا عَنْ مَنْصَبِهٖ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ہ عَنْ عَمَلِهٖ: باز رکھنا۔
عَزَّلَهٗ. ایک جانب کر دینا۔
تَعَزَّلَ و اِعْتَزَلَ. الشَّیْءَ و عَنْهُ: جدا ہو جانا۔
تَعَازَلَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
العَزَل. بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمَارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزَلَة: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے ٹکے۔
العُزْل والعِزَال. کمزوری۔
العُزْلَة. جدائی۔ گوشہ نشینی۔
اَلْعَازِلُ وہ مادہ جو بجلی اور گرمی کے داخل ہونے کا روکے۔ خشک لکڑی دونوں کو روکتی ہے۔ اور شیشہ بجلی کو روکتا ہے۔
العُزُل. بے ہتھیار مرد ج اَعْزَال.
الاَعْزَل. علیحدہ ریت کا ڈھیر۔ بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزْل واَعْزَال وعُزَّل وعُزْلَان. مؤنث عَزْلَاء. الاَعْزَل مِنَ الدَّوَابِّ دُم کو جھکا ہوا رکھنے والا مِنَ الطَّیْرِ: پرندہ جو اُڑنے پر قادر نہ ہو۔ الاَعْزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رَامِح" ہے۔
العَزْلَاء. اَلْاَعْزَل کا مؤنث۔ دبر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِی والعَزَالَی. کہا جاتا ہے "اَنْزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِیَهَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدتِ بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هُوَ عَنِ الْحَقِّ بِمَعْزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید وجداگانہ ہے۔
المُعْتَزِلَة والعُزَّال. قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔
المِعْزَال. علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اُترنے والا۔ خود رائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج مَعَازِیل.
عَزَمَ (ض) عَزْمًا وعُزْمًا ومَعْزَمًا و مَعْزِمًا وعَزِیمًا وعَزْمَةً وعَزِیمَةً وعُزْمَانًا الاَمْرَ و عَلَیْهِ پختہ ارادہ کرنا الرَّجُلُ: کوشش کرنا الاَمْرُ: واجب ہونا فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عَزَمْتُ عَلَیْكَ لَتَفْعَلَنَّ اِلَّا فَعَلْتَ اَوْلَمَّا فَعَلْتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (وعَزَّمَ) الرَّاقِی: منتر پڑھنا۔
اِعْتَزَمَهُ الاَمْرَ و عَلَیْهِ: ارادہ کرنا الطَّرِیقَ بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا الفَرَسُ فِی عِنَانِهٖ: سرکشی کرنا۔
تَعَزَّمَ. الاَمْرَ وعَلَی الاَمْرِ: ارادہ کرنا۔
العَزْم. پختہ ارادہ۔
العُزْمَة. خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم.
العَزْمَة. حق۔ واجب ج عَزَمَات.
عَزَمَاتُ اللّٰهِ وعَزَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے حقوق فرائض۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ عَزْمَةٌ" اس کیلئے ثابت وصبر نہیں۔
العَزْمِیّ. کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔
اُمُّ العِزْمِ والعِزْمَة واُمُّ عِزْمَةَ. دبر۔
العَزِیم. تیز دوڑ۔
العَزِیمَة. مؤکد ارادہ۔ منتر ج عَزَائِم.
العَازِم. فا۔ ج عَزَمَة وعَازِمُونَ. اَمْرٌ عَازِمٌ کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَزُوم. ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ دبر۔ ج عُزُم.
العَزَّام. صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المُعَزِّم. فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عَزَا یَعْزُو عَزْوًا. الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ: نسبت کرنا (عَزَاءً) الرَّجُلُ: صبر کرنا۔
عَزَا یَعْزُو وعَزْوًا وتَعَزّٰی تَعَزِّیًا اِعْتَزٰی اِعْتِزَاءً لِفُلَانٍ والٰی فُلَانٍ: منسوب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عِزَاء) ہے۔ اور اسی سے ہے "اِعْتَزٰی بِعَزَاءِ الجَاهِلِیَّةِ."
العِزَة. لوگوں کی جماعت ج عِزًی وعِزُونَ.
العِزْوَة. انتساب۔ صبر۔
عَزٰی یَعْزِی عَزْیًا الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ نسبت کرنا۔
عَزِیَ یَعْزٰی عَزَاءً. مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عَزٍ. صفت مؤنث عَزِیَّة.
عَزّٰی تَعْزِیَةً. الرَّجُلَ: تسلی دینا۔
تَعَزّٰی تَعَزِّیًا. اِلَیْهِ: منسوب ہونا عَنْهُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تَعَازٰی تَعَازِیًا. القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العَزِیّ. صابر۔
العِزْیَة. انتساب۔
الاِعْتِزَاء. دعویٰ کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا الخَبَرُ: دیر سے پہنچنا۔
عَسَّ. القَوْمَ: تھوڑا سا کھلانا۔
اِعْتَسَّ. رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ الشَّیْءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العَسَس. رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عَاسٍّ کی۔
العُسّ. بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عِسَاس و عِسَسَة واَعْسَاس وعُسُس.
العَاسّ. رات کا چوکیدار ج عَسَس وعَسِیس.
العَسَّاس. رات کا چوکیدار۔
العَسُوس. دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔

المَعَسّ. مطلب۔
اَعْسَبَ. الذِئْبُ: بھیڑیے کا بھاگنا۔
اَعْسَبَهُ جَمَلَهُ اُونٹ عاریت پر دینا۔
اِسْتَعْسَبَ مِنْهُ ناپسند کرنا فُلَانًا جَمَلَهُ: اُونٹ عاریت پر لینا۔
العَسْب. نسل۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ اللّٰهُ عَسْبَهُ اللہ اس کی نسل کو منقطع کردے۔
العَسْبَة اسم مرة۔ پہاڑ میں شگاف۔
العَسُوب رئیس اعظم۔
العَسِيب دُم کی ہڈی یا اس پر بال اُگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دُور کردیے گئے ہوں۔ پہاڑ کا شگاف ج عُسْب وعُسُب وعُسْبان۔
اليَعْسُوب شہد کی نر مکھی۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ اليَعْسُوب رئیس اعظم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَعْسُوب قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج يَعَاسِيب۔
العُسْبُرُ چیتاج عَسَابِر۔
العُسْبُرَة مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اُونٹنی۔
العِسْبَار. بجو کے مانند ایک درندہ۔ اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیے کا بچہ۔
العُسْبُور والعُسْبُورَة کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے۔
عَسَجَ(ن ض) عَسْجًا وعَسَجَانًا و عَسِيجًا چلنے میں گردن اُٹھانا۔
اِعْسَجَّ الشيخُ بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا۔
العَوْسَج. ایک کانٹے دار درخت۔ واحد عَوْسَجَة۔
العَسْجَد. سونا۔ جوہر مانند موتی یاقوت وغیرہ۔ مضبوط موٹا اُونٹ۔
العَسْجَدِيَّة. شاہی سواریاں۔ اور یہ اصل میں ان اُونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے۔
عَسْجَرَ الطعامَ کھانے میں نمک ڈالنا۔ الرَّجُلُ بہت تیز نظر سے دیکھنا۔
العَسْجَر نمک۔

عَسَدَ(ض) عَسْدًا. الحَبْلَ رَسّی مضبوط بٹنا۔
العِسْوَدّ. بہت مضبوط۔ سانپ۔
عَسَرَ(ن ض) عَسْرًا وعُسْرًا. الغَرِيمَ: تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا الزَّمانُ سخت ہونا عَلَى فُلَانٍ: مخالف ہونا عَلَيْهِ مَا فِي بَطْنِهِ پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا۔
عَسَرَهُ(ض) عَسْرًا. بائیں جانب سے آنا۔ عَسَرَت وعَسَرَانًا النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دوڑنے میں دُم اُٹھانا المَرْأَةُ عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَسِرَ(س) عَسَرًا. بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ صفت مذکر اَعْسَر صفت مؤنث عَسْراءج عُسْر.
عَسِرَ(س) عُسْرًا وعُسُرًا وعَسَرًا ومَعْسُورًا وعَسُرَ(ک) عُسْرًا وعَسَارَة دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَسُرَ عَلَيْهِ الأمْرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہوگیا الرَّجُلُ بد خلق ہونا۔ صفت عَسِر وعَسِير.
عَسَّرَ الأمرَ دشوار کرنا عَلَيْهِ تنگ کرنا۔ مخالفت کرنا ہ بائیں جانب سے آنا۔
اَعْسَرَ. تنگ دست ہونا الغَرِيمَ قرض دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا۔ اَعْسَرَتِ المَرْأَةُ عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً تنگی کا معاملہ کرنا۔
تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَيْهِ الأمرُ دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا عَلَيْهِ القَوْلُ ملتبس ہونا۔ تَعَاسَرَ البَيِّعَانِ بائع مشتری کا متفق نہ ہونا۔
اِعْتَسَرَهُ مجبور کرنا الكَلَامَ قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا۔
اِسْتَعْسَرَ. الأمرَ دشوار پانا الأمْرُ عَلَيْهِ: سخت اور پیچیدہ ہونا۔
العُسْر والعُسُر تنگ دستی۔ سختی۔ تنگی۔
العُسْرَة والعُسْرَى والمَعْسَرَة والمَعْسُرَة تنگی اور سختی۔
الأعْسَر بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَعْسَرُ يَسَرٌ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے۔ "يَوْمٌ اَعْسَر" یعنی سخت اور منحوس دن۔
العُسْرَى مؤنث الاعسر: تنگی۔ دشواری۔
المُعْسِر. اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا۔
المَعْسُور. تنگ حال۔
عَسْعَسَ. اللَّيْلُ: رات کا گزرنا۔ رات کا تاریک ہونا السَّحَابُ: بادل کا زمین سے قریب ہونا الأمرَ: مشتبہ کردینا۔ معمہ بنا دینا الشَّيْءَ: حرکت دینا (وتَعَسْعَسَ الذِئْبُ:) بھیڑیے کا رات میں پھرنا۔ تَعَسْعَسَ الشَّيْءَ سونگھنا۔
العَسْعَس. رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔
العَسْعَاس. رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔
سراب ہر چیز میں سے ہلکا۔
عَسَفَ(ض) عَسْفًا السُّلْطَانُ: ظلم کرنا۔ جور کرنا ہ: ظلم کرنا۔ خدمت لینا الدَّمْعُ الجُفُونَ: آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا الشَّيْءَ: زبردستی لے لینا۔ فِي الأمْرِ: بغیر سوچے سمجھے کرنا لِفُلَانٍ: کسی کے لیے کام کرنا۔ الطَّرِيقَ و عَنِ الطَّرِيقِ راستے سے ہٹ جانا۔
المَفَازَةَ بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يَعْسِفُ اللَّيْلَ و بِاللَّيْلِ" مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا۔
اَعْسَفَ. رات میں بے راہ چلنا۔ غلام سے سخت کام لینا۔
عَسَّفَ بغیر علامت نشان کے چلنا البَعِيرَ: چلنے سے تھکا دینا۔
تَعَسَّفَ. فِي القَوْلِ: بے راہ روی کرنا۔ ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو عَنِ الطَّرِيقِ: ہٹ جانا الأمْرَ: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا فُلَانًا. ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔
اِعْتَسَفَ عَنِ الطَّرِيقِ راستے سے ہٹ جانا

الطَرِيْقَ: راستہ کو بغیر جانے پہچانے چلنا فلانًا: الاَمر: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا۔
ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔
اِنعَسَفَ الشَئُ: مڑنا۔
العَسْف. ظلم۔ موت۔
العَاسِف. فا۔ مِنَ الابل: عساف کی بیماری والا اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ عَاسِف" ج عَوَاسِف.
العُسَاف. اُونٹوں میں ایک بیماری۔ جس میں سانس زیادہ لیتا ہے۔
العَسُوْف والعَسَّاف والمِعْسَف. بہت ظالم۔
العَسِيْف. مزدور ج عُسَفاء و عِسَفة.
العِسِّيْف. بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا فِي مَعَاسِيْفِ اَلبِيْد و مَعَامِيْهَا" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا۔
عَسِق (س) عَسَقًا و تَعَسَّقَ بِهِ: چمٹنا۔ عَلَيْهِ: طلب کرنے میں اصرار کرنا۔
العَسَق. تنگ خوئی۔ اول رات کی تاریکی۔
العَسِيْقَة. ردی شراب۔
عَسْقَل. السَرابُ: سراب کا چمکنا۔ الرَاس: سر کا اوپر کا حصہ۔
العَسَاقِل والعَسَاقِيْل. سراب۔ متفرق بادل۔ صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔
عَسِكَ (س) عَسْكًا بِهِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَعَسَّكَ. الرَجُلُ فِيْ مَشْيِهِ: مٹک کر چلنا۔
عَسْكَرَ القَوْمُ: جمع ہونا۔ اللَيْلُ: تاریکی زیادہ ہونا۔ الشَئَ: جمع کرنا۔ جمع کردہ کو مُعَسْكَر کہتے ہیں۔
العَسْكَر. جمع۔ لشکر ج عَسَاكِر ہر چیز کا بہت۔ کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْهُ عَسَاكِر الهَمِّ" غم کی کثرت اس سے دور ہو گئی۔
العَسْكَرة. سختی و خشک سالی۔
عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا وعَسَّل الطَعَام: کھانے میں شہد ملانا۔ عَسَل وعَسَّل القَوْمَ: شہد کھلانا۔ شہد کا توشہ دینا۔ عَسَّلتِ النحل: مکھیوں کا شہد بنانا۔ عَسَّل الشَئُ: شہد جیسا ہونا۔ عَسَّل النائم: اونگھنا۔
عَسَلَ (ض) عَسَلًا وعُسُوْلًا وعَسَلَانًا الرُمْحُ: زیادہ حرکت کرنا۔ المَرْاَةَ: جماع کرنا۔
عَسَل (ن) عَسَلًا وعَسَلَانًا المَاءُ: ہوا کی وجہ سے لہرانا۔
اِسْتَعْسَل. شہد طلب کرنا۔ اِسْتَعْسَلَتِ النَحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہا جاتا ہے عَسَلًا لَهُ بمعنی تَعْسًا لَه یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو۔
العَسَل. شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَال وعُسْل وعُسُل وعُسُوْل وعُسْلَان. تھوڑے سے کو عَسَلَة کہتے ہیں۔ العَسَل: کھجور کا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لِفُلَانٍ مَضْرَبُ عَسَلَةٍ" یعنی فلاں کیلئے نسب نہیں۔ "مَا تَرَكَ لَه مَضْرِبَ عَسَلَةٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔
العَسَلِيُّ. شہد کے رنگ کا۔
العَاسِل. فا (والعَسُوْل) نیکوکار جس کی ثنا وصفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسَّل.
العَاسِل. شہد نکالنے والا ج عُسَّل وعَواسِل. بھیڑیا۔ رُمْحٌ عَاسِلٌ وعَسَّالٌ وعَسُوْلٌ نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔
العَسَّال بمعنی العَاسِل.
خَلِيَّةٌ عَاسِلَة چھتہ مع شہد کے۔
العَسَّالَة. چھتہ۔
العَسَّالَة. شہد کی مکھی۔ شہد کے نکالنے والے۔
العَسِيْل. عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے۔ ہاتھی اور اُونٹ کا عضو تناسل ج عُسُل.
المَعْسَلَة والمَعْسُلَة. شہد کا چھتہ۔
المَعْسُوْل. مثل۔ رَجُلٌ مَعْسُوْلٌ: شیریں زبان۔ خوش آواز۔ مَعْسُوْلُ المَواعِيْد: سچے وعدے۔
عَسْلَجَ. الشجرُ: نرم ٹہنیاں نکالنا۔
العُسْلُج. نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِج.
العُسْلُوْج. نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِيْج.
عَسْلَطَ. غیر مربوط کلام بولنا۔
كَلَامٌ مُعَسْلَطٌ. غیر مربوط گفتگو۔
عَسَمَ (ض) عَسْمًا وعُسُوْمًا فِي الاَمْرِ: لالچ کرنا۔ کوشش کرنا۔ عَسَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا بہہ پڑنا۔ آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔
عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ او الكَفُ: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔ صفت مذکر اَعْسَم. صفت مؤنث عَسْمَاء.
اَعْسَمَ يدہ: خشک کر دینا۔ اَعْسَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔
اِعتَسَم. کمائی کرنا فلانًا: کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔
العَسوم. بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ ج عُسُم.
العَاسِم. بمعنی العَسُوْم.
العَسَمَة والعُسُوْم. خشک روٹی کے ٹکڑے
العُسُوْم: قلت۔
المَعْسَم. جائے طمع۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ فِيْ بَنِي فُلَانٍ مَعْسَم".
العُقْبَة. باری۔ بدل۔ تم کہتے ہو "تَمَّتْ عُقْبَتُكَ" تمہاری باری پوری ہوگئی "اَخَذْتُ مِنْ اَسِیْرِی عُقْبَةً" میں نے اپنے قیدی سے بدلہ لے لیا۔ العُقْبَةُ مِنَ الجَمَالِ: حسن کا اثر۔

العُقْبَةُ: کھانے کے بعد جو میٹھی چیز کھائی جائے۔ شوربے کا بقیہ حصہ جو ہانڈی والے کو دیا جائے۔ رات دن۔ اس لیے کہ یہ باری باری آتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عُقْبَةُ بَنِي فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا آخری ہے ج عُقَب اَبُوْ عُقْبَةَ: سور۔

العِقْبَة. حسن کا اثر۔

العَقَبَة. دشوار گزار گھاٹی۔ پہاڑی و دشوار راستہ۔ ج عِقَاب و عَقَبَات.

العُقْبٰی. کام کا بدلہ۔ ہر چیز کا آخر۔ آخرت۔

العُقُوبَة والعِقَاب والمُعَاقَبَة. بدی کا بدلہ۔ سزا۔

العُقَاب. ایک قوی شکاری پرندہ ج عِقْبان واَعْقُب جج عَقَابِیْن. العُقَاب: ایک ستارے کا نام۔ حوض کی طرف پانی کی نالی۔ ٹیلہ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے۔

العَقِیْب. پیرو۔ پیچھے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَقِیْبُه" وہ اس کے پیچھے پیچھے آتا ہے۔

العَقُوْب. امورِ خیر میں پیروی کرنے والا۔ اچھا جانشین۔

العاقِب. فا۔ نائب۔ اچھا جانشین۔

العاقِبَة. مؤنث۔ عاقب۔ نسل۔ ہر چیز کا آخر۔ اچھا بدلہ۔ ج عواقب۔

العُقْبَان. بمعنی عاقبت۔

العُقَیْب. ایک شکاری پرندہ جو چوہے اور خرگوش وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کو "مُرْزَة" بھی کہتے ہیں۔

المعقب. ہانکنے میں ماہر۔ اوڑھنی۔ بالی۔

المِعْقَاب. وہ عورت جس کی عادت ہو کہ ایک بار لڑکا جنے اور دوسری مرتبہ لڑکی۔ وہ مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔

المُعَاقِب. فا۔ بدلہ لینے والا۔

المُعَقِّبات۔ رات دن کے فرشتے۔ تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔

الیَعْقُوب۔ نر چکور۔ ج یَعاقِیب یا زائدہ ہے۔

العُقْبُول والعُقْبُولَة۔ سختی۔ بیماری یا عداوت کا بقیہ۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقابِیل۔

عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ: گرہ لگانا۔ البَیْعَ او الیَمِینَ: بیع یا قسم کو پکا کرنا۔ الحاسِبُ: حساب لگانا۔ ہ عَلَی الشَّیْ: معاہدہ کرنا۔ لَہُ الشَّیْ: ضامن ہونا۔ الخَیْطَ: دھاگے میں گرہ لگانا۔ البَنَّاءُ: معمار کا محراب بنانا۔ البِناءَ بالجَصِّ: عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا۔ الزَّهْرُ: پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔ العَسَلُ و نَحْوُہ: شہد کا گاڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِیَتَه" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کیلئے تیار ہوا۔ "عَقَدَ عُنُقَه اِلَیْهِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَهُ الرِّئَاسَةَ فِی قَوْمِه" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنا دیا "عَقَدَ لَهُ عَلَی الجَیْشِ" یعنی اس کو لشکر کا سردار بنا دیا۔

عَقِدَ (س) عَقَدًا۔ گرہ دار زبان والا ہونا اللِّسانُ: زبان کا رکنا۔ صفت اَعْقَد و عَقِد۔

عَقَّدَ۔ البَیْتَ: محراب بنانا۔ الیَمِینَ: قسم کو پکا کرنا۔ الحَبْلَ: رسّی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا۔ الکَلامَ: مبہم کلام کرنا (واَعْقَد) الدِّبْسَ و نَحْوَہ: شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔

عاقَدَہُ مُعاقَدَة۔ معاہدہ کرنا۔

تَعَقَّدَ۔ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا۔ الرَّمْلُ: ریت کا تہ بہ تہ ہونا۔ السَّحابُ: بادل کا محراب کے مانند ہونا۔ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ الاِخاءُ: مضبوط ہونا۔

اِنْعَقَدَ۔ گرہ لگنا۔ الاَمْرُ لِفُلان: خالص ہونا۔ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا۔ الزَّهْرُ: پھول کے اجزاء کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔

تَعاقَدَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔

اِعْتَقَدَ۔ المالَ: جمع کرنا۔ الاَمْرَ: تصدیق کرنا، نہایت پختہ یقین رکھنا۔ دین بنانا۔ الشَّیْ: سخت ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوَی" جبکہ گٹھلی سخت ہو جائے الاِخاءُ بَیْنَهُما: سچی ہونا۔ ثابت ہونا۔ باندھنا الدُّرَّ ونَحْوَہ: موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔

العَقْد۔ محراب ج اعقاد و عقود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس، بیس، تیس، نوے تک۔

العِقْد۔ ہار ج عُقُود۔

العَقِد و العَقَد۔ ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَة والعَقَدَة۔

العُقْدَة۔ گرہ۔ جائیداد۔ شہر کی حکومت۔ حاکموں کی بیعت مِن کُلِّ شَیْ: ہر چیز کی مضبوطی۔ اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔ بہت درختوں والی جگہ۔ جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقْدَتُه" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

العاقِد۔ فا۔ ج عَقَدَة کہا جاتا ہے "جاءَ عاقِدًا عُنُقَه" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔

العاقِدَة۔ مؤنث عاقِد ج عاقِد و عاقِدات العاقدات: جادوگرنیاں۔

العَقَدَة۔ زبان کی جڑ۔

العَقَّاد۔ بہت عقد کرنے والا۔ دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

العِقادَة۔ دھاگہ گھنڈی بنانے کا پیشہ۔

العَقِید۔ معاہدہ کرنے والا مِنَ الدِّبْسِ: گاڑھا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ عَقِیدُ الکَرَمِ اَوِ اللُّؤْمِ" یعنی فلاں آدمی طبعًا کریم یا لئیم ہے۔

العَقِیدَة۔ جس پر پختہ یقین کیا جائے۔ جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ ج عقائد۔

الاَعْقَد۔ وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔ جس میں گرہیں ہوں۔ کتا یا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔ مؤنث عَقْداء ج عُقْد۔

العُنْقُود والعِنْقاد مِنَ العِنَبِ و نحوہ گچھا۔ ج عَناقِیْد۔

المَعْقِد۔ گرہ بندھنے کی جگہ۔ جوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّی مَعْقِدَ الاِزارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعاقِد۔

المَعاقِد: وہ منازل جہاں بار بار لوٹ لوٹ کر آئیں۔

المِعْقاد۔ بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لیے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔

المُعَقِّد۔ فا۔ جادوگر۔

المُعْتَقَد۔ اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔

عَقَرَہ (ض) عَقْرًا: زخمی کرنا۔ ذبح کرنا۔ عَقَرَ الاِبِلَ: کونچیں کاٹنا۔ عَقَرَ بِه: چلنے سے روک دینا۔ بالصَّیْدِ: شکار کے پیچھے لگنا۔

عَقَرَتْ (ض) عَقْرًا و عُقْرًا و عُقارًا و عَقُرَتْ (ک) عُقْرًا و عَقارَةً و عِقارَةً و عُقِرَتْ۔ المرأةُ او النّاقةُ: بانجھ ہونا۔ صفت العاقِر۔

عَقُرَ (ک) عُقْرًا۔ الاَمْرُ: بے نتیجہ ہونا۔

عَقِرَ (س) عَقَرًا۔ دہشت زدہ ہونا۔ متحیر ہونا۔ کانپنا۔

عَقَّرَ الاِبِلَ: اونٹ کو بہت زخمی کرنا۔

عاقَرَ مُعاقَرَةً۔ الشَّیْ: لازم پکڑنا۔ ہیشگی کرنا۔ الخَمْرَ: شراب پینے میں مداومت کرنا ہ: گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ ہجو کرنا۔ اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔

اَعْقَرَہُ۔ دہشت زدہ کرنا۔ اَعْقَرَ اللهُ المَرْأةَ: عورت کو بانجھ کر دینا۔

تَعَقَّرَ النَّباتُ: نباتات کا لمبا ہونا۔ شَحْمُ النّاقَةِ: چربی کا گٹھا ہوا ہونا۔ الرَّجُلُ: جائیداد

زیادہ ہونا الغیثُ : لگاتار بارش ہونا (واعتقر وانعقر) ظَهْرُ الدَّابَّةِ مِنَ الرَّحْلِ او السَّرْجِ: کجاوہ یا زین سے جانور کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ اِنْعَقَرَتْ قَوَائِمُ البَعِيْرِ: کونچیں کٹ جانا۔
تَعَاقَرَ الرَّاعِيَانِ: اُونٹ کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔
العَقْر. گھر کا درمیانی حصہ۔ محلہ۔ قوم۔ بلند عمارت۔ اُترنے کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔
العُقْر. عورت کا مہر۔ قوم کے اُترنے کی جگہ۔ حوض کا پچھلا حصہ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ گھر میں عمدہ جگہ۔ بہترین گھاس۔ قصیدے کا بہتر شعر۔ محل۔ ج اَعْقَار.
بیضة العُقْر: مرغی کا پہلا انڈا۔ العُقْر: بانجھ (والعُقُر) بڑی آگ۔
العَقْرة والعُقْرة والعَقَارَة. بانجھ پن۔
العَقْرَاء. مؤنث الاَعْقَر. اُونچا ٹیلہ۔
العَقَار. گھر کا سامان۔ جائیداد ہر غیر منقول چیز۔ سرخ رنگ ج عَقَارَات.
العُقَار. گھر کا سامان۔ عمدہ مال۔ بہترین گھاس۔ شراب۔
العُقَر والعُقَرة والمِعْقَر. جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ اِمرأة عقرة: رحم کی بیماری والی عورت۔
العَقَّار. بہت زخمی کرنے والا۔ درخت۔ جڑی بوٹی سے علاج کرنے والا۔ دوا۔ ج عَقَاقِيْر.
العِقِّيْر. صیغہ مبالغہ۔ درخت۔
العَقُوْر. کاٹ کھانے والا جانور ج عُقُر.
العُقْرة والعَاقُوْر والمِعْقَر والمِعْقَار والمُعَقِّر. مِنَ السروج: پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین۔
العَقِيْر. زخمی۔ دہشت زدہ ج عَقْرَى
رَجُلٌ عَقِيْرٌ: بے اولاد مرد۔
العَقِيْرَة. زخمی شکار۔ کٹی ہوئی پنڈلی۔ گانے والے یا رونے والے یا پڑھنے والے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ عَقِيْرَتَه" آواز بلند کی نَخْلَةٌ عَقِيْرَةٌ کٹے ہوئے سر کا درخت خرما۔
العَاقِر. بانجھ عورت ج عُقَّر و عَوَاقِر.
رَجُلٌ عَاقِرٌ: بے اولاد مرد ج عُقَّر.
الاَعْقَر. اُونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔ مؤنث عَقْرَاء ج عُقْر.
العَقْرَى. جائیداد۔
المُعْقِر. بہت جائیداد والا۔
اَرْضٌ مَعْقَرَة. بہت بچھوؤں والی زمین۔
العَقْرَب. بچھو۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور غالب تانیث ہے۔ اُمُّ عَرِيْط او اُمُّ ساهرة کنیت ہے اور کہا جاتا ہے کہ نر کو عقربان کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مادہ کو عَقْرَبَة کہتے ہیں۔ ج عَقَارِب.
العَقْرَب: آسمان کے ایک برج کا نام۔
العَقَارِب: سختیاں۔ چغلیاں۔ کہا جاتا ہے دَبَّتْ عَقَارِبُه. ودَبَّتْ مِنْهُ ; عَقَارِبُ السَّعَايَةِ وَاِنَّه لَتَدِبُّ عَقَارِبُهُ" یعنی وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عَيْشٌ ذُوْ عَقَارِب: سختی و تنگی کی زندگی۔ عَقَارِبُ الشِّتَاءِ : ٹھنڈک کی سختی۔ عَقْرَبُ السَّاعَةِ: گھڑی کی سوئی۔
العَقْرَبَاء. مادہ بچھو۔
اَرْضٌ مُعَقْرِبَة. بہت بچھوؤں والی زمین۔
المُعَقْرَب. موڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔ گٹھا ہوا مضبوط جسم۔ کامل مددگار۔
العَقَرْطَل والعِقَرْطِل. مادہ ہاتھی۔ ہتھنی۔
عَقَشَ (ن) عَقْشًا. العُودَ: لکڑی کو موڑنا المالَ: جمع کرنا۔
عَقَصَ (ض) عَقْصًا. الشَّعْرَ: بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا المَرْاَةُ شَعْرَهَا: عورت کا جوڑا باندھنا۔
عَقِصَ (س) عَقَصًا. التَّيْسُ: مینڈھے کا پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا الرَّجُلُ: بخیل ہونا۔ بد خلق ہونا۔ مڑی ہوئی اُنگلی والا ہونا۔
العَقِص. بخیل۔ بد خلق۔ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔
العُقْصَة. مِنَ القَرْنِ وغَيْرِهِ : سینگ وغیرہ کی گرہ ج عُقَص.
العِقْصَةُ. چوٹی ج عِقَص و عِقَاص.
العَقِيْصَةُ. چوٹی ج عَقَائِص و عِقَاص.
العِقَاص. موباف ج عُقُص.
الاَعْقَص. وہ شخص جس کی اُنگلیاں مڑی ہوئی ہوں۔ جس کے دو اگلے دانت اندر کو گھسے ہوئے ہوں۔ بخیل مِنَ التُّيُوْسِ مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ مؤنث عَقْصَاء ج عُقْصٌ.
المِعْقَص. ٹیڑھا تیر۔ ج مَعَاقِص.
المِعْقَاص. مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ بکری۔
عَقْعَقَ عَقْعَقَةً الطَّائِرُ بِصَوْتِهِ: کنکری کرنا۔
العَقْعَق. کوّے کی شکل کا ایک پرندہ۔ کوا۔ عوام اسے فعق کہتے ہیں اور عرب اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔
عَقَفَ (ض) عَقْفًا و عَقَّفَ العُوْدَ و نَحْوَه: فتعقّف وانعقف: کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔ پس مڑ جانا اور ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت اَعْقَف و مَعْقُوْف.
العَقْفَاء. مؤنث اعقف۔ لکڑی یا لوہا جس کے کنارے پر کجی ہو مڑے ہوئے سینگ کی بکری ج عُقْف (والعُقَيْفَاء) ایک گھاس ہے جس سے بکریاں مر جاتی ہیں۔
العَقُوْف. مِنْ ضُرُوْعِ البَقَرِ: گائے کا تھن کہ دوہتے وقت دودھ سیدھا نہ نکلے۔
العُقَاف. بکریوں کا ایک مرض جس سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں ایسی بکری کو عاقف کہتے ہیں اور اس کی جمع عَوَاقِف ہے۔
العُقَّافَه. لکڑی جس کے ایک طرف کجی ہو شَوْكَةٌ عَقِيْفَة. مڑا ہوا کانٹا۔
المَعْقُوْف. مڑا ہوا۔ وہ جانور جس کو

عُقَاف کی بیماری ہو۔ شَیْخٌ مَعْقُوْفٌ: خمیدہ کمر بڈھا۔

عَقَلَ (ن ض) عَقْلًا. الدَّوَاءُ بطْنَه: دواء کا قبض کر دینا البَعِیْرَ: ٹانگ ران ملا کر رسّی سے باندھنا المَرْأَةُ شَعْرَھَا: بالوں میں کنگھا کرنا القَتِیْلَ: مقتول کی دیت ادا کرنا عَنْ فُلَان: کسی کی جانب سے تاوان یا دیت ادا کرنا لَهٗ دَمَ فُلَانٍ: دیت پر راضی ہو جانا اور قصاص کو چھوڑ دینا۔

عَقَلَ (ض) عَقْلًا و مَعْقُولًا الغُلَامُ: لڑکا کا سمجھدار ہونا۔ دانا ہونا فُلَانٌ بَعْدَ الصَّبا غلطی کو پہچان لینا (عَقْلًا) الشَّیْءَ: سمجھنا۔ تدبر کرنا۔ صفت عاقِل۔ ج عَاقِلُوْنَ و عُقَلَاءِ و عُقَّال. صفت مؤنث عاقِلَةٌ ج عَاقِلَاتٌ و عَوَاقِل.

عَقَلَ (ض) عَقْلًا و عُقُوْلًا المُصَارِعُ خَصَمَهُ: ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرانا الوَعْلُ: بلند پہاڑ پر چڑھ جانا اور محفوظ ہو جانا۔ اِلَیْهِ: پناہ لینا۔

عَقِلَ (س) عَقَلًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا ٹیڑھی ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَعْقَل مؤنث عَقْلَاء ج عُقِل.

عَقَّلَ. الغُلَامُ: لڑکے کا عقل مند ہونا۔ الغُلَامَ: لڑکے کو عقل مند بنانا البَعِیْرَ: اُونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا الرَّجُل عَنْ حَاجَتِهٖ: روک دینا۔

عَاقَلَه مُعَاقَلَةً. سمجھ بوجھ میں مقابلہ کرنا۔

اَعْقَلَهُ. عقل مند پانا۔ اَعْقَلَ الرَّجُلُ: سال کی زکوۃ واجب ہونا۔

تَعَقَّلَ الغُلَامُ: لڑکے کا سمجھ دار ہونا۔ بتکلف عقل مند بننا۔ تَعَقَّلَهُ: منع کرنا۔ روکنا۔ تَعَقَّلَ الرِّجْلَ: پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا الرَّحْلَ اَوِ السَّرْجَ: کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا۔

تَعَاقَلَ. بتکلف عقلمند بننا۔ تعاقَلُوْا دَمَ القَتِیْلِ: دیت کے ادا کرنے میں شریک ہونا۔

اِعْتَقَلَ الرُّمْحَ: نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا البَعِیْرَ: اُونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا الرَّحْلَ اَوِ السَّرْجَ: کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا مِنْ دَمِ فُلَان: دیت لینا الدَّوَاءُ بَطْنَه: دوا کا قبض کرنا۔ الرِّجْلَ: پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا۔ اِعْتَقَلَه: روکنا۔ ٹانگ میں ٹانگ لگا کر پچھاڑنا الشَّاةَ: بکری کی ٹانگ کو اپنی ران اور پنڈلی کے درمیان دبا کر دوہنا۔

اُعْتُقِلَ. لِسَانُهٗ: زبان بند ہو جانا۔

العَقْل. روحانی نور جس سے غیر محسوس چیزوں کا ادراک ہوتا ہے۔ دل۔ دیت ج عُقُول.

العَقْلِيُّ. عقل کی طرف نسبت۔ جس میں حس باطنی کو دخل نہ ہو۔

العَقَلَة. زبان کی روک۔

العُقْلَة. جس سے باندھا جائے ج عُقَل.

العِقَال. رسّی جس سے اُونٹ کے زانو کو باندھا جائے۔ سر پر باندھنے کی رسّی۔

العِقَال. اُونٹ یا بکری کی ایک سال کی زکوۃ۔ کہا جاتا ہے "اَدَّیْتُ عِقَالَ سَنَةٍ" یعنی ایک سال کی زکوۃ میں نے ادا کر دی۔

عِقَالُ المِئِیْن: وہ شریف جو قید کیا جائے تو دو سو اُونٹوں کا فدیہ ادا کرے۔

العَاقِل. فا۔ سمجھدار ج عُقَلَاء و عَاقِلُونَ و عُقَّال اور عورت کو بھی عاقل کہا جاتا ہے العَاقِل. پہاڑی بکرا دیت ادا کرنے والا۔ ج عَاقِلَه.

العَاقِلَة. مؤنث عاقل۔ سمجھنے کی قوت۔

عَاقِلَةُ الرَّجُلِ: باپ کی طرف کے رشتہ دار۔

العَقُوْل. سمجھ دار۔ قابض دوا۔

العَقِیْل. معقول۔

العَاقُوْل. دریا کا بڑا حصہ۔ موج۔ وادی یا نہر کا موڑ۔ بے نشان زمین۔ مبہم اُمور۔ ج عَوَاقِیْل.

العُقَّال. جانوروں کی ٹانگ کی بیماری۔

العَقِیْلَة. مِنَ النِّسَاءِ: شریف پردہ نشین عورت مِنَ الاِبِلِ: عمدہ قسم کے اُونٹ مِنَ القَوْمِ: سردار مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا عمدہ حصہ۔ عقیلة البحر: موتی ج عَقَائِل.

المَعْقِل. جائے پناہ۔ اُونٹ باندھنے کی جگہ۔ بلند پہاڑ ج مَعَاقِل.

المَعْقُلَة. خون بہا۔ تاوان۔ کہا جاتا ہے "صَارَ دَمُه مَعْقُلَةً. عَلٰی قَوْمِهٖ" یعنی اس کا خون تاوان ہو گیا جس کو وہ ہر سال ادا کرتے ہیں۔ ج مَعَاقِل.

المَعْقُوْل. سمجھا ہوا۔ عقل ج معقولات۔ علم المَعْقُوْلَاتُ: وہ عِلم جس میں عقلی چیزوں سے بحث کی جائے۔

عُقِمَتْ (ن) عَقْمًا و عُقْمًا و عَقُمَتْ (ک) عِقْمًا و عَقِمَتْ (س) عَقَمًا و عُقِمَتَ عَقْمًا و عُقْمًا.

المَرْاَةُ اَوِ الرَّحْمُ: بانجھ ہونا۔ صفت عَقِیْم. عُقِمَت مَفَاصِلُه: جوڑوں کا خشک ہونا۔

عَقِمَ (س) عَقَمًا. خاموش ہونا۔

عَقَمَ (ض) عَقْمًا وَاَعْقَمَ وعَقَّمَ اللّٰهُ المَرْأَةَ: بانجھ کرنا۔ عَقَّمَه: خاموش کرنا۔

عَقَّمَ الشَّیْءَ: جراثیم کو مار دینا۔

عَاقَمَه مُعَاقَمَةً. جھگڑا کرنا۔ خصومت کرنا۔ گالی دینا۔

اِعْتَقَمَ اِلَیْهِ: آنا جانا فِی الاَمْرِ: دخل دینا۔

العَقْم و العَقْمَةً و العِقْمَة. سرخ کپڑا۔ نقش و نگار کی ایک قسم۔

المَرْاَةُ العَقِیْم. بانجھ عورت ج عَقَائِم و عُقُم.

الرَّجُلُ العَقِیْم. بے اولاد مرد ج عُقَمَاء و عِقَام و عقمی. عقل عقیم: عقل جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

حَرْبٌ عَقِیْم. سخت لڑائی۔ کہا جاتا ہے "الدُّنْیَا عَقِیْم" یعنی دنیا بے برکت ہے۔

حَرب عَقَامٌ و عُقَام. سخت لڑائی۔ دَاءٌ عُقَامٌ: لاعلاج مرض یَوْمُ عُقَامٌ: سخت

دن۔ العقام: بے اولاد۔ بد خلق۔

العقيمة. مِنَ الْأَرْحَامِ: بانجھ۔ ج عقائم.

العُقمِيُّ والعقميّ مِنَ الْكَلَامِ: پوشیدہ کلام۔

العُقمِيّ: خاندانی شرافت والا۔

المعقِم. ہڈیوں کا جوڑ۔ ریڑھ کی ہڈی کے مہرے ج مَعَاقِم. مَعَاقِمِ الْخَيْلِ: گھوڑے کے جوڑ۔

المَعْقُوْم. مِنَ الرِّجَالِ: بے اولاد۔

عَقَا يَعْقُوْ عَقْوًا وَاعْتَقَى اِعْتِقَاءً. کنواں کھودنا اور ایک جانب سے سوت نکالنا۔ عَقَا العَلَم: جھنڈا بلند ہونا۔ عَقَا الْاَمْرُ: مکروہ جاننا فُلَانًا: روکنا اِعْتَقَى الرَّجُلُ: رکنا۔

عَقَاهُ و عَاقَاهُ: روکنا۔

العَقْوَة. گھر کا گرد اگرد۔ میدان۔ محلّہ ج عِقَاء.

عَقِي يَعْقي عَقْيًا. الْاَمْر: مکروہ جاننا (وعَقَّى) الوَلَدَ: بچے کو گھٹی پلانا۔ عَقَّى الطَّائِرُ: اُڑنے میں بلند ہونا۔

اَعْقَى اِعْقَاءًا. کڑوا ہونا الشَّيْءَ: مکروہ جاننا۔

العِقي. نوزائیدہ بچے کا پاخانہ ج اَعْقَاء.

العِقْيَان. خالص سونا۔

عَكَّ (ن ض) عَكًّا اليَوْمُ: سخت گرمی مع گھٹن کے ہونا۔ صفت عَكٌّ و عَكِيكٌ.

عَكَّة الْحُمّى: لگاتار بخار ہونا الرَّجُلَ: حق کا ٹال مٹول کرنا عَكَّه عَنْ حَاجَتِهٖ: باز رکھنا هُ بِالْحُجَّة: مغلوب کرنا هُ بِالْاَمْرِ او بِالْقَوْلِ: بار بار بات کہہ کے تھکا دینا هُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا هُ بشرٍّ: بار بار کرنا الكَلَام: وضاحت کرنا۔

عُكَّ: گرمی سے جوش مارنا الرَّجُلُ سخت بخار چڑھنا۔

عَاكَّه. عَلَيْهِ: نائل کرانا۔

العَكَّة والعِكَّة والعُكَّة والعَكَاكُ و العَكِيْك. گھٹن کے ساتھ سخت گرمی۔

العُكَّة والعكَّة: تیز بخار۔ گرم ریت۔

العُكَّة: گھی کا ڈبہ ج عُكَك و عِكَاك۔ اور اسی سے ہے سَمِنَ الصَّبِيُّ حَتّٰى صَارَ كَالعُكَّةِ بچہ موٹا ہوا یہاں تک کہ مانند ڈبے کے ہو گیا۔ لَيْلَةٌ عَكَّةٌ: سخت گرمی والی رات۔ يَوْمٌ عَكِيْكٌ: سخت گرم دن ج عِكَاك.

عَكَبَت (ن) عُكُوْبًا الْإِبِلُ: اونٹوں کا بھیڑ کرنا۔

القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ عَكَبَ الرَّجُلُ: ٹھہرنا۔

عَكِبَ (س) عَكَبًا موٹے ہونٹ اور جبڑے والا ہونا۔ پیر کی قریب قریب انگلی والا ہونا۔ صفت اَعْكَبُ مؤنث عَكْبَاء ج عُكْبٌ.

عَكَبَتِ النَّارُ: دھوئیں والی آگ ہونا۔

تَعَكَّبَتْهُ. الهُمُوْمُ: تفکرات اور غموں کا ہجوم کرنا۔

اِعْتَكَبَ الغُبَارُ: غبار اٹھنا الغُبَارَ: غبار اڑانا المَكَانُ: غبار والا ہونا الْاِبِلُ: کسی جگہ میں جمع ہونا اور غبار اڑانا۔

العَكَبُ والعَكُوْبُ العَاكُوبُ والعُكَاب. غبار۔ العُكَاب: دھواں۔ ہانڈی کی بھاپ۔

العَاكِب. فا. بھیڑ۔ انبوہ ج عُكُوب.

الاَعْكَب والعِكَاب والعُكَب. عنکبوت بمعنی مکڑی کا اسم جمع۔

العَكُوْبُ. غبار۔ ایک قسم کی خار دار سبزی کو کچی اور پکی دونوں طرح سے کھائی جاتی ہے۔

العِكْبِر. ایک چیز جس کو شہد کی مکھی اپنے بازو وغیرہ پر لگا کر لاتی ہے اور اس کو شہد کی جگہ میں رکھتی ہے۔

عَكْبَشَه. مضبوط باندھنا۔

تَعَكْبَش. فيه الغُصْنُ: ٹہنی کے کانٹے چبھنا۔

عَكَدَ (ض) عَكْدًا و اعْكَدَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ عكد الاَمْرُ فلانًا: ممکن ہونا۔

عَكِدَ (س) عَكَدًا. الضَّبُّ: بجو کا موٹا ہونا۔ صفت عَكِد۔

عَكِدَبِه واعْتَكَدَه لازم ہونا۔

اِسْتَعْكَدَ الضَّبُّ: بجو کا موٹا ہونا۔ الماءُ: پانی کا جمع ہونا۔

عُكْدُ الشَّيْءِ: چیز کا درمیان۔ کہا جاتا ہے عُكْدُكَ هٰذَا الْاَمْرُ یعنی فلاں امر تمہارے لئے غایت ہے۔

العُكْدَة. و مغزہ کی ہڈی قوت گوہ کا سوراخ۔

عَكَدَة. اللسان: زبان کی جڑ۔

عَكَرَ (ن ض) عَكْرًا و عُكُوْرًا عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔ پھرنا۔ مڑنا۔ مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَكَرَ عَلَيْهِ الزَّمَانُ بِخَيْرٍ" زمانہ اس پر خیر و برکت کے ساتھ مائل ہوا۔

عَكِرَ (س) عَكَرًا. الماءُ و نحوُهٗ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت عَكِر.

عَكَّرَ واَعْكَرَ الماءَ: پانی کو گدلا کرنا۔ واَعْكَرَ اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔

اَعْكَرَ الرَّجُلُ: مرد کا دوبارہ حملہ کرنا۔

اِعْتَكَرَ. عَلَيْهِ: حملہ کرنا اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا المَطَرُ: سخت بارش ہونا۔

اِعْتَكَرَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا غبار اڑانا (و تَعَاكَرَ) القَوْمُ فِي الحَرْبِ: گھمسان کی جنگ کرنا۔

العَكَرُ. تلوار کا مورچہ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: تلچھٹ۔

العِكْر. اصل۔ جڑ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ اِلٰى عِكْرِهٖ" یعنی فلاں اپنی اصل کی طرف لوٹ گیا۔ عادت۔

العَكْرَة والمَعْكَرُ: بھاگنے کے بعد دوبارہ حملہ۔

العَكَرَة. اونٹوں کا گلہ۔ زبان کی جڑ ج عَكَر۔ اختلاط و التباس۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِيْ عُكْرَةٍ" یعنی وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

العَكَّار. بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔

غلامٌ عکرد. موٹا تازہ لڑکا۔
العِکْرِشة. خرگوش مادہ۔
عِکْرِمُ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی۔ عکْرِمَة معرفہ بحالت علم۔ اور العِکْرِمَة: کبوتری یا مادہ قمری۔
عَکَزَ (ن) عَکْزًا. الرُّمحَ: نیزہ گاڑنا بالشَّیْ: راستہ پانا (و تَعَکَّزَ) عَلٰی عُکّازَتِہٖ: ڈنڈے پر سہارا لینا۔ تعکَّز قوسہ: کمان کو سہارا بنانا۔
عَکِزَ (س) عَکْزًا. سکڑنا۔
عَکَز الرُّمحَ: نیزے میں پھل لگانا۔
العِکْز. بخیل۔ بد خلق۔
العُکّاز والعُکّازة. ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عکاکیز و عُکّازات.
العکازیل. شیر کا بچہ۔
عَکَسَ (ض) عَکْسًا الکلامَ و نحوَہٗ: کلام کو اُلٹ دینا۔ الشَّیْ: آخر کو اوّل کی طرف کر دینا۔ زمین کی طرف جھکا دے کر کھینچنا اور پٹک دینا۔ البعیرَ: اُونٹ کو نکیل لگا کر رسّی کو ٹانگ سے باندھ دینا رأسَ البعیرِ: اُونٹ کے سر کو موڑنا ہٗ عن الامرِ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا علٰی فُلان اَمْرَہٗ: کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا الطّعامَ: کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔
عَکِسَ (س) عَکَسًا. تنگ خو ہونا۔
عَاکَسَ مُعَاکَسَة و عِکَاسًا الکلامَ: کلام کو پلٹ دینا ہٗ: ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا۔
تَعَکَّسَ فِی مِشْیَتِہٖ: رینگ کر چلنا۔
تعَاکَسَ واعْتَکَسَ وانْعَکَسَ. پلٹ جانا۔ اِعْتَکَسَ: دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔
عِکَاسُ البعیرِ: نکیل کی رسّی جو اُونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں۔
عکْسُ القضیّةِ: دوسرا قضیہ معکوسہ
اَلتَّعَاکُسُ: علم ہیئت میں نقات کو معکوس کرنا۔
اَلاِنْعِکَاسُ: شعاع ضوئی کو الٹ کرنا جیسے آئینہ کے منہ کو الٹ کرنا اور ساکن پانی کی سطح کو۔
اَلْمَعْکُوْسُ: علم حساب میں عدد کو مقلوب کرنا۔
العُکّاس. زمکڑی۔
العَکِیْس. دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے۔ رسی جس سے اُونٹ کو روکتے ہیں۔ درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت نکلتا ہے۔
العَکِیْسَة. بہت سے اُونٹ۔ تاریک رات۔
عَکِشَ (س) عَکَشًا. الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا النبتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔
عَکَشَ (ض) عکشًا الشَّیْ: جمع کرنا۔ صفت عکش. صفت مفعولی معکوش الرجلَ: مضبوط باندھنا علیہ: حملہ کرنا۔
تَعَکَّشَ الامرُ: دشوار ہونا الشَّیْ: سکڑنا الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔
العَکِش. من الشَّعْرِ: پیچیدہ اور تہ بتہ بال۔ بیکار و فضول آدمی۔ شجرةٌ عَکِشَةٌ: بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔
العُکّاش والعُکَاش والعُکّاشَة والعُکَاشَة. مکڑی یا مکڑی کا جالا۔
عَکَصَہٗ (س) عکصًا عن حاجتِہٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔
عَکِصَ (س) عکصًا بد خو ہونا۔ صفت عَکِص عکصت الدابّةُ: سرکشی کرنا۔
تعکّص بکذا علیہ: بخل کرنا۔
رَملةٌ عکِصةٌ. دشوار گزار تودہ ریت۔
عَکَظَہٗ (ض) عکظًا. مغلوب کرنا۔ فخر کو رد کر دینا۔ روکنا الشَّیْ: رگڑنا الادیمَ: چمڑے کو دباغت کیلئے رگڑنا۔ عَکَظَ بالشَّیْ: فخر کرنا۔ عکّظہٗ و عکظَہٗ عن حاجتِہٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔
عاکظَہٗ مُعاکظةً. ٹال دینا۔
تَعکّظَ. علیہ الامرُ: دشوار ہونا القومُ: اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
تَعاکَظَ. القومُ: مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
العَکِظ والعَکِیْظ. چھوٹے قد والا۔
عُکَاظ. عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع و فروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر و مونث ہے)
عَکَفَہٗ (ن ض) عَکْفًا عن الامرِ: منع کرنا ہٗ علی الامرِ: کسی چیز پر روکے رکھنا۔ (عَکْفًا و عُکُوْفًا) القومُ حوْلَہٗ و بہٖ: گردا گرد چکر لگانا۔ عکف علی الامرِ: ہمیشہ لازم رہنا (واعتکف و تعکّف) فی المکانِ: بند رہنا۔
عکف الجوہرَ: تہ بتہ رکھنا الشَّعْرَ: بالوں کو گھنگریالا کرنا ہٗ عن کذا: روکنا۔ منع کرنا۔
عاکفَہٗ مُعاکفةً. لازم رہنا۔
العَکِف من الشَّعْرِ: گھنگریالے بال۔
العاکِف. فا۔ مقیم۔ ج عاکفون و عُکّف و عُکُوْف شعرٌ معکوفٌ. کنگھی چوٹی کئے ہوئے بال۔
المُعکَّف. مف۔ مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔
عَکَلَ (ن ض) عکلًا. الشَّیْ: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا المتاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ الرّجُلَ: پچھاڑنا البعیرَ: اُونٹ کو رسّی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ عکل فی الامرِ: کوشش کرنا فُلانٌ: مرنا (واعکل واعتکل) علیہ: مشکل و مشتبہ ہونا۔ اعتکل الرّجُلُ: جدا ہونا۔ الثّوْرانِ: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔
العُکُل والعِکْل. لئیم۔ کمینہ ج اَعکال.
العاکِل. فا۔ بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُکّل.
العِکَال. اُونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔
المِعْکَل. چرواہے کی سوئی جس کو وہ درخت سے بنا لیتا ہے۔ ج معاکِل.
عَکَمَ (ض) عکمًا. المتاعَ: سامان کی گٹھری باندھنا علیہ: حملہ کرنا الرّجُلَ: انتظار کرنا عن الامرِ: پیچھے ہٹنا ہٗ عن زیارتِہٖ: ہٹانا

البعیرَ اُونٹ پر باندھنا لِاَرْضٍ کَذَا قصد کرنا۔
عُکِمَ عَنْہُ ہٹایا جانا۔
عَکِمَتِ. الْاِبِلُ اُونٹوں کا موٹا ہونا۔
اَعْکَمَہٗ باندھنے میں مدد دینا۔ بندھوانا۔
عَاکَمَہٗ مُعَاکَمَۃً عَلٰی فُلَانٍ مدد کرنا۔
اِعْتَکَمَ الشَّیْءُ ڈھیر لگنا۔
العِکْمُ ج اعکام و عکوم. لعکام ج عِکْمٌ گٹھری۔
العِکْمُ بوری۔ بنڈل۔ گٹھر۔ کنوئیں کی چرخی۔ عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ عُکُوْمٌ عَنْ کَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔
المِعْکَمُ ہر گوشت۔
تَعَکَّنَ. الْبَطْنُ موٹاپے کی وجہ سے سلوٹ پڑنا۔
العُکْنَۃُ پیٹ کی سلوٹ۔ ج عُکَن و اَعْکَان و دِرْعٌ ذَاتُ عُکَنٍ وسیع و کشادہ زرہ۔
العِکَانُ گلا۔
العَکْنَاءُ مِنَ النُّوْقِ او الشَّاءِ موٹے تھن والی اُونٹنی یا بکری۔
العُکْنَانُ بہت اُونٹ۔ بہت شتر مرغ۔
عَکَا یَعْکُوْ عَکْوًا. ذَنَبَ الدَّابَّۃِ جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مَعْکُوٌّ" یعنی دُم مڑا ہوا گھوڑا ہٗ فِی الحَدِیْدِ: قید کرنا اور باندھنا۔ عَکَتِ الْاِبِلُ موٹا ہونا۔ عَکَا الضَّبُّ بِذَنَبِہٖ گوہ کا اپنی دم کو موڑنا۔ الدُّخَانُ دھوئیں کا اوپر چڑھنا عَلٰی قَوْمِہٖ مائل ہونا بِاِزَارِہٖ ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔
العَکْوَۃُ و العُکْوَۃُ جانور کی دم کی جڑ۔ زبان کی جڑ۔ ازار بند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ہر چیز کی موٹائی۔ العکوہ بخلا۔ ج عُکًا و عِکَاءٌ.
العَکِیُّ مِنَ اَلْبَانِ الضَّانِ ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔
الْاَعْکٰی سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا۔ مونث عَکْوَاءُ.
عَکِیَ یَعْکٰی عَکْیًا و عَکِیَّ واعکی مرنا۔ عَکٰی بِاِزَارِہٖ ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا بالمَکَانِ اقامت کرنا۔ صفت عَاکٍ ج عُکَاۃ. اَعْکَاہُ مضبوط۔ باندھنا۔
عَکَّی الدُّخَانُ دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔
عَلَّ (ض) عَلًّا و عَلَلًا و تَعِلَّۃً دوسری مرتبہ پینا ہٗ دوسری مرتبہ پلانا ہٗ ضَرْبًا: لگاتار مارنا۔
عُلَّ عِلَّۃً مریض ہونا۔
عَلَّلَہٗ بار بار پلانا۔ ہٗ بکذا مشغول کرنا۔ کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشَّیْءَ علت بیان کرنا۔ دلیل سے ثابت کرنا الکَلِمَۃَ کلمہ کی تعلیل کی وجہ بیان کرنا۔ تعلیل کرنا الثَّمرۃ: بار بار پھل توڑنا۔ المَالَ بہترین انتظام کرنا ہٗ علاج کرنا۔
اَعَلَّ. الرَّجُلُ گھونٹ گھونٹ پلانا ہٗ اللہُ: بیمار کرنا الکَلِمَۃَ تعلیل کرنا۔
تَعَلَّلَ حجت ظاہر کرنا بکذا مشغول رہنا۔
تَعَلَّلَتْ و تَعَالَّتْ. المَرْاَۃُ مِنْ نِفَاسِھَا: نفاس سے پاک ہو جانا۔ تَعَالَلَ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ بچے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔
اِعْتَلَّ مریض ہونا بِالْاَمْرِ مشغول رہنا۔ عذر بیان کرنا۔ اعتلت الریح نرم ہونا ہٗ: بہتان لگانا۔ اعتلت الکلمۃ حرف علت والا ہونا الرَّجُلُ دوسری مرتبہ پینا عَنْہُ اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔
العَلُّ موٹا بڑا بکرا۔ بڑی عمر کا لاغر۔ بیماری سے سکڑے ہوئے چہرے والا بے خیر و برکت۔ ج اَعْلَال.
العَلَّۃُ بہلاوہ۔ سوکن ج عَلَّات کہا جاتا ہے ہو علات یعنی ایک مرد کے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولاد اخیاف کہتے ہیں۔
عَلَّ. لعلّ میں ایک لغت ہے۔
العِلَّۃُ بیماری۔ مشغول کر دینے والا واقعہ۔ اور اسی سے ہے "لَا یَعْدَمُ مَانِعٌ عِلَّۃً" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الید کے بچانے کیلئے منع کر دیتا ہے عِلَّۃُ الشَّیْءِ سبب ج عِلَّات و عِلَل ج اَعْلَال العِلَّاتُ حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جَرٰی عَلٰی عِلَّاتِہٖ" یعنی ہر حال میں۔ یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ والعِلَّۃُ فِی العَرُوْضِ وہ تغیر جو اشعار کے عروض و ضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حروف العلۃ الف، واو، یا۔
العَلَلُ دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے علل بعد نہل پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔
العُلَالَۃ و التَّعِلَّۃ بہلاوہ۔ العُلَالَۃ پہلی مرتبہ دودھ دوھنے کی مہلت کے بعد دوھا ہوا دودھ۔ بقیہ دودھ، نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی، دوڑ کے بعد دوڑ۔
العَلِیْلُ مریض ج اَعِلَّاء.
المُعَلُّ و المَعْلُوْلُ مریض۔
العَلِیْلَۃُ مونث عَلِیْل عورت جو بار بار خوشبو لگائے۔ ج عَلِیْلَات و عَلَائِل.
الیَعْلُوْلُ سفید حوض۔ پانی کا بلبلا۔ سفید بادل تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اُونٹ۔ ج یَعَالِیْل یاء زائدہ ہے۔
عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلَّبَ الشَّیْءَ کاٹنا۔ نشان لگانا۔ خراش لگانا۔
عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلِبَ (س) عَلَبًا. سخت ہونا۔ صفت عَلِب.
عَلَّبَ و عَلِبَ واسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السَّیْفُ: دندانہ دار ہونا۔
العَلْبُ مار کا نشان (والعِلْبُ والعَلِب) سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ سخت چیز ج عُلُوْب. کہا جاتا ہے "رُجل عِلْب" سخت

ظالم آدمی۔

العُلبَة. چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن جعِلَاب و عُلَب۔

العِلبَة. درخت کی موٹی گرہ۔ جعِلَب۔

العِلبَاء. گردن کے پہلو کا پٹھا جعَلَابِیّ. کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلبَائُهُ" وہ بوڑھا ہو گیا۔

عَلَثَ (ض) عَلثًا. الشَّیئَ: جمع کرنا۔ الشَّیئَ بالشَّیئِ: ملانا۔ کہا جاتا ہے علث البُرَّ بالشعیر گیہوں کو جو میں ملا دیا الزَّندُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

عَلِثَ (س) عَلثًا القَومُ: آپس میں سختی سے لڑنا۔

تَعَلَّثَ لَهُ الذُّنُوبَ: حیلہ کرنا۔ مکر کرنا بِهِ: چیز للشَّیئَ: اچھی طرح نہ بنانا۔

اِعتَلَثَ. بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا۔

العَلَث. گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (والعلیثة) گیہوں جو سے ملا ہوا۔

العُلَاثَة. دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز ادھر اُدھر سے جمع کرنے والا آدمی۔

اَعلَاثُ. الزَّادِ: جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔

العَلِیث. جو گیہوں کے روٹی۔

العَلِث والمُعتَلِث. جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔

عَلَجَهُ (ن) عَلجًا. معالجہ میں غالب آنا۔

عَلِجَ (س) عَلَجًا. مضبوط ہونا۔

عَالَجَهُ مُعَالَجَةً و عِلَاجًا مشق کرنا المَرِیضَ: بیمار کا علاج کرنا۔

تَعَلَّجَ الرَّملُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔

تَعَالَجَ. علاج کرنا القَومُ: آپس میں جنگ کرنا۔

اِعتَلَجَ القَومُ: لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔

اِعتَلَجَتِ الوَحشُ: ایک دوسرے کو مارنا الاَرضُ: لمبے لمبے سبزہ والی ہونا الامواجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے اعتلجت الهُمُومُ فی صَدرِهِ: غم اس کے سینہ میں موج مارنے لگے الرَّملُ: ریت کا جمع ہونا۔

اِستَعلَجَ جِلدُهُ کھال کا موٹا ہونا۔ فُلَانٌ: داڑھی نکلنا۔

العِلج. گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر۔ اور بعض مطلقا کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔ جعُلُوج و اَعلَاج و عِلَجَة.

رَجُلٌ عَلِجٌ و عِلجٌ و عُلَجٌ و عُلَّجٌ مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔

العِلَاج. دواء۔ مشق۔ دفاع۔

العَلَج. چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔

العُلُوج. پیغام۔ پیغامبر۔

العُلجَان. کانٹے دار درخت۔

العَلجَم. لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا تالاب۔

العُلجُم والعُلجُوم. بہت سیاہ۔

العُلجُوم. بہت کھجوروں والا باغ۔ سمندر کی موج۔ رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر بطخ۔ نر شتر مرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ جعَلَاجِیم.

عَلِدَ عَلَدًا. سخت و مضبوط ہونا۔ صفت عَلِد.

العِلد. گردن کا پٹھا۔ جاَعلَاد.

العَلَندَی والعِلَندَی مِن کُلِّ شَیئٍ: سخت و موٹا جعَلَانِد و عَلَادَی.

العَلَندَد. مِن کُلِّ شَیئٍ: سخت و موٹا۔

العَلَندَس. بہت سخت۔ العَلَندَسَة مونث

العَلدَمِیّ. پیٹو۔ بندۂ شکم۔

عَلِزَ (س) عَلَزًا و عَلَزَانًا. بے چین ہونا۔ صفت عَلِز. علزا الی الشَّیئِ: مائل ہونا۔ مشتاق ہونا فُلَانٌ کذا: بہ تکلف مریض بننا۔

اَعلَزَهُ. عاجز کرنا الوَجعُ: بے چین کر دینا۔

عَلَسَ (ض) عَلسًا الماءَ: پینا الابلُ اونٹ کا کھانے کے لئے کچھ نہ پانا۔

عُلِسَ. الدَّاءُ: مرض کا سخت ہونا الرَّجُلُ شور مچانا۔ کہا جاتا ہے "ما عَلَسُوهُ تَعلِیسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔

العَلس والعُلَاس والعُلُوس. خوراک کھانا۔

العَلَس. گیہوں کی ایک قسم۔ مسور۔ ایک قسم کی چیونٹی۔ چچڑی۔

المُعَلَّس. تجربہ کیا ہوا۔

العِلَوش. گیدڑ۔ بھیڑیا۔

عَلَصَتِ التُّخمَةُ فِی مِعدَتِهِ: بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔

عَالَصَهُ عِلَاصًا. ایک دوسرے کو مارنا۔

اِعتَلَصَ مِنهُ شَیئًا: تھوڑا سا لینا۔

العُلصَة. تھوڑا سا۔

العِلَّوص. بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلَّوصٌ" بدہضمی والا مرد۔

عَلَضَهُ (ض) عَلضًا. الوَتَدَ و نَحوَهُ: کھونٹ کو اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

عَلَطَ (ن ض) عَلطًا و عَلَطَ النَّاقَةَ: اونٹنی پر داغ لگانا بِشَرٍّ: بدگوئی کرنا۔ عَلَطَ البَعِیرَ: اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔

تَعَلَّطَ. القَوسَ: تانت چڑھانا۔

اِعتَلَطَ. الرَّجُلَ و بِهِ: جھگڑا کرنا۔

اِعلَوَّطَ. البَعِیرَ: اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا الاَمرَ: بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔

العُلُط مِنَ النُّوقِ: بے نشان و بے مہار اونٹنی جعِلَاط. اعلاط الکواکب: بے نام کے ستارے۔

العُلطَة. گردن کا پٹہ۔ جعُلَط.

العِلَاط. گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی و جھگڑا۔ اونٹ کی گردن کی رسّی ج اَعلِطَة و عُلُط (والاعلیط) اونٹ کی گردن کا نشان۔

عَلَفَ (ض) عَلفًا و عَلَّفَ و اَعلَفَ. الدَّابَّةَ: جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ الرَّجُلُ: بہت پینا۔

اَعلَفَ و عَلَّفَ الطَّلحُ: پھلی نکلنا۔

تَعَلَّفَ. چارہ ڈھونڈنا۔

اِعْتَلَفَتِ الدَّابَّةُ: چارہ کھانا۔
اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ: ہنہنا کر چارہ مانگنا۔
العِلَف. بہت کھانے والا۔
العَلِیْف. چارہ ہی کھانے والا۔ ج عَلَائِف.
المَعْلُوْفَة. چارہ ہی کھانے والا۔
العَلَف. چارہ ج عُلُوْفَة واَعْلَاف وعِلَاف.
العَلَّاف. چارہ بیچنے والا ج عَلَّافَة.
العَلِیْفَة. چارہ ہی کھانے والا جانور ج عَلَائِف.
العَلُوْفَة. چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد و جمع) العُلُوْفَة: چارہ ج عُلُف.
المُعْلَف والمِعْلَف. تھان۔ چارہ کھانے کی جگہ ج مَعَالِف.
عُلُف. ببول کی پھلی۔
عَلْفَطَ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا۔
عَلَقَ (ن) عَلْقًا و عُلُوْقًا البَعِیْرُ و نَحْوُہُ النَّبَاتَ و مِنَ النَّبَاتِ: اوپر اوپر سے چرنا الصَّبِیُّ: انگلیاں چوسنا۔ (عَلْقًا) الرَّجُلَ: گالی دینا ہٗ بِلِسَانِہٖ: بدگوئی کر کے تکلیف پہنچانا۔
عَلِقَتْ (س) عُلُوْقًا المَرْأَۃُ وَکُلُّ اُنْثٰی بِالْوَلَدِ. حاملہ ہونا الوَحْشُ بِالْحِبَالَةِ: وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا الدَّابَّةُ: جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ: کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا (عَلَقًا) الإِبِلُ فِی الْوَادِی. چرنے کے لئے جانا۔
عَلِقَ (س) عُلُوْقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و عَلَاقَةً فُلَانًا و عَلِقَ بِہٖ: محبت کرنا۔ حُبُّہٗ بِقَلْبِہٖ: محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَلِقَ مِنْهُ کُلَّ مَعْلَقٍ" یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہو گئی۔ عَلِقَ دَمَ فُلَانٍ: قتل کرنا۔ ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کیلئے عَلِقَ مَعَالِیْقَهٗ بولتے ہیں (عَلْقًا) اَمْرَہٗ: جاننا۔ عَلِقَ یَفْعَلُ کَذَا: کرنے لگا۔
عُلِقَ الرَّجُلُ: گلے میں جونک لگایا جانا۔ جس کو لگایا جائے اس کو مَعْلُوْق کہتے ہیں۔
عَلَّقَ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ و عَلَیْهِ و مِنْهُ: لٹکانا الْاَمْرَ: چمٹ جانا البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بَابًا عَلٰی دَارِہٖ: دروازہ لگانا۔
عُلْقَةٌ. دل کا مائل ہونا۔
اَعْلَقَ الرَّجُلَ: جونک لگانا القَوْسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا الصَّائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا ظُفْرَہٗ بِالشَّیْئِ: ناخن چبھو دینا الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: لٹکا دینا۔
تَعَلَّقَ الشَّیْئَ: لٹکانا الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ: کانٹے کا کپڑے سے اُلجھنا الصَّیْدُ بِالْحِبَالَةِ شکار کا جال میں پھنسنا (واعْتَلَقَ) فُلَانًا و بِہٖ: محبت کرنا۔
العَلَقُ. س۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ ثَوْبِهٖ عَلَقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے اُلجھنے سے پھٹن ہے (والعِلْق) ہر چیز کا نفیس۔ تھیلا۔ ج اَعْلَاق و عُلُوْق. کہا جاتا ہے "هُوَ عِلْقُ عِلْمٍ" یعنی وہ علم کا شائق ہے۔
العَلَقُ. س۔ خون۔ ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی لٹکائی ہوئی چیز۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَة.
العِلْقَة. لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔
العُلْقَة. درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلق ج عُلَق. کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ هٰذَا الْمَالِ عُلْقَةٌ" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے "لَمْ یَبْقَ عِنْدَہٗ عُلْقَةٌ" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔
العُلُق. موت۔ جماعت کثیرہ۔ اشغال۔
العَلَاق. درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے | وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاوے کے طور پر کھائیں۔
العَلَاقَة. س۔ دوستی۔ دشمنی۔ موت۔ گزر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد۔ تعلق۔ محبت۔ ج عَلَائِق. کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ عَلَاقَةٌ" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔
العِلَاقَة. ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔ ج عَلَائِق.
العَلُوْق. مصیبت۔ موت۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی پلائی۔
العَوْلَق. بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوک۔ دُم۔
العَلِیْق. جانوروں کا چارہ جیسے جَو وغیرہ۔
العُلَّیْق والعُلَّیْقٰی. ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔
التَّعْلِیْقَة. کتاب کا حاشیہ۔ ج تَعَالِیْق.
المُعَلَّقَة. مونث معلَّق. وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو گیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔
المُعَلَّقَات. زمانہء جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔
المِعْلَق. پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔
المِعْلَاق. زبان۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ج مَعَالِیْق. وَرَجُلٌ مِعْلَاقٌ: جھگڑالو۔
عوام کے نزدیک (مِعْلَاق) کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے | جگر | دل پر ہوتا ہے اور فصیح (سَحَارَۃ) ہے۔
عَلْقَمَ الشَّیْئَ: کڑوا ہونا الطَّعَامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔
العَلْقَم. اندرائن۔ حنظل۔ ہر کڑوی چیز۔
عَلَكَ (ن ض) عَلْكًا. العِلْكَ و نَحْوَہٗ: چبانا نَابَیْهِ: دانت پیسنا۔
عَلَّكَ الْجِلْدَ: کھال کی اچھی طرح سے دباغت کرنا یَدَیْهِ عَلٰی مَالِهٖ: بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا۔
العِلْكُ. ہر گوند جو چبایا جائے۔ ج عُلُوْك و اَعْلَاك. ایک ٹکڑے کو العِلْكَة کہتے ہیں۔

الْعَلِكَةُ وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔
الْعَلِك. لیس دار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے۔
الْعُلَاك و الْعَلَاك. جو چیز چبائی جائے۔
الْعَلَّاك. بہت چبانے والا۔ گوند بیچنے والا۔
عَلَمَة (ن ض) عَلْمًا. نشان لگانا۔ عَلَم الشَّفَة: ہونٹ چیرنا۔
عَلِمَ (س) عِلْمًا الرَّجُل: حقیقت علم کو پا لینا۔ الشَّیْءَ: پہچاننا۔ یقین کرنا الشَّیْءَ و بِہ: جاننا۔ ادراک کرنا الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔
عَلِمَ (س) عَلَمًا اوپر کا ہونٹ پھٹنا۔ صفت اَعْلَم. عَلَّمَه تَعْلِيْمًا و عِلَّامًا الصَّنْعَة وَغَيْرَهَا : سکھلانا۔ عَلَّمَ لَهُ عَلَامَةً : پہچاننے کے لئے علامت مقرر کرنا۔
اَعْلَمَهُ الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ: جتا دینا۔ اطلاع دینا۔ اَعْلَمَ الْفَرَسَ: لڑائی میں رنگے ہوئے اون کا نشان۔ گھوڑے پر لگانا الثَّوْبَ: کپڑے پر نشان بنانا۔ نقش و نگار کرنا نَفْسَهُ: لڑائی کی علامت لگانا عَلٰى كَذَا مِنَ الْكِتَابِ وَغَيْرِهٖ: علامت لگانا۔
عَالَمَهُ. علم میں غلبہ کرنا۔
تَعَلَّمَ. سیکھنا الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔ اور تَعَلَّمْ صیغہ امر اِعْلَمْ کے معنی میں ہے۔
اِعْتَلَمَ. الْمَاءُ: پانی بہنا الشَّیْءَ: جاننا الْبَرْقُ: پہاڑ میں بجلی کا چمکنا۔
تَعَالَمَ الْقَوْمُ الشَّیْءَ: جاننا۔
اِسْتَعْلَمَهُ الْخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
الْعَلَم. کپڑے کا نقش۔ جھنڈا۔ قوم کا سردار۔ ج اَعْلَام. الْعَلَم: راستہ کا نشان۔ اونچا پہاڑ۔ علامت نشان۔ منارہ ج اعلام و عِلَام.
الْعِلْم. مص۔ حقیقت شی کا ادراک۔ یقین و معرفت ج عُلُوم.
عَلَامَ. عَلٰى حرف جر اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے اور الف حذف کر دیا گیا ہے۔
الْعَلَامَة. نشان۔ راستہ کا نشان۔ ج عَلَام و عَلَامَات.
الْعَالَم. ساری مخلوق۔ ماسوی اللہ۔ ج عَوَالِم و عَالَمُوْنَ و عَلَالِم.
الْعَالِم. فا۔ ج عُلَّام و عَالِمُوْنَ (و الْعَلِيْم) موصوف بالعلم ج عُلَمَاء.
الْعَلَّام و الْعُلَّام و الْعَلَّامَة و التِّعْلَامَة مبالغہ کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔
الْعُلَام و الْعُلَّام. شکرہ۔ باز۔
الْعُلَامِيُّ. سبک روح۔ تیز فہم۔
الْعَلْم. مص۔ عالم۔
اَلْعِلْمُ التَّعْلِيْمِي: علم ریاضی (حساب) علم موسیقی، عِلْمُ التَّنْجِيْم: ستاروں کے آنے جانے کا علم جس کے ذریعے بقول اصحاب علم النجوم وہ لوگوں کو مستقبل کی معلومات، فوائد اور نقصانات سے آگاہ کرتے ہیں۔ اَلْعِلْمُ الْعَمَلِي: قواعد کے مطابق فنون کو تجربہ گاہ میں استعمال کرنا۔ عِلْمُ الْفُلْكِ اجرام فلکی کے مواقع کے بارے میں، ان کے مادہ، مسافت اور ان کے دورانیے کے متعلق بحث کرنا۔ اَلْعِلْمُ النَّظَرِيْ: علم عملی کا صدیقی نظریات قائم کرنا بغیر عمل کے۔ اَلْعِلْمُ اللَّدُنِّي وہ علم جو اللہ تعالیٰ سے بذریعہ وحی سیکھا جائے۔
اَلْعُلُوْمُ الْمُدَوَّنَةُ وہ علوم جن کو کتابوں میں تحریر کر دیا گیا ہے۔
اَلْعُلُوْمُ الْمُتَعَارِفَةُ وہ ابتدائی معلوم معلومات جن کو علوم مرونہ میں پیش کیا گیا۔
اَلْعُلُوْمُ الْآلِيَةُ وہ علوم جن کے ذریعے دوسرے علوم حاصل ہوں جیسے منطق۔
اَلْعُلُوْمُ الْعَرَبِيَّةُ وہ علوم جو عربی زبان کو سمجھنے میں مدد دیں جیسے صرف، نحو، معانی اور بیان۔
اَلْعُلُوْمُ الشَّرْعِيَّةُ وہ علوم جن میں شرعی احکام ذکر کیے جاتے ہیں خواہ عملی یا اعتقادی جیسے علم الکلام و علم الفقہ۔
اَلْعُلُوْمُ الْحَقِيْقِيَّةُ وہ علوم جو کہ شریعت کے بدلنے کے ساتھ نہیں بدلتے۔ جیسے علم کلام و منطق۔
اَلْعُلُوْمُ الْاِلٰهِيَّةُ وہ علوم جن میں اللہ تعالیٰ کے وجود اور صفات کے متعلق بحث کی جائے۔
عِلْمُ النَّفْسِ سیکولے جانا۔
عِلْمُ طَبَقَاتِ الْاَرْضِ جیولوجیا۔
عِلْمُ الْحَيَاةِ بیولوجیا۔
عِلْمُ الْاِجْتِمَاعِ علم سوسیولوجیا۔
عِلْمُ وَظَائِفِ الْبَدَنِ فیزیولوجیا۔
عِلْمُ اَعْضَاءِ الْبَدَنِ سورفولجیا۔
الْاَعْلَم. اسم تفضیل۔ وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔ مونث عَلْمَاء ج عُلْم
الْعَلْمَاء زرہ۔
الْاُعْلُوْمَة. علامت۔ ج اَعَالِيْم.
الْعُلْمَة و الْعَلَمَة: اوپر کے ہونٹ میں پھٹن۔
الْعَيْلَم. سمندر۔ بہت پانی کا کنواں۔ مینڈک موٹا۔ نازک بدن (و الْعَيْلَام) نر بجو ج عَيَالِم و عَيَالِيْم.
الْمَعْلَم. راستہ کی نشانی۔ معلمُ الشَّیْءِ: چیز کے پائے جانے کی جگہ۔ ج معالم. کہا جاتا ہے "خَفِيَتْ مَعَالِمُ الطَّرِيْق: راستہ کی نشانیاں مخفی ہو گئیں۔
الْمَعْلُوْمِيَّة. معلوم کی طرف نسبت۔
الْعِلْمَاد و الْعِلْمَادَة: جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ ج عَلَامِدَة و عَلَامِيْد.
عَلَنَ (ن ض) و عَلُنَ (ک) و عَلِنَ (س) عَلَنًا و عَلَانِيَةً و عُلُوْنًا و اِعْتَلَنَ و اِسْتَعْلَنَ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ صفت عَالِنٌ و عَلِنٌ و عَلِيْنٌ.
عَالَنَ مُعَالَنَةً و عِلَانًا الْعَدَاوَةَ و بِالْعَدَاوَةِ: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
عَالَنَهٗ وَاَعْلَنَهُ الْاَمْرَ و بالامر و عَلَّنَهٗ اِلَيْهِ: ظاہر کرنا۔
اِسْتَعْلَنَ. الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ: ظاہر کرنے کے درپے ہونا۔
الْعَلَانِيَة. مص۔ کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَلَانِيَةٌ" یعنی اس کا امر ظاہر ہے۔ ج عَلَانُوْنَ.
الْعَلَانِيُّ. وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو۔ ج عَلَانِيُّوْنَ.
الْعُلَنَة جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے۔

عَلِه (س) عَلَهًا منہمک ہونا۔ متحیر ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ قابل ملامت ہونا۔ گھبراہٹ سے آنا جانا۔ بدفطرت ہونا۔ صفت مذکر عَلْهَانُ ج عِلَاه صفت مونث عَلْهَى ج عِلَاهِي۔

العَلِه. وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو۔ وہ شخص جو متحیر ہو کر آئے جائے۔

العَالِه. شتر مرغ۔ عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے۔ مختلف قسم کے ارادے کرے۔

العَلَه. سں۔ برائی۔ غم۔

عَلَا يَعْلُوْ عُلُوًّا و عَلِيَ يَعْلَى عَلَاءً واِعْتَلَى الشَيُ او النَّهَار: بلند ہونا۔ عَلَا الرَّجُلَ: غالب ہونا۔ هُ بالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔ المَكَانَ و بِهِ: چڑھنا۔ الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ عَلَا فِيْ الْاَرْضِ: تکبر کرنا۔ عَلَابِه: بلند کرنا۔ الْاَمْرَ وَلِيَهُ: طاقت رکھنا۔ مستقل ہونا۔ صفت عَالٍ بِالْاَمْرِ. قِرْنَه: ہمسر پر غالب آنا۔ عَلَتِ العَيْنِ عَنْ فُلَانٍ: کسی سے نگاہ کا ناموافق ہونا۔ عَلَاو عَلِيَ فِيْ الْمَكَارِم درجہ میں بلند ہونا۔ اِعْتَلَى الشَيُ: قوی ہونا۔ غالب ہونا۔

عَلَّى واَعْلَى الشَيَ: چڑھنا۔

عَلَّى وَاَعْلَى و عَالَى الشَيَ: بلند کرنا۔ عَلَّى الكِتَابَ عنوان لکھنا۔ عَلَّى واَعْلَى المَتَاعَ عَنِ الدَّابَّةِ: اتارنا۔ عَلَى اللهُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا۔

عَالَى الشَيَ و بِهِ: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے عَالِ عَنِّيْ یعنی مجھ سے دُور ہو۔

تَعَلَّى الرَّجُلُ: آہستہ آہستہ چڑھنا۔ تَعَلَّتِ المَرْأَةُ مِنْ مَرَضِهَا: صحت پانا۔

تَعَالَى. بلند ہونا۔ تَعَالَتِ المَرْأَةُ مِنْ مَرَضِهَا: صحت پانا۔ "تَعَالَ" آجا۔ (فعل امر)

اِسْتَعْلَى النَهَارُ: بلند ہونا۔ غالب ہونا۔ (واِعْلَوْلَى) الشَيُ: چڑھنا۔

عَلُ. اسم ہے بمعنی فوق۔ جب معرفہ ہو تو مبنی علی الضم اور نکرہ کی صورت میں "مِنْ عَلُ" کہا جاتا ہے اور "اَتَيْتُهُ مِنْ عَلًا" بھی کہا جاتا ہے۔

العَلَا و العُلَى. بلندی۔ شرافت۔

العَلْو و العَلَايَة. بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْيُ القَوْم: یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں۔

عِلْوُ الشَيْ و عُلْوَةُ و عِلْوَةُ و عُلَاوَتُهُ. بلندی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ عِلْوًا" یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔

العِلَاوة مِنْ كُلِّ شَيْ. ہر چیز میں سے زیادہ بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے۔ سر یا گردن کا اوپر کا حصہ ج عَلَاوِي و عَلَاوِيَّ. کہا جاتا ہے اَعْطَيْتُكَ اَلْفَ دِيْنَارٍ و دِيْنَارًا عِلَاوَة. میں نے تجھ کو ہزار دینار دیئے اور ایک دینار زائد دیا۔

العَلَاة. نہائی۔ بلند اُونٹنی ج عَلَوات و عَلًا.

العَلِيُّ. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنی میں سے ایک نام۔ بلند۔ شریف۔ سخت ج عِلِيُّوْن و عِلْيَه. کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْيَةُ القَوْم" یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں۔

العِلِيُّ. بلندی۔

العَلَوِيُّ. حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب نسبت۔ ج عَلَوِيَّه.

العُلِيَّة و العِلِيَّة. بالاخانہ ج عَلَالِيُّ. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عُلْيَةِ قَوْمِهِ وَ عِلِيَّتِهِمْ و عِلْيَهِمْ و عُلِّيْهِمْ" یعنی وہ اپنی قوم میں صاحب رفعت و شرف ہے۔

العَالِي فا رَجُلٌ عَالِي الْكَعْبِ شریف۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ مِنْ عَالٍ" یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔

العَالِيَه. مونث عالی۔ نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلیٰ ج عَالِيَات و عَوَالٍ۔

العَوَالِي نیزے۔ العَوَالِي مدینہ طیبہ کے اِرد گرد کے گاؤں اور اُن کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عَالِيّ و عُلْوِيّ کہتے ہیں۔

عَالِيَةُ الشَيْ: چیز کا بلند حصہ۔ عَالِيَةُ الوَادِي وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے۔

الاَعْلَى اسم تفضيل. زیادہ بلند۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْلَى بِهِمْ عَيْنًا" یعنی وہ لوگوں کے احوال و کوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے مونث عُلْيَا ج عُلًى.

المُعْتَلِى. شیر۔

العُلْيَا و العَلْيَا. ہر بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے شَفَةٌ عُلْيَاء و عَلْيَاء العَلْيَا: پہاڑ کی چوٹی۔ آسمان۔

العِلِّيُّوْن. اعلیٰ جنت کا نام اور یہ جمع عِلِّيّ کی ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں۔ اور توانگر اور اہل شرافت کو "اهل عِلِّيِّيْن" کہتے ہیں۔ پست درجے کے لوگوں کو "سِفْلِيُّوْن."

العِلْيَان و العَلْيَان. موٹا لمبا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلْيَان و اِمْرَأَة عَلْيَان" نر بجو۔

العِلْيَان و العِلِّيَان. بلند آواز۔

العُلْيَان. کتاب کا عنوان۔

المَعْلَاة. شرف و بلندی ج مَعَالٍ.

المُعَلِّى. جوئے کا ساتواں تیر۔

الحُرُوْف المُسْتَعْلِيَة خ۔ ص ض ط ظ غ ق۔

عَلْوَن عَلْوَنَة و عَلْوانًا. الكِتَابَ: خط پر پتہ لکھنا۔

عَلْوَانُ الكِتَاب: سرنامہ۔

عَلِيَ يَعْلَى عِلْيًا و عُلِيًّا السَّطْح: چڑھنا۔

العَلْى والعِلْى والعُلْيَا والعَلْيَاء والعِلْيَان والعُلْيَان والعَلَايَة والعِلْيَة والعَلِيُّ والعِلِّيُّ مادہ ع ل و میں ذکر ہو چکا۔

عَلٰى حروف جر میں سے ہے۔ مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استعلاء: جیسے حُمِلَ عَلَى الدَّابَّةِ (جانور پر لادا گیا)

(۲) مصاحبت: جیسے بَذَلَ المَالَ عَلَى الفَقْرِ (مال کو باوجود فقر کے خرچ کیا۔)

(۳) مجاوزہ: بمعنی عَنْ جیسے رَضِيَ عَلَيْهِ اَىْ رَضِيَ عَنْهُ یعنی وہ اس سے راضی ہوا۔

(٤) تعلیل: جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِی (کس وجہ سے تم مجھ کو مار رہے ہو۔)

(٥) ظرفیت: جیسے دَخَلَ الْمَدِیْنَةَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَةٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہوا۔)

(٦) موافقت باء: جیسے اِرْکَبْ عَلٰی اِسْمِ اللهِ (اللہ کے نام سے سوار ہو۔)

(٧) استدراک جیسے عَلٰی اَنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَیْرٌ مِنَ الْبُعْدِ (لیکن گھر کا قُرب دُوری سے بہتر ہے۔)

(٨) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن کے بعد ہو جیسے اَقَامَ مِنْ عَلٰی جَنَاحِ الْهَیْکَلِ (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَیَّ کَذَا و بِکَذَا یعنی مجھ کو اتنا دو۔ عَلَیْکَ زَیْدًا یعنی زید کے ساتھ لازم رہو عَلَیْکَ بِکَذَا یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو۔ اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے۔

عَمَّ (ن) عُمُوْمًا الشَّیْءُ عام ہونا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا ساری زمین کو عام ہونا (عَمًّا) الْقَوْمَ بِالْعَطِیَّةِ: سب کو شامل کرنا (عمومة) چچا ہونا۔

عُمَّ رَاْسُهٗ عَمًّا و عُمِّمَ پگڑی لپیٹا جانا۔

عُمِّمَ الرَّجُلُ: سردار بنایا جانا۔

اَعَمَّ معزز چچوں والا ہونا۔

عَمَّمَ عام کرنا ہٗ: عِمَامَةً: بندھوانا ہٗ الْاَمْرَ کسی امر کا قلادہ ڈالنا۔

اِعْتَمَّ و تَعَمَّمَ و اسْتَعَمَّ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ الشَّابُ: طویل ہو گیا۔ "تَعَمَّمَتِ الْآکَامُ بِالنَّبْتِ" ٹیلے نباتات سے بھر گئے۔ گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے۔ تعمم۔ چچا کہہ کے پکارنا۔ اِسْتَعَمَّهٗ چچا بنانا۔

العَمُّ س۔ جماعت کثیرہ۔ چچا ج عُمُوْمَةٌ و اَعْمَامٌ و اَعُمٌّ اور نسبت کے لئے عَمَوِیٌّ (و العُمُّ) لمبے لمبے کھجور کے درخت۔

العَمَّةُ پھوپی ج عَمَّاتٌ.

العِمَّةُ عمامہ باندھنے کی ہیئت۔

رَجُلٌ عُمِّیٌّ عام۔

العُمَمُ جسم کا کمال۔ جوانی اور مال وغیرہ کا کمال۔

العَمَمُ کثرت۔ اجتماع۔ عامہ کا اسم جمع۔ ہر معاملہ کا عام و شامل۔ رَجُلٌ عَمَمٌ کامل العقل: کامل الخیر۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی فُلَانٌ عَلٰی عَمَمِهٖ."

العُمُوْمُ س۔ عمومیت۔ شمولیت اور نسبت کیلئے عمومیّ۔

العِمَامَةُ پگڑی۔ خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر بنا کر ٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے ج عَمَائِمُ و عِمَامٌ کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَهٗ" وہ خوش حال ہو گیا۔ العمامة: قحط۔ کال۔ قیامت۔

العَامُّ سب کو شامل ہونے والا۔ خلاف خاص۔

العَامَّةُ مونث عام۔ عَامَّةُ النَّاسِ: عام لوگ ج عَوَامٌّ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ عَامَّةً" یعنی قوم ساری کی ساری آئی۔

العَمِیْمُ ہر وہ چیز جو اکٹھی ہو اور کثیر ہو۔ قوم کا خالص۔ ہر چیز کا کامل ج عُمُمٌ.

العَمِیْمَةُ مِنَ النِّسَاءِ: پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت۔ نَخْلَةٌ عَمِیْمَةٌ: لمبا کھجور کا درخت۔ ج عُمُمٌ.

الاَعَمُّ اسم تفضیل۔ جماعت کثیرہ۔ موٹا۔

المِعَمُّ مخیر۔ عام فیض والا۔

المُعَمَّمُ سردار جس کو قوم نے مقتدی مان لیا ہو۔

العَمْبَرُ عنبر۔

عَمَتَ (ض) عَمْتًا و عَمَتَ الصُّوْفَ: اون کی پونی بنانا۔ عَمَتَهٗ: مغلوب کرنا۔ مقصد سے ہٹا دینا۔ اندھا دھند لاٹھی سے مارنا۔

رَجُلٌ عَمِیْتٌ ظریف دلاور۔ عالم زیرک۔

العِمِّیْتُ نگہبان۔ سمجھ دار ظریف۔ مدہوش۔ وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے۔ ج عَمَامِیْتُ.

العَمِیْتَةُ اون کی پونی ج عَمَائِتُ و عُمُتٌ و اَعْمِتَةٌ.

عَمِجَ (ض) عَمْجًا پانی میں تیرنا فِیْ سَیْرِهٖ دوڑنا (وتَعَمَّجَ) السَّیْلُ او الحَیَّةُ: پیچ دار ہونا۔

العَمِجُ و العُمَّجُ و العَوْمَجُ سانپ۔

عَمَدَ (ض) عَمْدًا السَّقْفَ: چھت میں ستون لگانا لِلشَّیْءِ وَ اِلَی الشَّیْءِ قصد کرنا اِلَی الرَّجُلِ کسی کا ارادہ کرنا الشَّیْءَ گرانا ة: ستون سے مارنا ہٗ الْمَرَضُ او الْاَمْرُ دبلا کرنا۔ تکلیف پہنچانا (و عَمَّدَ) الوَلَدُ: چشمہ دینا۔ عَمَّدَ السَّیْلُ بند لگا دینا۔

عَمِدَ (س) عَمَدًا عَلَیْهِ غضبناک ہونا۔ بلازم ہونا الثَّرٰی تر کرنا مِنْهُ: تعجب کرنا فُلَانٌ درد مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمَدَنِی الْاَمْرُ فَعَمِدْتُ" یعنی معاملے نے مجھے درد مند کر دیا اور میں درد مند ہوا۔

اَعْمَدَ الشَّیْءَ: ستون لگانا۔

تَعَمَّدَ الْاَمْرَ: قصد کرنا (واعْتَمَدَ) چشمہ کرانا۔ اِعْتَمَدَ الحَائِطَ و عَلَی الحَائِطِ: دیوار پر ٹیک لگانا۔ اِعْتَمَدَهٗ و اِعْتَمَدَ عَلَیْهِ: بھروسہ کرنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَدَ لَیْلَةً رات میں سوار ہو کر جانا۔

اِنْعَمَدَ الشَّیْءُ: ستون کے بل کھڑا ہونا۔

العَمْدُ س کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ عَمْدًا و عَنْ عَمْدٍ جان بوجھ کر کیا۔ "وَفَعَلَهٗ عَمْدَ عَیْنٍ و عَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا۔

العَمِدُ وہ جگہ جس کو بارش نے تر کر دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَمِدُ الثَّرٰی" یعنی وہ بڑا فیاض ہے۔

العُمْدَةُ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔ لشکر کا پیغامبر۔ ج عُمَدٌ.

العِمَادُ جس کا سہارا لیا جائے ج عَمَدٌ و عُمُدٌ بلند عمارتیں۔ واحد۔ العِمَادَةُ اور یہ عَمَدَ الوَلَدَ (یعنی چشمہ دینا) سے اسم ہے۔

لشکر کا پیغام بر۔ اَھْلُ العِمَادِ. بلند عمارتوں والے۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ طَوِیْلُ الْعِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لئے علامت ہے"ھُوَ رَفِیْعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے۔

العَمُوْد. ستون۔ سہارا۔ لوہے کا ڈنڈا ج اَعْمِدَة و عَمَدَ و عُمُد. العَمُوْد: سردار۔ لشکر کا پیغامبر۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے۔ کان کا بڑا حصہ۔ سخت غمزدہ۔عَمُوْدُ البَطن: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَھُ عَلٰی عَمُوْدِ بَطْنِہٖ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا۔عَمُوْدُ الْمِیْزَان ترازو کی ڈنڈی۔عَمُوْدُ الصُّبْحِ. صبح کی روشنی۔ عَمُوْدُ النَّسَبِ جو خط مستقیم پر ہو۔ کہا جاتا ہے"اِسْتَقَامُوْا عَلٰی عَمُوْدِ رَأْیِھِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کر سکتے ہیں اَھْلُ العَمُوْدِ و اَھْلُ العُمُد: وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں۔ العَمُوْدُ او الخطُّ العَمُوْدِی عِنْدَ الْمُھَنْدِسِیْنَ وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویے برابر برابر نکلیں۔

ت

ب

ب ت عمودی یا خط عمودی۔

العَامِد. فا۔ مونث عَامِدَةٌ. لَیْلَةٌ عَامِدَةٌ. لمبی رات۔

مُتَعَامِدَانِ: زاویہ قائمہ بناتے ہیں- ایک ان دو میں سے ایک دوسرے پر عمودی ہوتے ہیں-

العَمِیْد. سخت غمزدہ۔ وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کر دیا ہو۔ عَمِیْدُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔ ج عُمَدَاء عَمِیْدُ الْاَمْرِ: قوام امر۔ عَمِیْد الوَجَع: درد کا مقام۔ العَمِیْد وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو۔

المَعْمُوْدِیَة. بپتسمہ۔

العُمُد والعُمُدَّانِی. کامل ترین نوجوان۔

العَمَیْذَر. نازک بدن لڑکا۔

عَمَرَ (ن)عَمْرًا. المنزلُ باھلہ: آباد ہونا المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ صفت مفعولی مَعْمُوْرٌ الدَّارَ گھر تعمیر کرنا۔ اور اسم العمارہ ہےبالمَکان: اقامت کرنا۔ہُ اللّٰہ: زندہ رکھنا عَمَارَةً اللہ مَنْزِلَةً: آباد کرنا۔

عَمَرَ (ض و ن)عَمُوْرًا و عَمَارَةً و عُمرانًا الرَّجُلُ بَیْتَہ: لازم پکڑنا۔عُمْرَتُہ کَذَا: زندگی بھر کیلئے دینا (عَمْرًا و عَمَارَةً) رَبَّہٗ: عبادت کرنا۔ خدمت کرنا۔ روزہ رکھنا۔ نماز پڑھنا(عُمْرًا و عَمْرًا و عَمَارَة و عَمِرَ (س)عَمْرًا و عَمْرًا و عَمَارَةً) لمبی عمر پانا۔ عَمُرَ (ک)و عَمِرَ (س)عَمَّارَةً) المَالُ: مال بہت زیادہ ہونا۔

عَمَّرَ واَعْمَرَ المَنْزِلَ: آباد کرنا۔عَمَّرَہٗ واَعْمَرَہٗ اَرضًا: زندگی بھر کیلئے دے دینا۔ عَمَّرَ الرَّجُلُ: لمبی زندگی پانا۔عَمَّرَہٗ اللّٰہُ: زندہ رکھنا۔عَمَّرَ الثَّوْبَ. کپڑے کو اچھا بننا۔ جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کا کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو۔ اَعْمَرَکَ اللّٰہُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا. اَعْمَرَہٗ المَکَانَ: آباد کرنے کیلئے دینا۔ اَعْمَرَ الْاَرْضَ: آباد پانا۔اَعْمَرَ عَلَیْہِ: غنی کرنا۔

اِعْتَمَرَ المَکَانَ: قصد کرنا۔ زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لیے آیا"اِتَّخَذْنَا نَادِیًا نَعْتَمِرُہٗ" ہم نے ایک مجلس بنا لی جس میں بیٹھتے ہیں-اِعْتَمَرَ الرَّجُلُ: پگڑی باندھنا۔

اِسْتَعْمَرَہٗ فِی المَکَانِ: آباد کرنا۔ جیسے اِسْتَعْمَرَ اللّٰہُ عِبَادَہٗ فِی الْاَرْضِ: یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا۔

العَمْر. زندگی ج اَعْمَار. دین۔ اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْرِی" ولَعَمْرُ اللّٰہِ واَعْمَرَ اللّٰہ. العَمْر: دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ ج عُمُور.

العَمْرَان. حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت۔

العُمْر والعُمُر. زندگی۔ عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا۔

العُمْر: مسجد ؛ گرجا۔ دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ مسوڑھا۔

عُمَر. علم ہے اور علمیت و عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ خلیفہ ثانی کا نام ہے۔العمران: سیدنا ابو بکر و عمرؓ۔

عَمْرو. علم ہے۔ اور اس میں حالت رفعی و جری میں خلیفہ ثانی کے نام سے امتیاز کیلئے واؤ لگایا جاتا ہے۔ ج عُمْرُوْن واَعْمُرٌ و عُمُوْر. اُمُّ عَمْرٍو: بجو کی کنیت۔

العُمْرَان. آبادی۔

العَمَر. مص۔ دین۔ عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال۔

العَمْرَة. ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج ؛ پگڑی وغیرہ۔اَبُوعَمْرَة بھوک اور افلاس کی کنیت۔

العُمْرَة. آباد مکان کا ارادہ۔ اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا والمروۃ کا نام۔ ج عُمَر و عُمُرات.

العَمَار. سلام۔ پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے تھے۔

العَمَارَة. مص۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج ؛ پگڑی وغیرہ۔ مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے۔ پھولوں کا دستہ جو بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔ بڑا قبیلہ۔ قبیلہ۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔

العِمَارَة. مص۔ جس سے مکان کی آبادی ہو۔ چھوٹا قبیلہ۔

العُمَارَة. عمارت کی مزدوری۔

العُمْرٰی. وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر کے لیے دے دیا جائے۔

مَكَانٌ عَمِيْرٌ: آباد۔ ثَوْبٌ عَمِيْرٌ: گف کپڑا۔

عَالَهُ يَعِيْلُه عَيْلًا و مَعِيْلًا. الشَّيُّ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِيْ مَشْيِهِ: ناز و انداز سے چلنا۔
عَالَ يَعِيْل عَيْلًا و عُيُوْلًا و عُيُوْلًا فِي الأَرْضِ: جانا اور پھرنا۔
عَالَ يَعِيْل عَيْلًا و عَيْلَةً و عُيُوْلًا و مَعِيْلًا. محتاج ہونا۔ صفت عَائِل مؤنث عَائِلَة اسم عَيْلَةٌ. عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔
عَيَّل. کثیر العیال ہونا عِيَالَهُ: معاش کی کفالت کرنا القَوْمَ: عیال بنالینا۔ بیکار چھوڑ دینا فَرَسَهُ: مہمل کر دینا۔ بیکار چھوڑ دینا۔
أَعْيَلَ إِعْيَالًا. کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْيِل. صفت مؤنث مُعْيِلَة.
تَعَيَّلَ فِي المَشْيِ: ناز و انداز سے چلنا۔
العَائِل. فا. محتاج ج عَالَة و عُيَّل و عِيَل و عَيْلَى.
العَيْلَان. نر بجو۔
عَيِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَيَائِل.
عَيْلَةُ الرَّجُلِ و عَائِلَتُهُ. گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "أَمْسَيْتُ أَخَاعَيْلَة" یعنی فقیر و محتاج ہو گیا۔
العَالَة. فاقہ۔
العَيَّال. ناز سے چلنے والا۔
العِيَالَة و المَعَالَة. لِلْبَرْذُوْن وَغَيْرِهِ: چارہ۔
رَجُلٌ مُعَيَّل صاحب عیال۔ اہل و عیال والا۔
عَامَ يَعَام و يَعِيْمُ عَيْمًا و عَيْمَةً. دودھ کا خواہش مند ہونا۔

أَعَامَهُ إِعَامَةً. اللّٰهُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
أَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ القَوْمُ: دودھ کم ہونا۔
اِعْتَامَ اِعْتِيَامًا. عمدہ مال چھانٹ لینا۔
العَيْمَة. دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
العِيْمَة. عمدہ مال۔
العَيَام. دن۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا العَيَامَ كُلَّهُ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
العَيْمَان. دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَيْمَى ج عَيَامَى.
عَانَ يَعِيْن عَيْنًا. الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِن. صفت مفعولی مَعِيْنٌ و مَعْيُوْنٌ (عَيْنًا و عَيَانًا و عَيَنَانًا) المَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرْتُ حَتّٰى عِنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(عِيَانَةً) القَوْمَ: خبر لانا عَلَى القَوْمِ. جاسوس بننا۔
عَيِنَ يَعْيَن عَيَنًا و عِيْنَةً. آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَيَّنَ تَعْيِيْنًا. الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا العَيْنَ: عین کو لکھنا اللُّؤْلُؤَةَ: بیندھنا۔
القِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں الحَرْبَ بَيْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا الشَّيَّ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا فُلَانًا: برائیوں کو رو در رو کہہ دینا عَلٰى فُلَانٍ: جاسوسی کرنا عَلَى السَّارِقِ: متہمین میں سے چور کو متعین کرنا الشَّيَّ لِفُلَانٍ: کسی کے لیے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَيَّنَ لِيْ بِشَيٍّ وَمَا عَيَّنَنِيْ شَيْئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
أَعَانَ اعَانَةً. دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے

"حضَرْتُ حتّٰی اَغْنَیْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔ "وَمَا اَعْیَنَہ" وہ کتنا بد نظر ہے۔

عَایَنَہٗ عِیَانًا و مُعَایَنَۃً. خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔

تَعَیَّنَہ. نظر بد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُل: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیْئُ: دیکھنا الجِلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا الرَّجُلُ: کسی شئے کے حاصل کرنے کے لیے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْہِ الشَّیْئُ: معین چیز لازم ہونا السِّقَاء کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔

اِعْتَانَ. الشَّیْئَ: عمدہ لے لینا۔ اُدھار خریدنا القَوْمَ: خبر لانا لِفُلَانٍ مَنْزِلًا: تلاش کرنا۔

العَائِن. فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں" و شَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

العَائِنَۃ. مؤنث عائن. کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ عَائِنَۃٍ وَاَدْنٰی عَائِنَۃٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَۃ بنی فُلَان: مال و محافظین مال۔

العَیْن. س۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج اَعْیُنٌ و عُیُوْن و عِیُوْن واَعْیَان و جج اَعْیُنَات اور تصغیر عُیَیْنَۃ۔

العَیْن. اہل شہر۔ اہل مکان۔ بد نظری۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ عَیْنٌ" یعنی وہ بد نظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الْحَقَّ بِعَیْنِہٖ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔

عَیْنُ الْاِبْرَۃِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُہٗ عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شئی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَیْنًا او بِعَیْنِہٖ" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔

مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ ج اَعْیُن و عُیُوْن. ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَیْنٌ عَلٰی فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے "ھُوَ عَبْدُ عَیْنٍ او صَدِیْقُ عَیْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِیْتُہٗ عَیْنَ عُنَّۃ میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ عَیْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" و "اَنْتَ عَلٰی عَیْنِی" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "ھَا ھُوَ عَرْضُ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے فَعَلَہٗ عَلٰی عَیْنٍ و عَلٰی عَیْنَیْن و عَمْدَ عَیْنٍ و عَمْدَ عَیْنَیْنِ و عَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ." یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔ وَفَقَاعَیْنَہٗ یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "و نَعِمَ اللّٰہُ بِكَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

العِیْن. نیل گائے۔

العَیَن. س۔ اہل شہر۔ جماعت۔

العِیَان. س۔ شخص۔ کہا جاتا ہے لَقِیَہٗ اوراٰہُ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔

العِیَان ہل کا پھل ج عُیُن و اَعْیِنَۃ.

العِیْنَۃ. عمدہ مال۔ عِیْنَۃُ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑے۔ العِیْنَۃُ مِنَ النَّعْجَۃِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد عِیْنَۃُ الحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے ثَوْبٌ عِیْنَۃٌ: خوش نما کپڑا ج عِیَن۔ العِیْنَۃ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر اُدھار بیچنا۔

العِیَانِیُّ مِنَ الشُّھُوْدِ: عینی گواہ۔

العَیْنِیَّۃ. عین کی طرف منسوب۔

العَیُوْن. بہت نظر لگانے والا۔ ج عِیْن و عُیُن۔

الاَعْیَن. وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو۔ مؤنث عَیْنَاء ج عِیْن۔ الاَعْیَن: جنگلی بیل۔ العَیْنَاء: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاء" یعنی سرسبز زمین۔

المُعَایَنَۃ. س۔ برادری۔

المَعَان. منزل۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ مِنْكَ بِمَعَان" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

العَیَّان و المِعْیَان. بہت نظر لگانے والا۔

المَاءُ المَعِیْن والمَعْیُوْن. جاری پانی۔

عَیْنٌ مَعْیُوْنَۃٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

المُعَیِّن فا "فِی الھَنْدَسَۃِ" شکل مسطح مساوی الاضلاع۔

المُعَیَّن. مف۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا نِیَّۃٌ مُعَیَّنَۃٌ و مُعَیِّنَۃٌ یعنی نیت ظاہرہ۔

المُعْتَان. گھاس پانی تلاش کرنے والا۔

عَاہَ یَعِیْہُ عَیْھًا. آفت پہنچنا۔

العَائِھَۃ. شور۔ چیخ۔

العَاھَۃ. آفت۔

ارض مَعْیُوْھَۃ. آفت رسیدہ زمین۔

عَیَّ یَعَیُّ و عَیِیَ یَعْیٰ عَیًّا و عَیَاءً بِاَمْرِہٖ و عَنْ اَمْرِہٖ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا الاَمْرَ: جاہل ہونا۔

عَیِیَ یَعْیٰی عِیًّا. فِی المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَیِیٌّ و عَیٌّ۔

عَیًّا تَعْیِیَۃً وعَایَا مُعَایَاۃً. الرَّجُلَ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَایَا صَاحِبَہٗ پیچیدہ گفتگو کرنا۔

اَعْیَا اِعْیَاءً المَاشِیْ: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْیَاہ: تھکانا۔ اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا الاَمْرُ عَلَیْہِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَایَا الاَمْرُ عَلَیْہِ و تَعَیَّا عَلَیْہِ وتَعَایَاہ. عاجز کرنا۔

تَعَايَا و تَعِيًّا واسْتَعْيَا بِالْأَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔
الْعَيَاء. مص۔ عاجزی۔ وَاءٌ عَيَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔

الْعَيُّ. تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج اَعْيَاءٌ.
الْعَيِّي. تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج. أَعْيِيَاء واَعْيِيَة.
الْعَيَّان. تھکا ہوا۔ عاجز۔

أَلْأُعْيِيَّة. پیچیدہ کلام۔
الْمُعْيِي. تھکا ہوا۔ عاجز۔

غ

غ : اَلْغَین انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ یہ حروف حلقی (حلق سے نکلنے والے حروف) سے ہے بحساب جمل اس کا عدد (۱۰۰۰) ہے۔

غَبَّ (ن) غَبًّا و غِبًّا چند دن کے بعد ملاقات کرنا۔ عَنْہُ: ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّ عِنْدَہُ: رات بسر کرنا الرَّاَیَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا و غُبُوْبَۃً. الطَّعَامُ کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا۔ غَبَّتِ الْاُمُوْرِ: کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا المَاشِیَۃُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا۔ صفت غَابَّۃٌج غَوَابٌّ و غَابَّاتٌ.

اَغَبَّ. المَاشِیَۃَ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا القَوْمَ: ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا۔ اَغَبَّتْہُ الحُمّٰی واَغَبَّتْ عَلَیْہِ: تیسرے دن بخار آنا۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا عِنْدَہُ: رات بسر کرنا۔

غَبَّبَ. الشَّیُٔ: فاسد ہونا فِی الْاَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا عَنْھُمْ: دفع کرنا الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

الغَابُّ. فا۔ باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌّ: ثابت ستارہ۔

الغِبُّ. س۔ نتیجہ انجام۔ بمعنی بعد حُمَّی الغَبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔

مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب.

الغُبّ. لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پست زمین۔ ج اَغْبَاب و غُبُوْب و غُبَّان.

الغُبَّۃ. زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان۔

الغَبَب. مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت۔ ج اَغْبَاب.

الغَبِیْب. باسی گوشت۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی۔

الغَبِیْبَۃ. صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔

التَغِبَّۃ. جھوٹی شہادت۔

المُغِبُّ. شیر۔

المَغَبَّۃ. انجام۔

المُتَغَبِّبْ. انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا. الجُبْنَ بِالسَّمَنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

اِغْبَثَّ. مٹیالا رنگ کا ہونا۔ صفت "اَغْبَث"

الغُبْثَۃ. مٹیالا رنگ۔

غَبِجَ (س) غَبْجًا. المَاءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

الغُبْجَۃ. گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا. گزرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا. الجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا۔ اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت "غَبِرٌ"، غبار لگنا۔

غَبَّرَ. غبار اُڑانا الشَّیَٔ: غبار میں لتھیڑنا۔ الرَّجُلُ: لا الٰہ الا اللہ کہنا۔ یا قراءت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِی وَجْہِ فُلَان" اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔

اَغْبَرَ. غبار اُڑانا۔ گرد آلود ہونا۔ فِی الْاَمْرِ: متوجہ ہونا اور کوشش کرنا۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا۔

اِغْبَرَّ. گرد آلود ہونا الْیَوْمُ: بہت غبار والا ہونا۔

الغِبْر. چیز کا بقیہ۔ ج اَغْبَار.

الغُبَّر. چیز کا بقیہ۔ ج غُبَّرات. کہا جاتا ہے "غُبَّرُ المرَض" یعنی مرض کا بقایا۔

الغُبْرَۃ. خاکستری رنگ۔

والغَبَرۃ والغُبَار. مٹی۔ خاک۔

الغَبَر. بقاء. دَاھِیَۃُ الغَبَرِ: منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت۔ مٹی۔

الغَبْرَۃ. گرد۔ غبار۔

الغَبِر. گرد غبار۔ ناسور۔ جُرْحٌ غَبِرٌ: خراب شدہ زخم۔

الْاَغْبَر. خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے والا۔ کہا جاتا ہے "لَا یَغُرَّنَّکَ عِزُّ الدُّنْیَا فَانَہ اَغْبَر"، دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لیے کہ وہ جانے والی ہے۔ ج غُبْر۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "الجُوْعُ الْاَغْبَرُ والمَوْتُ الْاَحْمَرُ."

الغَبْرَاءُ. مؤنث اَغْبَر. مادہ چکور۔ زمین۔ کہا

جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَانٍ"مثل فلاں پرنہ تو آسمان نے سایہ ڈالا اور نہ زمین نے اٹھایا۔ بَنُوْ غَبْرَاءَ و بَنُوْ الغَبْرَاءِ فقراء۔ سَنَةٌ غَبْرَاءُ خشک سال۔

الغُبَيْرَاء چنیا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ۔

الغُبْرَان ایک غلاف میں دو کھجور۔

الغَابِر. فا۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَانٍ"وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبَّر و غَابِرُوْنَ. غُبَّرُ الشَّيْءِ چیز کا بقیہ۔ غُبَّرُ اللَّيْلِ رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرَ النَّاسِ رتبہ کے لحاظ سے آخری۔

المِغْبَار. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا: گرد آلود درخت خرما وغیرہ۔

المُغَبِّرَة وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔

غَبَسَ (ن) غَبْسًا واَغْبَسَ واغْبَسَّ واِغْبَاسَّ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (اَغْبَس)ج غُبْس. اَغْبَسَ الشَّيْءُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔

الغُبْسَة و الغَبَس. خاکستری رنگ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔

غَبِشَ (س) غَبَشًا واَغْبَشَ. اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تَغَبَّشَهُ. دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الغَابِش. دھوکا باز۔ فریبی، ظالم۔

الغَبَش. رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اَغْبَاش.

الغُبْشَة. رات کا بقیہ۔ لَيْلٌ (غَبِشٌ واَغْبَشُ) تاریک رات۔ و لَيْلَةٌ غَبْشَاءُ ج غُبْش۔

غَبِصَتْ (س) غَبَصًا. العَيْنُ: ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔

الغَبَص. آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "فِي عَيْنِهِ غَبَصٌ"اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔

غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الكَبْشُ: مینڈھے کا موٹاپا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔

غَبَطَه (ض) و غَبِطَ (ف) غَبْطًا و غِبْطَةً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لیے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِطٌ)ج غُبَّط.

غَبَّطَهُ رشک دلانا۔

اَغْبَطَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْبَطَ عَلَيْنَا المَطَرُ" النَّبَاتُ: زمین کو ڈھانپ لینا۔ اَغْبَطَتِ الحُمّٰى عَلَيْهِ بخار کا لگاتار رہنا۔

اِغْتَبَطَ وَاُغْتُبِطَ خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔

الغَبْط و الغِبط. کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوط.

الغِبْطَة. حسن حال، خوش، رشک، پادری کا لقب۔

الغَبِيْط. کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُط.

الغَبُوْط. مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔

سَمَاءٌ (غَبْطَى) لگاتار برسنے والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین۔

الغَبْغَب. گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا و غَبَقَهُ. شام کو پینے کی چیز ہلانا۔ غَبَقَ الغَنَمَ: بکری کو شام کو پلانا یا دوھنا۔

اِغْتَبَقَ. شام کو پینے کی چیز پینا الخَمْرَ: شام کے وقت شراب پینا (و تَغَبَّقَ) النَّاقَةَ: شام کے وقت دوہنا۔ (الغَبُوْق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوْقُ و الغَبُوْقَة) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِق. تم کہتے ہو "لَقِيْتُه ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ" یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔

الغَبَقَة. وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔

الغَبْقَان. شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَبْقَانُ اِمْرَاَةٌ غَبْقَى"ج غَبَاقَى.

غَبَنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا الرَّجُلُ: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو الطَّعَامَ: کھانے کو حاجت کے وقت کے لیے چھپانا۔

غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا و غَبَنًا. فِي البَيْعِ او الشِّرَاءِ: دھوکا دینا فُلَانًا: قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت مفعولی (مَغْبُوْنٌ)

غَبِنَ (س) غَبْنًا و غَبَنًا. الشَّيْءَ و فِيْهِ: بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبَنًا و غَبَانَةً رَايَهُ): کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔

تَغَابَنَ. بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔

اِغْتَبَنَ. الشَّيْءَ: بغل میں چھپانا۔

الغَبْن و الغَبَن. مص۔ خرید و فروخت میں دھوکا و الغَبَانَة. کند ذہنی۔ بھول چوک۔

الغَبَن. کپڑے کی کترن۔

الغَابِن. فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام چور۔

الغَبِيْن و المَغْبُوْنَ. کم سمجھ۔

اَلْغَبْنُ وَالْغَبَنُ وَالْغَبَانَةُ کمزور رائے۔ بھول جانا۔

الغَبِيْنَة. دھوکا۔

المُغَابَنَة. خرید و فروخت میں نقصان۔

المَغْبِن. بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِن.

غَبِيَ يَغْبَى غَبًا و غَبَاوَةً. الشَّيْءَ و عَنْهُ: نا سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا الشَّيْءُ عَلَيْهِ: مخفی رہنا عَنْهُ الخَبَرَ: جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْهُ الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔

تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا و تَغَابَاهُ. غفلت برتنا۔

تَغَبَّاه واِسْتَغْبَاهُ. غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔

الغَبَاء. زمین کی پوشیدگی مِنَ التُّرَابِ بلند غبار۔

الغَبْوَة و الغُبْوَة. غفلت۔

الغَبَاوَة و الغُبَى. جہالت۔ نا سمجھی۔ غفلت۔

الغَبَی. کم سمجھ جاہل ج اَغْبِیَاء و اَغْبَاء.
غَبّٰی تَغْبِیَةً. الشَّیْءَ: چھپانا الشَّعْرَ: بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اَغْبٰی. السَّحَابُ: کم برسنا، بوچھار برسانا۔
الغَبَاء. مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔
الغَبْیَة. کم بارش یا بوچھار۔
مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی غَبْیَةِ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے غائب ہونے کے وقت آیا۔
الاَغْبٰی مِنَ الْاَغْصَانِ: گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْیَاء ج غُبِیٌّ شَجَرَةٌ غَبْیَاء: گنجان درخت۔
المَغْبَاة. درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا۔ ج مَغَاب.
غَثَّ (ن) غَثًّا. الطَّعَامُ او الکَلَامُ: خراب ہونا الشَّیْءَ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا فُلَانًا. غمگین کرنا، گلا گھونٹنا فُلَانًا بِالْاَمْرِ: تھکانا اور غمگین کرنا ہ بِالْکَلَامِ: سرزنش کرنا۔ غَثَّ الضِّحْكَ: ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا المَاءَ: برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غَتَّتَ واَغْتَتَ. الطَّعَامَ: کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
غَتِلَ (س) غَتَلًا. المَکَانُ: بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَتِل)
اَغْتَمَ. الزِّیَارَةَ: زیادہ ملاقات کر کے ملول کرنا۔
الغَتْم. سخت گرمی جس سے دَم گھٹے۔
الغُتْمَة. گفتگو میں رکاوٹ۔
الاَغْتَم والغُتْمِیُّ. جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْتَم و قَوْمٌ غُتْم واَغْتَام وامْرَاَةٌ غَتْمَاء."
غَثَّتِ (ض۔س) غَثَاثَةً و غُثُوثَةً الشَّاةُ: بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّة) اللَّحْمُ: لاغر ہونا حَدِیْثُ القَوْمِ ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا وغَثِیْثًا. عَلَیْهِ المَکَان: ناموافق ہونا الجُرْحُ: زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یغثُّ عَلَیْهِ شَیْءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تاکہ اس کو چھوڑے۔
اَغَثَّ. دُبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِی الکَلَامِ: بیکار گفتگو کرنا اللحمَ: دُبلا گوشت خریدنا۔
اِغْتَثَّتِ. الخَیْلُ: موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا۔
تَغَثَّثَ. الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔
اِسْتَغَثَّ. الجُرحَ: علاج کر کے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثّ. دُبلا۔ مِنَ الکلامِ: ردی کلام۔
الغَثِیْث. دُبلا۔
غَثِیْثُ الجُرْحِ وغَثِیْثَتُه. پیپ، خون وغیرہ۔
الغَثِیْثَة. بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثْرًا. المَکَانُ بِالنَّبَاتِ: سبزی سے لہلہانا۔
اَغْثَرَ. الشَّجَرُ: درخت سے گوند بہنا۔
اِغْثَارَّ. الثَّوْبُ: زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْثَر)
الغَثَر. کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُثْر والغَثَرَة والغَثْرَاء والغَیْثَرَة. کمینے لوگ۔
الغَثْرَة. ارزانی و تروتازگی۔
الغُثْرَة. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْثَر. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔ مؤنث (غَثْرَاء) ج غُثْر. زیادہ اُون کا کمبل۔ شیر، بھیڑیا۔ کیچڑ۔ جاہل۔
المِغْثَر والمِغْثَار والمُغْثُور. بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِیْر.
اَرْضٌ (مُغْثِرَةٌ) سبز سے لہلہانے والی زمین۔
غَثَمَ (ن) غَثْمًا لَهُ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَثِمَة. اوجھ کا وہ حصہ۔ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُثْمَة. سیاہی مائل سفید رنگ۔
الاِغْثَم. سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْثُوم. مخلوط۔
الغَثِیْمَة. ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔
غَثَا یَغْثُوْ غَثْوًا وغُثُوًّا واَغْثٰی. الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا۔
السَّیْلُ المرتَعَ: سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغُثَاء والغُثَّاء. جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثٰی یَغْثِی غَثْیًا. الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغْثِی غَثْیًا وغَثَیَانًا وتَغَثَّتِ النَّفْسُ: متلی آنا غَثَتِ السَّمَاءُ بالسَّحاب: آسمان پر بادل چھاجانا۔
غَثِیَ یَغْثٰی غَثْیًا. الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا وغُدَّ. البَعِیْرُ: اُونٹ کا غدود والا ہونا۔
غَدَّ، غُدَّ وَغُدِّدَ وَاُغِدَّ. غدود والا ہونا۔ صفت (مُغِدٌّ)
غَدَّدَ نَصِیْبَهُ: حصہ۔ لینا۔
اَغَدَّ غدود والا ہونا۔ عَلَیْهِ: غصہ سے پھولنا۔
الغَدَد. اُونٹوں کا طاعون۔ ج غِدَاد.
الغُدَّة. مال کا ایک حصہ۔ سامان ج غَدَائِد.
(والغُدَدَة) اُونٹوں کا طاعون، گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد و غَدَاید.
المِغْدَاد. بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا وغَدَرَانًا. خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا المَکَان: بہت پتھر والا ہونا عَنْ اَصْحَابِهِ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا الرَّجُلُ: تالاب کا پانی پینا اللَّیْلُ:
اَغْدَرَہ. پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

غَادَرَهٗ غِدَارًا و مُغَادَرَةً. چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ. پیچھے رہ جانا۔
اِغْتَدَرَ. الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔
اِسْتَغْدَرَ. المَکَانُ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدَر. س۔ پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَر والغَدَرَة والغَدَارَة. جو چھوڑا جائے۔
الغَدِیْر. نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُرٌ و غُدْرٌ و غُدْرَان و اَغْدِرَة.
الغَدِیْرَة. چوٹی ج غَدَائِر. الغَدِیْرَة. سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَان.
الغَادِر. فا۔ خیانت کرنے والا ج غادِرُوْن و غَدَرَة و غُدَّار مؤنث غادِرَة ج غادِرات و غَوَادِر.
الغَدْرَاء. تاریکی۔ لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ و غَدِرَةٌ و مُغْدِرَة) تاریک رات۔
الغُدَر والغُدَرَة والغَدِیْر والغَدَّار والغَدُوْر. بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُوْرٌ و اِمْرَاَةٌ غَدُوْرٌ". ج غُدُر اور مذکر کی گالی میں یاغُدَرُ بمعنی یاغادِرُ اور جمع میں یاآلَ غُدَرِ مستعمل ہے۔
یَاغَدَارِ. مبنی علی الکسرة. عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا و غَدَفَ. لَهٗ فِی العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا الشَّبْکَةَ عَلَی الصَّيْدِ: شکار پر جال ڈالنا البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا المَرْاَةُ قِنَاعَهَا عَلٰی وَجْهِهَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ. مِنْهُ: زیادہ لے لینا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔
الغَادِف. ملاح۔
الغُدَاف. لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَان.
الغَدَف. نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَف والغَادُوْف. چپو۔
الغِدَفْل. کامل۔ لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِل.
غَدِقَ (س) غَدَقًا و اَغْدَقَ و اِغْدَوْدَقَ. المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا عَيْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَة) اَغْدَقَ العَيْشُ: آسودہ ہونا. اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا المَکَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ. النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غَدَوْدَن)
الغَدَن. نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن، سستی والغُدْنَة. نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَان. شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِیّ. نازک بدن جوان۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا. صبح کے وقت جانا۔ جانا۔ اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا یَغْدُو غَدْوًا و غُدْوَةً و اِغْتَدٰی. عَلَيْهِ: سویرے آنا۔
غَدِیَ یَغْدٰی غَدًا و تَغَدّٰی. صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَكَ اَنْ تَتَغَدّٰی بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَتَغَشّٰی بِنَا" یعنی کیا تیرے لیے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدّٰی. الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔
غَادٰی مُغَادَاةً. الرَّجُلَ صبح کے وقت آنا۔
الغَد. آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لیے (غَدِیٌّ و غَدَدِیٌّ)
الغُدْوَة. صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًی و غُدُوٌّ.
الغَدَاة. صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج غَدَوَات کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ غَدَاتَيْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِیَّة بمعنی غُدْوَة و غَدَاة ج غَدَايَا و غَدِيَّات.
الغُدَيَّة. غداة کی تصغیر۔
الغَدَاء. صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِيَة.
الغَادِی. فا۔ شیر۔
الغَادِيَة مؤنث غادِی. بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ و غَادِيَات.
الغَدْيَان. صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْيَا.
المَغْدٰی والمَغْدَاة. صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّیْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّيْرَ و فِی السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذّ. فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔
الغَذِیْذَة. زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَهٗ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
و غَذِمَ (س) غَذْمًا و تَغَذَّمَ و اِغْتَذَمَ الشَّیْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ و تَغَذَّمَ الفَصِيْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَة. مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم
والغَذْمَة. بہت دودھ۔ ج غُذَم.
بِئْرٌ غَذِیْمَةٌ. وسیع کنواں۔

الغُدَم والمُتغَدِّم. بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَةً. غضبناک ہونا۔
الشَّیْءَ. جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ اٹکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ. فِي المَجْلِس. غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَة. س۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غذامیر.
غَذَا يَغْذُ وغَذْوًا. الرَّجُلُ بالطَّعَام: خوراک دینا الطَّعَامُ الصَّبِيَّ. بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا العِرْقُ. خون بہانا الرَّجُلُ: جلدی کرنا الفَرَسُ. تیز گزرنا۔
غَذَّى تَغْذِيَةً. الرَّجُلَ. غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّى العِرْقُ. خون بہانا۔
تَغَذَّى تَغَذِّيًا واغْتَذَى اِغْتِذَاءً. خوراک کھانا۔
اسْتَغْذَى اِسْتِغْذَاءً. الرَّجُلَ: سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء. خوراک۔ ج أغْذِيَة.
الغَاذِي. فا. غَاذِي المَال. مال کا منتظم۔ ج غُذَاة و غَاذُوْن مؤنث غَاذِيَة ج غَوَاذٍ.
الأغْذَى. اسم تفضیل۔
الغَذِيّ. رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے) ج غِذَاء. جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِيُّ. رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان. بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّهُ (ن) غَرًّا وغِرَّةً وغُرُورًا. دھوکا دینا۔ بیہودہ امید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا غَرَّكَ بِفُلَان"، یعنی تُو نے اُس پر دلیری کیونکر کی؟
غَرَّ المَاءَ: پانی گرانا۔
غَرًّا وغِرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا الرَّجُلُ. غرغر پرندہ کھانا الرَّاعِي: اونٹ کو چرانا المَاءُ پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا وغِرَارًا وغَرِرَ (س) غَرَارَةً. شریف ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا وغَرَارَةً. تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔

غَرَّ (س) غَرَرًا وغُرَّةً وغَرَارَةً الوَجْهُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّيْءُ. سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَغْرِيرًا وتَغِرَّةً. بالشَّيْءِ. ہلاکت کیلئے پیش کرنا الطَّائِرُ. پرندہ کا اڑنے کیلئے پر پھیلانا القِرْبَةَ. مشک بھرنا۔ غَرَّرَتْ ثَنِيَّةُ الغُلَامِ: بچے کے اگلے دانت نکلنا۔
غَارَّتْ غِرَارًا ومُغَارَّةً. السُّوقُ. بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَارَّ التَّحِيَّةَ: کم کرنا۔ غَارَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تَغَرَّرَ. الفَرَسُ. گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا۔
اِغْتَرَّ واسْتَغَرَّ. بِكَذَا: دھوکا کھانا۔
اِغْتَرَّهُ واسْتَغَرَّهُ. بے خبری میں آنا۔
واغْتَرَّهُ: بے خبری کا طالب ہونا۔
الغَرُّ. س۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طویت الثوب علی غره"، یعنی میں نے کپڑے کو اس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُور.
الغَرّ والغِرَار. تلوار کی دھار۔ الغِرَار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اونٹنی کے دودھ کی کمی ج أغِرَّة کہا جاتا ہے "اتانا علی غرار"، یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔ الغِرَار: تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلَى غِرَارٍ وَاحِدٍ"، یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ولدت ثلاثة بنين على غرار"، یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔
"لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ"، قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔
الغَرَارَة. غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "كان ذلك على غرارتي"، یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔
الغُرْغُرَة. ایک آبی پرندہ جو گہرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّة. گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم

حصہ۔ مِنَ القَوْمِ: شریف مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے "قَدْ بَدَتْ غُرَّتُهُ" غلام۔ باندی۔ ج غُرَر.
الغُرَر. مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی، دوسری، تیسری رات۔ عرب۔ مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین راتوں کو نفل اور اس کے بعد تُسع پھر عُشر پھر بِیض پھر دُرع پھر ظُلَم پھر حَنادِس پھر دَآدِئ پھر مَحاق کہتے ہیں۔
الغِرّ. ناتجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرٌّ وغِرَّةٌ ج أغْرَار.
الغُرَّى. اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّة. س۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَر.
الغُرَّة. مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔
الغَرَر. ہلاکت کے در پے۔ کہا جاتا ہے "انا غرر منك"، میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغُرُور. دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدنيا غرور"
غرغرہ کی دوائیں۔
الغُرُور. س۔ بیہودہ باتیں۔
الغَارّ. فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّة.
الغَرَّار. بہت دھوکہ دینے والا۔
الغَرِير. اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "أدْبَرَ غَرِيرُهُ وأقْبَلَ هَرِيرُهُ". یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بری عادت آگئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَّان. ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج أغِرَّة وأغِرَّاء مؤنث غَرِيرَة ج غَرِيرَات وغَرَائِر.
الغُرَيْر. کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "أسْمَنُ مِنْ غُرَيْرٍ"، اور اس کا نام يَغْر اور غُرْغُور بھی ہے۔
الأغَرّ. خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔

سردار شریف مِنَ الْاَیَّامِ: سخت گرم دن۔
مِنَ الْخَیْلِ: پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ وغُرَّان۔

الغِرَارَةُ. بورا۔ تھیلا۔ ج غَرائِر۔

الغُرَّانُ. پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الْمَاءُ بِغُرَّانِہٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔

المُغارُّ. کم دودھ والی اُونٹنی۔ ج مَغارٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُغارُّ الْکَفِّ" یعنی بخیل ہے۔

المَغْرُوْر. مـ۔ فریب خوردہ۔

غَرَبَ (ن) غَرْبًا. جانا فُلانٌ عَنَّا: جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا فِیْ سَفَرِہٖ: طویل سفر کرانا (غروبا) الرجل: دور ہونا النجم: ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔

غَرَبَ (ن) غُرْبَۃً وغُرْبًا وغرابۃً. پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔

غَرُبَ (ک) غَرابَۃً. الکلامُ: مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا الشَّیُٔ: غیر مانوس ہونا۔

غَرِبَ (س) غَرَبًا. لو سے چہرہ کالا ہونا۔

غَرَّبَ. دُور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا ہٗ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلاوطن کرنا فِی الْاَرْضِ: دُور تک لے جانا۔

اَغْرَبَ. مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا فِی الضِّحْکِ و نَحْوِہٖ: مبالغہ کرنا الحَوْضَ: حوض کو بھرنا الفَرَسُ فِیْ جَرْیِہٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے ہٗ: علیحدہ کرنا اَغْرَبَ واُغْرِبَ المَرِیْضُ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَیْہِ وبہٖ: بُرا سلوک کرنا۔

تَغَرَّبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔

اِغْتَرَبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔

اِسْتَغْرَبَ. الشَّیُٔ: نادر پانا یا سمجھنا۔
الدَّمْعُ: آنسو بہانا۔
واُسْتُغْرِبَ. فِی الضِّحْکِ: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔

الغَرْب. س۔ پچھم۔ ہر چیز کا اوّل۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی اَخَافُ عَلَیْکَ غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا اگلا حصّہ۔ آنکھ کا پچھلا حصّہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَهْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْب۔

الغُرْبَۃ. دُوری۔

الغَرَبُ. س۔ سونا۔ چاندی۔ پیالہ۔ شراب۔ پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرَبٍ وسَهْمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَیْنِہٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔

الغُرَاب. کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود. ابقع. زاغ ج اَغْرُب و غُرْبٌ و غِرْبَان واَغْرِبَۃ جج غَرَابِیْن. کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ "وَاَرْضٌ لَا یَطِیْرُ غُرَابُہَا" یعنی سرسبز ہے۔ الغُرَاب اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصّہ۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی ابتداء۔ اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الفاسِ. اور کوّے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اُٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَکَرْتُ بُکُوْرَ الْغُرَابِ" کوّے کی مانند صبح سویرے اُٹھا۔ "فُلانٌ اَحْذَرُ مِنَ الْغُرَابِ" فلاں کوّے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ ہٰذَا شَیْبُ الْغُرَابِ" اس سے کم کوّے کی سیاہی ہے اَغْرِبَۃُ الْعَرَبِ: عرب کے سیاہ لوگ۔ الغُرَاب پرانی قسم کی ایک کشتی۔

الغُرَابَان. دونوں سرین کے نچلے حصّے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔

الغَارِب. فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کے حصّہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصّہ۔ ج غَوارِب اور اسی سے ہے۔ غَوارِبُ الْمَاءِ بلند موجیں۔

الغَرِیْب. مسافر۔ وطن سے دُور۔ اجنبی ج غُرَبَاء عجیب وغیر مانوس مِنَ الْکَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیْبَۃ ج غَرائِب۔

الغُرُب. بمعنی غریب۔

المُغْرَب. صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عُنْقَاء (مُغْرِب و مُغْرِبَۃ) دیکھئے لفظ "عُنْقَاء"۔

المَغْرِب. پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبانِ حال ممالک یورپ۔

مَغْرِبَانُ الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔

المَغْرِبِیّ. ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغارِبَۃ۔

الغِرْبِیْب. سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِیْبٌ"

غَرْبَلَ غَرْبَلَۃً الحِنْطَۃَ: گیہوں چھاننا۔
البَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔
فِی الْاَرْضِ: جانا الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا القَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

الغِرْبَال. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور ج غَرَابِیْل۔

المُغَرْبَل: مـ۔ گھٹیا۔ پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال پزیر مُلک۔

الغِرْبِیْل. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور۔

غَرِثَ (س) غَرَثًا. بھوکا ہونا۔
صفت (غَرْثَان) ج غَرْثی وغَراثَی و غِراث مؤنث (غَرْثَی) ج غِراث۔

غَرَّثَ. الکَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔

الغَرِث والغَارِث. بھوکا۔

غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرَّدَ واَغْرَدَ و

تغرد. الطائر: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور گٹکری کرنا اَغْردہ الطائِر: گا کر خوش کرنا۔
اِستغْرَدَہٗ. گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الاُغْرُوْد والاُغْرُودَۃ. پرندہ کی سریلی آواز ج اَغارِیْد.
الغِرْد والغَرِد والغِرِّیْد. گانے والا۔
غَرَزَہٗ (ض) غَرْزًا. بِالْاِبْرَۃ و نحْوِھا: سوئی وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الِاِبْرَۃ فِی الشَّیٔ: داخل کرنا۔
الراکِب رِجلَہ فِیْ الغَرْزِ: رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ عُوْدًا بِالْاَرَضْ: زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غرزَتِ الجَرْادَۃُ انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غَارِز و غَارِزَۃ)
غَرَّزَ. الِاَبرۃ فِی الشَّیٔ: داخل کرنا۔
غَرَّزَتِ الجَرَادَۃُ: انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔
الغنم. بکری کو موٹی ہونے کے لیے دوھنے سے چھوڑ دینا۔
اَغرَزَ. الِاِبْرَۃَ: بمعنی غَرَزَ الوَادِی: غرز نامی پودہ اگانا فِی الشَّیٔ: داخل ہونا۔
اِغترَزَ السَیرُ: روانگی قریب ہونا فُلَانٌ السَّیْرَ: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا الرَاکِبُ رِجلَہٗ فِیْ الغَرْزِ: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغَرْز. مع۔ رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غُرُوز. کہا جاتا ہے "اِلزَم غَرزَ فُلَان" یعنی اس کے اَمر و نہی کی اطاعت کرو۔ "اُشْدُدْ یَدَیْكَ بِغَرْزِہٖ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو۔
الغَرَز. ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغَرِیْزَۃ. طبیعت ج غَرَائِز.
الغَارِز. فا۔ اُونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔ عُیُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے۔
التَغْرِیْز. کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِیْز.
المَغرِز. گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِز.
غَرَسَ (ض) غَرْسًا وغِرَاسَۃً الشَجَرَ: درخت کا پودہ لگانا۔
اِنغرس: پودہ لگنا۔
الغَرْسُ. مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غِرَاس واَغْرَاس.
الغِرْس. پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج اَغْرَاس.
الغَرِیس. پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغَرِیْسَۃُ. کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غَرَائِس وغِرَاس.
الغِرَاس. پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا زَمَنُ الغِرَاس" جس طرح کہا جاتا ہے "ھٰذَا زَمَنُ الحصاد."
المَغْرَس. پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس.
الغِرْش. مِنَ المسکوکات: ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غُرُوش.
غَرِضَ (س) غَرَضًا. الیہ: مشتاق ہونا۔ صفت (غَرِض) مِنْہُ: تنگ دل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غَرَضَ (ض) غَرْضًا. الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ کم بھرنا الشَّیٔ: تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (غَرِیْضًا) لَہٗ: تازہ دودھ پلانا۔
غَرُضَ (ک) غَرَضًا. اللَحم: گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِیْض) ج اَغَارِیْض.
غَرَّضَ. مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔ الشَّیٔ: تازہ چننا فِیْ سِقَائِہٖ: مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحرٌ لَا یُغَرَّض" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جاسکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا: نشانہ بنانا۔
اَغْرَضَ. فُلَانًا: تنگ دل کرنا الغَرَضَ: نشانہ پر ٹھیک مارنا الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔
غَارَضَ. الاِبِلَ: اُونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔
تَغَرَّضَ واِنْغَرَضَ. الغُصن. شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اِغترَضَ. الشَّیٔ: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔ اُغْتُرِضَ فُلَانٌ جوان مرنا۔
الغَارِض. فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "اَتیتہٗ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتدا میں۔
الغَرْض. مص۔ وادی کی ناقص شاخ ج غُرْضَان وغِرْضَان واَغْرُض کجاوہ کا تنگ ج اَغْرَاض وغُرُوْض.
الغُرْضَۃ. کجاوہ کا تنگ ج غُرُض وغُرْض.
الغَرَض. مص۔ مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَكَ" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا۔ نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج اَغْرَاض.
الغَرِیْض. طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الِاغْرِیْض. شگوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ۔ ج اَغَارِیض.
المَغْرِض. اُونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِض.
المَغْرُوْض. مع بارش کا پانی۔
الغُرْضُوْف. نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غَرَاضِیف. الغُرْضُوْفَان: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔
غَرْ غَر غَرْغَرَۃ. غرغرہ کرنا۔ غرغرت القِدْرُ: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غَرْغَرَہٗ: ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا الرَّجُلُ: آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خرخر کرنا اللَحْمُ: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔
تَغَرْغَرَ. بِالمَاءِ او الدَوَاء: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ العَیْنُ بالدَّمْع" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔
الغِرْغِر. ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرغِرَۃ)
الغُرْغُور. بمعنی الغُرَیْر (دیکھئے الغُرَیر)
الغُرْغُرَۃ. پوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا

ہے"فُلَانٌ غُرغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔
غَرَفَ (ض)غَرْفًا. الشَّیَٔ: کاٹنا ناصِیتَهٗ: پیشانی کے بال کترنا۔
واغْتَرَفَ. المَاءَ بِیَدِهٖ پانی کا چلو لینا۔
تَغَرَّفَهٗ. کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔
اِنْغَرَفَ. الشَّیُٔ: کٹنا۔ مرنا اور ٹوٹنا العظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا فُلَانٌ: مرنا۔
الغَرْف. س (والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔
الغِرْفَةُ. چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غرف.
الغُرْفَةُ. چلو۔ ج غِرَافٌ کوٹھری کے اندر کوٹھری؛ بالاخانہ؛ بالوں کا گچھا۔ ج غُرَفٌ و غُرْفَاتٌ و غُرَفَاتٌ و غُرُفَاتٌ.
الغَارِفَةُ. مؤنث غَارِفٌ اسم فاعل مِنَ النُوْق: تیز دوڑنے والی اُونٹنی۔ ج غوارف.
الغَرَاف. ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔
الغَرَّاف. بہت چلو لینے والا۔ نَهْرٌ غرافٌ: بہت پانی کی نہر۔ غَیْثٌ غَرَّافٌ بہت بارش۔
الغَرُوْف. مِنَ الآبَارِ: وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔
الغَرِیْف. مِنَ الشَجَرِ: گھنا درخت۔ بانس؛ نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔
الغَرِیْفَة. گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے پرتلے کے نچلے حصہ۔ کا چمڑا۔
المِغْرَف. تیز رفتار گھوڑا اور "فارِسٌ مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَغَارِف.
المِغْرَفَة. چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف.
غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِي الْمَاءِ: ڈوبنا۔ صفت (غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِیْقٌ) ج غرقی
غَرِقَ فُلَانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستغنی ہونا۔
غَرَقَ (ن)غَرْقًا. مِن اللَّبَنِ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔
اَغْرَقَ. فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔
اَغْرَقَهٗ وغَرَّقَهٗ. ڈبو دینا۔ اَغرَق و غَرَّقَ فِي الْقَوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا اَغرَقَ و غَرَّقَ اللِّجَامَ بالفِضَّةِ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهٗ بالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔
[illegible]قَهٗ. قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي لَمنِیَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔
اِغْتَرَقَ. النفس بہت ہانپنا۔
لَبَعِیْرُ التَصْدِیر اُونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔
الفَرَسُ الخَیل: گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَفْتَرِقُ العَیْنَ یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔
اِسْتَغْرَقَ. الشَیَٔ: کل لے لینا الغَایَةَ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا فِي النَّوْمِ: گہری نیند سونا فِي الضحك: کھلکھلا کر ہنسنا۔
اِغْرَوْرَقَتْ. لعَیْنُ: ڈبڈبا آنا۔
الغُرْقَة. دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرق.
غَرْقَأَتِ. الدجاجَةُ بَیْضَتَهَا: مرغی کا کچا انڈا دینا البَیْضَ: کچا انڈا کرنا۔
الغَرْقِئُ. انڈے کے سفیدی کی جھلی۔ انڈے کی سفیدی۔
غَرِل (س) غرلًا. الصبیُّ: بچّے کا غیر مختون ہونا۔ صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرْلَاء ج غُرْلٌ.
الغَرِل. ڈھیلا ڈھالا آدمی۔ بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ۔
الاَغْرَل. ارزانی کا سال۔ خوش عیش زندگی۔
الغُرْلَة. چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں۔
غَرِمَ (س)غَرما وغرامة ومَغْرَمًا الدَیْنَ ونَحْوَهٗ: قرض وغیرہ ادا کرنا۔
فِي التِجَارَةَ: تجارت میں نقصان اُٹھانا۔
اَغْرَمَهٗ وغَرَّمه الدَیْنُ: قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَحَابُ" یعنی بارش ہوئی۔
اُغْرِمَ. بِالشَّیُٔ: بہت خواہش مند ہونا۔
تَغَرَّمَ. تاوان برداشت کرنا۔
اِغْتَرَمَ. تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔
الغَرَامَة والغُرم. تاوان۔ مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ضرر۔ مشقت۔
الغَرَام. اشتیاق۔ محبّت جو دِل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو۔ ہلاکت۔ عذاب۔
الغَرِیْم. قرض خواہ۔ قرض دار۔ مخالف۔ ج غُرَماء و غُرَّام.
اَلغَرَامَاتِیْقُ اَو الْغَرَامَاطِیْقُ: وہ علم جو بولنے اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف' علم نحو اور علم عروض- اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے-
المَغْرَم. تاوان۔ ج مَغَارِم.
غَرِنَ (س)غَرَنًا العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔
الغَرِن. کمزور۔
الغَرِیْن والغِرْیَن. تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بیوقوفی۔
الغِرْنِیْق والغُرْنَیْق والغُرْنُوْق والغُرَانِق. ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ غُرَانِقٌ وصَبِیَّةٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَة" ج غَرَانِق وغَرَانِیْق و غَرَانِقة.
غَرَا یَغْرُ وغُرْوًا. الرَّحلُ: تعجب کرنا الجِلْدَ: سریش سے جوڑنا الشَحْمَ قَلْبَهٗ: چربی کا دِل پر چھا جانا۔
اَلْغَرنُوقِي: ایک افریقی پھول کا نام
غَرِیَ یَغْرَی غَرَاءً و غَرًا وغُرِیَ وغُرِّیَ واُغْرِیَ. بِکَذَا: بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَرِیَ الغَدِیْرُ: تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا فُلَانٌ: بہت زیادہ غضبناک ہونا (غَرَاةً) بِهٖ: چمٹنا۔ لازم ہونا۔

غَرّٰی تَغْرِیَۃً. الشَّیْءَ: سریش سے جوڑنا۔

اَغْرٰی. الرَّجُلَ بِکَذَا: برانگیختہ کرنا۔

اَغْرٰی العَدَاوَۃَ بَیْنَھُمْ: دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔

غَارٰی غِرَاءً ومُغَارَاۃً. فُلَانًا: سخت جھگڑا کرنا بَیْنَ الشیئینِ: ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔

الغَرَاءُ والغِرَاءُ. ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔ جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی۔ الغِرَاءُ: خوبصورتی۔

الغَرَاءُ والغَرْوٰی. خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لَاغَرْوَ وَلَاغَرْوٰی مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔

الغَرِیُّ. خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔

المِغْرَاۃ. سریش پگھلانے کا آلہ۔

غَزَّ (ن) غَزًّا واِغْتَزَّ. بِفُلَانٍ: خاص کرنا الاِبِلَ او الصَّبِیَّ: اُونٹ یا بچّہ پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اُون لٹکانا۔

غَازَّہُ مُغَازَّۃً. سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔

اَغَزَّ. الشَّجَرُ: درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ البَقَرَۃُ: گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔

تَغَازَّ. القَوْمُ الشَّیْءَ: آپس میں جھگڑا کرنا۔

الغُزُّ. جبرًا۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّیٌّ)

غَزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَۃً وغُزُرًا. اَلمَاءُ وغیرہ: پانی وغیرہ کثیر ہونا۔ غَزُرَتِ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

تَغَزَّرَ. الرَّجُلُ: زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔

غَازَرَ واِسْتَغْزَرَ. زیادہ لینے کے لیے تھوڑا دینا۔

الغَزْرُ. س. کھجور کے پتوں کی بکری۔

والغَزَارَۃ. کثرت۔

اَلغَزَارُ: باریک کانوں کا پودا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔

الغَزِیْرُ. ہر چیز کا بہت۔ ج غِزَار.

الغَزِیْرَۃ. مؤنث غَزِیْر مِنَ النُّوْقِ: بہت دودھ والی اُونٹنی مِنَ العُیُوْنِ: بہت آنسوؤں والی آنکھ مِنَ الآبارِ والیَنَابِیْعِ: بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار

المِغْزَار. مِنَ الاِبِلِ: بہت دودھ والی اُونٹنی۔ مَکَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔

غَزَلَ (ض) غَزْلًا واغْتَزَلَ. الصُّوْفَ: اُون کاتنا۔

غَزِلَ (س) غَزَلًا بالنِّسَاءِ. عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔

غَازَلَ. المَرْأَۃَ: عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الاَرْبَعِیْنَ مِنَ العُمُرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا و "ھُوَ یُغَازِلُ رَغَدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔

اَغْزَلَتِ. الظَّبْیَۃُ: ہرنی کا بچے والی ہونا المَرْأَۃُ: عورت کا تکلہ گھمانا۔

تَغَزَّلَ. فُلَانٌ: بتکلف عشق بازی کرنا۔

تغازل القَوْمُ: بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔

الغَزْل. س. کاتا ہوا۔

الغَزَل. س. عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔

الغَزَال. ہرن کا بچّہ۔ ج غِزْلَۃ و غِزْلَانٌ.

دَمُ الغَزَال. نام ایک نباتات کا۔

الغَزَالَۃ. غزال کا مؤنث ۔ چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَۃُ الضحٰی وغَزَالَتُہٗ: چاشت کی ابتداء۔

الغَزِل. عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔

الغَازِلَۃ. کاتنے والی۔ ج غُزَّل و غوازل.

الغَزِیْل. عورتوں سے باتیں کرنے والا۔

الغَزَّال. بہت کاتنے والا۔

الاَغْزَل. غزل کا اسم تفضیل۔

مِنَ الحُمّٰی: بار بار آنے والا بخار۔

المِغْزَل والمَغْزَل والمُغْزَل. تکلہ ج مَغَازِل.

غَزَاہُ یَغْزُوْہُ غَزْوًا. طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ مَا یُغْزٰی مِنْ ھٰذَا الْکَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔

غَزْوًا وغَزَاوَۃً وغَزَوَانًا. القَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا۔ جہاد کیلئے نکلنا۔

غَزّٰی واَغْزٰی. فُلَانًا: جہاد کیلئے بھیجا جانا۔ سامان دینا؛ برانگیختہ کرنا ہٗ: مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کردینا۔

اِغْتَزٰی اِغْتِزَاءً. فلانًا: قصد کرنا بِہٖ: مخصوص کرنا۔

الغَزْوَۃ. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوات.

الغَازِی. فا۔ ج غُزَاۃ وغُزًّی وغُزِیٌّ وغُزَّاء مؤنث غَازِیَۃٌ ج غَوَازٍ و غَازِیَات.

الغَزَاۃ. اسم ہے غزو کا ج غَزَوَات.

الغِزْوَۃ. جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔

المَغْزٰی. جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔

مغزی الکلام: مقصد کلام۔ ج مَغَازٍ.

المَغَازِی. غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔

اِمْرَاَۃٌ (مُغْزِیَۃٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اَتَانٌ اونَاقَۃٌ مُغْزِیَۃٌ: دیر سے جننے والی گدھی یا اُونٹنی۔

غَسَّ (ن) غَسًّا. فِی البِلَادِ: داخل ہونا الکَلَامَ: کلام میں عیب لگانا ہٗ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا الھِرَّۃَ: بلی کو ڈانٹنا۔ اور غس کہنا۔

اِنْغَسَّ. فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔

الغُسُّ. کمزور نالائق۔

غَسَرَ (ن) غَسْرًا. عَلَی الغَرِیْمِ: قرض دار پر سختی کرنا۔

تَغَسَّرَ الغَزْلُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ اُلجھا ہوا ہونا الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔

صفت (غَسِرٌ)
الغَسَر. جس چیز کو ہوا اُڑا کا تالاب میں ڈال دے۔
اَغْسَف. تاریکی میں داخل ہو۔
الغَسَف. تاریکی۔
غَسَقَ(ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا واَغْسَقَ. اللّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَقَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا المُؤَذِّنُ: مؤذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا وغسوقا وغَسِقَ (س) غَسَقَانًا. المَاءُ: پانی گرنا الغَيْمُ: بارش ہونا العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبانا۔ اور تاریک ہونا۔
الغَسَق. اوّل شب کی تاریکی۔
الغَاسِق. فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔ الغَسَاق والغَسَّاق. ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غَسَلَ (ض) غَسْلًا و غُسْلًا. الشَّئَ: پانی سے میل کچیل دُور کرنا ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔
غَسَّلَ. الشَّئَ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
اِنْغَسَلَ. دُهِلنا الشَّئُ: بہنا۔
اِغْتَسَلَ. نہانا بِالطِّيْبِ: خوشبو لگانا الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغُسُل والغُسْل. اسم ہے غَسل سے۔
الغِسْل والغُسْل: ہاتھ مُنہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَال.
الغِسْلَة والغَسُوْل والغُسُوْل. ہاتھ مُنہ دھونے کی چیز۔
الغُسَالَةُ. مِنَ الشَّئِ: پانی جس سے دھویا جائے؛ دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔
الغَسِيْل. نہلایا ہوا۔ ج غَسْلَى و غُسَلَاء مؤنث غَسِيْلَة ج غَسَالَى.
الغَاسُوْل. صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔
الغَسَّال. اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَةٌ.
المَغْسَل والمَغْسِل. غسل خانہ۔ ج مَغَاسِل.
المُغْتَسَل. غسل خانہ۔ ج مُغْتَسَلَات.
المُغْتَسَل. وہ پانی جس سے نہایا جائے۔
المِغْسَل. وہ چیز جس سے دھویا جائے۔
المِغْسَلَة. وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔
اَلْغِسْلِيْنُ. دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔
غَسْلَبَ. الشَّئَ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔
غَسَمَ (ن) غَسْمًا واَغْسَمَ. اللّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)
الغَسَم. سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔
الغُسَم والاَغْسَام. آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔
غَسَنَ (ن) غَسْنًا. الشَّئَ: چبانا۔
غُسَانُ القَلْبِ وغَسَّانُهُ. دِل کے انتہائی گوشے؛ کہا جاتا ہے "عَلِمْتُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ غَسَّانِ قَلْبِكَ". میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دِل کی گہرائی سے ہے۔
الغَسَّان والغَيْسَان. جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ مِنْ غَسَّانِهِ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔
الغَسَّانِيُّ. بہت خوبصورت۔
الغُسْنَةُ والغُسْنَاة. بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ. غُسُنَات وغُسْنَات.
الاَغْسَان. لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔
الغَيْسَانَة. نرم ونازک عورت۔
غَسَا يَغْسُو غَسْوًا وغَسِيَ يَغْسَى غَسًى واَغْسَى. اللّيْلُ. رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَاه اللّيْلُ. تاریکی ڈالنا۔
الغَسَاة. کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات وغَسًى شَيْخٌ (غَاسٍ) پیر فانی۔
غَشَّهُ (ن) غَشًّا وغِشَّشًا. خلافِ ضمیر ظاہر کرنا اور خلافِ مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔
اَغَشَّهُ. دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔
اِغْتَشَّ واِسْتَغَشَّ. الرَّجُلَ: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔
الغِشّ. دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دِل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔
الغُشّ. دھوکا باز۔ ج غُشُوْن.
الغَاشّ. دھوکا باز ج غَشَشَةٌ وغُشَّاشٌ.
الغَشَش. گدلا پانی۔
الغِشَاش والغَشَاش. تاریکی کا اوّل و آخر۔
قَوْمٌ (غَشَاشَةٌ) دھوکہ باز لوگ۔
المَغْشُوْش. مع۔ غیر خالص۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ مَغْشُوْشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔
غَشَمَهُ (ن ض) غَشْمًا و تَغَشَّمَهُ. ظلم کرنا۔
غَشِمَ (ض) غَشْمًا الحَاطِبُ. لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔
الغَاشِم والغَشُوْم والغَشَّام. ظالم۔ غاصب۔
المِغْشَم. خود رائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔
الغَشَمْشَم. بمعنیٰ مغشم. بہت ظلم کرنے والا۔
الغَشَمْشَمَة والغَشَمْشَمِيَّة. دلیری۔ جرات۔
غَشْمَرَ غَشْمَرَةً. السَّيْلُ: سیلاب کا آنا الرَّجُلُ: حق یا باطل میں خود رائی کرنا اور کوئی پروانہ کرنا الاَمْرَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔
تَغَشْمَرَ. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا؛ فُلَانًا: زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا؛ شمر

السَّيْل او الجَيْش: سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغَشْمَرة. مس۔ آواز۔ ج غَشَامِر.
الغَشْمَرِيَّة. ظلم۔
الغِشْمِير. سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بالغَشْمِير" یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غَشَا يَغْشُو غَشْوًا. فُلانًا: کسی کے پاس آنا۔
غَشِيَ (س) غَشَاوَةً. الاَمْرُ فُلانًا: مبتلا کر دینا۔
غَشَا. الفَرَسُ وغیرہ: سفید سر والا ہونا۔
غَشِيَ (س) غَشَيَانًا. فُلانًا: کسی کے پاس آنا ہُ بالسَّوْط. کوڑے سے مارنا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَه و بِثَوْبِه: ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغِشْوَة والغَشَاوَة. دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشْوَة: غشا کا اسم مرۃ۔
الاَغْشَى. مِنَ الخَيْل وغَيْرِهَا: سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشْوَاء.
غَشِيَ يَغْشَى غَشْيًا وغِشَايَةً الاَمْرُ وفُلانًا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِيَ المَرْأَةَ: جماع کرنا المَكَانَ: آنا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غُشِيَ عَلَيْهِ غَشْيًا وغُشْيًا وغَشَيَانًا: بیہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغْشِيٌّ عَلَيْه.
اَغْشَى. الاَمْرُ فُلانًا: نازل کرانا۔ ڈھکوانا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا اللهُ عَلَى بَصَرِه: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغْشَانِي فُلانًا فلاں کے پاس آنے کیلئے برانگیختہ کرنا۔
غَشَّى. الشَّيْئَ و عَلَى الشَّيْئِ: ڈھانکنا۔
غَشَّيْتُهُ الاَمْرَ میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔
تَغَشَّى. بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانکنا۔
تغشى المرأة: جماع کرنا۔ تغشاه الامرَ: کام نے اس کو ڈھانک لیا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَهُ و بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔
الغِشَاء. پردہ۔ ج اَغْشِيَة.
الغِشَايَة والغَشَايَة والغُشْيَة پردہ۔
الغَشْيَة والغَشْي والغُشْي والغَشَيَان. بیہوشی۔ غشی۔
غشائِيَات الاَجْنِحة پروں کے چار حصے والے کیڑے جن میں سے بھونڈ اور بعض چیونٹی کی اقسام ہیں۔
الغَاشِيَة. مؤنث غَاشِي. پردہ۔ دِل کا پردہ۔ ج غَوَاشٍ. مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِيَةُ فُلانٍ: خدام۔ ملاقاتی دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغِشْيَان. آنا۔
غَصَّ (س۔ ن) غَصَصًا. بِالطَّعَام وَالمَاءِ: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔ صفت (غَاصٌّ و غَصَّان) المَكَانُ بِهِمْ: بھر جانا اور تنگ ہونا۔
غَصَّ (ن) غَصًّا. الشَّيْئَ: قطع کرنا۔
اَغَصَّهُ. اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغص علينا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔
اِغْتَصَّ. المَكَانُ بِهِمْ: تنگ ہونا۔
الغُصَّة. جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ ج غُصَص.
غَصَبَهُ (ض) غَصْبًا عَلَى الشَّيْئِ: مجبور ہونا الشَّيْئَ: زبردستی لے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا الجِلْدَ: کھال سے بال اور اون دور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُوْن وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبَهُ مَالَهُ اور کبھی مفعول اوّل میں مِن کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبْتُ مِنْهُ مَالَهُ"
اِغْتَصَبَ. الشَّيْئَ: ظلم و زبردستی سے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا۔
غَاصَبَه. ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔
الغَصْب. مس۔ چھینی ہوئی چیز۔
غَصَنَ (ض) غَصْنًا. الغُصْنَ: ٹہنی کو کاٹنا۔ ٹہنی کو کھینچنا الشَّيْئَ: لینا ہُ عَنْ حَاجَتِه: پھیرنا۔ منع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ما غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔
اَغْصَنَ وغَصَّنَ. العنقودُ: بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغْصَنَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا شاخ دار ہونا۔
الغُصْن شاخ ج غُصُوْن واَغْصَان و غِصَنَة.
الغُصْنَة شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی۔
ثَوْرٌ (اَغْصَن) سفید دُم کا بیل۔
غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا وغِضَاضًا و غَضَاضَةً. طَرْفَهُ و مِنْ طَرْفِه او صَوْتَهُ: وَمِنْ صَوْتِه: نگاہ یا آواز پست کرنا۔ رو کنا الغُصْنَ: شاخ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا الشَّيْئَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَغُضُّكَ دِرْهَمًا" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا مِنَ فُلانٍ: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غَضَّ بَصَرَه" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غَضَّ طَرْفَهُ لِفُلَانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کر لی "و غَضَّ لِي سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لیے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔
غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وغُضُوْضَةً النَّبَاتُ وغیرہ: نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض.
غَضَّضَ. تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ و نرم و نازک ہونا۔ ذلت و خواری لاحق ہونا۔
اِنْغَضَّ. الطَّرْفُ: نگاہ کا بند ہونا۔
تغاضَضَ. عَنْهُ: غفلت برتنا۔
الغَضَاضِ والغُضَاض. سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔
الغُضَّة. ذلت و نقصان ج غُضَض.
الغَضِيضَة والغَضَاضَة. ج غَضَائِض: ذلت و نقصان۔
المَغَضَّة. ج مَغَاضّ: ذلت و نقصان۔
الغَضّ. مس۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج

غِضَاض.
الغَضِيْض. تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔
طَرْفٌ غَضِيْضٌ: پست نگاہ۔ ج اَغِضَّاء واَغِضَّة مؤنث غَضِيْضَةٌ ج غَضَائِض.
غَضِب (س) غَضَبًا و مَغْضَبَةً عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وغَضُبٌ وغَضْبَانُ) مؤنث غَضْبٰى وغَضُوْبٌ وغَضْبَانَةٌ. ج غَضْبٰى و غَضَاب و غَضَابٰى وغُضَابٰى. اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَان" یعنی فلاں کے لیے غضبناک ہوگیا۔ "وغَضِب مِنْ لَا شَئٍ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔
اَغْضَبَهُ وغَاضَبَهُ مُغَاضَبَةً. غضب پر برانگیختہ کرنا۔ **وغَاضَبْتُهُ:** ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ **غَاضَبَ فُلَانًا:** ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ **اَغْضَبَتِ العَيْنُ:** آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔
تَغَضَّبَ واِسْتَغْضَبَ. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔
الغَضْبَةُ. غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔
الغِضَاب والغُضَاب. آنکھ کا تنکا۔
الغُضَابِيّ. مکدر زندگی بسر کرنے والا۔
الغُضُبُّ والغُضُبَّة والغَضَبَّة. غضبناک۔
غَضَرَهُ (ن ض) غَضْرًا. اللّٰهُ: خوشحال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ **غَضَر الرَّجُلَ:** کسی کو روکنا۔ منع کرنا **الشَّئَ:** کاٹنا۔
غَضِر (س) غَضَرًا وغَضَارَةً. آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت (غَضِرٌ)
غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّر. عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ **غَضَر عَلَيْهِ:** مائل ہونا **لِفُلَان: مِنْ مَالِهٖ:** مال میں سے کچھ دینا۔
اُغْتُضِرَ. جوان مرنا۔
الغَضَار. خالص چکنے والی مٹی۔ چپکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے رکھتے ہیں۔
الغَضَارَة. س۔ نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت و آسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر.
الغَضْرَاء. مِنَ الآرض: پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ ایک پرندہ ہے اس کو بھی غَضْرَاء کہتے ہیں۔ ج غَضَارِيّ. کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ غَضْرَاءَ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔
الغَاضِر. فا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لیے تڑکے جانے والا۔ مؤنث (غَاضِرَة)
الغَضِيْر. نرم و نازک۔ سبز رنگ والا۔
ارض غَضِيرة: خالص مٹی والی زمین۔
المُغْضِر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مُغْضِرُوْن.
المَغْضُوْر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مَغْضُوْرُوْن و مَغَاضِيْر.
الغُضْرُوْف. بمعنی غُرْضُوْف.
غَضْغَضَ. المَاءَ: پانی کم کردینا۔
و تَغَضْغَضَ. المَاءُ: پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔
غَضَفَ (ض) غَضْفًا. العُوْدَ: لکڑی توڑنا **الكَلْبُ اُذُنَهُ:** کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا **الوِسَادَةَ:** تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا **(غُضُوْفًا)** آسودہ حال ہونا۔
غَضِفَ (س) غَضَفًا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ **غَضِفَتِ الاُذُنُ: خِلْقَةً:** ڈھیلا ہونا۔ صفت (غضفاء) ج غُضْفٌ.
غَضِفَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)
اَغْضَفَ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ **السَّحَابُ:** بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا۔
غَضَّفَ. الشَّئَ: لٹکانا۔
تَغَضَّفَت. الجَارِيَةُ: لچکنا۔ ناز و انداز سے چلنا **الحَيَّةُ:** کنڈلی مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْيَا عَلَيْهِ" دُنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ **تَغَضَّفَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ:** رات کا آنا۔ **البِئْرُ:** کنوئیں کا منہدم ہونا۔
اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا **اِنْغَضَفَتْ اُذُنُهُ:** کان کا ٹوٹنا **الضَّبَابُ:** کہر کا تہ بتہ ہونا **القَوْمُ فِيْ الغُبَارِ:** قوم کا غبار میں داخل ہونا۔
الغَاضِف. فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔
الغَضَف. درخت خرما کے مانند ایک درخت۔ واحد (غَضَفَة)
اَلْغَضَنْفَرُ: شیر، سخت جسم والا مرد۔
الغَضَفَة. سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔
الاَغْضَف. لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ **عَيْشٌ اَغْضَف:** خوش حال زندگی۔
غَضَنَهُ (ن ض) غَضْنًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا **النَّاقَةُ:** اُونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔
اَغْضَنَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔
اَغْضَنَت عَلَيْهِ الحُمّٰى: تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا **عَلَيْهِ اللَّيْلَ:** رات کا تاریک ہونا۔
غَاضَنَ مُغَاضَنَةً. عَيْنَه: آنکھ کا جھپکانا **المَرْأَةَ:** آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔
غَضَّن. الشَّئَ: موڑنا۔ شکن ڈالنا۔
غَضَّنَتِ السَّمَاء: لگاتار برسنا **النَّاقَةُ:** اُونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَغَضَّن. مڑنا۔ شکن پڑنا۔
الغَضْن والغَضَن. کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ **غَضَنُ العَيْنِ:** آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن. **غُضُوْنُ الاُذُن:** کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْن" پیشانی پر شکن والا آدمی "وكَانَ الاَمْرُ فِيْ غُضُوْنِ ذٰلِكَ" یعنی اس کے درمیان میں۔

الغُضْنَة الغَضَنَة. باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔
الغَضِیْن. اُونٹنی کا ناتمام بچہ۔
الاَغْضَن. خلقتًا تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔
غَضَا یَغْضُوْ غَضْوًا. اللیْلُ: تاریک ہونا البَعِیْرُ: اُونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غَاضٍ)
غُضُوًّا. نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِیَة) ج غَواضٍ.
غَضِیَ یَغْضَی غَضًی. البَعِیْرُ: درخت غضا کے کھانے سے اُونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِیَّة ج غضایا غَضِیَتِ الاَرْضُ: بہت درخت والی ہونا۔
اَغْضَی اِغْضَاءً. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاضٍ) خلاف قیاس۔ اَغْضَی عَیْنَهٗ: آنکھ بند کرنا۔ عَلَی الاَمْرِ: خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْضَی عَنْه طَرْفَهٗ" اِس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔ و "اَغْضَی عَلَی القَذَی" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔
تَغَاضَی. آنکھیں بند کر لینا عَنْهُ: غفلت برتنا۔
الغَضَا. جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔ واحد (غَضَاة) جھاڑی۔ اَهْلُ الغَضَا: نجد کے رہنے والے۔
الغَاضِیَةُ. غَاضِی کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے لیلة غَاضِیَة یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِیَةٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ ج غَوَاضٍ.
الغَضْیَاءُ. غضا کے اُگنے کی جگہ۔ اَرْض غَضْیَاء. بہت درخت غضا والی زمین۔
غَطَّ (ن ض) غَطًّا واَغَطَّ الشَّیَ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔
غَطَّ (ن) غَطًّا. سخت نچوڑنا۔
غَطَّ (ض) غَطِیْطًا. النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ البَعِیْرُ: اُونٹ کا بلبلانا۔
تَغَاطَّ. الرَّجُلَانِ فِی المَاءِ: ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
الغَطّ. فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الغَطَاط. سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔
و الغَطَاط. صبح کی ابتداء۔
اَلغُطَیْطَةُ: تیز تلوار۔
غَطْرَسَ غَطْرَسَةً. عَلٰی فُلَانٍ: تکبر کرنا الرَّجُلُ: اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا بِالشَّیْ خود پسند ہونا۔ غضبناک کرنا۔
تَغَطْرَسَ. ناز کرنا۔ تکبر کرنا غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔
الغِطْرِس. متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِس.
الغِطْرِیْس. متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِیْس.
غَطْرَشَ. اللیْلُ بَصَرَهٗ: رات کا نگاہ کو تاریک کرنا بَصَرُهٗ: نگاہ تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ: بڑائی ظاہر کرنا۔
تَغَطْرَف. ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔
الغِطْرَفَة. تکبر۔
الغِطْرَاف والغِطْرِیْف. سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غَطَارِفَة و غَطَارِیْف. الغِطْرِیْف: باز کا بچہ۔ مکھی۔
الغُطْرُوْف والغُطْرُوْف. خوبصورت خوش طبع جوان۔
غَطَسَ (ض) غَطْسًا. فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ کھانا ہٗ فِی المَاءِ: غوطہ دینا فِی الاِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کے پینا۔
غَطَّسَهٗ. فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔
تَغَاطَسُوْا. فِی المَاءِ: پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَّجُلُ: غفلت برتنا۔
الغَاطِسُ. فا. لَیْلٌ غَاطِسٌ: تاریک رات۔
الغِطَاس. عِنْدَ النَّصَارَی: نصرانیوں کی ایک عید۔
الغَطَّاس. قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پرندہ جس کو غَوَّاص بھی کہتے ہیں۔
الغَطُوْس. لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔
المَغْطَس. غوطہ لگانے کی جگہ۔
المِغْطَس. بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مَغَاطِس.
غَطَشَ (ض) غَطْشًا. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاطِشٌ و اَغْطَش)
اَلتَّغْطِیْس: عیسائیوں کے بپتسمہ کا دن۔
غَطَشَ (ض) غَطْشًا و غَطَشَانًا. مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غَطِشَ (س) غَطَشًا. کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغْطَش و غَطِش) مؤنث (غَطْشَاء و غَطِشَة) ج غُطْش و غَطِشَات.
اَغْطَشَ. اللیْلُ: رات تاریک ہونا۔ اللّٰهُ اللیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔
تَغَطَّشَتْ. عَیْنُهٗ: نگاہ کمزور ہونا۔
تَغَاطَشَ. عَنْهُ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔
اِغْطَاش. کمزور نظر والا ہونا۔
الغُطَاش. رات کی تاریکی۔
الغَطَش. فِی العَیْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فَلَاة (غَطْشَاء و غَطِیْش و غَطْشَی) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ غَطْشَی ونَحْنُ کَرِمَالِهَا غَطْشَی" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔ لیلة غطشاء: تاریک رات۔
غَطْغَطَت غَطْغَطَةً. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا النَّوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: نیند کا غالب آنا و تَغَطْغَطَ البَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تَغَطْغَطَ الشَّیْ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الغَطَاغِط. بکری کے مادہ بچے ؛ واحد (غُطْغُط)

الغَطْغَطَة. س۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔

غَطِفَ (س) غَطَفًا. پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفاء) ج غُطْف.

الغَطَفُ. س۔ وسعت عیش۔

الاَغْطَف. مِنَ العَيْش. آسودہ زندگی۔

الغِطَمُّ. بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غَطْمَط. البَحْرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَيْلُ: آواز دینا۔

تَغَطْمَط. البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا الصَوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔

بَحْرٌ (غُطامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔

الغَطْمَطِم. بڑا سمندر۔

غَطَا يَغْطُو غَطْوًا وغُطُوًّا. الشَیْئَ: چھپانا الماءُ وغَيْرُهٗ: بلند ہونا اللَيْلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپالینا۔

غَطّٰى تَغْطِيَةً واَغْطٰى اِغْطاءً. الشَیْئَ: چھپانا۔ اَغْطَى الكَرْمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔

تَغَطّٰى واِغْتَطٰى. چھپنا۔

الغِطاء. پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِيَة.

الغِطايَة. عورت کی کرتی۔

غَطِیَ يَغْطٰى غَطْيًا وغُطِيًّا. اللَيْلُ: رات کا تاریک ہونا الشَبابُ: جوانی کا بھرپور ہونا الماءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غاطٍ) الشَیْئَ وعَلَى الشَیْئِ: چھپانا۔

واَغْطٰى. الشَجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطاہ: چھپانا۔

الغاطِيَة. مؤنث غاطٍ۔ انگور کی بیل۔

غَفَّ الطّائِرُ. پرندے کا گرنا۔

اِغْتَفَّتْ وتَغَفَّفَتْ. الدابَّةُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدابَّةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلانًا: تھوڑا دینا۔

تَغَفَّفَ. الاناءَ او الضَرْعَ. برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔

الغَفُّ. خشک شدہ پتے۔

الغُفَّة. چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّةُ الاناءِ او الضَرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغُفَّةُ: چوہا۔

غَفَرَ (ض) غَفْرًا. الشَیْئَ. ڈھانکنا۔ الشَیْبَ بالخِضابِ: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔

غَفْرًا وغَفِيْرًا وغَفِيْرَةً وغُفْرانًا ومَغْفِرَةً وغُفُوْرًا. لَهُ الذَنْبَ: چھپانا اور معاف کر دینا الاَمْرَ: درست کرنا۔

غَفَرَ (ض) وَ غَفِرَ (س) غَفْرًا و غَفَرًا المَرِيْضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفِرَ و غُفِرَ الجُرْحُ: زخم کا تازہ ہونا۔ غَفِرَ الثَوْبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔

غَفَرَ. الشَیْئَ: چھپانا ڈھانکنا الرَجُلُ: غفر اللّٰهُ لَهٗ کہنا۔

اَغْفَرَهٗ. چھپانا۔ اَغْفَرَ الرِمْثُ: گوند نکالنا۔

تَغَفَّرَ. گوند چننا۔

تَغافَرُوْا. ہر ایک کا دوسرے کے لیے مغفرت کی دعا کرنا۔

اِغْتَفَرَ. اللّٰهُ ذَنْبَهٗ: بخش دینا۔

اِغْفارَّ. الثَوْبُ. روئیں دار ہونا۔

اِسْتَغْفَرَ. اللّٰهَ الذَنْبَ ومِنَ الذَنْبِ: بخشش طلب کرنا۔

الغَفْر والغَفَر. رواں کپڑے کا۔ الغَفْر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الغَفْر والغَفَر والغُفار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔

الغَفْر والغُفْر. پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غِفَرة واَغْفار و غُفُوْر.

الغِفْر. گائے کا بچہ۔

الغَفِرُ. گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَفِرُ القَفا وامْرَاَةٌ غَفِرَةُ الوَجْهِ."

الغُفار. رخسارہ پر نشان۔

الغُفْرَة. ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے "غفر الشَیْئَ بِغُفْرَتِهٖ" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کردی۔

الغِفارَة. خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں۔ اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغِفارَة. لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔

الغافِر. فا۔ ج غافِرُوْن و غُفَرَة.

الغَفُوْر. بہت بخشنے والا۔ مؤنث و مذکر دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

الغَفّار. بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفّارَة.

الغَفِيْر. س۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جاؤُوْا جَمًّا غَفِيْرًا وجَمَّ الغَفِيْرِ والجَمَّ الغَفِيْرَ" یعنی جماعت آگئی جس میں شریف و رذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔

المُغْفِرَة. پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرات.

المِغْفَر والمِغْفَرَة. خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغافِر.

المِغْفَر والمُغْفُر والمُغْفُوْر. ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَغافِر ومَغافِيْر. اَرْضٌ (مُغْفُوْرٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔

الغَفَش. آنکھ کا کیچڑ۔

غافَصَهٗ غِفاصًا و مُغافَصَةً. اچانک آ جانا۔ اچانک پکڑ لینا۔

الغافِصَة. مصیبت زمانہ ج غَوافِص.

غَفَقَهٗ (ض) غَفْقًا بالسَوْطِ. کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ عَلَيْهِ: کسی پر اچانک آ جانا۔ الرَجُلُ: اچانک واپس آ جانا۔

غَفْقَةٌ. کچھ تھوڑا سا سونا۔

غَفَّقَ. اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔

تَغَفَّقَ. الشَرابَ: تمام دن شراب پینا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

اِغْتَفَقَ بِهٖ: احاطہ کرنا۔

الغَفَق. س۔ ہلکی بارش۔

المَغْفِق. مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔

المُنْغَفَق. واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔

غَفَلَ (ن) غُفُوْلا و غَفْلَةً و غَفَلًا عَنْهُ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا الشَّیْءَ: چھپانا۔

غَفَّلَهٗ. غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّیْءَ: چھپانا۔

اَغْفَلَ. الشَّیْءَ: چھوڑ دینا۔ غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا الکِتَابَ: نقطے نہ رکھنا ہٗ: کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔

غَافَلَهٗ و تَغَفَّلَهٗ و اِغْتَفَلَهٗ و اِسْتَغْفَلَهٗ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْتَفَلَهٗ: غافل سمجھنا۔

تَغَافَلَ. بتکلف غافل بننا۔ تَغَافَلَ: غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغَافَلَ عَنِ الاَمْرِ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔

الغُفْل. س۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غُفْلٍ مِن عَيْشِهٖ" وہ فراخی عیش میں ہے۔

الغُفْل. بے علامت۔ بے حسب آدمی مِنَ الشِّعْرِ: جس کا قائل معلوم نہ ہو مِنَ الاَرْضِ: غیر آباد زمین مِنَ الرِّجَالِ: ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الكُتُبِ: جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُّعَرَاءِ: مجہول شاعر ج اَغْفَال. نَعَمٌ (اَغْفَال) بے علامت چوپائے۔

الغَافِل. فا۔ ج غَافِلُوْن و غُفُوْل و غُفَّل.

الغَفْلَان. غافل۔

الغُفْلَان. غافل۔ غفلت ورزی و بے خبری۔

المَغْفَلَة. ڈاڑھی بچہ۔

المُغَفَّل. مف۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔

غَفَا يَغْفُوْ غَفْوًا و غُفُوًّا و غَفِيَ يَغْفٰی غَفْيَةً و اَغْفٰی. اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے غَفِيْتُ اور غَفَيْتُ کم بولا جاتا ہے غَفَا الشَّیْءُ. پانی پر تیرنا۔

الغَفْوَة. غفا کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔

غَفٰی يَغْفِي غَفْيًا و اَغْفٰی. الطَّعَامَ: غلہ کو صاف کرنا۔ و اَغْفَی الطَّعَامُ: بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اَغْفَی الرَّجُلُ: کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔

اِنْغَفٰی. الشَّیْءُ. ٹوٹنا۔

اَلْغَفٰی. گیہوں کا چھلکن۔

الغُفَاء. گیہوں کا چھلکن۔ درخت خرما کیلئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔

الغَفْيَة. بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔

الغُفَانَة. آنکھ کی سفیدی۔

غَقَّ (ض) غَقًّا و غَقِيْقًا. القَارُ: قار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار) الصَّقْرُ: شکرہ کا آواز کرنا۔

غَقُّ المَاءِ و غَقِيْقُه. تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔

الغَقَّاق. اسم مبالغہ۔

غَلَّه (ن) غَلًّا. فِي الشَّیْءِ: داخل کرنا۔

غَلَّ المَفَازَةَ: بیابان میں داخل ہونا الشَّیْءَ: چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا المَاءُ بَيْنَ الاَشْجَارِ: پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا۔

غُلُوْلًا. خیانت کرنا فِي الشَّیْءِ: داخل ہونا فِي البِلَادِ: گھستے ہوئے چلے جانا۔

غَلَّ (ن) غَلًّا و غَلَّلَ. الغِلَالَةَ: غلالہ پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَلَّه و غَلَّلَه: ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔

غَلَّ (ض) غِلًّا و غَلِيْلًا. صَدْرُهٗ: کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔

غُلَّ غُلًّا و غُلَّةً. سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِيْل و مَغْلُوْل و مُغْتَلٌّ)

اَغَلَّ. الرَّجُلُ: خیانت کرنا۔ اَغَلَّتِ الاَرْضُ غَلَّهٗ والی ہونا۔ غَلَّه پیدا کرنا اَغَلَّ البَصَرَ: تیز نظر کرنا اَغَلَّهٗ: خیانت کی طرف نسبت کرنا عَلٰی عِيَالِهٖ: بال بچوں کیلئے غلہ لانا الخَطِيْبُ: خطیب کا اپنے کلام میں صواب کو نہ پہنچنا الجَازِرُ فِي الجِلْدِ: قصائی کا کچھ گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔

اِنْغَلَّ و تَغَلَّلَ. فِي الشَّیْءِ: داخل ہونا۔

اِغْتَلَّ الضَّيْعَةَ: جائیداد سے غلہ کو لینا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔

اِغْتَلَّ و تَغَلَّلَ. بالغَالِيَةِ: غالیہ لگانا۔

اِسْتَغَلَّ. الاَرْضَ: زمین سے غلہ لینا۔ عَبْدَهٗ: غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔

الغِلّ. کینہ و دھوکا فریب۔

الغُلّ. پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغْلَال و غلول کہا جاتا ہے "هٰذَا غُلٌّ فِي عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔

الغَلَّة. مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّات و غِلَال.

الغُلَّة. سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَل.

الغَلَل. پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھنا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغْلَال.

الغِلَالَة. ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلَائِل. گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

الغَالِيَة. ایک قسم کی مرکب خوشبو۔

الغَلِيْل. سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔

الغَلِيْلَة. مؤنث غلیل۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلَائِل.

المِغْلَال. بہت غلہ والا۔

المُغْتَلّ. پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔

المُغَلَّات و المُسْتَغَلَّات. زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)

غَلَبَ الرَّجُلُ و غَلَبَ عَلَيْهِ (ض) غَلْبًا و غَلَبًا و غَلَبَةً و مَغْلَبًا و مَغْلَبَةً و غُلُبّٰی

وغِلِبَّى وغَلَبَّةً وغلابيةً واغتلبَه غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَيْهِ الكَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے۔
غَلِبَ (س) غَلَبًا۔ موٹی گردن والا ہونا۔ صفت۔ (اَغْلَب) مؤنث غَلْبَاءج غُلْبٌ۔
غَلَّبَهٗ۔ غالب بنانا۔
غَالَبَهٗ غِلَابًا ومُغَالَبَةً۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
تَغَلَّبَ۔ عَلَى البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔
تَغَالَبُوْا عَلَى البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
اِغْلَوْلَبَ الشَّعْبُ: گھنا ہونا القَوْمُ: بہت ہونا۔
اِسْتَغْلَبَ۔ عَلَيْهِ الضِحْكُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔
الغَلَّاب۔ بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلَّابُوْن۔
الغَالِب۔ فا ج غَالِبُوْن وغَلَبَة۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا ما يُحْدِثُ غَالِبًا و فِي الغَالِب" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔
الاَغْلَبُ۔ اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَى الْاَغْلَب و فِي الْاَغْلَب" یعنی عَلَى الاكثر و فِي الاكثر۔ الاَغْلَب: شیر۔
الغَلْبَاء۔ مؤنث اغلب۔ گھنے درختوں کا باغ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔
الغُلُبَّة۔ مص مِنَ الرِجَال: جلد غالب آنے والا۔
المُغَلَّب۔ مف۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغْلَبَة۔ مص۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔
غَلَتَ (ن) غَلْتًا۔ البَيْع او الشِرَاءَ: فسخ کرنا۔
غَلِتَ (س) غَلَتًا۔ غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔

تَغَلَّتَهٗ و اِغْتَلَتَهٗ۔ چانک پکڑ لینا۔ غفلت میں پکڑ لینا۔
الغَلْتَة۔ رات کا ابتدائی۔
غَلِثَ (س) غَلَثًا۔ القَوْمُ: سختی سے مقابلہ کرنا۔
واِغْتَلَثَ۔ الزَنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
غَلَثَ (ض) غَلْثًا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلَث۔ مص۔ غلّہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ۔
الغَلِث۔ مجنون۔ والمُغَالِث: سخت جنگ کرنے والا۔
الغَلِث والغَلِيْث والمَغْلُوْث مِنَ البُرِّ۔ وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔
غَلَجَ (ض) غَلْجًا وغَلَجَانًا۔ الفرسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ۔ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
الغُلُج۔ عمدہ جوانی۔
الاُغْلُوْج۔ نرم و نازک شاخ۔ ج اَغَالِيْج۔
اَلْغَلَادِيْشِيَا: بڑے کانٹوں والا ایک درخت۔
غَلَّسَ فِي العَمَل: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ المَاءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
اِنْغَلَسَ۔ آخر رات کی تاریکی ج اَغْلَاس۔
غَلَصَهٗ (ن) غَلْصًا وغَلْصَمَهٗ غَلْصَمَةً۔ حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔
الغَلْصَمَةُ۔ مص سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سرداران قوم۔ ج غَلَاصِم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ غَلْصَمَةِ مِنْ قَوْمِه" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔
غَلِطَ (س) غَلَطًا۔ فِي الْاَمْرِ: غلطی کرنا۔ صفت (غَالِط) اور صفت مفعول (مَغْلُوْطٌ فِيْهِ)۔
غَلَّطَهٗ۔ غلطی کی نسبت کرنا۔

غَالَطَهٗ غِلَاطًا ومُغَالَطَةً واَغْلَطَهٗ۔ غلطی میں ڈالنا۔
تَغَالَطَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔
المَغْلَطَة۔ وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو ج مَغَالِيْط۔
الاُغْلُوْطَة۔ بمعنی مُغْلَطَة ج اُغْلُوْطَات واَغَالِيْط۔
الغَلُوْطَة۔ بمعنی مَغْلَطَة۔ کہا جاتا ہے هٰذِهٖ مَسْاَلَة غَلُوْطَةٌ۔ یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔
المِغْلَاط۔ بہت غلطی کرنے والا۔
غَلَظَ (ن ض) و غَلُظَ (ک) غَلَظًا وغَلْظَةً وغِلْظَةً وغُلْظَةً وغِلَاظَةً۔ موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِيْظ) ج غِلَاظ و (غَالِظ) ج غَلَظَةٌ۔
غَلُظَتِ السُنْبُلَةُ: خوشہ میں دانہ نکلنا الرَجُلُ: سخت و تندخو ہونا۔
غَلَّظَهٗ۔ گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ اليَمِيْنَ: قسم کو موکد کرنا عَلَيْهِ فِيْ اليَمِيْن: قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْهُ مِيْثَاقًا غَلِيْظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔
اَغْلَظَ۔ المُسَافِرُ: مسافر کا سخت زمین پر اترنا الشَّيْءَ: غلیظ پانا لَهٗ فِي الْقَوْلِ: درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔
غَالَظَ مُغَالَظَةً۔ دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ۔ گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا الشَّيْءَ: موٹا پانا۔
الغُلَاظ۔ گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔
الغَلَظ۔ سخت زمین۔
الغِلْظَة۔ مص سختی۔ گندگی۔ موٹاپا۔ بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ غِلْظَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔
غَلَفَ (ن) غَلْفًا۔ الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔

غَلِفَ (س)غَلَفًا. غیر مختون ہونا۔
غَلَّفَ. الشَّیٔ: غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا۔
اَغْلَفَ. الشَّیٔ: غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ واِغْتَلَفَ. غلاف میں ہونا۔
تَغَلَّفَ الرَجُلُ: داڑھی میں غالیہ۔ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔اِغْتَلَفَ بِالغَالِیَة: غالیہ خوشبو لگانا۔
الغَلْف. س ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔
الغُلْفَة. ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَفٌ الغُلْفَتَان: مونچھوں کے دونوں کنارے۔
اَلْمُغَلَّفُ: غلاف شدہ کتاب۔
الاَغْلَف. غیر مختون۔ کہا جاتا ہے"قَلْبٌ اَغْلَف یعنی ایسا دِل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے"عَامٌ اَغْلَف،، ارزانی کا سال۔
الغِلَاف. وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان جز دان ج غُلْفٌ و غُلُف و غُلَّفٌ.
الغَلْفَاء. اَغْلَف کا مؤنث ج غُلْف اَرْضٌ غَلْفَاءُ: بغیر چری ہوئی زمین۔سَنَّةٌ غَلْفَاءِ: ارزانی کا سال۔
غَلِقَ (س)غَلَقًا. تنگ دِل ہونا۔ زچ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ بد خلق ہونا۔ صفت (غَلِق) الرَهْنُ فِیْ یَدِ المُرْتَهَن. حق مرہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔
اَغْلَقَ وغَلَّق. البَابَ: دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔
غَلَقَ (ض)غَلْقًا اور یہ اَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔
اُغْلِقَ. عَلَیْهِ الاَمْرِ: معاملہ کا مبہم ہونا۔
اُغْلِقِ القَاتِلُ فِیْ یَدِالوَالِی: قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے"اُغْلِقَ فُلَانٌ بِجَرِیْرَتِه،، فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلاقی) ہے۔
غَالَقَهُ مُغَالَقَة. شرط لگانا۔
تَغَالَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے شرط لگانا۔
اِسْتَغْلَقَ. البَابُ: دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔
الکَلَامُ علیه فلان: گفتگو کا بند ہو جانا۔
الغَلَقُ. قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ عِنْدَ البَنَّائِین: معماروں کی اصطلاح میں غَلَق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اغلاق جج غَالِیْق.
کَلَامٌ (غَلِقٌ ومُغْلَقٌ) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
بَابٌ (غُلْقٌ) بند دروازہ۔
المِغْلَق. جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.
المِغْلَقُ والمغلاق والمُغْلُوْق. قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِیْق.
غَلِم (س) غلما وغلمة واِغْتَلَمَ. شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ وغِلِّیْمٌ ومُغْتَلِمٌ) مؤنث غلمة وغليم وغليمة ومغلمة اغتلم الشراب: جوش مارنا۔
اِغْلَمَتِ الاَمْوَاجُ: تیز ہونا۔
الغُلَام. سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور ج غِلْمَان وغِلْمَةٌ واَغْلِمَةٌ.
الغُلَامَة. غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی۔
الغُلُوْمَة والغُلَامِیَّة والغُلُوْمِیَّة. نوجوانی۔
الغَیْلَم. مذکر۔ کچھوا۔ مینڈک کنوئیں میں پانی کا سوت۔ بہت بالوں والا نوجوان۔ کہا جاتا ہے"ما فی الدّار غیلم،، یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَن (ض) [illegible] جوش پر ہونا۔
غُلْوَانُ. الشباب او الامر: جوانی کی نشاط اور ابتدا۔
غَلَا یَغْلُوْ غُلُوًا. زیادہ ہونا بلند ہونا النَبْتُ: نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا بِالدِیْن: دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔
غَلَا غلاءً. السِعْر: بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت (غَالٍ و غَلِیٌّ)
غَلَا یَغْلُوْ غَلْوًا وغُلُوًّا. السَهْمَ و بالسَہْم: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنا۔
غَالٰی غِلَاءً ومُغَالَاةً. السَهْمَ وبالسَهْمْ: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنا فِی الاَمْر: مبالغہ کرنا بِالشَّیٔ قیمت بڑھانا۔ گراں قیمت پر خریدنا وغَالٰی الرَجُلَ: مقابلہ کرنا۔اَغْلٰی الشَّیٔ: گراں قیمت پر خریدنا السِعْر: بھاؤ گراں کرنا الکَرَمَ: انگور سے پتے اُتار دینا۔
اَغْلٰی وتَغَالٰی واِغْلَوْلٰی. الشَجْرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔
اِغْتَلٰی. البَعِیْرُ: اُونٹ کا تیز چلنا۔
اِستَغْلٰی. الشَّیٔ: گراں پانا۔
الغَالِی. فا۔ ج غُلَاة مؤنث غَالِیَة ج غَالِیَاتٌ و غَوَالٍ. الغَالِی. موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے بِعْتُ بِالغَالِیْ و بِالغَلّٰی یعنی میں نے گراں بیچا۔
الغَلَاء. س۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج غَلِیَة.
الغُلَوَاء والغَلْوَاء. حد سے گزرنا (والغُلْوَان) آغاز جوانی و نشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے"خَفِّضْ مِنْ غُلَوائِكَ،، یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر و"فعله فِیْ غُلَوَاء شَبَابِه،، اِس نے اُس کو اپنے آغازِ جوانی میں کیا۔
الغَلْوَة. ایک تیر پرتاب ج غَلَوات وغِلَاء.
المِغْلٰی والمِغْلَاة. تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغَال.
غَلٰی یَغْلِی غَلْیًا و غَلَیَانًا. جوش مارنا۔
غَلّٰی تَغْلِیَةً واَغْلٰی اِغْلَاءً. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔الرَجُلَ: دُور سے اشارہ سے سلام کرنا۔

تَغَلّٰی. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔
الغَالِیَة. مرکب خوشبو۔ ج غَوَال
اَلْغَلْبُوْن: ٹوٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔
غَمَّهٗ (ن) غَمًّا. ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔
غَمَّ الیَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا القَمَرِ النُّجُوْمَ: تاروں کی روشنی کو ماند کر دینا الشَّیُٔ الشَّیْءَ غالب ہونا۔
غُمَّ. عَلَیْهِ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
غَمَّ (س) غَمَمًا. لمبے بال والا ہونا۔ صفت (اَغَمّ) مؤنث غَمَّاء ج غُمٌّ.
اَغَمَّهٗ. غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الیَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ اَغَمَّتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اغمّك لِيْ وَ عَلَى والِي" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔
غَامَّهٗ مُغَامَّةً. ایک دوسرے کو غمگین کیا۔
تَغَامَّ. بتکلف غم ظاہر کرنا۔
اِنْغَمَّ. ڈھک جانا (واِغْتَمَّ) غمگین ہونا۔
اِغْتَمَّ النَبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اِغْتَمَّ الرَجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔
الغَامّ. ف۔ یَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغَمّ. غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُوْم یَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغُمَّة. غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَم کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔
لَیْلَةٌ (غَمٌّ وغَمَّةٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔
الاَغَمُّ. مِنَ السَحَاب: گھرا ہوا بادل۔
لَیْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات۔
الغُمّٰی. سختی تاریکی۔ گرد آلودگی۔
الغَمَام. بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غَمَامة) کہتے ہیں ج غَمَائِم کہا جاتا ہے ھو یفتر عن مثل حب الغمام وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔ الغُمَام. زکام۔
المَغْمُوْم. زکام زدہ۔

الغِمَامَة. منہ پر کا چھینکا۔ اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے اِدھر اُدھر لگا دیتے ہیں تاکہ سوائے سامنے کے نہ دیکھ سکے ج غَمَائِم.
الغَمَّاء والغُمّٰی. غم۔ حزن۔ مصیبت کہا جاتا ہے "مِثْلُكَ یَكْشِفُ الغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے۔
الغَمِیْم. گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔
الغُمُوْم. جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔
غَیْمٌ (مُغْمِمٌ) بہت پانی والا بادل۔
اَرْضٌ (مُغْمِمَةٌ) بہت پیداوار والی زمین۔
غَمِتَهٗ (ض) غمتا. الطعام: کھانے کا دِل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا هٗ فِيْ المَاءِ: پانی میں ڈوبانا الشَّیْ: ڈھانکنا۔
غَمِتَ (س) غَمَتًا. کھانا دِل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔
غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا. المَاءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔
الغَمْجَة والغُمْجَة. گھونٹ ج غُمَجٌ.
غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا الشَّیْ: چھپانا الاَمْرَ: درست کرنا۔
غَمِدَت (س) غَمَدًا. البِئر: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْمَدَ. السَیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الاَشْیَاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔
غَمَّدَهٗ وتَغَمَّدَهٗ. عیوب چھپا لینا۔
[]تَغَمَّدَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهِ: رحمت میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
اِغْتَمَدَ. اللَّیْلَ: رات میں داخل ہونا۔
الغِمْد. تلوار کی نیام ج غُمُوْد وَاَغْمَاد.
سَفِیْنَةٌ (غَامِدٌ و غَامِدَةٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِد.
مُغْمَدَاتُ الاَجْنِحَة: کیڑوں کی بڑی قسم جن کے جسم اوپر والے۔ حصے چار پر ہوتے ہیں اور نیچے پردہ ہوتا ہے۔

بِئْرٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔
مِغْمَدُ. السَّیْفِ: تلوار کی میان ج مَغَامِد.
غَمَرَه (ن) غَمْرًا. المَاءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِهِ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔
غَمِرَ (س) غَمْرًا وغَمَرًا. صَدْرُهٗ عَلَيَّ: کینہ سے پھر جانا۔ غَمِرَتْ یَدُهٗ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔
غَمُرَ (ک) غَمَارَةً وغُمُوْرَةً. المَاءُ: بہت ہونا الرَجُلُ: جاہل ہونا۔
غُمِرَ. عَلَیْهِ: بیہوشی طاری ہو جانا۔
غَمَّرَ. وجهه: منہ پر زعفران ملنا بالشَّیْءِ: پھینکنا یا دفع کرنا۔
اَغْمَرَهٗ. الحَرُّ: گرمی کم ہو جانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَهٗ مُغَامَرَة. مقاتلہ کرنا اور موت کی پروانہ کرنا۔
اِغْتَمَرَ وتَغَمَّرَ. منہ پر زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَ واِنْغَمَرَ. پانی میں ڈوبنا۔ اِغتمر المَاءُ الشَّیْءَ: ڈوبانا۔
الغَمْر. س۔ بہت پانی۔ سمندر کا بڑا حصہ۔ کامل کپڑا۔ کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ وغُمُوْر کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "ولَیْلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات و "غَمْرُ النَّاس" لوگوں کی جماعت "هُوَ غَمْرُ الرِدَاء" وہ بہت بھلائی کرنے والا سخی ہے۔
الغَمْر والغِمْر والغُمْر. نا تجربہ کار جاہل۔ ج اَغْمَار الغِمْر: کینہ۔ پیاس۔
الغُمْرُ. زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو ورس سے بناتے ہیں۔
الغَمَر. س۔ نا تجربہ کار۔ جاہل۔ کینہ۔ گوشت کی چکناہٹ۔ ج غُمُوْر. غَمَر

النَّاس. لوگوں کی جماعت۔
الغُمر. چھوٹا پیالہ ج غِمار و اَغمار.
الغِمر. بہت چربی والا۔ چکنا۔
غَمْرَةُ. الشَّیٔ: سختی۔ ج غَمَرات و غِمار و غُمَر. غَمَراتُ المَوْتِ: موت کی سختیاں۔
الغُمْرَة. زعفران۔
الغَمارَة. جہالت و بے خبری۔
والغُمار والغَمار والغُمارَة. لوگوں کی جماعت۔ مختلف لوگوں کی جماعت۔
الغامِر. فا. اُجاڑ زمین۔ المَال الغامِر. بہت مال۔
الغَمِیر. بہت پانی۔
المُغتَمِر. مدہوش۔
المَغمُور. مف. گمنام غیر مشہور و مقہور۔
الغَمارِید. سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمْزًا. ٹٹولنا القَناةَ: نیزہ کو آزمائش کیلئے دانتوں سے چبانا۔
ہ بِالعَیْنِ او الجَفْنِ او الحَاجب. آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔ غَمَزَ عَیْبُهٗ اَوْ دَاؤُهٗ: عیب یا مرض کا ظاہر ہونا۔ غَمَزَتِ الدابۃُ: جانور کا لنگڑا ہونا۔ غَمَزَ بِالرَّجُلِ وعَلَیْهِ: طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَهٗ مُغامَزَةً. ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
اَغْمَزَ. فِیْهِ: عیب لگانا۔ حقیر ثابت کرنا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغامَزَ. القَوْمُ: آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
اِغْتَمَزَ. طعنہ دینا۔ الکلمةَ: کمزور سمجھنا۔
الغَمَز. گھٹیا مال۔ دبلے پتلے جانور۔ کمزور مرد ج غَمَزٌ واَغماز کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ غَمَزٌ مِنْ قَوْمٍ غَمَزٍ او اَغْمَازٍ."
الغَامِز. فا. نیزے کی آزمائش کرنے والا۔
الغَمَّاز. اسم مبالغہ۔ مؤنث غَمَّازَة.
الغَمِیز. کھلا ہوا عیب۔

المَغمَز. عیب طعنہ یا طمع کی جگہ۔ ج مَغامِز.
الغَمِیزَة. بمعنی مَغمَز. عقل یا عمل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "مَا فِیْهِ غَمِیزَة او مَغمز" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
المَغمُوز. مف. متهم الغموز: اونٹنی جب تک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں۔ موٹائی و دبلا پن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمْسًا. الشَّیٔ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا غوطہ دینا۔ السِّنَانَ فِي صَدْرِهٖ بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔ گھسانا۔
غُمُوْسًا. النجم: ستارے کا ڈوبنا۔ غروب ہونا۔
غَمَّسَهٗ. سختی سے ڈبونا۔ غَمَّسَ الشُّرْبَ: کم پینا۔ الاِبِلَ: اونٹ کو پلانا پھر واپس جانا۔
غَامَسَ مُغَامَسَةً. خطرات میں کود پڑنا۔ فُلَانًا: ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔ فِي الْاَمْرِ: جلد بازی کرنا۔
اِنْغَمَسَ واِغْتَمَسَ. فِي المَاءِ: غوطہ لگانا۔ فِي الشَّیٔ: داخل ہونا۔ گھسنا۔
الغَمُوس. مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔ مِنَ الرِّجَالِ: بہادر۔ کہا جاتا ہے "طَعْنَةٌ غَمُوْسٌ" پار ہو جانے والی نیزہ کی مار "اَلْیَمِیْنُ الغَمُوْس" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج غُمُس.
الغَمِیس. تاریکی لَیْلٌ غَمِیْسٌ: تاریک رات۔
والغَمِیسَة. جھاڑی۔ درختوں کا جھنڈ۔ ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جا سکے۔
الغَمَّاسَة. مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں۔ ج غَمَّاس. طعنة غَمَّاسَة: کشادہ زخم۔
غَمِشَ (س) غَمَشًا. چندھا ہونا۔ کمزور نظر ہونا۔ سیلانِ اشک کی وجہ سے چندھا ہونا۔ صفت (اَغْمَش)

غَمَصَهٗ (ض) و غَمِصَهٗ (س) غَمْصًا. حقارت کرنا۔ غَمَصَ النِّعمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔
عَلَیْهِ: جھوٹ بولنا عَلَیْهِ کَلَامَهٗ: عیب لگانا۔
غَمِصَ (س) غَمَصًا. آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔ غَمِصَتْ عَیْنُهٗ: کیچڑ بہنا۔ صفت (اَغْمَص) اور آنکھ کو (غَمْصَاء) کہتے ہیں جمع غُمْصٌ.
اِغْتَمَصَهٗ. حقیر جاننا۔ حقارت کرنا۔ جھوٹا سمجھنا۔
الغَمَصُ. مص. آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِصٌ) عیب لگانے والا۔
الغَمُوْص. جھوٹا۔ یمین غموص: جھوٹی قسم۔
رَجُلٌ (مَغْمُوْصٌ) عَلَیْهِ: جس کے حسب یا دین میں عیب لگایا جائے۔
غَمَضَ (ن) و غَمُضَ (ک) غُمُوْضًا الکَلَامُ: کلام کا دقیق ہونا۔
غَمَضَ (ن ض) غَمْضًا. السَّیْفُ فِي اللَّحْمِ: تلوار کا گوشت میں گھسنا الرَّجُلُ فِي الْاَرْضِ: سفر کرنا عَنْهُ فِي البَیْعِ: خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمِضَ (س) غُمُوْضَةً وغَمَاضَةً المَکَانُ: پست ہونا۔
غَمَّضَ واَغْمَضَ. عَیْنَهٗ: آنکھ بند کرنا۔ عَنْهُ فِي البَیْعِ: خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔ غَمَّضَ الکَلَامَ: مبہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَّضَ عَنِ الاِسَائَةِ" چشم پوشی کرنا۔ اِغْمَضَتِ العَیْنُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔ اَغْمَضَ عَنِ الشَّیٔ: درگزر کرنا۔
اَغْمَضَ عَلٰی کَذَا: برداشت کرنا اور راضی ہونا۔ اَغْمَضَ فِي السِّلْعَةِ: گھٹیا ہونے کی وجہ سے قیمت کم کرنا۔ حَدَّ السَّیْفِ: تلوار کی دھار باریک کرنا۔ فُلَانًا: کسی سے دوڑ میں آگے نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا۔

اِنْغَمَضَ. طَرْفُهٗ: آنکھ کا بند ہونا۔
اِغْتَمَضَ. البَرْقُ: بجلی کی چمک بند ہونا۔
الرَّجُلُ عَنِ الاَسَائَة: چشم پوشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِغْتَمَضَتْ عَيْنَاهُ" یعنی اس کی آنکھیں نہیں سوئیں۔

الغَمْض. مص۔ پست زمین ج غموض و اغماض کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ غَمْضٍ" فلاں ذلیل و گمنام ہے۔

الغُمْض والغِمَاض والغَمَاض والتغْمَاض. آنکھ کا بند ہونا۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "مَا اِكْتَحَلَتْ عَيْنِي غُمْضًا او غِمَاضًا او اغْمَاضًا او تَغْمَاضًا او تَغْمِيْضًا" یعنی میں نہیں سویا۔

الغَامِض. فا۔ پست زمین ج غَوَامِض گمنام۔ ذلیل الامر غَامِضٌ: مبہم معاملہ۔
الخَلْخَالُ الغَامِضُ: پازیب جو پنڈلی کو بھر دے۔ الغَامِض مِنَ الكُعُوْب والسُوْق: موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی۔
غَوَامِضُ الإِبل: چھوٹے اُونٹ۔

الغَامِضَة. مؤنث غَامِض ج غَامِضَات و غَوَامِض. الدَارُ الغَامِضَة: مکان جو سڑک سے علیحدہ ہو۔

الغَمِيْضَة. عیب۔

الغُمُوْضَة. "مَا فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ غُمُوْضَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔

المُغْمِضَات. گناہ جو جان بوجھ کر آدمی کرے۔ مغمضات اللَيْلِ: رات کی تاریکیاں۔

غَمَطَهٗ (ض) و غَمِطَهٗ (س) غَمْطًا. حقارت کرنا۔ حقیر جاننا۔ غَمَطَ النِعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ ناقدری کرنا۔ الحَقَّ: حق کا انکار کرنا۔ المَاءَ: پانی کا زور سے گھونٹ بھرنا۔ الذَبِيْحَة: ذبح کرنا۔
اَغْمَطَ. عَلَيْهِ الشَّيُّ: ہمیشہ ہونا۔
غَامَطَ مُغَامَطَةً فِيْ الشُرْبِ: لگا تار گھونٹ لگانا۔

تَغَمَّطَ عَلَيْهِ التُراب: مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا۔
اِغْتَمَطَ. دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا۔ ہ بالکَلَام: غالب ہونا۔ اِغْتَمَطَ الشَّيُّ: نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔

الغَمْط. مص۔ پست زمین۔

غَمْغَمَ غَمْغَمَةً بیل کا خوف کے وقت ڈکارنا۔ الاَبْطَالُ: بہادروں کا مقاتلہ کے وقت شور مچانا۔ الكَلَامَ: غیر واضح کلام بولنا۔ الصَبِيُّ: بچے کا دودھ کیلئے پستان پر رونا۔
تَغَمْغَمَ. الرَجُلُ: غیر واضح بولنا۔ الغَرِيْقُ تَحْتَ المَاءِ: ڈوبے ہوئے کا پانی کے نیچے بولنا۔

الغَمْغَمَة. مص۔ خوف کے وقت کی آواز۔ مقاتلہ کے وقت کی آواز۔ غیر واضح کلام ج غَمَاغِم.

غَمِقَ (س ن) و غَمُقَ (ک) غَمَقًا المَكَانُ: نمناک ہونا۔ سیلن والا ہونا۔ النَبَاتُ: نمناکی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (غَمِقٌ) مؤنث (غَمِقَةٌ)
غُمِقَ. البَعِيْرُ: اُونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

الغَمْقَة. ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔

المَغْمُوْق. پیٹھ کی بیماری والا۔

غَمَلَ (ن) غَمْلًا. الشَّيَّ: چھپانا۔ فُلَانًا: پسینہ کیلئے ڈھانکنا۔ البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا۔ العِنَبَ فِيْ الزَنْبِيْلِ: انگور کو زنبیل میں تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيَّ: درست کرنا۔
وتَغَمَّلَ. النَبَاتُ: ایک دوسرے پر چڑھنا۔ الشَّيُّ: وسیع ہونا۔
غَمِلَ (ض) غَمَلًا. پیچیدہ ہو کر خراب و بدبودار ہونا۔ الجُرْحُ: پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (غَمِلٌ)
اَغْمَلَ. الاَهَابَ: کچے چمڑے کا چھوڑ دینا۔ یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔
اِنْغَمَلَ. الاَدِيْمُ: چمڑے کا خراب ہونا۔

صفت (غَمِيْل)
الغَمِيْل: مِنَ النَّصِيّ (ایک قسم کی گھاس) پیچیدہ اُگی ہوئی۔ مِنَ الاَرْضِ: پست زمین ج غَمْلٰى.

المَغْمُوْل: مث۔ گمنام۔

الغُمُوْل. درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج غَمَالِيْل.

الغَمْلَج والغَمَلَّج والغِمْلَاج والغُمْلُوْج والغِمْلِيْج. غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔ مؤنث غَمْلَج وغَمَلَّج غُمْلُوْجَة وغِمْلِيْجَة.

الغُمْلُخ والغِمْلِيْخ. موٹا لمبا۔ المُغْلُوْج: سایہ میں اُگی ہوئی شاخ ج غَمَالِيْج.

غَمَنَ (ن) غَمْنًا. الشَّيَّ: چھپانا۔ البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا۔ فُلَانًا: پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔

غَمِنَ واِنْغَمَنَ فِيْ الاَرْضِ: غائب کیا جانا۔ غائب ہونا۔

الغُمَّة. ایک قسم کا اُبٹنا۔

غَمَا يَغْمُوْ غَمْوًا. البَيْتَ: لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔

الغَمَا. مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔ اس کا تثنیہ غَمَوَان ج اَغْمِيَة واَغْمَاء.

غَمٰى (ض) غَمْيًا وغَمّٰى. البَيْتَ: بمعنی غَمَا يَغْمُوْ.
غُمِيَ واَغْمَى. اليَوْمُ: تمام دن ابر رہنا۔
غُمِيَ واُغْمِيَ عَلَى المَرِيْضِ. غشی طاری ہونا۔ صفت (مَغْمِيٌّ و مُغْمًى) عَلَيْهِ.

الغَمِيّ. گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَمًى" یعنی بے ہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمًى واَغْمَاء"
والغِمَاءُ: مکان کی چھت ج اَغْمَاء و اَغْمِيَة.

غَنَّ (س) غَنًّا. النَخْلُ: درخت خرما کا

پکنا۔
الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا۔
وغنًّا وغنّۃً: گنگنانا۔
غنّن۔ الرَّوْضَ: زیادہ درخت والا بنانا۔
اَغنّ۔ الشَّجرُ: درخت کا پکنا الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا الرَّوْضُ: باغ کا سرسبز کرنا الذُّبابُ: مکھی کا بھنبھنانا الرَّجلُ: نرم آواز نکالنا۔
الغُنان۔ مکھی کی بھنبھناہٹ۔
الغُنّۃ۔ گنگناہٹ۔
الاَغنُّ۔ گنگنانے والا۔ حرْف اَغنُّ: غنہ کا حرف۔ الوَادِی الاَغنُّ: زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔ مؤنث غنّاء۔
القریۃ الغنّاء۔ آباد گاؤں۔
غنِثَ (س) غَنَثًا۔ الرَّجلُ: سانس لے کر پینا۔ غنِثَتْ نفسُہٗ: متلانا۔
تغنّثہٗ۔ الشَّیُٔ: بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا۔ چمٹنا۔
الغِنْثر۔ بیوقوف۔
غنِجَ (س) غَنَجًا وتغنّجَ۔ ناز کرنا۔ صفت (غَنِج ومِغْناج) مؤنث غَنِجۃ ومِغْناج)
الغُنْج والغُنُج والغُناج ناز نخرہ۔
الغَناج۔ کاجل جس کو عورتیں گوندنے میں استعمال کرتی ہیں۔
الاُغنُوجۃ: ناز و نخرہ کرنے کی چیز۔ ج اَغانِیج۔
الغُنْدَر والغُنْدُر۔ مِنَ الغِلمان: موٹا تازہ لڑکا۔
تغندرتِ المرأۃُ۔ لکیر سے چلنا
الغانِد۔ نرخرہ۔
غنِصَ (س) غَنَصًا۔ تنگ دل ہونا۔
الغَناقلبُونَ: زرد اور سفید پھول اس کو ہار بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں۔
غنَظَ (ض) غَنْظًا۔ قریب ہلاکت ہونا۔ الاَمْرُ فلانًا: دشوار ہونا۔ غنَظہٗ واَغنظہٗ) غیظ و غضب سے بھر دینا۔

غانظہٗ۔ ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔
الغَنْظ والغَنَظ والغناظ والعناظ۔ لازمی رنج و غم۔
المغنُوظ۔ مثل غمزدہ۔
غنِمَ (س) غُنْمًا۔ الشَّیَٔ: مفت حاصل کرنا۔ غُنْمًا وغَنْمًا وغنَمًا وغنیمۃً وغُنْمانًا۔ غنیمت حاصل کرنا۔
غنّمہٗ۔ کذا: حصہ سے زائد دینا۔
اَغنمہٗ۔ الشَّیَٔ: غنیمت حاصل کرانا۔
تغنّمَ واغتنمَ واستغنمَ۔ الشَّیَٔ: غنیمت سمجھنا۔ تغنّمَ فُلانٌ: بکریاں جمع کرنا جیسے تأبّل: اونٹ جمع کرنا۔
الغنیمۃ۔ مال جو جنگ میں حاصل ہو۔ کمائی۔ ج غنائم۔ کہا جاتا ہے۔ ”الغنیمۃ بارِدۃٌ“ یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔
الغُنْم۔ بمعنی غنیمت۔ غُنُوم
الغنیم۔ بمعنی غنیمت۔
الغنَم۔ س۔ بکریاں اور اس کیلئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کیلئے لفظ شاۃ) ہے ج اَغنام وغُنُوم واَغانِم۔ کہا جاتا ہے غنَمٌ (مُغنّمۃٌ ومُغْنَمۃٌ) یعنی بہت بکریاں۔
الغنّام۔ بہت بکریوں والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔
المغنَم۔ غنیمت۔ مغانِم۔ کہا جاتا ہے مغنَمٌ بارِدٌ یعنی پاک غنیمت۔ کہا جاتا ہے (غُناماك) اَنْ تفعلَ کذا۔ تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الغُنْوۃ۔ بے نیازی۔ کہا جاتا ہے لہٗ عنہٗ غُنْوۃٌ) اس کو اُس سے بے نیازی ہے۔
غنِیَ (س) غِنًی۔ الرَّجلُ: نکاح کرنا۔
غنِیَتِ المرأۃُ: حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہونا۔
غنِیَ ومغنًی۔ بالمکان: اقامت کرنا۔ صفت غانٍ) کہا جاتا ہے غنُوا بدیارِھم

ثُمّ فنُوا۔ اپنے ممالک میں اقامت کی پھر فنا ہوگئے۔ فلانٌ زندہ رہنا۔ زندگی بسر کرنا۔
غنِّی۔ غناءً وغُنْیانًا۔ مالدار ہونا۔ بالشَّیِٔ عن غیرہ: اکتفا کرنا۔
غنّی تغنیۃً۔ آواز کرنا۔ الشِّعْرَ و بالشِّعْر: گانا۔ بالمرأۃ۔ عشق بازی کرنا۔ الشَّاعرُ بفلانٍ: کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔ غنّاہُ اللہ: مال دار کر دینا۔
اَغنٰی اِغناءً۔ الرَّجلَ: مالدار کر دینا۔ عنہٗ: کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے ”اَغنی عنہ غناءَ فُلان ومَغناہٗ ومُغناہ ومَغناۃ ومُغناۃ“ یعنی قائم مقام ہوا۔ اَغنی عنہٗ کذا۔ دور کر دینا۔ اور کہا جاتا ہے ”ما یُغنی عنكَ ھٰذا وما اَغنی شیئًا“ یعنی نافع نہیں ہے۔
تغنّی تغنّیًا۔ مالدار ہونا بالمرأۃ: عورت سے عشق بازی کرنا بالشِّعْر: شعر گانا بالفلان: کسی کی مدح یا ہجو کرنا۔ تغنّتِ المرأۃُ: عورت کا نکاح کرنا۔
اِستغنی۔ بے نیاز ہونا عنہٗ بہٖ: اکتفا کرنا اللہَ: اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔
الغِنٰی والغِنْیۃ والغُنْیۃ والغُنْیان۔ اکتفا۔ توانگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے ”مالہٗ عنہ غِنًی وغِنْیۃٌ وغُنْیانٌ“ یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔
الغِنٰی والغَناء۔ اکتفا توانگری۔ کہا جاتا ہے ”لا غِنی عنہ“ یعنی ضروری ہے۔
الغِناء۔ عنِ الصَّوْت: گیت۔ سر۔
الاُغنیۃ والاِغنیّۃ والاُغنیّۃ والاِغنیۃ۔ گیت۔ سر۔ راگ۔ ج اَغانِیّ واَغانٍ۔
الغَنِیّ۔ اکتفا کرنے والا۔ توانگر۔ مالدار۔ کہا جاتا ہے ”ھو غنیٌّ عنہٗ“ یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغنیاء۔
الغانی۔ فا۔ غنی۔ کہا جاتا ہے رجلٌ غانٍ عن کذا“ یعنی فلاں چیز سے بے نیاز۔
الغانیۃ۔ مؤنث غانی۔ وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز

ہو۔ نکاح کرنے والی۔ ج غانِیات وغَوان.

المَغنٰی. منزل۔ ج مَغان کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبانِیهِم وخَلَتْ مُغانِیهِم" یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہوگئے۔ "ومالَهٗ عَنْهُ مُغنًی" یعنی اس کیلئے اس سے چارہ نہیں۔

غَهِبَ (س) غَهَبًا واَغْهَبَ. عَنْهُ. غافل ہونا۔ بھولنا۔

اِغْتَهَبَ. تاریکی میں چلنا۔

الغَهَبُ. س۔ کہا جاتا ہے "اَصابَ الصَّیْدَ غَهَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلا قصد کے پہنچ گیا۔ "فَعَلَهٗ غَهَبًا" اس کو بلا قصد کیا۔

الغَیْهَب. تاریکی۔ بہت تاریک رات۔ بہت سیاہ گھوڑا۔ غافل بیوقوف اور کمزور ج غَیاهِب.

الغَیْهَبان. تاریکی۔ پیٹ۔

الغَیْهَبَة. مؤنث۔ غَیْهَب. لڑائی کا شور۔

غاثَه یَغُوثُه غَوْثًا واَغاثَه اِغاثَةً ومَغُوثَةً. اعانت کرنا۔ مدد کرنا۔

غَوَّثَ. الرَّجُلُ: واغوثاہ کہنا۔

اِسْتَغاثَ الرَّجُلَ وبِه: مدد طلب کرنا۔

الغَوْث والغُواث والغَواث. مدد۔

الغَوْث والغِیاث والغَوِیث. کھانے وغیرہ کی مدد۔

المَغاوِث. پانی۔ کہا گیا ہے کہ اس کیلئے مفرد نہیں۔

غاجَ یَغُوجُ غَوْجًا وتَغَوَّجَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا مڑنا۔ تَغَوَّجَ الرَّجُلُ. فِی مَشْیَتِه. چال میں لچکنا۔

غارَ یَغُوْرُ غَوْرًا. پستی کی طرف آنا۔ الماءُ: گہرائی میں جانا۔ صفت (غائر) النَّهارُ: سخت گرمی والا ہونا۔ الرَّجُلُ. دوپہر میں سونا۔ الشَّیْءَ او القَوْمَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِی غَیْرِ مَغار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غارَتْ تَغُوْرُ غَوْرًا وغُؤُوْرًا. عَیْنُهٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وغُؤُوْرًا وغِیارًا. فِی الْاَمْرِ: معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا۔ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔

غارَتْ غِیارًا وغُؤُوْرًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا۔

غارَلَهُمُ اللّٰهُ غِیارًا وغارَهُمْ. رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ. پستی کی طرف آنا۔ الماءُ: زمین میں اُترنا۔ الرَّجُلُ. دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا۔ القَوْمَ: قوم کو شکست دینا۔ غَوَّرَتِ الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ: غروب ہونا ڈوبنا۔ کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّهارُ: جبکہ دن ڈھل جائے۔

اَغارَ اِغارَةً. چلنے میں جلدی کرنا۔ پستی کی طرف آنا۔ سفر کرنا۔ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

اَغارَ اِغارَةً وغارَةً ومُغارًا. عَلَیْهِمْ. لوٹ ڈالنا۔ الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔ بِهِمْ واِلَیْهِمْ: مدد دینے کے لیے آنا۔

غاوَرَ مُغاوَرَةً. العَدُوَّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔ بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ. پستی کی طرف آنا۔ ظاهِرُ العَیْنِ دھنس جانا۔

تَغاوَرَ. القَوْمُ. بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتارَ اِغْتِیارًا. نفع اُٹھانا۔ غلّہ حاصل کرنا۔

اِسْتَغارَ. عَلَیْهِم. لوٹ ڈالنا۔ الرَّجُلُ: پست زمین میں اُترنے کا ارادہ کرنا۔ موٹا ہونا۔ الجُرْحُ. زخم کا سوجنا۔

اِسْتَغْوَرَهٗ اِسْتِغْوارًا. غلّہ مانگنا۔

الغار. غار ج اَغْوار وغِیْران. ایک قسم کا درخت واحد (غارة) غُبار۔ بڑا لشکر۔ انگور کے پتے۔ غیرت۔ تھوڑی کا گڑھا۔

الغاران: ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں اوپر نیچے کے تالو۔

الغارَة. س۔ لوٹ۔ اسم ہے اغارة کا ج غارات. تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے حَبْلٌ شَدِیْدُ الغارَةِ مضبوط بٹی ہوئی رسّی و "شَنَّ الغارَةَ عَلَیْهِم" گھوڑوں کو متفرق کر دیا اور ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑا۔

الغَوْر. س۔ پست زمین۔ نیچے اُترا ہوا پانی۔ گڑھا۔ غار۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَعِیْدُ الغَوْرِ" فلاں نہایت باریک بین ہے۔ و "غَرَفْتُ غَوْرَ المَسْاَلَةِ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغائِرَة. مؤنث غائِر. دوپہر۔ دوپہر کا سونا۔

الغَوْرَة. آفتاب۔ قیلولہ۔

الغِوَر. خون بہا۔

الغَوْرَی. ہر چیز کا گڑھا۔

المَغار والمُغار والمَغارَة والمُغارَة. غار، لوٹ ج مَغاوِر ومَغارات

المُغار: لوٹ کی جگہ۔

المِغْوار والمُغاوِر. مِنَ الرِّجال: بہت لوٹ ڈالنے والا۔ فَرَسٌ مِغْوارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

غازَهٗ یَغُوْزُهٗ غَوْزًا. قصد کرنا ار

الغاز. گیس۔ ج غازات.

غاصَ یَغُوْصُ غَوْصًا وغِیاصًا وغِیاصَةً ومَغاصًا. فِی الماءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غائص) ج غُوّاص و غاصَة. غاصَ عَلَی الشَّیْءِ: اچانک آ جانا۔ عَلَی المَعانِی: معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔

غَوَّصَهٗ. غوطہ لگوانا۔

الغَوّاص. بہت غوطہ لگانے والا۔ وہ شخص جو موتی وغیرہ کیلئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام "الغِیاصَة" ہے۔ ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔

الغَوّاصَة. غواص کا مؤنث۔ آبدوز کشتی۔

المَغاص. س۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی

غَاطَ يَغُوطُ غَوْطًا. الحفرة: گڑھا کھودنا۔ فِيهِ: داخل ہونا۔ گھسنا۔ کہا جاتا ہے هٰذَا رَمْلٌ تَغُوطُ فِيهِ الاَقْدَامُ یہ ایسی ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں۔ غَوَطَ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔ الطَّعَامَ: بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

تَغَوَّطَ. پائخانہ کرنا۔ کہا جاتا ہے تَغَوَّطَ وَبَالَ. پیشاب یا پائخانہ کیا۔

تَغَاوَطَا. فِي المَاءِ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

اِنْغَاطَ. العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا۔

الغَائِطُ. فا۔ پائخانہ۔ پائخانہ کرنے کی جگہ۔ پست زمین۔

الغَوْطُ والغَاطُ والغَوْطَةُ. پست زمین۔ ج غُوطٌ واَغْوَاطٌ وغِيَاطٌ وغِيطَانٌ.

الغَاطُ. جماعت۔

الغُوطَةُ. شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں۔ اس کو غوطہ دمشق بھی کہتے ہیں۔

بِئْرٌ (غَوِيطٌ) بہت گہرا کنواں۔

الغَاغُ. پودینہ۔ واحد (غَاغَةٌ)

الغَاغَةُ. بہت سے مختلف لوگ۔

الغُوَافَةُ: امریکی علاقے کا ایک درخت۔

الغَوْغَاءُ. ٹڈی جو اڑنے کیلئے تیار ہو یا جس کے پر نکل آئے ہوں۔ بہت سے مختلف لوگ۔ نیچے طبقے کے لوگ۔ فسادی لوگ۔

غَالَهُ يَغُوْلُهُ غَوْلًا واِغْتَالَهُ. ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ غَالَتْهُ الخَمْرُ: شراب کا مست کر دینا۔

غَاوَلَ مُغَاوَلَةً. جلدی چلنا۔

تَغَاوَلَا. ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔

تَغَوَّلَ. الاَمْرُ: ابتر ہونا۔ تَغَوَّلَتِ المَرْاَةُ: رنگ برنگ ہونا۔ تَغَوَّلَتْهُمُ الغِيلَانُ: بے راہ کر دینا۔ الاَرْضُ بِفُلَانٍ: ہلاک کر دینا اور بے راہ کر دینا۔

الغُوْلُ. س۔ درد سر۔ مدہوشی۔ جنگل کی دوری۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔

الغُوْلُ. مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ۔ ج اغوال و غیلان سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے۔ جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں۔ موت۔ ج اَغْوَالٌ.

الغِيْلَةُ. اسم ہے اِغْتِيَالٌ کا۔

الغَائِلَةُ. مؤنث غَائِلٌ. مصیبت۔ فساد۔ ہلاکت۔ برائی ج غَوَائِلُ.

الاَغْوَلُ. مِنَ العَيْشِ: آسودہ زندگی۔

المِغْوَلُ. ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبا پیکار۔ کیتی۔

المَغَالَةُ. ہلاکت۔

غَوَى يَغْوِي غَيًّا وغَوِيَ يَغْوَى غَوَايَةً. گمراہ ہونا۔ محروم ہونا۔ ہلاک ہونا۔

وغَوَّى واَغْوَى. الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

غَوِيَ يَغْوَى وغَوَى يَغْوِي غَوًى الفَصِيلُ. اونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا۔ صفت (غَوٍ)

تَغَاوَى. تکلیف گمراہ بننا۔ بتکلف جاہل بننا۔ القَوْمُ عَلَيْهِ: قتل کرنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِنْغَوَى. الرَّجُلُ: گرنا اور جھکنا۔

اِسْتَغْوَى. الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بِتُّ (غَوًى و غَوِيًّا و مُغْوِيًا و مُغْوِيًّا ومُغَوِّيًا) یعنی میں نے تمہارا رات بسر کی۔

الغَيَّةُ والغِيَّةُ. گمراہی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ وَلَدُ غَيَّةٍ" یعنی وہ ولد الزنا ہے۔

الغَاوِي. فا ج غَاوُوْنَ وغُوَاةٌ. رَاسٌ غَاوٍ: چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا سر۔

والغَوِي والغَوِيُّ والغَيَّانُ گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔

الغَاوِيَةُ. مؤنث غَاوِي. مشک جس میں پانی ہو۔

الاُغْوِيَّةُ. مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِي اُغْوِيَّةٍ" ج اَغَاوِيٌّ.

المَغْوَاةُ. گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ.

المُغَوَّاةُ. گمراہی کی جگہ ج مُغَوَّيَاتٌ.

غَابَ يَغِيبُ غَيْبًا وغَيْبَةً وغِيَابًا وغُيُوبًا ومَغِيبًا. عَنْهُ: غائب ہونا۔ دور ہونا۔ جدا ہونا۔

غَابَتِ الشَّمْسُ غِيَابًا وغَيْبُوبَةً. آفتاب کا غروب ہونا الشَّيْئُ عَنْ فُلَانٍ. پوشیدہ ہونا عَنْ بِلَادِهِ: سفر کرنا۔

غَابَ يَغِيبُ غِيَابًا وغِيَابًا وغَيْبَةً وغِيَابَةً وغُيُوبَةً الشَّيْئُ فِي الشَّيْئِ: چھپ جانا۔

غَابَهُ غَيْبَةً واِغْتَابَهُ واِغْتِيَابًا. غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔

غَيَّبَهُ. دور کرنا۔ کہا جاتا ہے غَيَّبَهُ غَيَابُهُ یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔

اَغَابَتْ. المَرْاَةُ: غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِيبٌ ومُغِيبَةٌ ومُغْيِبٌ)

غَايَبَهُ مُغَايَبَةً. پیٹھ پیچھے بات کہنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا مَعَكُمْ لَا اُغَايِبُكُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کروں گا۔

تَغَيَّبَ. عَنْهُ: غائب ہونا۔

تَغَايَبَ. القَوْمُ: غائب ہونا۔

الغَيْبُ. س۔ شک۔ ہر وہ چیز جو تم سے غائب ہو۔ بھید۔ پست زمین۔ ج غِيَابٌ وغُيُوبٌ. کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الغَيْبِ" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جس کو میں دیکھتا نہیں۔

الغَيْبَةُ والغَيَابَةُ. پست زمین۔ قبر۔

الغَيَابَةُ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ: پردہ مِنَ الوَادِي اَوِ الجُبِّ: وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔

الغِيْبَةُ. پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔

الغَائِبُ. فا۔ ج غَيَبٌ وغُيَّبٌ وغُيَّابٌ غَائِبُوْنَ. غَائِبُكَ: جو چیز تم سے غائب ہو۔

الغَابَة. بانس کی جھاڑی۔ پست زمین۔ لوگوں کی جماعت، لمبا نیزہ۔ ج غَاب وغَابَات غَابَةُ البَحْرِ: سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔

الغَیَاب. س۔ قبر۔ غَیَابُ الشَّجرِ وغَیَّابَہُ: درخت کی جڑیں۔

الغُیُوْب والغَیَّاب. غائب کا اسم مبالغہ۔

الغَیْبُوْبَة. غروب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہُ عند غَیْبُوْبَةِ الشَّمْسِ" میں نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ یَغِیْثُ غَیْثًا. اللّٰہُ البِلَادَ: برسانا۔

غَاثَ الغَیْثُ الاَرْضَ: بارش کا زمین پر برسنا۔

غِیْثَتِ. الاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔ صفت (مَغِیْثَة ومَغْیُوْثَة) غَاثَ النُّوْرُ: روشن ہونا۔

تَغَیَّثَ. البَعِیْرُ: اُونٹ کا موٹا ہونا۔

الغَیْث. بارش۔ گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے۔ کہا جاتا ہے "رَعَیْنَا الغَیْثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔ ج غُیُوْث واَغْیَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش۔ سَحَابٌ (غَیِّثٌ) موسلا دھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے "بِئْرٌ ذَاتُ غَیِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَیِدَ یَغْیَدُ غَیَدًا. الغُلَامُ: لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔ نرم کندھوں والا ہونا۔ صفت مذکر (اَغْیَد) صفت مؤنث (غَیْدَاءُ) ج غِیْد.

تَغَایَد. فِیْ مَشْیَتِہٖ: نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَیْد. س۔ نزاکت۔

الاَغْیَد. نرم و نازک پودہ: مکان اغید بہت پودہ والی جگہ۔

الغَادَة. نرم و نازک بدن عورت۔ تر و تازہ شاخ۔ ج غَادَات.

غَیْدَانُ الشَّبَاب. اوّل جوانی۔

غَیْدِ غَیْدِ. مکرر مستعمل ہے اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جلدی کرو جلدی کرو۔

غَیْدق. المَطْرُ: بارش کا بہت ہونا۔

الغَدَق. س۔ بہت پانی۔

الغَیْدَاق. سرسبز۔ فیاض۔

والغَیْدق والغَیْدَقَان. نرم و نازک۔ غَارَ یَغَارُ غَیْرَةً وغَیْرًا وغَارًا. الرَّجُلُ عَلٰی اِمْرَاَتِہٖ مِنْ فُلَان وھِیَ عَلَیْہِ مِنْ فُلَانَةٍ: غیرت کھانا۔ صفت (غَیْرَان وغَیُوْر و مِغْیَار) مؤنث (غَیُوْر وغَیْرٰی) ج غَیَارٰی وغُیَارٰی وغُیُر ومَغَایِرْ اور اسم الغَیْرة.

غَارَہُ یَغِیْرُہُ غِیَارًا. نفع دینا۔ کہا جاتا ہے "غَارَہُ بِخَیْرٍ" یعنی اس کو خیر کا نفع دیا۔ و "غَارَھُمُ اللّٰہُ بِمَطَرٍ" یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَہُ یَغِیْرُہُ غَیْرًا وغَیَّرَہُ. خون بہا دینا۔

غَیَّرَ الشَّیْئَ: بدل دینا۔ تغیر کر دینا۔

غَایَرَہ غِیَارًا ومُغَایَرَةً. تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ خرید و فروخت میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔ مغایرت برتنا۔

اَغَارَہُ اِغَارَةً. غیرت پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّجُلُ اِمْرَاَةً: مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَیَّرَ. بدل جانا عَلٰی اِمْرَاَتِہٖ: بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَایَرَ. الزَّوْجَان: ایک دوسرے پر غیرت کرنا تَغَایَرَتِ الاَشْیَاءُ: چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغْتَار اِغْتِیَارًا. الرَّجُلُ: غلہ مہیا کرنا۔

الغِیَر. س۔ اسم ہے تَغَیُّرٌ سے کہا جاتا ہے "مَنْ یَکْفُرْ بِاللّٰہِ یَلْقَی الغِیَرَ" یعنی جو شخص کفر باللہ کرے گا وہ متغیر الحال ہوگا کہ صلاح سے فساد کی جانب پہنچ جائے گا۔

بَنَاتُ غِیَر: جھوٹ اور باطل باتیں اور (غَیْر) کا لفظ سوی کے معنی میں آتا ہے ج غیار اور لا کے معنی میں بھی اور بوجہ حالیت کے منصوب ہوتا ہے۔ جیسے "فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ" بمعنے لا باغیًا اور الا کے معنی میں بھی۔ پس اسم الازم الاضافۃ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع عن الاضافۃ بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آ سکے اور اس سے پہلے لَیْسَ یالَا ہو اور اضافت کے وقت رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف الیہ کے وقت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز ہے۔ کہو گے "قَبَضْتُ عِشْرَةً لَیْسَ غَیْرَھَا وَلَیْسَ غَیْرُھَا وَلَیْسَ غَیْرٌ وَلَیْسَ غَیْرُ وَلَیْسَ غَیْرًا وَلَیْسَ غَیْرَ" بمعنی لَیْسَ اِلَّا اور کہا جاتا ہے "فَعَلَہُ غَیْرَ مَرَّةٍ" یعنی ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

الغِیْرَة. خون بہا۔ غلہ کا ذخیرہ۔ نخوت اسم ہے غَارَ کا تَغْیِیْر.

غِیَرُ. الدَّھْرِ: زمانے کا حوادث۔

الغَیْرِیَّة. عینیت کے خلاف۔ ہر روش میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

المَغِیْر والمَغْیُوْر. سیراب شدہ مقامات۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَغِیْرٌ ومَغْیُوْرٌ واَرْضٌ مَغِیْرَةٌ ومَغْیُوْرَةٌ۔"

غَاضَ یَغِیْضُ غَیْضًا ومَغَاضًا وتَغَیَّضَ وانْغَاضَ. پانی کا کم ہونا۔ نیچے اُتر جانا

الثَّمَنُ: قیمت گھٹنا۔

الفَرَاشَة. پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی مِنَ القُفلِ: تالے کا جھڑ۔ کندھوں کا اُٹھا ہوا حصہ اور (فَرَاشُ الدِّمَاغ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِّمَاغِ ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپڑی تک پہنچتی ہیں۔ الفَرَاشَة: پروانہ، او چھی طبیعت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ إلَّا فَرَاشَةٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لیے مثل ہے ج فَرَاش.
الفَرِیش. مِنَ النَّبَاتِ: زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔ ج فَرَائِش.
المِفرَاش. بچھونا۔
المِفْرَشَة. کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا۔ ج مَفَارِش.
المُفَرَّش. بع کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّشٌ" بغیر کوہان کے اُونٹ۔
فَرشَحَ فَرْشَحَةً وفَرْشَحَی. ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا۔ قریب قریب کودنا۔
الفِرْشَاح. بے بارش کا بادل۔ بے ڈول بلند عورت۔ چوڑا کھر۔ کشادہ زمین (الفِرْشِیح) عضو تناسل۔
فَرَصَ (ن) فَرْصًا. الشَّیءَ: کاٹنا۔ الجِلدَ: چیرنا۔ پھاڑنا الفُرْصَةَ: فرصت پانا۔
فَرَصَ (ض) فَرْصًا. الرَّجُلَ: رگ گلو پر مارنا۔ شانہ کے گوشت پر مارنا۔
فُرِصَ فَرْصًا وفَرَصًا. شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔
فَرَّصَ. النَّعلَ: جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا۔
فَارَصَهُ مُفَارَصَةً. فِي الشَّیءِ: نوبت بنوبت کرنا۔
أفْرَصَتْهُ الفُرصَةُ. فرصت ملنا۔ أفْرَصَ وتَفَوَّصَ الفُرْصَةَ: مہلت پانا۔
تَفَارَصَ. القَومُ البِئرَ: قوم کا کنوئیں پر

باری باری آنا۔
اِفترص. الفُرصَة: موقع پانا۔ فرصت کو غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لَا یفترِصُ اِحْسانَه وبِرَّه" یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے۔
الفُرصَة. باری اور یہ اسم ہے۔ تَفَارِص القَوْمُ البِئر کا۔ کہا جاتا ہے جَاءَ تْ فُرْصَتُكَ مِنَ السَقْيِ: یعنی تمہاری باری آئی۔ وقت مناسب اِنْتَهَز الفُرْصَة: فرصت کو غنیمت جاننا۔ ج فُرَصٌ.
الفُرْصَة والفِرْصَة والفَرْصَة. اُون یا رُوئی کا ٹکڑا۔
الفَرِيْص. پانی کا شریک کہتے ہیں "هُوَ فَرِيْصِی" گلے کی رگیں۔ واحد (فَرِيْصَة) ہے۔
الفَرِيْصَة. باری۔ پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اُچھلنے لگتا ہے۔ کہا جاتا ہے ارتعدت فریصة یعنی بہت گھبرایا "هُوَ ضَخم الفَرِيْصَتِه" یعنی وہ جری و بہادر ہے۔ ج فَرِيْص و فَرَائِص.
المِفْرَص. لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص.
المِفْرَاص. لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِيْص.
الفِرْصَاد. سرخ رنگ۔ توت یا توت کا درخت۔
والفِرْصِد والفِرْصِيْد. انگور کا بیج۔ فَرَض (ض) فَرْضًا. الخَشْبَةَ وفِيْهَا: لکڑی کاٹنا، چھیدنا الْاَمْرُ: فرض کرنا۔ معین کرنا۔ لَهٗ كَذَا فِی الدِيْوَان: عطیہ دینا۔ تنخواہ مقرر کرنا لِفُلَانٍ كَذَا: فرض مقرر کرنا لَهٗ: وقت معین کرنا اللّٰهُ الاَحْكَام عَلٰی عِبَادِهٖ: واجب ٹھہرانا۔
فَرِضَتْ (ض) و فَرُضَتْ (ک) فُرُوْضًا وفَرَاضَةً. البَقَرَةَ: گائے کا عمر رسیدہ ہونا۔ صفت (فَارِض)

فَرُضَ (ک) فَرَاضَةً علمِ فرائض کا جاننے والا ہونا۔
فَرَّضَ. الخَشَبَةَ لکڑی میں سوراخ کرنا۔ الْاَمْرُ: واجب کرنا۔
اَفْرَضَ. فُلَانًا شَيْئًا: دینا لِفُلَان كَذَا: فرض قرار دینا۔ اَفْرَضَتِ الماشِيَةُ: نصاب کو پہنچنا۔ زکوٰۃ کے قابل ہونا۔
اِفْتَرَضَ. اللّٰهُ الاَحْكَام عَلٰی عِبَادِهٖ: واجب ٹھہرانا القَوْمُ: قوم کا ختم ہو جانا الجُنْدُ: فوج کا تنخواہ لینا۔
الفَرْض. س مِنَ القَوْسِ: چلہ کمان کی جگہ۔ ج فِرَاض. الفَرْض اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون۔ اپنے پر لازم کی ہوئی چیز عَلَيْهِ: تنخواہ۔ تنخواہ دار فوج ج فُرُوْض وفِرَاض.
الفُرْض کاٹ۔
الاِفْتِرَاضُ منطقیوں کے نزدیک۔ قضایا کے برعکس طرق میں سے ایک طریق۔
الفُرْضَة. مِنَ النهرِ: دریا کا دہانہ۔ لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو مِنَ البَحْر: بندرگاہ مِنَ القَوْسِ: کمان کا سرا جو تانت لگانے کیلئے کاٹا جائے مِنَ الدواۃِ: دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُرْضَته الجبلِ: پہاڑ کے وسط کی پست جگہ ج فُرَض و فِرَاض.
الفِرَاض. کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔
الفَارِض. فا۔ موٹا۔ پرانا ج فُرَّض مؤنث فَارِضَة ج فَارِضَات وفَوَارِض.
والفَرْضِی والفَرِيْض والفَرَّاض عِلم فرائض کا جاننے والا۔
الفَرِيْضَة. فرض۔ زکوٰۃ۔ مقرر کردہ حصہ۔ ج فَرَائِض عِلْم الفَرَائِض وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں۔ اَصْحَابُ الفَرَائِض وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔
المِفْرَاض والمِفْرَض. کاٹنے کے اوزار۔
المَفْرُوْض. س اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔

الفِرْضِم بوڑھی بکری۔
فَرَطَ (ن) فُرُوْطًا. آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا فَرْطًا فِی الاَمْرِ کوتاہی کرنا۔ فرط مُنه القول بغیر سمجھے بوجھے کہنا مِنْه شَیٌٔ جاتا رہنا عَلَيْهِ فِی القَوْلِ پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا فَرَطَ عَلٰی فُلَانٍ جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ غالب ہونا۔ فَرَطَ اِلَيْهِ رَسُوْلًا قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔
فَرَطَ (ن ض) فَرْطًا وفَرَاطَةً القَوْمَ: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا۔ صفت (فَارِط) جمع فَارِطُوْن وفُرَّاط.
فَرَّطَ. الشَیْءَ و فِی الشَیْءِ ضائع کرنا۔ متفرق کرنا فِی الشَیْءِ کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فَرَّطَهٗ چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا عَنْهُ مہلت دینا۔
اِلَيْهِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا اللّٰهُ عَنْه مَا يَكْرَهُ دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
اَفْرَطَ. جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا۔ جلدی کرنا رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا الاَمْرَ: بھولنا اور چھوڑنا الاِنَاءَ: برتن کو لبالب بھرنا بِيَدِهٖ اِلٰی السَيْفِ لِيستلَّهٗ: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا عَلٰی الرَجُلِ: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا فُلَانٌ وَلَدًا نابالغ بچے کا وفات پانا۔ الشَیْءَ بھولنا۔ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَفْرَطَ مِنْهُمْ اَحَدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔
فَارَطَهٗ فِرَاطًا ومُفَارَطَةً. سبقت لے جانا۔ پالینا۔
تَفَرَّطَ. الشَیْءُ: وقت گزر جانا الفَرَسُ الخَيْلَ گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَفَارَطَ. آگے بڑھنا القَوْمَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا الشَیْءُ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَارَطَتِ الصَلَاةُ عَنْ وَقْتِهَا" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہو گئی تَفَارَطَتْهُ الهُمُوْمُ: غموں کا لاحق ہونا۔

اِنْفرط. کھلنا۔
اِفْترط. وَلَدًا : چھوٹے بچے کا مرنا۔
اِلَیْهِ فِی الْاَمر : آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔
کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُفْتَرط اِحْسَانُه"
یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف
نہیں کیا جاتا۔
الفَرْط. س۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔
پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان۔ ج اَفْرُط
واَفْراط الفَرْط : وقت اور کہا جاتا ہے اٰتِیْته
فرْطًا : میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا
اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم
نہیں ہوتا۔ آتِیْكَ فَرْطَ یَوْمٍ اَوْ یَوْمَیْنِ
یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا" وَلَا اَلْقَاه
اِلَّا فِی الْفَرْط" یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ
ملوں گا۔
الفُرْط. دامن کوہ۔
اَفْراطُ الصَّباح : صبح کی پہلی شعاعیں۔
الفَرْط. پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے
والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے
رَجُلٌ فَرْطٌ قَوْمٌ فَرْط اور اسی سے ہے "اَنَا
فَرطکم عَلَی الحَوْضِ" الفَرَط : پہلا
پہنچا ہوا اجر۔ جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی
کی جائے۔ نابالغ بچہ۔ کہا جاتا ہے "سَبقَهٗ
فَرَطٌ کَثِیْرٌ" نابالغ بچے مر گئے اور مردہ بچہ
کے جنازہ کی دعائیں۔ کہتے ہیں ((اللّٰهُمَّ
اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا)) یعنی اے اللہ اس کو
ہمارے لیے اجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ
جائے۔
الفُرْط. چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا، حد
سے تجاوز، ظلم و زیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے
گھوڑوں سے بڑھ جائے۔
الفَرْطَة و الفُرْطَة. نکلنا اور آگے بڑھنا۔ کہا
جاتا ہے "هُوَ ذُوْ فَرْطَةٍ فِی الْبِلَاد" یعنی
بہت سفروں والا ہے۔
الفُراطَة والماءُ الفُراط. پانی جو چند
قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ
جائے اسی کا ہو جائے۔ بِئْرٌ فُراطَة : بھی کہا
جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تکلَّمَ فِراطًا :
بے سمجھے بوجھے بولا۔
مَفارِطُ البلَاد : اطرافِ بلاد۔
فَرْطَحَ فَرْطَحَة الشَّیَٔ : چوڑا کرنا۔
رَاسٌ فِرْطاح و مفرطح : چوڑا سر۔
فَرْطَسَ الخنزیر : ناک لمبی کرنا۔
فُرْطُوْسَة و فِرطِیْسَة. سور کی ناک۔
الفِرْطِیْسته : ناک کا بانسہ۔ ج فَرَاطِیْس
الفِرْطَاس. چوڑا۔
فَرَعَ (ف) فَرْعًا و فُرُوْعًا. الجَبَل : پہاڑ
پر چڑھنا الوَادِی : وادی میں اترنا الارض :
زمین میں چکر لگانا القَوْمَ : قوم سے شرافت اور
جمال میں فائق ہونا الفرسَ باللجام :
گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا رَاسَه بالعَصَا :
سر پر لاٹھی مارنا بَین القَوْم : روک بن جانا یا
اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوَّلُ صَیْدٍ
فَرَعَهٗ" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔
فَرِعَ (س) فرعًا. کثرت سے بالوں والا
ہونا۔ صفت (افرع) مؤنث فَرْعَاءُ ج
فُرْعٌ.
فَرَّعَ. فِی الجبل : پہاڑ پر چڑھنا۔
مِنَ الجَبَل : پہاڑ سے اترنا بَیْنَهُمْ تفریق کرنا
المَسَائِلَ مِنْ هٰذَا الاصْلِ : فروع کا استنباط
کرنا فِی الْاَرْضِ : زمین میں چکر لگانا۔
اَفْرَعَ. مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ سے اترنا بالقَوْمِ :
قوم کے پاس نازل ہونا الشَّیَٔ : طویل و بلند ہونا
الْاَمر : شروع کرنا اللجامُ الفَرَسَ : لگام کا
گھوڑے کو لہولہان کرنا۔ اَفْرَعَتِ الضَّبع
الغَنَم او فی الغنم : بجو کا بکریوں میں تباہی
ڈالنا اور خون آلود کرنا۔ اَفْرَعَتِ الْاِبِلُ :
اونٹنی کا پہلا بچہ جننا القَوْمُ مِنْ سَفَرِهِمْ :
وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا۔
الْاَرْض : زمین میں چکر لگانا الفَرَعَة : پہلا
بچہ ذبح کرنا اَهْلَه : کفیل ہونا۔
حَاجَتَه او سَفَرَه : شروع کرنا (اُفْرِعَ)
بِفُلَانٍ : پکڑا جانا اور قتل کیا جانا۔
فَارَعَه. کفایت کرنا اور انگیز کرنا۔
اِفْترَعَ. البِکْرَ : بکارت زائل کرنا۔
تَفَرَّعَ. القَوْمَ : گالی دینا۔ فائق ہونا۔
الشَّیُٔ : بلند ہونا۔ تفرَّعَتِ الاَغْصَانُ :
ٹہنیوں کا بہت ہونا المَسَائِلُ : اصول سے
متفرع ہونا الشَّیُٔ عَلَی الشَّیِٔ : مترتب
ہونا۔ مبنی ہونا۔
اِسْتَفْرَعَ. الشَّیَٔ : شروع کرنا الرَّجُلُ :
پہلے بچہ کو ذبح کرنا۔
الفَرْعُ. س۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : اوپر کا حصہ جو
اصل سے نکلا ہو جیسے فَرْعُ الشَّجَرَةِ :
منفعت بخش مال۔ الفرعُ فِی المَسَائِلِ
العِلْمِیَة : مسائل مستنبط جو کسی اصل سے نکلے
ہوں۔ فَرْعُ المَرْاَةِ : عورت کے بال فَرْعُ
القَوْمِ. سردار رئیس فَرْعُ الاُذُن : کان کا
اوپر کا حصہ ج فُرُوْع. الفَرَعُ : جوئیں واحد
(فَرَعَةٌ) اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَه عَلٰی
فَرْعَیِ الیَتِیْهِ" چوتڑ کے اس حصے پر جو بیٹھنے
میں زمین پر لگتا ہے۔ الفَرْعُ : گھاٹی کی طرف
پانی بہنے کی جگہ ج فِراع.
الفَرَعُ. اونٹ یا بکری کا پہلا بچہ۔ جوئیں واحد
(فَرَعَة) تقسیم۔ کہا جاتا ہے تَرَاضَوْا
بالفَرَعِ یعنی تقسیم پر راضی ہو گئے۔
الفَرَعَة. راستہ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی ج
فِرَاع.
الفَارِعُ. فا۔ خوبصورت۔ بلند۔ پست۔
الفَارِعَة. مؤنث فَارِع. فَارِعَةُ الجَبَلِ :
پہاڑ کا بلند حصہ۔ ج فَوارِع (فَارِعَة
الطَّرِیْق و فرعاؤہ) راستہ کی بلندی۔
المِفْرَعُ. لوگوں کے درمیان صلح کرانے
والا ج مَفَارِع.
المُفْرع. ہر چیز کا طویل۔ کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ مُفْرَعُ الکَتِفِ" یعنی فلاں چوڑے اور
بلند مونڈھے کا ہے۔
فَرْعَنَ فَرْعَنَةً. الرَّجُلُ : تکبر کرنا۔ چالاک
ہونا۔
تَفَرْعَنَ. النَّبَاتُ : لمبی اور قوی ہونا۔ فُلَانٌ
عَلَیْنَا : سرکشی اور ظلم کرنا۔ فراعنہ کے اخلاق

کواختیار کرنا۔

فِرْعَوْن و فُرْعُوْن و فُرْعَوْن، مصر کے بادشاہ کالقب۔ شریر۔ سرکش۔ ج فَرَاعِنه.

فَرَغَ (ف.ن) و فَرِغَ (س) فَرَاغًا وفُرُوْغًا. مِنَ العَمَلِ :کام سے خالی ہونا۔ لَهٗ و اِلَيْهِ :قصد کرنا الرَجُلُ فُرُوْغًا :مرنا۔ فَرَغَ دَمُهٗ :رائیگاں جانا، مطالبہ نہ کیا جانا مِنَ الشَئُ :پورا کرنا۔ تمام کرنا الظَرْفُ :برتن کا خالی ہونا (فَرْغًا) عَلَيْهِ الْمَاءَ :گرانا۔

فَرُغَ (ک) فَرَاغَةً. رنجیدہ ہونا۔ گھبرانا۔ فَرُغَتِ الطَعْنَةُ :وسیع ہونا۔ صفت (فَرِيْغَة)

فَرَغَ (س) فَرَاغًا. الْمَاءُ :پانی کا گرنا۔

اَفْرَغَ وفَرَّغَ. الْمَاءُ :پانی گرانا الِانَاءَ: برتن خالی کرنا الدِمَاءَ :خون بہانا۔ کہاجاتا ہے " فَرَّغَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الصَبْرَ" یعنی اللہ اس کو صبر دے۔ افرغ الذهبَ و نحوَه: سانچہ میں ڈھالنا۔

تَفَرَّغَ. کام سے خالی ہونا الْاَمرَ :کوشش کرنا۔

اِفْتَرَغَ. الْمَاءَ :اپنے اوپر پانی گرانا۔

اِسْتَفْرَغَ. قے کرنا مَجْهُوْدَهٗ لِكَذَا : طاقت صرف کرنا۔

الفَرْغ. برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَة ذَات فَرْغ" یہ نیزے کا زخم چوڑا ہے۔ قحط زدہ زمین۔ ج فُرُوْغ.

الفِرْغ. فراغت۔ کہاجاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ فِرْغًا او فَرْغًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔

الفَرِغ. فارغ۔

الفِرَاغ. ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ برتن۔ بڑا پیالہ۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا نیزہ۔ کشادہ رفتار کا جانور ج اَفْرِغَة. کہاجاتا ہے "رَجُلٌ فِرَاغٌ" یعنی تیز رفتار وسیع القدم مرد۔

الفَرِيْغ. چوڑا۔ ہموار زمین۔ کشادہ رفتار جانور ج فِرَاغ. رَجُلٌ فَرِيْغ :تیز زبان مرد۔ طَرِيْقٌ فَرِيْغٌ کشادہ راستہ۔ ضَرْبَةٌ فَرِيْغٌ و فَرِيْغَةٌ : تلوار کا کشادہ زخم جس سے خون بہے۔

الفَرِيْغَة. مؤنث فَرِيْغ. زیادہ پانی کا چھاگل۔

الاَفْرَغ. فارغ۔ مؤنث فَرْغَاء طَعْنَةٌ فَرْغَاء کشادہ زخم۔

الفَرْغَان. کشادہ برتن۔

دِرْهَمٌ (مُفْرَغ ومُفَرَّغ) سانچہ میں ڈھلا ہوا جس پر ٹھپہ نہ ہو۔

فرس (مُسْتَفْرِغ) بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

اِنْفِرَاغ: بجلی والا جسم۔ نہ باتہ جسم بجلی کی لہر کا ہلکی گیس میں گزرنا۔

الفَرْفَح. نرم و چکنی زمین۔

اَلْفَرْفَحِيْنُ: ایک سبزی کا نام جو کھائی جاتی ہے۔

الفَرْفَخ. لمبے پروالا۔ گیہوں کا چھلکن۔

الفُرَافِص والفُرَافِصَة. مضبوط شیر۔

فَرْفَرَ فَرْفَرَةً. تیز چلنا اور قدم قریب قریب رکھنا البَعِيْرُ :بدن کو جھاڑنا الرَجُلُ فِی كَلَامِهٖ :خلط ملط کرنا اور بڑھانا الشَئَ: جھاڑنا اور حرکت دینا۔ توڑنا الذِئْبُ الشَاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الرَجُلَ :غیبت کرنا بے عزت کرنا فُلَانًا :فریاد کرنا۔ فَرْفَرَ الفَرَسُ اللجامَ :سر سے علیحدہ کرنے کے لیے حرکت دینا۔

الفِرْفِر والفُرْفُر. چڑیا۔

الفِرْفِر والفُرْفُرْ والفُرَافِر والفُرْفُوْر شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔ بھیڑیا بکری یا جنگلی گائے کا بچہ۔ جوان لڑکا۔ الفُرَافِر :بیوقوف۔ بہت بکواس کرنے والا۔

الفَرَسُ :گھوڑا اپنے مُنہ میں لگام کو حرکت دینے والا۔

الفِرْفَار. ایک درخت ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے۔

الفِرْفَار. شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔

فَرَقَ (ن ض) فَرْقًا و فُرْقَانًا. بَيْنَهُمَا: جدا کرنا البَحْر :سمندر کو پھاڑنا (فَرْقًا) الشَعْر :بال میں مانگ نکالنا الطَائِرُ :پرندہ کا بیٹ کرنا۔

فَرَقَ (ن) فُرُوْقًا. لَهُ الطَرِيْق :راستہ کا واضح ہونا الْاَمْرُ لِفُلَانٍ : روشن ہونا۔ فَرَقَتِ النَاقَةُ: اُونٹنی کا درد زہ والی ہونا۔ لَهٗ عَنِ الشَئُ: ظاہر کرنا۔

فَرِقَ (س) فَرْقًا. مِنْهُ :گھبرانا۔ کہاجاتا ہے " فَرَقٌ خَيْرٌ مِنْ حُبٍّ" خوف محبّت سے بہتر ہے۔ یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ محبّت کرنے سے بہتر ہے۔

فَرِقَ الرَجُلُ: موج میں داخل ہونا۔

اَفْرَقَ. الطَائِرُ :پرندہ کا بیٹ کرنا۔ الطَائِر :پرندہ سے بیٹ کرانا المَرِيْضُ مِنْ مَرَضِهٖ: مریض کا صحت یاب ہونا۔ غَنَمَهٗ :بکریوں کو ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔

فَرَّقَ تَفْرِيْقًا و تَفْرِقَةً. الشَئَ :جدا جدا کرنا الرَجُلَ. خوف دلانا شَعْرَهٗ بِالْمُشْطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا۔

فَارَقَهٗ فِرَاقًا ومُفَارَقَةً. جدا ہونا۔

فَرَّقَ تَفَرُّقًا وتِفِرَّاقًا واِفْتَرِقَ وتَفَارَق. ضد ہے تَجَمَّعَ اور اِجْتَمَعَ وتَجَامَع کی کہا جاتا ہے " تَفَرَّقَتْ بِهِمُ الطُرُق" یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہولیا۔

اِنْفَرَق. عَنْهُمْ :جدا ہونا لَهُ الطَرِيْق: راستہ کا واضح ہونا۔

الفَرْق. مس۔ مانگ۔ کتان۔

الفِرْق. لڑکوں کا گروہ۔ قسم۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ بکری وغیرہ کا گلہ۔

الفَرَق. مس۔ گھبراہٹ۔ مانگ۔ صبح یا ابتداءِ صُبح ج اَفْرَاق واَفْرُق. اَلْفَرَقُ :دو دانتوں کا فاصلہ فِی الخَيْلِ :گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ غیر محبوب ہے۔

الفُرْقَان. مس۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل کے درمیان فرق ہو۔ دلیل۔ مدد صُبح (يَوْمُ الفُرْقَان) جنگ بدر کا دن۔

والفُرْق. توراۃ۔ قرآن۔ الفُرْق :ناپنے کا ایک برتن۔

الفُرقَة. لوگوں کی ایک جماعت ج فِرَق.
الفُرقَة والفِرَاق. جدائی۔
الفَرَق والفِرَق والفَارُوْق والفَرُوق والفُرُوْق. بہت گھبرانے والا۔ مؤنث فَرَّقَةٌ وفَرُوْقَةٌ. نَبتٌ فِرَقٌ : متفرق نباتات یا چھوٹے چھوٹے جوزمین کو نہ ڈھکیں۔
الفَرُوْقَة والفَرُوْقَة والفَارُوْقَة (مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔
الفَرِيْق. ریوڑ۔ فرقہ سے بڑی جماعت۔
فَرِيْقُ الخَيْل: آگے بڑھنے والا گھوڑا ج أفْرِقَاء وأفْرِقَةٌ وفُرُوْق.
الفَرِيْقَة. بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
الأفْرَق. مانگ والا جس کے داڑھی کے بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو۔ جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِيْكٌ أفْرَق :مرغ جس کی کلغی شاخ شاخ ہو۔ تَيْسٌ أفْرَق :مینڈھا کہ جس کے سینگوں میں دُوری ہو۔ مؤنث فَرْقَاء.
الفَارِق. فا۔ مؤنث۔ فَارِقَةٌ ج فَوَارِق و فارِقَاتٌ: اَبر کا ٹکڑا جو بادل سے جدا ہو۔ دردِ زہ میں مبتلا اُونٹنی ج فَوَارِق وفُرَّق وفُرُق وفُرَّاق.
الفَارِق. ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والی ہو۔
الفَارُوْق. وہ شخص جو اُمور میں فیصلہ کرے۔ لقب خلیفہء دوم (رضی اللہ عنہ) کا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ (تَفَارِيْق) مَتَاعِه :یعنی اس نے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ "وَاَخَذَ حَقَّه بِالتَّفَارِيْق" یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔
المَفرِق والمَفرَق. مِنَ الطَّرِيْق: راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔
مِنَ الشَّعْرِ: مانگ ج مَفَارِق. کہا جاتا ہے وَقَّفَهُ عَلٰى مَفَارِقِ الحَدِيْثِ یعنی اس نے بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا۔
الفَرْقَد. قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں فَرْقَدَان کہلاتے ہیں۔
مِنَ الأرْض :سخت ہموار میدان۔
الفُرْقُد: نیل گائے کا بچہ ج فَرَاقِد.
فَرْقَع فَرْقَعَةً وفِرْقَاعًا. تیز دوڑنا۔ گوز کرنا۔ صفت (فِرْقَاعٌ) الاَصَابعَ: اُنگلیاں چٹخانا فُلَانًا :گردن مروڑنا۔
تَفَرْقَع. اُنگلیوں کا چٹخنا۔
اِفْرَنْقَع. اُنگلیوں کا چٹخنا عَنْهُ دُور ہونا۔ یکسو ہونا۔
الفُرْقُعَة. دُبر۔
فَرَكَ (ن) فَرْكًا. الثَّوبَ :کپڑے کو ملنا۔ الشَّيْءَ عَنِ الثَّوْبِ :کھرچنا الجَوْزَ ونَحْوَهُ :اخروٹ وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اُتارنا۔
فَرِكَهُ (س) فَرْكًا وفِرْكًا وفُرُوْكًا و فِرِكَانًا. بغض رکھنا۔ اور کہا گیا ہے کہ زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔
فَرِكَتْ (س) فَرَكًا. الأذُنُ :کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَةٌ وفَرْكَاءُ)
فَرَّكَهُ. ملنے میں مبالغہ کرنا۔
فَارَكَهُ مُفَارَكَةً چھوڑنا۔
اَفْرَكَ. السُّنْبُلُ :ملنے کے قابل ہونا۔
تَفَرَّكَ. چال یا گفتگو میں اٹکنا۔
(واِنْفَرَكَ) ملا جانا۔ کہا جاتا ہے "اِنْفَرَكَ مَنْكِبُ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا مونڈھا اُکھڑ گیا۔
اِسْتَفْرَكَ. الحَبُّ فِي السُّنْبُلَةِ: دانہ کا خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔
الفِرْك. بغض۔ بغض زوجین۔
الفَرِيْك. چھلکا اُتارا ہوا۔ کہا جاتا ہے لَوْزٌ فَرِكٌ.
الفَارِك. فا۔ اِمْرَأةٌ فَارِكٌ: شوہر سے بغض رکھنے والی ج فَوَارِك.
الفَرُوْك. بغض رکھنے والا۔ شوہر سے بغض رکھنے والی عورت۔
الفَرِيْك. ملا ہوا دانہ۔ غلّہ جو ملا جائے اور گھی ملا کر پکایا جائے۔
المَفْرُوْك. مع مِنَ الاِبل: وہ اُونٹ جس کے مونڈھے کی ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو اور مونڈھا چھد گیا ہو مِنَ الثِّيَاب: بہت گہرا رنگا ہوا کپڑا۔
اَلفَرِيْكِيَّة وہ کھانا جو چھلکا اتارے ہوئے دانوں سے بنایا جائے (دلیا)
المُفَرَّك. مع چھوڑا ہوا۔ مبغوض۔
اَلمَفْرُوْكَةُ وہ حلوہ جو میدہ، گھی اور چینی سے بنایا جائے اور اس پر چلغوزے اور بادام بکھیر دیئے جائیں۔
اَفْرَم. الإنَاءَ. برتن کو بھرنا۔
الأفْرَم. گرے ہوئے دانت والا۔
فَرَمَ يَفْرِمُ :گوشت کاٹنا۔ فَرَّمَ الوَلَدُ: بچوں کے دانت تبدیل ہونا۔ الفرمة :گوشت یا تمباکو کا ٹکڑا۔
الفَرَمَان. پروانہ شاہی ج فَرَامِيْن.
الفُرْن. تنور۔ ج اَفْرَان.
الفَرَّان. تنور کا مالک۔ روٹی پکانے والا۔
الفَارِنَة. روٹی پکانے والی۔
الفُرْنِيّ. گول موٹی روٹی۔ واحد (فُرْنِيَّةٌ) سخت بدن کا آدمی۔
اَلفَرَنْكُ ج فَرَنْكَاتٌ -فرنک نامی معروف ملک فرانس کا سکہ-
الفِرِنْد. انار دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔ تلوار کا نقش ونگار۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ فِرِنْدٌ" بے مثل تلوار ج فَرَانِدُ. الفِرِنْد :ایک قسم کا کپڑا۔
الاِفْرِنْد. جوہر تلوار۔ نقش و نگار تلوار ج اِفْرِنْدَات.
فَرِهَ (س) فَرَهًا. خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَرِهٌ)
فَرُهَ (ک) فَرَاهَةً وفُرُوْهَةً و فَرَاهِيَةً. ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ خوش ہونا۔ سبک ہونا۔ صفت (فَارِهٌ) اَفْرَهَ. الرَّجُلُ: چست و چالاک غلام لینا۔
اِسْتَفْرَهَ الدَّوَابَّ :عمدہ جانور چھانٹنا۔
الفَارِه. چالاک خوب کھانے والا۔ کہا جاتا

ہے "رَجُلٌ فَارِهٌ وَجَارِيَةٌ فَارِهَةٌ" ج فُرَّهٌ و فُرَّهَةٌ وفُرْهَةٌ وفُرَهَةٌ و فُرَهٌ.

الفَارِهَة. مؤنث فَارِهٌ. خوبصورت جوان لڑکی ج فَوَارِهُ وفُرَّهٌ.

الاَفرَه. چالاک۔

فَرْهَدَ. پھولنا۔ فَرْهَدَتْ نفسُه :تنگ ہونا۔

تَفَرْهَدَ. الغُلَامُ :لڑکے کا موٹا ہونا۔

الفُرْهُد والفَرْهَد والفُرْهُوْد موٹا تازہ لڑکا۔

الفُرْهُوْد. بکری یا پہاڑی بکری کا بچہ ج فَرَاهِيْد.

فَرّٰى تَفْرِيَةَ الجُبَّةَ :جبہ پر پوستین لگانا۔

اِفْتَرٰى. الفَرْوَ :پوستین پہننا۔

الفَرْوَة. مع بالوں کے سر کی کھال۔ عورت کا سربند۔ تاج۔ توانگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَه عَلٰى اُمِّ فَرْوَتِهٖ" اس کی چندیا پر مارا۔ سائل کا تھیلہ۔ اونٹ کا بالوں کا کمبل۔

الفَرْو. پوستین جو بعض حیوانات کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔ ج فِرَاءٌ.

الفَرَّاء. پوستین کا بنانے والا۔

فَرَوْز فَرَوْزَةً. مرنا۔

فَرَى يَفْرِي فَرْيًا. عَلَيْهِ الكَذِبَ :کسی پر جھوٹ باندھنا۔ الاَرْضَ :زمین میں چلنا۔ المَزَادَةَ :توشہ دان بنانا۔ البَرْقُ :بجلی چمکنا۔

فَرٰى و فَرّٰى. الشَّيْءَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔

فَرِيَ يَفْرٰى فَرًى. مدہوش ہونا۔ متحیر ہونا۔

اَفْرٰى. الشَّيْءَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔ درست کرنا فُلَانًا :ملامت کرنا۔

تَفَرّٰى تَفَرِّيًا وانْفَرٰى اِنْفِرَاءً پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّتِ الاَرْضُ بِالعُيُوْنِ" زمین میں چشمے پھوٹ پڑے۔

اِفْتَرٰى اِفْتِرَاءً. عَلَيْهِ الكَذِبَ :کسی پر تہمت لگانا یا جھوٹ باندھنا۔

الفَرْيَة. فَرٰى کا اسم مرۃ۔ شور۔

الفِرْيَة. جھوٹ۔ تہمت ج فِرًى.

الفَرِيُّ. پھٹا ہوا۔ گھڑی ہوئی بات۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَفْرِيْ الفَرِيَّ" فلاں تعجب انگیز کام کرتا ہے اور اسی سے قرآن میں ہے (لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا) یعنی تم نے ایسا کام کیا جس سے حیرت و تعجب ہے۔ مؤنث فَرِيَّةٌ اور کہتے ہیں "الفَرِيَّةَ الفَرِيَّةَ" یعنی جلدی جلدی۔

الفَرِيُّ والفَرِيَّة. کشادہ ڈول۔

الفَرَا. تعجب۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا (اَفْرَى) اِلْفِرِى" یعنی جھوٹوں کا جھوٹ۔

فَزَّ (ن) فَزًّا. اکیلا ہونا عَنْهُ :جدا ہونا الظَّبْيُ :ہرن کا گھبرانا ہ :دھوکا دینا اور غالب آنا۔ ہوش اڑا دینا ہ عَنْ مَكَانِهٖ گھبرا دینا اور جگہ سے ہٹا دینا۔

فَزَّ (ض) فَزِيْزًا. الجُرْحُ :زخم سے خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

فَزَازَةً وفُزُوْزَةً. مضطرب ہونا اور بھڑک اٹھنا۔

اَفَزَّهٗ. گھبرا دینا۔

اِفْتَزَّ عَلَيْهِ :غالب ہونا۔

تَفَازَّ. الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِسْتَفَزَّهٗ. ہلکا جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ مضطرب کر دینا۔ گھر سے نکال دینا۔ قتل کرنا مِنَ الشَّيْءِ: نکالنا۔

الفَزُّ. س۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ نیل گائے کا بچہ ج اَفْزَازٌ.

الفَزَّة. خوف و دہشت کی چھلانگ۔ کہا جاتا ہے قَعَدَ (مُسْتَفِزًّا) یعنی غیر مطمئن بیٹھنا۔

فَزَرَ (ن) فَزْرًا. پھاڑنا۔ فتح کرنا۔ توڑنا ہ بِالعَصَا: لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: ایک چیز کو ایک چیز سے جدا کرنا۔

فَزَرَ (ن) فُزُوْرًا. پھٹنا۔

فَزِرَ (س) فَزَرًا. پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا۔ صفت (اَفْزَرُ)

فَزَّرَ واَفْزَرَ. الشَّيْءَ :ریزہ ریزہ کرنا۔

تَفَزَّرَ وانْفَزَرَ. پھٹنا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الفِزْرُ. بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ۔ اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان بکری کا بچہ۔ شیر ببر کا بچہ۔ جز۔ غدود جو ران کے اوپر کے حصے میں نکلے۔

الفَزْرُ. پھٹن۔ شگاف۔ گویا کہ یہ فَزْرَةٌ کی جمع ہے۔

الفُزُوْر. پھٹن۔ شگاف۔

الفُزْرَة. پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ۔ کشادہ راستہ۔ ج فُزَر

الفَازِر. فا۔ کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔ کشادہ طویل راستہ۔

الفَازِرَة. مؤنث فَازِر. ریگستان کا راستہ۔

الفَزْرَاء. مؤنث اَفْزَر. پر گوشت عورت۔ قریب البلوغ لڑکی۔

الفَزَارَة. چیتا کی مادہ۔

المَفْزُوْر. س۔ کبڑا۔ پیٹھ یا سینے میں گانٹھ والا۔

فَزَعَ (ف) فَزْعًا وفِزْعًا. مِنْهُ :خوف کرنا۔

فَزِعَ (س) فَزَعًا. دہشت زدہ ہونا۔ خائف ہونا اِلَيْهِ :فریاد چاہنا۔ پناہ لینا الرَّجُلَ :فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

مِنْ نومه : بیدار ہونا (فَزَعًا) لِمَجِيْءِ فُلَانٍ: کسی کے آنے کی وجہ سے تیاری کرنا۔

اَفْزَعَهٗ. خوف دلانا۔ گھبراہٹ دور کرنا۔

اَفْزَعَ القَوْمَ :فریاد رسی کرنا ہ مِنَ النَّوْمِ بیدار کرنا افزع عنه: گھبراہٹ زائل کرنا۔

فَزَّعَه۔ خوف دلانا۔

فَزَّعَ عَنْهُ. گھبراہٹ دور کرنا۔

الفَزَع. س۔ گھبراہٹ۔ فریاد رسی۔

الفُزْعَة. وہ شخص جس سے لوگ گھبرائیں۔

الفُزَعَة. لوگوں سے بہت گھبرانے والا۔

الفَازِع. خائف۔ فریادی۔ ج فَزَعَةٌ.

الفَزِع والمُفَازِع. خائف۔ فریادی۔

الفَزَّاعَة. بہت گھبرانے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کو بہت گھبرا دے۔ اُچکا (کھیت کا)

المَفْزَع والمَفْزَعَة. جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَفْزَعٌ او مَفْزَعَةٌ لِلنَّاسِ"

فلاں لوگوں کیلئے جائے پناہ ہے یعنی جب ان کو اہم معاملہ پیش آتا ہے تو اس کی پناہ لیتے ہیں۔ دونوں صیغے واحد جمع مذکر و مؤنث کے لیے مستعمل ہیں۔

المُفزَّع .بزدل۔ بہادر۔

فَسأہ(ف) فَسأً .لاٹھی سے مارنا ہ عَن کَذا. روکنا (و فَسَّا تفسِيئًا وتفسِئةً)الثوب .کپڑا اپھاڑنا۔

فَسِئَ(س) فسأً .اُبھرے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ اُبھرے ہوئے پیڑو والا ہونا۔ صفت (اَفسأ)مؤنث فَسْآء.

تَفسَّأةً. لاٹھی سے مارنا۔ تَفسَّأ الثَّوبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ بوسیدہ ہونا المَرضُ فِیھِم: بیماری پھیل جانا۔

تَفاسأ تفاسُوًا. الرَّجُلُ: پیٹھ اور چوتڑ کو ظاہر کرنا۔

الفُستُق والفُستَق .پستہ۔

الفُستُقِی .پستئی رنگ کا۔

الفُستَان. عورتوں کا ایک لباس بمنزلہ قباء کے ج فَساتِین.

فَسَّحَ .پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔

اَفْسَحَ. عَنہُ: چھوڑنا۔

فَسَحَ(ف) فَسْحًا .کشادہ قدم رکھنا۔

لَہُ فِی السفر .پروانہ راہداری دینا۔

(فَسْحًا و فُسُوْحًا)لہ فِی المَجلِس . کشادگی کرنا۔

فَسُحَ (ک) فَسَاحَةً :المَکانُ وسیع ہونا۔ صفت (فَسِیْحٌ وفُساح وفُسُحٌ وفُسْحُم) مبالغہ کے لیے میم کی زیادتی کے ساتھ۔

اَفْسَحَ المکانُ وسیع ہونا۔

تَفَسَّحَ .کشادہ ہونا لَہٗ .کشادگی کرنا۔

تَفَسَّحُوْا فِی المَجَالِس و(تفاسَحُوْا) کشادگی کرو۔

فَسَّحَ. المکانَ :کشادہ کرنا لَہٗ فِی المَجْلِس .کشادگی کرنا۔

اِنْفَسَحَ. المکانُ .کشادہ کرنا صَدْرُہ: کشادہ دل ہونا۔

الفَسْحُ .مص. پروانہ راہداری۔

الفُسْحَة. گنجائش۔ مکانوں کے درمیان کشادگی ج فُسَح.

الفَیْسَحِی .قدم کی چوڑائی۔ کہا جاتا ہے " ھُوَ یَمْشِی الفَیْسَحِی "وہ کشادہ کشادہ قدم رکھ کر چلتا ہے۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا .جاہل ہونا۔ ضعیف العقل ہونا رَایَ فُلان فاسد کردینا۔ بگاڑدینا الاَمرُ او العَقدَ: توڑدینا الشَّیَٔ جدا جدا کرنا العُوْدَ و المَفْصلَ لکڑی یا جوڑ کو جگہ سے ہٹا دینا الثوبَ عَنہُ :کپڑے کو اُتار دینا۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا و فَسِخَ(س) فَسْخًا الرَّایُ :خراب ہونا۔

فَسَّخَہ .فسخ میں مبالغہ کرنا۔

فَاسَخَہ. العقدَاوِ البَیْعَ و(تَفاسَخَا)العَقْدَ او البَیْعَ .عقد یا بیع کے توڑنے پر متفق ہونا۔ کہا جاتا ہے " تَفَاسَخَتِ الاَ قَاوِیْلُ ".یعنی اقوال متناقض ہوگئے۔

اَفْسَخَ. الکِتابَ :بھولنا۔

تَفَسَّخَ .ٹکڑے ٹکڑے ہونا الشَّعْرُ عَنِ الجِلْدِ :بال کا کھال سے جھڑ جانا (اور یہ میت کے لیے خاص ہے)

اِنْفَسَخَ العَزمُ او العَقدُ .ٹوٹنا۔

الفَسْخَة. فسخ کا اسم مرۃ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فَسْخَةٌ".یعنی کمزور بدن یا ضعیف العقل مرد۔

الفَسْخ والفَسِیْخ .وہ شخص جو اپنی حاجات میں کامیاب نہ ہو اور اپنے امور کا انتظام نہ کر سکے۔ کمزور بدن یا عقل والا۔ کمزور جس کا ارادہ سختی یا مصیبت کے وقت ٹوٹ جائے۔

اَلْفَسْخُ: میت کے بعد روح جانوروں یا جمادات میں منتقل ہو جاتی ہے جس کو نظریہ آواگون بھی بولتے ہیں۔ (ہندو عقیدہ کے مطابق)

اَلْفَسِیْخُ .نمک لگائی مچھلی۔

فَسَدَ(ن ض) وفَسُدَ (ک) فَسَادًا وفُسُوْدًا. خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔ صفت (فَسِیْدٌ)ج فَسْدیٰ و(فاسِدٌ)

اَفْسَدَہٗ وفَسَّدَہٗ .خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

فَاسَدَ. القَوْمُ .قوم کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔ تَفاسَدَ القَوْمُ :قطع رحمی کرنا۔ آپس میں مخالف ہونا۔

اِسْتَفْسَدَ .تباہی چاہنا القَومَ بدسلوکی کرنا۔

الفَسَاد .مص. کھیل کود۔ ظلماً مال لینا۔

المَفْسَدَة. مصدر فساد یا سبب فساد ج مَفَاسِد.

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا. الاَمرُ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا المُغَطّٰی :ڈھکے ہوئے کو کھول دینا۔

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا و تَفسِرَةً. الطَّبِیْبُ طبیب کا قارورہ دیکھنا۔

فَسَّرَہٗ .واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

تَفَسَّرَ واِسْتَفْسَرَ. فُلَانًا عَنِ الاَمرُ و اِسْتَفْسَرَہُ الاَمرُ :واضح کرانا۔ واضح کرنے کو کہنا۔

التَّفْسِیْر .مص. تاویل۔ کشف۔ وضاحت۔ بیان شرح۔ ج تَفَاسِیْر. و حرفا التفسیر. اَنے اور اَن ہیں اے سے مبہم کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "ھٰذَا عَسْجَدٌ اَیْ ذَھَبٌ"اور اَن سے معنی قول کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "نَادَیْتُكَ اَنْ اَفْعَلْ کَذَا"

التَّفْسِرَة .مص. مریض کا پیشاب۔ ہر چیز جس سے دوسرے پر استدلال کریں۔

الفُسَّاط والفُسْطَاط والفِسْطَاط. خیمہ۔ اُون کا خیمہ ج فَسَاطِیْط والفُسْطَاط بالضَّمِّ: مصر قدیم کا علم ہے۔ ایک لغت اس میں فُسْتَات و فِسْتَات بھی ہے۔

الفَسِیْط .ناخن کا تراشہ واحد (فَسِیْطَة)

الفُسْطَان دیکھئے فُسْتَان.

الفَسْفَس والفَسْفَاس. بیوقوف۔ ایک بدبودار نباتات ج فَسَافِس و فَسَافِیْس.

الفُسَافِس .مچھر۔

الفُسَیْفِسَاء .بچی کاری۔ رنگ برنگ کے

چھوٹے چھوٹے پتھر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر مختلف اشکال وصورتیں بنانا۔

اَلْفِسْفِسَةُ : ایک قسم کا گھاس جس کو جانور کھاتے ہیں۔اس میں دوسری لغت اَلْفِصْفِصَةُ ہے۔اَلْفُسْفُوْسَةُ : پھنسی

فَسَقَ (ن ض)و فَسُقَ (ک) فِسْقًا و فُسُوْقًا. حق وصلاح کے راستہ سے ہٹ جانا۔ بدکار ہونا۔ صفت (فَاسِق) ج فَسَقَةٌ و فُسَّاقٌ و فَاسِقُوْن مؤنث فَاسِقَةٌ ج فَاسِقَاتٌ و فَوَاسِق (وانْفَسَق)الرُّطَبُ عَنْ قِشْرِهِ : چھلکے سے علیحدہ ہونا۔

فَسَّقَهٗ. فِسق کی طرف نسبت کرنا۔

الفِسْقِيَّة. حوض۔ وضو کرنے کی جگہ ج فَسَاقِيٌّ (دخیل)

الفُسَق والفَسَّاق والفِسِّيْق: بڑا بدکار۔ اور کہا جاتا ہے"یا فُسَقُ "یعنی اَیُّھَا الفاسِق اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے جیسے یا خُبَثُ.

الفَاسِقِيَّة. پگڑی باندھنے کا ایک مخصوص طریقہ۔ کہا جاتا ہے " تعَمَّمَ فُلَانٌ الفَاسِقِيَّةَ"

فَسَاقِ. بروزنِ قطام عورت کیلئے گالی ہے اور ندا ہی کی صورت میں مستعمل ہے۔کہاجاتا ہے "یَا فَسَاقِ" بمعنی 'یَا فَاسِقَةُ"

الفُوَيْسِقَة. فاسقة کی تصغیر۔چوہیا۔

اَلْفَاسِقِيَّةُ: اندھی گمراہی۔ضَرْبُ الْمَثَل۔ تَعَمَّمَ فُلَانٌ بِالْفَاسِقِيَّةِ: فلان اندھی گمراہی میں داخل ہوا۔

رَجُلٌ فُسْكُلٌ : مرد کمینہ۔کاہل۔

فَسِلَ (س)و فَسُلَ (ک) فَسَالَةً و فُسُوْلَةً و فَسِل. فرومایہ ہونا، کمینہ ہونا، بے مروت ہونا۔

فَسَلَ (ن)فَسْلًا. الصَّبِيَّ: بچے کا دودھ چھڑانا۔

اَفْسَلَ. الفَسِيْلَةَ: کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔ قلم لگانا۔(اَفْسَلَ وفَسَّلَ)دَرَاهِمَهٗ ومَتَاعَهٗ. کھوٹا کردینا۔

اِفْتَسَلَ. الفَسِيْلَةَ. کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

الفُسَالَة. مِنَ الحَدِيْدِ ونَحْوِهٖ : لوہے کے ذرات جو کوٹتے وقت گریں۔

الفَسْل. س۔انگور کا قلم۔کمینہ۔بے مروت، ہر ردی چیز ج اَفْسُل وفُسُوْل وفِسَال وفُسْل وفُسُوْلَةٌ وفُسَلَاء واَفْسَال کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ فَسْلٌ ودَرَاهِم فُسُوْلٌ."

الفِسْل. بیوقوف۔

الفَسِيْلَة. کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔درخت کا قلم۔ ج فَسِيْل و فَسَائِل جج فُسْلَان.

الفُسُوْلَة. س۔فتور۔

المَفْسُوْل. رذیل۔بے مروت۔

فَسَأَ يَفْسُوْ فَسْوًا وفُسَاءً. بلا آواز کے گوز کرنا۔

تَفَاسَى. گوز کرنے کے لیے چوتڑ اٹھانا۔

الفُسَاء. س۔بلا آواز کے گوز۔ پھسکی۔

الفَسْوَة. ایک مرتبہ کی پھسکی ج فَسَوَات.

فَسَوَاتُ الضِّبَاعِ: سانپ کی چھتری۔

الفَاسِيَة والفَاسِيَاء. گبریلا۔ج فَوَاسٍ.

الفَسُوّ والفَسَّاء. بہت گوز کرنے والا۔

المَفْسَى. دُبر۔

اَلْفِيسُولُوجيَا اَوِ الْفِيزُلُوجيا۔ اعضاء کے کاموں کا علم۔

فَشَّ (ن)فَشًّا. ڈکار لینا۔ آہستہ آہستہ پھونکنا الوَطْبَ: سر بند کھول کر ہوا نکال دینا۔ مکھن نکالنا النَّاقَةَ : اونٹنی کو جلدی سے دوھنا البَابَ : دروازہ کو حیلہ سے بغیر کنجی کے کھولنا بَيْنَ القَوْمِ: چغل خوری کرنا۔

فُشَّ. السِّقَاءُ: ہوا نکال دیا جانا۔

اِنْفَشَّ. الجُرْحُ :زخم کی سوجن ڈھل جانا اللَّبَنُ : دودھ جاری ہونا الرَّجُلُ عَنِ الْأَمْرِ: کاہل ہونا۔اِنْفَشَّتِ الرِّيْحُ: دبانے سے ہوا کا مشک وغیرہ سے نکلنا عِلَّةُ فُلَانٍ : بیماری کا زائل ہونا۔

الفَشّ. س۔(والفُشُوْش) بیوقوف۔کمزور رائے والا۔ باطل پر فخر کرنے والا۔ موٹا کمبل۔ درخت خرّوب۔ پانی رسنے کی جگہیں۔

الفشوش. پانی ٹپکنے والی مشک۔

الفَشَّاش. صیغہ مبالغہ۔

الفَشِيْش. آواز اور اسی سے ہے" فَشِيْشُ الافْعٰی " سانپ کے کھال کی آواز چلنے میں۔

الفَاشُوْش. ضعیف رائے اور کمزور ارادہ والا۔

رَجُلٌ (مُنفَش)المَنْخَرَيْن: چھوٹے بانسہ کے ساتھ پھولے ہوئے نتھنوں والا۔

فَشَأَ (ف)فَشْأً. ناز کرنا۔

اَفْشَأَ. بزرگی جتانا۔گردن کشی کرنا۔

تَفَشَّأَ. المَرَضُ بِالقَوْمِ: قوم میں بیماری پھیل جانا۔

فَشَجَ (ض)فَشْجًا وفَشَّجَ وتَفَشَّجَ وانْفَشَجَ. الرَّجُلُ اوِ البَعِيْرُ: مرد یا اونٹ کا پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔

فشخه (ف)فَشْخًا. ظلم کرنا۔بچوں کے کھیل میں طمانچہ مارنا۔ فَشَخَ فِي اللَّعِبِ: کھیل کود میں جھوٹ بولنا اور ظلم کرنا۔

فَشَّخَ. الرَّجُلُ: جوڑوں کو ڈھیلا کرنا۔

اِنْفَشَطَ. العُوْدُ: تر لکڑی کا ٹوٹ جانا۔

فَشَعَتْ (ف)فَشْعًا. الذُّرَةَ: چینا کے اطراف کا سوکھنا۔

اَلْفُشَّاغُ وَالْفَشَّاغُ: امریکی علاقہ کا پودا جس کی ادویات بھی بنتی ہیں۔

فَشَغَهٗ (ف)فَشْغًا. بلند ہو کر ڈھانپ لینا۔ هٗ بالسَّوْطِ : کوڑے سے مارنا۔ صفت (فَاشِغٌ) مؤنث فَاشِغَةٌ الشَّيْءُ : وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

اَفْشَغَهٗ. بالسَّوْطِ : کوڑے سے مارنا۔

فَشَّغَ. بمعنی فَشَغَ ه النَّوْمُ : نیند غالب آنا۔

تَفَشَّغَ. الشَّيْبُ فِيْهِ وتَفَشَّغَهٗ : بڑھاپا ظاہر ہونا البیوت : گھروں میں داخل ہونا۔ الرَّجُلُ : موٹے کھردرے کپڑے پہننا۔

تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کی سفیدی کا پھیل کر

آنکھ کو گھیر لینا۔
اِنْفَشَغَ. الشَّیْءُ: کشادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الفَشْغَة. اسم مرۃ۔ عشق پیچاں۔ نرکل کا گودا۔ نَاصِيَةٌ (فَاشِغَةٌ وفَشْغَاءُ) پیشانی کے پھیلے ہوئے بال جو آنکھ کو ڈھانپ لیں۔
الفَشَاغ والفُشَّاغ. آکاس بیل۔
الفِشَاغ. کاہلی۔
الاَفْشَغ. مینڈھا جس کی سینگیں دائیں بائیں نکل گئی ہوں۔ رَجُلٌ اَفْشَغُ الاَسْنَانِ: مرد جس کے دانت پراگندہ ہوں۔ مؤنث فَشْغَاء ج فُشْغ۔
المِفْشَغ. جو اپنے ساتھی کا بُرائی سے مقابلہ کرے۔
المُفْشِغ. بے خیر۔ بے فیض۔
فَشْفَش. کمزور رائے والا ہونا۔ خوب جھوٹ بولنا۔ غیر کی چیز کو اپنی طرف نسبت کرنا۔ صفت (فَشْفَاش) بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔
الفَشْفَاش. مِنَ النَوْقِ: اُونٹنی کہ جس کا دودھ دوہنے کے وقت پراگندہ نکلے۔
الفَشْفَاشَة. نرم چیز۔ کہا جاتا ہے "تَخْرجُ الزُبْدَةُ فَشْفَاشَةً" مکھن نرم نکلتا ہے۔
فَشِقَ (س) فَشَقًا. آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دوڑنا۔ آدھی رہے نہ ساری پاناہ۔ اچانک آنا الظَّبْیُ: ہرن کا دُور دُور سینگوں والا ہونا۔ صفت (اَفْشَق) مؤنث فَشْقَاء.
فَشَقَ (ض) فَشْقًا. الشَّیْءُ: توڑنا۔
فَاشَقَهُ. اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ. بِثَوْبٍ: کپڑے کو بدھی جیسا بنانا۔
الفَشَق. س۔ دوڑ۔ بھاگ۔ چستی۔
الفَشَك. کارتوس۔ واحد (فَشَكَةٌ) دخیل۔
فَشِلَ (س) فَشَلًا. کمزور و بزدلی ہونا۔ صفت (فَشَلٌ وفَشِلٌ وفَشِيْلٌ) ج فُشْلٌ وافْشَال.
فَشَلَ (ن ض) فَشْلًا. لِحْيَتَه: داڑھی پھٹکارنا۔
فَشَّلَتْ وتَفَشَّلَتْ وافْتَشَلَتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پالکی کا پردہ بنانا۔ تَفَشَّلَ المَاءُ: پانی بہنا الرَّجُلُ مِنْهُمْ اِمْرَأَةً: نکاح کرنا۔
الفِشْل. پالکی کا پردہ۔ ہودج کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج فُشُوْل.
المِفْشَل. ہودہ کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز ج مفاشل. المِفْشَل: وہ شخص جو غیر قوم میں شادی کرے تا کہ اولاد لاغر نہ ہو۔
التَفْشِيْل. س۔ تھن میں بقیہ دودھ۔ ج تفاشِيْل.
الاَفْشِيْن ج اَفَاشِيْن: رومی لوگوں کی نماز کا ایک حصہ۔
فَشَا يَفْشُو فَشْوًا وفُشُوًّا وفُشِيًّا خَبْرُهُ او فَضْلُهُ او سِرُّهُ: خبر یا فضیلت یا بھید ظاہر ہونا۔ پھیل جانا۔ فَشَتِ المَاشِيَةُ چراگاہ میں جانا اُمُوْرُهُم: اُمور کا متفرق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَشَتْ عَلَيْهِ ضَيْعَتُهُ" اس کی جائیداد کا انتظام بکھر گیا۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کس کو سنبھالے۔
اَفْشَى اِفْشَاءً. الشَّیْءَ: پھیلانا۔ سِرَّهُ لِفُلَانٍ. ظاہر کرنا الرَّجُلُ: بہت جانوروں والا ہونا۔
تَفَشَّى تَفَشِّيًا. المَرَضُ القَوْمَ و بِهِمْ: بیماری پھیلنا۔ تَفَشَّتِ القَرْحَةُ: زخم کا چوڑا ہونا۔
الفَشَاء. مویشیوں کی پیداوار اور زیادتی۔
الفَشْيَان. غشی۔
الفَشْوَة. عورت کی خوشبو کی ڈبیا۔
الفَاشِي. فا۔ مؤنث فَاشِيَةٌ ج فَوَاشٍ.
الفَوَاشِي. پھیلے ہوئے مویشی۔
التَفَشِّي. س۔ عِنْدَ اَهْلِ العَرَبِيَّةِ: حرف کا پڑھنا۔
فَصَّ (ض) فَصًّا وافْتَصَّ. كَذَا مِنْ كَذَا: جدا کرنا۔
فَصَّ (ض) فَصِيْصًا. الجُرْحُ: زخم کا بہنا العَرَقُ: پسینہ ٹپکنا الوَلَدُ: بچے کا آہستہ آہستہ رونا الجُنْدُبُ: ٹڈی کا آواز نکالنا۔
فَصَّصَ. الخَاتَمَ: انگوٹھی پر نگینہ لگانا۔ بِعَيْنِهِ: گھورنا۔
اَفَصَّ. اِلَيْهِ شَيْئًا. مِنْ حَقِّهِ: حق کا کچھ حصہ دینا۔
اِنْفَصَّ. مِنْهُ: جدا ہونا۔
الفَصّ. تثلیث الفاء: نگینہ (فتحہ فاعلیٰ ہے)
الفَصّ آنکھ کی سیاہی۔ لہسن کا جوا۔ اصل امر و حقیقت۔ امر۔ دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ فَصُّ المَاءِ: بلبلہ ج فُصُوْص و فِصَاص واَفُصّ.
الفَصَّاص. نگینہ لگانے والا۔
الفَصِيْص. صاف گٹھلی گویا روغن ملی ہوئی۔
فَصَحَ (ف) فَصْحًا. الصُّبْحُ فُلَانًا: صبح ظاہر ہونا۔
فَصُحَ (ک) فَصَاحَةً. فصیح ہونا۔ خوش بیان ہونا۔ صفت (فَصِيْحٌ) الاَعْجَمِيُّ: عربی زبان میں گفتگو کرنا اللَّبَنُ: دودھ سے جھاگ اُتار لینا۔ صفت (فَصْحٌ وفَصِيْحٌ)
فَصَّحَ. اللَّبَنُ: بے جھاگ ہونا۔
اَفْصَحَ. فصاحت سے بولنا۔ فص[illegible] تح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا عن كَذَا: خلاصہ کرنا۔ عَنِ الشَّیْءِ: ظاہر کرنا بیان کرنا مِنْ كَذَا: نکل جانا رہائی پانا الاَمْرُ: واضح ہونا۔ اللَّبَنُ: دودھ کا بے جھاگ ہونا الصُّبْحُ: صبح کی روشنی پھیلنا الفَرَسُ: گھوڑے کا صاف ہنہنانا البَوْلُ: پیشاب صاف رنگ کا ہونا۔ اَفْصَحَ النَصَارَى او اليَهُوْدُ: ایسٹر کی عید ماننا۔ ایسٹر کی عید کا زمانہ آنا۔
تَفَصَّحَ. زُبان آور ہونا۔ اچھا خوش بیان ہونا۔ و تَفَاصَحَ. بتکلف فصیح ہونا۔
الفَصَاحَة. س۔ بیان۔ کلام کا تعقید سے خالی ہونا اور یہ متکلم کلام کلمہ تینوں کی صفت واقع ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَصِيْحٌ. كَلَامٌ فَصِيْحٌ كَلِمَةٌ فَصِيْحَةٌ.
الفَصِيْح. صاحب فصاحت۔ ج فُصُحٌ و فُصَحَاء وفِصَاح. مؤنث فَصِيْحَة ج فِصَاح و فَصَائِح وفَصِيْحَات.

الفِصْح. عِنْدَ النَّصَارٰی. ایسٹر۔ فِصْحُ الیَهُوْدِ یہودیوں کے مصر سے نکلنے کی یادگار میں عید۔ کہاجاتا ہے "یَوْمٌ فِصْحٌ" بے بادل کا دن۔

المُفْصِح واضح۔ یَوْمٌ مُفْصِحٌ بے بادل کا دن۔

فَصَخَ (ف) فَصْخًا. عَنِ الْاَمْرِ: جان بوجھ کر غفلت کرنا العُوْدَ او المَفْصِلَ: لکڑی یا جوڑ کو اکھیڑنا۔

فُصِخَ. فُلَانٌ: خرید و فروخت میں نقصان اٹھانا۔

الفَصِیْخ والفَصِیْخَة والفَاصِخَة: کمزور عقل۔ تا مبالغہ کے لیے ہے۔

فَصَدَ (ض) فَصْدًا وفِصَادًا. المَرِیْضَ: رگ کھولنا لَهُ عَطَاءً: جاگیر دینا۔

(وافْتَصَدَ) رگ کھولنا۔

فَصَّدَ. الشَّیْئَ: تھوڑے سے پانی میں بھگونا۔

اَفْصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔

تَفَصَّدَ. الدَّمُ: خون بہنا۔ کہاجاتا ہے "جَاءَ یَتَفَصَّدُ عَرَقًا" آیا اس حال میں کہ پسینہ بہ رہا تھا۔

اِنْفَصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔ اِنْفَصَدَ الدَّمُ: خون بہنا۔

الفُصْدَة والفَصِیْدَة: کھجور خون کے ساتھ مخلوط کیا ہوا۔

الفَصِیْد: نشتر لگایا ہوا۔ آنت اور خون ملا کر بھونا ہوا۔

المِفْصَد: نشتر۔

فَصَعَ (ف) فَصْعًا. التَّمْرَةَ: دو انگلیوں سے دبا کر چھلکا علیحدہ کرنا عِمَامَتَهُ عَنْ رَأْسِهِ: سر سے عمامہ اتارنا الشَّیْئَ: نرم کرنے کے لیے انگلیوں سے ملنا (و فَصَّعَ) لَهُ بِکَذَا: دینا۔ فَصَّعَ الشَّیْئُ مِنْ کَذَا: نکالنا۔

وَفَصَّعَ الرُّطَبَةَ: دو انگلیوں سے مل کر چھلکا علیحدہ کرنا۔

اِنْفَصَعَ. الشَّیْئُ مِنْ کَذَا: نکلنا۔

اِفْتَصَعَ. حَقَّهُ مِنْهُ: اپنا کل حق زبردستی لینا۔

الفَصْعَان: ہمیشہ سر کھلا رکھنے والا۔

الفَصْعَاء: چوہیا۔

اَلْفُصْفُوْر: فاسفورس: اس کی دو اقسام ایک سفید اور دوسری سرخ۔ یہ زندگی کے لئے ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ہڈیاں جوڑی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ کھاد بنائی جاتی ہے۔

فَصْفَصَ فَصْفَصَةً. الکَلَامَ: جلدی بولنا الدَّابَّةَ: فصفصہ کھلانا۔

تَفَصْفَصَ. القَوْمُ عَنْ فُلَانٍ: متفرق ہونا۔

الفِصْفِصَةُ: ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور کھاتے ہیں اور جب تک تر ہو اس وقت تک یہ نام ہے ج فَصَافِص عوام "فِصَّة" کہتے ہیں۔

الفُصَافِص: قوی اور مضبوط ارادہ والا۔

الفُصْعُل: بچھو یا بچھو کا بچہ۔ نالائق۔

فَصَلَ (ض) فَصْلًا. الشَّیْئَ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا اور اسی سے ہے "فَصْلُ الخُصُوْمَاتِ" یعنی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا بَیْنَهُمَا: فاصلہ ہونا الوَلَدَ عَنِ الرَّضَاعِ: بچے کا دودھ چھڑانا۔

فَصَلَ (ن) فُصُوْلًا. الکَرْمُ: انگور کی بیل میں دانہ بیٹھنا الرَّجُلُ عَنِ البَلَدِ: شہر سے نکل جانا۔

فَصَّلَ. الکَلَامَ: تفصیل کرنا الشَّیْئَ: فصل فصل کرنا۔ متمیز۔ ٹکڑے کرنا۔

الثَّوْبَ: سینے کے لیے قطع کرنا۔

القَصَّابُ الشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

العِقْدَ: ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ ڈالنا۔

فَاصَلَ. شَرِیْکَهُ: جدا کرنا۔

اَفْصَلَ. المَوْلُوْدُ: دودھ چھڑانے کے قابل ہونا۔

اِنْفَصَلَ: جدا ہونا عَنْهُ: جدا کرنا۔

تَفَصَّلَ: عضو عضو کاٹنا۔

تَفَاصَلَتِ. الْاَشْیَاءُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

اِفْتَصَلَ. الوَلَدَ عَنِ الرَّضَاعِ: بچے سے دودھ چھڑانا النَّخْلَةَ عَنْ مَوْضِعِهَا: کھجور کے پودہ کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

اِسْتَفْصَلَ: تفصیل طلب کرنا۔

الفَصْلُ مص۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ زمین کے درمیان حد مِنَ الجَسَدِ: ہر دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ جوڑ کی جگہ۔ فرع۔ کہا جاتا ہے "لِلنَّسَبِ اُصُوْلٌ و فُصُوْلٌ" یعنی فروع مِنَ الکِتَابِ: کتاب کا ایک مستقل ٹکڑا۔ سال کے چار حصوں میں سے ایک حصہ۔ اور وہ چار حصے یہ ہیں۔ بہار۔ گرمی۔ خریف۔ سردی۔ ج فُصُوْلٌ. الفَصْلُ: حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ قَوْلٌ فَصْلٌ: قول حق یَوْمُ الفَصْلِ: قیامت کا دن اور فَصْلُ الخِطَابِ سے مراد وہ خطاب ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔ اور فصل الخطاب خطیب کا قول امابعد بھی ہے۔

الفَصْلَة: فصل کا اسم مرۃ۔ کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔

الفَصِیْل: شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار؛ اونٹنی یا گائے کا بچہ؛ جو ماں سے علیحدہ کیا گیا ہو ج فِصَالٌ وفُصْلَانٌ و فِصْلَانٌ۔

الفَصِیْلَة: فصیل کا مؤنث۔ ران یا اعضاء جسم کے گوشت کا ٹکڑا۔ کنبہ۔ ج فصائل۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِفَصِیْلَتِهِمْ" یعنی تمام آئے۔

الانفصالی: وہ شخص جو کہ اپنے دین اور ملک سے الگ ہونے کی طرف میلان رکھتا ہے۔ وہ شخص جس ہدف جماعت سے اختلاف اور اس سے خارج ہو جاتا ہے۔

الانفصالیۃ: دین و ملک سے الگ ہونا۔ الگ ہونے کی طرف میلان رکھنا۔

الفَصَّال: انعام حاصل کرنے کے لیے مدح کرنے والا۔ سَیْفٌ فَصَّالٌ: تلوار قاطع۔

الفِصَال: دودھ چھڑانا۔

الفَاصِل: فا حُکْمٌ فَاصِلٌ: حکم نافذ۔

الفَاصِلَة: مؤنث فاصل۔ ہار کے دو مہروں

کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ۔
الفَاصِلَۃُ الصُّغْرٰی فِی عِلْمِ العَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں تین حروف متحرک اور چوتھا ساکن جیسے ضَرَبَتْ اور فَاصِلَہ کُبْرٰی: چار حروف متحرک اور پانچواں ساکن جیسے ضَرَبَکُمْ۔ اور فاصلہ سجع میں ایسا ہی ہے جیسے قافیہ شعر میں ج فَوَاصِل۔
الفَیْصَل: حاکم۔ قاضی حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ جو چیز اُمور میں فیصلہ کرے۔ تلوار۔ قاطع ج فَیَاصِل۔ حکم فیصلٌ: حکم نافذ۔ حکومۃ فیصلٌ: حکومت نافذہ۔ ضَرْبَۃٌ فَیْصَلٌ: وہ مار جو دو ہمسر اور مقابل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔
الفَیْصَلِی: حاکم۔ جج۔
المَفْصِل: جوڑ۔ ج مَفَاصِل۔ المفاصِل: جمع شدہ پتھر۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین جس میں سنگریزے اور ریت وغیرہ جمع ہوگئے ہوں جس کا پانی صاف اور ٹھنڈا ہوتا ہے۔ داءُ المَفَاصِل۔ وجع مفاصل۔ ایک بیماری جس میں جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔
المِفْصَل: زبان۔
المِفْصَال: جس کی عادت ہی فیصلہ کی ہو۔
المَفْصَلَۃ: فِی اِصْطِلَاحِ النجارین۔ دروازے وغیرہ کا قبضہ۔
اَلْفَاصُوْلِیَۃُ اَوِالْفَصُوْلِیَا: لوبیا' زرعی سبزی امریکہ میں زیادہ تر ہوتی ہے۔ سولہویں صدی میں اس کی ابتدائی زراعت ہوئی۔
فَصَمَ (ض) فَصْمًا۔ الدُّمْلُجَ ونحوَہٗ: بازو بند وغیرہ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا الشَّیْ: کاٹنا۔
فُصِمَ۔ البَیْتُ: مکان کا گرنا۔
اَفْصَمَ۔ عَنْہُ المطرُ او الحُمّٰی: بارش یا بخار کا منقطع ہونا۔
تَفَصَّمَ وانْفَصَمَ: منقطع ہونا۔ بغیر جدائی کے ٹوٹنا۔ پھٹنا۔
الفَصِیْمُ والاَفْصَمُ: ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔
فَصٰی یَفْصِی فَصْیًا۔ الشَّیْئَ مِنَ الشَّیْئِ وعنہ: جدا کرنا۔ زائل کرنا۔
فَصّٰی تفصیۃً۔ اللحمَ مِنَ العَظْمِ او عَنِ العَظْمِ: گوشت کو ہڈی سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ چھڑانا۔
فَاصَاہٗ مُفَاصَاۃً: جدا ہونا۔
اِفْصٰی اِفْصَاءً: خیر یا شر سے نکل جانا۔
اَفْصٰی عَنَّا المطرُ: منقطع ہونا۔ الصَّائِدُ: شکاری کی جال میں کچھ نہ پھنسنا۔
تَفَصّٰی تَفَصِّیًا وانْفَصٰی اِنْفِصَاءً مِنْ او عَنِ الشِّدَّۃِ او غیرِھا: رہائی پانا۔ کہا جاتا ہے "تفصّی من الدیون" قرض سے نجات پائی۔ الرجلُ مِن الرجلِ و عَنْہُ: جدا ہونا۔ تَفَصّی الشَّیْئَ: پورا لے لینا۔
الفَصٰی: خشک انگور کا دانہ واحد (فَصَاۃٌ)
الفَصْیَۃُ والفُصْیَۃُ: خیر سے محرومی شر سے رہائی۔ الفَصْیَۃُ ما بَیْنَ الحَرِّ والبَرْدِ: اعتدال موسم۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ فَصْیَۃٌ وفُصْیَۃٌ ویَوْمٌ مُفْصٍ ولَیْلَۃٌ فَصْیَۃٌ وفُصْیَۃٌ ولَیْلَۃٌ فَصِیَّۃٌ" معتدل دن رات نہ گرم نہ سرد۔
فَضَّ (ن) فَضًّا۔ الشَّیْئَ: توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فَضَّ خَتْمَ الکِتَابِ والخَتْمَ عَنِ الکِتَابِ: مہر توڑنا۔ اللُّؤْلُؤَۃَ: موتی باندھنا۔ القَوْمَ: قوم کو متفرق کرنا۔ تم کہتے ہو "فَضَّ اللہ جَمْعَھُمْ" اللہ ان کی جمعیت کو متفرق کر دے۔ و فَضَضْتُ حَلْقَۃَ القَوْمِ: میں نے قوم کے حلقہ کو توڑ دیا الدُّمُوْعَ: آنسو بہانا۔ الشَّیْئَ عَلَی القَوْمِ: تقسیم کرنا۔ مَا بَیْنَھُمَا: کاٹ دینا۔ اللہُ فَاہُ: دانتوں کو گرا دینا اور اسی سے ہے "لَا فُضَّ فُوْکَ" اس شخص کیلئے جو بہترین گفتگو کرے دُعا ہے کہ تمہارے دانت نہ گرائے جائیں۔
فَضَّضَ۔ الشَّیْئَ: کسی چیز پر چاندی کا ملمع کرنا۔ چاندی کا جھول چڑھانا۔
اَفَضَّ۔ العطاءَ: بہت دینا۔
اِنْفَضَّ۔ ٹوٹنا۔ اِنْفَضَّتِ الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا (وتَفَضَّضَ) متفرق ہونا۔
اِفْتَضَّ۔ الماءَ: پانی آہستہ آہستہ گرانا۔
الفَضّ۔ من بکھرے ہوئے لوگ۔ کہا جاتا ہے فِی المَدِیْنَۃِ فَضٌّ یعنی شہر میں متفرق لوگ ہیں وتَمْرٌ فَضٌّ متفرق کھجوریں۔
الفُضَاض والفِضَاض والفُضَاضَۃ: ریزے۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "طَارُوْا فُضَاضًا" متفرق ہو کر اُڑ گئے۔
الفَضِیْض والفَضَض: نہاتے وقت پانی جو اِدھر اُدھر بکھر جائے۔ ہر متفرق و منتشر چیز۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فَضَضٌ مِنَ النَّاسِ" متفرق فرقے نکلے
الفَضِیْض: ٹوٹا ہوا خوشگوار پانی یا بہتا ہوا پانی۔
الفِضَّۃ: چاندی (والفَضَّۃ) زمین جہاں پتھر ایک دوسرے کے اوپر بکھرے ہوئے ہوں۔
الفَاضَّۃ: مؤنث فاض۔ مصیبت ج فَوَاضّ۔
المِفْضَاض والمِفَضّ والمِفَضَّۃ: ہنگا۔ موگری۔
الفَضْفَضَۃ: کشادگی۔
الفَضْفَاض: کشادہ۔
تَفَضَّجَ۔ الرَّجُلُ عَرَقًا وبِالعَرَقِ: بغل کی جڑوں میں پسینہ آنا اور تر نہ ہونا الشَّیْئُ: وسیع ہونا جسدُہٗ بِالشَّحْمِ: موٹاپے سے پھٹ پڑنا۔
اِنْفَضَجَ الرَّجُلُ عَرَقًا وبالعَرَقِ: بمعنی تَفَضَّجَ الاَمْرُ: ڈھیلا اور کمزور ہونا البَدَنُ: بدن کا بہت موٹا ہونا القَرْحَۃُ: زخم کا کشادہ ہونا الاُفُقُ: ظاہر ہونا۔
الفَضِیْج: پسینہ۔
فَضَحَہٗ (ف) فَضْحًا: بُرائیاں ظاہر

کرنا۔ فَضَحَ المُعَمّی : معمہ حل کرنا القَمرُ النُجومَ: چاند کا ستاروں پر غالب آنا الصُبحُ: صبح طلوع ہونا الصُبحُ فُلانًا: روشنی کا غالب ہونا۔

فَضِحَ(س) فَضَحًا. تھوڑا سفید ہونا۔ صفت (اَفْضَح)مؤنث فَضْحَاءج فُضْحٌ.

فَضَّحَ واَفْضَحَ. الصُبحُ: صبح طلوع ہونا۔ اَفْضَحَ النخلُ: درخت خرما کا سرخ یا زرد پھل والا ہونا۔

فَاضَحَہٗ وتفاضحا. ایک دوسرے کو رسوا کرنا۔ ایک دوسرے کی برائیوں کو ظاہر کرنا۔

اِفتَضَحَ. الاَمرُ: مشہور ہونا الرَجُلُ: رسوا ہونا۔ برائیاں ظاہر ہونا۔

الفَاضِح. فا۔ صبح۔

الفَضّاح. صیغہ مبالغہ۔

الفُضُوح والفَضَاحَة والفُضُوحَة والفِضَاح. رسوائی/برائیوں کا ظاہر ہونا۔

الفَضُوح. رسوا کرنے والا۔ رسوا شدہ۔

الفَضِیح. مال یا مویشی میں بدانتظامی۔

الفَضِیحَة. مؤنث فَضِیح. عیب۔ رسوائی ج فَضَائِح.

المَفْضَحَة. سبب رسوائی ج مَفَاضِح.

فَضَخَ(ف) فَضْخًا. الشَّیئَ: کھوکھلی چیز کو توڑنا الرَاسَ: سر کچلنا العَینَ: آنکھ پھوڑنا۔

اَفْضَخَ. العُنقُودُ: انگور کے گچھے کا نچوڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنفَضَخَ. ٹوٹنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنفَضَخَتِ القَرحَةُ: زخم کا کشادہ ہونا اور نچڑا جانا زَیدٌ: بہت رونا الدلو: ڈول کا چھلکنا۔

اِفتَضَخَ. البُسرَ: کچی کھجور کی نبیذ بنانا۔

فَضخ. الماءِ: پانی کی چھلک۔

الفَضُوخ. شراب جو پینے والے کو مست بنا دے۔

الفَضِیخ. شیرۂ انگور۔ کھجور کی شراب۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

فَضْفَضَ فَضْفَضَةً. الثوبُ او العَیشُ: کشادہ ہونا و فَضْفَضَہٗ: کشادہ کرنا۔

الفَضْفَاض. کشادہ کپڑا۔ خوش عیش۔ فیاض۔ اَرضٌ فَضْفَاض: زمین جس پر بارش کا پانی بہت جمع ہو۔ دِرعٌ (فَضْفَاضَة وفُضَافِضَة) کشادہ زرہ۔ سَحابَةٌ فَضْفَاضَة وفُضافِضَة: بہت پانی والی بدلی۔ جارِیَةٌ فَضْفَاضَةٌ: پُر گوشت طویل الجسم لڑکی۔

فَضَلَ(ن) و فَضِلَ(س) فَضْلًا باقی رہنا۔ زائد ہونا۔ فَضَلَہٗ: فضل میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "فضل فلانٌ علٰی غیرِہٖ" جبکہ فضل میں غالب ہو جائے۔

فَضِلَ و فَضُلَ(ک) فضلًا صاحب فضل ہونا۔ صاحب فضیلت ہونا۔

فَضَّلَہٗ. علٰی غیرِہٖ: فضل کا حکم لگانا۔ ترجیح دینا (فاضله فِضالا و مُفاضلة) فضل میں فخر کرنا۔ فاضل بین الشیئین: دو چیزوں کے درمیان فضل کا مقابلہ کرنا۔

اَفْضَلَ. عَلَیہِ: بڑھنا۔ بھلائی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ اَفْضَلَ عَلَیہِ فی الحَسَبِ: حسب میں بڑھ جانا عَلَیہِ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ صَفَّھم قَدْ اَفْضَلَ علٰی صَفِّنا" ان کی صف کو دیکھا کہ ہماری صف سے بڑھ گئی ہے (واسْتَفْضَلَ) من الشَّیئِ: بقیہ چھوڑ دینا۔

تَفَضَّلَ. عَلَیہِ: مہربانی کرنا۔ فضل کا دعوی کرنا۔ تَفَضَّلَ الرَجُلُ: شب خوابی کا لباس پہنایا۔ کام کاج کے لیے لباس پہننا۔

تَفَاضَلَ الرَجُلانِ: ایک کا دوسرے پر فضل کا دعویٰ کرنا۔

اِسْتَفْضَلَ مِنَ الشَّیئِ: بقیہ چھوڑنا۔

الفَضْل. مص۔ احسان۔ زیادتی۔ بقیہ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَا یَمْلِكُ دِرْهمًا فَضْلًا عَنْ دِیْنَارٍ" فلاں درہم کا مالک نہیں چہ جائیکہ دینار۔ گویا یوں کہا گیا کہ لا یَمْلِكُ دِرْهَمًا فَکَیْفَ یَمْلِكُ دِیْنَارًا یعنی درہم کا مالک نہیں تو دینار کا مالک کیسے ہو سکتا ہے اور کہا جاتا ہے "فِی یَدِہٖ فَضْلُ الزِمَامِ" اس کے ہاتھ میں لگام کا کنارہ ہے۔ ج فُضُول

الفُضُول: حاجت سے زائد مال فُضُول البَدَن: جو طبعی طور پر بدن کے منافذ سے نکلے جیسے پسینہ۔ تھوک۔

الفَضْلَة. فَضَل کا اسم مرۃ۔ بقیہ۔ شراب ج فَضَلاتٌ وفِضَال.

الفَضْلَة والفُضُل والفِضَال وہ کپڑا جو کام کے وقت یا نیند کے وقت پہنیں یا جس کو گھر میں استعمال کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فُضُلٌ" یعنی ایک کپڑا پہنے ہوئے ہے اسی طرح "اِمْرَاَۃٌ فُضُلٌ"

الفُضَالَة. بقیہ۔ ج فُضَالات.

الفَضَّال. بہت فضل والا۔

الفَضِیْلَة. خوبی۔ زیادتی۔ فضل میں بلند مرتبہ ج فَضَائِل.

الفَاضِل. فا۔ صاحب فضل۔ صاحب فضیلت ج فَاضِلُوْن وفُضَلاء مؤنث فَاضِلَةج فَاضِلات و فَوَاضِل.

الفَاضِلَة. فضل میں بلند مرتبہ۔ ہبہ نعمت۔ فواضِلُ المَال: مال کا نفع۔

الفَضُوْل. بہت فضل کرنے والا۔

الفُضُوْل. غنیمت میں جو تقسیم سے بچ رہے۔

الفُضُوْلِیُ لا یعنی چیزوں میں مشغول ہونے والا۔

الفَضِیْل. صاحب فضل۔ صاحب فضیلت ج فُضَلاء.

الاَفْضَل. فضل میں بڑھا ہوا ج فَضْلُوْن واَفَاضِل مؤنث فُضْلٰی ج فُضْلَیَات. فُضَل.

المِفْضَل والمُفَضَّل بہت فضل والا

المُفَضَّل: جس کے متعلق فضل کا حکم لگایا گیا ہو۔

المِفْضَل والمِفْضَلَة. کپڑا جو کام کے وقت یا سوتے وقت پہنا جائے یا گھر میں

پہننے کا کپڑا ج مَفَاصِل۔
المِفضَال. بہت فضل والا۔ مؤنث مِفضَالَةٌ۔
فَضَا يَفضُو فَضَاءً او فُضُوًّا المكانُ جگہ کشادہ ہونا۔ خالی ہونا۔ صفت فَاضٍ (فُضُوًّا الشَّجَرُ بِالمكانِ:) درخت بہت ہونا۔
اَفضَى اِفضَاءً. المكانُ: جگہ وسیع ہونا۔ المكانَ: جگہ وسیع کرنا اِلَيهِ: پہنچنا۔ اِلَيهِ بِسِرِّهٖ: بھید کو جتانا بِهٖ اِلٰى كَذَا پہنچانا بِفُلَانٍ: کشادہ میدان کی طرف لے جانا الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔
الفَاضِي فا کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَقَامٌ فَاضٍ" کشادہ مقام۔ کھلا ہوا۔ خالی۔
الفَضَاء. وسیع زمین۔ میدان ج اَفضَاء کہا جاتا ہے "مَكَانٌ فَضَاءٌ" یعنی کشادہ جگہ۔
الفِضَاء. زمین پر جاری پانی۔ بسا اوقات پاخانہ کے لیے کنایہ کرتے ہیں۔
الفَضَاء. خشک انگور کا دانہ۔ سَهمٌ فَضًا: اکیلا تیر۔ طَعَامٌ فَضًا: ملا جلا کھانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ اَمرَهُم فَضًا عَلَيهِم" یعنی ان کا کوئی امیر نہیں۔
فَطَأَ(ف) فَطأً. توڑنا۔ فَطَأَ بِهِ الارضَ: زمین پر پٹک دینا فَطَأَ بِهٖ عَن رَأيِهٖ: رائے سے ہٹا دینا القَومَ: غیر پسندیدہ چیز لانا فَطَأَ المَرأَةَ: جماع کرنا۔ فَطَأَتِ القِدرُ بِزَبَدِهَا: ہانڈی کا جھاگ لانا۔
فَطِئَ (س) فَطأً: دھنسی ہوئی پیٹھ اور اُبھرے ہوئے سینہ والا ہونا۔ صفت اَفطَأُ مؤنث فَطآءُ ج فُطءٌ۔
فَاطَأَ مُفَاطَأَةً بِهِ الأرضَ: زمین پر پٹک دینا۔
اِفطَأَ اِفطَاءً. فراخ حال ہونا۔ بد خلق ہونا۔
فُلَانًا: کھلانا۔ بہت جماع کرنا۔
تَفَاطَأَ: سینہ اُبھارنا اور پیٹھ دھنسانا۔

عَنهُ: پیچھے ہٹنا عَنِ القَومِ: شکست کھانا اور حملہ کے بعد لوٹنا۔
الفُطأَة. سینہ کا اُبھار اور پیٹھ کا دھنسنا۔
فَطَحَ(ف) فَطحًا و فَطَّحَ. الشَّيءَ: چوڑا کرنا۔
العُودَ: لکڑی کو چھیلنا اور چوڑا کرنا۔
فَطَحَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
فَطِحَ(س) فَطَحًا رَاسُهٗ او اَنفُهٗ: سر یا ناک چوڑی ہونا۔ صفت اَفطَحُ الاَفطَحُ گرگٹ۔
رَاسٌ مُفَطَّحٌ: چوڑا سر۔
الفِطَحل. بڑا سیلاب جَمَلٌ فِطَحلٌ: موٹا اونٹ ج فَطَاحِل. وعِندَ المُوَلَّدِينَ فَطَاحِلُ العُلَمَاءِ: بڑے علماء وزَمَنُ الفِطَحلِ: بہت پرانا زمانہ اور لوگوں نے کہا کہ وہ زمانہ جس میں آدمی ابھی پیدا نہیں ہوئے تھے۔
فَطَذَ(ن) فَطذًا. باز رکھنا۔ منع کرنا۔
فَطَرَ (ن ض) فَطرًا. الشَّيءَ: پھاڑنا الاَمرَ: پیدا کرنا۔ شروع کرنا العَجِينَ: خمیر ہونے سے پہلے روٹی پکانا۔ فَطَرَ نَابُ البَعِيرِ: اونٹ کے دانت ظاہر ہونا الرَّجُلُ الشَّاةَ: انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔
فَطرًا وفِطرًا وفُطُورًا الصَّائِمُ: روزہ دار کا افطار کرنا۔
اَفطَرَ الصَّائِمُ: کھانا اور پینا۔ افطار کا وقت قریب ہونا۔ صفت مُفطِرٌ ج مَفَاطِير. کہا جاتا ہے "قَومٌ مَفَاطِيرُ" وفَطَّرَ الصَّائِمَ: افطار کرانا۔ ناشتہ دینا۔ فَطَّرَ الشَّيءَ پھاڑنا۔
تَفَطَّرَ وانفَطَرَ. پھٹنا۔ تَفَطَّرَت وانفَطَرَتِ الارضُ بِالنَّبَاتِ: زمین کا پھٹنا اور نباتات کا نکلنا القَضِيبُ: شاخ کے پتوں کا نکلنا شروع ہونا۔
اِفتَطَرَ الاَمرَ: ایجاد کرنا۔
الفَطرُ مص۔ پھٹن۔ ج فُطُور.
الفِطرُ مص۔ انگور جب کہ اس کا سرا ظاہر ہو الفِطرِ وعِيدُ الفِطرِ: ماہِ رمضان المبارک کے بعد عید۔
الفُطر. نباتات جو زمین سے اُگے۔ سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔ واحد فُطرَةٌ.
الفِطرَة. وہ صفت کہ ہر موجود اپنی ابتدائی پیدائش میں اس پر ہو۔ طبعی حالت۔ دین۔ سنّت۔ طریقہ۔ پیدائش۔ ج فِطَرٌ.
الفَطُور والفَطُورِيُّ. افطاری۔ ناشتہ۔
الفَطِير. ہر وہ چیز جو وقت سے پہلے جلدی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَايٌ فَطِيرٌ" یعنی بدیہی بے سمجھے بوجھے "عَجِينٌ فَطِيرٌ" بے خمیر کا گندھا ہوا آٹا۔ خُبزٌ فَطِيرٌ: تازہ روٹی۔ الفَطِير: تازہ دودھ۔
عِيدُ الفَطِير: یہودیوں کی ایک عید سَيفٌ فُطَارٌ: کُھٹل تلوار۔
الفُطَارِيُّ. بے نفع مرد۔
الاُفطُور. ناک اور چہرہ میں پھٹن ج اَفَاطِير.
النُّفطُورَة. متفرق گھاس۔ موسم بہار کی پہلی گھاس ج نَفَاطِير.
الفُطرِيّ. بے خمیر کی روٹی۔
الفَاطِر. فا جس کے دانت نکل آئے ہوں۔
فَطِسَ(س) فَطَسًا. چپٹی ناک والا ہونا۔ صفت اَفطَسُ اور چپٹی ناک کو بھی اُفطُس کہتے ہیں۔ مؤنث فَطسَاءُ ج فُطسٌ.
فَطَسَ(ض) فُطُوسًا مرنا۔ صفت فَاطِسٌ (فَطسًا) الحَدِيدَ: لوہے کو چوڑا کرنا ہ بِالكَلِمَةِ: رو در رو کہنا۔
الفَطس مص۔ حب الآس واحد فَطسَة.
الفَطسَة. مہرہ جس کا تعویذ بنایا جائے۔
الفَطسَة. ناک کا چپٹا پن۔
الفِطِّيس. بڑا ہتھوڑا ج فَطَاطِيس.
الفِطِّيسَة. سور کی تھوتھنی۔ انسان کا ہونٹ۔ درندہ کا سونڈ۔
فَطَمَ(ض) فَطمًا. الحَبلَ: رسّی کاٹنا۔
الوَلَدَ: بچے سے دودھ چھڑانا ہ عَنِ العَادَةِ: روکنا۔ منع کرنا۔ چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "لَا

فَطِمنكَ عَمّا انتَ عَلَيهِ" یعنی تمہاری اُمید کو منقطع کر دوں گا۔

اَفْطَم. الرَّضِيْعُ دودھ پیتے بچے کا دودھ چھڑانے کے وقت پر پہنچنا۔ دودھ چھڑانے کے قریب ہونا۔

اِنفَطَم. عَنْهُ: دودھ چھٹنا۔ رُکنا۔ باز رہنا۔

تَفاطَمَ. القَوْمُ: ایسے جانوروں کے بچوں والا ہونا جو دودھ چھڑانے کے بعد اپنی ماں کے ساتھ لپٹے رہیں۔

الفِطام. دودھ چھڑانا۔ دودھ چھڑانے کا زمانہ۔

الفَطِيْم. دودھ چھڑایا ہوا۔ ج فُطُم۔

نَاقَةٌ (فَاطِمٌ وفَاطِمَةٌ) اُونٹنی جس کا بچہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔ فاطمۃ الزہراؓ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی کا اسم گرامی۔

الفَطِيمَة بکری جس کا بچہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔

فَطَنَ (ن)و فَطُنَ (ک)وفَطِنَ (س) فَطْنًا وفِطْنًا و فُطْنًا وفَطَنًا وفُطُنًا وفِطْنَةً وفَطَانَةً وفِطَانَةً وفُطُوْنَةً وفَطَانِيَةً وفِطَانِيَةً. لِلاَمْرِ وبِهِ واِلَيْهِ: ادراک کرنا۔ سمجھنا۔ ماہر ہونا۔

فَطَّنَهُ. بِالاَمْرِ ولَه واِلَيْهِ: سمجھانا۔ فَطَّنَ التِلْمِيْذَ: شاگرد کو سمجھ دار بنانا۔

فَاطَنَهُ مُفَاطَنَةً بِالكَلَامِ: سمجھانے کے لیے کلام کو لوٹانا۔

اَقْدی اِقْداءً. خیر اور اُمور دینیہ میں استقامت اختیار کرنا بوڑھا ہونا اور موت کے قریب پہنچنا مِنَ السفرِ: سفر سے واپس آنا۔
المِسْكُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا۔
تَقَدّی تقَدِّیًا. علی دابّته: چوپایہ پر سوار ہو کر وسط راستہ میں چلنا تقدَّت الدابةُ بُراکھا چوپایہ پر سوار ہو کر وسطہ راستہ پر لے جانا۔
اِقْتدی اقْتِداء بفُلان فِیْ كَذا: پیروی کرنا۔
القَداء. معں۔ خوشبو۔
القِدْو. جڑ جس سے شاخیں نکلیں۔
القَدْوَی. استقامت۔ پائیداری۔
القِدَة والقَدْوَة والقِدْوة والقُدْوَة والقِدْیَة. پیشوا۔ اُسوہ۔ جیسے "لِیْ بكَ قُدْوَةٌ" میرے لیے تمہارے اندر اسوہ ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَقْدی طَعَامَ فُلانٍ" یعنی فلاں کا کھانا کس قدر مزیدار و خوشبو دار ہے۔
قَدَیٰ یقْدِیٰ قَدْیًا الطَعامُ: بمعنی قَدا یقْدُوْ" مزیدار و خوشبودار ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "قَدَتْ قادِیَةٌ" قحط زدہ قوم کا دیہات سے آنا (قَدَیانًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
قَادَیٰ مُقاداةً. الرَّجُلُ: مقابلہ کرنا۔
تَقَدّیٰ. ناز سے چلنا۔
القِدَة. ایک قسم کا سانپ ج قِدَات.
القِدَة: پیشوا۔
القَدَیٰ والقِدَیٰ. مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا قَدَی رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔
القِدْیَة. قدی کا اسم نوع۔ روش۔ طریقہ۔ سیرۃ۔ کہا جاتا ہے "خُذْ فِیْ هِدْیَتِكَ و قِدْیَتِكَ" اپنی روش و طریقہ پر لو۔
القَادِیَة. دیہات سے آنے والی قحط زدہ

قوم ج قَوَاذٍ.

المُتقذّی. فا۔ شیر۔

القَذِیَّة. ہدیہ۔

قَذَّ(ن) قَذًّا الرِّیْشَ: تیر کے پر کے اطراف کا کاٹنا اور ہموار کرنا الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔

الحَجَرَ و کُلَّ غَلِیْظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت چیز پھینکنا (وقَذَّذَ) الشَّعْرَ: بال کاٹنا اور برابر کرنا۔ قَذَّ واَقَذَّ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔

تَقَذَّذَ القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا۔

القُذَّة. تغیر کا پر۔ القُذَّة: گھوڑے اور انسان کا کان۔ ج قُذَذ و قِذَاذ. پسو۔ ج قِذَّان و قُذَذ.

القُذَاذَة. پر کا تراشہ۔ سونے وغیرہ کا ریزہ ج قُذَاذَات. کہا جاتا ہے "اِنَّ لِیْ قُذَاذَات و جُذَاذَاتٍ" قُذَاذَات سونے کے ٹکڑے۔ اور جُذَاذَات چاندی کے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَایَدَعُ شَاذَّةً وَلَا فَاذَّةً" یعنی وہ دلاور جس کو دیکھتا ہے مار ڈالتا ہے۔

سَهْمٌ اَقَذّ. پر دار تیر۔ بے پر کا تیر ج قُذٌّ جج قِذَاذ. کہا جاتا ہے "مَالَهٗ اَقَذُّ وَلَا مَرِیْشٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

القُذَّان. بڑھاپے کی وجہ سے دونوں کنپٹی کی سفیدی۔ پرندہ کے بازوؤں کی سفیدی۔

المَقَذّ. گدی۔ سر کے بالوں کے نکلنے کی انتہائی جگہ پیچھے کی طرف یا آگے کی طرف۔ سر کے بالوں کے کاٹنے کی جگہ آگے یا پیچھے کی طرف۔

المِقَذّ والمِقَذَّة. تراشنے کا آلہ۔

المُقَذَّذ والمَقْذُوْذ. بال تراش کر ہموار کیا ہوا۔ ہر چیز ہموار اور لطیف۔ آراستہ و پیراستہ۔

المُقَذَّذَة والمَقْذُوْذَة. گول کان۔

تَقِذُّ قَذَ فِی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا فِی الرَّکِیَّةِ: کوئیں میں گرنا اور ہرنا الرَّجُلَ:

خود رائے ہونا۔

قَاذَحه مُقَاذَحَةً. گالی گلوچ کرنا۔

تَقَذَّحَ لِفُلَان بالشَّرِّ: شرارت کرنا۔

قَذَرَ(ن) وقَذِرَ(ک) وقَذِرَ(س) قَذَرًا وقَذَارَة. گندا ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت قَذْرٌ وقَذِرٌ و قَذَرٌ و قَذِرٌ.

قَذَرَ(ن) قَذْرًا وقَذِرَ(س) قَذَرًا وقَذَّرَ الشَّیْءَ: گندا کرنا۔ قَذِرَ الشَّیْءَ: مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا۔ گندا سمجھنا۔

اَقْذَرَهٗ. گندا پانا اَقْذَرَ فُلَانًا: تنگ دل کرنا۔ بہت بولنا۔

تَقَذَّرَ الشَّیْءَ و مِنْهُ: میل کچیل کی وجہ سے مکروہ سمجھنا۔

القَذَرُ. س۔ میل کچیل اور کبھی پاخانہ کے لئے بولا جاتا ہے ج اَقْذَاء اور مَقَاذِر خلافِ قیاس۔

القَاذُوْرَة. بدی۔ فاحشہ ج قَاذُوْرَات.

القَاذُوْرَة والقَذُوْر والقَاذُوْر وذُوْقَاذُوْرَة. جو بد خلقی کی وجہ سے لوگوں سے نہ ملے؛ جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے۔ القَذُوْر مِنَ النِّسَاءِ: مردوں سے الگ تھلگ رہنے والی۔ شک و شبہ سے دور۔

رَجُلٌ قُذَرَة. ملامت سے دور مرد۔

رَجُلٌ مَقْذَرٌ. مرد جس سے لوگ پرہیز کریں۔

المَقَاذِر. گندگیاں۔

المُقَذِّر. فواحش کا ارتکاب کرنے والا۔ ج مُقَذِّرُوْن.

القُذْرُوْف. عیب۔ ج قَذَارِیْف.

قَذَعَهٗ(ف) قَذْعًا. گالی دینا۔ بیہودہ بکنا۔

اَقْذَعَ فُلَانًا: گالی دینا لِفُلَان: سخت سست کہنا القَوْلَ: برا کہنا۔

الرَّجُلُ: فواحش کا ارتکاب کرنا۔

قَاذَعَهٗ. گالی گلوچ کرنا۔

قَذَّعَ ثَوْبَهٗ: کپڑے کو گندا کرنا۔ میلا کچیلا کرنا۔

تَقَذَّعَ لَهٗ بِالشَّرِّ: تیاری کرنا الرَّجُلَ: ناپسند کرنا۔

القَذَعُ. گندا۔ بے حیائی و فحش۔

القَذِعُ. گندگی والا۔ بے حیا۔ فحش کا ارتکاب کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالمُقْذِعَات اَو المُقَذِّعَات" اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی۔

القُذَعْمِل. موٹا اونٹ۔ القُذَعْمِیْل: بہت بوڑھا۔

القُذَعْمِلَة. پست قامت۔ خسیس عورت اور کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ قُذَعْمِلَة" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِی السَّمَاءِ قُذَعْمِلَة" آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں۔

قَذَفَ(ض) قَذْفًا. قے کرنا المَلَّاحُ: چپو سے کشتی چلانا۔ قَذَفَ بِقَوْلِهٖ: بغیر سمجھے بوجھے بک دینا الحَجَرَ و بِالحَجَرِ: پتھر پھینکنا۔ قَذَفَهٗ بِکَذَا تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ بَیْنَ حَاذِفٍ وقَاذِفٍ" وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں (واِسْتَقْذَفَ) فُلَانًا بِالحَجَرِ: پتھر مارنا الرَّجُلَ: تہمت لگانا۔

قَاذَفَهٗ. ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا۔

تَقَاذَفَ المَاءُ: پانی کا تیز بہنا الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑانا القَوْمُ: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ تَقَاذَفُوْا بِالحِجَارَةِ: ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔ تَقَاذَفَتْ بِهٖ الاَمْوَاجُ: تھپیڑے مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَقَاذَفَتْ بِهٖ الاَبْوَابُ" دروازوں نے دھکا دیا۔ یعنی کوئی شخص کسی دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالک مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لیے مجبور ہوا اور وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا۔

اِنْقَذَفَ. پھینکا جانا۔

القُذْف والقَذَف والقُذُف. جانب۔ گوشہ۔

القُذُف والقَذَف. پھسلن کی جگہ۔

القُذُف والقَذَف والقَذُوْف والقَذِيْف. دُور۔ کہا جاتا ہے "فَلَاۃٌ اوتِيۃٌ قَذَفٌ وقُذُفٌ"، دُور کا بیابان۔ "بَلْدَۃٌ قَذُوْفٌ"، دُور دراز کا شہر "قَوْسٌ قَذُوْفٌ" تیر کو دُور پھینکنے والی کمان۔

نَاقَۃٌ قَاذِفٌ وقِذَافٌ وقُذُوْفٌ وقَذُوْفٌ: تیز دوڑنے والی اُونٹنی۔

القُذْفَۃ. جانب۔ گوشہ۔ کنگرہ۔ پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو ج قِذَافٌ وقَذَفٌ وقُذَفٌ وقُذُفَان۔

اَلْقَاذِفَۃ: بمبار طیارہ۔ اَلْمِقْذَفُ: چھوٹی توپ

اَقْذَافُ القصر: محل کے کنگرے۔

القَذِيْفَۃ والقِذَاف. ہر وہ چیز جو پھینکی جائے۔ ج قَذَائف اور اسی سے ہے قَذَائِفُ المَدافع: توپ کے گولے۔

القِذَاف: تیز روی۔

القَذَاف. تھوڑا پانی۔

القَذَّاف. اسم مبالغہ۔ سواری۔ ترازو۔ گوپھن۔ منجنیق۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دُور تک پھینکا جائے۔

المُقَذَّف. لعنت کیا ہوا۔ پُر گوشت۔ کہا جاتا ہے "فَارِسٌ مُقَذَّفٌ"، جنگ آزمودہ شہ سوار۔

المِقْذَف. چپو۔ ج مَقَاذِف؛ المَقَاذِف: لالٹینیں۔

المِقْذَاف. چپو۔ ج مَقَاذِيْف.

فَرَسٌ مُتَقَاذِفٌ. تیز رفتار گھوڑا۔ سَيْرٌ مُتَقَاذِفٌ: تیز چال۔

قَذَلَہٗ (ن) قَذْلًا. گدی پر مارنا۔ عیب لگانا۔ پیچھا کرنا۔ قَذَلَ فُلَانٌ: برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا فِي الاَمْرِ: کوشش کرنا۔

القَذَل. عیب۔

القَذَال. گدی۔ سر کا پچھلا حصہ۔ ج قُذُلٌ واَقْذِلَۃ.

قَذَمَ (ن) قَذْمًا. لَہٗ مِنَ المَالِ. مال یکبارگی دینا۔

قَذِمَ (س) قَذَمًا المَاءَ. پانی کا گھونٹ لینا۔

اِنْقَذَمَ. تیز دوڑنا۔

القُذْمَۃ. پانی کا گھونٹ۔

القُذَم والقَذَمّ. بہت دینے والا سردار۔

القِذَم والقُذَام مِنَ الآبار: بہت پانی والا کنواں۔

بِئْرٌ قَذُوْمٌ. بہت پانی والا کنواں۔ ج قُذُم

اَلقَذِيْمَۃ. مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو دے۔ ج قَذَائِم.

قَذِيَ يَقْذَى قَذًى وقَذَيَانًا وقَذْيًا. آنکھ میں تنکا پڑنا۔ آنکھ کی صفت (قَذِيَۃٌ وقَذِيَّۃٌ ومَقْذِيَّۃٌ) الشَرابُ: پینے کی چیز میں تنکا پڑنا۔

قَذَى يَقْذِيْ قَذْيًا وقَذًى وقُذِيًّا وقُذْيَانًا. آنکھ کا کیچڑ نکالنا۔ کہا جاتا ہے قَذَتْ قَاذِيَۃٌ لوگوں کی جماعت آئی۔

اَقْذَى عَيْنَہٗ: آنکھ میں خس و خاشاک ڈالنا۔

قَذَّى عَيْنَہٗ: آنکھ سے خس و خاشاک نکالنا۔

قَاذَى مُقَاذَاۃً الرَجلَ: بدلہ دینا۔

اِقْتَذَى. الطَائِرُ: سر کھجلاتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا۔

القَذَى. تنکا۔ خس و خاشک۔ محاورہ ہے۔ "فُلَانٌ يُغْضِي عَلَى القَذَى"، یعنی فلاں ظلم برداشت کرتا ہے اور شکایت نہیں کرتا۔ "صار الاَمْر قذى فِيْ عينہ" یعنی معاملہ نے اس کو تکلیف پہنچائی اور اس نے اس کے ازالہ کی کوشش کی۔ اور امثالِ عرب میں سے ہے يُبْصِرُ اَحَدُكُمُ القَذَى فِي عَيْنِ اَخِيْہِ وَيَعْمَى عَنِ الجِذْعِ فِي عَيْنِہٖ: دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر نہیں دیکھتا۔ یعنی دوسرے کے تو چھوٹے چھوٹے عیوب پر نظر رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو نظر انداز کرتا ہے۔

القَذَاۃ. تنکا۔ خس و خاشاک۔

القَوَاذِي. جمع ہے قَاذِيَّۃٌ کی۔ قَاذِيَۃٌ لوگوں کی جماعت جو اوّل تمہارے پاس آئے۔

القِذَى. باریک خاک۔ ج قُذِيٌّ واَقْذَاء. کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَذِيُ العَيْنِ: وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو۔

الاَقْذَاء. معمولی درجہ کے لوگ۔

قَرَّ (س ن ض) قَرًّاء. اليَوْمُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔

(قَرَّ (ن ض) قَرًّا) القِدْرَ: ہانڈی میں ٹھنڈا پانی ڈالنا عَلَيْہِ المَاءَ: ٹھنڈا پانی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَّ الكَلَامَ فِي اُذُنَيْہِ"، کان سے مُنہ لگا کر بات کی۔

قَرَّتْ (ن) قَرِيْرًا. الحَيَّۃُ: سانپ کا پھنکارنا۔ (قَرًّا وقَرِيْرًا) الدجاجۃُ: مرغی کی کڑکڑاہٹ کا بند ہونا۔

قَرَّتْ (س ض) قُرَّۃً وقَرَّۃً وقُرُوْرَۃً عَيْنُہٗ: خوشی کی وجہ سے آنکھیں ٹھنڈی ہونا۔ شخص کی صفت قَرِيْرٌ اور آنکھ کی صفت قَرِيْرَۃ.

قَرَّ (س ض) قَرَارًا وقُرُوْرًا وقَرًّا وتَقْرَارًا وتَقِرَّۃً. فِي المَكَانِ او عَلَى الاَمْرِ: قرار پکڑنا۔ ثابت رہنا۔ ٹھہرنا۔

قُرَّقَرًّا وقِرًّا. سردی زدہ ہونا۔

قَرَّرَہٗ. بِالاَمْرِ: اقرار کرانا ہٗ عَلَى الحَق: حق منوانا ہٗ فِي المَكَان او عَلَى العَمَل: ٹھہرانا۔ باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے قَرَّرْتُ عِنْدَہُ الخَبْرَ حَتّٰى اِسْتَقَرَّ یعنی میں نے اس کے پاس خبر کو ثابت کیا۔

قَارَّ مُقَارَّۃً الرَجُلُ: موافقت کرنا۔ قَارَّ فِي الصَلاۃِ: سکون اختیار کرنا۔ حرکت وغیرہ نہ کرنا۔

اَقَرَّ قَرَارًا. فُلَانًا فِي المَكَانِ: ٹھہرانا العَامِلَ عَلَى العَمَلِ: کام پر باقی رکھنا بِالحَقِ: مان لینا۔ اقرار کرنا الكَلَامَ لَہٗ: بیان کرنا۔

الطائر فی عشہ: پرندہ کو گھونسلے میں باقی رکھنا اللّٰہ عینَہٗ ولعینہٖ: آنکھیں ٹھنڈی کرنا یعنی خواہش کے مطابق دینا اور کامیاب کرنا۔
الرَّجلُ: ٹھہرنا۔ تابعدار ہونا۔ ٹھنڈک میں داخل ہونا اللّٰہ الرَّجلَ: سردی پہنچانا۔ سردی زدہ کو خلافِ قیاس مقرور کہتے ہیں اور مُقرّ نہیں کہا جاتا القِدرَ: ہانڈی سے چمٹی ہوئی چیز کو اُتارنا۔ اقرّت الناقۃُ: اُونٹنی کا حمل ٹھہرنا۔ صفت مُقِرّ۔
تقرَّر: ثابت ہونا۔ تقرَّرَ القدرَ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا۔
تقارَّ فی المکان: ٹھہرنا اور ثابت رہنا۔
اقترَّ فلانا فی العملِ و علیہ: باقی رکھنا۔ الرجلُ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو سالن بنانا۔ ٹھنڈے پانی سے نہانا۔
اقترّت وتقرّرت الابل: آسودہ ہونا۔ بہت موٹا ہونا۔
استقرَّ بالمکان: ٹھہرنا۔ ثابت رہنا۔
القَرّ۔ س۔ مردوں کی سواری جو کجاوہ اور زین کے درمیان ہوتی ہے اور کہا گیا ہے کہ ہودج کو کہتے ہیں۔ قرُّ الثوب: کپڑے کی تہ۔ یومُ القرّ: ماہِ ذی الحجہ کی گیارہویں تاریخ کہ اس روز حاجی منٰی میں ٹھہرتے ہیں۔ یومٌ قرّ: ٹھنڈا دن لیلۃٌ قرّۃٌ وقِرّۃ: ٹھنڈی رات۔ القرّتان: صبح شام۔
القُرّ: ٹھنڈک۔ کسی جگہ میں قرار۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ اور اسی سے ہے "وقعت بقُرّك" یعنی جس چیز کے تم خواہش مند اور امیدوار تھے اس کو تم نے پا لیا۔ مثلا طالبِ قصاص سے جبکہ وہ قصاص لے لے تو کہا جاتا ہے۔
القُرُّ: ایک لمبا سا کیڑا جو پانی کی سطح پر چلتا رہتا ہے اور اس سے قُرّ قُرّ کی آواز نکلتی ہے اسی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔
القراریُّ: درزی۔ قصائی۔ شہری جو کسی کا احسان نہ لے اور ہر پیشہ ور۔

القرار والقرارۃ: ٹھہرنے کی جگہ۔ سکون و اطمینان حاصل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "صار الامرُ الی قرارہٖ" یعنی انتہا کو پہنچ گیا۔ القرار: کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھہرے۔ اھلُ القرار: شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں۔ بخلاف اہلِ بدو کے کہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں دارُالقرار: دارِ آخرۃ۔ القرارۃ: پستہ قد گول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔
القِرّۃ: قرّ کا اسم نوع۔ ٹھنڈک۔ عرب کے امثال میں سے ہے "حرّۃٌ علی قِرّۃ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔
القُرّۃ او قُرّۃُ العین: ایک قسم کی گھاس جو پانی کے بہنے کی جگہ میں ہوتی ہے اور یہ جر جیر کے علاوہ ہے اس لیے کہ جر جیر کڑوی اور یہ میٹھی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "ھو قُرّۃُ عینی" وہ میری آنکھوں کے لیے ٹھنڈک ہے۔ "ابُو قُرّۃ" گرگٹ کی کنیت۔ اس لیے کہ سردی کا غلبہ اس پر بہت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے۔
القَرّۃ والقِرّۃ والقُرّۃ: مینڈک۔
القُرّۃ والقررۃ والقُررۃ والقرارۃ: ہانڈی کی تلی میں جو لوگ جائے۔ ہانڈی کی کھرچن۔
القُرّی: سختی جو پرہیز کرنے کے باوجود واقع ہوئے۔
القررۃ والقرارۃ والقرارۃ والقُرارۃ والقُرورۃ: پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے۔
القُرور: ٹھنڈا پانی۔
القارورۃ: آنکھ کا ڈھیلا۔ تر یا خشک کھجوروں کا برتن۔ شراب کا برتن ج قواریر۔
التقرار والتقرۃ: ثبوت۔ سکون۔
القارّ: فا یومٌ قارٌّ: ٹھنڈا دن۔

القارۃ: مؤنث۔ قارّ۔ عینٌ قارۃٌ: ٹھنڈی آنکھ۔ کنایہ ہے مسرور ہونے سے۔
القارۃ: براعظم جیسے براعظم ایشیاء۔
الاستقراء: منطقیوں کے نزدیک ایک حکم سب پر لگانا ایک کلی کے اکثر افراد پر ہونے کی وجہ سے جیسے حیوان کھاتے وقت اپنا نیچے والا جبڑا حرکت دیتا ہے۔ اس واسطے کہ انسان، مویشی اور درندے ایسے کرتے ہیں لہٰذا یہ حکم کلی (حیوان) کے سب افراد پر لگا دیا گیا۔
الاقرّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "ایّ الایام اقرّ" کون سا دن ٹھنڈا ہے۔
المقرّ: ٹھہرنے کی جگہ ج مقارّ۔ مقرّ البئر: کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔
المقرّۃ: پانی کا حوض۔ گڑھا۔
المقرور: ٹھنڈا۔ سردی زدہ۔
قرأ (ف ن) قرأً وقراءۃً و قرآناً واقترأ الکتابَ: پڑھنا۔ قرأ (ف ن) قراءۃً علیہ السلام: سلام پہنچانا۔ اور اَمر کی صورت میں "اقرأ علیہ السلام" کہا جاتا ہے۔ اور اس کا تعدیہ بنفسہ غلط ہے اس لیے اقراہ السلام نہیں کہنا چاہیے (قرأ و قُرآنا) الشیئَ: جمع کرنا اکٹھا کرنا الناقۃُ: اُونٹنی کا حاملہ ہونا الحاملُ: حاملہ کا جننا۔
قاراہ قراء و مقاراۃ: شریک درس ہونا۔
اقراہ اقراء الرجلَ: پڑھانا ہ السلامَ: سلام پہنچانا۔ اقرأ من السفر: سفر سے واپس ہونا الامرُ: قریب ہونا عنہ: پھرنا۔ النجمُ: ستارہ کا غروب ہونا الرجلُ: عبادت کرنا الحاجۃَ: ضرورت کو مؤخر کرنا۔ اقرأت الریاحُ: ہوا کا وقت پر چلنا زیادہ پیچھے ہٹنا الحاجۃُ: حاجت کا مؤخر ہونا۔
تقرّأ: عبادت کرنا۔ فقیہ ہونا۔ عالم ہونا۔
استقرأ استقراء۔ فلانا: پڑھنے کے لیے کہنا الامورَ: معرفت احوال کے لیے تتبع و

تلاش کرنا۔
القرائة مص۔ پڑھنے کی کیفیت ج قرائات۔
القرء۔ وقت۔ قافیہ۔ ج اقراء وقرؤ واقرؤ اقراء الشعر: شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔
القرأة: وبا۔
القرآن: کلام اللہ۔
القاری فا۔ عبادت گزار ج قراء و قارؤن و قرأة۔
الاقرأ: عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا۔ زیادہ پڑھنے والا۔
القراء: اچھا پڑھنے والا۔ ج قراؤون۔
القُرّاء: عبادت گزار ج قراؤون وقراری۔
المقرؤ والمقری والمقروء: جو چیز پڑھی جائے۔
المقرا: پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈسک۔ رحل وغیرہ۔
المتقری: عبادت گزار۔
القرء والقرء: حیض۔ طہر۔ وقت حیض۔ وقت طہر۔ ج اقرأ وقروء واقرؤ یا قرء بمعنی طہر کی جمع قروء اور قرء بمعنی حیض کی جمع اقراء۔
قرب(س) وقرب(ک) قربا وقربانا وقربانا قریب ہونا قربہ وقرب منہ والیہ: قریب ہونا۔
قرب(س) قربا: کوکھ کے درد والا ہونا۔
قرب(ن) قربا السیف: تلوار کو میان میں داخل کرنا۔ میان بنانا۔ صفت قارب اور صفت مفعولی مقروب۔
اقرب الاناء: برتن کا بھرنے کے قریب کرنا۔ اقربت الحامل: حاملہ کا جننے کے قریب ہونا۔
قرابا: میان بنانا الراعی الابل: گھاٹ پر پہنچنے کے لیے رات کو لے کے چلنا۔ راعی کو قارب کہتے ہیں۔ مقرب نہیں۔

اور اونٹوں کو قوارب کہتے ہیں مقربۃ نہیں۔
قربہ: قریب کرنا۔ ہ الامیر: خاص لوگوں میں سے بنا لینا۔ قرب القربان للہ: قربانی کرنا۔ قرب فلانا حیاک اللہ وقرب دارک کہنا۔ الفرس: دلکی چلنا۔ الرجل: کوکھ کے درد والا ہونا۔
قاربہ مقاربۃ: قریب ہونا۔ خوش کلامی کرنا۔ قارب فی الامر: غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
تقرب تقربا وتقرابا الی اللہ بالقربان: قربت ڈھونڈنا۔ الرجل: کوکھ پر ہاتھ رکھنا اور کہا جاتا ہے "تقرب یا رجل" یعنی جلدی کر اور کہا گیا ہے کہ یہ امر ہی کے ساتھ خاص ہے۔
تقاربا: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تقارب الزرع: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔ تقاربہ: قریب ہونا۔
اقترب الوعد: قریب ہونا۔ الشیئان: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
استقرب الشیء: قریب سمجھنا۔
القرب والقراب: نزدیکی۔
القرب والقرب: کوکھ۔ ج اقراب۔
القرب: کنواں جس کا پانی قریب ہو ج اقراب (والقرابۃ) گھاٹ پر پہنچنے کیلئے رات میں چلنا۔
القربۃ والقربۃ: نیک افعال۔ جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ ج قرب و قربات القربۃ: جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔
القربۃ: مشک ج قرب وقربات و قربات وقربات اور مثل ہے لقیت منہ عرق القربۃ یعنی مجھے اس سے بہت زیادہ تکلیف ہوئی۔
القراب: میان ج قرب و اقربۃ۔
قراب الشیء و قرابہ: اندازے میں برابر۔ القراب والقرابۃ: قریب۔ کہا جاتا ہے "ما ہو بشبیھک ولا بقرابۃ منک" نہ تو وہ تمہارے مشابہ ہے اور نہ تم سے قریب ہے۔
القربی والقربۃ والقرابۃ: رشتہ داری۔ اور کہا جاتا ہے "فی الاناء قربۃ" جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔
القربان: ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔ چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور۔ بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ج قرابین۔
القربان من الآنیۃ: برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔ مؤنث قربی ج قراب
القربان: بادشاہ کا خاص ہم نشین۔
القارب: ڈونگی۔ چھوٹی کشتی ج قوارب۔
القارب: رات کو پانی ڈھونڈنے والا۔
القریب: نزدیک۔ رشتہ دار ج اقرباء وقرابی۔ مؤنث۔ قریبۃ ج قرائب۔
القریب: اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو عجمیوں کے استعمال میں ہے۔ کہا جاتا ہے "جاؤا قرابی" وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع خلاف قیاس ہے۔
الاقرب: اسم تفضیل۔
اقرباء الرجل واقاربہ و اقربوہ: قریبی رشتہ دار۔
القربی: لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔
التقریب مص۔ ایک قسم کی دوڑ۔
المقرب مف من الخیل: عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے تھان قریب بنایا جائے۔ مؤنث۔ مقربۃ۔
المقرب والمقربۃ: مختصر راستہ۔
المقرب: رات میں چلنا۔
المقرب فا من الحوامل: جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ ج مقارب و مقاریب۔
المقربۃ والمقربۃ والمقربۃ: رشتہ داری۔

المقارب. فا۔ جید اور ردی کا درمیانہ۔ متوسط الحال۔
المُقَارِب. مِّنَ المَتَاعِ: سستا سامان۔
المُتَقَارِب. فا۔ ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فعولن آٹھ مرتبہ ہے۔ پستہ قد مرد۔
القَرَبُوْت والقَرَبُوْس. زین کا آگے پیچھے بلند حصہ۔ جقَرَابِيْس.
قَرَتَ (ن ض)قَرْتًا وقُرُوْتًا و قَرِتَ (س)قَرَتًا الدمُ ته بته خون خشک ہونا۔ زخم میں خون کا بگڑ جانا۔ مار کی وجہ سے بدھی پڑنا۔قَرِتَ الظُفُرُ: خون کا ناخن میں بگڑ جانا(الرَجُلُ) غم یا غصّہ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا۔
قَرَتَ (ن)قُرُوْتًا الرَجُلُ: خاموش ہونا۔
القَارِتُ والمُقْتَرِت. جو چیز ملے اس کو کھانے والا۔دَمٌ قَارِتٌ: کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون۔
القَارِتُ والقَرَّات. عمدہ مشک۔
القَرَت. س۔ برف۔
قَرِثَ (س)قَرَثًا الرَجُلُ: محنت کرنا اور کمانا۔
قَرِثَهُ (ض) قَرْثًا الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ سخت ہونا۔
القِرِيْث. مچھلی کی ایک قسم۔
القَرْث. چھوٹا کوزہ۔
قَرَحَهُ (ف) قَرْحًا وقَرَّحَهُ. زخمی کرنا۔
قَرَحَ وقَرَّحَ البِئْرَ: جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا۔قَرَحَهُ بالحَقِّ: حق سے پیش آنا۔قَرَّحَ النَبَاتُ: کونپل نکلنا الاَرْضُ: سبزہ نکلنا شروع ہونا۔
قَرَحَ (ف)قُرُوْحًا وقِرَاحًا وقَرِحَ (س) قَرَحًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔
قَرَحَتْ (ف)قُرُوْحًا وقِرَاحًا. النَاقَةُ: اُونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔ صفت قَارِح.
قَرِحَ (س) قَرَحًا. پھوڑوں والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرِحَ قَلْبُهُ مِنَ الحُزْنِ" اس کا دل غم سے زخمی ہوگیا "قَرِحَتْ سِنُّ الصبی" لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے۔
قَارَحَهُ مُقَارَحَةً. رو در رو ہونا۔
اَقْرَحَ الفَرَسُ: گھوڑے کا پنج سالہ ہونا۔
اَقْرَحه اللّٰهُ: آبلے ڈالنا۔ پھوڑے نکالنا۔
تَقَرَّحَ لِلاَمْرِ: تیاری کرنا الجَسَدُ: پھوڑے والا ہونا۔
اِقْتَرَحَ الخُطْبَةَ: فی البدیه خطبہ دینا□ الاَمْرَ: بغیر کسی نمونہ کے ایجاد کرنا الشَیْءَ: بغیر سننے کے اپنی طرف سے استنباط کرنا۔ چننا۔ اختیار کرنا البَعِیْرَ: جس اُونٹ پر کوئی سوار نہ ہوا ہو سوار ہونا عَلَيْهِ كَذَا و بكَذَا: سختی سے اور بغیر سمجھے بوجھے سوال کرنا عَلَيْهِ كَذَا: بنوانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَرَحَ عَلَيْهِ صَوْتَ كَذَا" اس سے اس نے فلاں آواز کی خواہش کی البِئْرَ: جہاں پانی نہ ہو کنواں کھودنا۔
القَرْح. س۔ زخم۔ پھوڑا۔ سخت کھجلی جو اُونٹ کے بچوں کو ہلاک کر دے۔ ج قُرُوْح.
القُرْح. ہر چیز کا اوّل۔ نئے کنوئیں کا پہلا پانی۔ مہینے کی ابتداء کی تین راتیں۔
القَرَح. س۔ اُونٹ کو خارش اور انسان کو چیچک نہ ہونے کی حالت۔
القَرْحَة والقُرْحَة. پرانا پھوڑا جس میں پیپ جمع ہو۔قَرْحَةُ الشتاءِ او الرَبِيْعِ: جاڑے یا بہار کی ابتداء۔القرحة فِی وَجْهِ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی۔ کہا جاتا ہے "قُرْحَة اَصْحَابِه" وہ اپنے ساتھیوں میں ممتاز ہے۔
القَرِح. پھوڑوں والا۔
القَرَاح. خالص پانی۔ بے پانی اور درخت کی زمین۔ ج اَقْرِحَة.
القُرْحَان. شیر۔
القُرْحَان. مِنَ الاِبِلِ: اُونٹ جس کو کبھی خارش نہ ہوئی ہو مِنَ النَاسِ: وہ شخص جس کو چیچک نہ ہوئی ہو۔
القُرْحَان والقُرَاحِيّ. جو جنگ میں کبھی شریک نہ ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ قُرْحَانٌ وقُرَاحِيٌّ مِنَ الاَمْرِ: تم معاملہ سے علیحدہ ہو۔ صفت مؤنث۔قُرَاحِيَّة
القُرَاحِيّ: جو ہمیشہ بستی میں رہے اور جنگل کی طرف نہ جائے۔
القُرَاحِيَتَان. دونوں کوکھ۔
القَارِح. فامِنْ ذِی الحَافِرِ: جس کے پورے دانت نکل آئے ہوں۔ جقَوَارِح و قُرَّح ومُقَارِيْح مؤنث۔قَارِح وقَارِحَة جقَارِحَات وقَوَارِح.
القَارِح: شیر۔ کمان جو تانت سے دُور ہو۔
قَارِحُ الفَرَسِ: وہ دانت جس کے نکلنے کے بعد اس کو قارح کہا جائے۔
القَرِيْح. زخمی۔ ج قَرْحَى وقَرَاحَى. خالص پانی وغیرہ۔ پہلا بادل جو ظاہر ہو۔
قَرِيْحُ السَحَابَةِ: بارش بوقت نزول۔
القَرِيْحَة. ہر چیز کا اوّل۔ کنوئیں کا پہلا پانی مِنَ الاِنْسَانِ: طبیعت۔ قَرِيْحَةُ الشَاعِرِ او الكَاتِبِ: ملکہ راسخہ۔ ج قرائح
الاَقْرَح. اسم تفضیل۔ صبح۔فَرَسٌ اَقْرَحُ: وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں درہم کے برابر یا اس سے کم سفیدی ہو مؤنث۔قَرْحَاء ج قُرُوْح. رَوْضَةٌ قَرْحَاءُ: سبزہ زار۔ سفید پھولوں والا باغ۔
المَقْرُوْح. مِّنَ الطُرُقِ: واضح راستہ۔ (والمُقَرَّح) پھوڑوں والا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ مُقَارَحَةً" یعنی میں اس سے رو در رو ملا۔
القِرْحِيَاء. زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔
القِرْوَاح. لمبے پاؤں کی اُونٹنی۔ ج قَرَاوِيْح القِرْوَاح: زمین مقابل آفتاب۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لیے خاص ہو۔
قَرِدَ (س)قَرَدًا. الاَدِيْمُ: ادھوڑی کا کرم

خوردہ ہونا الكُحْلُ فِي العَيْنِ: سرمہ کا پراگندہ ہونا اَسْنَانُهُ: چھوٹا ہونا اور مسوڑھے سے ملنا العِلْكُ: بدمزہ ہونا(و تَقَرَّدَ) الشَّعْرُ: بالوں کا گھنگھریالے ہونا۔ ایک پر ایک جم کر نمدہ جیسا ہو جانا۔

قَرِدَ واَقْرَدَ وقَرَّدَ. درماندگی سے خاموش رہنا۔ زمین سے چمٹنا۔قَرَّدَهُ. دھوکا دینا۔

قَرَّدَ البَعِيْرَ: اُونٹ سے چیچڑی نکالنا۔قَرَّدَ واَقْرَدَ اِلَيْهِ: تابعدار ہونا۔اَقْرَدَ المُتَحرِّكُ: ساکن ہونا۔اَقْرَدَ البَعِيْرُ: چیچڑی والا ہونا۔ ایسی نرم چال چلنا جس سے سوار کو حرکت نہ ہو۔

قَرَدَ (ض)قَرْدًا. المَالَ: جمع کرنا۔ کمائی کرنا فِي السِقَاءِ: مشکیزہ میں دودھ یا گھی جمع کرنا۔

القَرْد. س۔ پستہ قد۔ گردن۔

القُرْد والقُرَاد. چیچڑی واحد۔ قُرْدَةٌ وقُرَادَةٌ جقِرْدَان. القُرَاد: پستان کا سرا۔ کہا جاتا ہے "نَزَعْتُ قُرَادَ فُلَانٍ" یعنی میں نے اس کو فریب دیا۔

القِرْد. بندر۔ لنگور ج اَقْرَاد و اَقْرُد وقُرُوْدٌ وقِرَد وقِرَدَة. مؤنث۔القِرْدَة. جقِرَد.

القَرَد. س۔ اُون یا کتان کا ردی حصہ۔ پتی اُتاری ہوئی کھجور کی شاخ۔ واحدقَرَدة.

القَرَدُ: زبان کا ہلکا پن۔ بادل کے متفرق چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔

اَلقَرَدُ واحد(قَرَدَةٌ): کھجور کی شاخ جس کے پتے صاف کر دیئے گئے ہوں۔

القَرِد. مِنَ الاِبِلِ: بہت چیچڑی والا اُونٹ۔ گھنگھور گھٹا۔رَجُلٌ قَرِدُ الفَمِ: ایسا شخص جس کے دانت پیدائشی چھوٹے ہوں۔

رَجُلٌ قَرُوْدٌ. ساکن مرد۔

القَرَّاد. بندر والا۔

اَلقُرَيْدِسُ: مکڑی کے برابر اس جیسی مچھلی۔ (یونانی لفظ)

قَرْدَحَ قَرْدَحَةً. اقرار کر لینا۔ تابع و فرمانبردار ہونا اور باستعمال عوام ہتھیار بنانا اور درست کرنا۔

القِرْدَاحِي والقَرْدَحِيُّ. ہتھیار بنانے اور درست کرنے والا۔

اِقْرَنْدَحَ لَهُ: جستجوئے گناہ کرنا۔

القُرْدَحُ والقُرْدُوْحُ لنگور۔ بڑا بندر۔

القُرْدَحَة والقُرْدُوحَة: نوجوان کے گلے کا ٹیٹوا۔

المُقْرَنْدِحُ. فا۔ آمادۂ شرارت۔

القَرْدَدُ. سخت اور بلند زمین جقَرَادِد. کہا جاتا ہے "جَاءَ الحَدِيْثُ عَلَى قَرْدَدِهِ" اس نے بات کو اپنے موقع پر کہا۔

القُرْدُوْدُ. سخت اور بلند زمین۔ جقَرَادِيْد

القُرْدُوْدُ: انسان کی پیٹھ کا وسط۔

القُرْدُوْدَة. سخت اور بلند زمین۔

قُرْدُوْدَةُ الشِتَاءِ: جاڑے کی شدت۔

قُرْدُوْدَةُ الظَهْرِ: پیٹھ کا اعلیٰ حصہ۔

القِرْدِيْدَة. کلام کی تختی۔ پیٹھ کے درمیان کا خط۔ مرد کا سر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج قَرَادِيْد.

قَرْدَسَهُ قَرْدَسَةً. مضبوط باندھنا۔قَرْدَسَ جِرْوَ الكَلْبِ کتے کے پلے کو بلانا۔

القَرْدَسَة. س۔ سختی۔ شدت۔

القَرْدَعَة. خواری۔ ذلت۔

القِرْدِعَة. گردن۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِقِرْدِعَتِهِ" اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔

القُرْدُوْع. چھوٹی جوں۔

القُرْدُوْعَة. پہاڑ کی دڑاڑ کا گوشہ۔

القَرْدَع. نادان عورت۔

قَرَزَهُ (ن)قَرْزًا. کھرچنا۔قَرَزَ التُرَابَ ونَحوَهُ: اُنگلیوں سے لینا۔

القَرَز. س۔ ٹیلہ۔ سخت زمین۔

القُرْز. تیل کی شیشی۔

القُرْزَة. ہر چیز کی ایک مٹھی۔

اَلقُرَيْشَة: دودھ سے بنایا گیا پنیر۔

قَرْزَمَ الشَاعِرُ و شِعْرَهُ: ردی شعر کہنا۔

القُرْزَام. گھٹیا شاعر۔

المُقَرْزَم. حقیر۔ لئیم۔ فرومایہ۔ رَجُلٌ مُقَرْزَم: گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد مرد۔

القُرْزُوْم. موچی یا موزہ بنانے والوں کا فرمہ۔

قَرَسَ (ض)قَرْسًا. المَاءُ: پانی کا منجمد و سرد ہونا البَرْدُ: تیز جاڑا ہونا المَقْرُوْر: سخت سردی کی وجہ سے کام نہ کر سکنا۔

قَرِسَ (س)قَرَسًا. البَرْدُ: تیز جاڑا ہونا۔ الرَجُلُ: ٹھٹھرنا۔

اَقْرَسَ. العُوْدُ: لکڑی کی تری کا اس کے اندر جم جانا۔اَقْرَسَ البَرْدُ اَصَابِعَهُ: سردی کا اُنگلیوں کو سن کر دینا۔

اَقْرَسَ وقَرَّسَ. البَرْدُ فُلَانًا: ٹھٹھرا دینا۔

اَقْرَسَ وقَرَّسَ المَاءُ: جما دینا۔

القَرْس والقَرَس والقَرِيْس. سخت سردی۔القَرِس والقَرِيْس: جما ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ المَاءُ قَرِيْسًا:" پانی جم گیا۔

القِرْس: چھوٹے مچھر۔

القَارِس. فا۔ سخت سردی۔شَيْئٌ قَارِسٌ وقَرِيْسٌ: پرانی چیز۔

القُرَاس والقُرَاسِيَة : مِنَ الاِبِلِ وغَيرِهَا: موٹا و مضبوط۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُلْكٌ قُرَاسِيَةٌ وعِزٌّ قُرَاسِيَةٌ" ان کے لیے مضبوط مملکت اور پائیدار عزت ہے۔

القَرَاسِيَا. ایک درخت ہے جس کا پھل کالے انگور کی مانند ہوتا ہے۔ صاد سے بھی لکھا جاتا ہے۔ دخیل۔

قَرَشَهُ (ن ض)قَرْشًا. کاٹنا۔قَرَشَ الجَيْشُ بِالرِمَاحِ: نیزہ مارنا۔الشَيْئَ: اِدھر اُدھر سے اکٹھا کرنا اور ہلانا مِنَ الطَعَامِ: تھوڑا سا کھانا پانا(وقَرَّشَ وتَقَرَّشَ) لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔وقَرَّشَ بَيْنَهُمْ: برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا۔ چ ر خوری کرنا۔

قَرَّشَهُ: قریش کی طرف منسوب کرنا۔

اَقْرَشَ. بِهِ: چغلی کھانا۔ عیوب ظاہر کرنا۔

اقرشتہ الشجۃ: بغیر چورہ ہونے کے ہڈی ٹوٹنا۔
تقرّش۔ المال: جمع کرنا عن السیئات: برائیوں سے پرہیز کرنا۔ بچنا الشیٔ اوّل اوّل لینا الشیٔ چمٹنا۔ تقرّش القوم: قوم کا جمع ہونا۔ تقرّشت وتقارشت الرماح: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا۔ تقارش القوم: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا اور اس سے جھنکار پیدا ہونا۔
اقترش۔ لعیالہ: کمائی کرنا۔ اقترشت الرماح: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا۔
بہ: چغلی کھانا۔ نقصان پہنچانے کے لیے کوشش کرنا۔
القرش۔ جو ادھر اُدھر سے جمع کیا جائے۔
ج قروش قرش الشیٔ چیز کی آواز۔
القِرش۔ پیاسٹر۔ ایک ترکی سکہ مساوی 02/ (دخیل)
القرش والقریش۔ ایک قسم کی مچھلی جس کو کلبُ البحر بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے۔
قُریش۔ عرب کا مشہور قبیلہ اور نسبت کے لئے قُرشیٌ وقریشی
رماح قوارش۔ لڑائی میں گتھے ہوئے نیزے جبنٌ قریشٌ: سخت خشک پنیر۔
المُقرّشۃ من السنین: سخت قحط کا سال۔
قرص (ن) قرصًا لحمہٗ: چٹکی لینا ٭ بلسانہ: تکلیف دہ کلمات کہنا الثوب بالماء: انگلیوں کے پوروں سے دھونا البرغوث: پسو کا کاٹنا قرصتہٗ الحیۃ: سانپ کا ڈسنا۔ قِرص وقرّص الشیٔ: کاٹنا العجین: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے بنانا۔
قارصہٗ ومُقارصۃ۔ ایک دوسرے کو چٹکی لینا۔
قرص (س) قرصًا۔ ہمیشہ غیبت کرنا اور تکلیف دہ کلمات بولنا۔
القُرص۔ روٹی کی ٹکیا۔ قرص الشمس: آفتاب کا گروہ۔ کہا جاتا ہے "غاب قُرصُ الشمس" آفتاب کی ٹکیہ غائب ہوگئی۔ ج اقراص وقرصۃ وقراص
القرصۃ۔ روٹی کی ٹکیہ۔ ج قُرص۔
القریص۔ کشتی کا لنگر۔
القُرّاص۔ ایک رُوئیں دار گھاس جس کے چھونے سے جلن ہوتی ہے۔ واحد قُرّاصۃ۔
القُرّاص۔ بابونہ اور کہا جاتا ہے "احمرُ قُرّاص" یعنی بہت سرخ۔
لجامٌ قُرّاص وقُرّص۔ وہ لگام جو جانور کو تکلیف دے۔
القارص۔ فا۔ مچھر کی مانند ایک جانور۔
القارصۃ۔ قارِص کا مؤنث۔ کلمۃ قارصۃ: تکلیف دہ کلمہ۔ ج قوارص۔
القُرّصۃ۔ چرپراہٹ۔
المقراص۔ ٹیڑھے سر کی چھری۔
المُقرّص۔ ٭ من الحلی وغیرہا: ٹکیہ کے مانند گول زیور۔
القُرّاص۔ ایک کانٹے دار سبزی جو کہ کھائی جاتی ہے۔
القُرصان۔ بحری ڈاکو (دخیل)
القراصیا۔ بمعنی قراسیا۔
قرصبہ قرصبۃ۔ کاٹنا۔
القراصیا: کلاب کی اقسام سے ایک پودا جس کے پھل سیاہ ہوتے ہیں۔
قرصع قرصعۃ۔ سکڑنا۔ پوشیدہ ہونا۔ بخل کی وجہ سے تنہا کھانا۔ باریک لکھنا۔ اور سطروں کو قریب قریب کرنا فی بیتہ: بیٹھنا اور سمٹنا زیدًا فی ثیابہ: لپیٹنا۔
تقرصعت المرأۃ: بری چال چلنا۔
اقرنصع الرجل: کپڑوں میں لپٹنا۔ سکڑنا اور چھپنا۔
القُرصعنۃ۔ ایک خار دار درخت جس کو شوکۃ ابراہیم بھی کہتے ہیں اور اس کی چند قسمیں ہیں۔ ایک قسم سفید ہے جس میں پتے زیادہ اور کانٹے تیز ہوتے ہیں۔
القرصعنۃ۔ ایک قسم کی ترکاری جس میں سرکہ اور زیتون کا تیل ملا کر کھاتے ہیں۔
تقرصف واقرنصف۔ جلدی کرنا۔
قرصمہٗ۔ کاٹنا۔ توڑنا۔
قرضہ (ض) قرضًا۔ بدلہ دینا۔ قرض دینا۔ قرض الشعر: شعر کہنا الوادی: وادی کو طے کرنا ٭: مقابلہ کرنا قرض فی سیرہٖ: چلنے میں دائیں بائیں ہونا۔
المکان: علیحدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قرض رباطہٗ" یعنی مر گیا (وقرّض) الشیٔ: کاٹنا قرض الفار الثوب: چوہے کا کپڑے کو کترنا۔
قرّض فلانًا: مدح کرنا۔ مذمت کرنا۔
قرض (س) قرضًا: مرنا۔
قارضہٗ قراضًا ومُقارضۃ۔ بدلہ دینا۔ برائی کا برائی سے مقابلہ کرنا ٭ فی المال: مضاربت کرنا۔
اقرضہ۔ قرض دینا۔ اقرض منہٗ: قرض لینا۔
تقارض الرجلان: ایک دوسرے کو برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔ تقارضا الشعر: اپنے اپنے اشعار کا پڑھنا۔ تقارضا الثناء: ہر ایک کا دوسرے کی تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "تقارض القرنان النظر" یعنی ہر ایک نے دوسرے کو کڑی نگاہ سے دیکھا۔
انقرض۔ ختم ہونا۔ کٹنا القوم: سب کا ہلاک ہو جانا اور کسی کا باقی نہ رہنا۔
اقترض۔ منہٗ: قرض لینا عرضہٗ: غیبت کرنا۔
استقرض منہٗ: قرض مانگنا۔
القرض والقِرض۔ اچھا یا برا عمل جو پیش کیا جائے جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ وقت معینہ پر تم کو واپس کر دے۔ ج قروض۔
القراضۃ۔ کاٹنے میں جو گرے جیسے سونے کے ذرات۔ کپڑے کی دھجی وغیرہ۔

قُراضتہ المال: ردی مال۔
التقریض: شاعری۔
القریض: کاٹا ہوا۔ شعر۔ جگال۔
القَراضة: لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ کیڑا جو اُون کو چاٹ جاتا ہے۔
اِبْنُ مقرض: نیولے کے مانند ایک جانور جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔
المقراض: قینچی۔ ایک پھل ہو جب تو "قرضتہ بالمقراض" بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل ہوں تو "قرضتہ بالمقراض" نہیں کہتے بلکہ قرضتہ بالمقراضین کہتے ہیں۔ ج مقاریض
المقارض: تھوڑی کھیتی۔ بڑے مٹکے۔ شراب کے برتن۔
قرضب الشئ: جدا جدا کرنا الرجل خشک چیز کھانا اللحم فی البرمۃ گوشت کو ہانڈی میں جمع کرنا فلان: دوڑنا اللحم کل کھا جانا۔ کہا جاتا ہے "قرضب الذئب الشاۃ" بھیڑیا سالم بکری کھا گیا۔
القرضب: بھوسی جو چھلنی میں بچ رہے اور پھینک دی جائے۔
القرضاب والقرضوب: تلوار قاطع۔ چور۔ خشک چیز کو کھانے والا۔ فقیر۔ ج قراضبۃ
القراضب: جو کچھ ملے اس کو کھا جانے والا۔ ج قراضب
قرضم الشئ: کاٹنا۔ لے کر چل دینا۔ کہا جاتا ہے "ہو یقرضم کل شئ" وہ ہر چیز کو لے کے چل دیتا ہے۔
قرط (ن) قرطا۔ الکراث ونحوہ۔ باریک باریک کاٹنا۔
قرط (س) قرطا۔ التیس: کٹے ہوئے کانوں والا ہونا۔ صفت اقرط
قرّط۔ الشئ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الجاریۃ: لڑکی کو بالی پہنانا الفرس: گھوڑے کو لگام لگانا السراج: چراغ سے گل گرانا علی الرجل: تھوڑا تھوڑا دینا الیہ رسولا: جلدی بھیجنا۔
تقرطت المرأۃ: عورت کا بالی پہنانا۔
القرط: گندنا کی ایک قسم۔
القُرط: بالی۔ ایرنگ۔ کان کا زیور۔ ج اقراط وقراط وقروط وقرطۃ۔ القرط: آگ کا شعلہ۔ تھن۔ ایک گھاس ہے جو اسپست کے مشابہ ہے ثریا (بنا بر تشبیہ) و القرط من الموز او البلح عند العامۃ: کیلے وغیرہ کی پھلیوں کا گچھا۔
القرطۃ والقرطۃ: مینڈھے کے کان کا کٹ کر لٹکتا ہوا حصہ۔
القراط: چراغ۔ چراغ کا شعلہ (والقراطۃ) بتی کا گل۔
القراط والقیراط: نصف دانق اور بقول بعض دینار کا 4/6 اور بقول بعض دینار کے دسویں حصہ کا آدھا۔ کسی چیز کا چوبیسواں حصہ فی المساحۃ اُنگلی کی چوڑائی کے برابر۔ (دخیل) القیراط عند الیونان: دانہ خرنوب۔ نصف دانق ج قراریط۔
القراریط: دانہ تمر ہندی۔
القیروطی: ایک مرہم جس کا ضماد کیا جاتا ہے (دخیل)
قرطبہ قرطبۃ: گدی کے بل پچھاڑنا۔
قرطب الحزور: ہڈیوں کا کاٹنا الرجل غضبناک ہونا۔ تیز دوڑنا۔ بھاگنا۔
تقرطب: گدی کے بل گرنا۔
القراطب: بہت کاٹنے والا۔
القرطبی: تلوار۔
قرطس: نشانہ لگانا۔
تقرطس الرجل: ہلاک ہونا۔
القرطس والقرطس والقرطاس: کاغذ۔
والقرطاس والقرطاس: نشانہ۔ ایک قسم کی مصری چادر۔
القرطاس: تحریر جو کچھ بھی ہو۔ سفید کشیدہ قامت لڑکی۔ جوان اُونٹنی۔ ج قراطیس۔
القرطیط والقرطیطۃ: تھوڑی چیز۔
القرطیطۃ: بلاد سختی۔
القرطع: جوں جو اُونٹ کے بدن میں پیدا ہو جائے۔
القرطف والقرطفۃ: مخملی چادر۔
قرطقہ قرطقۃ: کرتا پہنانا۔
تقرطق: کرتا پہننا۔
القرطق: کرتا۔
قرطلہ فی الماء: پانی میں ڈبونا۔
القرطل: ٹوکری۔ کنڈیا ج قراطل
القرطلۃ: گدھے کا ایک جانب کا بوجھ۔
القرطالۃ: پالان کے نیچے کا خوگیر۔ ج قرطال۔
قرطم قرطمۃ۔ الشئ: کاٹنا الطائر: قرطم کے دانے ڈالنا۔
القرطم والقرطم والقرطم والقرطم: عصفر کا دانہ۔
القرطمان: ایک قسم کا غلہ جو ماش کے مشابہ ہوتا ہے۔
خفاف مقرطمۃ: کناروں پر مضبوط سلا ہوا چرمی موزہ جو پتھر کو توڑ دے۔
قرظ (ض) قرظا۔ القرظ: درخت سلم (جو کیکر کے درخت کی مانند ہوتا ہے) کے پتے چننا۔
الادیم: درخت سلم کے پتوں سے دباغت دینا۔
قرظ (س) قرظا: ذلت کے بعد سردار ہونا۔
قرظہ تقریظا: زندہ کی جھوٹی یا سچی مدح کرنا۔
القرظ: درخت سلم کے پتے۔ واحد قرظۃ۔
القراظ: درخت سلم کی پتیوں کا بیچنے والا۔
قرع (ف) قرعا الباب: دروازہ کھٹکھٹانا۔ اور اسی سے مثل ہے "من قرع بابا ولج ولج" جو شخص دروازہ کھٹکھٹائے

اور اصرار کرے وہ داخل ہوتا ہے
الرَّجُلَ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَ رَاسَهٗ
بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی
ماری۔ و "قَرَعَ صَفَاتَهٗ" اس نے اس کی
منقصت کی اور عیب بیان کیا "قَرَعَ سَاقَه
لِلْاَمْرِ" وہ کام کیلئے فارغ ہوا الشَّیَٔ: پسند
کرنا السَّهْمُ الغَايَةَ: تیر کا نشانہ پر لگانا ہٗ
اَمْرٌ: اچانک پیش آنا سِنَّهٗ: ندامت سے
دانت پیسنا۔

قَرَعَ (ن) قَرْعًا فُلَانًا: قرعہ میں غالب
آنا۔ قُرِعَ عَلَيْهِ: تیر اندازی میں مغلوب
ہونا۔

قَرِعَ (س) قَرَعًا وقَرْعًا المَكَانُ: خالی
ہونا مَاءُ البِئْرِ: پانی کا ختم ہونا الرَّجُلُ: تیر
اندازی میں مغلوب ہونا۔ مشورہ قبول کرنا
(قَرْعًا) الرَّجُلُ: گنجا ہونا۔ قَرَّعَ فُلَانًا:
جھڑکی دینا القَوْمَ: رنجیدہ کرنا الفَصِيْلَ:
اُونٹ کے بچے کی پھنسی کا علاج کرنا
الشَّعْرَ: بال کاٹنا۔

قَارَعَهٗ مُقَارَعَةً وقِرَاعًا. باہم قرعہ
اندازی کرنا۔ قَارَعَهٗ فَقَرَعَهٗ: اس نے اس
سے قرعہ اندازی کی اور غالب آیا۔

قَارَعَ و تَقَارَعَ القَوْمَ: قرعہ ڈالنا بعض
کا بعض کو تلوار مارنا بِالرِمَاحِ: آپس میں
نیزہ بازی کرنا۔

اَقْرَعَ. باز رہنا۔ مشورہ قبول نہ کرنا عَنْهُ:
رُکنا المُسَافِرُ: منزل سے قریب ہونا
الغَائِصُ والمَائِحُ: غوطہ خور کا زمین کی تہ
تک پہنچنا الشَّرُّ: ہمیشہ رہنا نَعْلَهٗ: جوتے
میں موٹا پیوند لگانا الحَمِيْرُ: گدھوں کا
ایک دوسرے کو دولتی مارنا الشَّیَٔ: طاقت
رکھنا دَارَہٗ آجُرًّا: اینٹوں کا فرش لگانا۔
فُلَانًا: روکنا اِلَی الحَقِّ: لوٹنا الرَّجُلَ:
عمدہ مال دینا الدَّابَّةَ بِلِجَامِهَا: جانور کو
لگام سے کھینچ کر روکنا بَيْنَ القَوْمِ: قرعہ
ڈالنا۔

تَقَرَّعَ واِنْقَرَعَ. اُلٹنا پلٹنا۔ اِنْقَرَعَ عَنِ
الاَمْرِ: رُکنا عَنِ الحَقِّ باز رہنا۔ تَقَرَّعَ
الجِلْدُ: گنجے پن کی وجہ سے کھال کا چھل
جانا۔

اِقْتَرَعَ الشَّیْءَ: اختیار کرنا۔ پسند کرنا
النَّارَ: آگ روشن کرنا القَوْمُ عَلٰی کَذَا:
قرعہ ڈالنا۔

اِسْتَقْرَعَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا
الکَرْشُ: اوجھ کا سخت ہونا۔

القَرْعُ. س. کدو۔ واحد قَرْعَةٌ.

القَرْعَةُ. قَرَعَ کا اسم مرۃ۔

اَلْقَرَعُون: بادام سخت ہونے سے پہلے۔
(سریانی لفظ)

القَرَعُ. س. سفید پھنسی جو اُونٹ کے
بچوں کو ہوتی ہے۔ گنجا پن۔ سبقت۔
اُونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔ وہ جگہیں
جن میں صرف گھاس ہو اور دوسری
نباتات نہ ہو۔ کھجلی۔

اَلْقَرْعَوْنَةُ: مٹی کا پرانا برتن۔

القَرَعَةُ. ڈھال۔ سر میں گنج کی جگہ۔ پھیلی
ہوئی تلی کا توشہ دان۔ اُونٹوں سے خالی ان
کی خوابگاہ۔

القُرْعَةُ. حصہ۔ توشہ دان۔ اِلْقَاءُ
القُرْعَةِ: قرعہ اندازی (والقَرِيْعَةُ) عمدہ
مال۔ القَرِيْعَةُ: گھر میں سب سے عمدہ
جگہ۔

اَلقَرِعُ. نہ سونے والا۔ مشورہ قبول کرنے
والا۔ تباہ شدہ ناخن۔ اَرْضٌ قَرِعَةٌ: بنجر
زمین۔

القَارِعَةُ: قارع کا مؤنث۔ قیامت۔ قَارِعَةُ
الطَّرِيْقِ: راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ مصیبت۔
ہلاک کرنے والی مصیبت۔ ج قَوَارِعُ.
قَوَارِعُ القُرْآن وہ آیتیں جن کے پڑھنے
سے شیاطین و جنات سے انسان محفوظ
رہے۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَتْهُمْ قَوَارِعُ
الدَّهْرِ" ان پر زمانہ کی سخت مصیبتیں نازل
ہوئیں و "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ قَوَارِعِ فُلَانٍ"
ہم فلاں کی زُبان کی تیزی سے اللہ کی پناہ
مانگتے ہیں۔

القَرَّاعُ اسم مبالغہ۔ ڈھال۔ بہت سخت۔
مؤنث۔ قَرَّاعَةٌ

القَرِيْعُ. قرعہ اندازی کرنے والا۔ قرعہ
اندازی میں غالب۔ قرعہ اندازی میں
مغلوب۔ سردار جوان اُونٹ۔ کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ قَرِيْعُ دَهْرِه" فلاں انتخاب زمانہ
ہے "هُوَ قَرِيْعُ الكَتِيْبَةِ" وہ فوج کا سردار و
کمانڈر ہے "فَصِيْلٌ قَرِيْعٌ" پھنسی والا اُونٹ
کا بچہ۔ ج قَرْعٰی.

القَرُوْعُ. کم پانی والا کنواں۔ بکری جس پر
قرعہ اندازی کریں۔

القِرِّيْعُ مبالغہ۔ سردار۔

الاَقْرَعُ. گنجا۔ جَبَلٌ اَقْرَعُ: بے نباتات کا
پہاڑ۔ عُوْدٌ اَقْرَعُ: چھال اُتری ہوئی لکڑی۔
تُرْسٌ اَقْرَعُ: سخت ڈھال۔ قِدْحٌ اَقْرَعُ:
کنکری سے مانجھا ہوا تیر کہ جس میں نقوش
وغیرہ ظاہر ہو جائیں۔ الاَقْرَعُ: عمدہ لوہے
کی تلوار۔
مِنَ الحَيَّاتِ: زہریلا سانپ کہ زہر کی
وجہ سے اس کے سر کے بال گرگئے ہوں۔
مؤنث۔ قَرْعَاءُ ج قُرْعٌ وقُرْعَان

القَرْعَاءُ. اَقْرَعُ کا مؤنث۔ مصیبت۔ گھر کا
صحن۔ راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ اَرْضٌ قَرْعَاءُ:
چری ہوئی زمین۔

القُرَيْعَا. زمین جس کے کناروں پر پیداوار
ہو اور درمیان میں خالی ہو۔

المِقْرَعُ. گھی یا کھجور کھانے کا برتن۔

المِقْرَعَةُ. کوڑا۔ ہر وہ چیز جس سے کھٹکھٹایا
جائے۔ ج مَقَارِعُ.

المُقْرَعُ. مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کو
لگام کھینچ کر روکا جائے اور وہ اپنے سر کو
بلند کرے۔

المِقْرَاعُ. پتھر توڑنے کی کدال۔

المَقْرُوْعُ. مثلہ۔ سردار۔

القَرَاغُوْلُ. راستہ کا محافظ۔ تاتاری لفظ
ہے اور اس کے لیے عربی لفظ خَفِيْرُ ہے۔

قَرَفَ (ض) قَرْفًا لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا عَلَى الْقَوْمِ: تہمت کرنا۔ بغاوت کرنا۔ حد سے گزرنا۔ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ جھوٹ سچ ملانا الشَّيْءَ چھیلنا۔ ملانا (و قَرَّفَ) فُلَانًا بِكَذَا: عیب لگانا۔ تہمت رکھنا الْقَرْحَةَ: زخم کو چھیلنا۔

قَرِفَ (س) قَرَفًا فُلَانٌ الْمَرَضَ: مرض کے قریب ہونا۔

قَارَفَهٗ مُقَارَفَةً وقِرَافًا: قریب ہونا۔ جماع کرنا۔ قَارَفَ الذَّنْبَ: گناہ میں ملوث ہونا۔

اَقْرَفَ لَهٗ: قریب ہونا۔ اختلاط کرنا۔

اَقْرَفَهٗ: برائی سے یاد کرنا۔ اَقْرَفَ بِهٖ: تہمت لگوانا الجربُ الصحاحَ: بیماری کا چھوت لگنا۔

تَقَرَّفَ الْجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

اِقْتَرَفَ: کمائی کرنا الذَّنْبَ: گناہ کر لینا الْمَالَ: جمع کرنا اور کہا جاتا ہے "قَرَفْتُهٗ بِالْاَمْرِ فَاقْتَرَفَ بِهٖ" میں نے اسے عیب لگایا اور اسے عیب لگ گیا۔

الْقَرْفُ: ایک قسم کے چمڑے کا برتن جس کو انار کے چھلکوں سے دباغت دیتے ہیں۔ گہرا سرخ۔ ج قِرَافٌ و قُرُوْفٌ۔

الْقِرْفُ: درخت کی چھال۔ ہر چھال کو قرف کہتے ہیں اور اسی سے ہے "قِرْفُ الرُّمَّانِ" روٹی کا چھلکا جو تنور میں رہ جائے۔ زمین سے اُکھیڑی ہوئی چیز۔ ناک پر خشک رینٹ ج قُرُوْفٌ واحد قِرْفَةٌ

الْقِرْفُ: لائق۔ مناسب کہا جاتا ہے "هُوَ قِرْفٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔

الْقَرَفُ: مرض کا دوبارہ ہونا۔ میل جول۔ تہمت۔ بیماری کی چھوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَرَفٌ او قَرِفٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔

الْقَرِفُ: گہرا سرخ والا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَحْمَرَ قَرِفًا" میں تم کو بہت سرخ دیکھ رہا ہوں۔

الْقِرْفَةُ: کمائی۔ چھال۔ انار کے چھلکے۔ دار چینی کی ایک قسم جس کو تج کہتے ہیں۔ تہمت۔ جس کے اوپر تہمت لگاؤ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قِرْفَتِيْ" فلاں وہ شخص ہے جس پر میں نے تہمت لگائی ہے و "بَنُوْ فُلَانٍ قِرْفَتِيْ" بنو فلاں وہ لوگ ہیں جن کے متعلق میرا گمان ہے کہ میرا مطلوب ان کے پاس ہے۔

الْقَرُوْفُ: بہت ظلم کرنے والا۔ بڑا بے انصاف۔ توشہ دان۔ ج قُرُفٌ وقُرُوْفٌ۔

الْقَرْفِيُّ والْمُقْرَفُ: وہ شخص جس کے اندر سرخی جھلکتی ہو۔ الْمُقْرِفُ: خسیس۔ حقیر۔ جس کی ماں عربیہ ہو اور باپ غیر عرب۔ وَجْهٌ مُقْرَفٌ: بدصورت چہرہ۔

الاَقْرَفُ: بہت سرخی والا۔

الْقُرَافَةُ: درخت کی چھال۔

الْمَقْرَفُ: وہ جگہ جہاں سے چھال اُتار دی گئی ہو۔

الْمِقْرَافُ: بہت گناہوں کا ارتکاب کرنے والا۔ رَجُلٌ مُقْرُوْفٌ: تپلی کمر والا۔ سبک مرد۔

قَرْفَصَهٗ قَرْفَصَةً: پاؤں کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنا۔

تَقَرْفَصَتِ الْعَجُوْزُ: بڑھیا کا کپڑوں میں لپٹنا۔

الْقُرْفُصٰى: مثلثة الفاء والقُرْفُصَاءُ والقُرْفُصَاءُ: اکڑوں بیٹھنا اور ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ الْقُرْفُصٰى او الْقُرْفُصَاءَ" وہ اکڑوں بیٹھا۔

الْقُرَافِصُ: مضبوط۔

الْقُرَافِصَةُ: ڈاکو۔

قَرْفَطَ الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

اِقْرَنْفَطَ: سمٹنا۔

الْمُقَرْفَلُ مِنَ الْاَطْعِمَةِ: لونگ سے خوشبودار کیا ہوا۔

قَرَقَ (ن) قَرْقًا بِفُلَانٍ: دھوکا دینا۔

قَرَقَتِ الدَّجَاجَةُ: کڑکڑانا اور انڈے یا بچوں کو پروں کے نیچے کرنا۔

قَرِقَ (س) قَرَقًا: ہموار جگہ میں چلنا۔

الْقَرْقُ: بری جڑ۔ عادت۔ حقیر لوگ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ قَرْقٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ج اَقْرَاقٌ۔

الفرق: ایک کھیل ہے خط کھینچ کر گوٹیاں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ خط کی صورت یہ ہے:

الْمَقْرُوْقُ: قرق زدہ

الْقُرْقُ: زیادہ شور سے بولنا۔

الْقُرْقُبُ: ایک چھوٹا پرندہ۔

(والقَرَقُ والقَرِقُ) ہموار جگہ۔

الْقَرْقَذَانُ والْقَرْقَذُوْنُ: سنجاب۔

قَرْقَرَ قَرْقَرَةً الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا

قَرْقَدَ الْخُبْزُ: روٹی خشک ہونا (سریانی لفظ)۔

قَرْقَرَتِ الْحَمَامَةُ او الدَّجَاجَةُ: کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔ مرغی کا کڑکڑانا الْبَطْنُ: پیٹ گڑگڑانا۔ الرَّجُلُ فِيْ ضِحْكِهٖ: بہت زور سے ٹھٹھا مارنا۔ الشَّرَابُ فِيْ حَلْقِهٖ: آواز کرنا۔

الْقَرْقَرَةُ: س۔ کبوتر کی آواز۔ بہت زور کی ہنسی۔ چہرہ کی کھال (والقرقر) پست نرم زمین۔ ج قَرَاقِرُ۔

الْقَرْقَارُ: اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔

الْقُرَاقِرُ والْقُرَاقِرِيُّ: اچھی آواز سے حدی پڑھنے والا۔

الْقَرْقَارَةُ: بہت بک بک کرنے والی عورت (والقَرْقَارَةُ) اونٹ کا جھاگ جو مستی کے وقت نکلتا ہے۔

الْقَرْقَارَةُ: لمبی گردن کا شیشے کا کپ۔

الْقُرْقُوْرُ: بڑی کشتی۔ ج قَرَاقِيْرُ۔

قَرْقَسَ الْكَلْبَ وبِهٖ: کتے کو قُس قُس کہہ کے بلانا۔

الْقِرْقِسُ: مچھر کے بچے۔

القرقوس کشادہ میدان۔
القُرْقُوزُ بکری کا چھوٹا بچہ
قَرْقَشَ سخت چیز کھانا۔
القَراقِش نرم آٹے کو گوند کر گھی ملا کر چینی یا شکر ملا کر پکایا جائے تو میٹھی ٹکیہ۔ نرم آٹا (میدہ) کو مغز کے ساتھ ملا کر گھی میں تلی ہوئی شے۔ نرم ہڈیاں۔
قَرْقَصَ بالجرو کتے کے پلے کو بلانا۔
القُرْقُوص کتے کا پلا۔ ج قَراقِیص
قَرْقَعَ قَرْقَعةً کھٹکھٹانا۔
قَرْقَفَ قَرْقَفةً مِنَ البَرْدِ کپکپی زدہ ہونا
قَرْقَفَهُ البَرْدُ کپکپی ڈالنا۔
الرَّجُلُ فِی الضِّحْكِ والحمامُ فِی الهَدِیرِ آدمی کا ہنسنے میں اور کبوتر کا غٹر غوں کرنے میں زیادتی کرنا۔
القَرْقَفُ شراب۔ ٹھنڈا پانی (والقُرْقُف) ایک چھوٹا سا پرندہ۔
القُرْقُوفُ درہم۔ شراب۔
دِیكٌ قُراقِفٌ بلند آواز مرغ۔
القَرْقَلُ والقُرْقُلُ بے آستین کا کرتہ ج قَراقِل
قَرْقَمَ الصَّبِیَّ بچے کو بری خوراک دینا۔
المُقَرْقَمُ وہ جو جوان نہ ہو اور قوت نہ پکڑ سکے۔
قِرِلَّی ایک چوکنا آبی پرندہ۔
قَرِمَ (ض) قَرْمًا وقُرُومًا ومَقْرِمًا وقَرَمانًا وتَقَرَّمَ الصَّبِیُّ والبَهْمُ تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کرنا۔
قَرِمَ (ن) قَرْمًا الشَّیءَ چھیلنا الطَّعامَ کھانا الرَّجُلَ گالی دینا۔ قید کرنا۔
قَرِمَ (س) قَرَمًا اِلَی اللَّحْمِ گوشت کا خواہش مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرِمْتُ اِلَی لِقائِهِ" اس کی ملاقات کا میں شائق ہوا۔
قَرَّمَهُ کھانا سکھانا۔ قَرَّمَ وأَقْرَمَ الفَحْلَ سانڈ بننے کیلئے کام اور سواری سے فارغ رکھنا۔
اِسْتَقْرَمَ البَكْرُ قَبْلَ اَوانِهِ وقت سے پہلے سانڈ بننا۔
القَرْمُ سر اونٹ کی ناک پر داغ جوئے کے تیر کی علامت۔ سانڈ جو سواری اور کام سے فارغ رکھا جائے۔ سردار عظیم۔ ج قُرُوم۔
القَرْمَة والقُرْمَة اونٹ کی ناک کی کٹی ہوئی کھال۔
القَرْمَة والقِرام اونٹ کی ناک کاٹنے کا موقع
القِرام سرخ پردہ یا باریک کپڑا۔
القُرامَة اونٹ کی ناک سے کٹا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔ روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا ہوا رہ جائے۔ عیب۔ اونٹ کا سینہ۔
الاَقْرَمُ مِنَ الجِمالِ اونٹ جو باندھا نہ جائے۔ ناک پر داغ لگا ہوا۔ مؤنث قَرْماء۔ ج قُرْم۔
القُرْم ایک گھاس جو سفیدی اور موٹائی میں چنار کے درخت کی مانند ہوتی ہے۔
قَرْمَدَ قَرْمَدَةً الكِتابَ باریک لکھنا۔ قریب قریب لکھنا۔ قَرْمَدَ فِی المَشْیِ قریب قریب قدم رکھنا الشَّیءَ قرمد کا طلا کرنا (دیکھئے قرمد)
القَرْمَدُ ہر وہ چیز جس کو زینت کے لیے کسی پر لگائیں۔ جیسے زعفران اور گچ وغیرہ۔ پختہ ٹھیکری۔ اینٹ (دخیل)
القُرْمُودُ پہاڑی بکرا۔ پہاڑی بکری کا بچہ ج قَرامِید۔
القِرْمِید اینٹ جس سے پلاسٹر کیا جائے جیسے گچ وغیرہ واحد قِرْمِیدَة (دخیل)
القُرْمِیدَة پہاڑی بکری ج قَرامِید
القِرْمِز سرخ رنگ عِنْدَ الاَساكِفَة وہ کھال جو سرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہو۔
القِرْمِزِیَّة کیڑوں کی ایک قسم۔
القِرْمِزِیُّ جو سرخ رنگ کا ہو۔
قَرْمَشَهُ بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ قَرْمَشَ الشَّیءَ جمع کرنا۔
القَرْمَش والقِرْمِش والقِرْمِیش مِنَ النّاسِ طرح طرح کے لوگ۔
قَرْمَصَ وتَقَرْمَصَ سردی زدہ آدمی کا گرمی حاصل کرنے کیلئے گڑھے میں داخل ہونا۔
القَرامِیص گرمی حاصل کرنے کے لیے گڑھے بنانا۔
القِرْماص والقُرْمُوص اندر سے چوڑا اور تنگ منہ کا گڑھا جس میں سردی زدہ گرمی حاصل کرتا ہے۔ بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔ کبوتر کا گھونسلہ۔ ج قَرامِیص۔ القُرْمُوص شکاری کا گڑھا۔ زمین میں پرندہ کا گھونسلہ۔
قَرْمَطَ قَرْمَطَةً الكِتابَ باریک اور قریب قریب لکھنا فِی خَطْوِهِ قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔
القُرْمُوط ایک قسم کی مچھلی۔ کبریلا کی گولی۔ ج قَرامِیط
القَرامِطَة شیعوں کا ایک غالی فرقہ واحد قَرْمَطِیّ
قَرْمَلَهُ پچھاڑنا۔
القَرْمَل بے کانٹوں کا ایک کمزور درخت واحد قَرْمَلَة
القِرْمِل دو کوہان والا اونٹ۔ بہت اون والا اونٹ کا بچہ۔ ج قَرامِل
القَرامِل والقَرامِیل مِنَ الشَّعْرِ والصُّوفِ بالوں یا اون کا بنا ہوا عورت کا موباف۔
قَرَنَ (ض) قَرْنًا الشَّیءَ و بالشَّیءِ باندھنا۔ ملانا الثَّوْرَیْنِ دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھنا البَعِیرَیْنِ دو اونٹوں کو ایک رسی میں باندھنا۔
قَرَنَ (ن) قِرانًا الفَرَسُ دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پڑنا بَیْنَ الشَّیءِ و الشَّیءِ جمع کرنا۔
قَرِنَ (س) قَرَنًا ملی ہوئی بھنووں والا ہونا۔ صفت اَقْرَن۔ قَرِنَ ذُوالقَرْنِ بڑے سینگ والا ہونا۔
قَرَّنَهُ جمع کرنا۔ باندھنا۔ کہا جاتا ہے

"قُرِنَت الاساری فی الحبال" قیدی رسیوں میں باندھے گئے۔
قارنہ قرانا و مقارنۃ: ساتھی ہونا۔ ملنا۔
اقرن بین الامرین: جمع کرنا۔ (قرن افصح ہے)
الرجلین: دو تیر چلانا۔ دو قیدیوں کو ایک رسّی میں لانا۔ سینگ والے مینڈھے کی قربانی کرنا۔ ہر رات میں ایک سلائی سرمہ لگانا الدم فی العرق: خون کا رگ میں زیادہ ہونا اور جوش مارنا افاطیر وجہ الغلام: لڑکے کے چہرہ پر پھنسیاں نکلنا
السماء: لگاتار برسنا۔ ہمسر ہونا۔ ایک رسّی میں بندھے ہوئے دو اُونٹ دینا عن الطریق: راستہ سے ہٹ جانا۔ پھر جانا۔
علی غریمہ: قرضدار پر تنگی کرنا۔
اقرنت الثریا: بلند ہونا الدمل: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا للامر: توانا ہونا عنہ: عاجز ہونا۔
تقارن الرجلان: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اقترن الشیٔ بغیرہ: متصل ہونا۔ ملنا۔
استقرن الدمل: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا الدم فی العرق: خون کا رگ میں زیادہ ہونا الرجل للامر: توانا ہونا لفلان: ہمسر ہونا۔
القرن: ج۔ سینگ۔ والقرن فی الانسان: انسان کے سر کا وہ حصّہ جہاں پر جانور کے سینگ نکلتا ہے قرن الشمس: آفتاب کی پہلی شعاع القرن من المطر: بارش کا جھلا۔ کہا جاتا ہے "ھو علی قرنی" وہ میری عمر کا ہے القرن: سو سال ایک زمانے کے لوگ۔ ایک گروہ کے بعد ایک گروہ۔ زمانہ کا ایک وقت۔ ج قرون۔ القرن: چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ قلعہ۔ عورت کے گیسو القرن من الجراد: ٹڈی کے سر کے دو بال۔ درخت کی چھال کی بٹی ہوئی رسّی۔ مال یا اُون کا ایک گچھا۔ ج قرن و قران۔ والقرن من القوم: سردار و من السیف: تلوار کی دھار۔ قرن الشیطان و قرناہ: شیطان کی رائے کے پابند و حید القرن: گینڈا۔
ذوالقرنین: بادشاہ اسکندر مکدونی کا لقب۔ منذر بن ماء السماء کا لقب۔
القرن: کفو۔ ہمسر۔ مقابل۔ شجاعت یا علم میں نظیر۔ ج اقران
القرن: س دُوسرے سے ملا ہوا۔ رسّی جس میں دو اُونٹ بندھے ہوئے ہوں۔ ترکش ج قران تلوار۔ تیر۔ ج قران
القران: قیدی کے باندھنے کی رسّی ہل کے بیلوں کی گردن میں باندھنے کی چھال کی رسّی۔ رسّی جس کو باندھ کر اُونٹ کو کھینچیں۔ ج قرن حج کی ایک قسم جس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھتے ہیں۔ ج قرانات
القرنۃ: ہر چیز کا اُٹھا ہوا کنارہ۔ تلوار یا نیزہ کی دھار۔ ج قرن
القارن: فا (ج) قارن: تیر و تلوار سے مسلح۔ القارن: حج قران کرنے والا۔
القرین: دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ ساتھی۔ مصاحب۔ شوہر۔ نفس۔ ج قرناء
القرین العین: سرگیں آنکھ۔
القرانی: نزدیک۔ تانت۔ جو اُونٹ کی کھال کی بٹی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "جاؤ اقرانی" ملے ہوئے آئے۔
القرینۃ: قرین کا مؤنث۔ بیوی۔ نفس۔
قرینۃ الکلام: جو کلام کے مراد پر دلالت کرے ج قرائن۔ دور قرائن: آمنے سامنے کے مکانات۔
القران: شیشی۔
القرون: ایک مرتبہ میں دو دو لقمے کھانے والا وہ جانور جس کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ میں دوڑنے میں پڑیں۔ وہ اُونٹنی جس کے بیٹھنے میں دونوں گھٹنے مل جائیں (والقرونۃ) نفس۔
الاقرن: سینگوں والا۔ ملی ہوئی بھنوؤں والا۔ مؤنث قرناء۔ حیۃ قرناء: سانپ جس کے سر پر گوشت کے دو ٹکڑے اُبھرے ہوئے ہوں۔
اقتران او اجتماع القمر بالشمس: سورج اور چاند اپنی اپنی جگہ پر ہوں اور زمین ان کے درمیان نہ ہو۔ اور سورج کو گرہن تب ہوتا ہے جس وقت وہ چاند کے ساتھ مل جائے۔
القرنیا: ایک درخت کا نام جس کے پھول خیمہ کی طرح ہوتے ہیں۔ اور اس کے پھل کھائے جاتے ہیں۔
القرنیاء: لوبیا۔
المقرن: جوا ہل کا۔
المقرن: بلند کنارے والا جس کے لیے سینگ کے مشابہ بنایا جائے۔
المقرنۃ: مقرن کا مؤنث۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو پاس پاس ہوں۔
القرنان: مرد دیوث۔
القرناء: سورۃ جو ہر رکعت میں پڑھی جائے۔
القیروان: گھوڑوں کا گلہ۔ تالا۔ فوج کا بڑا حصّہ۔
القرنبی: لمبی ٹانگوں کا ایک کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے اور مثل ہے "القرنبی فی عین امھا حسنۃ" قرنبی اپنی ماں کی نگاہ میں اچھا معلوم ہوتا ہے۔
القرنب: جنگلی چوہا۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔
القرنب: کمر۔
قرنس وقرنس البازی: باز کی آنکھوں کو سینا قرنس الدیک: مرغ کی لڑائی سے بھاگ جانا۔
القرناس والقرناس: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصّہ۔ چرخے کا تکلا۔ القرنوس: موزے کی نوک۔ ج قرانیص
سقف مقرنس: سیڑھی کی طرز پر بنی ہوئی چھت۔

القَرَنْفُل والقَرَنْفُوْل. لونگ۔ واحد قَرَنْفُلَةٌ و قَرَنْفُوْلَةٌ.

المُقَرْفَل. مِنَ الاَطْعِمَةِ: لونگ ڈالا ہوا کھانا۔

قَرِه(س) قَرَها وتَقَرَّه جِلْدُهٗ: کھال کا چھلنا یا بہت مار سے سیاہ ہونا۔ داد کی کثرت سے داغ داغ ہونا۔ صفت اَقْرَه. مؤنث قَرْهَاءج قُرْهٌ.

القَارِهَا مِنَ الجِلْدِ: خشک کھال۔

القَرْهَب. بوڑھا بیل. مِنَ المَعْزِ: بہت اُون والی بکری۔ القَرْهَب. سردار قوم۔ بوڑھا۔

قَرَا يَقْرُو قَرْوًا اِلَيْهِ: قصد کرنا بِالرُّمْحِ فُلَانًا: نیزہ مارنا۔ صفت مذکر قَارٍج قُرَاةٌ وقَارُوْن صفت مؤنث قَارِيَةج قَوَارٍ و قَارِيَات قَرَا واسْتَقْرىٰ واِقْتَرىٰ الاَمْرَ: تتبع کرنا۔ تلاش کرنا۔ اِسْتَقْرىٰ الدُمَّلُ: پھوڑے کا پیپ والا ہونا۔

اَقْرَىٰ اِقْرَاء. پیٹھ میں درد ہونا۔

القَرَاء. پیٹھ۔ ج اَقْرَاء و قِرْوَان. کدو۔

القَرْو. س۔ نہر کی مانند لمبا حوض۔ زمین جس کو طے نہ کیا جا سکے۔ کولھو کی نالی۔ چھوٹا برتن۔ کھجور کے درخت کا نچلا حصّہ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بنایا جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ کھوکھلا بانس۔ ایک ہی طریقے کی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ قَرْوًا واحدًا" میں نے ان کو ایک طریقہ پر چھوڑا۔ و "قَصِيْدَتَان عَلىٰ قَرْوٍ واحِدٍ" دو قصیدے ایک ردی پر "و تُرِكَتِ الاَرْضُ قُرُوًّا" تمام زمین پر بارش چھا گئی اَصْبَحتِ الارضُ قُرُوًّا واحِدًا: زمین کی سطح پانی سے ڈھک گئی۔ ج قُرُوٌّ واَقْرَاء واَقْرٍ وقُرِیٌّ.

القَرْو والقَرْوَة. خَصْيَتَيْن کی کھال کی کھنچاوٹ قَرْوَةُ الرَاس سر کا کنارہ۔

القَرْ والقَرْوَة والقِرْوَة والقُرْوَة کتے کا ٹھیکرا۔

القَرْوَاء. عادت۔ دُبر۔ نَاقة قَرْوَاء: لمبے کوہان والی اُونٹنی (جمل اقرٰی نہیں کہا جاتا)

القِرْوَان. پیٹھ یا پیٹھ کا درمیانی حصّہ ج قِرْوَانَات.

القَرْوَانِّی. خصْيَتَيْن کی کھال کی کھنچاوٹ والا۔

القَرْوٰی. عادت۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلىٰ قَرْوَاه" اپنی عادت پر لوٹ گیا۔

القَرِیٌّ. ایک ہی طریقہ کی چیزیں۔ قَرِیُّ القَصِيْدَةِ: قصیدہ کا ردی۔

المَقْرىٰ. ٹیلہ کی چوٹی۔ ج مَقَارٍ

المُقْرَوْرِی. لمبی پیٹھ والا۔

شَاةٌ مَقْرُوَّة. بکری کہ اس کے سر میں ایک لکڑی لگا دیتے ہیں تاکہ وہ اپنے دودھ کو نہ پی سکے۔

قَرىٰ يَقْرِی قِرًى وقَرَاءً الضَيْفَ. مہمان کی میزبانی کرنا (قَرْی وقَرْيًا) المَاءَ فِی الحَوْضِ: پانی حوض میں جمع کرنا البَعِيْر وكُلُّ مَا اِجْتَرَّ: جگال کو جبڑے میں جمع کرنا الجُرْحُ: زخم کا بہنا المِدَّةُ فِی الجُرْحِ: زخم میں پیپ کا جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَيْتُ فِیْ شِدْقِی جَوْزَةً" میں نے اپنے جبڑے میں اخروٹ کو چھپایا۔ قَرَىٰ يَقْرِی قَرًى وقَرْيًا وتقری واِسْتَقْرىٰ البِلَادَ: تلاش کرنا۔ چکر لگانا۔

اَقْرىٰ اِقْرَاءً: گاؤں میں رہنا کسی شئے کو لازم رہنا اور اصرار کرنا (واِسْتَقْرىٰ) مہمانی طلب کرنا۔

اِقْتَرىٰ. مہمانی طلب کرنا الضَيْفَ: مہمان کی میزبانی کرنا البلاد: تلاش کرنا اور چکر لگانا واقترى فُلانا بقَوْلِهِ: تلاش کرنا۔

القِرىٰ. مہمانی کا کھانا۔ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے۔

القَرْيَة والقِرْيَة. جائداد۔ گاؤں۔ لوگوں کی جماعت۔ ج قُرىٰ وقِرىٰ اور نسبت کے لیے قَرَوِیٌّ وقَرْيِیٌّ قَرْيَةُ النَمِلِ: چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ قَرْيَةُ الْاَنْصَارِ: مدینہ طیبہ والقَرْيَتَانِ: مکہ معظمہ اور طائف۔

القَرِیٰ. جما ہوا دودھ۔ ٹیلہ سے باغ کی طرف بہنے والی نالی۔ نالی۔ ج اَقْرِيَةٌ واَقْرَاءٌ وقُرْيَان.

القَرِيَة. لاٹھی۔ چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ بادبان کے اوپر کے حصّہ کی لکڑی جو عرض میں لگائی جاتی ہے ج قَرَايَا.

القَارِی. فا۔ دیہاتی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ كُلُّ قَارٍ وبَادٍ" میرے پاس ہر ایک دیہاتی اور شہری آیا۔

القَارِيَة. قاری کا مؤنث۔ مکان لوگوں سے بھرا ہوا۔ تلوار کی دھار۔ نیزہ کا نچلا حصّہ یا اوپر کا حصّہ۔ ج قَوَارٍ کہا جاتا ہے "هُمْ قَوَارِی اللّٰهِ" وہ اللہ کے شہدا ہیں (والقَارِيَة) ایک پرندہ□ چھوٹی ٹانگوں اور لمبی چونچ کا جس کی پیٹھ سبز ہوتی ہے۔ ج قَوَارٍ وقَوَارِیٌّ.

القَارَاة. لوگوں سے بھری ہوئی جگہ ج قَارِيَات.

المِقْرىٰ والمِقْرَاة ہر وہ جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

المِقْرىٰ والمِقْرَاء. میزبان۔ بہت مہمانی کرنے والا۔ مؤنث مِقْرَاة ومِقْرَاءٌ.

المِقْرىٰ والمِقْرَاة: بڑا پیالہ جس میں مہمان کے سامنے کھانا پیش کیا جائے۔ ج مَقَارٍ المَقَارِی ہانڈیاں۔

قَزَّ(ن ض) قَزًّا. کودنے کے لیے سمٹنا۔ کودنا۔ قَزَّتْهُ نَفْسِیْ وقَزَّتْ عَنْهُ نَفْسِیْ: نفرت کرنا۔ انکار کرنا۔ (قُزًّا وتَقَزَّزَ) مِنَ الدَنَسِ وكُلِّ مَا يُسْتَقْذَرُ ويُسْتَخْبَثُ: مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔

القَزّ. س۔ ریشم جس سے نکالا جائے۔ دُوْدُ القَزِّ: ریشم کا کیڑا۔ ج قُزُوْز (دخیل)

القَزّ والقِزّ والقُزّ والقَزَز والقُزَّاز. گندگی سے بچنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی

طَعامه قزٌّ ولا قزٌّ ولا قَزازة" اس کے کھانے میں ایسی کوئی چیز نہیں جس سے پرہیز کیا جائے اور اسے مکروہ سمجھا جائے۔

القزّاز. بڑا سانپ۔ اژدھا۔

القازّ. فا۔ شیطان۔

القازوزة. چھوٹی شیشی۔ طشت۔

القزّاز. ریشم بیچنے والا عند العامة ریشم کے کیڑے کی تربیت کا ماہر۔

قزب (ن) قزبا. بہت جماع کرنا۔

قزب (س) قزبا. سخت ہونا۔

القازب. سوداگر۔

القزب. لقب۔

قزبر قزبرة. جماع کرنا۔

قزح (ف) قزحا القدر. ہنڈی میں مسالہ ڈالنا۔ الشئ. بلند ہونا۔

قزحت قزحا وقزحانا القدر. اُبلنا۔

قزّح القدر. ہانڈی میں مسالہ ڈالنا۔ قزّح الحديث. مزین کرنا۔ بغیر جھوٹ بولے ہوئے پورا کرنا۔ قزّح الشجر. بڑھنے کیلئے جڑ میں پیشاب ڈالنا۔

تقزّح النبات او الشجر. زیادہ شاخ دار ہونا۔

القزح. س۔ کتے کا پیشاب۔ مسالہ۔

القُطَارة. قطرہ۔ تھوڑا پانی۔

القِطَار مِنَ الإبِل: اونٹوں کی قطار ج قُطُر وقُطُرات. ٹرین۔

القِطَارَة. اونٹوں کو ایک قطار میں ایک کے پیچھے ایک باندھنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِه قِطَارَةُ جِمَالٍ" اس کے اوپر اونٹوں کی قطار گزری۔

القُطَارِيّ والقُطَارِيَّة. سانپ۔

القَاطِر. فا ٹپکنے والا گوند۔ دم الاخوین۔

القَاطِرَة. قاطر کا مؤنث۔ انجن۔

المِقْطَرُ والمِقْطَرَةُ. دھونی دینے کی [illegible] ج مَقَاطِر. المِقْطَرة: قیدیوں کے پیر میں ڈالنے کی لکڑی۔

المُقَاطَرَة. غلے وغیرہ کو وزن سے لینا۔ اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیہ کو اسی حساب سے بلا وزن اٹکل سے لینا اور کہا جاتا ہے "اَكْرَاهُ مُقَاطَرَةً" یعنی آمدورفت کے لیے کرایہ کیا۔

المَقْطُوْر: [illegible] قطران ملا ہوا۔ اَرْضٌ مَقْطُوْرَةٌ. بارش شدہ زمین۔

قَطْرَبَ. جلدی کرنا ہ پچھاڑنا۔

تَقَطْرَبَ. سر کو حرکت دینا۔

القُطْرُب. چور۔ چوہا۔ بال گرا ہوا بھیڑیا۔ بھوت۔ چھوٹے جن۔ ایک کیڑا جو ہر وقت حرکت کرتا رہتا ہے۔ جاہل۔ بزدل۔ سفیہ۔ پچھاڑا ہوا۔ مالی خولیا کی ایک قسم۔ چھوٹے کتے۔ ایک خار دار پودہ ہے کہ گزرنے والے سے الجھتا ہے۔

قَطْرَنَ البَعِيْرَ. اونٹ پر قطران ملنا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا ومَقْطَعًا وتِقِطَّاعًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔ جدا کرنا ہ عَنْ حَقِّه: منع کر دینا۔ قَطَعَ الصَلوٰةَ: باطل کرنا فِي القَوْلِ: یقین کرنا الطَرِيْقَ عَلَى السَالِكِيْنَ: چلنے والوں کو راستے سے روکنا اور خوفناک بنانا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا وقُطُوْعًا النَهْرَ: نہر عبور کرنا ہ بِالقَطِيْعِ او السَوْطِ: بچی یا کوڑے سے مارنا ہ بِالحُجَّةِ: خاموش کر دینا۔ لاجواب کر دینا لِسَانَه: احسان کر کے زبان بندی کرنا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا وقَطِيْعَةً رَحِمَهُ: رشتہ داروں سے جدائی اختیار کرنا (قَطْعَةً) الصَدِيْقَ: دوست کو چھوڑ دینا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا الحَوْضَ: حوض کو آدھے تک بھر کر پانی روک دینا فُلَانٌ الحَبْلَ او بالحَبْلِ: اپنے آپ رسی سے گلا گھونٹنا عُنُقَ دابتِه: بیچنا لَهُ قِطْعَةً مِنَ المَالِ: مال کو دینے کیلئے اس کا ایک حصہ جدا کرنا (قَطِيْعَةً) السَيِّدُ عَلَى عَبْدِه: مالک کا اپنے غلام پر ٹیکس مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَنِي الثَوْبُ" کپڑا میرے قد کیلئے کافی ہے۔

قَطَعَ(ف) قُطُوْعًا وقِطَاعًا وقَطَاعًا مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا یا کم ہونا۔ قَطَعَتِ الطَيْرُ: پرندوں کا ٹھنڈے ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔ صفت قَوَاطِع.

قَطِعَ(ک) قَطَاعَةً بکلام پر قادر نہ ہونا۔ لِسَانُهُ: زبان کی تیزی کا جاتا رہنا۔

قَطِعَتْ (س) قَطَعًا وقَطْعًا وقَطْعَةً وقُطَاعًا يَدُهُ: مرض کی وجہ سے یا کاٹنے سے جدا ہونا۔

قُطِعَ النَفَسُ: سانس کٹ جانا الرَجُلُ: عاجز ہونا یا ناامید ہونا بِه: آرزو پوری ہونے سے پہلے روکا جانا۔ صفت مَقْطُوْعٌ بِه۔

قَطَّعَ الشَيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الشِعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا الخَمْرَ بالماءِ: شراب میں پانی ملانا الفَرَسُ الخَيْلَ: گھوڑے کا سبقت کرنا اللهُ عَلَيْهِ العَذَابَ: گونا گوں عذاب دینا الفَرَسُ الجَرْيَ: نشاط کی وجہ سے قسم قسم کی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "قَطَّعَنِي الثَوْبُ" کپڑا میرے قد کیلئے کافی ہے و "هٰذَا الثَوْبُ يُقَطِّعُكَ قَمِيْصًا" یہ کپڑا تمہارے کرتے کے لیے کافی ہے۔ کہا جاتا ہے "قُطِّعَ فِي بَطْنِه" اس کے پیٹ میں مروڑ ہوا۔

قَاطَعَهُ مُقَاطَعَةً. قطع تعلق کرنا۔ قَاطَعَ الاَجِيْرَ عَلَى كَذَا وكَذَا مِنَ الاَجْرِ والعَمَلِ: اجرت پر کام طے کرنا فُلَانٌ فُلَانًا بِسَيْفَيْهِمَا: ایک دوسرے کو تلوار دکھلانا کہ کس کی تلوار عمدہ ہے وقَاطَعُوْا لُحُوْمَهُم بالسَيْفِ: ایک دوسرے کے گوشت کو کاٹنا۔

اَقْطَعَ الرَجُلُ: لاجواب ہونا عَنْ اَهْلِه: اپنے اہل سے جدا ہونا مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا فُلَانًا: نہر عبور کرانا ہ الحَطَبَ: لکڑی کاٹنے کی اجازت دینا ہ بالحُجَّةِ: دلیل سے خاموش کر دینا الاَمِيْرُ الجُنْدَ البَلَدَ: جاگیر دینا۔ اَقْطَعَكَ الشَيْءُ: منقطع ہونا۔ اَقْطَعَتِ السَمَاءُ بِمَوْضِعِ كَذَا: بارش رک جانا۔ اَقْطَعَ القَوْمُ: قوم سے بارش کا منقطع ہونا الدَجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رکنا۔ کڑک ہونا اور کہا

جاتا ہے "اَقْطَعَنِي الثَّوْبُ" کپڑا میرے قامت کے لیے کافی ہے۔

تَقَطَّعَ. کٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تَقَطَّعَ الظِلُّ: سمٹنا۔ کم ہونا۔ تَقَطَّعُوْا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ: اپنے درمیان معاملہ میں تفریق کر لینا۔ کہا جاتا ہے تَقَطَّعَتْ عَلٰى هٰذَا الْجَوَادِ اَعْنَاقُ الْخَيْلِ: یعنی اس گھوڑے سے گھوڑوں کی گردنیں نہیں ملیں۔

اِنْقَطَعَ. کٹنا۔ وقت ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ الحَرُّ والبَرْدُ" گرمی یا سردی ختم ہوگئی۔ اِنْقَطَعَ السَّيْفُ: تلوار کا ٹوٹنا مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا الغَيْثُ: بارش کا رُکنا الكَلَامُ: کلام کا رُک جانا النَهرُ: نہر کا خشک ہونا یا روک دیا جانا اللَّبَنُ: دودھ میں پانی کا حصہ خشک ہو جانا لِسَانُهُ زُبان کی تیزی کا جاتا رہنا اِلٰى فُلَانٍ: خاص تعلق رکھنا۔

اُنْقُطِعَ بِالمُسَافِرِ: سواری کے جانور کا ہلاک ہونا یا زادِ راہ کا ختم ہونا۔ صفت مُنْقَطَعٌ بِه۔

تَقَاطَعَا. ایک دوسرے سے قطع تعلق کرنا۔ تَقَاطَعَ الشَيْئُ: جدا جدا ہونا۔

اِقْتَطَعَ مَالَ فُلَانٍ: اپنے لیے لینا مِنَ المَالِ قِطْعَةً: کچھ لینا مَا فِي الْاِنَاءِ: برتن کا سب کچھ پی لینا۔

اِسْتَقْطَعَه بَلَدًا او ثَوْبًا: جاگیر دینے کو کہنا۔ کپڑا قطع کرنے کو کہنا۔

اِقْطَوْطَعَتِ الطَيْرُ: پرندوں کا سرد ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔

القَطْعُ. مص۔ کہا جاتا ہے "اَلْاَمْرُ وَاقِعٌ قَطْعًا" یعنی امر یقینًا واقع ہے۔ "وَاِنِّي اَقْطَعُ بِذٰلِكَ قَطْعًا" میں اس کا یقین رکھتا ہوں۔

القِطْعُ. درخت کا کاٹا ہوا ٹکڑا۔ نیزے کا چوڑا اور چھوٹا پھل ج اَقْطَاع اَقْطُع وقِطَاع. سوار کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ایک قسم کا منقش کپڑا، رات کا ایک ٹکڑا۔ ج قُطُوْع واَقْطَاع. کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قِطْعٌ او اَقْطَاعٌ" کٹا ہوا کپڑا۔

القُطْعُ. پیٹ کا درد اور مروڑ۔ سانس پھولنا (والقُطْعَة) گرمی کی وجہ سے کنوئیں کے پانی کا خشک ہونا۔

القُطْعُ فِي الفَرَس: گھوڑے کی بعض رگوں کا کٹنا۔

القُطْعُ والقُطْعَة. رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنے والا۔

القَطِعُ. جس کی آواز بند ہو جائے۔

القِطْعَة. چیز کا حصہ۔ ج قِطَع. والقِطْعَةُ مِنَ الشِعْرِ: دس یا سات یا اس سے کم اشعار کی نظم۔

القُطْعَة. زمین کا ٹکڑا۔ جو کسی کو دینے کے لئے جدا کیا جائے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ سفید آٹا۔ سفید آٹے کی بھوسی۔ کتاب کی فصل۔ ج قُطَعٌ و قُطُعَات (والقَطَعَة) کاٹنے کی جگہ۔ کٹے ہوئے ہاتھ کا بقیہ۔ ج قَطَع وقَطَعَات. قُطُعَاتُ الشَجَرِ وقُطُعَاتُهَا وقَطَعَاتُها. درخت کی گرہ کے اطراف کہ جن کے کاٹ دینے کے بعد پھر دوبارہ نکلے۔

القِطَاع. کاٹنے کا آلہ۔ ج قِطَعَةٌ (والقَطِيْع) رات کی پہلی تہائی۔ القِطَاع والقِطَع دراہم۔

القُطَاعَة. کاٹنے میں جو گرے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ لقمہ جس میں سے آدھا کھا لیا جائے اور آدھا رہنے دیا جائے۔

القِطَاعَة. في اصطلاح عامة النصارٰى: گوشت اور بعض کھانے کی چیزوں سے بعض مخصوص دنوں میں پرہیز۔

القَطِيْع. بکریوں اور چوپایوں کا گلہ۔ ج قُطْعَان و قِطَاع واَقْطَاع وجج اَقَاطِيْع چھڑ۔ جس سے تیر بنایا جائے۔ درخت یا ٹہنی سے جو کاٹا جائے۔ ج قُطْعَان وقِطَاع واَقْطِعَة واَقْطُع واَقَاطِع وقُطُع وقُطُعَات نظیر۔ شبیہ۔ جیسے "هُوَ قَطِيْعُه" وہ خلقت اور قد میں اس کے مشابہ ہے ج قُطَعَاء واَقْطِعَاء. کہا جاتا ہے "هُوَ قَطِيْعُ القِيَامِ" وہ بوجہ ضعف یا فربہی کے اُٹھنے سے عاجز ہے "واِمْرَاَةٌ قَطِيْعُ الكَلَامِ" کم سخن عورت۔ "رَجُلٌ قَطِيْعٌ" سانس پھولا ہوا مرد۔ مؤنث۔ قَطِيْعٌ اِمْرَاَةٌ قَطِيْعٌ وقَطُوْعٌ کھڑے ہونے میں سست عورت۔ کہا جاتا ہے اِتَّقُوا القُطَيْعَاء قطع تعلقات سے بچو۔

القَطِيْعَة. جدائی۔ وظیفہ۔ قطع تعلقات۔ ٹیکس۔ جاگیر۔ ج قَطَائِع.

الاِقْطَاعَة. جاگیر۔ ج اِقْطَاعَات.

التَقْطِيْع. مص۔ پیٹ میں مروڑ۔ تَقْطِيْعُ الرَجُلِ: قدوقامت۔ ج تَقَاطِيْع.

الاُقْطُوْعَة. قطع تعلقات کی علامت جو ایک دوسرے کو بھیجے۔

القَاطِع. فا۔ روکنے والا۔ کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر کپڑا وغیرہ قطع کیا جائے۔ کہا جاتا ہے قُطِعَ الاَدِيْمُ عَلَى القَاطِعِ. لَبَنٌ قَاطِعٌ: کھٹا دودھ بُرْهَانٌ قَاطِعٌ: ایسی دلیل جو سارے شکوک و شبہات کا ازالہ کرنے والی ہو۔ سَيْفٌ قَاطِعٌ: شمشیر براں۔ قَاطِعُ الطَرِيْقِ: چور ڈاکو ج قُطَّع وقُطَّاع.

القَاطِعَة. قاطع کا مؤنث ج قَوَاطِع.

طَيْرٌ قَوَاطِعُ: جاڑے اور گرمی میں ایک جگہ نہ رہنے والے پرندے۔

القَطَّاع. اسم مبالغہ۔ القَطَّاع فِي اصطلاح البنائين: پتھر کاٹنے والا۔

القَطُوْع. بہت کاٹنے والا مِنَ النُوْقِ: اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔

الاَقْطَع. کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ بہرا۔ مؤنث قَطْعَاء ج قُطْعٌ وقُطْعَان. رَحْمٌ قَطْعَاءُ: قطع تعلقات۔

المَقْطَع. کاٹنے یا کٹنے کی جگہ ج مَقَاطِع. کہا جاتا ہے "شَرَابٌ لَذِيْذُ المَقْطَعِ" پینے

کی چیز جس کا آخر خوشگوار ہو "مقاطِعُ الأنهار" نہروں میں جہاں گزر سکیں۔ "مَقَاطِعُ الکَلام" وقف کرنے کے مواقع مقطعُ الحق: جس سے باطل منقطع ہو جائے المَقْطَع: حرکت کرنے والا حرف۔ یا دو حرف جس میں دوسرا ساکن ہو۔ مَقْطَعُ الحرف: حرف کا مخرج۔ المُقْطَع. جس کی حجت منقطع ہو گئی ہو۔ دلیل سے عاجز و خاموش۔
المُقْطَع. اجنبی۔ مسافر۔ عورتوں کی خواہش نہ رکھنے والا۔ وہ شخص جس کا نام دیوان وظائف میں نہ ہو یا وہ شخص جس کے ہمسروں کو ملے اور وہ محروم رہے۔ مُقْطَعُ النهر: دریا کی پایاب جگہ۔
المِقْطَع. کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر چمڑا وغیرہ کاٹا جائے۔ سَیْفٌ مِقْطَع: شمشیر براں۔
المِقطَاع. بھائی چارہ پر قائم نہ رہنے والا۔ بِئرٌ مِقطَاعٌ: کنواں جس کا پانی جلدی نیچے اُتر جائے مِقطَاعُ الکَلامِ: وہ شخص جو لوگوں کو لاجواب کر دینے کا عادی ہے۔
المقطعة. کاٹنے کی جگہ۔ کاٹنے کا سبب کہا جاتا ہے "الهجرُ مقطعةٌ للوُدّ" یعنی جدائی دوستی کے قطع کا سبب ہے۔
المُقطَعة والمُقطَعات. چھوٹے کپڑے اور یہ اسم جنس ہے اس کیلئے مفرد نہیں۔ بلکہ سارے چھوٹے چھوٹے کپڑوں کو مقطعات ومقطعة کہتے ہیں و مُقطّعات الشئ: کسی چیز کے وہ طریقے جن کی طرف اس کی تحلیل و ترکیب ہو۔ المُقطّعات من الشعر. چھوٹے اشعار یا رجز۔ مُقطِّعُ الاسحار ومقطعة الاسحار ومقطعة القلوب: خرگوش۔
المُنقطع من الوادی و نحوہ: وادی کا آخری سرا۔
المنقطع. فلان کہا جاتا ہے "منقطع القرین" وہ معدوم النظیر ہے "هو منقطع

العقال فی الشر" یعنی کوئی اس کا روکنے والا نہیں۔
المُنقطِع. فلا۔ پستہ قد۔ غرة منقطعة پیشانی کی سپیدی نتھنوں سے آگے بڑھ کر آنکھ تک پہنچنے والی۔
المُقطعُون: عیسائیوں کے نزدیک وہ لوگ جو فوت ہو گئے اور ان کے لئے نماز جنازہ پڑھنے والا اور گناہوں کا کفارہ دینے والا نہ ہو۔
قَطَفهُ (ض) قطفا وقطفه: خراش کرنا۔ چھیلنا۔
قطف وقطّف واقتطف الثمر پھل چننا۔ جمع کرنا الشئ: اُچک لینا۔ قطف مَعسلته: شہد نکالنا۔ قطف الکلام کلام کا خلاصہ کرنا۔
قطف (ن ض) قطافا وقطوفا الفرس وغیرہ: گھوڑے کا آہستہ چلنا۔
اَقطف الکرم انگور توڑنے کے قابل ہونا الرجل: سُست رفتار جانور کا مالک ہونا۔
القَطف. س۔ خراش ج قطوف
القطف. اثر۔ نشان۔ ج قطوف ایک سبزی؛ ایک پہاڑی درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے۔ واحد قطفة
القِطف توڑا ہوا پھل۔ انگوروں کا خوشہ ج قطاف وقطوف
القطفة. ایک خار دار سبزی جس کا اندرونی حصہ سرخ اور پتے اس کے خاکستری ہوتے ہیں۔
القطاف والقطاف میوہ توڑنے کا موسم۔ قطاف بروزن قطام بمعنی لونڈی۔
القُطافة. میوہ توڑنے کے وقت جو گر پڑے۔
القَطُوف. من الدواب: سُست رفتار۔ جانور ج قطف
القطیف والمقطوف. توڑا ہوا۔
القطیفة. چھور دار چادر ج قطف و

[illegible] ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے اور وہ چونکہ چھور کے مشابہ ہوتا ہے اس وجہ سے اس کو قطائف کہتے ہیں۔
[illegible] ایک قسم کی گھاس ہے جس کو [illegible] بھی کہتے ہیں۔
[illegible] ٹوکری جس میں پھل چنا جائے ج [illegible]
[illegible] پھل توڑنے کا آلہ۔ خوشہ کی جڑ ج [illegible]
[illegible] پستہ قد۔
[illegible] اولے برسانا۔ باریک بارش برسانا۔ [illegible] چکور کا آواز کرنا۔
[illegible] مرد کا معاملات میں خود سر ہونا [illegible] جانا۔ سفر کرنا۔
[illegible] ڈول کا کنوئیں میں اُترنا۔
[illegible] چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
[illegible] اولہ یا چھوٹے قطرہ کی بارش۔
[illegible] تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے [illegible] یعنی گھوڑے گروہ گروہ آئے۔
[illegible] (ن ض) [illegible] کاٹنا [illegible] گردن پر مارنا۔ [illegible] پچھاڑنا یا ایک پہلو پر گرا دینا۔
[illegible] تنہ کا جڑ سے کٹنا۔
[illegible] کٹا ہوا۔ کہا جاتا ہے [illegible] یعنی جڑ سے کٹا ہوا۔
[illegible] چھاڑن جس سے پانی وغیرہ صاف کیا جائے۔
[illegible] پکا ہوا۔
[illegible] کاٹنے کا لوہا ج [illegible]
[illegible] ایک درخت ہے جس میں انگور کے مانند سبز دانے آتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو سرخ ہو جاتے ہیں اور میٹھے

ہوتے ہیں واحد قَطْلَبَةٌ۔
قَطَمَ(ض) قَطْمًا دانت سے کاٹ کر چکھنا۔ قَطَمَ العُوْدَ دانت سے کاٹ کر سختی نرمی معلوم کرنا۔
الشَّيْءَ کاٹنا اللحمَ وغيرَہ گوشت وغیرہ کا خواہش مند ہونا الصَقْرُ اِلَى اللحم: شکرہ کا گوشت کا خواہش مند ہونا۔
قَطِمَ(س) قَطَمًا گوشت وغیرہ کا خواہش مند ہونا۔ صفت قَطِم۔
قَطَّمَ الشَّارِبُ پینے والے کا چکھنا اور منہ بنانا۔
القَطَام شکرا۔ گوشت کا خواہش مند شکرا۔
القَطَامِيّ والقُطَامِيّ تیز نظر کا شکرا جو شکار کی طرف نظر اُٹھائے ہوئے ہو۔
القَطَامِيّ والقُطَامِيّ تیز شراب۔ رَجُلٌ قَطَامِيّ معاملات میں خودسر مرد۔
القُطَامَة جو منہ سے کاٹا جائے پھر پھینک دیا جائے۔
القَطِم غضبناک۔
القَطِيْمَة دودھ جس کا مزہ متغیر ہوگیا ہو۔ ٹکڑا۔ غلّہ کا ایک لپ۔ کہا جاتا ہے شَيْءٌ مُرُّ المَقْطَمِ مزے کے لحاظ سے کھٹ مٹھی چیز۔
المِقْطَم چنگل ج مَقَاطِم۔
المُقَطَّم مصر کے ایک پہاڑ کا نام۔
القِطْمِير والقِطْمَار کھجور کی گٹھلی کے شگاف کا باریک چھلکا یا کھجور کی گٹھلی کے اوپر باریک چھلکا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْهُ قِطْمِيرًا" یعنی میں نے اس سے کچھ نہیں پایا۔ القِطْمِير اصحاب کہف کے کتے کا نام۔ اور امام ابن کثیر مفسر کے نزدیک قُطْمُوْر ہے۔
قَطَنَ(ن) قُطُوْنًا فِي المَكَان و بِهٖ: اقامت کرنا۔ وطن بنانا۔ الرَّجُلَ خدمت کرنا۔
قَطِنَ(س) قَطَنًا. ظَهْرَہٗ پیٹھ کا جھکنا۔ صفت اَقْطَن۔
قَطَّنَهٗ بِالمَكَان: اقامت کرانا۔ قَطَّنَ الكَرْمُ انگور کی بیل کا شگوفہ دار ہونا۔
القَطَن ج۔ اقامت کی جگہ۔ پرندہ کی دم کی جڑ۔ دونوں سرینوں کے درمیان۔ پشت انسانی کا پست اور ہموار حصّہ۔ ج اَقْطَان۔
القُطْن والقُطُن رُوئی۔ ایک ٹکڑے کو قُطْنَةٌ کہتے ہیں اور قُطْن اسم جنس ہے اور کبھی اس کی جمع اَقْطَان آتی ہے۔
القِطْنَة والقَطِنَة اوجھ کا پرت دار حصّہ۔
القَطِنَة سرینوں کے درمیان کا گوشت۔
القِطَان ہودج کی لکڑی۔ ج قُطُنٌ۔
القَطَانَة ہانڈی۔ دیگ۔
القُطْنِيَّة والقِطْنِيَّة دانے جو پکائے جائیں۔ جیسے مسور، چنا وغیرہ۔ ج قَطَانِيّ۔ رُوئی کے بنے ہوئے کپڑے۔
القَاطِن فا۔ ج قُطَّان وقَاطِنَة وقَطِين۔
القَطِيْن: بمعنی قاطن۔ جمع قاطن۔ گھر کے لوگ۔ خادم۔ نوکر چاکر (واحد و جمع) یا ج قُطُن کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ قَطِيْنُ فُلَانٍ" یعنی یہ لوگ فلاں کے نوکر چاکر ہیں۔ "قَطِيْنُ اللهِ" اللہ کے حرم کے رہنے والے لوگ۔
القَطِيْنَة گھر کے رہنے والے۔
القَطَّان رُوئی کا بیچنے والا۔
قَاطِنَاتُ مَكَّةَ وقُطَّنُهَا مکہ کے کبوتر۔
القَيْطَان ریشم وغیرہ سے جو رسّی کی مانند بنا جائے۔
المَقْطَنَة زمین جس میں رُوئی بوئی جائے۔
اليَقْطِيْن بیل والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ۔ کدو کیلئے اکثر مستعمل ہے واحد يَقْطِيْنَة۔
القَيْطُوْن بڑے کمرہ میں چھوٹا کمرہ۔
قَطَا يَقْطُوْ قَطْوًا بوجھل چال سے چلنا۔
القَطَا قَطَا کا آواز کرنا الماشي آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا۔
تَقَطّٰى دیر کرنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کے پیچھے پر سوار ہونا لِاَصْحَابِهٖ: ساتھیوں کو فریب دینا بِوَجْهِهٖ عَنْهُ: رُوگردانی کرنا؛ اعراض کرنا۔
اِقْطَوْطٰى آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا۔
القَطَاط کبوتر کے برابر ایک پرندہ۔ ج قَطًا وقَطَوَات وقَطَيَات۔ القَطَاةُ مِنَ الدَابَةِ: چوتڑ۔ ردیف کے بیٹھنے کی جگہ۔ دونوں سرینوں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا فِي الْاَرْضِ يَقْطًا" زمین میں متفرق ہوگئے۔
القَطْوَان والقَطَوَان والقَطَوْطٰى: آہستہ چلنے والا۔ القَطَوْطٰى لمبی ٹانگوں والا۔
القَطِيَا ناریل کی چھال کی رسّی۔
قَعَّلَ) قَعًّا بے باکی سے گفتگو کرنا۔
اَقَعَّ القَوْمُ کھودنا اور کھاری پانی پر بھیڑ کرنا۔
القُعّ والقُعَاع مِنَ المِيَاهِ: بہت زیادہ کھاری پانی کہ اس سے زیادہ کھاری پانی نہ ملے۔
قَعَّبَ الحَافِرُ سم کا گنبد دار ہونا فُلَانٌ فِي الكَلَامِ: حلق کے انتہائی حصّہ سے بولنا۔
القَاعِب بلبلانے والا بھیڑیا۔
القَعْب بڑا پیالہ ج اَقْعُب وقِعَاب وقِعَبَة قَعْبُ الكَلَامِ کلام کی گہرائی۔
القُعْبَة پہاڑ کا گڑھا۔
القَعِيْب عدد کثیر۔
اَلْقِعْبِلُ: عود، اگر
القَعْبَل والقِعْبِل سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔ القَعْبَل دودھ دوہنے کا پیالہ۔ مرد درشت خو۔
قَعَثَ(ن) قَعْثًا وقَعْثَةً لَهٗ مِنَ الشَّيْءِ: لپ بھر دینا (وقَعَثَ) الشَّيْءَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
اَقْعَثَ فِي مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا لَهُ العَطِيَّةَ بہت دینا۔

اِقْتَعَثَ الحَافِرُ: کھودنے والے کا کنوئیں سے بہت مٹی نکالنالَهُ العَطِيَّةَ: بہت دینا۔
اِنْقَعَثَ. جڑ سے اُکھڑنا الحَائِطُ: دیوار کا جڑ سے گرنا۔
القَعِيْثُ. آسان۔ موسلا دھار بارش۔ بڑا سیلاب۔
قَعَدَ (ن) قُعُوْدًا ومَقْعَدًا. کھڑے سے بیٹھنا (قُعُوْدًا) کھڑا ہونا۔ قَعَدَبِهٖ: بٹھانا۔
قَعَدَ عَنْ حَاجَتِهٖ: پیچھے رہنا فُلَانٌ بِقِرْنِهٖ: ہمسر ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ بِی عَنْكَ شُغْلٌ" مجھ کو تم سے کام کاج نے روک دیا لِلْحَرْبِ: جنگ آزما۔ لوگوں کو مہیا کرنا۔
قَعَدَتِ النَّخْلَةُ: دوسرے سال پھل دینا الفَسِيْلَةُ: پودے کا تنہ والا ہونا۔
المَرْاَةُ: عورت کے شوہر کا لاپتہ ہونا۔ اور صار اور طفق کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "قَعَدَ يَشْتِمُنِی" وہ مجھے گالی دینے لگا۔
قَعَّدَهٗ. خدمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَّدَ اَبَاهُ" اس نے اپنے باپ کو بٹھا دیا۔ یعنی اس کی کمائی اس کے باپ کے لیے بھی کافی ہے۔ قَعَّدَهٗ عَنْ كَذَا: روک دینا۔
اَقْعَدَهٗ. بٹھانا۔ اَقْعَدَهٗ عَنِ الْاَمْرِ: روک دینا اَقْعَدَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا الرَّجُلَ: کھڑا کرنا۔ خدمت کرنا اَبَاهُ: کمائی کی مشقت کے لیے کافی ہونا البِئْرَ: کنواں بیٹھنے کے لائق کھودنا اور پانی تک نہ پہنچنا۔ اُقْعِدَ: قُعَاد کی بیماری والا ہونا (قُعَاد ایک بیماری ہے جس میں آدمی چلنے پھرنے سے معذور رہتا ہے)
تَقَعَّدَ. توقف کرنا ٹال مٹول کرنا۔ کام کا انتظام کرنا تَقَعَّدَ عَنِ الْاَمْرِ: طلب کرنے کو چھوڑنا۔
مُقَاعَدَهٗ مُقَاعَدَةً. دوسرے کے ساتھ بیٹھنا۔
تَقَاعَدَ بِهٖ فُلَانٌ: حق ادا نہ کرنا۔
اِقْتَعَدَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو سواری بنانا۔

کہا جاتا ہے "مَا اِقْتَعَدَكَ عَنْهُ" کس چیز نے تم کو اس سے روکا۔
القَعَد. وہ لوگ جو شریک جنگ نہ ہوں۔ فوجی لوگ جن کی تنخواہ مقرر نہ ہو۔ خوارج۔
القَعْدَة قَعَد کا اسم مرۃ۔ انسان کے لیے سواری۔ غالیچہ (والقِعْدَة) اتنی جگہ جو بیٹھنے میں گھرے۔ القِعْدَة: بیٹھنے کی ہیئت۔ بِئْرٌ قِعْدَةٌ: انسان کے بیٹھنے کی مقدار کا گڑھا۔
ذُوْ القَعْدَة و ذُوْالقِعْدَة: قمری مہینوں میں سے گیارہواں مہینہ۔
القُعْدَة. بیٹھنے کی چیز۔ گدھا مِنَ الاِبِلِ: چرواہے کے لیے ہر حاجت میں سواری کا اُونٹ ج قُعْدَات.
القُعْدَةُ. سواری۔ غالیچہ۔
القُعَدة. بہت بیٹھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُعَدَةٌ ضُجَعَةٌ" وہ بہت بیٹھنے والا لیٹنے والا ہے۔ یعنی بہت کاہل ہے۔
الإِقْعَاد والقُعَاد. ایک بیماری ہے جس کو یہ لاحق ہوتی ہے وہ چلنے پھرنے سے معذور ہوتا ہے۔
القِعَاد. بیوی۔
القَاعِد. ج قُعُوْد. غلّے سے بھرے ہوئے گون۔ عورت جس کے لڑکا اور شوہر کوئی نہ ہو۔
القَاعِدَة. قَاعِد کا مؤنث۔ قَاعِدَةُ التِّمْثَال: وہ بلند چبوترہ وغیرہ جس پر مجسمہ نصب کیا جائے والقَاعِدَةُ مِنَ البَيْتِ: بنیاد مِنَ الهَوْدَجِ: ہودہ کی لکڑی مِنَ البِلَادِ: بڑا شہر ج قواعد۔ والقَاعِدَةُ فِی الاِصْطِلَاحِ: اصل کلی جو سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
القُعْدِیُّ والقُعْدِيَّة والقِعْدِيَّة بہت بیٹھنے والا۔ القُعْدِیُّ: عاجز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُعْدِیٌّ ضُجْعِیٌّ" بہت بیٹھنے اور لیٹنے والا مرد۔
القَعُوْد والقَعُوْدَة مِنَ الاِبِلِ: چرواہے کا ہر حاجت میں سواری کا اُونٹ۔ القَعُوْد: اُونٹ کا بچہ۔ جوان اُونٹ۔ ج اَقْعِدَةٌ وقُعُدو قِعْدَان و قَعَائِد.
القَعِيْد. (واحد جمع مذکر مونث) ہم نشین۔ نگہبان۔ ٹڈی کہ ابھی اس کے پر اچھی طرح سے نہ نکلے ہوں۔ پرندہ یا ہرن جو تمہارے پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لی جائے (اور یہ نطیح کے خلاف ہے) قَعِيْدَا كُلِّ اَمْرٍ: دائیں بائیں کے محافظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَعِيْدُ النَّسَبِ" فلاں قریب النسب ہے۔
القُعَيِّد. قعود کی تصغیر۔ اور اسی سے مثل ہے "اِتَّخَذُوْهُ قُعَيِّدَ الحَاجَاتِ" جب کہ کسی شخص سے ساری ضرورتوں میں کام لیں۔
الاَقْعَدُ النَّسَبِ: مورث اعلیٰ سے قریب النسب۔
القَعِيْدَة. عورت۔ بیٹھنے کی چیز۔ بورا۔ ج قَعَائِد.
المَقْعَد. بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَقَاعِد.
المَقْعَدَة. بیٹھنے کی جگہ۔ شخص کا نچلا حصہ۔ پاخانہ کرنے کا برتن۔
المُقْعَد. قُعَاد کی بیماری والا۔ اپاہج۔ اُبھری ہوئی پستان۔ گدھ کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُقْعَدُ الْاَنْفِ" یعنی اس کے نتھنے کشادہ ہیں و"فُلَانٌ مُقْعَدُ الحَسَبِ" فلاں شریف نہیں ہے۔
المُقْعَدَة. مُقعد کا مؤنث۔ کنواں کھودا جائے اور بغیر پانی نکلے ہوئے چھوڑ دیا جائے۔
المُقْعَدَات. مینڈکیں۔ قطا کے بچے اُٹھنے سے پہلے۔
القُعْدُد والقُعْدَد والقُعْدُوْدُ مورث اعلیٰ سے قریب النسب۔ مورث اعلیٰ سے بعید النسب (ضد) القُعْدُدُ: بزدل۔ کمینہ۔ مکارم اخلاق سے باز رہنے والا۔ گمنام۔

رَجُلٌ قُعْدُوْدَة. بزدل۔

قَعَرَہ (ف) قَعْرًا. پچھاڑنا۔ قَعَرَ الشَجرَةَ: درخت کو جڑ سے اُکھیڑنا الإِنَاءَ: برتن سے سب کچھ پی لینا البِئْرَ: کنوئیں کی گہرائی میں اُترنا۔ گہرا کرنا۔ قَعَرَتِ الشَاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔

قَعُرَ (ک) قَعَارَةُ المَاءِ: پانی بہت گہرائی میں ہونا۔

قَعَّرَ البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا فِيْ كَلَامِهٖ: حلق سے بولنا الرَّجُلُ: چیخنا الشَّيْئَ: گہرا بنانا۔ وقَعَّرَتِ الشَاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔

أَقْعَرَ البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا النَجْمُ: ستارے کا برتن کے پیندے میں ظاہر ہونا۔

تَقَعَّرَ. گہرا ہونا۔ پچھڑنا۔ منقلب ہونا فِيْ كَلَامِهٖ: حلق سے بولنا الشَّيْئُ: گہرا ہونا۔

اِنْقَعَرَ. اُکھڑنا۔ مرنا۔

القَعْر. س مِنْ كُلِّ شَيْئٍ: گہرائی۔ القَعْر: بڑا پیالہ۔ پست زمین۔ عقل کامل۔ قَعْرُ الفَمِ: منھ کا اندرونی حصہ ج قُعُوْر. اور کہا گیا ہے "مَا فِي هٰذَا القَعْرِ مِثْلُهٗ" یعنی اس شہر میں اس جیسا کوئی نہیں۔ و جَلَسَ فُلَانٌ فِي قَعْرِبَيْتِهٖ" کنایہ ہے ہمیشہ گھر میں رہنے سے۔

القَعْرَة والقُعْرَة. جو چیز پیالہ کے گڑھے کو چھپا لے۔ القُعْرَة: پست زمین۔ کہا جاتا ہے اِنَاءٌ قَعْرَان ومِقْعَار زیادہ گہرا پیالہ وقَصْعَةٌ قَعْرِى: پیالہ جس میں کوئی چیز ہو جو اس کے گڑھے کو چھپا لے۔ وقَدَحٌ قَعْرَان: گہرا پیالہ۔

القَعُوْر والقَعِيْر. زیادہ گہرا۔

القَيْعَر والقَيْعَار والمِقْعَار. حلق سے بولنے والا۔ قَعْبٌ مِقْعَار: زیادہ گہرا بڑا پیالہ۔

المُقَعَّر. گہرا۔ المُقَعَّرمِنَ الخُطُوْطِ: دھنسی ہوئی لکیریں۔

القَعُوْر. گہرا کنواں۔

قَعْرَطَ قَعْرَطَةً. اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ ڈھانا۔

قَعَزَ (ف) قَعْزًا. الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا مَا فِي الْإِنَاءِ: برتن سے سب کچھ پی جانا۔

قَعِسَ (س) قَعَسًا واقْعَنْسَسَ. سینہ نکلنا اور پیٹھ دھنسنا۔ صفت قَعِس ج قُعْسَان واَقْعَس مؤنث قَعْسَاء ج قُعْسٌ.

قَعَسَ (ن) قَعْسًا. سینہ اُبھار کر اور پیٹھ دھنسا کر چلنا الشَّيْئَ: موڑنا۔

قَعَسَ (ض) قَعْسًا. بتکلف سینہ اُبھار کر اور پیٹھ دھنسا کر چلنا۔

اَقْعَسَ. توانگر ہونا۔

تَقَاعَسَ. سینہ نکالنا عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا فُلَانٌ: سینہ نکلنے والے کے مشابہ ہونا الفَرَسُ وغَيْرُهٗ: ہانکنے والے کے تابع نہ ہونا العِزُّ: عزت کا پائیدار ہونا۔

القُعَاس. ایک بیماری جس سے بکریاں بہت مرتی ہیں۔

الاَقْعَس. بلند۔ عِزٌّ اَقْعَس: عزت ثابت۔ مؤنث قَعْسَاء ج قُعْسٌ وعِزَّةٌ قَعْسَاءُ: عزت۔ پائیدار۔ لَيْلٌ اَقْعَسُ: لمبی رات۔ بَعِيْرٌ اَقْعَسُ: سر پیٹھ گردن جھکا ہوا اُونٹ۔ فَرَسٌ اَقْعَسُ: پست پیٹھ کا گھوڑا۔

المُقْعَنْسِس. فا۔ سخت۔ ج مَقَاعِس و مَقَاعِيْس.

تَقَعْوَسَ الشَّيْخُ: بہت بوڑھا ہونا البَيْتُ: گرنا الرَّجُلُ: پیچھے ہٹنا اور آگے نہ بڑھنا۔

القَعْوَس. بہت بوڑھا۔ مضبوط پیٹھ والا۔

قَعْسَبَ قَعْسَبَةً: خوف کی وجہ سے تیز دوڑنا۔

القُعَاسِب. بلند قامت۔

قَعْسَرَ قَعْسَرَةً. مضبوطی سے پکڑنا۔

قَعْسَرَ عَلَيْهِ: قوی ہونا الشَّيْئُ: سخت ہونا۔

القَعْسَرِيّ. مضبوط اُونٹ۔ چکی کا ہتھا (Handel) عِزٌّ قَعْسَرِيٌّ: عزت قدیم۔ اصلی عزت۔

قَعَشَ (ف) قَعْشًا. الحَائِطَ: دیوار گرانا؛ ڈھانا الشَّيْئَ: جمع کرنا۔

اِنْقَعَشَ. گرنا القَوْمُ: جانا۔

القَعْش. س۔ ہودہ کی مانند عورتوں کی سواری ج قُعُوْش.

قَعَصَهٗ (ف) قَعْصًا واِقْتَعَصَهٗ. جگہ پر قتل کرنا۔ جگہ پر مار ڈالنا۔

قُعِصَتِ الشَاةُ. قُعَاص کی بیماری ہونا۔ (دیکھو قعاص) دودھ دوہنے میں مارنے والی ہونا۔

اِنْقَعَصَ. جگہ ہی پر مرنا الشَّيْئُ: مڑنا۔

القُعَاص. ایک بیماری ہے جو سینہ میں ہوتی ہے اور گردن کو توڑ دیتی ہے۔

القَعْص. س۔ فی الفور موت۔ منہدم شدہ مکان۔

القَعَاص والمِقْعَص والمِقْعَاص. شیر جو شکار کو فوراً مار ڈالے۔

القَعُوْص. بکری جو دوہنے والے کو مارے اور دوہنے نہ دے۔

قَعَضَ (ن) قَعْضًا الغُصْنَ: شاخ کو موڑنا۔

اِنْقَعَضَ. جھکنا۔

القَعْض. س۔ جھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "عُوْدٌ قَعْضٌ" جھکی ہوئی لکڑی۔ یہ وصف بالمصدر ہے۔

قَعْضَبَ قَعْضَبَةً. جڑ سے اُکھیڑنا۔

القَعْضَب. بہت دلیر۔ قوی۔ القَعْضَبَة: سختی۔

قَعَطَ (ف) قَعْطًا. بہت چیخنا۔ بزدل ہونا۔ خشک ہونا فُلَانًا: دھکا دینا۔ پچھاڑنا۔ الشَّيْئَ: ضبط کرنا عَنْ وَجْهِهٖ: چہرہ کھولنا۔ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا (واِقْتَعَطَ) العِمَامَةَ: سر پر پگڑی باندھنا۔ قَعَطَ وقَعَّطَ الدَابَةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ صفت قَعَّاط وقَعَّط وقَعَّطَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ: قرض دار پر سختی کرنا۔ تقاضا کرنے میں سختی کرنا۔ وقَعَّطَ فِي القَوْلِ: بیہودہ بکنا۔

قَعِطَ(س) قَعْطًا:ذلیل ہونا۔
اَقْعَطَ. سخت چیخنا فِي الْقَوْلِ:بیہودہ بکنا۔
اَقْعَطَهٗ:اہانت کرنا۔ ذلیل کرنا الْقَوْمُ عَنْهُ:
علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا فِيْ اَثَرِهٖ:پیچھے دوڑنا۔
تَقَعَّطَ وانْقَعَطَ السَّحَابُ:بادل کا کھل
جانا۔
اَلْقَاعِطُ. فا۔ قرض دار پر سختی کرنے
والا۔
اَلْقِعَّاط والمُقَعَّط.سخت قسم کا گھمنڈی۔
اَلْقَعْط.س.بہت بکریاں۔
اَلْمِقْعَط والمِقْعَطَة.عمامہ۔ پگڑی جو سر
کے اوپر باندھی جائے۔
قَعْطَبَ. الشَّيْءَ.کاٹنا۔
قَعْطَرَهٗ.پچھاڑنا۔ مضبوط باندھنا۔ قَعْطَرَ.
الإِنَاءَ:برتن بھرنا۔
اِقْعَطَرَ.سانس منقطع ہونا۔
قَعْطَلَةً.پچھاڑنا۔ قَعْطَلَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ:
قرض دار سے قرض کے مطالبہ میں سختی
کرنا۔
اَلْقَعْطَل.تیز۔ جلد باز۔
قَعَفَ(ف) قَعْفًا. التُّرَابَ:تیز دوڑنے
کی وجہ سے غبار اُڑانا النَّخْلَةَ:درخت خرما
کو جڑ سے اُکھیڑنا مَا فِي الْإِنَاءِ:برتن سے
سب کچھ پی لینا اَلْمَطَرُ الْحِجَارَةَ:بارش کا
پتھر کو بہا لے جانا۔
قَعِفَ(س) قَعْفًا الْحَائِطُ:دیوار کا گرنا۔
تَقَعَّفَ وانْقَعَفَ واقْتَعَفَ الْحَائِطُ:دیوار
کا جڑ سے منہدم ہونا اَلْجُرُفُ:وادی کے
کناروں کا گرنا اَلشَّيْءُ:اپنی جگہ سے زائل
ہونا۔ واِقْتَعَفَ الشَّيْءَ:جڑ سے لینا۔
اَلْقَعَف.س.چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو
سلسلہ وار ہوں۔
اَلْقَاعِف فا۔ سخت بارش۔
سَيْلٌ قُعَافٌ.سخت سیلاب جو تمام چیزوں
کو بہا لے جائے۔
قَعْفَزَ الرَّجُلُ:اکڑوں بیٹھنے والے کی طرح
بیٹھنا فِي الْمَشْيِ:چھوٹے چھوٹے قدم
سے چلنا لَهُ الْكَلَامَ:کسی کو سخت کلامی سے
اپنے آپ سے ہٹانا۔
تَقَعْفَزَ. الرَّجُلُ:بیٹھنا۔
اِقْعَنْفَزَ. اُس شخص کی بیٹھک کی بیٹھنا جو
کودنے کو تیار ہو۔
اَلْقَعْنَزٰى.اس شخص کی بیٹھک جو کودنے
کو تیار ہو۔
قَعْقَبَ قَعْقَبَةً.زخم کرنا۔
اَلْقَعْقَبَة.زخم۔
اَلْقَعْقَب.ایک قسم کا پرندہ جو سانپوں کو
کھاتا ہے۔
قَعْقَعَتْ عُمُدُهُمْ : کوچ کرنا اَلشَّيْءَ
الْيَابِسَ : آواز کے ساتھ حرکت دینا
الْقِدَاحَ:تیروں کو جوئے میں گھمانا فِي
الْاَرْضِ:جانا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ مَا يُقَعْقَعُ
لَهٗ بِالشِّنَانِ" اس شخص کے متعلق جو
حوادثات زمانہ سے خائف نہ ہو اور بیباک
رہے۔
تَقَعْقَعَ.مضطرب ہونا۔ متحرک ہونا۔
حرکت کے وقت آواز دینا۔ تَقَعْقَعَتْ
عُمُدُهُمْ:وہ کوچ کر گئے۔
اَلْقَعْقَاع.ہتھیار کی جھنکار۔ خشک کھجور۔
لرزہ کے ساتھ بخار۔ دشوار گزار راستہ
(والقُعْقَانی)وہ شخص جس کے چلنے میں
پیر کے جوڑوں سے آواز نکلے۔
اَلْقَعَاقِع.بادل کے گرج کی لگاتار سخت
آواز اور یہ قَعْقَعَة کی جمع ہے۔ اَلْقَعْقَعَة
دانتوں کی کڑکڑاہٹ۔
اَقْعَلَّ وَاقْعَالَّ اِقْعِنْلَالًا. النَّوْرُ:شگوفہ
نکلنا۔ اِقْعَالَّ الرَّاكِبُ:سوار کا سیدھا ہونا۔
اِقْتَعَلَ. الْقُعَالَ.شگوفہ کو دور کرنا۔
اَلْقُعَالَة.واحد قُعَال.شگوفہ جو جھڑ جائے۔
اُونٹ کا گرا ہوا خون۔
قَعَمَ(ن) قَعْمًا السِّنَّوْرُ:بلی کا میاؤں
میاؤں کرنا۔
قَعِمَ(س) قَعَمًا واُقْعِمَ الرَّجُلُ:بیمار ہو
کر فوراً مرنا۔ اَقْعَمَتِ الْحَيَّةُ:ڈسنا اور فوراً
مار ڈالنا۔
الشَّمْسُ:آفتاب کا بلند ہونا۔
اَلْقَعْم.س.بلی کی آواز۔
اَلْقَعَم.ناک میں جھکاؤ۔
قُعْمَةُ. الْمَالِ:عمدہ مال۔
اَلْقَيْعَم.بلی۔ بوڑھا اُونٹ۔
قَعِنَ(س) قَعَنًا الْاَنْفُ:ناک کا چپٹا ہونا۔
بانسہ بلند ہونا۔ صفت اَقْعَن.مؤنث قَعْنَاء
ج قُعْنٌ اور تصغیر قُعَيْن.
اَلْقَعْن.آٹا گوندھنے کا بڑا برتن۔
قَعِيَ يَقْعٰى قَعًا.بانسہ کا بلند ہونا پھر جھکنا۔
صفت اَقْعٰى.مؤنث قَعْوَاء.
اَقْعَى الْكَلْبُ:کتے کا چوتڑ پر بیٹھنا اَنْفَهٗ:
ناک بلند بانسہ والی ہونا فَرَسَهٗ:گھوڑے کو
پچھلے پاؤں لوٹانا۔
قَعَا يَقْعُوْ قَعْوًا وقُعُوًّا الفَحْلَ والطَّائِرُ:
جفتی کرنا۔
اِقْتَعٰى.جفتی کرنا۔
اَلْقَعْو.س.لکڑی یا لوہے کا دھرا جس پر
چرخی گھومتی رہے۔ اَلْقَعْوَان :دو لکڑیاں یا
لوہے کہ جس میں چرخی کا دھرا ہوتا ہے ج
قُعِيٌّ.
اَلْقَعْوَة.ران کی جڑ۔ ج قُعِيٌّ.
قَفَّ(ن) قُفُوْفًا الْعُشْبُ او الشَّجَرُ:
گھاس یا درخت کا خشک ہونا۔ قَفَّتِ
الْاَرْضُ:خشک پیداوار والی ہونا الشَّعْرُ:
رونگٹے کھڑا ہونا الشَّيْءُ : سمٹنا۔ سکڑنا
الثَّوْبُ:کپڑے کا دھونے کے بعد خشک
ہونا الصَّيْرَفِيُّ:صراف کا دو انگلیوں کے
درمیان دراہم کو چرانا۔
اَقَفَّ.خشک چراگاہ پانا۔ اَقَفَّتِ الدَّجَاجَةُ:
مرغی کا انڈے دینے سے رُکنا الْعَيْنُ:آنسو
خشک ہونا۔
اِسْتَقَفَّ.سمٹنا۔ سکڑنا۔
اَلْقَفّ والقَفِيْف.خشک سبزی۔
اَلْقَفُّ. پستہ قد۔ چیز کا بیرونی حصہ۔
کلہاڑی کا سوراخ۔ کلہاڑی کے مانند ایک

چیز۔ بلند زمین۔ چٹانی زمین سلسلہ وار کہ جس کے درمیان نرم زمین نہ ہو۔ پہاڑ کے مانند سیاہ بادل۔ قُفُّ البِئْرِ: کنوئیں کے اردگرد کا چبوترہ۔ مِنَ النَّاسِ: مختلف قسم کے لوگ ج قِفَاف و اَقْفَاف۔

القُفَّة. خشک درخت۔ خشک کدو۔ کلہاڑی کی مانند ایک چیز۔ بلند زمین۔ کھجور کی پتیوں کی ٹوکری۔ ج قُفَف۔

القُفَّة و القَفَّة. مِنَ الرِجَال: پستہ قد۔ کمزور۔ القُفَّة: خرگوش۔ القُفَّة و القَفَّة و القِفَّة بخار کی وجہ سے کپکپی۔

القِفَة. اسم نوع۔ نوزائیدہ بچے کا پہلا پاخانہ۔

القَفَّاف. صراف جو درہم کو اُنگلیوں کے درمیان چرالے۔

القَفَّان. امانت دار۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ عَلَى قَفَّانِ ذٰلِكَ" میں اس کے پاس اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ "وَ هٰذَا قَفَّانُه" یہ اُس کا وقت ہے۔

القُفَّان: جماعت۔

قَفِئَ (س) قَفَأً المَكَانُ: بارش یا مٹی پڑ جانے کی وجہ سے تباہ شدہ پودوں والی ہونا۔

اِقْتَفَأَ الخَرْزَ: توشہ دان وغیرہ کی سلائی دوبارہ کرنا۔

قَفْشَلَ الشَّيْءَ: جلدی سے لے جانا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔

قَفَحَه (ف) قَفْحًا. ناپسند کرنا اور چھوڑ دینا۔ الشَّيْءَ: دوا کی طرح پھانکنا۔ قَفَحَ عَنِ الشَّيْءِ: باز رہنا۔

القَفِيْحَة. مکھن جس پر بکری کا دودھ دوہا جائے۔

قَفَخَهُ (ف) قَفْخًا و قِفَاخًا. مارنا۔ کھوکھلی یا خشک چیز یا سر پر ہی مارنے کے لئے مستعمل ہے۔

القَفِيْخَة. ایک قسم کا کھانا جو چربی اور کھجور سے بنایا جاتا ہے۔

القَفْخَة. گائے جو جفتی کی خواہش مند ہو۔

القُفَاخ. متناسب الاعضاء پُر گوشت عورت۔

القُفَاخِرِي: نازک بدن پُر گوشت۔

قَفَدَ (ض) قَفْدًا. کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَقْفِدُلَكَ مُذِ اليَوْمِ" میں آج کے دن تمہارے لئے کام کرتا رہا۔ گدی پر تھپڑ مارنا۔ بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھنا۔

قَفِدَ (س) قَفَدًا. ڈھیلی یا موٹی گردن والا ہونا۔

الاَقْفَد. ڈھیلی یا موٹی گردن والا۔ پنجوں کے بل چلنے والا۔ موٹے ہاتھ پیر چھوٹی انگلیوں والا۔ مؤنث قَفْدَاءُ ج قُفْد. کہا جاتا ہے "اَعْتَمَّ القَفْدَاء و القَفَدَ" بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھی۔

القَفْدَان و القَفْدَانَة. سرمہ دانی کا غلاف۔ چمڑے کی تھیلی جس میں خوشبو رکھتے ہیں (دخیل)

قَفَرَ (ن) قَفْرًا و تَقَفَّرَ و اِقْتَفَرَ الاَثَرَ: پیچھے جانا؛ تلاش کرنا۔ اِقْتَفَرَ العَظْمَ: ہڈی چچوڑنا۔

قَفِرَ (س) قَفَرًا مَالُهُ: کم ہونا۔ صفت قَفِرُ النَّمالِ الطَّعَامُ: کھانا بغیر سالن کے ہونا۔

قَفَرَ التُّرَابَ و نَحْوَهُ: مٹی وغیرہ جمع کرنا۔

اَقْفَرَ. بیابان بے آب و گیاہ کی طرف جانا۔ المَكَانُ: گھاس پانی اور آدمی سے خالی ہونا۔ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِهِ: اکیلا ہونا رَاسُهُ مِنَ الشَّعْرِ سر کا بال سے خالی ہونا۔ بھوکا ہونا۔ بے کھانا ہونا۔ بے سالن ہونا۔ بے سالن کے روٹی کھانا البَلَدَ: شہر کو خالی پانا العَظْمَ: ہڈی چچوڑ کے صاف کردینا۔

القَفْر. گھاس پانی آدمی سے خالی زمین۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَفْر و اَرْضٌ قِفَار" بے آب و گیاہ چٹیل میدان۔ "نَزَلْنَا بِبَنِيْ فُلَانٍ فَبِتْنَا القَفْرَ" یعنی ہم بنو فلاں میں اُترے اور انہوں نے ہماری مہمانداری نہیں کی "وَ بَاتَ فُلَانٌ القَفْرَ وَالوَحْشَ" یعنی فلاں کی مہمانداری نہیں کی گئی۔ القَفْر: بیل جو کھیت کرنے کے لئے ماں سے جدا کرلیا جائے۔

القَفَر. مس۔ بال۔

القَفِر. کم بال والا۔ بھیڑیا۔

جُزٌ قَفْرٌ و قَفَارٌ. بے سالن کی روٹی۔

القَفِيْر. شہد کا چھتہ۔ ٹوکری۔ بے سالن کی روٹی ج قُفْرَان۔

القَافُوْرُ و القَفُّوْرُ و القَفُّوْرَة. کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مِقْفَار" خالی زمین۔

قَفَزَ (ض) قَفْزًا و قَفَزَانًا و قِزًّا و قُفُوْزًا مرنا الغَزَالُ: ہرن کا کودنا۔ اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا۔

قَفِزَ (س) قَفَزًا. الفَرَسُ: گھوڑے کی اگلی ٹانگوں میں گھٹنے تک سفیدی ہونا۔

قَفْزَة. کودانا۔

تَقَفَّزَ بِالحِنَاءِ: مہندی سے نقش و نگار کرنا۔

تَقَافَزَ القَوْمُ: باہم کودنا۔

القَفَزَى. اُچھل۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَتِ الخَيْلُ القَفَزَى" یعنی گھوڑے کود کود کر دوڑے۔

القَافِزَة. قافز کا مؤنث۔ تیز رفتار گھوڑا۔ مینڈک۔ ج قَوَافِز۔

القَفِيْز. ایک پیمانہ کا نام مِنَ الاَرْضِ: ایک سو چوالیس شرعی گز۔ ج اَقْفِزَة و قُفْزَان۔

الاَقْفَز و المُقَفَّز مِنَ الخَيْلِ: اگلی ٹانگ میں گھٹنے تک سفید گھوڑا۔

القُفَّاز. عورتوں کے ہاتھ پیروں کا زیور۔ دستانہ۔ عوام کَفُوْف کہتے ہیں۔ ج قَفَافِيْز۔

القَفَّاز. بہت کودنے والا۔

القُفَّيْزَى. بچوں کا ایک کھیل کہ لکڑی گاڑ کر اس پر کودتے ہیں۔

قَفَسَ (ن ض) قَفْسًا و قُفُوْسًا. مرنا الشَّيْءَ: غصہ سے زبردستی پکڑنا فُلَانًا: بال پکڑنا اور نیچے گھسیٹنا (قفسا) الظَّبْيَ: ہرن کی ٹانگوں کو باندھ دینا (قُفَاسًا) جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔

قَفِسَ (س) قَفَسًا. بانسہ کے کنارے کا بڑا

ہونا۔

تَقَفَّسَ. الظَّبْیُ: ہرن کا چھلانگ مارنا۔

تَقَافَسَ الرَّجُلَان بِشُعُوْرِهِمَا: ایک دوسرے کے بال پکڑنا۔

القَافِسَة. قَافِس کا مؤنث: کمینے لوگ۔

قَفَاس. مبنی علی الکسر: کمینی لونڈی۔

الاَقْفَس. باندی بچہ۔ ہر وہ چیز جو لمبی اور جھکی ہوئی ہو۔ عَبْدٌ اَقْفَس: کمینہ غلام۔

القَفْسَاء. الاَقْفَس کا مؤنث۔ کمینی لونڈی۔

معدہ یا پیٹ کے

قَفَشَ (ن ض) قَفْشًا. الطَّعَامَ: بہت حرص سے کھانا الشَّیْءَ: لینا اور جمع کرنا۔ ۵ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو تیز دوہنا مَا فِي الضَّرْعِ: دوہ کر جلد ختم کر دینا المَرْأَةَ: بہت جماع کرنا (قَفْشًا و قُفُوْشًا) مرنا۔

اِنْقَفَشَ واِقْتَفَشَ واِقْفَنْشَشَ العَنْكَبُوْتُ ونَحْوُهٗ: مکڑی وغیرہ کا سمٹ کر بیٹھنا۔

القَفْش. س نشاط۔ چھوٹا چرمی موزہ۔

القَفَش. چور (القَفَشْلِيْل) کف گیر۔

قَفَصَ (ض) قَفْصًا الظَّبْیَ: ہرن کی ٹانگیں باندھنا الشَّیْءَ: قریب قریب رکھنا الرَّجُلَ: تکلیف دینا اليَعْسُوْبَ: دھاگے سے باندھ کر چھتے میں رکھنا الطَّائِرَ: پنجرے میں بند کرنا۔

قَفِصَ (س) قَفَصًا. ہلکا پھلکا ہونا۔ سردی سے سن ہونا الفَرَسُ: پورے دوڑ سے نہ دوڑنا۔ صفت قَفِص.

قَفَّصَ. الظَّبْیَ: ہرن کی ٹانگیں باندھنا۔

تَقَفَّصَ. اکٹھا ہونا۔

تَقَافَصَ. مخلط ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

اَقْفَصَ. الرَّجُلُ: پنجرے والا ہونا۔

القَفَص. پنجرا۔ القَفَص: غلہ وغیرہ رکھنے کا برتن ج اَقْفَاص (القَفَص والقُفَص) مخلط۔

القَافِصَة. قافص کا مؤنث ج قَوَافِص کمینے لوگ۔

القُفَاص. پہاڑی بکرا۔ ایک بیماری ہے جو جانوروں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں خشک ہو جاتی ہیں۔

المُقَفَّص. مع۔ ثَوْبٌ مُقَفَّصٌ: پنجرے کی طرح منقش کپڑا۔

القُفْصُل. شیر۔

بَخِيْر: بدلہ دینا۔

قَفَعَهٗ (ف) قَفْعًا بِالمِقْفَعَة: تچی سے مارنا۔ ۵ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔

قَفِعَتْ (س) قَفَعًا وتَقَفَّعَتْ الاُذُنُ: کان کا سکڑنا۔ ایسے کان کو قَفْعَاء اور ایسے کان والے کو اَقْفَع کہتے ہیں الرِّجْلُ: انگلیوں کا قدم کی جانب مڑا ہوا ہونا الشَّاةُ: چھوٹی دم والی ہونا۔ تَقَفَّعَ الشَّیْءُ: سمٹنا۔

قَفَّعَ الشَّیْءَ: برتن میں رکھنا البَرْدُ اَصَابِعَهٗ: سردی کا انگلیوں کو خشک کر دینا۔ سکڑا ہوا کر دینا۔

اِنْقَفَعَ. النَّبَاتُ: نباتات کا خشک اور سخت ہونا عَنْهُ: باز رہنا۔

القَفْع س ایک جنگلی آلہ ہے جس کو حصار کے موقع پر استعمال کرتے تھے اور اس کے اندر داخل ہو کر قلعہ کی دیوار تک پہنچ کر سوراخ کرتے تھے۔ واحد قَفْعَة.

القَفَع. س۔ تنگی۔ تھکن۔

القَفْعَة. نیچے سے کشادہ اور تنگ منہ کی ٹوکری ج قِفَاع وقَفَعات.

القَفَعَة. ٹڈی دل۔

القُفَاع والقُفَّاع. ایک بیماری جو بکریوں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔

القَفَّاع. اسم مبالغہ۔

القُفَّاعَة. ایک قسم کا پھندا جو درخت خرما کی شاخ سے بناتے ہیں اور اس سے پرندوں کا شکار کرتے ہیں۔

الاَقْفَع. سکڑے ہوئے کان والا۔ سکڑی ہوئی انگلیوں والا۔ ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ چھوٹی دم والا۔

القَفْعَاء. اَقْفَع کا مؤنث ج قُفْع. ایک قسم کی گھاس جس میں انگوٹھی کے مانند حلقے ہوتے ہیں مگر دونوں کنارے ملے ہوئے نہیں ہوتے۔ شَاةٌ قَفْعَاء: چھوٹی دم والی بکری۔

المُقَفَّع. ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ رَجُلٌ مُقَفَّعُ اليَدَيْنِ: سکڑے ہوئے ہاتھوں والا مرد۔

المِقْفَعَة. ہاتھ یا انگلی پر مارنے کی چھڑی۔

قَفْقَفَ قَفْقَفَةً وتَقَفْقَفَ. سردی وغیرہ سے کانپنا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔

قَفْقَفَا الطَّائِرِ: پرندے کے دونوں بازو۔

قَفْقَفَا البَعِيْرِ: اونٹ کے دونوں جبڑے۔

قَفَلَ (ن ض) قَفْلًا وقُفُوْلًا. سفر سے لوٹنا فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا الاَمِيْرُ الجُنْدَ: امیر کا فوج کو لوٹانا الشَّیْءَ: اندازہ کرنا (قَفْلًا) الطَّعَامَ: گرانی میں بیچنے کیلئے جمع کرنا۔

قَفَلَ (ض) قُفُوْلًا الفَرَسُ: لاغر ہونا۔ صفت قَافِلُ الفَحْلِ: جفتی کیلئے ہیجان میں ہونا۔

قَفَلَ (ن) قُفُوْلًا وقَفِلَ (س) قَفَلًا. الجِلْدُ: کھال کا خشک ہونا۔

قَفَّلَ الجِلْدُ: کھال کا خشک ہونا الاَبْوَابَ: دروازے بند کرنا۔ تالا لگانا۔

اَقْفَلَ البَابَ وعَلَى البَابِ: دروازہ پر تالا لگانا البَابَ: دروازہ بند کرنا القَوْمَ: پیچھے سے دیکھتے رہنا۔ اَقْفَلَهُم عَنْ مَبْعَثِهِمْ لوٹانا الجِلْدَ: کھال کو خشک کرنا المَالَ: ایک ہی مرتبہ میں سب مال دینا۔

القَوْمَ عَلَى الاَمْرِ: جمع کرنا الجَيْشَ: فوج کو لوٹانا۔

تَقَفَّلَ واِنْقَفَلَ واِقْتَفَلَ البَابُ: دروازہ بند ہونا۔ تَقَفَّلَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

اِنْقَفَلَ الغُزَاةُ: غازیوں کا واپس ہونا۔ لوٹنا۔ الرَّجُلُ: جس کام میں ہوا سے کر گزرنا۔

اِسْتَقْفَلَ البَابَ: دروازہ بند کرنا الرَّجُلُ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَقْفَلَتْ يَدَاهُ فَهُوَ مُسْتَقْفِلٌ" یعنی وہ بخیل ہے۔

القُفْل. س (والقُفْلَة والقَفَلَة) سوکھا ہوا درخت۔
القَفْلَة. سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ ایک ہی مرتبہ میں دینا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ اَلْفًا قَفْلَةً" اس نے تم کو ایک ہزار ایک ہی مرتبہ دے دیا۔
القُفْل. تالا۔ ج اَقْفَال واَقْفُل و قُفُوْل.
القَفَل. س۔ اسم جمع بمعنی قافلہ۔
القُفْلَة. ہر سنی ہوئی چیز کو یاد کر لینے والا۔
القَافِل. فا۔ خشک کھال یا ہاتھ والا۔ لوٹنے والا۔ ج قَافِلَة وقُفَّال.
القَافِلَة. قَافِل کا مؤنث: کارواں۔ سفر سے لوٹنے والے رفقاء یا سفر شروع کرنے والے کہ ان پر بھی تفاؤلا قافلہ کا اطلاق ہوتا ہے ج قَوَافِل خَيْلٌ قَوَافِل: دُبلے گھوڑے۔
القَفِيْل. خشک درخت۔ کوڑا۔ تنگ گھاٹی۔
جِلْدٌ قَفِيْلٌ: خشک کھال۔
القَفَّال. اسم مبالغہ۔
القِيْفَال. ہاتھ میں ایک رگ کا نام جس کی فصد لی جاتی ہے۔
رَجُلٌ مُقْفَلُ الْيَدَيْنِ ومُتَقَفِّلُهُمَا و مُقْتَفِلُهُمَا. بخیل کنجوس آدمی کہ جس کے ہاتھوں سے کسی کو کچھ خیر پہنچے ہی نہیں۔
قَفْلَطَهُ قَفْلَطَةً. مِنْ يَدِهٖ: اُچک لینا۔
قَفَنَ (ن) قَفْنًا. گدی پر مارنا۔ لاٹھی یا کوڑے سے مارنا الكَلْبُ: کتے کا منہ ڈالنا (واَقْفَنَ واقْتَفَنَ) الشَّاةَ: بکری کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔ جھٹکا کرنا۔ صفت مفعولی قَفِيْنَة.
قَفَنَ (ض) قُفُوْنًا. مرنا۔
قَفَنَ رَاسَهٗ: سر کاٹ دینا۔
القَفْن. س۔ موت۔ مقاتلہ۔
القَفَن والقَفَنّ. سر کا پچھلا حصہ۔ گدی
القَفَن: کوڑا۔
القِفَنّ. مرد سخت بدزبان۔
القَفَّان. امین۔ تولنے کا ایک پیمانہ۔ قَفَّانُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی جماعت۔ انجام کار۔ شَاةٌ قَفِيْنٌ: ذبح کردہ بکری۔
قَفَا يَقْفُوْ قَفْوًا وقُفُوًّا. الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔ صریحًا تہمت لگانا اَثَرَهٗ: پیروی کرنا۔ اللّٰه اَثَرَهٗ: مٹانا۔ محو کرنا (واَقْفٰى واقْتَفٰى) الرَّجُلَ بِاَمْرٍ: متعین کرنا۔ مخصوص کرنا۔ اَقْفٰى كَذَا عَلٰى كَذَا: فضیلت دینا۔ اِقْتَفَاهُ: اتباع کرنا۔ واقْتَفٰى الشَّيْءَ: اختیار کرنا۔ اِقْتَفٰى بِفُلَانٍ: کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرنا۔
قَفّٰى تَقْفِيَةً. آنا فُلَانًا زَيْدًا وبِزَيْدٍ: پیروی کرنا۔ پیچھے چلانا۔ کہا جاتا ہے "قَفَّيْتُ عَلٰى اَثَرِهٖ بِفُلَانٍ" میں نے فلاں کو اس کے نشان قدم پر چلایا۔ قَفّٰى عَلَيْهِ: لے جانا۔
تَقَفّٰى الرَّجُلَ: پیچھا کرنا الاَكَمَةَ: ٹیلے پر چڑھنا الشَّيْءَ: چننا بِفُلَانٍ: اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا (واسْتَقْفٰى) فُلَانًا بِالْعَصَا: پیچھے سے آکر سر پر لاٹھی مارنا۔
تَقَافَى الرَّجُلُ: جھوٹی تہمت لگانا۔
القَوْمُ: ایک دوسرے پر تہمت لگانا۔
القَفَا والقَفَاء. سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے ج اَقْفٍ واَقْفِيَة واَقْفَاء وقُفِيٌّ وقِفِيٌّ وقَفُوْنَ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ قَفَا الدَّهْرِ" میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔
القَفْوَة. غبار جو بارش کی ابتدا میں اُٹھتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَفْوَتِيْ وقَفْوَتِيْ" وہ میرا برگزیدہ ہے "وبِئْسَ الْقَفْوَةُ قَفْوَتُكَ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا انتخاب اچھا نہ ہو۔
القِفْوَة. تہمت۔ بُری بات کی نسبت کرنا۔ گناہ۔
القَفَاوَة. مہربانی۔ نوازش۔ مہمانی کا اکرام۔ جس چیز سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ موروثی عزت۔
القُفْيَة. شکاری کا گڑھا جس میں وہ شکار کی گھات میں چھپتا ہے۔
القِفْيَة. عیب۔
القَفِيُّ. نہایت مہربان۔ مکرم مہمان۔ کھانا جس سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ بہترین بھائی۔ متہم بھائی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَفِيُّهُم و قَفِيَّتُهُم" وہ ان کا قائم مقام ہے۔
القَفِيَّة. فضیلت جو تمہیں غیر پر حاصل ہو۔ گوشہ ز کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے
شَاةٌ قَفِيَّةٌ: سر کے پیچھے کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری اور کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ قَفِيَّةَ الدَّهْرِ" یعنی میں زمانہ بھر اس کو نہیں کروں گا۔
القَافِيَة. گلے کا پچھلا حصہ۔ شعر کا آخری کلمہ یا آخری حرف ج قَوَافٍ. قَافِيَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا آخری۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ عَلٰى قَافِيَةِ الشَّيْءِ" میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔
الكَلَامُ المُقَفّٰى. وہ کلام جس میں سجع و قافیہ ہو۔
التَّقْفِيَة. س عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: اشعار میں حرف آخر کا موافق ہونا۔
المُقَفّٰى مِنَ الغَنَمِ: گردن کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔
رَجُلٌ مُقَفًّى و مُقْفًى بِهٖ: چنا ہوا مرد۔ عزت کیا ہوا مرد۔
قَفِيَ يَقْفٰى قَفًا الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔ قبیح بات کا عیب لگانا۔
القَاقُلَّة. الائچی۔
القَاقُلّٰى. ایک قسم کی نمکین گھاس جو اشنان کے مشابہ ہوتی ہے۔
القَوْقَل. نر چکور۔
القَاقُم والقَاقُوْم. ایک جانور ہے جو نیولے کی شکل کا اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔ اور اس کا رنگ گرمی میں سرخ سیاہی مائل اور جاڑے میں بہت سفید ہوتا ہے۔
قَلَّ (ض) قِلًّا وقُلًّا وقِلَّةً کم ہونا الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا الجِسْمُ: بدن کا دُبلا اور چھوٹا ہونا اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَقِلُّ عَنْ كَذَا" یعنی وہ چھوٹا ہے۔ وقَلَّ الشَّيْءُ: بلند ہونا اور کبھی

قُلَّ کے ساتھ ماکافہ لاحق ہوتا ہے جیسے "قَلَّمَا جِئْتُكَ" اس صورت میں فعل نہیں رہتا اور فاعل کا تقاضا نہیں ہوتا۔ اور قَلَّمَا دو معنے کے لئے کبھی محض نفی کے لئے اور کبھی تھوڑی سی چیز ثابت کرنے کے لئے مستعمل ہے (قَلًّا) الشَّيْءَ: اُٹھانا قَلَّهُ عَنِ الْاَرْضِ: بلند کرنا۔

قَلَّلَ الشَّيْءَ: کم کرنا الشَّيْءَ فِي عَيْنِ فُلَانٍ: ہیچ دکھلانا۔

اَقَلَّ الشَّيْءَ: کم کرنا الرَّجُلُ: کم لانا۔ کم مال والا ہونا۔ محتاج ہونا الشَّيْءَ: بلند کرنا۔ اُٹھانا۔

اَقَلَّتْهُ الرِّعْدَةُ: کپکپی لگنا۔

قَالَّ لَهُ الْعَطَاءَ: تھوڑا دینا۔

تَقَالَّ الشَّيْءَ: کم گننا۔ تَقَالَّتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا۔

تَقَلَّلَ الشَّيْءَ: کم سمجھنا۔

اِسْتَقَلَّ الشَّيْءَ: اُٹھانا اور بلند کرنا۔ کم سمجھنا الطَّائِرُ فِي طَيَرَانِهِ: پرندہ کا اُڑان میں بلند ہونا الْقَوْمُ: کوچ کرنا۔ اِسْتَقَلَّتْهُ الرِّعْدَةُ: کپکپانا بِرَأْيِهِ: رائے میں منفرد ہونا بِكَذَا: اکیلا ہونا اور کسی کو شریک نہ کرنا فُلَانٌ غَضَبًا: ناراضی کی وجہ سے اُٹھ جانا بِالْاَمْرِ: طاقت رکھنا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا۔

اَلْاِسْتِقْلَالُ: کسی ملک کا آزاد ہونا۔

القِلُّ. چھوٹی دیوار۔ کپکپی۔

القِلُّ والقُلُّ. مِنَ الشَّيْءِ: کمتر۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُلٌّ" اکیلا آدمی "هُوَ قُلُّ ابْنِ قُلٍّ" وہ غیر معروف ہے "قُلَّ رَجُلٌ او اَقَلُّ رَجُلٍ لا يَقُوْلُ ذٰلِكَ اِلَّا زَيْدٌ" یعنی سوائے زید کے کوئی نہیں کہتا۔

القَلَّةُ. مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔

القُلَّةُ. سر کا یا پہاڑ کا یا ہر چیز کا بالائی حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ بڑا گھر۔ چھوٹا کوزہ قُلَّةُ السَّيْفِ: تلوار کے قبضہ کی زیبائش ج قُلَل وقِلَال۔

قِلَالَةُ الجَبَلِ: پہاڑی کی چوٹی۔

القِلَّةُ. کمی۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔ کپکپی۔ ج قِلَل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَوِيْلُ الْقِلَّةِ" یعنی لمبے قد کا مرد۔ اَخَذَهُ بِقَلِّيَّتِهِ وبِقِلِّيْلَتِهِ وبِاَقْلِيْلَاهُ وبِقِلْبِلَاهُ اس نے سب لے لیا و "رَحَلُوْا بِقَلِّيَّتِهِمْ" وہ سب کوچ کر گئے اور اپنے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا۔ واَكَلَ الضَّبَّ بِقَلِّيَّتِهِ" یعنی گوہ کو کھال وہڈی سمیت کھا گیا۔

القَلِّيَّةُ. عمارت۔ مشابہ معبد نصاریٰ۔

القَلِيْلُ. کم۔ لاغر۔ ج قَلِيْلُوْنَ واَقِلَّاءُ وقُلُل وقُلُلُوْن مؤنث قَلِيْلَة ج قَلِيْلَات وقَلَائِل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلِيْلُ الْخَيْرِ" مرد کم خیر و "قَلِيْلٌ مِنَ الرِّجَالِ يَقُوْلُ ذٰلِكَ" یعنی اس کو کوئی نہیں کہتا۔ "مَا اَخَذْتُ مِنْهُ قَلِيْلَةً ولا كَثِيْرَةً" میں نے اس سے کچھ نہیں لیا۔ تائے تانیث صرف نفی کی صورت میں داخل ہوتی ہے۔

القَلَال والقُلَال. کم۔ ج قُلُل۔ القَلَال زمین سے انگور کی شاخوں کو اٹھانے کیلئے تھونی۔

القُلَل مِنَ النَّاسِ: متفرق لوگ۔

الاَقَلُّ. کمتر (والمُقِلّ) فقیر جس کے پاس کچھ ہو۔

القُلِّي. پستہ قد لڑکی۔

قَوْمٌ اَقِلَّةٌ. خسیس درجہ کے لوگ۔

المُقَلَّل. مِنَ السُّيُوْفِ: جس کے قبضہ پر چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔

المُسْتَقِلُّ. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِهِ" وہ خود مختار ہے۔

قَلَبَ (ض) قَلْبًا الشَّيْءَ: پلٹ دینا۔ اُوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا القَوْمَ: پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "قَلَبَ الْمُعَلِّمُ الصِّبْيَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا المَجْنُوْنُ عَيْنَهُ: غضبناک ہونا۔ قَلَبَتِ البُسْرَةُ: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ قَلَبَ الاَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ: زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔

قَلَبَهُ (ن ض) قَلْبًا. دِل پر مارنا۔ قَلَبَ النَّخْلَةَ: گودا نکالنا اللّٰهُ فُلَانًا اِلَيْهِ: موت دینا۔

قَلِبَ (س) قَلَبًا. اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔ صفت اَقْلَب۔ قَلِبَتِ الشَّفَةُ: اُلٹا ہونا۔ صفت قَلْبَاء۔

قُلِبَ البَعِيْرُ: اُونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔

قَلَّبَهُ. بمعنی قَلَبَهُ اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ" وہ نادم ہونے لگا" و قَلَّبَ الْاُمُوْرَ" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔

اَقْلَبَ الشَّيْءَ: اُلٹ دینا اللّٰهُ اِلَيْهِ: موت دینا۔ اَقْلَبَ العِنَبُ: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا الخُبْزُ: روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا القَوْمُ: دِل کی بیماری میں مبتلا شدہ اُونٹوں کا مالک ہونا۔

تَقَلَّبَ. پلٹنا عَلٰى فِرَاشِهِ: کروٹیں لینا۔ فِي الْاُمُوْرِ: اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِي نَعْمَائِهِ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف □ کرتا ہوں۔

اِنْقَلَبَ. اُلٹا جانا۔ اُوندھانا۔ واپس ہونا۔

القَلْبُ. مص۔ دِل۔ عقل قَلْبُ الجَيْشِ: فوج کا درمیانی حصہ۔ قَلْبُ كُلِّ شَيْءٍ: گودا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ بِهٰذَا الْاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ قَلْبُ العَقْرَبِ: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ ج قُلُوْب اَفْعَالُ القُلُوْبِ: ظن اور اس کے امثال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر ومؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ قَلْبَةٌ"

القُلْبُ والقَلْبُ والقِلْبُ مِنَ الشَّجَرِ: درخت کے اندر کا نرم گودا ج اَقْلَاب وقُلُوْب وقِلَبَة: القُلْبُ: کنگن۔ سفید سانپ۔

القُلْبَةُ. سرخی۔

القَلَبَةُ. وہ بیماری جس سے بیمار بچھونے پر

تڑپے۔

الْقُلَاب. دِل کی بیماری۔

الْقَالِبُ. فا۔ سرخ رنگ کی پکی کھجور۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ قَالِبُ اللَّبنِ" ماں کے مخالف رنگ کی بکری (و القالب) سانچہ۔ موزہ۔ جوتا بنانے کا فرمہ۔ ج قَوَالِب.

الْقُلَّبُ. پلٹنے والا۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَّلٌ قُلَّبٌ" اور "حُوَّلِیٌّ وقُلَّبِیٌّ" یعنی حیلہ گر۔ معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔

الْقَلُوب. بہت اُلٹنے پلٹنے والا (و القِلَاب) بھیڑیا۔

الْقَلِیب. کنواں۔ کنواں بغیر من کا۔ پرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج قُلُب و قُلُب و اَقْلِبَة.

الْقَلُّوب والقِلُّوب والقِلِّیب. بھیڑیا۔ شیر۔

الْمِقْلَب. کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔

الْمُنْقَلَب. س۔ انقلاب کا اسم ظرف۔ لوٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "کُلُّ اِمْرِئٍ یَصِیْرُ اِلٰی مُنْقَلَبِه"

الْمَقْلُوبَة. مع کان۔

قَلِتَ (س) قَلَتًا. ہلاک ہونا۔

اَقْلَتَهٗ. ہلاک کرنا اَقْلَتَتِ الْمَرْاَةُ وكُلُّ اُنْثٰى بے اولاد ہونا۔ اور اسم قَلِت ہے۔

الْقَلَتُ: خوف اَقْلَتَهٗ فَقَلِتَ: اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہوگیا۔

الْقَلْتُ. چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج قِلَات۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فِیْ قَلْتِ خَاصِرَتِه" اس نے اس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا "وطَعَنَهٗ فِیْ قَلْتَیْ تَرْقُوَتِیْهِ" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو قلت کہتے ہیں۔

و رَجُلٌ قَلْتٌ و قَلِتٌ. کم گوشت۔ دبلا پتلا مرد۔

الْقَلْتَة. دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ شَاةٌ قَلْتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔

اَلْمَقْلَتَة. ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔

الْمِقْلَات. وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج مَقَالِیت.

قَلِح (س) قَلَحًا. زرد دانتوں والا ہونا۔

قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر قَلِح واَقْلَح صفت مؤنث قَلِحَةٌ و قَلْحَاء. ج قُلْح.

قَلَّحَهٗ. دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔

تَقَلَّحَ. میلے کپڑے والا ہونا تَقَلَّحَ البِلَادَ: قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔

الْقَلَح. بڈھا گدھا۔

الْقَلَح و القُلَاح. زردی جو دانتوں پر آجاتی ہے۔

الْقِلْح. میلا کپڑا۔

اَلْقَلَحُوْمِن: توت کی تر شاخ۔

الاَقْلَح. زرد دانتوں والا۔ گبریلا۔

رَجُلٌ اَقْلَح: تجربہ کیا ہوا۔

الْمُقَلَّح. تجربہ کیا ہوا۔

الْقَلْحَزَة. پستہ قد کی چال اَلْقِلْحَزُّ: موٹا متکبر۔

الْقِلْحَاس. مرد بد صورت۔ بدقوارہ۔

اِقْلَحَمَّ. الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔

الْقِلَحْمُّ. متکبر۔ بوڑھا۔

شَیْخٌ قِلَحْمَة. بہت بوڑھا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا و قَلِیْخًا الشَّجَرَة: درخت اکھاڑنا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا وقَلِیْخًا وقُلَاخًا البَعِیْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔

قَلَخَهٗ. بِالسَّوْطِ کوڑا مارنا قَلَخَ النَّبْتُ: نباتات کا سخت ہونا۔

الْقَلْخ. س۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا (والقُلَاخ) بڑے سر والا۔

قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا الحَدِیْدَةَ: لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا الرَّجُلَ السَّیْفَ: تلوار کو حمائل کرنا۔ المَاءَ فِی الحَوْضِ او الشَّرَابَ فِی البَطْنِ: جمع کرنا الزَّرْعَ: کھیتی سیراب کرنا الشَّیْءَ: موڑنا الحُمّٰی فُلَانًا: بخار ہر روز آنا۔

قَلَّدَهٗ. السَّیْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔ القَلَادَةَ: ہار پہنانا العَمَلَ: کام سپرد کرنا الدَّیْنَ: قرض سونپ دینا قَلَّدَ البَعِیْرَ: اونٹ کی گردن میں کھینچنے کیلئے پٹہ ڈالنا۔ فُلَانًا القَضَاءَ فِی بَلَدٍ كَذَا: قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَه" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا۔ قَلَّدَهٗ فِیْ كَذَا" اس نے اس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔

اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَیْهِم: غرق کر دینا۔ ڈبو دینا۔

تَقَلَّدَتِ المَرْاَةُ القَلَادَةَ: عورت کا ہار پہننا تَقَلَّدَ الاَمْرَ: ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا السَّیْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔

تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ: پانی پر باری باری آنا۔

اِقْتَلَدَ المَاءَ: پانی کا چلو لینا۔

اِقْلَوَّدَ النُّعَاسُ فُلَانًا: نیند کا غالب آنا۔

الْقَلْد. س۔ بیچ دیا ہوا اینٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی پر بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلَاد و قُلُوْد.

الْقِلْد. بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا فِیْ كُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ ج اَقْلَاد کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُهٗ قِلْدَ اَمْرِیْ" میں نے اپنے معاملہ کو در و بست اس کے سپرد کر دیا۔

الْقِلْدَة. گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔

الْقَلْدَة. دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔

الْقِلَاد والاِقْلِیْد. انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔

الْقِلَادَة. ہار۔ مالا۔ ج قَلَائِد و قِلَاد. چھ

ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلَائِدُ الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کیے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔

اَلْقَلَادَةُ: امریکی علاقوں کا ایک خوبصورت پودہ جس کو زیب و زینت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

اَلْقَلُوْد. بہت پانی والا کنواں۔

القَلِيْد والمَقْلُوْد. بٹاہوا۔

القِلِّيْد والمِقْلَاد. خزانہ۔

التَّقْلِيْد. مص۔ ج تَقَالِيْد و تَقْلِيْدَات

التَّقَالِيْد عِنْدَ النَّصَارٰى: نصرانیوں کی سینہ بہ سینہ مذہبی باتیں۔ اور تقلید کا اطلاق اس فرمان شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کیلئے جاری ہوتا ہے۔

الإِقْلِيْد ج أَقَالِيْد. المِقْلَد ج مَقَالِد. والمِقْلَاد. ج مَقَالِيْد: کنجی۔ کہا جاتا ہے "ضَاعَتْ مَقَالِدُ او مَقَالِيْدُ" اُس کے اوپر اُس کے معاملات تنگ ہوگئے "وَأَلْقَى إِلَيْهِ مَقَالِيْدَ الْأُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے سونپ دیئے المِقْلَد: برتن۔ توبرہ۔ پیمانہ۔ ٹیڑھے سر کی چھڑی۔

المُقَلَّد. مع۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔

القَلَذ. ایک کیڑا ہے چوپاؤں کو چمٹ جاتا ہے اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔

قَلَزَه (ن ض) قَلْزًا. مارنا۔ قَلَزَ الْأَرْضَ بِعَصَاه: کریدنا بِسَهْمِهٖ: تیر پھینکنا بِقَيْئِهٖ: اُلٹی کرنا الرَّجُلُ: پینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔ لنگڑانا ٥ الماءَ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔

(قَلَّزَ وأَقْلَزَ) الجَرَادُ: انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین پر مارنا۔

تَقَلَّزَ. چست ہونا الوَعِلُ: پہاڑی بکری کا دوڑنا۔

اِقْتَلَزَ الكَاسَ: گھونٹ گھونٹ لینا۔

اَلْقُلَّز. مِنَ الرِّجَال: ہلکا پھلکا کمزور مرد۔

القِلِزّ والقُلُزّ. سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّة وقُلُزَّة.

قَلْزَم و تَقَلْزَمَ الشَّيْئَ: نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الرَّجُلُ: کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔

القِلْزِم. کمینہ۔

القُلْزُم. مصر اور مکّہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔

القُلْزُمَة. مص۔ کمینہ پن۔ شور۔

قَلَسَ (ض) قَلْسًا وقَلَسَانًا. کھانا یا پانی کا پیٹ سے مُنہ تک آنا۔ بہت شراب پینا نَفْسُهٗ: جی متلانا الكَاسُ بالشَّرَابِ: چھلک پڑنا الإِنَاءُ: بہہ پڑنا النَّحْلُ العَسَلَ: شہد بنانا السَّحَابَةُ بِالنَّدٰى: جھلا پڑنا الرَّجُلُ: گانے میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔

قَلَّسَ. دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا القَوْمُ: گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا لَهٗ: سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔

تَقَلَّسَ. ٹوپی پہنانا۔

القَلْس. مص۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ ج قُلُوْس وأَقْلَاس. القَلْس: بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو مُنہ تک آئے۔ قے۔ قَلْسُ البَحْرِ: بادل۔

القَالِس. وہ شخص جس کے مُنہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آجائے۔

القَلَّاس. اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ قَلَّاسٌ: زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

القَلِيْس. شہد۔ شہد کی مکھی۔

قَلْسَى الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔

تَقَلْسَى تَقَلْسِيًا. ٹوپی پہننا۔

الاَنْقَلِيْس والإِنْقَلِيْس. ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔

القَلَاش. چھوٹا۔ سکڑا ہوا۔

القَلَاشَة. کوتاہی۔ چھوٹا پن۔

القَلَّاش والاَقْلَش. حیلہ گر (دخیل)

قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا. الرَّجُلُ: کودنا القَوْمُ: اکٹھا ہوکر چلنا القَوْمُ عَنِ الدَّارِ: ہلکا پھلکا ہونا اور اکٹھا ہوکر چلنے کا وقت آنا۔ الماءُ: پانی کا ختم ہونا البِئْرُ: اوپر تک چڑھنا الظِّلُّ عَنْ كَذَا: سایہ کا سمٹ آنا۔ صفت قَالِص الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا سکڑنا الغُلَامُ: جوان ہونا الشَّفَةُ: ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔
الکشّ. وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔
الکُشّۃ. پیشانی یا سر کے اگلے حصّے کے بالوں کا گچھا۔
الکَشِیْش. مس۔ شراب کے جوش کی آواز۔
کَشَأَ (ف) کَشْأً الشَّیْءَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا فُلَانًا بِالسَّیْفِ تلوار سے مارنا (واکْتَشَأ) اللَّحْمَ: گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْءٌ وکَشَأَ الرَّجُلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَأَ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
کَشِئَ (س) کَشَأً وکَشَاءً یَدُہٗ: ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔
کَشَأَ وکَشِیَٔ کَشْأً وکَشَاءً وتَکَشَّأَ الرَّجُلُ مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیْءٌ وکَشِیٌّ. تَکَشَّأَ الشَّیْءُ: چھل جانا اللَّحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
کَشَّأَ تَکْشِئَۃً اللَّحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
الکُشَاۃُ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِیْ جَسَدِہٖ کُشَاۃٌ" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔
کَشَبَ (ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللَّحْمَ: گوشت بہت کھانا۔
الکُشْتُبَان انگشتانہ ج کَشَاتِبِیْن. وزَھْرُ الکُشْتُبَان ایک قسم کی نباتات۔
الکَشُوْث والکُشُوْثی والکَشُوْثَی والکَشُوْثَاء. ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔
کَشَحَ (ف) کَشْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا القَوْمَ: پراگندہ کرنا؛ دھتکارنا عَنِ المَاءِ پانی پر سے واپس ہونا لَہٗ بِالعَدَاوَۃِ: دشمنی کرنا الدَّابَّۃُ چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا الطَّائِرُ پرندہ کا تیز واپس آنا الظَّلَامُ او الضَّوْءُ تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا (و کَشَّحَ) العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا البَعِیْرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ۂ: پہلو پر داغ دینا۔
کُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح. کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
کَشِحَ (س) کَشَحًا درد پہلو والا ہونا۔
کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَۃً فُلَانًا بِالعَدَاوَۃِ دشمنی رکھنا۔
اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔
تَکَشَّحَ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
الکَشْح. مس۔ پہلو۔ ج کُشُوْح. کہا جاتا ہے "طَوَی کَشْحَہٗ عَنْ فُلَانٍ او طَوَی کَشْحًا عَنْہُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا "وطَوَی کَشْحَہٗ عَلَی الأَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔
الکُشَح. پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔
الکاشِح. فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔
الکِشَاح. پہلو کا داغ۔
الکُشَاحَۃ باطنی عداوت۔
المِکْشَح والمِکْشَاح. تلوار کی دھار۔
المِکْشَاح. کلہاڑا۔
کَشَدَ (ض) کَشْدًا الشَّیْءَ دانتوں سے کاٹنا النَّاقَۃَ اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔
اکْشَدَ. خالص مکھن بنانا۔
الکِشْدَۃُ مکھن۔
الکاشِد والکَشُوْد والکَشْد اہل وعیال کیلئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد.
کَشَرَ (ض) کَشْرًا عَنْ اَسْنَانِہٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَۃ السَّبُعُ عَنْ نَابِہٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَہٗ: چیتے جیسا بننا۔
کَشِرَ (س) کَشَرًا. بھاگنا۔
کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِہٖ: بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔
کَاشَرَہٗ مُکَاشَرَۃً. باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔
اَکْشَرَ لَہٗ عَنْ اَنْیَابِہٖ دھمکی دینا۔
تَکَشَّرَ دانت نکالنا۔
الکِشْر. مس۔ سوکھی روٹی۔
الکِشْر انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔
المُکَاشِر. فا۔ الجَارُ المُکَاشِرُ: قریبی پڑوسی۔
کَشَطَ (ض) کَشْطًا واسْتَکْشَطَ الشَّیْءَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَّیْءِ: جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا الحَرْفَ: موقع سے ہٹا دینا۔
وکَشَطَ البَعِیْرَ: اُونٹ کی کھال اُتارنا واسْتَکْشَطَ البَعِیْرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔
تَکَشَّطَ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
اِنْکَشَطَ. اُتارا جانا۔ ننگا ہونا الرَّوْعُ: خوف زائل ہونا۔
الکَشَّاط. قصائی۔
الکِشَاط. انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔
الکَشَطَۃ کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔
کَشَعَ (ف) کَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِیْلٍ: قوم کا مقتول سے متفرق وپراگندہ ہونا۔
کَشِعَ (س) کَشَعًا. بددل ہونا۔ زچ ہونا۔
کَشَفَ (ض) کَشْفًا وکَاشِفَۃً الشَّیْءَ وعَنِ الشَّیْءِ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰہُ غَمَّہٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے "وکَشَفَتْہُ الکَوَاشِفُ" یعنی رُسوا کر دیا۔

کَشِفَ(س) کَشَفًا شکست کھانا الرَّجُلُ
او الفَرَسُ کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔
کَشَّفَ الشَّیْئَ کھولنا۔ ظاہر کرنا فُلَانًا عَنِ
الْاَمْرِ ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔
کَاشَفَهٗ بِکَذَا خبردار کرنا ہٗ بِالعَدَاوَۃِ کھلی
کھلی دشمنی کرنا۔
اَکْشَفَ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔
اِنْکَشَفَ الشَّیْئُ ظاہر ہونا۔
تَکَشَّفَ الشَّیْئُ ظاہر ہونا البَرْقُ: بجلی کا
آسمان پر پھیلنا الرَّجُلُ رُسوا ہونا۔
تَکَاشَفَ القَوْمُ ایک دوسرے کے عیوب
کو ظاہر کرنا۔
اِکْتَشَفَ الشَّیْئَ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی
سے ہے "الِاکْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات
کیلئے جو اُمورِ طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔
اِسْتَکْشَفَ عَنِ الشَّیْئِ ظاہر کرنے کو کہنا۔
الکَشْفُ مص عند العروضیین ساتویں
متحرک کا گرا دینا۔
اَلْکَشْفُ وہ کاغذ جس میں سامان تجارت کی
مقدار اور اس پر معاوضہ ادائیگی تحریر کیا جاتا
ہے۔
اَلْکَشْفُ الْاِلٰھِی: عِنْدَالصُّوفِیِّیْن جب
صوفی ولی اللہ مخصوص طرق عبادت اختیار
کرے تو اس پر حقائق الٰھیہ منکشف ہو جاتے
ہیں۔ اصحاب الکشف ان ہی حضرات کو کہا جاتا
ہے جن پر کشف ہوتا ہے۔
الکَشَفُ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔
والکَشَفُ فِی الخَیْلِ دُم کے بالوں کی
پیچیدگی۔
الکَشَفَۃ سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے
کی جگہ۔
الکاشِف فا۔ ج کَشَفَۃ
الکَاشِفَۃ مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی ج
کَوَاشِف
الکَشَّاف اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ
کَشَّافُ الغُمَمِ" وہ غموں کا زائل کرنے والا
ہے۔

الاَکْشَف: جس کے سر کے اگلے حصہ کے
بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں
میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی
میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست
خوردہ۔
الکَشْفَاء اکشف کا مؤنث۔
الکَشِیْف بمعنی مَکْشُوف کھلا ہوا۔
ظاہر۔
الکَشْك جو کا پانی۔ آش جو۔
الکَشْك عند عامتنا ایک قسم کا کھانا جو
موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے
بعد پکایا جاتا ہے الکُشك گنبد دار محل
(دخیل)
کَشْکَشَ کَشْکَشَۃً بھاگنا۔ کَشْکَشَتِ
الحَیَّۃُ سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔
الکَشْکَشَۃ مص ضمیر خطاب مؤنث کو شین
سے بدل لینا۔ جیسے اَکْرَمْتُشِ وعَلَیْشِ
اَکْرَمْتُكِ وعَلَیْكِ میں۔
الکَشْکُوْل والکَشْکُوْلَۃ بھکاریوں کا
چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا
نام کشکول ہے اس لیے کہ اس میں مختلف
موضوع پر مضامین ہیں۔
کَشَمَ(ن) کَشْمًا وکَشَّمَ واکْتَشَمَ
الاَنْفَ ناک جڑ سے کاٹنا۔
کَشِمَ(س) کَشَمًا پیدائشی یا خاندانی
عیب دار ہونا۔ صفت اَکْشَم
کَشَمَ(ض) کَشْمًا القِثَّاءَ او الجَزَرَ:
ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔
اَنْفٌ کَشِمٌ واَکْشَمُ جڑ سے کٹی ہوئی
ناک۔
الکَشْم والاَکْشَم تیندوا۔ کَشْمَرَ
رونے کے لیے آمادہ ہونا انفہٗ ناک توڑ دینا۔
الکِشْمِش کشمش واحد کِشْمِشَۃ
کَشَاہٗ یَکْشُوْہٗ کَشْوًا دانتوں سے کاٹ
کھانا۔
الکُشْیَۃ گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دُم کی
جڑ۔ ج کُشًی

کَصَّ(ض) کَصًّا القَوْمُ اکٹھا ہونا
(کَصِیْصًا) المَاءُ بِالنَّاسِ پانی پر لوگوں کی
بہت بھیڑ ہونا (کَصًّا وکَصِیْصًا)
الصَّوْتُ آواز باریک ہونا۔
اَکَصَّ بھاگنا اور شکست کھانا۔
تَکَاصَّ واکْتَصَّ القَوْمُ اکٹھا ہونا۔ بھیڑ
کرنا۔
الکَصِیْص مص شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ
وتاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا
پستہ قد مرد۔ مکروہ۔
الکَصِیْصَۃ جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا
پھندا۔ ج کَصَائِص
کَصْکَصَ تیز چلنا۔
کَصَمَ(ض) کُصُوْمًا پشت پھیرنا۔ پیٹھ
دکھانا (کَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔
الرَّجُلَ سختی سے ہٹانا۔
کَصَی یَکْصِی کَصْیًا رفعت کے بعد
خسیس ہونا۔
کَضَلَ(ن) کَظْلًا ہٹانا۔ دُور پھینکنا۔
کَظَّ(ن) کَظًّا الطَّعَامُ فُلَانًا: زیادہ
بھرنے سے سانس نہ لینے دینا الغَیْظُ صَدْرَہٗ:
سخت غضبناک ہونا الحَبْلَ رسی باندھنا۔
خَصْمَہٗ: چاروں طرف سے گھیر دینا
(کَظَاظًا وکَظَاظَۃً الاَمْرُ فُلَانًا) غمگین
کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا
المَسِیْلُ بِالمَاءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی
جگہ کا تنگ ہونا۔
کَاظَّہٗ کِظَاظًا ومُکَاظَّۃً جنگ میں سخت
اور جم کر مقابلہ کرنا۔
تَکَاظَّ القَوْمُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا
۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔
اِکْتَظَّ مِنَ الطَّعَامِ سانس نہ لے سکنے کی حد
تک بھر لینا المَسِیْلُ بِالمَاءِ: پانی کی زیادتی
سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا المَحَلُّ: لوگوں
سے بھر جانا اِکْتَظَّہُ الغَیْظُ سینہ کا غصہ سے
بھر جانا۔
الکِظَّۃ بد ہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی

تکلف۔

الکِظَاظ. س. تھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔

الکِظُّ. س کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کِظٌّ" سخت گیر مرد (والکَظِیْظ والمُکَظَّظ والمَکْظُوْظ) وہ شخص جس کو اُمور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔

الکَظِیْظ والمَکْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔

الکَظِیْظ. بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی بَابِ فُلَانٍ کَظِیْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔

طَعَامٌ مُکِظَّةٌ. بد ہضمی والا کھانا۔

کَظَبَ (ن) کُظُوْبًا. بہت موٹا ہونا۔

کَظَرَ (ن) کَظْرًا. القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لیے دندانہ بنانا الزَّنْدَةَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔

الکُظْر. کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (والکُظْرَة) ردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لیے جائیں۔

الکِظْر ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔

کَظَمَ (ض) کَظْمًا البَابَ: دروازہ بند کرنا النَّهرَ: نہر کو روکنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا اور مُنہ باندھنا البَعِیْرَ بالکِظَامَةِ: اُونٹ کو نکیل لگانا الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ: روکنا کُظُوْمًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلَانٌ عَلٰی جِرَّتِهٖ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (کَظْمًا و کُظُوْمًا) غَیْظَه: غصہ نگل جانا۔

کُظِمَ کُظُوْمًا. خاموش رہنا۔

الکَظَم. سانس کی نالی۔ ج اَکْظَام و کِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِهٖ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔

الکِظَام. بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔

الکِظَامَة. وادی کا دہانہ۔ اُونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخُیُوْطَ فِی کِظَامَتَیِ المِیزَانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے الکِظَامَة: زمین کے اندر پانی کی نالی۔ کِظَامَةُ البَابِ: دروازہ بند کرنے کی چیز (والکَظِیْمَة) دو قریب قریب کنوؤں کے درمیان نالی۔

الکَظِیْمَة: توشہ دان۔ ج کَظَائِم.

الکَاظِم. فا۔ خاموش۔ ج کُظَّم. بَعِیْرٌ کَاظِمٌ پیاسا اُونٹ۔

اِبِلٌ کُظُوْم. اُونٹ جو جگالی نہ کرے۔

الکَظِیْم والمَکْظُوْم. مصیبت زدہ۔

الکَظِیْم: دروازہ بند کرنے کی چیز۔

کَظَا یَکْظُوْ کَظْوًا لَحْمُهٗ: گوشت سخت ہونا۔

تَکَظّٰی لَحْمُهٗ سِمَنًا: موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔

اَرْضٌ کَاظِیَةٌ خشک زمین۔

کَعَّ (ن ض) کَعًّا و کُعُوْعًا و کَعَاعَةً و کَیْعُوْعَةً. کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔

اَکَعَّ فُلَانًا: خوف دلانا۔ بزدل بنانا فِی کَلَامِهٖ: کلام میں رکنا الخَوْفُ فُلَانًا: ارادہ سے باز رکھنا۔

الکُعُّ والکَاعُّ. کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کُعُّ الوَجْهِ" فلاں سبک رخسار ہے۔

کَعَبَتْ (ن ض) کُعُوْبًا و کُعُوْبَةً و کَعَابَةً الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت کَعَاب و کَاعِب.

کَعَبَ (ف) کُعُوْبَ الثَّدْیُ: پستان اُبھرنا۔

(کَعْبًا) الاِنَاءَ: برتن بھرنا فُلَانًا: خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔

کَعَّبَ الاِنَاءَ: برتن بھرنا الشَّیْءَ: چوکور بنانا۔ کَعَّبَتِ الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔

اَنْکَعَبَ. دوڑنا۔

الکَعْب. دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج کُعُوب. کہا جاتا ہے "اَعْلَی اللّٰهُ کَعْبَهُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَهَبَ کَعْبُهُمْ" ان کی عزت تباہ ہو گئی و "رَجُلٌ عَالِی الکَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔

الکَعْب: پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج کِعَبٌ و کِعَاب. والکَعْبُ فِی عِلْمِ الهَنْدَسَةِ: مربع جسم۔ الکَعْب: ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج کِعَاب و کُعُوْبٌ و اَکْعُبٌ.

الکِعَاب. نرد کے مہرے۔ واحد کَعْبٌ و کَعْبَةٌ.

تَکْعِیْبُ عَدَدٍ مَا: تین برابر اعداد کا حاصل ضرب جیسے ۶ کا کعب ۲۱۶=۶x۶x۶

الکُعْب. اُبھری ہوئی پستان۔

الکَعْبَة. نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ جھروکہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج کِعَاب و کَعَبَات.

الکُعْبَة. دوشیزگی۔

جَارِیَةٌ کَعَابٌ و مُکَعَّبٌ. اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ مُکَعَّبٌ".

الکَاعِبُ. مِنَ الجَوَارِی والثُّدِیِّ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج کَوَاعِب.

المُکَعَّب. مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ وَفِی الحِسَابِ مُکَعَّبُ العَدَدِ: چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔ ثَدْیٌ مُکَعَّبٌ: اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)

مُکَعَّبَةٌ. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لیے زنبیل۔

کَعْبَرَهٗ کَعْبَرَةً بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الکَعْبَرَة س مِنَ النِّسَاءِ: عجمی اُکھڑ عورت۔

الکُعْبُر مِنَ العَسَلِ: شہد کے چھتہ میں جو

جمع ہو۔
الکُعْبَرَۃُ. سخت گرہ دار ہڈی۔ بند وست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز۔ سر کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پاخانہ جو اُونٹ کی دُم پر خشک ہو جائے۔ کُعْبُرَۃُ الکَتِفِ: مونڈھے کا گول حصّہ۔ کُعْبَرَۃُ الوَظِیْف: پنڈلی کے نچلے حصّہ کے ملنے کی جگہ۔ ج کَعَابِر. الکَعَابِر: ہڈیوں کے سرے۔
الکُعْبُوْرَۃ: گرہ۔ جمع شدہ۔ غلّہ میں سے جو پھینک دیا جائے۔ ج کَعَابِیْر.
اَکْعَتَ الرَجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غُصّہ سے پھولنا۔
الکُعْت. پستہ قد مرد۔ مؤنث کُعْتَۃٌ.
الکُعْتَۃ. شیشی کا سر بند۔
کَعْتَرَ. تیز چلنا۔ تیز دوڑنا فِیْ مَشْیِہٖ: مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔
الکُعْتُر. چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔
الکَعْد. گون۔
الکُعْدَۃ. شیشی کا سر بند۔
الکُعْدَب. فرومایہ۔ بے مروت مرد۔
الکُعْدَبَۃ. پانی کا بلبلہ۔
کَعِرَ (س) کَعَرًا الصَبِیُّ: پُرشکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت کَعِرٌ. کَعِرَ البَطْنُ: پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا۔ (و کَعَّرَ و اَکْعَر) البَعِیْرُ: اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔
کَعَرَ یَکْعَرُ کَعْرًا: ملامت کرنا۔
الکُعْر. کوہان۔
الکَعْرَۃ. غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔
الکُعْوَرَۃ. بڑی ناک والا۔
کَعَزَ (ف) کَعْزًا. انگلیوں سے چننا۔
الکُعْس. ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج کِعَاس.
کَعْسَبَ کَعْسَبَۃً. الرَجُلُ: دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔
کَعْسَمَ کَعْسَمَۃً. پیٹھ دے کر بھاگنا۔
الکُعْسُم. گورخر۔ ج کَعَاسِم.
کَعْطَلَ کَعْطَلَۃً. تیز دوڑنا بِیَدِہٖ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الکَعِیْظ و المُکَعَّظ. پستہ قد۔ موٹا مرد۔
کَعْظَلَ کَعْظَلَۃً. تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ بِیَدِہٖ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الکَعْك. کیک۔ واحد کَعْکَۃ. ج کَعْکَات (دخیل)
تَکَعَّلَ التَمرُ و نَحْوُہٗ. ایک دوسرے کے ساتھ گتھا ہوا ہونا۔
الکَعْل. بخیل مالدار۔ پاخانہ گوبر (و الکُعَل) کالا پستہ قد مرد۔
المُکَعِّل. غُصّہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔
کَعَمَ (ف) کَعْمًا الوِعَاءَ: برتن کا منہ باندھنا۔ البَعِیْرَ: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا الخَوْفُ فُلَانًا: ہٹانا المَرْأَۃَ: عورت کا بوسہ لینا۔
الکِعْم. ہتھیار کا گیس۔ نیام۔ ج کِعَام.
الکِعَام ج کُعُم و الکِعَامَۃ. تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔
کُعُوْمُ الطَرِیْقِ: راستہ کے دہانے۔
بَعِیْرٌ مَکْعُوْمٌ. تھوتھنی چڑھایا ہوا اُونٹ۔
اَکْعَنَ الرَجُلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔
تَیْسٌ مُکَعْنَبُ القَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔
تَکَعْنَشَ الطَائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔ فُلَانٌ فِی الشَیْءِ: مستغرق ہونا۔
کَعَا یَکْعُو کَعْوًا. بزدل ہونا۔
الکَاعِی. فا۔ شکست خوردہ۔
الاَکْعَاء. بزدل لوگ۔
اَلْکُعْوَۃُ: وہ جو کفایت کرے۔
الکَاغِد و الکَاغَد. کاغذ۔
الکَاغِدِیّ. کاغذ بیچنے والا۔
کَفَّ (ن) کَفًّا و کَفَافَۃً. الثَوْبَ: لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا (کَفًّا) الْاِنَاءَ: برتن کو بہت بھرنا الشَیْءَ: جمع کرنا رِجْلَہٗ: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا القَبِیْلَۃَ: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا مَاءَ وَجْہِہٖ: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا ہٗ عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا (کَفُوْفًا) النَاقَۃُ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔
کَفَّ و کُفَّ. بَصَرُہٗ: اندھا ہونا۔
تَکَفَّفَ النَّاسَ: لوگوں سے مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا الرَجُلُ: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑنا دَمْعُہٗ: آنسو کا رکنا۔
تَکَافَّ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا القَوْمُ: ایک دوسرے کو روکنا۔
اِنْکَفَّ. باز رہنا عَنِ الْمَکَانِ: چھوڑنا۔
اِسْتَکَفَّ الشَیْءَ: ہاتھ میں لینا النَاسَ: مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا ہٗ عَنِ الشَیْءِ: رکنے کی لیے کہنا النَاسُ حَوْلَہٗ: دیکھنے کے لیے احاطہ کرنا۔ اِسْتَکَفَّتِ الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا النَاظِرُ: دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا عَیْنَہٗ: دیکھنے کے لیے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْتَکَفَّتْ عَیْنُہٗ: ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا فُلَانٌ بِالصَّدَقَۃِ: صدقہ مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا بِہِ النَاسُ: احاطہ کرنا الشَعْرُ: بال بکثرت ہونا الشَیْءُ: گول ہونا۔
الکَفّ. مص۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج اَکُفّ و کُفُوْفٌ و کُفٌّ. کَفُّ السَبْعِ و کَفُّ الْکَلْبِ و کَفُّ الذِّئْبِ و کَفُّ مَرْیَمَ و کَفُّ اٰدَمَ و کَفُّ الْاَسَدِ و کَفُّ الضَّبُعِ و کَفُّ القِرْدِ و کَفُّ الاَجْذَمِ و کَفُّ الجَذْمَاءِ و کَفُّ عَائِشَۃَ: گھاس کی قسمیں۔ الکَفُّ: نعت عِنْدَ العُرُوْضِیِیْنِ: ساتویں حرف ساکن کا ساقط کر دینا جیسے فَاعِلَاتُنْ کانون۔
الکَفَّہ کف کا اسم مرۃ۔ کَفَۃُ المِیْزَانِ.

ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُه كَفَّةَ كَفَّةَ" مبنی بر فتحہ و كَفَّةً لِكَفَّةٍ و كَفَّةً عَنْ كَفَّةٍ یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔

الكِفَّة. ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو مِنَ الْمِيْزَان: ترازو کا پلڑا مِنَ الدف: ڈھول کا ڈھانچہ۔ كِفَّةُ الصَائِد: شکاری کا جال۔ ج كِفَف و كِفَاف. الكِفَّةُ الجُنُوْبِيَّة والكِفَّةُ الشِمَالِيَّة: دو ستاروں کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "الذَهَبُ بالذَهَب والكِفَّةُ بالكِفَّة" یعنی برابر سر برابر جِئْتُهُ فِيْ كِفَّةِ اللَيْل: میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔

الكُفَّة. چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الكُفَّة مِنَ الشَجَر: درختوں کی انتہا مِنَ النَاس: لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے مِنَ الغَيْم: بادل کا کنارہ مِنَ اللَيْل: دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں مِنَ الدِرْع: زرہ کا دامن مِنَ الرَمَل: ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو مِنَ الثَوْب: کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھور نہ ہو مِنَ اللِثَّة: مسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ كُفَّةُ القَمِيْص: دامن کے اردگرد کی گوٹ۔ ج كُفَف و كِفَاف.

الكَفَف. سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا مِنَ الرِزْق: گزارہ کے لائق روزی فِي الوَشْم: گوندنے کے حلقے۔

الكِفَف فِي الوَشْم: گوندنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔

الكَفَاف مِنَ الرِزْق: گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی۔ کہا جاتا ہے "قُوْتُه كَفَافُ حَاجَتِه" یعنی اس کا گزارہ بغیر کمی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "و فُلَانٌ لَحْمُهُ كَفَافٌ لِادِيْمِه" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔ كَفَافُ الشَيْءِ: چیز کے مانند۔ کہا جاتا ہے "دَعْنِيْ كَفَافِ" یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "و طَارَ البَرْقُ فِيْ كِفَافِ السَحَاب" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "و جِئْتُه فِيْ كِفَافِ اللَيْل" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصہ میں آیا۔

الكِفَاف. مِنَ الشَيْءِ: گھیرا مِنَ الثَوْب: کپڑے کی گوٹ۔ كِفَافُ السَيْف: تلوار کی دھار كِفَافُ السَحَاب: بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً كِفَافُ الأُذُن. ج أكِفَّة

الكَافّ. فا۔ ج كَفَفَة. و نَاقَةٌ كَافٌّ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔ رَجُلٌ كَافٌّ: اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

الكَافَّة. کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ النَاسُ كَافَّةً" یعنی سب آئے۔ (اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) الكَافَّةُ: بوڑھی اونٹنی۔

الكُفُوْف مِنَ النُوْق: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔

المُكَافَّة. ایک دوسرے کو روکنا۔

المَكْفُوْف ج مَكَافِيْف والكَفِيْف: اندھا۔

المُسْتَكِفّ. گول۔

المُسْتَكِفَّات. چشمے۔ اکٹھے اونٹ۔

كَفَأَ (ف) كَفْأً: پھرنا۔ شکست کھانا عَنِ القَصْد: میانہ روی سے تجاوز کرنا۔ الرَجُلَ: کسی کو دھتکارنا (و كَفَأَ و اكْتَفَأَ) الإِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

كَافَأَ الرَجُلَ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ: بدلا دینا فُلَانًا: انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَيْنَ الفَرَسَيْن بِرُمْحِه: ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

أكْفَأَ. جھکنا الإِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔ جھکا دینا۔ أكْفَأَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا بہت بچے دینا۔ أكْفَأَ البَيْتَ: گھر پر پردہ لگانا الشَاعِرُ: بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ سے خراب کر دینا۔

تَكَفَّأَ فِيْ مِشْيَتِه: لڑکھڑانا۔

اكْتَفَأَ الإِنَاءَ: برتن کو جھکانا پلٹ دینا۔ الإِبِلَ: اونٹوں کو لوٹ ڈال کر لے بھاگنا۔

تَكَافَأَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

انْكَفَأَ القَوْمُ: متفرق ہونا ؛ واپس ہونا۔ شکست کھانا إِلَى كَذَا: جھکنا اللَبَنُ: متغیر ہونا ؛ رنگ بدلنا۔

اسْتَكْفَأَ فُلَانًا إِبِلَهُ: ایک سال کی اونٹوں کی پیدائش کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَكْفَأْتُهُ إِبِلَهُ فَأَكْفَأَنِيْهَا" یعنی میں نے اس سے اس کے اونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ اون بچے سب دیدیئے "اِسْتَكْفَأْتُ فُلَانًا" برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

الكِفَاء و الكَفَاءَة. برابری۔ مساوات۔

الكِفَاء. مصدر كَافَأَ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كِفَاءَ الوَاجِب" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے۔ "وَهٰذَا كِفَاءُه" یہ اس کے مثل ہے "وَلَا كِفَاءَ لَه" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ كِفَاءُ البَيْت: خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج أكْفِئَة.

الكُفْءُ والكَفْءُ والكِفْءُ مثل و نظیر۔ ج أكْفَاء و كِفَاء.

الكُفُوْء والكُفُوْء والكَفِيُّ والكَفِيْئَة. مماثل۔

الكَفْأَة والكُفْأَة مِنَ النَخْل: درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار فِي الإِبِل: ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ کے بعد کی سالانہ پیدائش فِي الأَرْض: سال بھر کی کھیتی۔ تم کہتے ہو "مَنَحْتُهُ كَفْأَةَ غَنَمِي" جبکہ تم ایک سال کے لیے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

الكَفِي. مماثل۔ بطن وادی۔ کہا جاتا ہے

"هُوَ كَفِي اللَّوْن" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔

كِفْتُ الوَادِي: اندرونِ وادی۔

الاِكْفَاء۔ مصدر اَكْفَأ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: حرفِ روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون۔ اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُه مُكْتَفِي اللَّبَنِ و مُكْفَأ اللَّوْن" میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔

كَفَتَهُ (ض) كَفْتًا: پھیر دینا۔ اللّٰهُ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِكْفِتْهُ اِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَّيْءَ: الٹ جانا (و كَفَّتَ) الشَّيْءَ اِلَى نَفْسِه: اپنے ساتھ ملانا۔ الشَّيْءَ: قبض کرنا۔ فُلَانٌ ذَيْلَهُ: دامن سمیٹنا۔

كَفَتَ (ض) كَفْتًا و كِفَاتًا و كَفِيتًا و كَفْتَانًا تَكَفَّتَ الطَّائِرُ وغَيْرُهُ: پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِي مَسِيْرِهِ: دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا سمٹنا۔

كَافَتَ مُكَافَتَةً و كِفَاتًا الرَّجُلَ: دوڑنے میں سبقت کرنا۔ الرَّجُلُ: اچانک مرنا۔

اِنْكَفَتَ۔ پھرنا۔ سکڑنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔

اِكْتَفَتَ المَالَ۔ سب لے لینا۔

اَلكَفْتُ۔ مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (و الكِفْتُ) چھوٹی ہانڈی۔

الكَفْتُ والكَفْتَةُ مِنَ الخَيْلِ: بہت اچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔

الكِفَاتُ۔ مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الكَفِيْتُ۔ مص۔ توشہ دان۔ مِنَ الرِّجَالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے۔ عَدْوٌ كَفِيْتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً: اچانک مر گیا۔

الكَفَّاتُ۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔

المُكَفَّتُ۔ دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔

كَفَحَ (ف) كَفْحًا العَدُوَّ: دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ لِجَامَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا۔ الشَّيْءَ: سرپوش اتارنا۔ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

كَفِحَ (س) كَفْحًا عَنْهُ: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔

كَافَحَ القَوْمُ اَعْدَاءَهُمْ: بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الأُمُوْرَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔ كَافَحَ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

اَكْفَحَ الدَّابَّ: چوپایہ کو ٹھہرانے کی لیے لگام کھینچنا۔ فُلَانًا عَنْ نَفْسِهِ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

تَكَافَحَ القَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔

تَكَافَحَتِ الاَمْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا۔ الكِبَاشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔

الكِفَاحُ۔ مص کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔

الكَفِيْحُ۔ نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا مہمان۔

الاَكْفَحُ۔ کالا۔

الكُفْحَةُ۔ چھوٹی سی جماعت۔

كَفَخَهُ (ف) كَفْخًا۔ طمانچہ مارنا۔ ہُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

الكَفْخَةُ۔ جمع شدہ سفید مکھن۔

رَجُلٌ مِكْفَخٌ و عَمُوْدٌ مِكْفَخٌ: مضبوط۔

كَفَرَ (ن) كَفْرًا و كُفْرًا۔ الشَّيْءَ: چھپایا۔ کہا جاتا ہے "كَفَرَ دِرْعَهُ بِثَوْبِهِ" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپانا۔ اللَّيْلُ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: ڈھانکنا۔ الجَهْلُ عَلَى عِلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا (كَفْرًا و كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) ایمان کی ضد بِالخَالِقِ: نفی کرنا۔ كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهِ و بِنِعَمِ اللّٰهِ: ناشکری کرنا۔ كَذَا: بیزار ہونا۔

كَفَّرَ الشَّيْءَ: چھپانا۔ الرَّجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ كَفَّرَ لَهُ: تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا۔ اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا۔ عَنْ يَمِيْنِهِ او اِثْمِهِ: کفارہ ادا کرنا۔

كُفِّرَ۔ لِلْمَلِكِ: تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم کرنا لازم ہو۔

كَافَرَ مُكَافَرَةً۔ فُلَانًا حَقَّهُ: انکار کرنا۔

اَكْفَرَ۔ طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا۔ الرَّجُلَ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔

اَكْفَرَ الرَّجُلُ: دیہات میں رہنا۔

اِكْتَفَرَ۔ دیہات میں رہنا۔

الكَفْرُ۔ مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی مٹی۔ الكَفْرُ: دیہات۔ ج كُفُوْر (و الكِفْرُ و الكَفْرَة) رات کی تاریکی۔

الكُفْرُ و الكُفْرَانُ۔ ضد ایمان۔ الكُفْرَانُ: ناشکری۔ الكُفْرُ: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔

الكَفْرُ و الكُفَرَّى و الكُفُرَّى و الكِفِرَّى کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكَفْرُ: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفْرَةٌ۔

الكَفِرُ مِنَ الجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔

الكَافِرُ۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج كَافِرُوْنَ و كَفَرَةٌ و كُفَّارٌ و كِفَارٌ (كُفَّارٌ اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مومن ہے اور كَفَرَةٌ کا استعمال اکثر اس كَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الكَافِرُ: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم۔ الكَافِرُ مِنَ الخَيْلِ: کالا گھوڑا۔

الكَافِرَةُ۔ کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَات و كَوَافِر۔ الكَوَافِرُ: شراب کے مٹکے۔

الكَفُور. کافر۔ ج کُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الکَافُور. ایک خوشبو دار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج کَوَافِیر و کَوَافِر.

الکَفَّار. اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ کَفَّار: اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الکَفَّارَة. کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُکَفِّر و المُتَکَفِّر. ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُکَفَّر. مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔ طَائِرٌ مُکَفَّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

کَفِسَ (س) کَفَسًا الصَّبِیُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَکْفَس. مؤنث کَفْسَاء. ج کُفْس.

کَفِسَت وانْکَفَسَتْ رِجْلُه: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْکَفَسَ الرَّجُلُ: مرد کا دوہرا ہونا۔

الکِفَاس. بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔

کَفْکَفَهٗ عَنْ کَذَا: پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کَفْکَفَ الدَّمْعَ: آنسو بار بار پونچھنا۔ الرَّجُلُ: قرض دار سے نرمی برتنا یا قرض دار سے تکلیف پہنچانے والے کو دور کرنا۔

تَکَفْکَفَ عَنْهُ: باز رہنا۔ پھر جانا۔

کَفَلَ (ن) کَفْلًا و کَفَالَةً فُلَانًا: نان و نفقہ کا ذمہ دار ہونا۔ فِی صِیَامِه: لگاتار روزے رکھنا۔ الشَّیْءَ اِلَیْهِ: ملانا۔

کَفَلَ (ن س) و کَفِلَ (س) و کَفُلَ (ک) کَفْلًا و کُفُوْلًا الرَّجُلَ و بالرَّجُلِ والمَالَ و بالمَالِ: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَفَلَ عَنْهُ بِالمَالِ لِغَرِیْمِه" اس نے قرض خواہ کی لیے مال کی ذمہ داری کی۔

کَفَّلَه. نان و نفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔

کَفَّلَه و اَکْفَلَهٗ اِیَّاه: ضامن بنانا۔ کَفَّلَ القَاضِی الخَصْمَ: ضامن لینا۔ تَکَفَّلَ زَیْدٌ عَمْرًوا: مال کا ضامن ہونا۔

کَافَلَهٗ مُکَافَلَةً. معاہدہ کرنا۔

تَکَفَّلَ لَهٗ بِکَذَا: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَفَّلَ بِالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا (و اِکْتَفَلَ) البَعِیْرَ: اونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِکْتَفَلَ بِفُلَانٍ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔ الشَّیْءَ: پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِکْتَفَلُوْا بِالجَبَلِ: یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔

تَکَافَلَ القَوْمُ: بعض بعض کا ضامن ہونا۔

الکِفْل. دو چند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکل؛ وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے؛ وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے کے لیے مستعد رہے؛ وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے؛ چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے؛ وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج اَکْفَال.

الکِفْل مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج اَکْفَال.

الکَافِل. فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے در پے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے بَاتَ فُلَانٌ کَافِلًا" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج کُفَّل.

الکَفَالَة. ضمانت (اسم ہے کَفَلَ سے) ج کَفَالَات.

الکَفِیْل. ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَفِیْلٌ وامْرَأَةٌ کَفِیْلَةٌ و قَوْمٌ کَفِیْلٌ" ج کُفَلَاء.

الکُفُوْلَة. اسم ہے کفل کا۔ اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

کَفَنَ (ض) کَفْنًا الجمر بالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا۔ الصُّوفَ: اون کاتنا۔ الخُبْزَةَ فِی المَلَّةِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔

(و کَفَّنَ) المَیِّتَ: کفن دینا۔

تَکَفَّنَ بِکَذَا: چھپنا۔

الکَفْن. مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامُ کَفْن" بے نمک کھانا۔

الکَفَن. کفن۔ ج اَکْفَان.

الکَفْنَة. ایک درخت کا نام ہے۔ اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الکُفْنَة. عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُکْفَنُوْن" یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الکَافِه. فوج کا سردار۔

اِکْفَهَرَّ اِکْفِهْرَارًا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ السَّحَابُ: بادل گھٹاٹوپ ہونا۔ الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُکْفَهِرّ. فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُکْفَهِرُّ اللَّوْن" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلَانٌ مُکْفَهِرٌّ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الکُفُو والکُفْی. مثل اور نظیر۔

کَفَی یَکْفِی کِفَایَةً الشَّیْءُ: کافی ہونا۔ صفت کَافٍ. کَفَی الشَّیْءُ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا و کَفَی فُلَانًا مُؤْنَتَه' کارگزاری کر دینا۔ اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا ہے "کَفَیْتُهٗ شَرَّ عَدُوِّه" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا۔ اور کفی کے فاعل پر با کی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "کَفَی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلا مرفوع ہے اور شہیدا تمیز ہے۔

کَافَی کِفَاءً و مُکَافَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔

کافی ہونا۔
تَکَفّٰی النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔
اِکْتَفٰی بِکَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔
اِسْتَکْفٰی الرَّجُلُ الشَّیْءَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَکْفَیْتُہُ الْاَمْرَ فَکَفَانِیْہِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔
الکِفَایَۃ. س۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔
الکَفْیُ والکِفْیُ والکُفْیُ. جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَفْیُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لیے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الکِفْیُ: اندرون وادی۔ ج اَکْفَاء.
الکُفْیَۃ. گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج کُفًی.
الکَفِیُّ والکَافِی. جو تمہارے لیے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ کَافِیْكَ مِنْ رَجُلٍ و رَجُلَانِ کَافِیَاكَ مِنْ رَجُلَیْنِ و رِجَالٌ کَافُوْكَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔ کَفِیُّ الرَّجُلِ: مرد کا قائم مقام۔ الکَفِیُّ: بارش۔
اَلْکَاکَاو: وسطی امریکا کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوڑے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (نکالا) جاتا ہے۔
المُکَافَات. س۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُکَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی امید کی۔
کَلَّ (ض) کَلًّا و کِلَّۃً و کَلَالًا و کُلُوْلًا و کَلَالَۃً و کُلُوْلَۃً. تھکنا۔ صفت کَالٌّ. بے والد اور بے اولاد ہونا السَّیْفُ وغَیْرُہٗ. تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت کَلٌّ وَکَلِیْلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

کَلَّلَ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا الرَّجُلُ: اپنے اہل و عیال کو ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دینا السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّلَ تَکْلِیْلَۃَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا عَلَیْہِ بِالسَّیْفِ: تلوار سے حملہ کرنا ہٗ: تاج پہنانا ہٗ بِالْحِجَارَۃِ: پتھراؤ کرنا السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔
اَکَلَّ الْبُکَاءُ بَصَرَہٗ: نگاہ کا مدھم کر دینا البَعِیْرَ: اُونٹ کو تھکا دینا الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اُونٹ والا ہونا۔
تَکَلَّلَ. تاج پہننا الشَّیْءُ بِہٖ: احاطہ کرنا۔ تَکَلَّلُوْہُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (و اِکْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا و اِکْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔
اِنْکَلَّ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا الرَّجُلُ: مسکرانا السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔
الکَلُّ. س۔ کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور کَلٌّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع کُلُوْل کہتے ہیں۔
کُلٌّ. ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لیے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور ما مصدر یہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کُلَّمَا اَتَاكَ زَیْدٌ اَکْرِمْہُ" یعنی زید جب کبھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔ اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ھُوَ الْعَالِمُ کُلُّ الْعَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ و نکرہ

محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ المَلٰئِکَۃُ کُلُّھُمْ" و "اَقَمْنَا حَوْلًا کَامِلًا کُلَّہٗ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "کُلُّ شَیْءٍ فَعَلُوْہُ بِحِکْمَۃٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَکُلُّ رَفِیْقَیْ کُلِّ رَحْلٍ وان ھما" اور مجموع مذکر کی جیسے "و کُلُّ اُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَیْنَھُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "و کُلُّ مُصِیْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُھَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے کُلُّ الْقَوْمِ حَضَرَ یا کُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوْا. اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے کُلٌّ حَضَرَ و کُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر ز مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اور تقدیر پہلی مثال میں کُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں کُلُّھُمْ. اور اگر لفظ کُل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَا جَاءَ کُلُّ القَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے کُلُّھُمْ لَمْ یَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے اَلْکُلُّ لِاِحَاطَۃِ الْاَفْرَادِ.
کَلَّا. ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الکَلَّۃ. کَلَّ کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔
الکَلَّۃ. تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے

كَلة امْرأة جیسے کُلُّ امْرِیٔ۔
الکِلّة. باریک پردہ۔ مچھر دانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج کِلَل و کِلّات (و الکِلَل حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكِلّةِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔
الکَلالَة. تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لیے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الکَلالَةِ و ابْنُ عَمِّ کَلالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔
الکُلّيّ. کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الکُلّي: عِلم الٰهي.
کُلّيّةُ الشَّيْئِ: بتامه. کہا جاتا ہے "اخذَهٗ بِكُلّيّتِه" یعنی بتمامہ لے لیا۔
الکُلّيّة: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔
الکُلّيّات فِيْ عُرفِ المنطقيين: وہ مفہوم ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔
(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔
(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔
(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔
(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضاحِكٌ.
(۵) عرضِ عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے ماشي.
الاِکْلِیْل: عیسائی مرد حضرات کے سر پر شادی کا تاج۔ کہا جاتا ہے۔ کَلَّلَ الکاهِنُ العَرُوْسَیْنِ مُتَكَلّاً کاهن (پادری) نے شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے ہوئے۔
الاِکْلِیْل الدَّائِرِي اَوِ الحَلْقَةُ الدَّائِرِيَّة: وہ سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔
الاِکْلِیْل. تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَکِلّة و اَکالِیْل: ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔
اِکْلِیْلُ الملك: ناخنہ۔ و اِکْلِیْلُ الجبل: ایک قسم کی نباتات۔
الکَلِیْل. تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیْفٌ کَلِیْلٌ" کند تلوار۔ ج کِلال.
کَلأ (ف) کَلاءً و کِلاءً و کِلاءَةً اللّٰهُ فُلاناً: حفاظت کرنا۔ کَلاهُ بالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ کَلا بَصَرُهٗ فِي الشَّيْئِ: بار بار دیکھنا النَّجْمَ مَتٰی یَطْلُعُ ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (کَلأً و کُلُوْءَة) الدَّیْنَ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت کَالِئٌ و کَالٍ عُمْرُهٗ: عمر کا ختم ہونا۔
کَلأَ و کَلِئَ (س) کَلا المَکانُ: سبزہ زار ہونا (و اَکْلَأَت) النَّاقَةُ اُونٹنی کا سبزی کھانا۔
کَلّا تَكْلِيْئاً و تَكْلِئَةَ السَّفِيْنَة: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا الرَّجُلَ: باز رکھنا فِي الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا اِلٰی فُلانٍ فِي الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (تَكْلِيْئاً) بیعانہ لینا۔ (تَكْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا فِي الطَّعامِ وَغَيْرِه: بیع سلم کرنا۔
کَالَاهُ مُکالَاةً و کِلاءً. انتظار کرنا۔
تَکَلَّا و اِسْتَكْلا. الکُلاءَة: بیعانہ لینا۔
اِسْتَكْلا المَکانُ: سبزہ زار ہونا۔
اِکْتَلا کُلاءَةً. بیعانہ لینا۔ اِکْتَلاتْ عَيْنُهٗ بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْتَلا مِنْ فُلانٍ: بچنا۔
الکَلّاء. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔
الکالِئ و الکالِي. بیعانہ۔ ادھار ج کَوالِي و کِوال.
مَکانٌ کَلِيٌّ و مُکْلِيٌّ. بہت سبزہ زار۔ مؤنث کَلِئَة و مُکْلِئَة.
رَجُلٌ کَلُوْءُ العَيْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَيْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔
الکُلاءَة. بیعانہ۔ ادھار۔
الاَکْلا. اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَّغَ اللّٰهُ بِكَ اَکْلا العُمرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔
اَرْضٌ مَکْلاة. بہت سبزہ زار زمین۔
المُکَلّا. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔
کَلَب (ن) کَلْباً الفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز مارنا المَزادَةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔
کَلَب (ض) کَلْباً الرَّجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لیے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔
الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔
کَلِبَ (س) کَلَباً. پیاسا ہونا الکَلْبُ: دیوانہ ہونا الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا عَلَی الْاَمْرِ: حریص ہونا فِي کَذَا: امید رکھنا عَلَی الرَّجُلِ: اصرار کرنا الرَّجُلُ: بغیر آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک ہونا۔ فرومایگی کرنا۔ الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا القِدُّ عَلَی الاَسِيْرِ: خشک ہونا الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا الشِّتاءُ و الزَّمانُ: سخت ہونا۔
کُلِبَ کَلاباً الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔
کَلَّبَ الکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔
کَالَبَ کِلاباً و مُکالَبَةً الرَّجُلَ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کالَبَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔
اَکْلَبَ القَوْمُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
تَکالَبَ القَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا عَلٰی کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْيا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہوگئے۔
اِسْتَكْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا۔
الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔
الکَلْبُ. ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتا ج

کِلاب. واکلُب و ج اکالِب و کِلابَات الکَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ۔ مِن الفرس: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتوی علی کلبِ فرسِہ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کَفَّ عنہ کلابَہ" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی۔ اور فُلانٌ بِوادی الکَلْب" جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الکَلْبُ: وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ الماءِ او کَلْبُ البَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الکَلْبُ و کَلْبُ الجَبَّار والکَلْبُ الاکبر والکَلْبُ الاصغر و کَلْبُ الرَّاعِی: ستاروں کے نام۔ کَفُّ الکَلْب: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسانُ الکَلْب: ایک نباتات۔

الکُلاب. کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الکَلَب. کَلِب کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دفعتُ عنك كَلَبَ فُلان" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الکَلْبة. کتیا۔ کانٹا۔ اُمّ کَلْبَة: بخار۔

الکَلْبَتَان. لوہار کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو کَلَّابَة بھی کہتے ہیں۔

الکُلْبَة. سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الکُلّاب والکَلُّوب. مہمیز۔ آگ نکالنے کی لیے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج کَلالِیب: کَلالِیبُ البَازِی: باز کے پنجے۔ کَلالِیبُ الشَّجر: درخت کے کانٹے۔

الکَلّاب والکالِب. کتے والا۔ الکَلّاب کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کی لیے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لیے لوہے کا کانٹا۔ ج کَلالِیب.

الکالِب والکَلِیب. کتوں کا جھنڈ۔

الکَلِب ج کَلِبُون والکَلِیب ج کَلْبَی. کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عامٌ کَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَهرٌ کَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سائلٌ کَلِب: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ کَلِبٌ علی کذا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الکَلِبَة. کَلِب کا مؤنث۔ خار دار درخت۔ اَرْضٌ کَلِبَة وارض کَلِبَةُ الشَّجر: خشک زمین۔

المُکَلَّب. بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ کَلابٌ مُکَلَّبَة: سدھے ہوئے کتے۔

المُکَلِّب. کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُکَالِب. دلیر۔

اَرْضٌ مَکْلَبَة. بہت کتوں والی زمین۔

کَلَتَ (ض) کَلْتًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَلَتَ بِہٖ: پھینکنا۔ کَلَتَهُ فِی الْاِنَاءِ: برتن میں انڈیلنا۔ الفرسَ: گھوڑے کو چلانا۔

انْکَلَتَ الماءُ: ڈالا جانا۔ الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِکْتَلَتَ الماءَ: پینا۔

الکُلْتَة. کھانے کا حصہ۔

الکَلِیت والکَلِّیت. لما پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

کَلْتَبَ کَلْتَبَةً فِی اَمْرِہٖ: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الکَلْتَب والکُلْتُب. کاموں میں سستی کرنے والا۔

کَلْثَمَ کَلْثَمَةً لَحْمُ الوَجْهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الکُلْثُم. بہادر سخی۔

الکُلَّج. قوی لوگ۔

کَلَحَ (ف) کُلُوحًا و کُلاحًا وَجْهُهٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت کالِح. کہا جاتا ہے "کَلَحَ فِي وَجْهِ الصَّبِيِّ او المَجْنُون" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

کَلَّحَ وَجْهَهٗ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

اَکْلَحَ وَجْهَهٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ وَجْهَهٗ: تیوری چڑھانا۔

کالَحَ فُلانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا۔ القمرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَکَلَّحَ. الوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اِکْلَوَّحَ وَجْهُهٗ: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهرٌ کُلاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

کَلاحِ. مبنی بر کسرہ: قحط زدہ سال۔

الکَلْحَة. منہ اور اس کا ارد گرد۔

الکالِح. فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهرٌ او شِتاءٌ کالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الکَوْلَح. قبیح۔

کَلَدَ (ض) کَلْدًا و کَلَدَ الشَّیْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔

تَکَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الکَلَد. سخت زمینیں۔ واحد کَلَدَة.

الاِکْلِید. کنجی۔ (دخیل)

کَابُوری او حَرِیرَة: ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو (۱۰۰) درجہ کی حرارت۔

الکَلُور: کمیت نمبر علامت ایٹمی نمبر 17 - C - L - ۳۵،۴۵۷

کَلُورِین: جسم بسیط زرد سبز مائل گیس جس کی ہوا سانس روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ۱۹۱۵ء کی جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔ صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے

مراد میں داخل کی جاتی ہے۔
اَلْکُلُورومِیتِین : ٹائیفیٹ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوائی کا نام۔
کَلَزَ (ض) کَلْزًا و کَلَزَ الشَّیَٔ: جمع کرنا۔
اِکْلَازَّ اِکْلِئْزَازًا. البَازِی: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا الرَّجُلُ: سکڑنا۔
الکِلِزُ. مضبوط پٹھے والا مرد۔
کَلَّسَ البَیْتَ. گچ سے استرکاری کرنا۔ الشَّیَٔ: گچ کی مانند بنانا۔ کَلَّسَ عَنْ قِرْنِہٖ: بزدل ہونا اور بھاگنا عَلَیْہِ: حملہ کرنا مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
تَکَلَّسَ. چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔ مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
الکِلْس. چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔
الکُلْسَة. بھورا رنگ۔
اَلْکَلْسِیُوم : کَیْلْشِیَم: کمیت نمبر ۴۰،۰۸۔
20-C-A
ایک سفید بسیط مادہ جو ہڈیوں اور دانتوں کے جوڑنے میں کام آتا ہے اس کے مرکبات سے چونا اور چونا والے پتھر۔
الاَکْلَس. چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیْفٌ کَلَّاس: شمشیر براں۔
اَلْکَلْسَةُ ج اَلْکَلْسَاتُ : جورابیں۔ اس کو اَلْقَلْشِیْن ج قَلَاشِیْنَ بھی کہا جاتا ہے۔
اَلْکَلَاسِیکِیَّةُ اَوِالاَدَبُ الکَلَاسِیکِی: ادب کو پڑھانے کا وہ نظریہ جو کہ قدماء و یونان نے اختیار کیا۔
المُتَکَلِّس. تیز دوڑنے والا۔
الاَنْکَلِیْس. ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْکَلِیْس بھی کہتے ہیں (دخیل)
کَلْسَمَ اِلَیْہِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔
کَلْصَمَ. الرَّجُلُ: بھاگنا۔
کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُہٗ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔

کَلِعَ (س) و کَلَعَ (ف) کَلْعًا. الوَسْخُ عَلٰی رَاسِہٖ او فِیْ رَاسِہٖ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاسُہٗ: سر کا میلا ہونا۔ کُلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَّةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا (کَلْعًا و کُلَاعًا) البَعِیْرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔
اَکْلَعَهُ الوَسْخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔
تَکَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔
الکِلْع. مرد بدقوارہ۔ فرومایہ۔ ج کِلْعَةٌ۔
الکَلَع. بوائی۔ پیر کی پھٹن۔
الکَلِع. بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلِعَةٌ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَسْوَدُ کَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔
الکَلْعَة. بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔
الکُلْعَة. ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔
الکُوْلَع. میل کچیل۔
الکُلَاع. س۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔
الکُلَاعِیّ. مرد دلیر۔
کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجْهُ: چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَکْلَف. مؤنث کَلْفَاء. بِہٖ: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَه، دشوار کام کا حکم دینا۔
اَکْلَفَه بِکَذَا : عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔
اِکْلَافَ اِکْلِئْفَافًا. جھائیں کے رنگ کا ہونا۔
الکَلَف. سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔
الکَلِف. عاشق زار۔
الکُلْفَة. جھائیں کا رنگ۔
الکُلْفَة. مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف۔

التَّکْلِفَة. مشقت۔ ج تکالیف۔
الکَلُوْف. دشوار امر۔
الکَلَافَة. سخت محبت۔ اشتیاق۔
الکَلْفَاء. اَکْلَفُ کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخ سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔
المُکَلَّف والمُتَکَلِّف تکلفات کرنے والا۔ اُمور لایعنی میں پڑنے والا۔
الکَلَك. چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات
الکَلْکَل ج کَلَاکِل والکَلْکَال. سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے الکَلَاکِل: جماعتیں۔
الکُلْکُل والکُلَاکِل. مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلْکُلَة و کُلَاکِلَة.
کَلَمَه (ن ض) کَلْمًا. زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یَکْلِمُ العِرْضَ والدِّیْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔
کَلَّمَه تَکْلِیْمًا. زخمی کرنا (تَکْلِیْمًا و کِلَّامًا) بات چیت کرنا۔
کَالَمَه مُکَالَمَةً. گفتگو کرنا۔
تَکَالَمَ الرَّجُلَانِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فَاَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر یَتَکَالَمَانِ ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَانِ نہیں۔
تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا و تِکِلَّامًا الرَّجُلُ کَلِمَةً و بِکَلِمَةٍ بات کہنا۔
الکَلْم. س۔ زخم۔ ج کُلُوْم و کِلَام.
الکَلِمَة. ج کَلِم و کَلِمَات والکِلْمَة. ج کِلَم و الکَلْمَةُ ج کَلْمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَةُ التَّوْحِیْدِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کَلِمَةُ التَّقْوٰی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. العَشْرُ الکَلِمَات: اللہ تعالیٰ کے

دس احکام جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔

الْكَلِمَةُ و كَلِمَةُ اللهِ سیدنا عیسیٰؑ کا لقب۔ اور کلمۃ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔

كَلِمَةُ الله (عیسائیوں کے نزدیک): اقنوم ثانی تین میں سے۔

الْكَلام. قول۔ گفتگو۔ جملہ۔

عِلْمُ الْكَلَام: اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔

الْكُلام. سخت زمین۔

الْكِلْمَانِيّ والْكَلْمَانِيّ والْكِلِمَّانِيّ والْكِلِمَّانِيّ فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِكْلَامٌ و تِكِلَّامٌ و تِكْلَامَة و تِكِلَّامَة عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الْكَلِيْم. مجروح. ج كَلْمَى تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء. الْكَلِيْم و كَلِيْمُ اللهِ: حضرت سیدنا موسیٰؑ کا لقب۔

رَجُلٌ كَلِيْم. بہت بولنے والا۔

الْمُتَكَلِّم. فا۔ علم کلام کا ماہر۔

الْمُتَكَلَّم. گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَكَلَّمًا یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

كَلَى يَكْلِي كَلْيًا. الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعول كَلِيّ.

كَلِيَ (س كَلًى) و اِكْتَلَى. گردے پر لگنا و اِكْتَلَاهُ: گردے پر مارنا۔

كُلِيَ. درد گردہ میں مبتلا ہونا۔

كَلَّى تَكْلِيَةً. چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِكْلَوْلَى اِكْلِيْلَاءً. شکست کھانا۔

الْكُلْيَة و الْكُلْوَة. گردہ. مثنی كُلْيَتَان و كُلْوَتَان ج كُلًى و كُلْيَات. كُلَى الْوَادِي: وادی کے اطراف وجوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْكُلَى" دبلی پتلی بکریاں "لَقِيْتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ" میں نے اس سے آغاز جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔

و الْكُلْيَةُ مِنَ الْقَوْسِ: کمان کے قبضہ سے تین بالشت۔ مِنَ السَّحَاب: بادل کا نچلا حصہ۔ الْكُلَى مِنَ الطَّيْرِ: بازو کے چار پر۔

الْكُلَى. درد گردہ والا۔

كِلَا و كِلْتَا. یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَأَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ و كِلْتَا الْمَرْأَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا و رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا والْمَرْأَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا" و "زَيْدٌ و عَمْرٌو و كِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی اصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلَاهُمَا قَامَا" و "زَيْدٌ و عَمْرٌو و كِلَاهُمَا قَائِمَان" اور یہ کم ہے۔ اور "كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهِ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الْاِكْلِيْرُس. گرجا کے خادم۔ واحد كُلَيْرِيكِيّ ج اِكْلِيرِيكِيُّون.

كَمْ. دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبِيْدٍ مَلَكْتُ. میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

كَمَّ (ن كَمًّا) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ الْبَعِيْرَ: اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا النَّاسَ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

كَمَّتْ و كُمَّتْ كَمًّا و كُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُوْم.

كَمَّمَ و اَكَمَّ الْقَمِيْصَ: کرتے میں آستین لگانا۔ كَمَّمَتْ و اَكَمَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَكَمَّمَ بِثِيَابِهِ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكَمَّمَهُ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُكُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الْكَمُّ و الْكَمِّيَّةُ. مقدار۔

الْكَمِّيّ. کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كَمِّيَّة.

الْكُمّ. آستین۔ ج كِمَام و كِمَمَة.

الْكُمَّة. گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الْكِمّ. غلاف شگوفہ۔ ج كِمَمَة و اَكْمَام و كِمَام و اَكَامِيْم.

اَكِمَّةُ الْخَيْلِ: توبڑہ۔ واحد كِمَام.

الْكِمَامَة. پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الْكِمَامَة و الْكِمَام. تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

الْمَكْمُوْم. مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

الْمِكَمَّة. تھوتھنی۔

كَمِئَ (س كَمْأً) عَنِ الْأَخْبَارِ: پوشیدہ ہونا۔ ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔ كَمِئَتْ يَدُهُ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

كَمَأَهُ (ف كَمْأً) سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَكْمَأَ اِكْمَاءً. الْمَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا۔ الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا السِّنُّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَكَمَّأَهُ. ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّأَتْ عَلَيْهِ الْأَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ يَتَكَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔

الْكَمْءُ. مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَكْمُؤٌ و كَمْأَة.

الْكَمَّاء. سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کے لئے چننے والا۔

المَكْمَاة والمَكْمُوءَة. سانپ کی چھتری کی جگہ۔
اَلْكَمْبِيَالَةُ: سندیا ورق جو لکھا جائے۔
لَازَمَهُ لِزَامًا و مُلَازَمَةً۔ چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا۔

اَلْزَمَ اِلْزَامًا الشَّيْءَ: لازم کرنا ہ الْمَالَ والعَمَلَ او بِالْمَالِ و بِالْعَمَلِ: واجب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِي" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔

اِلْتَزَمَه ۔ بمعنی لَازَمَهُ فُلَانًا: گردن پکڑنا العَمَلَ او المَالَ: اپنے اوپر واجب کر لینا القَرْيَةَ او العُشْرَ او غَيْرَهُمَا: مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)

اِسْتَلْزَمَ الشَّيْءَ لازم سمجھنا۔ چاہنا۔

اللِزَام س۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا۔ فیصلہ (واللَزَم) فیصلہ کرنے والا۔

لَزَامِ. بالبناء على الكسر لگاتار۔ پیوستہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبَةُ لَزَامِ" یعنی لگاتار مار۔

اللزَمَة جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔

اللُزُوْمِيَّة سم ہے لزم سے۔

اَلْمُلَازِمُ فوج میں، بحریہ کے اندر کمانڈر چھوٹا افسر جو کہ لفٹیننٹ کے برابر ہو۔

اللَّازِم۔ فا۔ مؤنث لَازِمَة جمع لَوَازِم۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْاَمْرُ ضَرْبَةَ لَازِمٍ" جیسا کہا جاتا ہے "ضَرْبَةَ لَازِبٍ"

المِلْزَم و المِلْزَمَة لوہے یا لکڑی کا شکنجہ ج ملازم.

المَلْزُوْم مف۔ لازم کیا ہوا۔

لَزَنَ(ن) لَزْنًا و لَزِنَ لَزَنًا و تَلَازَنَ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

اللَزْن س۔ سختی۔ عَيْشٌ لَزْنٌ: تنگ زندگی مَاءٌ لَزْنٌ: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔ مَكَانٌ لَزْنٌ و لَزِنٌ و مَلْزُوْنٌ۔ بھیڑ والی جگہ۔

اللزْنة واللزَنة سختی لَيْلَةٌ لَزْنَةٌ: بھوک سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ ج لِزَن.

زَمَانُ اللَزْنِ۔ سخت زمانہ۔

اَللَّازَوَرْدُ و اللَّازُوَرْدُ (فارسی لفظ): ایک کان جس کو زیورات میں لگایا جاتا ہے۔ اس کی عمدہ قسم صاف شفاف نیلی سرخ اور سبزی مائل ہوتی ہے۔

اَللَّازَوَرْدِيّ جو لازورد کے رنگ میں ہو۔

لَسَّ(ن) لَسًّا القَصْعَةَ: پیالہ چاٹنا۔ لَسَّتِ الدَّابَّةُ الكَلَأَ: چوپایہ کا زبان کی اطراف سے چرنا لِطَعَامٍ: کھانا۔

اَلَسَّ المَكَانُ: ابتداءً نباتات کا نکالنا۔

اللُّسَاس واللُّسَّاس ۔ ایک سخت اور کھردری گھاس ۔ اللَّسَاس: ہریاول جس کو جانور چرنہ سکے۔ اور اطراف زبان سے چرے۔

اللُّسُس ۔ ہوشیار و ماہر اونٹ والے۔

لَسَبَتْهُ(ض) لَسْبًا الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا . لَسَبَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا ہ بِلِسَانِهِ: برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔

لَسِبَ(س) لَسَبًا بِهِ: چپکنا اَلْعَسَلُ: شہد چاٹنا۔

اَلْسَبَ الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ سے ڈسوانا۔

رَجُلٌ لَسَّابَةٌ لِلنَّاسِ: لوگوں کو برا بھلا کہنے والا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ لُسُوْبًا و لُسُوْبًا" یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔

لَسَدَ(ض) لَسْدًا ولَسِدَ(س) لَسَدًا الْإِنَاءَ: برتن چاٹنا العَسَلَ: شہد چاٹنا اُمَّهُ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

فَصِيْلٌ مِلْسَدٌ۔ بہت چاٹنے والا اور اونٹنی کا بچہ۔

لَسَعَهُ(ف) لَسْعًا ڈسنا۔ اور کہا گیا ہے کہ لَسَعَ ڈنگ سے ڈسنے کو اور لَدَغَ منہ سے ڈسنے کو کہتے ہیں۔ بچھو کیلئے تَلْسَع اور سانپ کیلئے تَلْدَغ کا استعمال ہے ۔ لَسَعَهُ بِلِسَانِهِ: عیب لگانا۔ گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ لَسَعَ فِي الْاَرْضِ جانا۔ سفر کرنا۔

اَلْسَعَ فُلَانًا عَقْرَبًا: بچھو سے ڈسوانا بَيْنَ القَوْمِ: دشمنی ڈالنا۔ بھڑکا دینا۔

لُسِعَ الرَّجُلُ: خانہ نشین ہونا۔

اللَّسَّاع واللَّسَعة لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔

اللَسِيْع ڈسا ہوا۔ ج لَسْعَى ولُسَعَاء.

اللَّسُوْع۔ بہت سے شگاف۔

المِلْسَع۔ ماہر راہبر۔

المُلَسَّعَة خانہ نشین جو گھر سے جدا نہ ہو۔

المُلَسِّعَة مقیم جماعتیں۔

لَسِقَ(س) لُسُوْقًا و التَسَقَ۔ چپکنا۔

اَلْسَقَ۔ چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِسْقِي و لَسِيْقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَّسُوْق۔ دوا جو اچھے ہونے تک چپکی رہے۔

المُلْسَق۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔

لَسَمَ(ن) لَسْمًا۔ چکھنا۔ کہا جاتا ہے ”مَا لَسَمَ لِسَامًا“ یعنی کچھ نہیں چکھا۔
لَسِمَ(س) لَسَمًا۔ حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔
لُسِمَهٗ لُسُوْمًا۔ لازم ہونا۔
اَلْسَمَه كَلَامًا: سمجھانا۔ کلام سکھانا. ہٗ الطَّرِيْقَ: راستہ اختیار کرانا۔ اَلْسَم واِسْتَلْسَمَ الشَّيْئَ ہٗ: ڈھونڈھنا۔
لَسِنَ(س) لَسَنًا۔ فصیح وبلیغ ہونا۔
لَسَنَ(ن) لَسْنًا فُلَانًا: بہتر بیان والا ہونا۔ برائی سے یاد کرنا۔ گفتگو میں غالب آنا۔ لَسَنَتْه العَقْرَبُ: ڈسنا (ولَسَّنَ) الشَّيْئَ: کنارہ کو زُبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔ زُبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔
لَاسَنَ مُلَاسَنَةَ الرَّجُلَ: جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔
اَلْسَنَ فُلَانًا قَوْلًا اَوْ رِسَالَةً: پہنچانا۔ کہا جاتا ہے ”اَلْسِنِّي فُلَانًا وَاَلْسِنْ لِيْ فُلَانًا كَذَا و كَذَا“ یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچادو۔
تَلَسَّنَ علٰی فُلَانٍ: جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا الجَمْرُ: چنگاری سے زُبان کی مانند شعلہ بلند ہونا۔
اللَّسْن۔ زُبان۔ لغت۔ گفتگو۔
اللَّسَن۔ فصاحت۔
اللِّسَان ۔ زُبان (مذکر و مؤنث) مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَة واَلْسُن و لُسُنٌ و لِسَانَات لغت ۔ پیغام. لِسَانُ العَرَبِ: عرب کی زبان لِسَانُ الْقَوْمِ: قوم کا ترجمان۔ لِسَانُ الحَالِ: زُبانِ حال یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔ لِسَانُ الصِّدْقِ: اچھی شہرت۔ لِسَانُ المِيْزَانِ: ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے۔ لِسَانُ النَّارِ: شعلہ۔ لِسَانُ الحَمَلِ و الثَّوْرِ و الكَلْبِ و السَّبُعِ و العَصَافِيْرِ: مختلف نباتات کے نام۔ والحُرُوْفُ اللِّسَانِيَةُ ر. ز. س. ش. ص. ض. کہا جاتا ہے ”فُلَانٌ ذُوْ لِسَانَيْنِ“ یعنی فریبی دغا باز۔ منافق۔ غیبت کرنے والا ”وَاَلْسِنَةُ النَّاسِ عَلَيْهِ حَسَنٌ“ لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔
اللَّسِن۔ جو چیز زُبان کی طرح نوکدار ہو (والاَلْسَن) فصیح بلیغ ۔ مؤنث لَسْنَاء ج لُسْنٌ.
المُلْسِن۔ فا۔ فصیح۔ بہت بولنے والا۔
المِلْسَن۔ پتھر جس کو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگادیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھ دیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ کو بند کر دیتا ہے جس میں درندہ بند ہو جاتا ہے۔
المُلَسَّن ۔ مف۔ زُبان کی طرح نوک دار بنایا ہوا۔
المُلَسِّن۔ فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زُبان کو دبانے والا۔
المَلْسُوْن ۔ جھوٹا۔ باتونی کام چور۔ زُبان بریدہ۔
لَسَا يَلْسُوْ لَسْوًا۔ تھوڑا کھانا۔
لَشَّهٗ(ن) لَشًّا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
اللَّش۔ مص۔ ماش۔
لَشْلَشَ ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔
اَلشَّلَاش ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنے والا۔
لَشَا يَلْشُوْ لَشْوًا. رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
لَاشَىٰ مُلَاشَاةَ الشَّيْئَ: لاشئی کر دینا۔ معدوم کردینا (یہ لاشئی سے بنایا گیا ہے)
تَلَاشَىٰ تَلَاشِيًا الشَّيْئُ معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔
التَّلَاشِي۔ مص۔ اضمحلال۔
لَصَّ (س) لَصَصًا و لَصَاصًا و لُصُوْصِيَّةً و لَصُوْصِيَّةً۔ چور ہونا۔
لَصَّ (ن) لَصًّا البَابَ: بند کرنا الشَّيْئَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔
لَصَّصَ البُنْيَانَ: مضبوط بنانا۔ لغت ہے رَصَّصَ میں۔
تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔
اللَّصُّ واللِّصُّ واللُّصُّ ۔ چور۔ ج لُصُوْص واَلْصَاص ولِصَصَة ولِصَاص مؤنث لِصَّةٌ ج لِصَّات و لَصَائِص.
اَلصَص ۔ مص۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا۔ اور یہ عیوب انسانی سے ہے۔
الاَلَصّ۔ قریب قریب مونڈھوں والا۔
اللَّصَّاء. اَلَصّ کا مؤنث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کا ایک سینگ آئے اور دوسرا پیچھے ہو۔ ج لُصّ.
المَلَصَّه ۔ بہت چوروں والی سرزمین۔ اسم جمع بمعنی لُصُوْص.
لَصِبَ (س) لَصَبًا. اَلْجِلْدُ بِاللَّحْمِ: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا۔ اَلْخَاتِمُ فِي الْاُصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا۔ السَّيْفُ فِي الْغِمْدِ: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔
اِلتَصَبَ الشَّيْئُ: تنگ ہونا۔
اللِّصْب ۔ وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی چھوٹی گھاٹی۔ ج لُصُوْب ولِصَاب.
اللَّصِب ۔ بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔
اللَّوَاصِب ۔ گہرے تنگ کنوئیں۔
کہا جاتا ہے ”سَيْفٌ مِلْصَابٌ“ میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔
طَرِيْقٌ مُلْتَصِبٌ ۔ تنگ راستہ۔
اللِّصْت واللَّصْت واللُّصْت چور۔ ج لُصُوْت.
لَصَغَ (ف) لُصُوْغًا الجِلْدُ: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔
لَصِفَ (س) لَصَفًا الجِلْدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا۔
لَصَفَ (ن) لَصْفًا الحِجَارَةَ: ترتیب سے جوڑنا (لَصْفًا و لَصِيْفًا و لُصُوْفًا)

لَوْنُهُ: رنگ کا چمکنا۔

لَصِقَ (س) لَصْقًا و لُصُوْقًا والتَصَقَ بالشَّئِ: چپکنا۔

اَلْصَقَ الشَّئَ بِالشَّئِ: چپکانا ۔بِعُرْقُوْبِ البَعِيْرِ: زخمی کرنا۔

لَاصَقَهٗ مُلَاصَقَةً: چپکانا۔

اللصْق واللصِيْق۔ جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِصْقِيْ و بِلِصْقِيْ و لَصِيْقِيْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَصُوق۔ زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔

المُلْصَق۔ مع۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مؤنث مُلْصَقَةٌ۔

لَصْلَصَ الوَتَدَ و نَحْوَهُ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔

لَصَا يَلْصُو لَصْوًا ۔اَلْمَرْأَةَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصَاهُ و لَصَا اِلَيْهِ: تہمت وشک کی وجہ سے ملنا۔

لَصَى يَلْصِى لَصْيًا ولَصِيَ يَلْصَى لِصًى اِلَيْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصَاهُ لَصْيًا: عیب لگانا۔ وَلَصِيَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔

اللصَاة عیب۔

لَضْلَضَ لَضْلَضَةً۔ دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا۔

اللضْلاض۔ ماہر راہبر۔

لَضَمَهُ (ن) لَضْمًا سختی کرنا۔ اصرار کرنا۔

لَضَا يَلْضُوْ لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔

لَطَّ (ض) لَطًّا البَابَ: دروازہ بند کرنا الشَّئَ: چھپانا السِتْرَ: پردہ لٹکانا الرَّجُلَ حَقَّهٗ و عَنْ حَقِّهٖ: حق کا انکار کردینا عَنْهُ و عَلَيْهِ الخَبَرَ: پوشیدہ رکھنا بِالْاَمْرِ: لازم ہونا الشَّئُ بِكَذَا: چمٹنا۔ لَطَّتِ النَاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دم کو رانوں میں دبالینا۔

لَطَّهٗ (ن) لَطًّا بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔

اَلَطَّ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: چھپانا الرَّجُلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا اَلْغَرِيْمُ: حق روکنا فُلَانًا: مدد کرنا۔ اَلَطَّ بِالْحِجَابِ: پردہ لٹکانا (وتَلَطَّطَ) حَقَّ فُلَانٍ: انکار کرنا۔ اور تین طا کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے تَلَطّٰى حَقَّهٗ بھی کہا جاتا ہے۔

اِلْتَطَّ چھپنا الشَّئَ: چھپانا۔ اِلْتَطَّ بِالمِسْكِ: مشک سے لت پت ہونا۔

اللَطّ۔ س۔ اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ ج لِطَاط ۔اللَطُّ: خصم۔

اللطّة واللطِيْطَة سویاں۔

اللطَط۔ قرض خواہ کا حق روکنا۔ دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا گھدر جانا۔ چیز کا چھپانا۔

اللطَاط والمِلْطَاط۔ پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔

اللَطَاط۔ وادی کا کنارہ۔

اللَاطُّ فا (والمُلِطّ) خبیث۔ وہ شخص جس کے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔

الَالَطُّ۔ جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھالیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔

المِلْطَاط۔ سمندر کا کنارہ۔ کشادہ راہ گزر گھر کا صحن۔ پلاستر کرنے والوں کی کرنی۔ بیلن۔ چکی یا ہتھ چکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ وادی کا کنارہ۔

المَلْطُوْط ۔مفع تَرْسٌ مَلْطُوْطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال۔

لَطَاَ (ف) لُطُوْئًا ولَطِئَ لَطَاً بِالْاَرْضِ: زمین سے چمٹنا۔ لَطَاَهٗ بِالْعَصَا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔

اللَاطِئَة اچانک ہونے والا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے۔

اللطَاَ۔ بھیڑیا۔ شکاری۔

المِلْطَا والمِلْطَاة سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔

لَطَثَهٗ (ن) لَطْثًا ۔چوڑی چیز سے مارنا۔ پتھر مارنا ہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔ لَطَثَ الشَّئَ: جمع کرنا الشَّئَ: بگاڑنا۔ خراب کرنا ہٗ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔

تَلَاطَثَ الْمَوْجُ: موجوں کا ٹکرانا اَلْقَوْمُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔

المَلَاطِث۔ جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔

لَطَحَهٗ (ف) لَطْحًا۔ باطن کف دست سے مارنا۔ تھپکی دینا۔ لَطَحَ بِهٖ: زمین پر پٹک دینا۔

لَطَخَ (ف) لَطْخًا و لَطَّخَ الشَّئَ بِالمِدَادِ و نَحْوِهٖ: آلودہ کرنا ہٗ بِشَرٍّ: شر کی نسبت کرنا۔

تَلَطَّخَ۔ آلودہ ہونا بِاَمْرٍ قَبِيْحٍ: ملوث ہونا بِشَرٍّ: برائی کا ارتکاب کرنا۔

اللطخ۔ س۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ لَطْخًا مِنْ خَبَرٍ میں نے تھوڑی سے خبر سنی "وفِي السَّمَاءِ لَطْخٌ مِنَ السَّحَابِ" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔

اللَطِخ۔ گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو۔

اللَطُوْخ۔ جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔

اللطخَة بیوقوف۔ ج لَطَخَات۔

اللطّيخ۔ بیوقوف۔

لَطَسَهٗ (ن) لَطْسًا۔ طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّئَ: سخت کوٹنا ہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا الشَّئَ: سخت روندنا الحَجَرَ بِالحَجَرِ: پتھر کو پتھر سے مارنا۔

لَاطَسَهٗ مُلَاطَسَةً۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔

تَلَاطَسَ الْمَوْجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔

المِلْطَس۔ ج مَلَاطِس ۔المِلْطَاس۔ ج مَلَاطِيْس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔

لَطَشَ يَلْطَشُ: ہاتھ کے ساتھ مارنا۔

لَطَّشَ الثِّيَابَ: کپڑے خراب کرنا۔

لَطَعَ (ف) و لَطِعَ (س) لَطْعًا ۔الشَّئَ بِلِسَانِهٖ: زبان سے چاٹنا فُلَانًا: پیچھے سے

لات مارنا۔ لطع الغرضَ: نشانہ لگانا فُلانًا بالعصا لاٹھی مارنا عَینَهٗ: آنکھ پر طمانچہ مارنا الکَلبُ او الذئبُ الماءَ پینا اِسْمَه نام کو دیوان سے مٹا دینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔

لَطِعَتِ البئرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "لَطَعَ اِصبعَه" یعنی مرگیا۔

لَطِعَ(س) لَطَعًا دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلْطَع.

تَلَطَّعَتِ الْاِبلُ اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔

اِلْتَطَعَ برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا۔ الشَّیئَ چاٹنا۔

اللطع س۔ تالو۔ ج اَلْطاع.

اللَّطعاء. الالطع کا مؤنث۔ دبلی پتلی۔ ج لُطع.

اللطع: س۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔

رَجلٌ لُطَعٌ کمینہ آدمی۔

اللطّاع۔ کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔

لَطَفَ(ن) لُطْفًا بفُلانٍ و لِفُلانٍ مہربانی کرنا اللهُ بالعَبْدِ وَلَهٗ: توفیق دینا۔ بچانا الشَّیئَ: قریب ہونا۔

لَطُفَ(ک) لُطفًا و لَطافۃً باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِیف. کَلامُهٗ: نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "لَطُفَ عَنْهُ" چھوٹا ہونا و "لُطِفَ به" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔

لَطَّفَ الشَّیئَ: نرم بنانا۔ باریک کرنا۔

لَاطَفَهٗ مُلاطَفَةً۔ بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔ نرم گفتگو کرنا۔

اَلْطَفَ السُّوالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا۔ ہٗ بکَذا: تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلْطَفَ الشَّیئَ بجَنْبِه: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

تَلَطَّفَ۔ خاکساری کرنا بِه: حیلہ کر کے بھیدوں کو معلوم کرنا الْاَمْرَ و فِی الْاَمْرِ: نرمی برتنا۔

تَلاطَفَ الْقَومُ: باہم میل ملاپ کرنا۔

تَلاطَفُوا فِی الْاَمْرِ: باہم نرمی برتنا۔

اِسْتَلْطَفَهٗ لطیف پانا۔ اِسْتَلْطَفَ الشَّیئَ بجَنْبِه پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

اللَّطَف۔ بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ۔ تھوڑا کھانا۔ ج اَلْطاف۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلاءِ اَلْطافُ فُلانٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔

اللطفة تحفہ۔ ہدیہ۔

اللطف س مِنْ قِبَلِ اللهِ: توفیق و عصمت خداوندی۔ ج اَلْطاف.

اللطیف۔ باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان ج لِطاف و لُطفاء. اللطیف اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ یعنی بندوں کے ساتھ بھلائی اور احسان کرنے والا؛ نیز باریک سے باریک اُمور کا جاننے والا۔ اللطِیفُ مِنَ الکَلامِ: کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ ہوں مِنَ الْاَجْرامِ: نازک جسم۔

اللطّاف۔ بہت نرمی برتنے والا۔

اللطیفة لطیف کا مؤنث۔ نکتہ جس سے انبساط پیدا ہو۔ ج لَطائِف.

اللَّواطِف. مِنَ الْاَضلاعِ: سینہ کے قریب پہلو کی ہڈیاں۔

اللطفان۔ مہربان۔ نرمی کرنے والا۔

التَلْطِیف۔ س عِنْدَ القُرّاء: حرکت کو حرف کی جانب جھکا دینا۔

لَطَمَهٗ(ض) لَطْمًا۔ تھپڑ مارنا ہٗ بکَذا: چپکانا۔ لَطَمَتِ الغُرَّةُ الفَرَسَ: ایک جانب چہرہ پر سفید داغ ہونا۔

لُطِمَ. الفَرَسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر سفید داغ ہونا۔ صفت لَطِیم (مذکر و مؤنث) ج لُطُم. لُطِمَ الرَّجُلُ ظلم کیا جانا۔

لَطَّمَهٗ زور سے تھپڑ مارنا۔ لَطَّمَ الکِتابَ: خط پر مہر لگانا۔

لَاطَمَهٗ لِطامًا و مُلاطَمَۃً۔ تھپڑ مارنا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

تَلَطَّمَ وَجْهُهٗ: چہرے کا خاکستری رنگ کا ہونا۔

تَلاطَمَتْ و اِلْتَطَمَتِ الْاَمواجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔ القَومُ: باہم طمانچہ مارنا۔

اللَّطْمَۃ لطم کا اسم مرۃ ج لَطَمات.

اللَّطِیم۔ طمانچہ زدہ۔ ایک رخسارے پر سفیدی والا گھوڑا۔ میدانِ گھوڑ دوڑ کا نواں گھوڑا۔ مشک۔ جوان اونٹ۔ لڑکا جس کے ماں باپ دونوں مرگئے ہوں۔

اللَّطِیمَۃ مشک۔ مشک کا نافہ۔ عطر فروشوں کا بازار۔ ج لطائم.

المَلْطَم رخسارہ۔

المِلْطَم۔ بچھانے کا چمڑا۔

المَلْطَم۔ وہ موقع جہاں پر سمندر کی موجیں ٹوٹ جائیں۔

المُلَطَّم۔ مع۔ لئیم وناکس۔

لَطَهَهٗ(ن ض) لَطْهًا۔ تھپڑ مارنا۔

لَطَا یَلْطُو لَطْوًا۔ بارش وغیرہ سے کسی غار یا پتھر کی پناہ لینا۔

لَطِی یَلْطَی لَطًا الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔

لَطِی یَلْطَی لَطًی الرَّجُلَ: بوجھل کرنا۔ فُلانًا بذٰلِكَ: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔

تَلَطّی تَلَطِّیًا عَلَی العَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔

اللَّطاۃ زمین۔ جگہ۔ پیشانی یا پیشانی کا درمیانی حصہ۔ لَطاۃُ الرَّجُلِ: مرد کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَلْقی بِلَطاتِه" اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔

اللُّطاۃ چور جو تم سے قریب ہوں۔

المِلْطی و المِلْطاۃ سر کی ہڈی اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔

لَظَّهٗ(ن) لَظًّا و لَظِیظًا۔ لازم ہونا۔ اصرار کرنا۔ لَظَّ بالشَّیئِ: چمٹے رہنا۔ لَظَّه لَظًّا: دھتکارنا۔

لَاظَّهٗ لِظاظًا و مُلاظَّۃً فِی الْحَرْبِ: اصرار کرنا۔

اَلَظَّ۔ اصرار کرنا الْمَطَرُ: لگاتار برسنا بِالْمَکانِ: اقامت کرنا بِالشَّیئِ: چمٹے رہنا۔ اور جدانہ ہونا۔

تَلاظَّ القَومُ فِی الحَرْبِ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

تَلَظَّظَتْ تَلَظُّظًا الحَیَّۃُ: سخت غصہ سے سر

ہلانا۔

اللَّط ۔س سخت عادت کا مرد ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَظٌّ كَظٌّ" کظ تابع مہمل ہے۔

المِلظَّة پیغام۔

المِلظَّ و المِلْظَاظ ۔ سخت اصرار کرنے والا۔

اللظأ۔ تھوڑی چیز۔

لَظْلَظَت لَظْلَظَةً الْحَيَّةُ رَاسَهَا: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔

تَلَظْلَظَت الْحَيَّةُ: سانپ کا سخت غصہ سے لہرانا۔

اللظْلَاظ مِنَ الرِّجَال: درشت خو۔ سختی کرنے والا۔ فصیح۔ يَوْمٌ لَظْلَاظٌ: گرم دن۔

لَظِيَت تَلْظَى لَظًى النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔

لَظَّى تَلْظِيَةً النَّارَ: آگ کا بھڑکانا۔

تَلَظَّتْ و اِلْتَظَتْ النَّارُ: آگ بھڑکانا۔

تَلَظَّى و اِلْتَظَى فُلَانٌ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

تَلَظَّتِ الْمَفَازَةُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا تیز ہونا اَلْحَيَّةُ مِنَ السَّمِّ: پھنپھنانا۔

اللظى۔س: آگ یا آگ کی بھڑک۔

لَظَى مَعْرِفَةً: دوزخ۔ کلمہ تانیث اور علیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

اَلَعَّ الْمَكَانُ: ابتدائی روئیدگی کو اگانا۔

تَلَعَّى اللُّعَاعَ: ابتدائی روئیدگی کو کھانا۔ ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا (اصل تَلَعَّعَ ہے ایک عین کو یا سے بدل دیا گیا ہے)۔

اللعاع۔ ابتدائی روئیدگی واحد لُعَاعَة ہے اور اسی سے ہے "اِنَّمَا الدُّنْيَا لُعَاعَةٌ" یعنی دنیا ابتدائی روئیدگی کی مانند ہے جس کے لیے بقا نہیں۔

اللُّعَاعَة کاسنی ۔ ارزانی سال ۔ دنیا ایک گھونٹ۔ لُعَاعَةُ الْإِنَاءِ: برتن کا خالص حصہ اور کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ اِلَّا لُعَاعَةٌ" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہا۔ ج لُعَاع۔

اللَّعَّاعَة متکلف قوم سر نکالنے والا۔ کہا جاتا ہے "مُطْرِبٌ لَعَّاعَةٌ"۔

اللَعَّةُ مِنَ النِّسَاءِ: خوبصورت پاک دامن عورت۔

عَسَلٌ مُلَعَّعٌ۔ شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے تار نہ ٹوٹے۔

لَعَبَ و لَعِبَ (س) لَعْبًا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔

لَعِبَ (س) لَعِبًا و لَعْبًا و لِعْبًا و تِلْعَابًا کھیل کرنا۔ مزاح کرنا۔ لذت و تفریح کے لیے کوئی فعل کرنا۔ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو بکذا: کھیل کی چیز بنانا فِي الْاَمْرِ: سبک سمجھنا۔ لَعِبَتِ الرِّيَاحُ بِالدِّيَارِ: گھروں پر ہوائیں قابض ہو گئیں یعنی مکانات ویران و برباد ہو گئے۔

لَعَّبَ۔ بمعنی لَعِب۔

اَلْعَبَ بمعنی لَعِب هُ: کھلانا یا کھیل کی چیز لانا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔

لَاعَبَهُ مُلَاعَبَةً: باہم کھیلنا۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود کرنا۔

تَلَاعَبَ و تَلَعَّبَ بمعنی لَعِبَ کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِهِمُ الْهُمُومُ و تَلَعَّبَتْ بِهِمْ" ان کے ساتھ غموں نے کھیل کود کیا یعنی ان پر غم واقع ہوئے۔

اِسْتَلْعَبَتِ النَّخْلَةُ: خرما باقی رہتے ہوئے دوبارہ شگوفہ دار ہونا۔

اللَعْبَة۔ لَعِب کا اسم مرۃ۔

اللِعْبَةُ۔ لَعِب کا اسم نوع۔

اللُعْبَة۔ کھیل۔ کھیل کی باری۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ حَتَّى اَفْرُغَ مِنْ هٰذِهِ اللُّعْبَةِ" جب تک میں اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو۔ جس سے کھیلا جائے جیسے شطرنج۔ گڑیا وغیرہ۔ بیوقوف جس کا مذاق بنایا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لُعْبَةٌ" یعنی ایسا مرد جس سے کھیل و تفریح کیا جائے۔ ج لُعَب۔

الْاُلْعُوبَة۔ کھیل۔

اللُّعَاب۔ منھ کی رال۔ لُعَابُ النَّحْلِ: شہد لُعَابُ الْحَيَّةِ و نَحْوِهَا: سانپ وغیرہ کا زہر۔ لُعَابُ الشَّمْسِ: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں مکڑی کے جالے کی مانند فضاء میں اوپر سے نیچے اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اس کو مُخَاطُ الشَّيْطَانِ بھی کہتے ہیں۔

لُعَابُ السَفَرْجَلِ و نَحْوِهِ: ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی جاتی ہے۔

اللُعَابِيّ۔ لُعاب کی جانب منسوب۔

اللُعَابِيَّة۔ چھلوں کا رس۔

اللَعِب۔س کھیلنے والا۔

اللَعُوب۔ ناز و انداز والی حسینہ۔ کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ لَعُوبٌ" ج لَوَاعِب و لَعَائِب۔

اللُعَبَة و اللَعَّاب و اللَعِّيب و التَلْعَاب و التِلِعَّاب و التَلْعَابَة و التِلْعَابَة و التِلِعَاب و التِلِعَّابَة و التِلْعِيبَة و الْاُلْعُبَان۔ بڑا کھلاڑی۔ بڑا مذاق کرنے والا۔ اللعّاب: بازی گر۔

المَلْعَب۔ کھیل کی جگہ۔ ج مَلَاعِب۔ مَلَاعِبُ الرِّيَاحِ: ہواؤں کی آمدورفت کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ فِي مَلَاعِبِ الْجِنِّ" میں نے اس کو گمنام جگہ میں چھوڑ دیا۔

المِلْعَبَة و المُلْعِبَة۔ بے آستین کی قمیص کہ جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں۔

المُلَاعِب۔ فا۔ مُلَاعِبُ ظِلِّه: ایک پرندہ ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے ہوتے ہیں۔

ثَغْرٌ مَلْعُوبٌ۔ رال بہانے والے دانت۔

لَعِثَ (س) لَعَثًا۔ ست ہونا۔ صفت اَلْعَثِ مؤنث لَعْثَاء۔ ج لُعْث۔

لَعْثَمَ و تَلَعْثَمَ فِي الْاَمْرِ: توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔ غور سے دیکھنا۔ ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُه عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يَتَلَعْثَمْ" یعنی میں نے اس سے فلاں چیز کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں تاخیر نہیں کی "وَمَا تَلَعْثَمَ عَنْ شَيْءٍ" نہ تو وہ پیچھے ہٹا اور نہ تاخیر کی۔

لَعَجَ (ف) لَعْجًا الضَّرْبُ فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔ اور کھال میں سوزش ہونا الشَّيْءَ فِي

صَدْرِهٖ: کھٹکنا الحُبُّ او الحُزْنُ فِیْ قَلْبِهٖ: گرمی پھونکنا۔

لَاعَجَه مُلَاعَجَةً الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔

اَلْعَجَ النَّارَ فِی الحَطَبِ: آگ کو سلگانا۔

اِلْتَعَجَ. غم سے جلنا۔

اللاعج۔ فا۔ دِل سوز محبت۔ ج لَوَاعِج.

اللَّعَج. ہر جلانے والی چیز۔ مار کی تکلیف۔ جلن۔

لَعْذَمَ فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ تامل کرنا۔

تَلَعْذَمَ عَنِ الْكَلَامِ: حیرت سے متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَاَ فَمَا تَلَعْذَمَ" اس نے پڑھا تو نہ تو ٹھہرا اور نہ متردد ہوا "وَمَا تَلَعْذَمْنَا شَيْئًا" ہم نے کچھ نہیں کھایا۔

اللَّعْذَمِی. لالچی۔

لَعَزَهٗ(ف) لَعْزًا. ہٹانا اور مکا مارنا۔ لَعَزَتِ النَّاقَةُ فَصِيْلَهَا: بچے کو زبان سے چاٹنا الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔

لَعَسَهٗ(ف) لَعْسًا. دانت سے کاٹنا۔

لَعِسَ(س) لَعَسًا. سیاہی مائل سرخ ہونٹ والا ہونا۔ خوبصورت سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ صفت اَلْعَس مؤنث لَعْسَاء ج لُعْس. و لَعِسَت. الشَّفَةُ سیاہی مائل سرخ ہونا۔ بہترین سیاہ ہونا۔

اللُّعْسَة. سیاہی مائل سرخ رنگ۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَعُوْسًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اللَّعُوْس. کم خوراک۔ حریص۔ بھیڑیا۔ ج لُعَاوِس.

الْاَلْعَسُ مِنَ النَّبَاتِ: گنجان پودہ۔

المُتَلَعِّسُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت کھاؤ۔

لَحْمٌ مَلْعُوْسٌ. کچا سرخ گوشت۔

تَلَعْسَمَ فِیْ اَمْرِهٖ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔

لَعِصَ (س) لَعَصًا الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فِی الْاَكْلِ والشُّرْبِ: بہت حرص سے کھانا۔ پینا۔ صفت لَعِص.

تَلَعَّصَ عَلَيْنَا: سختی کرنا الرَّجُلُ: کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔

لَعَضَهٗ (ف) لَعْضًا بِلِسَانِهٖ: زبان سے لینا۔

اللَّعْوَض. گیدڑ۔

لَعَطَ(ف) لَعْطًا. دوڑنا۔ لَعَطَتِ الْاِبِلُ: گھروں کے ارد گرد چرنا ہٗ: گردن کے عرض میں داغ لگانا ہٗ بَاَبْيَاتٍ: اشعار میں ہجو کرنا ہٗ بِسَهْمٍ او بِعَيْنٍ: تیر مارنا یا نظر بد لگانا ہٗ بحقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا الماشِيَةُ النَّبَاتَ: جانور کا نباتات کو چرنا۔

اَلْعَطَ الرَّجُلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا۔

اِلْتَعَطَتِ الْاِبِلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا اور گھروں کے ارد گرد ہی چرنا۔

اللَّعْط. س۔ واحد الْاَلْعَاط. سیاہ یا زرد خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں۔

اللُّعْط. دیوار یا پہاڑ کا پہلو۔ لُعْطُ الرَّمْلِ: ریت کا گوشہ۔ لُعْطُ الْجَبَلِ: دامن کوہ۔

اللُّعْطَة. اسم ہے لعط کا سیاہی یا زردی کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں۔ بکری کے گردن کی سیاہی۔ شکرے کے چہرے کی تیرگی۔

اللَّعْطَاء. گردن میں سیاہ داغ والی بکری۔

المَلْعَط. گھروں کے ارد گرد کی چراگاہ۔ ج مَلَاعِط.

المُلَطَّعَة. فربہ دراز لڑکی۔

اَلْعَف و تَلَعَّفَ الْاَسَدُ او الْبَعِيْرُ: شیر یا اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ غضبناک ہونا اور حملہ کے لیے تیار ہونا۔

لَعِقَ(س) لَعْقًا و لَعْقَةً و لُعْقَةً العَسَلَ و نَحْوَهٗ: شہد کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ صفت لَاعِق ج لَعَقَة کہا جاتا ہے "لَعِقَ فُلَانٌ اِصْبَعَه" یعنی مر گیا۔

اَلْعَقَ ولَعَّقَ. چٹانا۔ اَلْعَقَ النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: ہلکے کتائی کے دھاگے سے بننا۔

اُلْتُعِقَ لَوْنُهٗ: رنگ سے متغیر ہونا۔

اللَّعْقَة. س۔ اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "فِی الْاَرْضِ لَعْقَةٌ مِنْ رَبِيْعٍ" زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے۔

اللُّعْقَة. س۔ چمچہ یا انگلی میں جتنا آئے۔ چاٹنے کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعِقٌ لَعِقٌ" یعنی لالچی مرد۔

اللُّعَاق. چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں باقی رہ جائے۔

اللَّعُوْق. ہر وہ چیز جو چاٹی جاسکے جیسے شہد، دوا وغیرہ۔ چٹنی۔ تھوڑا سا توشہ۔ کہا جاتا ہے "مَا مَعَنَا اِلَّا لَعُوْقٌ" ہمارے ساتھ صرف تھوڑی سی چیز ہے۔

المِلْعَقَة. چمچہ۔ ج مَلَاعِق.

اللَّعْقِط. بدزبان عورت۔

لَعَلَّ. حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے لَعَلَّ الْحَبِيْبَ قَادِمٌ اور خوف کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے "لَعَلَّ الشِّدَّةَ نَازِلَةٌ" اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جس کے حصول کا وثوق نہ ہو۔ (مفردات امام راغب اصفہانی میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لَعَلَّ جب باری تعالی عَزَّ اِسْمُهٗ کی طرف سے ہو تو وجوب کے معنی ہوتے ہیں۔ اور قرآن پاک کے بہت سے مواقع میں لَعَلَّ کی تفسیر کَیْ سے کی گئی ہے) اس کے لام اوّل کو حذف کر کے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے اور اس پر ما کافہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لَعَلَّمَا اَضَاءَتْ لَكَ النَّارُ اور اس کے ساتھ جب یاء متکلم متصل ہو تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے۔ کہا جاتا ہے "لَعَلِّیْ" اور لَعَلَّنِیْ بھی۔

اللَّعْل. ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر۔

لَعْلَعَ العَظْمَ و نَحْوَهٗ: ہڈی توڑنا الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا السَّرَابُ: سراب کا چمکنا مِنَ الشَّیْءِ: تنگ دِل ہونا۔ زچ ہونا مِنَ الْجُوْعِ: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا بِالْعَاثِرِ: پھسلنے والے سے لَعْ یا لَعْلَعْ یا لَعًا کہنا۔

تَلَعْلَعَ. ٹوٹنا مِنَ الْجُوْعِ: بلبلانا اور پیچ و تاب کھانا الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا السَّرَابُ: سراب کا چمکنا الْكَلْبُ:

کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا۔

اللَعْلَع. سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت۔

اللعلاع. بزدل۔

عَسَلٌ مُتَلَعْلِعٌ. شہد جس میں لمبا تار نکلے۔

تَلَعْلَمَ فِي اَمْرِهِ: دیر لگانا۔

اللَعَم. لعاب دہن۔

لَعْمَظَ لَعْمَظَةً و لَعْمَاظًا اللَحم: ہڈی سے گوشت چھوڑنا۔

اللعمظ واللعموظ واللعموظة: بہت حریص و خواہش مند۔ ج لَعَامِظَة و لَعَامِيْظ. اللُعْمُوْظ: طفیلی۔ صرف کھانے پر خدمت کرنے والا۔ رَجُلٌ لَعْمَظَةٌ. بہت حریص۔

اللِعْمَاظ. س۔ ڈینگ مارنے والا۔

لَعَنَ (ف) لَعْنًا فُلَانًا: لعنت کرنا۔ رسوا کرنا۔ گالی دینا۔ خیر سے بعید کرنا۔ دھتکارنا۔

لَعَنَ نَفْسَهُ: عَلَيَّ لَعْنَةُ اللهِ کہنا۔ اپنے اوپر لعنت کرنا۔

لَعَّنَهُ تَلْعِيْنًا. عذاب دینا۔

لَاعَنَهُ لِعَانًا و مُلَاعَنَةً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔ الْحَاكِمُ بَيْنَهُمَا: فیصلہ کرنا۔

اِلْتَعَنَ. اپنے اوپر لعنت کرنا (و تَلَاعَنَ) بعض کا بعض پر لعنت کرنا۔

اللَعْن. "وَاَبَيْتَ اللَعْنَ" زمانہء جاہلیت میں بادشاہوں کیلئے سلام۔ یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے باز رہ جو مستحق لعنت ہو۔

اللَعْنَةُ. لَعَنَ کا اسم مرة۔ لعنت۔ عذاب ج لِعَان و لَعَنَات.

اللَعَان واللعانية. اسم ہیں لعنت سے۔

اللاعن. فا. اَمْرٌ لَاعِنٌ: باعث لعنت۔

اللَعَّان. بہت لعنت کرنے والا۔

اللُعْنَةُ. جس پر لوگ بہت لعنت کریں۔

اللُعَنَه. جو لوگوں پر بہت لعنت کرے۔ ج لُعَن.

اللَعِيْن. لعنت کیا ہوا۔ گالی دیا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ بدبخت۔ مسخ کیا ہوا۔ رسوا۔ ہلاک شدہ۔ شیطان اڑکا (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھڑا کیا جاتا ہے)

اللَعِيْنَة. بمعنی ملعون جیسے رَهِيْنَةٌ بمعنی مَرْهُوْنٌ.

المَلْعَنَة. پائخانہ۔ ج مَلَاعِن (و اللاعِنَة) وسط راستہ۔

المَلْعُوْن. مف۔ ج مَلَاعِيْن.

تَلَعَّى العَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا اللُعَاعَ ای اَوَّلَ النَّبَاتِ: ہریاول نکلنا۔ شروع ہونا۔

اَلْعَتِ الْاَرْضُ. ہریاول والی زمین ہونا۔

اللَعْو. بد خلق۔ کمینہ۔ لالچی۔ ج لِعَاء.

اللَعْوة. اللَعْو کا مؤنث۔ سرپستان کے اردگرد کی سیاہی۔ لَعْوَةُ الجُوْعِ: بھوک کی تیزی (واللَعَاة) کتیا۔ كَلْبَةٌ او ذِئْبَةٌ لَعْوَةٌ. لالچی کتیا یا مادہ بھیڑیا۔ ج لِعَاء و لَعَوَات.

اللُعْوَة. سرپستان کے اردگرد کی سیاہی۔

اللاَعِي. جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے۔

اللاَعِيَة اللاعی کا مؤنث۔ ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے۔

اللَعَا. بہت حریص اور پھسلنے والے کیلئے۔ کہا جاتا ہے "لَعًا لَكَ" یعنی خدا تمہیں اٹھائے اور "لَا لَعًا لَكَ" بددعا ہے یعنی خدا تمہیں نہ اٹھائے۔

الاَلْعَاء. انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ۔

لَعْوَق. کام میں جلدی کرنا۔

اللَعْوَق. کم عقل۔ بیوقوف۔

لَغَبَ (ف ن) و لَغُبَ (ک) لَغْبًا و لُغُوْبًا و لَغِبَ (س) لَغَبًا. بہت تھکنا۔

لَغَبَ (ف) لَغْبًا. القَوْمَ: جھوٹی بات کہنا عَلَيْهِمْ. فساد ڈالنا اَلْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

لَغَّبَ والغَبَ و تَلَغَّبَ السَّيْرُ فُلَانًا: بہت تھکا دینا۔ لَغَّبَ دَابَّتَهُ: جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے یا تھکا ہوا پانا اَلْغَبَ فُلَانًا: تھکا دینا۔ تَلَغَّبَ الْاِنْسَانَ وَالْحَيَوَانَ: دور بھگا دینا یا ہانک دینا کہا جاتا ہے "تَلَغَّبَتْهُمُ الْاَسْفَارُ و تَلَغَّبْتُ بِهِمِ الْقِفَارَ" یعنی سفر نے انہیں دور ڈال دیا میدانوں نے انہیں دور پھینک دیا۔ مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے تَلَغَّبَ سَيْرَ القَوْمِ: قوم کے تھکنے تک چلتا رہا تَلَغَّبَ الدَّابَةَ: تھکا ہوا پانا۔

اللاَغِبُ. فا۔ کمزور۔ ج لُغَّب. کہا جاتا ہے "اَتَانَا سَاغِبًا لَاغِبًا" ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا۔

اللاَغِبَة. اللاغب کا مؤنث ج لَوَاغِب کہا جاتا ہے "رِيَاحٌ لَوَاغِب" یعنی نرم ہوائیں۔

اللَغْبُ اللَغُوْب. کمزور۔ بیوقوف۔ اللَغْب اگلے دانتوں کا مسوڑھا۔ کلام فاسد۔ کہا جاتا ہے "اُكْفُفْ عَنَّا لَغْبَكَ" یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو۔ سَهْمٌ لَغْبٌ: خراب تراشا ہوا تیر۔

اللَغْب واللَغَب واللَغِب واللَغِيْب. خراب پر۔ اللَغَب: گردن کے بال۔ کہا جاتا ہے اَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِهِ یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑ لیا۔

اللُغَاب. خراب تراشا ہوا تیر۔

اللَغَابَة واللَغُوْبَة. بیوقوفی۔ کمزوری۔

اللَغِيْث. زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھنسانے کیلئے پھیلائیں۔ جَو ملا ہوا گیہوں (گوجئی)

اللُغْثُوْن. ناک کا نتھنا۔ ج لَغَاثِيْن.

لَغَدَ (ف) لَغْدًا الْاِبِلَ العَوَائِدَ: سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا عَنْ كَذَا: روکنا فُلَانًا: کنارۂ گردن کے گوشت پر مارنا۔

اللُغْد ج اَلْغَاد. واللُغْدُوْد واللُغْدِيْد. ج لَغَادِيْد: حلق کا گوشت۔ حلق کا کوا۔ کان کے اندرونی حصہ کا زائد گوشت۔ کہا جاتا ہے "عِلْجٌ مِنَ الْاَوْغَادِ ضَخْمُ الْاَلْغَادِ"

اَلْمُتَلَغِّدُ سخت غضبناک۔

اَللَّغْذَمِیُّ و الْمُتَلَغْذِمُ بہت کھاؤ۔

لَغَزَ(ن) لَغْزًا اَلشَّیْءَ چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا فِیْ یَمِیْنِہٖ قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا (وَالْغَز) اَلْیَرْبُوْعُ حُجْرَہٗ: جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچ دار کھودنا۔ (لَغَزَ وَالْغَزَ فِی الْکَلَامِ وَالْغَزَ الْکَلَامَ) کلام سربستہ کہنا۔ پیچ دار بات کہنا۔

لَاغَزَہٗ مُلَاغَزَۃً پہیلی جیسی گفتگو کرنا۔

اَللُّغْزُ وَاللَّغَزُ وَاللُّغَزُ چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل۔

اَللُّغْزُ وَاللَّغْزُ وَاللُّغَزُ ج اَلْغَازٌ. وَاللُّغَیْزَاءُ وَاللُّغَیْزَیٰ وَالْاُلْغُوْزَۃُ مِنَ الْکَلَامِ چیستان۔ معمہ۔ پہیلی۔ اَلْاَلْغَازُ پیچ دار اور مشکل راستے۔

اللَّغَّازُ لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔

اَلْمُلْغَزُ مِنَ الْکَلَامِ پیچیدہ و دشوار کلام۔

لَغَطَ(ف) لَغْطًا و لِغَاطًا وَالْغَطَ وَلَغَّطَ الْقَوْمُ شور کرنا۔

لَغَطَ(ف) لَغْطًا و لَغِیْطًا اَلْحَمَامُ اَوِ الْقَطَا کبوتر یا قطا کا غٹر غوں کرنا۔

اَللُّغْطُ س۔ دروازے کے آگے کا صحن۔

(وَاللَّغَطُ) آواز۔ شور۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے۔ ج اَلْغَاطٌ.

لَغِفَ(س) لَغْفًا. اَلْاِنَاءَ برتن چاٹنا۔

اَلْاِدَامَ سالن کو لقمہ بنانا۔

لَغَفَ(ف) لَغْفًا اَلرَّجُلُ اَوِ الْاَسَدُ مرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا۔

لَاغَفَہٗ مُلَاغَفَۃً بوسہ دینا۔ دوستی کرنا۔

اَلْغَفَ تیز دوڑنا۔ نظر تیز کرنا۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال و متاع کا محافظ بننا فُلَانًا الْاِدَامَ سالن کا لقمہ نگلوانا۔

ڈبرا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا۔ اَلْغَفَ عَلَیْہِ: سخت سست باتیں کہنا۔

اَللُّغْفَۃُ لقمہ۔

اَللَّغِیْفُ مرد کے خاص لوگ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ۔ ج لُغَفَاءُ.

اَللَّغِیْفَۃُ ایک قسم کا کھانا جس کو عَصِیْدَہ بھی کہتے ہیں۔

اَلْمُلْغَفَۃُ چوروں کا گروہ۔

اَللَّغْلَغَۃُ کلام میں لکنت۔

لَغَمَ(ف) لَغْمًا اَلْبَعِیْرُ جھاگ پھینکنا ہٗ: منہ چومنا اَلرَّجُلُ :غیر متقین خبر دینا۔ (وَلَغَّمَ) فُلَانًا بِالطِّیْبِ منہ پر خوشبو لگانا۔

لَغِمَ(س) لَغْمًا و لَغَمًا غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔

لَغَّمَ یَلْغَمُ الْاَرْضَ اَوِ الْحَجَرَ بارودی سرنگ بچھانا۔

اَللُّغْمُ بارودی سرنگ کبھی خشکی والی اور کبھی سمندری ہوتی ہے۔

اَلْغَمَ الذَّھَبَ و مَاشَابَھَہٗ مِنْ کُلِّ جَوْھَرٍ مُذَابٍ سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلْغَمٌ.

اِلْتَغَمَ الذَّھَبُ سونے کا پارہ سے ملنا۔

تَلَغَّمَ بِالطِّیْبِ ناک اور منہ پر خوشبو لگانا اَلْقَوْمُ بِالْکَلَامِ گفتگو میں منہ کے کناروں کو ہلانا اَلْغَنَمُ بِالْعُشْبِ و بِالشُّرْبِ :تر ہونٹوں والی ہونا۔

اَللَّغَمُ تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔

اَللُّغَامُ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ لعاب۔

اَللُّغْمَاءُ سفید منہ والی بکری۔

اَللَّغِیْمُ بھید۔

اَلْمَلْغَمُ ناک اور منہ اور ان دونوں کا اردگرد۔ ج مَلَاغِمُ

اِلْغَانَّ النَّبْتُ نباتات کا گنجان اور دراز ہونا اَلْاَرْضُ بہت گھاس والی زمین ہونا۔

اَللُّغْنُ جوانی کا جوش۔

لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا بِکَذَا بولنا اَلشَّیْءُ باطل ہونا اَلرَّجُلُ محروم ہونا عَنِ الطَّرِیْقِ ہٹ جانا۔

لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا و لَغَا یَلْغٰی و لَغِیَ یَلْغٰی لَغًی و لَغَایَۃً و لَاغِیَۃً و مُلْغَاۃً فِیْ قَوْلِہٖ: غلطی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔

لَغِیَ یَلْغٰی لُغًی بِالْاَمْرِ مشتاق ہونا بِالْمَاءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا بِالشَّیْءِ چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا اَلطَّیْرُ : بِاَصْوَاتِھَا : پرندوں کا قومہ سر نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے ھُمْ یَلْغُوْنَ فِی الْحِسَابِ وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں۔

لَاغٰی مُلَاغَاۃً اَلرَّجُلَ ہنسی مذاق کرنا۔

اَلْغَی الشَّیْءَ باطل کرنا فُلَانًا محروم کرنا۔

اِسْتَلْغٰی فُلَانًا گفتگو کرانا۔ لغت سننا۔

اَللَّغَاسُ۔ آواز۔ بیہودہ۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔

اَللُّغَۃُ ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ ج لُغًی و لُغَاتٌ و لُغُوْنَ اور نسبت کیلئے لُغَوِیٌّ. عِلْمُ اللُّغَۃِ: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ کُتُبُ اللُّغَۃِ فن لغت کی کتابیں۔ اَھْلُ اللُّغَۃِ فن لغت کے ماہرین اور کبھی عِلْمُ اللُّغَۃِ کا اطلاق علوم عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔

اَللَّغْوُ س۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کتے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ بِاللَّغْوِ و اِشْتَغَلَ بِاللَّغْوِ" وہ بیہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا۔ قسم کھانے میں گناہ۔

اَللَّاغِیَۃُ س۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کَلِمَۃٌ لَاغِیَۃٌ قبیح کلمہ۔

اَللَّغَاۃُ آواز۔

اَللَّغْوٰی قطا پرندہ کا شور۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْوَاھُمْ وَلَا تَخَفْ طَغْوَاھُمْ" اُن کے بیہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے خوف مت کرو۔

لَفَّ(ن) لَفًّا اَلشَّیْءَ لپیٹنا۔ ملانا: جمع کرنا۔ اَلْمَیِّتَ فِیْ اَکْفَانِہٖ میت کو کفن میں لپیٹنا اَلْکَتِیْبَتَیْنِ دو لشکروں کو ملانا فِی الْاَکْلِ: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بری طرح سے کھانا اور اسی سے ہے "اِنْ اَکَلَ لَفَّ وَاِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ" اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے اَلشَّیْءَ بِالشَّیْءِ چیز کو چیز سے ملانا: جوڑنا ہٗ حَقَّہٗ: حق کا انکار کرنا۔ منع کرنا۔ لَفَّتِ

الْاَشْجارُ گنجان ہونا۔
لَفَّ (س لَفَفًا و لَفَفًا) پر گوشت رانوں والا ہونا۔ صفت اَلَفّ مؤنث لَفَّاء ج لُفّ۔
لَفَّفَ بمعنی لَفَّ۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔
لَافَّ الصَّقْرُ الصَّيْدَ: شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا اور پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَافَفْنَا الْقَوْمَ" یعنی ہم قوم سے مل گئے۔
اَلَفَّ الطَّائِرُ رَاْسَهٗ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپانا۔ الرَّجُلُ رَاْسَهٗ: جبہ میں سر کو چھپالینا۔
اِلْتَفَّ و تَلَفَّفَ فِيْ ثَوْبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔ عَلَيْهِ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النَّبَاتُ: گنجان ہونا۔ عَلٰى حَنَقٍ: غضبناک ہو کر لپٹنا الشَّيْءُ: گنجان ہونا۔
تَلَافَّ الْقَوْمُ: باہم ملنا۔
اللَّفّ۔ س۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِلَفِّهِمْ و بِلَفَّتِهِمْ" یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔
اللِّفّ۔ پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم۔ جو اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ۔ ج اَلْفَاف و لُفُوْف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ وَمَنْ لَفَّ لِفَّهُمْ او لَفَّهُمْ او لُفَّهُمْ" قوم آئی اور ان کے ساتھ ان کے لگے بندھے بھی آئے۔ "وَجَاءُوا اَلْفَافًا" مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی۔ وَضَّةٌ لَفٌّ و لِفٌّ و لَفَّةٌ و لِفَّةٌ و لَفَّاء گنجان باغ۔
اللِّفَافَة۔ جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے دل پر لپٹی ہوئی چربی۔ سگریٹ (مولدة) ج لَفَائِف۔
اللَّفَف۔ کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام میں بیکار ہو جاتا ہے۔ کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔
اللَّفِيْف۔ جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف رذیل، فرمانبردار، نافرمان، قوی، کمزور سبھی قسم کے ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ لَفِيْفٌ" مخلوط رکھنا "هُوَ لَفِيْفُ فُلَانٍ" وہ فلاں کا دوست ہے "جَمْعٌ لَفِيْفٌ" ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔
اللَّفِيْفَة۔ مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔ سگریٹ۔ ج لَفَائِف۔
الْاَلَفّ۔ بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز و سست۔ ملے ہوئے ابروؤں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ۔ مؤنث لَفَّاء ج لُفّ۔ فَخِذٌ لَفَّاء: موٹی ران۔
التَّلَافِيْف۔ گنجان گھاس مِنَ الْاَمْعَاءِ والدِّمَاغِ فِي اِصْطِلَاحِ الطِّبِّ: ایک کے اوپر ایک لپا ہوا۔
اَلْمِلَفّ والمِلْفَاف چادر۔ لحاف۔ والمِلَفّ فِي اصطلاح عُلَمَاءِ الكَهْرُبَائِيَةِ چکر جس پر تار لپیٹا جائے۔
المَلْفُوْف۔ س۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوْفَة۔
لَفَا (ف لَفْوًا و لَفَا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت اتارنا الرِّيْحُ السَّحَابَ عَنْ وَجْهِ الْاَرْضِ: بادلوں کو پراگندہ کر دینا فُلَانًا عَنْ مُرَادِهٖ: رد کرنا۔ ہٹانا۔ غیبت کرنا حَقَّهٗ: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔
لَفِيَ (س لَفًا الشَّيْءُ: باقی رہنا۔
اَلْفَا اَلْفَاءً الشَّيْءَ: باقی رکھنا۔
اِلْتَفَا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔
اللَّفَاء: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔
اللَّفِيْئَة۔ بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَايَا و لَفِيّ۔
لَفَتَ (ض لَفْتًا الشَّيْءَ: دائیں یا بائیں موڑنا۔ رِدَائَهٗ عَلٰى عُنُقِهٖ: چادر کو گردن پر موڑنا۔ فُلَانًا عَنْ رَاْيِهٖ: رائے سے پھیرنا الرِّيْشَ عَلَى السَّهْمِ: پر کو تیر پر کیفما اتفق لگا دینا الرَّاعِي الْمَاشِيَةَ: مارنا اور اس کی پروانہ کرنا کہ کس کو لگا اللِّحَاءَ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال اتارنا الْكَلَامَ: لاپرواہی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَفَتَهٗ بِكَذَا" یعنی اس نے اس کو دیا۔
لَفَّتَ الشَّيْءَ: موڑنا۔
اِلْتَفَتَ و تَلَفَّتَ اِلَيْهِ: چہرہ پھیرنا۔
اِلْتَفَتَ بِوَجْهِهٖ يُمْنَةً او يُسْرَةً: جھکنا۔
اللِّفْت۔ شلغم۔
اللِّفْت۔ چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بیوقوف عورت۔
اللَّفَت فِي التَّيْسِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا فِي الْاِنْسَانِ: بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔
اللَّفَات۔ بیوقوف۔ سخت خو۔
اللُّفْتَة۔ جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا۔
الْاَلْفَت۔ ایک پیچ دار سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ بیوقوف۔ بھینگا۔ مؤنث لَفْتَاء ج لُفْت۔
اللَّفُوْت۔ سخت خو۔ چغل خور عورت۔ اونٹنی جو دوہنے کے وقت بے قرار رہے۔ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہرے۔
اللَّفِيْتَة۔ ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔
المُتَلَفَّة۔ کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ۔
اِسْتَلْفَتَ۔ باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارے کو کھانا۔
اَلْفَجَ۔ مفلس ہونا۔ بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چمٹے رہنا۔ فُلَانٌ: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔
اللَّفْج۔ ذلت۔
المُلْفَج و المُسْتَلْفَج۔ مفلس۔ لاغری کی وجہ سے زمین سے چمٹنے والا المُسْتَلْفِجُ: خوف کی وجہ سے پراگندہ دل۔
لَفَحَ (ف لَفْحًا فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا لَفَحَتْ (ف لَفْحًا و لَفَحَانًا. النَّارُ و السَّمُوْمُ بِحَرِّهَا فُلَانًا: جھلس دینا۔
نَارٌ لَفُوْحٌ و لَافِحٌ: جلانے والی آگ۔ ج لَوَافِح۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ مِنَ الْحَرِّ لَفْحٌ وَمِنَ الْبَرْدِ نَفْحٌ"۔
اللُّفَّاح۔ ایک قسم کا پودہ۔ واحد لُفَّاحَة۔
لَفَحَهٗ۔ (ف لَفْحًا فِي او عَلٰى رَاْسِهٖ

مارنا۔
اللفخ مص سارے سر پر مارنا۔
لَفَظَ (ض) و لَفِظَ (س) لَفْظًا الشَّیَٔ و بِالشَّیِٔ مِن فَمِه: منہ سے پھینکنا۔ ڈال دینا۔
صفت مفعولی لَفِیْظٌ و مَلْفُوْظٌ البحر دابة: دریا کا کنارے پر پھینک دینا
فُلَانٌ نَفْسَهٗ او عَصَبَه: مرنا (عصب سے مراد تھوک ہے جو منہ سے چمٹ کر خشک ہو جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے
"لَفَظَتْ اِلَیْنَا الْبِلَادُ اَهْلَهَا" یعنی ہماری جانب نکال دیا
"وَجَاءَ وَقَدْ لَفَظَ لِجَامَه" یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا
(وتلفظ) بِالْكَلَامِ: بولنا۔
اللفظ. مص۔ کلمات جو بولے جائیں۔ کَلَام. ج اَلْفَاظ.
اللفْظَة. لَفَظَ کا اسم مرۃ۔ کلمہ ج لَفَظَات.
اللافِظَة. لَافِظ کا مؤنث۔ سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (ہا مبالغہ کیلئے ہے) چلی۔ دنیا۔
لَافِظَة. سمندر۔ اور یہ علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اللَّفَاظ. جو پھینکا جائے۔
اللُّفَاظ. ترکاری۔
اللفَاظَة. جو منہ سے پھینکا جائے۔ جو دستر خوان سے جھاڑا جائے۔ کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ۔ ج لُفَاظ و لُفَاظَات. کلام۔
اللَّفِیْظ. پھینکی ہوئی چیز۔
اللفْظِی. جس کا لفظ سے تعلق ہو۔
لَفَعَ (ف) لَفْعًا. الشَّیْبُ رَاسَه: سارے سر کا سفید ہونا۔ لَفَعَتْهُ النَّارُ: بھڑک اور شعلہ پہنچنا۔
لَفَّعَ بمعنی لَفَعَ الغُلَامَ: اپنی جانب کھینچ کر بغل گیر ہونا۔ فُلَانٌ: بہت کھانا اور کہا جاتا ہے "لَفَّعَ رَاسَه" جبکہ ڈھانپ لے۔
تَلَفَّعَ. بڑھاپا آنا۔ تَلَفَّعَتِ النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔ الْحَرْبُ بِالشَّرِّ: سبھی کو گھیر لینا
الْمَالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا القَوْمُ عَلٰی جَیْشِ الْعَدُوِّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا۔
(والتفع) الرَّجُلُ بِالثَّوْبِ والشَّجَرُ بِالْوَرَقِ: لپٹنا۔ ڈھک جانا والتفعتِ الْاَرْضُ: سبزی سے ڈھک جانا۔
اُلتُفِعَ لَوْنُه: رنگ متغیر ہونا۔
اللفَاع. چادر یا کمبل۔ اونٹنی کا تھنوں میں سے اگلے تھن۔
اللفَاعَة واللفِیْعَة. قمیص کا پیوند۔
المِلْفَعَة. چادر یا کمبل وغیرہ۔
لَفَقَ (ض) لَفْقًا الثَّوْبَ: کپڑے کو دوہرا کر کے سینا الْاَمْرَ: طلب کرنا اور نہ پانا۔ الصَّقْرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا۔
لَفَّقَ الْحَدِیْثَ: باطل سے مزین کرنا الرَّجُلُ: طلب کرنا اور نہ پانا الشُّقَّتَیْنِ: دونوں سرے ملا کر سینا۔ اور کہا جاتا ہے "لَفَّقَ بَیْنَ الثَّوْبَیْنِ" جبکہ دوہرا کر کے سیئے۔
تَلَفَّقَ بِه: لاحق ہونا مَا بَیْنَهُمْ: درست ہونا۔
تَلَافَقَ القَوْمُ: معاملات درست ہونا۔
اللِفْق. چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ۔ اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے "هُمَا لِفْقَان"
اللفَّاق. مطلوب کو نہ پانے والا۔
اللفَاق. دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑے گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لِفَاق کہتے ہیں۔
اللَفِیْكُ والالْفَك. بیوقوف۔ اللفِیْك: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
لَفْلَفَ. گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔ خوب اچھی طرح سے کھانا فِی ثَوْبِه: کپڑے میں لپٹنا۔
تَلَفْلَفَ بِثَوْبِه: کپڑے میں لپٹنا۔
اللفْلَف والفَلَاق (و المُلَفْلَف) کمزور کلام میں عاجز و درماندہ۔
لَفَمَتْ (ض) لَفْمًا و تَنَفَّمَتْ والتفمتْ الْمَرْاَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔ ناک پر نقاب باندھنا۔ تَلَفَّمَ بِعِمَامَتِه: ڈھاٹا باندھنا۔
لَفَمَتِ الْمَرْاَةُ فَاهَا: منہ پر نقاب ڈالنا۔
لَفَمَهُ: مضبوط باندھنا۔
اللِفَام. ناک کے اوپر کا نقاب۔
لَفَا یَلْفُو لَفْوًا فُلَانًا حَقَّه: حق کم کرنا
اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
اَلْفَاهُ اِلْفَاءً. پانا۔
تَلَافَی الْاَمْرَ: تدارک کرنا۔
اللَفِیَّة. گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَایَا.
اللَفَاء. مٹی۔ خسیس۔ حقیر۔ اور کہا جاتا ہے "رَضِیَ فُلَانٌ مِنَ الْوَفَاءِ بِاللَّفَاءِ" فلاں شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہو گیا۔
التلافِی. مص خون کا بدلہ حاصل کرنا۔
لَقَّ (ن) لَقًّا عَیْنَه: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا۔ صفت لَاقٌّ. ج لَقَقَةٌ.
اللَقّ. مص زمین میں شگاف۔ بلند زمین۔ بہت بولنے والا۔ ہر تنگ اور لمبی زمین۔
اللقَقَة. لَاقّ کی جمع۔ تنگ منہ کے گڑھے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَقَّاقٌ بَقَّاقٌ" بہت باتونی مرد۔
لَقَّبَ فُلَانًا بِكَذَا: لقب دینا۔
لَاقَبَه. بُرے القاب سے گالی دینا۔
تَلَقَّبَ بِكَذَا: لقب پانا۔
تَلَاقَبَ الْقَوْمُ. ایک دوسرے کو بُرے لقب سے گالی دینا۔
اللقب. اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اول کے اعتبار سے مدح یا ذم کی طرف مشعر ہو۔ ج اَلْقَاب.
لَقَحَ (ف) لَقْحًا النَخْلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
لَقِحَتْ (س) لَقْحًا و لَقَحًا و لَقَاحًا النَاقَةُ و نَحْوُهَا: حاملہ ہونا۔ صفت لَاقِح و لَقُوْح. (لَقَحًا) الْحَرْبُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا۔
الْمَرْاَةُ او النَّخْلَةُ: حاملہ ہونا۔
اَلْقَحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

الفحلُ النَّاقَةَ: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت مفعولی مَلْقُوحَة۔ ج مَلاقِيح۔ اَلْقَحَ بَيْنَهُم شرًّا: فساد پیدا کرا دینا۔ اَلْقَحَتِ الرِّيحُ الشَّجَرَ او السَّحابَ: باردار کرنا۔
لَقَّحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
تَلَقَّحَتِ النَّاقَةُ: حاملہ نہ ہوتے ہوئے حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّحَ زَيْدٌ عَلَيَّ" زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی۔ يَدَاهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں سے اشارہ کرنا۔
اِلْتَقَحَتِ الأُنْثٰى: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔
اِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَةُ: نر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔
اللَّقَاح. س۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں ڈالا جائے۔
اللِّقَاح. لَقُوح کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا مادہ منویہ۔
اللَّقَح. س۔ حاملہ ہونا۔
اللَّقْحة والی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ ج لِقَح و لِقَاح. اللِّقْحَة نفس۔ ج لِقَاح.
اللِّقْحَةُ واللَّقْحَةُ. ج لِقَح و لِقَاح واللَّقُوح ج لِقَاح و لَقَائِح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
اللَّاقِح. فا۔ رِيحٌ لَاقِحٌ. وہ ہوا جس سے درخت باردار ہو جائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لَوَاقِح.
اللَّقُوح. وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کر لے۔ ج لُقُح.
اللَّوَاقِح والمَلَاقِح. حاملہ عورتیں۔
اللَّوَاقِح مِنَ الرِّيَاحِ: درختوں کو باردار کرنے والی ہوائیں۔ بارش لانے والی ہوائیں۔
اللَّوَاقِح: کوڑے۔
المَلَاقِح. حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلْقِح. حاملہ عورتیں واحد مُلْقَحة.
المُلَقَّح. مع۔ آزمودہ کار۔
المَلَاقِيح. مائیں۔ واحد مَلْقُوحَة. جنین۔

مادہ منویہ۔
لَقَزَهُ (ن) لَقْزًا: مکا مارنا۔
لَقَسَهُ (ن ض) لَقْسًا: عیب لگانا۔ صفت لَاقِس.
لَقِسَت (س) لَقَسًا نَفْسُ فُلَانٍ اِلَى الشَّيْءِ: دل کھنچنا۔ مائل ہونا۔ نَفْسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: جی متلانا۔ صفت لَقِسَة. و لَقِسَ بِالأَمْرِ: سمجھنا۔ صفت لَقِس.
لَاقَسَ لِقَاسًا و مُلَاقَسَةً: ایک دوسرے کو برے لقب دینا۔
تَلَقَّسَتْ نَفْسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: تنگ ہونا۔
تَلَاقَسَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اللَّقْس واللَّاقِس. خارش۔
اللَّقِس. لوگوں کا مذاق اڑانے والا اور برے القاب دینے والا۔ بد خلق۔ ہر چیز کا لالچی۔ جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔
المُلَاقِس. صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لَقِسٌ. پرانی مشک۔
لَقَصَ (ض) لَقْصًا الشَّيْءُ جِلْدَهُ: کھال کو جلانا۔
لَقِصَ (س) لَقَصًا الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔
لَقِصَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
اِلْتَقَصَ الشَّيْءَ: لینا۔
اَللَّقِص. تنگ۔ شرارت میں جلدی کرنے والا۔ بہت باتونی۔
لَقَطَ (ن) لَقْطًا الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا العِلْمَ مِنَ الكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل کرنا۔ الثَّوْبَ: پیوند لگانا۔ الطَّائِرُ الحَبَّ: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لَاقِط و لَقَّاط.
لَاقَطَه لِقَاطًا و مُلَاقَطَةً. مقابل ہونا۔
لَاقَطَ الفَرَسُ: چاروں ٹانگیں پکڑ لینا۔
اِلْتَقَطَ الشَّيْءَ: بغیر قصد و طلب کے مطلع ہونا۔ الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا۔ اللِّقَاطَ: جمع کرنا (و تَلَقَّطَ) الشَّيْءَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔
اللَّقَط. اٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا نچھاور۔ واحد لَقَطَة. لَقَطُ المَعْدَنِ: سونے

وغیرہ کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔ کہا جاتا ہے "فِي المَكَانِ لَقَطٌ لِلْمَاشِيَة" یعنی مکان میں جانور کے لیے تھوڑا سا چارہ ہے۔
اللَّقَطَة. ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط.
اللُّقْطَة واللُّقَطَة. وہ چیز جو تم کو راستہ میں پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھا لو یا وہ شے متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو۔
اللِّقَاط واللُّقَاط. خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے والا خطا چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔ پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔
اَلْلِّقَاط. گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ و "لَقِيتُهُ لِقَاطًا" میں اس سے رودررو ملا۔
اللُّقَاطَة. گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی بے قیمت چیز۔ ج اَلْقَاط.
اللَّاقِط. فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا۔ آزاد کردہ غلام۔
اللَّاقِطَة. لَاقِط کا مؤنث۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ جو منہ سے نکلے اس کیلئے کوئی نہ کوئی سننے والا ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللَّاقِطَة رذیل مرد یا عورت۔
لَاقِطَةُ الحَصٰى: پرندہ کا سنگدانہ۔
اللَّقَّاط واللَّقَّاطَة. بہت اٹھانے والا۔
اللَّقِيط. اٹھایا ہوا۔ نومولود بچہ جو پھینک دیا جائے۔
اللَّقِيطَةُ. لَقِيط کا مؤنث۔ رذیل مرد یا عورت ج لَقَائِط. کہا جاتا ہے: رَجُلٌ لُقَيْطَى خُلَّيْطَى. چغلی کھانے کے لیے خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔
الأَلْقَاط. آوارہ و اوباش لوگ۔ تھوڑے متفرق لوگ۔
المِلْقَط. مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا ہے یا مَلْقَطَانُ: یعنی اے بیوقوف۔ مؤنث مَلْقَطَانَة۔

المِلْقط. جس سے اُٹھایا جائے جیسے دسپناہ۔ موچنا۔ ج ملاقط.

المِلْقاط. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ مکڑی۔ ج مَلاقِیط.

المَلْقُوط. نو مولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اُٹھایا جائے۔ ج مَلاقِیط.

لَقَع (ف) لَقعًا الشَّیءَ: پھینکنا فُلانًا بِعَیْنِه: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْهُ الْحَیَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَقَع فُلانًا: عیب لگانا لَقَعَهُ بِالْکَلامِ: کلام میں غالب آنا۔

لَقَع (ف) لَقَعانًا. تیز گزرنا (لَقْعًا) عیب دار ہونا۔

لاقَع فُلانًا بِالْکَلامِ: کلام میں غالب آنا۔

تَلَقَّع بِالکَلامِ: بکواس کرنا۔

اُلْتُقِع لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اللُقّاع واللُقّاع. سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقّاعة و لُقّاعة.

اللُقَعة. اللُقّاعه واللُقّاع والتِلِقّاع و التِلِقّاعة. بیوقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ھے اِمْرأَةٌ تِلْقاع و مِلْقَعِة بیہودہ گو عورت۔

لَقِف (س) لَقْفًا و لَقَفانًا والتَقَف الشَّیءَ: جلدی سے لینا۔

لَقِفَ (س) لَقَفًا الحَوْضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ الحائطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَّفَهُ الشَّیءَ: اُچکنے کیلئے پھینکنا ہٗ الطَّعامَ: نگلوانا۔ لَقَفَ الطَّعامَ: نگلنا الفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔

تَلَقَّفَ الشَّیءَ: جلدی سے لینا الطَّعامَ نگلنا الحائطُ او الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِیهِ کَذا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔

اللَّقَف. س۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج اَلْقاف. اللقف: بمعنی اِلْتِقاف و تَلَقُّف یعنی جلدی سے لینا۔

اللَقافة. حذاقت۔ ہوشیاری۔

اللَقْف واللَقِف واللَقِیف مِنَ الرِّجالِ چست و زیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ و ثَقِفٌ لَقِفٌ و ثَقِیفٌ لَقِیفٌ."

لَقْلَقَ. اللَقْلاقُ: سارس کا آواز کرنا۔ لَقْلَقَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔ لَقْلَقَ الشَّیءَ: حرکت دینا۔

تَلَقْلَقَ. الشَّیءُ: ہلنا۔ اللَقْلَق ج لَقالِق واللَقْلاق. سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطانت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت "اَبُو حُدَیْج" ہے اللَقْلَق: زبان۔

اللَقْلاق. آواز۔ شور۔

اللَقْلَقَة. سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت و اضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے "فِي لِسانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ ج لَقالِق.

حُرُوفُ اللَقْلَقَة: ب، ج، د، ط، ق۔ طَرْفٌ مُلَقْلَقٌ. تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے۔

لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَّرِیقَ وَغَیْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔

لَقِمَ (س) لَقْمًا الطَّعامَ جلدی کھانا، ہڑپ کرنا۔

لَقَّمَهُ واَلْقَمَهُ الطَّعامَ لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَمَهُ الْحَجَرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کردیا۔

تَلَقَّمَ الشَّیءَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔ الماءُ فِي بَطْنِهِ: پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔

اِلْتَقَمَ الطَّعامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ اُذُنَهُ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔

اللَقَم واللُقْم. راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔

اللَقْمة. لَقِمَ کا اسم مرة۔

اللُقْمة. ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم.

اللَقِیم. لقمہ۔

التِلْقام والتِلْقامة والتِلِقّام والتِلِقّامة بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔

رَکِیَّةٌ مُتَلَقِّمَةٌ. بہت پانی والا کنواں۔

لَقُنَ (ک) لَقانَةً. تیز فہم و ذکی ہونا۔

لَقِنَ (س) لَقْنًا و لَقَنًا و لَقانَةً و لَقانِیَةً وتَلَقَّنَ الکَلامَ مِنْ فُلانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔

لَقَّنَهُ الکَلامَ: بالمشافہ سمجھانا۔

اَلْقَنَ الکَلامَ: جلدی سے یاد کرنا۔

اللَقْن. ستون۔ کنارہ۔

اللَقانَةُ واللَقانِیَةُ. س۔ زود فہمی۔

اللَقِن. زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔

اللَقَن. لگن (دخیل)

اَللَّقَن: تانبے کا برتن ہاتھ دھونے کے لئے۔

اللَواقِن. پیٹ کا نچلا حصہ۔

لَقا یَلْقُو لَقْوًا فُلانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔

لُقِيَ لَقْوًا. مبتلائے لقوہ ہونا۔

اللَقْوة. ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (واللِقْوَةُ) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقاء و اَلْقاء.

المَلْقُوّ. لقوہ زدہ۔

لَقِيَ یَلْقَى لِقاءً و لِقاءَةً و لِقایَةً و لَقانَةً و لُقْیانًا و لِقْیانًا و لِقْیانَةً و لُقِیًّا و لِقِیًّا و لَقْیَةً و لُقْیَةً و لُقًى فُلانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔

لَقّى تَلْقِیَةً فُلانًا الشَّیءَ: پھینکنا۔

لاقى لِقاءً و مُلاقاةً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاقَى بَیْنَ طَرَفَيِ القَضِیبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لُوقِيَ بَیْنَهُما"

اَلْقَى الشَّیءَ اِلَى الاَرْضِ: ڈال دینا اِلَیْهِ القَوْلَ و بِالقَوْلِ: پہنچانا عَلَیْهِ القَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا فِیهِ الشَّیءَ: رکھنا عَنْهُ الشَّیءَ: ڈال دینا اِلَیْهِ السَّمْعَ: کان لگانا اِلَیْهِ خَیْرًا: بہتر سلوک کرنا اِلَیْهِ بالًا: پروا کرنا۔ اور کہا

جاتا ہے "اَلْقَيْتُ اِلَيْهِ الْمَوَدَّةَ و بِالْمَوَدَّةِ" میں نے اُس سے محبت کی۔
تَلَقَّى الشَّيْءَ ملنا۔ استقبال کرنا الشَّيْءَ مِنْهُ: سیکھنا تَلَقَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ۔
اِلْتَقَى الشَّيْءَ ملنا (و تَلَاقَى) الْقَوْمُ باہم ملنا۔ وتَلَاقَوْا باہم جھگڑا کرنا۔
اِسْتَلْقَى عَلَى قَفَاهُ چت سونا۔
اللَّقَى پھینکی ہوئی چیز۔ ج اَلْقَاء۔
اللَّقْيَة و اللُّقْيَة مص۔ اللَّقْيَة لَقِيَ کا اسم مرۃ۔ ج لُقًى۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُه لُقًى كَثِيرَةً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔
اللُّقَى پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔
اللقيا. لِقَا کا اسم ہے۔
اَلتِّلْقَاء. لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَهُ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "و فَعَلَ الْاَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کیے ہوئے کیا۔
اللقاة راستہ کا درمیان۔
اللَّقِيُّ. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کیلئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِيَّة
اللَّقِيَ: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا لَقِيَّان و لَقِيَان" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ "وَهُوَ شَقِيٌّ لَقِيٌّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔
اللقَّاء. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔
الْاُلْقِيَّة. چیستان۔ پہیلی۔ ج اَلَاقِيُّ۔
اَلْاَلَاقِيُّ: سختیاں۔
الْمَلْقَى و الْمُلْتَقَى. ملنے کی جگہ۔
الْمَلَاقِي. مَلْقَى کی جمع۔ مَلَاقِيُّ الْاَجْفَان: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔
التَّلَاقِي: مص يَوْمُ التَّلَاقِي: قیامت کا دن۔
لَامِیَّةُ الْعَرَب. شنفری کا قصیدہ لامیہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ". تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔
الْمُتَلَوِّم. فا۔ برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر۔
لَوَّنَ تَلْوِیْنًا الشَّیْءَ: رنگین کرنا البُسْرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّیْبُ فِیْهِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی۔
تَلَوَّنَ الشَّیْءُ: رنگین ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔
اِلْوَنَّ اِلْوِنَانًا. بمعنی تَلَوَّنَ.
اللَّوْن. جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔ رنگ۔ ج اَلْوَان.
اللَّوْن. قسم۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ لَوْنٌ مِنَ الثِّیَابِ" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔ "وتَنَاوَلَ كَذَا وكَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَلْوَانٍ مِنَ الْحَدِیْثِ" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔
التَلْوِیْن. س۔ تقلہ اور تلذذ کیلئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا۔ کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔
الْمُتَلَوِّن. فا۔ جو ایک حالت و کیفیت پر قائم نہ رہے۔
لَاهَ يَلُوْهُ لَوْهًا و لَوْهَانًا و تَلَوَّهَ السَّرَابُ: چمکنا۔
اللاهَة. سانپ۔
لَوْهُ السرابِ و لَوْهَتُهٗ و لُوُوْهَتُهٗ. سراب کی چمک۔
لَوَاهُ (وَاوِيَّةُ العَيْنِ والله) يَلْوِيْهِ لَيًّا و لُيًّا و لِيَانًا ولَيَّانًا دَيْنَهٗ و بِدَيْنِهٖ: قرض میں ٹال مٹول کرنا فُلَانًا بِحَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔
لَوِیَ يَلْوٰی لَوًی القِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا المِعْدَةُ او الظَّهْرُ: معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ. صفت مؤنث لَوِيَةٌ. لَوِيَتْ لَوًی: الْحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
لَاوَتْ مُلَاوَاةً ولِوَاءً. الحَيَّةُ الحَيَّةَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔
اَلْوٰی اِلْوَاءً القَوْمُ: ریت کے موڑ پر پہنچنا۔ الرَّجُلُ: خشک کھیتی والا ہونا۔ دوسرے کیلئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو سینا الاَمِيْرُ لَهٗ لِوَاءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا البَقْلُ: سبزی کا مرجھانا فُلَانٌ: بہت تمنا کرنا بِيَدِهٖ او بِثَوْبِهٖ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِهٖ: لے جانا بِحَقِّ فُلَانٍ: حق کا انکار کرنا بِمَا فِی الْاِنَاءِ: اپنے لیے خاص کرنا بِهِمِ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا بِكَلَامِهٖ: کلام میں تبدیلی کرنا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ فُلَانٌ اللوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّيًا الشَّیْءُ: مڑنا البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔
تَلَاوَوْا تِلَاوِيًا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔ وتَلَاوِيَا ایک دوسرے پر لپٹنا۔
اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً القِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا عَلَيْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا الشَّیْءُ: مڑنا لَوِيَّةً: دوسرے کے لیے کھانا چھپا کر رکھنا۔
اِسْتَلْوٰی بِهِمُ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا۔
اللَّوُوْن واللَّاؤُوْ. الَّذِیْن کی جمع۔
اللاوِی. اسم فاعل۔ ج لَاوُوْن ولُوَاة.
اللاوِیُّ لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہم السلام کی جانب منسوب۔
سَفَرُ اللاوِيِّيْن. موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔
اَللِّوَاء: فوج کا ایک عہدہ جو جنرل کے مساوی ہوتا ہے۔ جماعت کا قائد۔ شہروں میں سے ایک حصہ کا نام۔ خاص گنتی شدہ لشکر۔ اسی لئے امیر اللواء کا لفظ فوجی عہد کے لئے بولا جاتا ہے۔
اللِّوَاء. جھنڈا۔ اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِيَة والْوِيَات. کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بالسِوَاءِ واللِّوَاءِ.
اللَّوٰی. س۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔
اللَّوٰی: بمعنی اللاتی جمع اَلّتِیْ.
اللُّوٰی. باطل باتیں۔
اللِّوٰی. ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ ج اَلْوَاءٌ و اَلْوِيَة.

الَالْوَاء. وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف۔
اللَوَّا ایک پرندہ۔
اللیَّاء مؤنث اَلْوی پانی سے دور جگہ۔
اللاوِیَاء ایک قسم کی گھاس داغ کرنے کا آلہ۔
اللَوَّة بد صورتی۔
اللَوَّة واللِیَّة عود جس کی دھونی دی جائے۔
اللِّیَّق ابتیں۔
اللاَتُ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
اللَوِیُّ خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔
اللُوَیُّ ایک درخت کا نام۔
اللَوِیَّة دوسرے کیلئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا ج لَوَایَا.
الَالْوٰی. سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا۔ گوشہ نشین۔ مؤنث لَیَّاء. الَالْوٰی مِنَ الطَّرِیْقِ: دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقتًا مڑی ہوئی دم۔ ج لُیٌّ بالضَّمّ اور قیاس کے مطابق لِیٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہئے۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللهُ بِاَحْوٰی اَلْوٰی خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔
لَوٰی (وَاوِیَّةُ الْعَیْن یائیه اللَّام) یَلْوِیْ لِیًّا و لَوْیًا و لُوِیًّا الْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ موڑنا الْغُلَامُ لڑکے کا بیس سال کا ہونا عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللیَالِی کَفَّهٗ عَلَی الْعَصَا" یعنی بوڑھا بنا دیا (لَیًّا و لَیَّانًا) اَمْرَهٗ عَنِّیْ پوشیدہ رکھنا سِرَّهٗ چھپانا الْحُزْنُ قَلْبَهٗ: پھیر دینا عَلَیْهِ: مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے مَرَّ لَا یَلْوِیْ عَلٰی اَحَدٍ" وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے۔ رَاسَهٗ او بِرَاسِهٖ پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: حرکت دینا فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَلْوِیْ ظَهْرَه" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو۔
لَوّٰی تَلْوِیَةً. عَلَیْهِ الْاَمْرَ دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوّٰی اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آ گیا۔
اَلْوٰی اِلْوَاءً. بِرَاسِهٖ پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا دم ہلانا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّیًا و اِلْتَوٰی اِلْتِوَاء الْحَبْلُ: رسی کا بٹا جانا۔
تَلَوَّتِ الْحَیَّةُ کنڈلی مارنا۔
اِلْتَوٰی. الْاَمْرُ: دشوار ہونا عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔
المَلَاوِی مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سَلَکُوْا المَلَاوِیَ"
مُلْتَوٰی. الوَادِی وادی کا موڑ۔
اللَیَّة. لوی کا اسم مرۃ۔ ج لَوًی.
اَلْیَاتْ اِلْیَاءً. النَّاقَةُ او نٹنی کا سست چلنا۔
لَاتَهٗ یَلِیْتُهٗ لَیْتًا. عَنْ کَذَا روکنا۔ پھیرنا۔
لَاتَ زَیْدًا حَقَّهٗ حق کا گھٹانا۔
اَلَاتَهٗ اِلَاتَةً. عَنْ کَذَا روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَه مِنْ عَمَلِهٖ شَیْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔
اللِیْت. کنارہ گردن۔ مثنی لِیْتَانِ ج اَلْیَات.
لَاتَ دیکھو۔ ل أ ت
لَیْتَ حرف تمنی ہے۔ مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ کاش جوانی لوٹتی۔ اور ممکن پر کم جیسے لَیْتَ العَلِیْلُ یَصِحُّ. کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لَیْتَ کے ساتھ ما متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زَیْدٌ کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل وابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے۔ اور جب لَیْتَ کے ساتھ یا متکلم متصل ہو تو لَیْتَنِیْ و لَیْتِیْ دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔
لَیَّثَ تَلْیِیْثًا و لُیِّثَ و تَلَیَّثَ تَلَیُّثًا الرَّجُلُ شیر جیسا ہونا۔
لَایَثَهٗ مُلَایَثَةً شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔
اِسْتَلْیَثَ شیر جیسا ہونا۔
اللائِث شیر۔
اللَیْث. شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت زبان آور بلیغ۔ ج لُیُوْث و مَلْیَثَةٌ.
اللَیْثَة شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔ ج لَیْثَات.
الَالْیَث بہادر۔ مؤنث لَیْثَاء ج لِیْث اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْیَثُ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے۔
المِلْیَثُ مضبوط قوی۔
المُلَیَّثُ موٹا۔ خوار و ذلیل۔
اللَیَاد. تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَکْتُ لَهٗ لَیَادًا" میں نے اس کے لیے کچھ نہیں چھوڑا۔
لَازَ یَلِیْزُ لَیْزًا. الرَّجُلُ پناہ لینا۔
المَلِیْز جائے پناہ
لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا الرَّجُلُ دلیر و بہادر ہونا عَنْهُ غافل ہونا۔
لَیْسَ مختلف طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) نفی حال کیلئے۔ اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَیْسَ خَلَقَ اللّٰهُ مِثْلَهٗ" اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی۔ اس کا وزن فَعِلَ ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفًا ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے "جَاءَ نِی الْقَوْمِ لَیْسَ زَیْدًا" اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کے بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے۔
(۲) یہ کہ خبر مع اِلا کے ہو جیسے لَیْسَ الطِّیْبُ اِلَّا الْمِسْكُ.
(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر پر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہو گی اور جو جملہ کے بعد میں واقع

ہو گا وہ خبر ہو گا اور محلا منصوب ہو گا۔ جیسے لَیْسَ یَقُوْمُ زَیْدٌ. لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمٌ. اور لَیْسَ کی خبر میں تاکید نفی کیلئے باداخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظا مجرور اور محلا منصوب ہوتی ہے۔ جیسے لَیْسَ اللّٰهُ بِظَالِمٍ.

تَلَیَّسَ الرَّجُلُ: صاحب قوت ہونا۔

تَلَایَسَ الرَّجُلُ تَلَایُسًا. نیک خو ہونا۔ عَنْهُ: چشم پوشی کرنا۔

اَلْاَلْیَس. نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اُٹھا لے۔ خانہ نشین۔ شیر۔ نیک خو۔ مؤنث لَیْسَاء ج لِیْس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِیْسٌ و لُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَ اِبِلٌ لِیْسٌ عَلَی الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔

اَلْمُلَایِس. سست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ یَلِیْصُ لَیْصًا. یکسو ہونا اَلشَّیْءَ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔

اَلَاصَ اِلَاصَةً الشَّیْءَ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔ فُلَانًا عَنْ كَذَا: پھسلانا۔

لَاطَ یَلِیْطُ لَیْطًا. چمٹنا اَلشَّیْءُ بِقَلْبِهٖ محبوب ہونا۔ دل سے چپکنا فُلَانًا بِفُلَانٍ لاحق کرنا اللّٰهُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْطُ بِهِ النَّعِیْمُ" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔

لَیَّطَ بِهٖ تَلْیِیْطًا. چپکانا۔

اَلَاطَهٗ اِلَاطَةً. چپکانا۔

اللِّیَاط. گچ۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔

اَللِّیْط. مس۔ رنگ۔

اللِّیْط. رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ وَلِیْطُ الشَّمْسِ لَمْ یُقْشَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔

اللِّیْطَة. نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے، کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِیْط و لِیَاط و اَلْیَاط.

لَاعَ یَلِیْعُ لَیَعَانًا. زچ ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا (لَوْعَةً ولَیْعَةً) اَلْجُوْعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔

اَلَاعَ. زچ ہونا۔ تنگ دِل ہونا۔

رِیْحٌ لِیَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔

اللَّیْعَة. لَاعَ کا اسم مرۃ۔ لَیْعَةُ الْجُوْعِ: بھوک کی سوزش۔

لَاغَهٗ یَلِیْغُهٗ لَیْغًا. اَلشَّیْءَ: پھسلانا۔ لَاغَ الشَّیْءَ: لینے کے لیے پھسلانا۔

تَلَیَّغَ. بیوقوف ظاہر کرنا۔

اللِّیَاغَة. بیوقوف۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لِیَاغَةٌ: بیوقوف مرد۔

اللَّیْغ. کامل بیوقوفی۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ سَیِّغٌ لَیِّغٌ: خوشگوار کھانا۔

اَلْاَلْیَغ. صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَیْغَاء ج لِیْغ اور اسی سے مثل ہے "دَرِّیْ بِمَا عِنْدَكِ یَا لَیْغَاءُ" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دِل میں ہے اس کو بیان کر۔

لَافَ یَلِیْفُ لَیْفًا. الطَّعَامَ: کھانا۔

لَیَّفَتْ تَلْیِیْفًا. فَسِیْلَةُ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَیَّفَ فُلَانٌ اللِّیْفَ: لیف کو بنانا۔ اَلْمُلَیِّفُ فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔

اللِّیْف. کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِیْفَة.

اللِّیْفَانِی. کھجور کی چھال کے مشابہ۔

لِحْیَةٌ لِیْفَانِیَّةٌ. گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔

اَلْمُلَیِّف. حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔

لَاقَ الدَّوَاةَ یَلِیْقُهَا لَیْقًا و لَیْقَةً. صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو مَلِیْقَة کہتے ہیں۔ لَاقَتِ الدَّوَاةُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا۔

لَاقَ یَلِیْقُ لَیْقًا و لِیَاقَةً و لَیَاقًا و لَیَقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا بِهِ الثَّوْبُ: بدن کے مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا لُقْتُ بَعْدَكَ بِاَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔ "وَهٰذَا اَمْرٌ لَا یَلِیْقُ بِكَ وَلَا یَلِیْقُكَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْقُ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو۔ و فُلَانٌ لَا یَلِیْقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔

لَیَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا اَلثَّرِیْدَ بِالسَّمْنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔

اَلَاقَ الدَّوَاةَ اِلَاقَةً. صوف ڈالنا۔ اور روشنائی درست کرنا فُلَانًا بِنَفْسِهٖ: اپنے ساتھ لگا لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاقَتْنِی الْبَصْرَةُ" یعنی میں بصرہ میں نہیں ٹھہرا "وَ فُلَانٌ مَا یُلِیْقُهٗ بَلَدٌ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔ "و فُلَانٌ مَا تُلِیْقُ یَدُهٗ شَیْئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھہرتی "وَهٰذَا سَیْفٌ لَا یُلِیْقُ شَیْئًا" یعنی یہ ایک تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے۔

اِلْتَاقَ اِلْتِیَاقًا فُلَانٌ بِفُلَانٍ: دوستی کرنا۔ لَهٗ: چمٹنا الرَّجُلُ: بے نیاز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِلْتَاقَ قَلْبِیْ بِفُلَانٍ" میرا دِل فلاں کے ساتھ لگ گیا۔

اِسْتَلَاقَهٗ بِهٖ. چپکانا۔

اللِّیَاق. چراگاہ۔ ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی۔

اللَّیَاق. آگ کا شعلہ۔

اللِّیْق. ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں۔

اللِّیَق. چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے۔

اللِّیْقَة. اسم ہے لاق سے۔ دوات کا صوف دیوار میں لگانے کی مٹی۔ ج لِیَق.

لَیْقَنَ الشَّیْءَ: تیل لگانا۔ اللَّیْقُوْنَة: خاص تیل۔

وَجْهٌ مُلْتَاقٌ. خوبصورت و دِل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاقٌ بِهٖ ہے۔

لَا یَلَهٗ مُلَایَلَةً. رات کیلئے اُجرت پر لینا اور کہا جاتا ہے "عَامَلَهٗ مُلَایَلَةً" لیل سے جیسے "عَامَلَهٗ مُیَاوَمَةً" یوم سے۔

اَلَالَ الْقَوْمُ اِلْاَلًا و اَلْیَلُوْا اِلْیَالًا رات میں داخل ہونا۔

لَيْلٌ لَائِلٌ لمبی کالی رات۔ مہینے کی کالی رات۔
اللیْل رات (مذکر ومؤنث) ج اللیَالِی یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس۔ اور لَیَائِل بھی کہا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ لَیْلٌ واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لیلہ ہے جیسے تَمرٌ و تمرۃٌ اور کہا گیا ہے کہ لیل مثل لیلۃٌ ہے جیسے کہ عَشِیٌّ و عَشِیَّۃٌ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلہ یوم کے۔
اللیْلِیَّ لیل کی جانب منسوب۔ وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے۔
لَیْلَی الْخَمْر شراب کا اُٹھنا۔ اُمُّ لَیْلٰی کالی شراب۔
لَیْلَۃٌ لَیْلَاء و لَیْلٰی سخت کالی طویل رات جیسے لَیْلٌ لَائِلٌ.
اللیْلَہ رات یا لیل کا واحد۔ ج لَیْلَات.
لَیْلٌ اَلْیَل و مُلَیَّلٌ سخت کالی طویل رات مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔
اللِیْم صلح۔ شکل و صورت میں مشابہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِیْمُه" وہ اس کے شکل و صورت میں مشابہ ہے۔
اللیْمُوْن لیمو (دخیل)
لَانَ یَلِیْنُ لِیْنًا و لَیَانًا و لِیْنَۃً نرم ہونا۔ صفت لَیِّنٌ و لَیْنٌ اور اسم اللیَان بمعنی نرمی۔
لَیَّنَ الشَّیَٔ تَلْیِیْنًا و اِلَانَہٗ اِلَانَۃً واَلْیَنَہٗ اِلْیَانًا نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے اَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَهٗ اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا۔
لَایَنَہٗ مُلَایَنَۃً و لِیَانًا نرمی کرنا۔ نرم برتاؤ کرنا۔ مداہنت کرنا۔
تَلَیَّنَ الشَّیُٔ تَلَیُّنًا نرم ہونا لِفُلَانٍ چاپلوسی کرنا۔
اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَۃً. الشَّیَٔ نرم سمجھنا۔ نرم پانا۔
اللیَان بس۔ آسودہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "و فِیْ لَیَانٍ مِنَ الْعَیْش" وہ آسودہ زندگی اور ناز و نعمت میں ہے۔
اللَّیِّن نرم۔ ج لَیْنُوْن اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَیْن لَیْن.
اللِیْن بس۔ عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِیْنَۃٌ.
اللَیْنَۃ. لَیْن کا مؤنث۔ لان کا اسم مرۃ۔ تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لَیْنَہ کہتے ہیں۔
اللِیْنَۃ بس۔ لان کا اسم نوع۔ کمزوری۔ ڈھیلا پن۔
اللَیَانَۃ نرمی۔
اللیِّن نرم۔ ج لَیِّنُوْنَ. واَلْیِنَاء.
الَالْیَن نرم۔ ج الَالَایِن بہت نرم۔
الْمَلْیَنَۃ. نرمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَذُو مَلْیَنَۃٍ" وہ نرمی و مہربانی والا ہے۔
الْمُلَیِّن مِنَ الْاَدْوِیَۃ. قبض کشا دوا۔
اللَّنُوْفَرْ والنَیْلُوْفَر. کنول کا پھول۔
لَاہَ یَلِیْه لَیْهًا چھپنا۔ بلند ہونا۔
اللِیْوَان ایوان۔ محل جو کشادہ ہو اور تین اطراف سے گھرا ہوا ہو۔
اللِیَاء. یَائِیَّۃُ الْعَیْنِ واللام. ایک قسم کا سفید غلہ (واللیَّاءُ) پانی سے دور جگہ۔

م

م : اَلْمِیْمُ بنیادی حروف میں سے چوبیسواں حرف۔ یہ حروف شفوی سے ہے۔

م۔ حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِى الْاَرْضِ" اور کبھی حرفِ قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ جیسے "مَ اللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ" اور کبھی حرفِ جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے "بِمَ وعَلَامَ" کیوں؟ اور اصل میں یہ ما استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہے اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی۔

مَا۔ دو قسمیں ہیں۔ حرفیہ واسمیہ۔

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں۔

(۱) نافیہ۔ جیسے "مَا هٰذَا بَشَرًا"

(۲) زائدہ۔ جیسے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ"

(۳) کافہ۔ جیسے "كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ."

(۴) مصدریہ جیسے "وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ."

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "وَاَوْصَانِى بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا."

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) استفہامیہ۔ اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "مَا عِنْدَكَ" تمہارے پاس کیا ہے۔ اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "مَا زَيْدٌ" اس کے جواب میں مثلاً عاقل یا احمق کہا جائے گا۔

اور جب اس پر حرفِ جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ و عَلَامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے۔

(۲) موصولہ جیسے "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَاللّٰهِ بَاقٍ"

(۳) وہ جو جزا کے لیے ہو جیسے "مَا يَفْعَلْ اَفْعَلْ"

(۴) وہ جو تعجب کیلئے ہو جیسے "مَا اَحْسَنَ زَيْدًا."

(۵) وہ جو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جائے جیسے "بَلَغَنِىْ مَا صَنَعْتَ"

(۶) وہ جو نکرہ ہو اور اس کیلئے صفت لازم ہے جیسے "مَرَرْتُ بِمَا مُعْجِبٍ لَكَ"

(۷) وہ جو ابہام کیلئے ہو جیسے "اَعْطِنِىْ كِتَابًا مَا" یعنی کوئی کتاب مجھے دو۔ "جَاءَ لِاَمْرٍ مَا" کسی کام کیلئے آیا۔ اس کا نام ابہامیہ ہے۔ اور "غَسَلْتُهُ غَسْلًا نِعِمَّا" کی تقدیر غَسَلْتُهُ نِعْمَ الْغَسْلُ ہے۔

اَلْمَاهِيَةُ مِنَ الْاَمْرِ اَوِ الشَّىْءِ: حقیقت طبیعت قوام شی یا ہر وہ چیز جو ماھو کے جواب میں واقع ہو۔

الماء۔ دیکھئے موہ۔

مَزُجَ (ک) مُزُوْجَةً بیوقوف ہونا۔

المَاءُ: پانی کا کڑوا و کھاری ہونا۔

المَاْج بیوقوف۔ مضطرب۔ اضطراب۔ کڑوا کھاری پانی۔

مَادَ (ف) مَاْدًا النَّبَاتُ اَوِ الشَّجَرُ: نباتات کا لہلہانا۔ تروتازہ ہونا۔ جڑ میں پانی بہتا ہوا ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔

اَمَادَ الرِّىُّ النَّبَاتَ: نباتات کو تروتازہ کرنا۔

اِمْتَادَ الْخَيْرَ: بھلائی حاصل کرنا۔

المَاْد وَاليَمْؤُوْد۔ تروتازہ و نرم و نازک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَوْ غُصْنٌ مَاْدٌ وَ يَمْؤُوْدٌ وَ جَارِيَةٌ مَاْدَةٌ وَ يَمْؤُوْدٌ وَ يَمْؤُوْدَةٌ" نرم و نازک (مرد یا شاخ یا لڑکی)

المَئِيْد۔ نازک۔ ناز پروردہ۔

مَارَ (ف) مَارًا السِّقَاءَ: وسیع کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد کرا دینا۔ فساد پر اکسانا۔

مَئِرَ (س) مَارًا الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا اور سوجنا عَلٰى فُلَانٍ: دشمنی سوچنا۔

اِمْتَارَ عَلٰى فُلَانٍ: کینہ کرنا۔

مَاءَرَهُ مِئَارًا وَ مُمَاءَرَةً۔ مفاخرت کرنا۔

ہُ فِىْ فِعْلِهِ: برابری کرنا۔ مَاءَرَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ فساد پر اکسانا۔

تَمَاءَرَ تَمَاؤُرًا۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

المَئِرُ مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت و دشوار (والمِئَر) فساد انگیز۔

المِئْرَة۔ عداوت۔ چغل خوری۔ ج مِئَر۔

اَمْرٌ مَئِيْرٌ۔ سخت۔

مَاسَ (ف) مَاْسًا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا الدَّبَّاغ

الْجِلْدَ: چرم ساز کا کھال کو ملنا دَلنا (و مَئِسَ (س) مَأْسًا) الْجُرْحُ: زخم کا کشادہ ہونا۔

الْمَاس بس۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت قبول نہ کرے۔

الْمَائِس والمَأْآس والمُؤُوْس والمِمْأَس والمِمْآس. چغل خور۔ فساد انگیز۔

مَاشَهُ(ف) مَاْشًا عَنْه بِكَذَا: دفع کرنا۔ ہٹانا مَاشَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔ مطر کو مَئِيْش کہتے ہیں۔

مَئِقَ(س) مَاَقًا الصَّبِيُّ: سسکی لینا۔ صفت مَئِقٌ الرَّجُلُ: شدتِ غیظ سے رو نیلکنا۔

اَمْاَق. سسکی لینا۔

اِمْتَاَق. سسکی لینا غَضَبُهُ: سخت غضبناک ہونا اِلَّى بِالْبُكَاءِ: روانسا ہونا۔

اَلْمَاق والمُؤْق والمُوْق ج آماق و اَمْآق و مَوَاق و مَآق. والمُؤْقِي والمَوْقِيء والمَاْقِي. ج مَآق: ناک کی طرف کا گوشۂ چشم۔ المُؤْق والمُوْق مِنَ الْاَرْضِ: زمین کے پست کنارے۔ ج آمَان.

الْمَاْق. زیادتی گریہ۔

الْمَاْقَة. شرم و عار سے کراہت۔ شدت غضب۔ حمیت۔

الْمَئِق. جلدی رو پڑنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "اَنَا تَئِقٌ وَاَنْتَ مَئِقٌ" دو مختلف مزاج لوگوں پر بولی جاتی ہے اس لیے کہ تَئِق جلدی سے شرارت کرنے والے کو اور مَئِق جلدی سے رونے والے کو کہتے ہیں۔

الْمَاَقَه. سسکی۔ گریہ وزاری کرنا۔

الْمَوَاقِيء. ناک کی طرف کے آنکھ کے گوشے واحد۔ مَاقِيء.

مَاَلَ و مَئِلَ (ف س) و مَؤُلَ (ک) مُؤُوْلَةً و مَاَلَةً. موٹا ہونا۔ صفت مَئِلٌ و مَأْلٌ. کہا جاتا ہے "جَاءَهُ اَمر مَا مَاَلَ لَهُ مَأْلا" اس پر ایسا معاملہ آ پڑا جس کیلئے وہ تیار نہیں تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا۔

الْمَاْل. جائے پناہ۔

الْمَاْلَة باغ۔ چکی۔ ج مِئَال.

الْمُمْتَئِل لمبا سیدھا مرد۔

الْمَاْلَج. کرنی۔ کہگل کرنے کا آلہ ج مَآلِج (دخیل) اس کیلئے فصیح عربی الْمِسْيَعَة ہے۔

مَاْمَاَتْ مَاْمَاَةً. الشَّاةُ او الظَّبْيَةُ: بکری یا ہرن کا ممیانا۔

مَاَنَ(ف) مَاْنًا. الرَّجُلَ: ناف پر مارنا۔ چوکنا رہنا۔ پرہیز کرنا الْقَوْمَ: نان و نفقہ برداشت کرنا (اور مَانَ يَمُوْنُ اجوف واوی سے بھی مستعمل ہے "اَتَانِيْ هٰذَا الْاَمْرَ فَمَا مَاَنْتُ لَهُ اَوْ مَا مَاَنْتُ مَأْنَهُ" مجھے یہ معاملہ پیش آیا اور میں نے اس کی پروا نہیں کی۔ اور نہ مجھے اس کا علم ہوا۔ "وَاِمْاَنْ مَاْنَك وَاِشْاَنْ شَاْنَكَ" یعنی جو تمہیں اچھا معلوم ہو کرو "وَاَنَا اَمْاَنُهُ"

مَاَّنَ تَمْئِنَةً. الشَّيَّ: تیار کرنا فُلَانًا: خبردار کرنا۔ جتانا (وَمَاءَ نَ) فِي الْاَمْرِ: غور کرنا؛ سوچنا۔

تَمَاءَنَ تَمَاؤُنًا الشَّيُّ: پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔

الْمَاْنَة. ناف۔ ناف کے گرد اگرد۔ ج مَاْنَات و مُؤُوْن. خلاف قیاس (جیسے بَدْرَة و بُدُوْر) (والمَاْن) کمر۔ المَاْن: کدال۔

المُؤْنَة والمَؤُوْنَة. خوراک۔ سختی و بوجھ ج مُؤْن.

الْمَئِنَّة. علامت۔

الْمَمْاَنَة. سزاوار۔ لائق۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَمْاَنَةٌ لِكَذَا" یعنی وہ اس کے مناسب ہے۔

مَاَ اَيمؤُوْ مُؤَاءً السِنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

مَاَ اَيمؤُوْ مَاْوًا. الْجِلْدَ: کھال کو پھیلانے کیلئے کھینچنا بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا۔

تَمَاَّى تَمَئِّيًا الْجِلْدُ: کھال کھینچ کر چوڑی ہونا الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: فساد پھیلنا۔

الْمَاْوَة. پست زمین ج مَاْوٌ.

مَاَى يَمْاَى مَاْيًا. الْجِلْدَ: کھال کو کھینچنا۔ الْقَوْمَ: اپنے کو شامل کر کے سو (١٠٠) پورا کرنا۔ قوم کو مَمْئِيُّوْنَ کہتے ہیں بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا الشَّجَرُ: درخت کا پتوں والا ہونا۔

أَمْاَى اِمْآءً. الْقَوْمُ: سو (١٠٠) ہونا۔ صفت مُمْؤُون. الْقَوْمَ: اپنے آپ کو شامل کر کے سو (١٠٠) پورا کرنا۔

تَمَاَّى تَمْئِيًا. السِّقَاءُ: کشادہ ہونا۔ کھنچنا۔ الشَّرُ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد پھیلنا۔

الْمِائَة. سو (١٠٠)۔ ج مِئَات و مِئُوْن و مُئُوْن و مِأًى اور نسبت کے لیے مِئَوِيَّ. لفظ مِاءة میں الف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔ کہا جاتا ہے "شَارَطَهُ مُمَاءَاةً" یعنی اس نے سو (١٠٠) کی شرط کی جیسے کہا جاتا ہے شَارَطَهُ مُوَالَفَةً یعنی ہزار کی شرط کی۔

مَتَّه(ن) مَتًّا. کھینچنا الْحَبْلَ: رسّی کو بغیر چرخی کے کھینچنا اِلٰى فُلَان بِقَرَابَةٍ: تعلق پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَتَّ بَيْنَنَا رَحِمٌ مَاتَّةٌ" ہمارے درمیان قرابت قریبہ ہے ۵ قرابت ڈھونڈنا۔

مَاتَّ فُلَانًا: قرابت یاد دلانا۔

الْمَاتَّة. ج مَوَاتٌّ والمَتَات وسیلہ۔ قرابت۔ رشتہ داری۔

مَتَاه(ف) مَتْأً بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔

مَتَحَ (ف) مَتْحًا الْمَاءَ: پانی نکالنا الدَّلْوَ وبها: ڈول کھینچنا۔ صفت مَاتِح و مَتُوْح فُلَانًا: مارنا پچھاڑنا الشَّيْءَ: اکھیڑنا الشَّجرةَ: کاٹنا الخَمْسِيْنَ: پچاس کے قریب ہونا۔

مَتَح و مَتَّحَ وَاَمْتَحَ. الْجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین پر دم کو پٹکنا۔

اِمْتَتَحَ الشَّيْءَ: جڑ سے کھینچنا۔

تَمَتَّحَتْ الْاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اپنے ہاتھوں سے آرام لینا۔

الْمَتُوْح. پانی نکالنے والا۔ دُور۔ بِئْرٌ مَتُوْحٌ قریب پانی والا کنواں۔

الْمَتَّاح. بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے يَوْمٌ مَتَّاحٌ و فَرْسَخٌ مَتَّاحٌ.

مَتَخَ(ن ض) مَتْخًا الشَّيْءَ اُکھیڑنا، کاٹنا الجَرَادُ ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے زمین پر دم مارنا بِالدَّلْوِ کھینچنا ہٗ بِالسَّهْمِ تیر مارنا فُلَانًا مارنا اور دور کرنا الشَّيْءُ بلند ہونا فِي الشَّيْءِ گڑنا بِسَلْحِهِ بیٹ کرنا الشَّيْءَ بلند کرنا الخَمْسِيْنَ پچاس کے قریب ہونا الجَارِيَةَ جماع کرنا۔

اِمْتَاخَ الشَّيْءَ کھینچنا۔

عُوْدٌ مِتِّيْخ نازک لمبی لکڑی۔

المِتِّيْخَة چھڑی۔ لاٹھی۔ کوڑا۔

مَتَدَ(ن) مُتُوْدًا بِالْمَكَانِ اقامت کرنا۔

مَتَرَ(ن) مَتْرًا الشَّيْءَ کاٹنا الحَبْلَ: رسی کھینچنا بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا الجَارِيَةَ جماع کرنا۔

تَمَاتَرَ گرنا۔ تَمَاتَرُوا الشَّيْءَ کھینچنا۔

اِمَّتَرَ اِمِّتَارًا الحَبْلُ رسی کھینچنا (اس کی اصل اِمْتَتَرَ ہے پہلی تاء کو میم سے بدل دیا گیا ہے)

المِتْر میٹر۔

اَلْمِتْيُوْرُوْ كِرَاف موسمی حالات کی تبدیلی کا پتہ بتانے کا آلہ۔

مَتَزَ(ن) مَتْزًا بِسَلْحِهِ بیٹ کرنا۔

مَتَسَ(ض) مَتْسًا الشَّيْءَ اکھیڑنے کیلئے جھکانا (ن) (مَتْسًا) بِالْحَبْسِ پاخانہ کرنا۔

مَتِشَ(س) مَتَشًا عَيْنُهُ آنکھ کا دھوپ یا بھوک کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت اَمْتَش مؤنث مَتْشَاء ج مُتْش

مَتَشَ(ض) مَتْشًا الشَّيْءَ انگلیوں سے بکھیرنا۔ جمع کرنا اَخْلَافَ النَّاقَةِ: آہستہ آہستہ دوہنا۔ المَتْش والمَتَش جوانوں کے ناخن کی سفیدی۔

مَتَعَ(ف) مَتْعًا و مُتْعَةً بِالشَّيْءِ لے جانا۔

مَتَعَ(ف) مُتُوْعًا الشَّيْءُ لمبا ہوتا النَّهَارُ: دن کا بلند ہونا النَّبِيْذُ نبیذ کا سخت سرخ ہونا الرَّجُلُ: زیرک ہونا السَّرَابُ دن کے ابتدائی حصہ میں بلند ہونا الحَبْلُ رسی کا مضبوط ہونا (مَتْعًا و مُتْعًا) بِفُلَانٍ: جھوٹ بولنا (مَتْعًا و مُتْعَةً) بِالشَّيْءِ لے جانا۔

مَتُعَ(ک) مَتَاعَةً الرَّجُلُ زیرک ہونا۔

مَتَّعَ الشَّيْءَ لمبا کرنا ہٗ اللّٰهُ طویل عمر دینا۔ ہٗ اللّٰهُ بِكَذَا مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ المَرْأَةَ المُطَلَّقَةَ: مطلقہ عورت کو متعہ دینا۔

اَمْتَعَهُ اللّٰهُ بِكَذَا: مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ اور کہا جاتا ہے "اَبْقَاكَ اللّٰهُ وَاَمْتَعَ بِكَ" یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے۔ اَمْتَعَ بِمَالِهِ فائدہ اٹھانا عَنْ كَذَا بے نیاز ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمْتَعَنِي بِفِرَاقِهِ" اس نے اپنے فراق وجدائی کا سامان مجھے دیا۔

تَمَتَّعَ و اِسْتَمْتَعَ بِكَذَا و مِنْ كَذَا مدت تک فائدہ اٹھانا بِمَالِهِ: آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔ تَمَتَّعَ حج تمتع کرنا۔

المَتْع والمُتْع مکر۔

المُتْعَة والمِتْعَة اسم ہے تَمْتِيْع کا۔ تھوڑا توشہ۔ تھوڑی خوراک۔ شکار یا کھانا جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِي مُتْعَةً اَعِيْشُ بِهَا" میرے لیے تھوڑی سی خوراک تلاش کرو جس سے زندگی بسر کر سکوں

المَتْعَه: مشکیزہ، ڈول، رسی۔ مُتْعَةُ المَرْأَةِ: قمیص، ازار، چادر جو مطلقہ عورت کو دیا جائے اور اس کو مُتْعَةُ الطَّلَاقِ بھی کہتے ہیں۔ ج مُتَعٌ و مِتَعٌ

المَتَاع. چاندی و سونے کے علاوہ سامانِ زندگی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان پہنے یا بچھائے۔ ہر وہ چیز جس سے تھوڑا سا فائدہ اٹھایا جائے پھر فنا ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا الحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ" ج اَمْتِعَة جج اَمَاتِع واَمَاتِيْع۔

اَلْمَاتِع. فاہر چیز کا لمبا۔ ہر چیز کا عمدہ۔ نہایت عمدہ۔ بہت سرخ شراب و سرکہ۔ جھکی ہوئی ترازو۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ رَجُلٌ مَاتِعٌ: افعال خیر میں کامل۔

مَتَكَ(ن) مَتْكًا الشَّيْءَ کاٹنا۔

مَاتَكَهُ مُمَاتَكَةً فِي البَيْعِ: بیع کی مہارت میں غالب ہونا۔

تَمَتَّكَ الشَّرَابَ گھونٹ گھونٹ پینا۔

المَتْك والمُتْك والمُتُك مکھی کی ناک۔ لیموں۔ سوسن۔ مَتْكُ الذُّبَابِ: مکھی کی بیٹ۔

مَتَلَ(ن) مَتْلًا الشَّيْءَ ہلانا۔ زور سے ہلانا۔

مَتُنَ(ک) مَتَانَةً مضبوط و قوی ہونا۔ صفت مَتْنٌ و مَتِيْنٌ۔

مَتَنَ(ن) مُتُوْنًا بِالْمَكَانِ اقامت کرنا۔ الرَّجُلُ قسم کھانا۔ سفر کرنا بِفُلَانٍ پورے دن ساتھ چلنا الشَّيْءَ کھینچنا الكَبْشَ مینڈھے کے بیضہ کو مع رگوں کے نکالنا ہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا۔

مَتَنَ(ن وض) مَتْنًا و اَمْتَنَ پیٹھ پر مارنا۔

مَتَّنَ الشَّيْءَ: مضبوط بنانا الدَّلْوَ: ڈول کو مضبوط باندھنا الخَيْمَةَ: خیمہ کو مضبوط کسنا الطَّعَامَ: مصالحہ سے عمدہ بنانا لِمَنْ سَابَقَهُ: آگے بڑھنے والے سے یہ کہنا کہ فلاں مقام پر آگے بڑھ جاؤ اور میں تم سے آکر مل جاؤں گا۔

مَاتَنَ فُلَانًا: ٹالنا۔ بہت دور کر دینا ہٗ فِي الشِّعْرِ: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُمَاتَنَةٌ" ان کے درمیان ہر چیز میں مقابلہ ہے "مَاتَنَ الرَّجُلُ" جیسا معاملہ اس کے ساتھ کیا گیا ہے ویسا ہی کرنا۔

تَمَاتَنَ الشَّاعِرَانِ فِي الشِّعْرِ: باہم مقابلہ کرنا۔

المَتْن مص پیٹھ (مذکر ومؤنث) مَتْنُ الشَّيْءِ: چیز کا ظاہری حصہ۔ مَتْنُ الاَرْضِ: زمین کا بلند و ہموار حصہ الطَّرِيْقِ: راستہ کا وسط الكِتَابِ: کتاب کی اصل عبارت شرح و حاشیہ کے علاوہ اللُّغَةِ: لغت کے اصول وقواعد اور اس کے مفردات۔ کہا جاتا ہے "سَارَ مَتْنَ النَّهَارِ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔ مَتْنَا الظَّهْرِ پیٹھ کے دونوں طرف کے پہلو ج مِتَان و مُتُوْن۔

المَتْنَة. سخت و بلند زمین۔ مَتْنَةُ الظَّهْرِ: پیٹھ کا پہلو۔ ج مِتَان و مُتُوْن۔

المَتِيْن. مضبوط۔ قوی۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ

مَتِیْن" مضبوط رسّی "وَرَائ مَتِیْن و فِیْ رَایِہ مَتَانَۃ" سنجیدہ رائے۔ اس کی رائے میں سنجیدگی ہے اور متین اللہ تعالٰی کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے یعنی باری تعالٰی قوی و غالب ہے اس کو افعال میں مشقت اور کلفت لاحق نہیں ہوتی۔ ج مِتَان۔

المِتَان۔ دو ستونوں کے درمیان کا فاصلہ ج مُتُن۔

التَّمْتِیْن س (والتِمْتَان) خیمہ کی رسیاں۔ ج تَمَاتِیْن۔

المَاتِن۔ فا۔ متن کتاب کا لکھنے والا۔

سَیْرٌ مُمَاتِن۔ سفر بعید۔ کہا جاتا ہے "سَارَ سَیْرًا مُمَاتِنًا" وہ تیز چلا۔

مَتِہَ (س) مَتَہًا۔ گمراہی میں مبتلا ہونا۔

مَتَہَ (ف) مَتْہًا الدَّلْوَ: ڈھول کھینچنا۔

تَمَتَّہَ۔ حیران ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ بغیر خوبی کے وصف کا طالب ہونا۔ تکبر کرنا۔ بعید ہونا۔ مبالغہ کرنا۔ گمراہی اور بیہودہ باتوں میں مشغول ہونا۔

تَمَاتَہَ عَنِ الشَّیْئِ: غفلت برتنا القَوْمُ: دور ہونا۔

مَتَا یَمْتُوْ مَتْوًا۔ الشَّیْئَ: کھینچنا۔ مَتَاہُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اَمْتٰی اِمْتَاءً۔ بری چال چلنا۔ زیادہ رزق والا ہونا۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَمَتّٰی۔ لغت ہے تمطّٰی میں بمعنی انگڑائی لینا۔

مَتٰی۔ اسم استفہام ہے زمانہ کیلئے۔ اسم شرط ہے جملہ شرطیہ کے دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے مَتٰی اَضَعُ الْعِمَامَۃَ تَعْرِفُوْنِی۔

مَتٰی یَمْتِیْ مَتْیًا۔ الشَّیْئَ: کھینچنا۔

مَثَّ (ن) مَثًّا۔ العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہہ جانا الزِقَّ والسِقَاءَ: ٹپکنا الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ آنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمُثُّ" جبکہ کوئی موٹا آدمی آئے اور اس کی کھال پر موٹائی کی وجہ سے کچھ تیل کا سا اثر معلوم ہو۔ مَثَّ یَدَہٗ: رومال سے ہاتھ پونچھنا شَارِبَہٗ: مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا

الجُرْحَ: زخم سے پیپ اور مادہ فاسد کو صاف کرنا الْحَدِیْثَ: بات پھیلانا۔ نبتٌ مَثَاثٌ۔ تر گھاس۔

مَثَجَ (ن) مَثْجًا الشَّیْئَ: ملانا فُلَانًا: کھلانا الْبِئْرَ: کنواں صاف کرنا بِالْعَطِیَّۃِ بخشش کرنا۔

مَثَدَ (ن) مَثْدًا بَیْنَ الْحِجَارَۃِ: چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کرنا الرَّجُلَ: دیدبان مقرر کرنا۔

المَاثِد۔ فا۔ نگہبان۔ دیدبان۔

مَثَطَ (ن) مَثْطًا۔ ہاتھ سے زمین میں کسی چیز کو گاڑنا۔

مَثَعَتْ (ن س ف) مَثْعًا الْمَرْأۃُ: عورت کا بری چال چلنا۔

تَمَثَّعَ۔ بجو کا چلنا۔

المَثْعَاء۔ بدبودار بجو۔

مَثَلَ (ن) مُثُوْلًا فُلَانًا: مانند ہونا القَمَرُ: ظاہر ہونا۔ غائب ہونا الرَّجُلُ۔ زمین سے چمٹنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا التَمَاثِیْلَ: مجسّے بنانا فُلَانًا بِفُلَانٍ: مشابہت دینا۔

مَثَلَ (ن ض) مَثْلًا و مُثْلَۃً بِالرَّجُلِ: عذاب دینا بِالْقَتِیْلِ: مثلہ کرنا۔ ناک، کان وغیرہ کاٹنا۔

مَثَلَ (ک ن) مُثُوْلًا بَیْنَ یَدَیْ فُلَانٍ: کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔

مَثُلَ (ک) مَثَالَۃً۔ افضل ہونا۔

مَثَّلَ تَمْثِیْلًا الشَّیْئَ لِفُلَانٍ: ہو بہو تصویر بنانا الْحَدِیْثَ و بِالْحَدِیْثِ: بیان کرنا۔

مَثَّلَ بِفُلَانٍ عذاب دینا بِالْقَتِیْلِ: مثلہ کرنا الْمِثَالَ نمونہ بنانا التَمَاثِیْلَ: مجسّے بنانا (تمثیلا و تِمْثَالًا) الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: مشابہت دینا۔

مَاثَلَہٗ مُمَاثَلَۃً۔ مشابہت دینا۔ مَاثَلَہٗ بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔

اَمْثَلَہٗ۔ فُلَانًا و بِہٖ: مانند بنانا الْحَاکِمُ فُلَانًا: قصاص میں قتل کرنا الحَاکِمُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: قصاص لینا۔

تَمَثَّلَ الْحَدِیْثَ و بِالْحَدِیْثِ: بیان کرنا الشَّیْئَ: مثال کا تصور کرنا لَہُ الشَّیْئُ: تصور ہونا بِالشَّیْئِ: مثال دینا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْبَیْتُ مَثَلٌ یُتَمَثَّلُ بِہٖ" یہ شعر مثال ہے جس کی مثال دی جاتی ہے مِنْہُ: بدلہ لینا بَیْنَ یَدَیْہِ: سامنے کھڑا ہونا۔ تَمَثَّلَ مِثَالًا: نمونہ بنانا بہ: مشابہ ہونا۔

اِمْتَثَلَ الْمَثَلَ و بِالْمَثَلِ: بیان کرنا الْاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا الشَّیْئَ: نمونہ پر بنانا الطَّرِیْقَۃَ پے روی کرنا مِنَ الْقَاتِلِ: قصاص لینا۔

تَمَاثَلَ الشَّیْئَانِ: باہم مشابہ ہونا العَلِیْلُ مِنْ عِلَّتِہٖ: بیمار کا اچھّے ہونے کے قریب ہونا۔

المِثْل۔ شبہ۔ نظیر۔ مشابہ۔ ج اَمْثَال (مذکر ومؤنث واحد تثنیہ جمع سبھی کیلئے آتا ہے) کہا جاتا ہے "ھُوَ و ھِیَ و ھُمَا و ھُمْ و ھُنَّ مِثْلُہٗ" اور مہم اَمْثَالُھُمْ بھی بولا جاتا ہے۔ و "فُلَانٌ مُسْتَرَادٌ لِمِثْلِہٖ" یعنی اس کے مانند طلب کیا جاتا ہے اور اس پر بخل کیا جاتا ہے اور ایسا ہی ہے "ھُوَ مُسْتَرَادَۃٌ لِمِثْلِھَا"

المَثَل۔ مشابہ۔ نظیر۔ (لغت ہے مثل میں) صفت۔ بات۔ کہاوت۔ (کہاوت کے الفاظ میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا) عبرت۔ دلیل۔ ج اَمْثَال۔

المُثْلَۃ۔ آفت۔ ناک، کان کاٹنا۔ المُثْلَۃ والمُثُلَۃ: سزا۔ عذاب۔ المَثُلَۃ اُمَمِ ماضیہ کی عبرت ناک سزائیں۔ ج مَثُلَات۔

المِثَال۔ مقدار۔ شبہ۔ قصاص۔ بستر۔ چیز ج اَمْثِلَۃ و مُثْل و مُثُل۔

المَثَالَۃ۔ فضیلت۔ اچھی حالت۔

الاُمْثُوْلَۃ۔ شعر جو مثال میں پیش کیا جائے ج اَمَاثِیْل و اُمْثُوْلَات۔

اَلْمِثَالِیَّۃُ: ایک فلفی مذہب جو چیزوں کی حقیقت کا انکار کرتے ہیں بقول ان کے یہ خیالی چیز ہے۔

اس کو الْعِنَادِیَّۃُ بھی بولتے ہیں۔

التَّمَثُّلُ والتَّمْثِیْلُ فِی الْغِذَاءِ: غذا کی اصل صورت تبدیل ہو کر دوسری غذائیت والی شکل

بنا۔
التِمْثَال. تصویر۔ مجسمہ۔ ج تَمَاثِيْل.
المِثِيْل. شبیہ۔ نظیر۔ عمدہ۔ ج مُثُل.
المَاثِل. فا۔ ج مُثَّلٌ جیسے خَادِم و خَدم مِنَ الرُّسُوْمِ: مٹا ہوا نشان۔ کہا جاتا ہے مَثَّلٌ مَاثِل.
المَاثِلَة. ماثِل کا مؤنث۔ چراغ دان۔ ڈیوٹ۔
الاَمْثَل. افضل۔ ج اَمَاثِل و مُثُل. مؤنث مُثْلٰى. اَمَاثِلُ القَوْمِ: قوم کے برگزیدہ لوگ۔ الطَّرِيْقَةُ: الْمُثْلٰى: اشبہ بالحق طریقہ۔ اور کہا جاتا ہے اَلْمَرِيْضُ اليَوْمَ اَمْثَلُ: مریض کی حالت آج اچھی ہے۔
مَثِنَ(س) مَثَنًا. مثانہ میں پیشاب نہ رکنا۔ صفت اَمْثَنُ و مَثِنٌ. مؤنث مَثْنَاء و مَثِنَةٌ.
مَثَنَ(ن ض) مَثْنًا الرَّجُلَ: مثانہ پر مارنا۔
مُثِنَ مَثْنًا. مثانہ کی بیماری والا ہونا۔ صفت مَمْثُوْنٌ و مَثِيْنٌ.
المَثَانَة. پیشاب جمع ہونے کی جھلی۔ بچہ دانی۔ ج مَثَانَات.
مَجَّ(ن) مَجًّا الشَّرَابَ او الشَّيْءَ و بِه مِنْ فَمِه: کلی کرنا۔ اور بطور استعارہ کے کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ تَمُجُّهُ الْاَسْمَاعُ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس کو کان سننا نہیں چاہتے۔
مَجَّجَ العِنَبُ: انگور کا پک کر میٹھا ہونا۔
اَمَجَّ العُوْدُ: لکڑی میں تری ہونا۔ الفَرَسُ: دوڑنے لگنا الرَّجُلُ: ملک میں پھرنا۔
اِنْمَجَّ. ٹپکنا۔
المَجّ. س۔ ماش کے دانے۔
المَاجّ. فا۔ جس کی بڑھاپے کی وجہ سے رال ٹپک رہی ہو۔ ج مُجَّاج و مَاجُوْج.
المَجَاج. ٹہنی۔ شاخ۔
المُجَاج. تھوک۔ ماش کے دانے۔ مُجَاج النَّحْلِ شہد۔ مُجَاجُ العِنَبِ: شراب۔
مُجَاجُ المزن. بارش۔ کہا جاتا ہے "خبز مُجَاجًا" اس نے چینا کی روٹی پکائی۔

المُجَاجَة. تھوک۔ مُجَاجَةُ الشَّيْءِ: نچوڑ۔
المَجَجُ. باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔ انگوروں کی پختگی۔
المَجَّاج. بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔
المَجّ. پتھر پر شہد کے نقطے۔
المَجَّة. مج کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الْاِنَاءِ اِلَّا مَجَّةٌ" برتن میں صرف کلی کے لائق پانی باقی رہا۔
المُجُج. شہد کی مکھیاں۔ مست لوگ۔
مَجِحَ (ف) مَجْحًا و مَجَحَ (س) مَجَحًا و تَمَجَّحَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ مَجَحَ الدَّلْوَ فِي الْبِئْرِ ڈول کو کنوئیں میں حرکت دینا۔
المَجَّاح. متکبر۔
مَجَدَ(ن) مَجْدًا. بزرگوار ہونا فُلَانًا: بزرگی میں غالب ہونا الرَّاعِي الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔
مَجَدَتْ(ن) مَجْدًا و مُجُوْدًا. الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا۔ صفت مَاجِدَة. ج مواجد و مُجَّد و مُجُد.
مَجُدَ(ک) مَجَادَةً. بزرگوار ہونا۔ صفت مَاجِد و مَجِيْد. ج اَمْجَاد.
مَجَّدَ و اَمْجَدَ. فُلَانًا: تعظیم کرنا۔ تعریف کرنا۔ بزرگی کی طرف نسبت کرنا العَطَاءَ: بہت بخشش کرنا لِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: زیادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمْجَدَهُ ذَمًّا و سَبًّا" اس نے اس کی بہت برائی کی بہت گالی دی "و نَزَلُوْا بِهِمْ فَاَمْجَدُوْهُمْ قِرًى" وہ لوگ ان کے مہمان ہوئے اور انہوں نے خوب خاطر تواضع کی۔ اَمْجَدَتِ الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا فُلَانٌ وَلَدَهُ و لِوَلَدِه: بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ اَمْجَدَهُمْ اَبُوْهُمْ" یہ لوگ وہ قوم ہیں جن کے باپ نے بہترین ماؤں کا انتخاب کیا ہے۔ اَمْجَد و مَجَّدَ الرَّاعِي الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔

مَاجَدَهُ مِجَادًا و مُمَاجَدَةً. بزرگی میں مقابلہ کرنا۔
تَمَجَّدَ. بڑا بننا۔
تَمَاجَدَ. باہم فخر کرنا۔ بزرگی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاجَدُوْا فِيْمَا بَيْنَهُمْ" انہوں نے باہم فخر کیا۔
اِسْتَمْجَدَ. بزرگی طلب کرنا۔ عمدہ صفات میں ممتاز ہونا۔
المَجْد. س۔ عزت۔ بلندی۔ بلند زمین۔ ج اَمْجَاد.
المَاجِد. فا۔ بزرگی والا۔ اچھے اخلاق والا۔ شَيْءٌ مَاجِدٌ: بہت چیز۔ مؤنث مَاجِدَة. ج مَوَاجِد.
الاَمْجَد. اسم تفضیل۔ ج اَمَاجِد.
المَجِيْدِيّ. چاندی کا ایک سکہ۔ جو سلطان عبدالمجید کی طرف منسوب ہے۔
مَجَرَ(ن) مَجْرًا. پیاسا ہونا۔
مَجِرَ(س) مَجَرًا مِنَ المَاءِ و نَحْوِهِ: پیٹ بھرنا اور سیراب نہ ہونا۔
مَجِرَت و اَمْجَرَتِ الشَّاةُ: پیٹ میں بچے کے بڑے ہونے کی وجہ سے لاغر اور بوجھل ہونا اور اُٹھ نہ سکنا۔
مَاجَرَ مِجَارًا و مُمَاجَرَةً و اَمْجَرَ فُلَانًا فِي الْبَيْعِ: زیادہ لینا۔ سود لینا۔
المَجْر. س۔ اُونٹ اور بکری کے پیٹ کا بچہ۔ پیٹ کے بچہ کا خریدا جانا۔ بڑا لشکر۔ جوا۔ زیادتی اور سود۔ ہر چیز کا بہت۔ عقل۔
المَجَر. س ملک ہنگری۔ ملک ہنگری کے رہنے والے سونے کے سکہ کی ایک قسم بکری کے پیٹ میں بچہ کی بڑائی۔
شَاةٌ مَجِرَةٌ. پیٹ میں بچے کے بڑے ہونے کی وجہ سے دُبلی بکری۔
الاَمْجَر. دبلے جسم بڑے پیٹ والا۔
المِجَار. اُونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
المُمْجِر مِنَ النِّسَاءِ: جڑواں بچے جننے والی عورت۔ ج مَمَاجِر.
مَجَّسَهُ: مجوسی بنانا۔

تَمَجَّس. مجوسی ہونا۔
المَجُوس. آتش پرست یا آفتاب پرست اور مجوسی کا اطلاق کبھی واحد مَجُوسِي. جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔
المَجُوسِيَّة. المجوسيّ کا مؤنث۔ آتش پرستی یا آفتاب پرستی۔
مَجَعَ (ن) مَجْعًا و مَجْعَةً و اِمْتَجَعَ و تَمَجَّعَ. کھجوریں کھانا اور دودھ پینا۔
مَجِعَ (س) و مَجُعَ (ک) مَجَاعَةً. مخول کرنا۔ بے شرم ہونا۔
مَاجَعَهُ مُمَاجَعَةً. باہم مخول کرنا۔
مَجَّعَ تَمْجِيعًا. کھجور دودھ ملا ہوا کھلانا۔
اَمْجَعَ الْفَصِيلَ: اونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔
تَمَاجَعَا. باہم مخول کرنا۔
المِجْع والمَجِع والمُجَعَة. جاہل۔ بیوقوف المِجْع: مخول کرنے والا۔
المَجِعَة والمِجَعَة والمُجَعَة والمَاجِعَة مخول کرنے والی بے حیا عورت۔
المُجْعَة والمِجْعَة. جاہل عورت۔
المَجَّاع والمَجَّاعَة والمُجَّاعَة. مخول کرنے والا۔ بے حیا۔
المَجِيع. کھجور دودھ ملا ہوا کھانا۔
المُجَاعَة. کھجور دودھ ملے ہوئے کھانے کا بقیہ۔
مَجَلَتْ (ن) مَجْلًا و مُجُولًا و مَجِلَتْ (س) مَجَلًا و اَمْجَلَتْ يَدُهُ: کام کرنے سے آبلہ پڑنا (عوام بَقْبَقَتْ يَدُهُ) کہتے ہیں۔ اَمْجَلَ الْعَمَلُ يَدَهُ: آبلہ ڈالنا۔
تَمَجَّلَ رَاْسُهُ قَيْحًا دَوْمًا: خون پیپ سے بھرنا۔
المَاجِل. فا۔ پہاڑ کے دامن اور وادی کا پانی۔
المَجْل. س۔ آبلہ۔
المَجْلَة. آبلہ ج مِجَال و مَجْل (عوام بُفْرُقَة کہتے ہیں)
مَجَّ الْكِتَابَ: بے نقطہ اور بے اعراب کے لکھنا۔ حَدِيثَهُ: صاف نہ بیان کرنا۔

المَجْمَاج. ڈھیلا ڈھالا۔ بہت اور موٹے گوشت والا۔
مَجَنَ (ن) مُجُونًا. الشَّيْءُ: موٹا اور سخت ہونا۔ (مُجُونًا و مُجْنًا و مَجَانَةً) مخول کرنا اور بے حیا ہونا۔ صفت مَاجِن ج مُجَّان.
تَمَاجَنَ. باہم مخول کرنا۔
تَمَجَّنَ. بتکلف مخول کرنا۔ مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَجَّنَ فِي كَلَامِهِ" اس نے اپنی گفتگو میں مخول کیا۔
المِجَّان. بہت مخول کرنے والا۔ بہت کافی کہا جاتا ہے "مَاءٌ مِجَّانٌ" کافی اور بہت پانی۔
المَجَّان: مفت۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ او فَعَلَه مَجَّانًا" اس نے مفت لیا یا کیا۔ "وَهٰذَا الشَّيْءُ لَكَ مَجَّانٌ" یہ چیز تمہارے لیے مفت ہے۔
يُوَزَّعُ مَجَّانًا وَلَا يُبَاعُ: مفت تقسیم کیا جائے، بیچا نہ جائے۔
طَرِيقٌ مُمَجَّنٌ. لمبا راستہ۔
المُمَاجِن. اونٹنی جو باوجود بہت جفتی ہونے کے حاملہ نہ ہو۔
المَنْجَنُون. رہٹ۔ بڑے ڈول کی چرخی۔ زمانہ۔ ج مَنَاجِين.
مَحَّ (ف ن) مَحًّا و مَحَحًا و مُحُوحًا و مُحُوحَةً و اَمَحَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا الْاَثَرُ: نشان کا مٹنا الدَّارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔
المَحُّ والمَاحُّ. پرانا کپڑا۔
المُحّ. خالص (والمُحَّة) انڈے کی زردی۔
المُحَاح. بھوک۔
الاَمَحّ. موٹا۔
المَحَّاح. بڑا جھوٹا۔ صرف باتوں سے خوش کرنے والا۔
مَحُتَ (ک) مَحَاتَةً اليَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔
مَحَتَ (ف) مَحْتًا فُلَانًا: غضبناک کرنا۔
المَحْت. گرم دن۔ ہر چیز میں کا سخت۔ عقلمند۔ تیز خاطر۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ مَحْتٌ بَحْتٌ" وہ خالص عربی ہے ج مُحَتَاء و مُحُوت.

مَحَجَ (ف) مَحْجًا. الرَّجُلُ: تیز چلنا العُودَ او اللَّحْمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا اللَّبَنَ: دودھ بلونا الجِلْدَ: کھال کو نرم کرنے کے لیے ملنا الدَّلْوَ: کنوئیں میں ڈول کو ہلانا شَيْئًا عَنْ شَيْءٍ: پونچھنا الرِّيحُ الْاَرْضَ: غبار اڑا لے جانا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَحِجَ (س) مَحَجًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
مَاحَجَهُ مِحَاجًا و مُمَاحَجَةً. ٹال مٹول کرنا۔
المَحَّاج. بڑا جھوٹا۔
المَحَارَة. ح ور کو دیکھو۔
مَحَزَ (ف) مَحْزًا و مَحَازًا. الرَّجُلَ: سینہ پر مکا مارنا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَحَسَ (ف) مَحْسًا الجِلْدَ: نرم کرنے کیلئے کھال کو ملنا اور دباغت دینا۔
الاَمْحَس. ماہر دباغ۔
مَحَشَ (ف) مَحْشًا الجِلْدَ: گوشت سے کھال جدا کرنا الطَّعَامَ: بہت کھانا۔ السَّيْلُ مَا مَرَّ عَلَيْهِ: بہا لے جانا الجَارِيَةَ جماع کرنا (مَحْشَةً) وَجْهَهُ بِالسَّيْفِ: چہرہ پر تلوار مار کر کھال چھیل دینا (وامْحَشَ) الحَرُّ او النَّارُ الجِلْدَ: کھال کو جلانا۔
اِمْتَحَشَ. جلنا فُلَانٌ غَضَبًا: غصہ سے بھڑک اٹھنا القَمَرُ: چاند کا غائب ہونا النَّارُ: آگ کا جلانا۔
المَحَاش. گھر کا سامان۔
المِحَاش. مختلف قبائل کے لوگ جو عہد و پیمان کرنے کے لیے آگ کے گرد جمع ہوں۔
المُحَاش. جلا ہوا۔
سَنَةٌ مَحُوشٌ و مُمْحِشَة. خشک سال جو ہر چیز کو جلا دے۔
مَحَصَ (ف) مَحْصًا الظَّبْيُ فِي عَدْوِهِ: ہرن کا تیز دوڑنا المَذْبُوحُ بِرِجْلِهِ: تڑپنا بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: پٹک دینا فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: بھاگنا البَرْقُ: بجلی کا چمکنا اللّٰهُ مَابِكَ: زائل

کرنا الشَّیَ: ہر عیب سے پاک صاف کر دینا الذَّھَبَ بالنَّار: پگھلا کر کھوٹ سے جدا کرنا السِنَانَ: بھالے کو صیقل کرنا الحَبْلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔

مَحَّصَ الشَّیَ: گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَحَّصَ اللّٰہُ عَنِ فُلَان ذُنُوْبَہٗ" اللہ تعالیٰ فلاں کو گناہوں سے پاک صاف کر دے اللَّحْمَ: گوشت کو پٹھے سے صاف کرنا۔ وَمَحَّصَہٗ عَنْہُ: دور کرنا۔ صاف کرنا۔ مَحَّصَ الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔

اَمْحَصَ مِنَ الْمَرْضِ: تندرست ہونا۔

اَمْحَصَتِ الشَّمْسُ: گہن سے نکلنا اور صاف ہونا۔ اَمْحَصَہ عَنْہُ: دور کرنا۔

تَمَحَّصَ الظَّلَامُ: تاریکی چھٹ جانا۔

اِنْمَحَص الْوَرَمُ: ورم کا گھٹ جانا۔

اِنْمَحَصَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا روشن ہونا فُلَانٌ مِنْ یَدِہ: نکل بھاگنا۔

اِمْتَحَصَ الظَّبْیُ فِیْ عَدْوِہٖ: ہرن کا چھلانگیں مارنا۔

المَحِص مِنَ الْحِبَالِ او الْاَوْتَارِ: نرم رسّی یا تانت۔

المَحْصُ والمُمَحَّص والمَحِیْص والمَمْحُوْص مِنَ الْخَیْلِ: مضبوط و قوی گھوڑا۔ المحِیْص و المُمَحَّصُ مِنَ الْاَسِنَّۃِ: صیقل شدہ بھالے۔

المَحَّاص. اسم مبالغہ۔ بَرْقٌ مَحَّاصٌ: چمکنے والی بجلی۔

الاَمْحَص. جھوٹے سچے سب کا عذر سننے والا۔

مَحُضَ (ک) مُحُوْضَۃً نَسَبُ الرَّجُلِ و مَحُضَ الرَّجُلُ فِیْ نَسَبِہٖ: خالص نسب ہونا۔

مَحِضَ (س) مَحْضًا وامْتَحَض. خالص دودھ پینا۔

مَحَضَ (ف) مَحْضًا فُلَانًا الْوُدَّ او النُّصْحَ: خالص دوستی یا خیر خواہی کرنا الرَّجُلَ: خالص دودھ پلانا۔

اَمْحَضَ فُلَانًا الوُدَّ او الْحَدِیْثَ. خالص دوستی کرنا۔ راست گفتاری کرنا۔ لَہُ النُّصْحَ: خالص خیر خواہی کرنا۔

مَاحَضَہُ الوُدَّ. خالص دوستی کرنا۔

اِمْتَحَضَ الرَّجُلُ: خالص دودھ پینا۔

اِسْتَمْحَضَ. خالص دودھ مانگنا۔

المَحْض. س۔ مِنَ اللبنِ و نَحْوِہٖ: خالص۔ ج مِحَاض. کہا جاتا ہے "عَرَبِیٌّ مَحْضٌ" و "عَرَبِیٌّ مَحْضًا" یعنی خالص نسب عربی۔ مصدر ہونے کی وجہ سے واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے آتا ہے اور تانیث و تثنیہ و جمع بھی جائز ہے۔

المَحِض والمَاحِض. خالص دودھ کا خواہش مند۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاحِضٌ" خالص دودھ والا۔ جیسے لَبَنٌ سے لَابِنٌ یعنی دودھ والا۔

الْاُمْحُوْضَۃ. خالص خیر خواہی۔

المَحُوْض. خالص۔ مؤنث مَمْحُوْضَۃ. کہا جاتا ہے فِضَّۃٌ مَمْحُوْضَۃٌ خالص چاندی۔

مَحَطَ (ف) مَحْطًا و مَحَّطَ الْوَتَرَ: درست و ہموار کرنے کیلئے تانت پر انگلی پھیرنا السَّھْمَ: تیر چلانا۔

اِمْتَحَطَ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا دوڑنا السَّیْفَ: تلوار سونتنا الرُّمْحَ: نیزہ کھینچنا۔

عَامٌ مَاحِطٌ. کم بارش کا سال۔

مَحَقَ (ف) مَحْقًا الشَّیَ: باطل کرنا۔ مٹانا۔ اللّٰہُ الشَّیَ: گھٹانا بے برکت کرنا فُلَانًا: ہلاک کرنا الحَرُّ الشَّیَ: جلانا۔

مُحِقَ الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا۔

مَحَّقَ الشَّیُ: باطل کرنا۔ مٹانا۔

اَمْحَقَ الْمَالُ: ہلاک ہونا الرَّجُلُ: مال میں بے برکتی والا ہونا القَمَرُ: مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتوں میں ہونا۔

تَمَحَّقَ و اِنْمَحَقَ و اِمَّحَقَ و اِمْتَحَقَ. مضمحل ہونا۔ باطل ہونا۔ مٹنا۔ وَامْتَحَقَ الحَرُّ الشَّیَ: جلانا النَّبَاتُ: شدت گرمی سے خشک ہونا اور جلنا الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا الشَّیُ: بے برکت ہونا۔ و انْمَحَقَ الْھِلَالُ: چاند آخری مہینہ میں دکھائی نہ دینا۔

المَحْق. س۔ کھجور کے قریب لگے ہوئے پودے۔

المَحْقَۃ. ہلاکت۔

المَحَاق و المُحَاق و المِحَاق. مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔

سِنَانٌ مَحِیْقٌ. باریک و تیز بھالا۔

المَاحِق. فا۔ مَاحِقُ الصَّیْفِ: سخت گرمی یَوْمٌ مَاحِقٌ: سخت گرم دن۔

الاَمْحَق. بے برکت۔

المَمْحَقَۃ. باعث بے برکتی۔

مَحَكَ (ف) مَحْكًا و مَحِكَ (س) مَحَكًا و اَمْحَكَ و تَمَحَّكَ الرَّجُلُ: گفتگو میں جھگڑا کرنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑنا۔ صفت مَحِكٌ و مَاحِكٌ و مَحْكَان.

اَمْحَكَ الْخُصُوْمُ فُلَانًا: غضبناک کرنا۔

مَاحَكَ مُمَاحَكَۃً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔

تَمَاحَكَ الخَصْمَان: باہم جھگڑا کرنا۔

المُمْتَحِك: بداخلاق، جھگڑالو۔

مَحِلَ (س) و مَحَلَ (ف) مَحْلًا و مُحُوْلًا و مَحُلَ (ک) مَحَالَۃً المَکَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مَاحِل.

مَحَلَ (ف) و مَحِلَ (س) و مَحُلَ (ک) مَحْلًا و مِحَالًا بِہٖ اِلَی الْاَمِیْرِ: چغل خوری کرنا۔ صفت مَاحِل و مَحُوْل و مَحَّال. مَحَلَ بِصَاحِبِہٖ: بہتان رکھنا۔

مَحَّلَ فُلَانًا: ~~مضبوط کرنا الشَّیَ~~: لمبا کرنا۔

مَاحَلَہ مِحَالًا و مُمَاحَلَۃً: مکر کرنا۔ قوت معلوم کرنے کیلئے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔

اَمْحَلَ الْمَکَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِل و الْاَرْضُ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَۃٌ: قحط زدہ زمین المَطَرُ: بارش رکنا القَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِلُوْنَ اللّٰہُ الْاَرْضَ: قحط زدہ کرنا۔

تَمَحَّلَ الشَّیْئَ وَلَهٗ: حیلہ کرنا لِفُلَانٍ حَقَّهٗ حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا الدَّرَاهِمَ: پرکھنا۔

تَمَاحَلَ القَوْمُ: باہم کید و مکر کرنا۔ تَمَاحَلَتْ بِهِمُ الدَّارُ: دور ہونا۔

المَحْل. فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ ج مُحُوْلٌ و اَمْحَال. کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَحْلٌ: غیر مفید مرد۔

المَاحِل. فا۔ جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهٗ مَاحِلًا" میں نے اس کو متغیر اللَّون دیکھا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَاحِلٌ و مَحْلٌ و مَحْلَةٌ و مَحُوْلٌ و مَحُوْلَةٌ" قحط زدہ زمین۔ اور جمع کے لیے اَرْضُوْنَ مَحْلٌ و مُحُوْلٌ.

المَحَال. بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔

المِحَال. کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت و قوت۔ ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا۔ حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔

المَحَالَة. بڑی چرخی۔ اُونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کھگل کریں۔ ج مَحَال اور مَحَال کی جمع مُحُل. اور کہا جاتا ہے "لَامَحَالَةَ" یعنی ضرور و لابدی۔

المِحَل. وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "دَحِلٌ مَحِلٌ" یعنی حیلہ گر۔ مکار۔

المَحَّال. مکار۔ دغاباز۔ شیطان۔

اَرْضٌ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَةٌ. قحط زدہ زمین۔

المُتَمَاحِل. بہت لمبا تڑنگا مرد یا اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُتَمَاحِلٌ" بہت لمبا تڑنگا مرد۔ "وَرَأَيْتُهٗ مُتَمَاحِلًا" یعنی میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے بدن کا رنگ بدلا ہوا ہے۔

فَلَاةٌ مُتَمَاحِلَةٌ: دو کنارے والا میدان۔

فِتْنَةٌ مُتَمَاحِلَةٌ ایسا فتنہ جو ختم ہونے میں نہ آئے۔

اَرْضٌ مِمْحَال. قحط زدہ زمین۔

المِمْحَلَة. دودھ کا مشکیزہ۔

مَحَنَ (ف) مَحْنًا فُلَانًا: آزمانا۔ هٗ عِشْرِيْنَ سَوْطًا: کوڑے مارنا الفِضَّةَ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔ اسم المِحْنَةُ ہے الثَّوْبَ: کپڑے کو پہن کر پرانا کرنا فُلَانًا شَيْئًا: دینا البِئْرَ: کنوئیں کی صفائی کرنا النَّاقَةَ: اُونٹنی کو چلا کر تھکانا الجَارِيَةَ جماع کرنا (و مَحَّنَ) الادِيْمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔

اِمْتَحَنَ الشَّیْئَ: آزمائش کرنا القَوْلَ: غور کرنا۔ سوچنا الفِضَّةَ چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔

المَحْن. مص۔ ہر چیز کا نرم۔ تمام دن چلنے یا اور کسی کام سے تھکن۔ کہا جاتا ہے "كَانَ فِيْ مَحْنٍ" وہ مشقت میں تھا۔ المَحْن: عطیہ۔

المِحْنَة. آزمائش۔ ج مِحَن.

مَحَا يَمْحُوْ و يَمْحَى مَحْوًا و مَحْيًا الشَّیْئَ: مٹانا۔ صفت مفعولی۔ مَمْحِيٌّ و مَمْحُوٌّ. کہا جاتا ہے "مَحَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ و الصُّبْحُ اللَّيْلَ" ہوا نے بادل کو پراگندہ کر دیا اور صبح نے رات کو زائل کر دیا۔

مَحَا يَمْحُوْ و يَمْحَى مَحْوًا و مَحْيًا و اِمْتَحَى الشَّیْئَ: مٹنا (اِمْتَحَى اِمَّحَى میں ایک ضعیف لغت ہے)

تَمَحَّى تَمَحِّيًا مِنَ القَوْمِ: معافی کی درخواست کرنا۔

المَحْو. س۔ چاند کا سیاہ داغ۔

المَحْوَة. محا کا اسم مرۃ۔ شرم و عار۔ بارش اس لیے کہ زمین کی خشکی کو دور کر دیتی ہے۔ کہا جاتا ہے "صَابَتِ الاَرْضَ مَحْوَةٌ" زمین پر بارش ہوئی۔ اور کہا جاتا ہے "هَبَّتْ مَحْوَةُ" بغیر لام کے اور ضمہ کے ساتھ۔ یعنی بادِ شمالی چلی۔

المِمْحَاة. میل صاف کرنے کا چیتھڑا۔

مَحَاهُ يَمْحَاهُ و يَمْحِيْهِ مَحْيًا. مٹانا (لغت ہے محا واوی میں)

مَخَجَ (ف) مَخْجًا و تَمَخَّجَ و تَمَاخَجَ الدَّلْوَ او بِالدَّلْوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا۔

مَخَجَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

تَمَخَّجَ المَاءُ: حرکت دینا۔

مَخَّخَ و تَمَخَّخَ و اِمْتَخَّ العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

اَمَخَّ العَظْمُ: گودے والی ہونا۔ اَمَخَّتِ الشَّاةُ موٹی ہونا العُوْدُ: لکڑی کا تر ہونا الزَّرْعُ: پر مغز ہونا۔

المُخّ. ہڈی کا گودا۔ بھیجا۔ آنکھ کی چربی۔ خالص۔ ج مِخَاخ و مِخَخَة. کہا جاتا ہے "لَا اَرَى لِاَمْرِكَ مُخًّا" میں تمہارے معاملہ میں کوئی خیر نہیں دیکھتا ہوں۔ وَالمُخَّة: گودے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ مُخُّ القَوْمِ و مُخَّةُ القَوْمِ" یعنی یہ لوگ قوم کے افضل ہیں۔

المَخّ. نرم۔

المُخَاخَة. ہڈی کا گودا جو چوسنے سے منہ میں آئے۔

المَخِيْخ. گودے والی ہڈی۔ شَاةٌ مَخِيْخَةٌ گودے والی یعنی موٹی بکری۔ ج مَخَائِخ. اِبِلٌ مَخَائِخُ: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ لِسَانٌ مُمِخٌّ" یعنی زبان آور اور قادر الکلام ہے۔

مَخَرَتْ (ف ن) مَخْرًا و مُخُوْرًا السَّفِيْنَةُ: آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا۔ مَخَرَ الاَرْضَ: زمین کو کھیتی کرنے کے لیے کھودنا۔ اچھی کھیتی کیلئے پانی دینا السَّابِحُ: ہاتھوں سے پانی کو پھاڑنا۔ الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیئے کا بکری کا پیٹ پھاڑنا۔

مَخَرَ (ف) مَخْرًا البَيْتَ: عمدہ سامان لے لینا۔

اِمْتَخَرَ و تَمَخَّرَ و اِسْتَمْخَرَ الرِّيْحَ: ہوا کی طرف پیٹھ کرنا۔ اِمْتَخَرَ العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا الشَّیْئَ: اختیار کرنا۔

المَخْر. س۔ بَنَاتُ مَخْرٍ: پتلے سفید بادل۔

المَخْرَة. مخر کا اسم مرۃ۔ منہ کی بدبو (والمَخْر و المُخْرَة) پسند کی ہوئی چیز۔

المَاخِرَة. ماخر کا مؤنث۔ کشتی۔ ج مَوَاخِر.

المَاخُوْر. بدکاروں کی مجلس۔ بدکاری کا اڈا

بدکاری کے اڈے کا متولی۔ ج مواخر و مواخیر۔
مَخْرِق مَخْرِقَةٌ۔ جھوٹ گھڑنا۔
مِخْراق۔ گڑیا۔ ج مخاریق۔
مَخَضَ (ن ف ض) مَخْضًا اللَّبَن: دودھ بلونا۔ مکھن نکالنا۔ صفت مفعولی مخیض و ممخوض۔ الشَّیْ: بہت ہلانا۔ الرای: خوب غور کرنا۔ بالدَّلْوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا۔ البئر بالدَّلْوِ: کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا۔
مَخِضَت (س) مَخاضًا و مخاضًا و مُخِضَت و مَخَضَتْ و تمخضت الْحَامِلُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ صفت ماخض۔ ج مُخَّض و مواخض۔
اَمْخَض اللَّبَنُ: دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا۔ الرَّجُل: قریب الولادۃ اونٹنیوں کا مالک ہونا۔
اِمْتَخَض و تَمَخَّض اللَّبَنُ: مکھن نکلا ہوا ہونا۔ مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا۔ الوَلَدُ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ تمخضت السَّماءُ: برسنے کے قریب ہونا۔ تمخض الدَّهْرُ بالفتنة: فتنہ ظاہر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تمخضت اللَّيْلَةُ عن صباح سوءٍ" رات ختم ہوگئی اور اس کے بعد بُری صبح آئی۔
اِسْتَمْخَضَ اللَّبَنُ: دیر میں جمنے والا ہونا۔
اِسْتَمْخَضَت الْحَامِلُ بولدها: حاملہ کا دردزہ میں مبتلا ہونا۔
المخاض: دردزہ۔
الاِمْخاض: دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے۔
المِمْخَض و المِمْخَضَة: مشکیزہ۔ مکھن نکالنے کا برتن۔ ج مَماخِض۔
مَخَط (ف ن) مَخْطًا الشَّیْ: کھینچ کر لمبا کرنا۔ الجَمَلُ بِه: تیز دوڑنا۔ الرَّجُلُ فی الارض: تیز چلنا۔ الوَلَدُ: لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا۔

غرس فلانٌ: پودے میں پانی دینا اور نگہبانی کرنا۔ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔ المُخاطَ: رینٹ صاف کرنا۔ الصَّبِیَّ: بچے کی رینٹ صاف کرنا۔ بِيَدِه: ملانا۔ (مَخْطًا و مُخُوطًا) السَّهْم: تیر کا پار ہونا۔ صفت ماخط۔
مَخَطَ الْوَلَدَ: بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا۔
اَمْخَط السَّهْمَ: تیر کو پار کرنا۔
اِمْتَخَط الشَّیْ: چھین لینا۔ اُچک لینا۔ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
اِمْتَخَط و تَمَخَّط: رینٹ صاف کرنا۔ و تَمَخَّط الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔
المُخْط: س۔ راکھ۔ چھوٹا کپڑا۔
المُخاط: رینٹ۔ ج اَمْخِطَة۔ مُخاط الشَّيْطان: وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مخاط الشَّمْس و لُعابُ الشَّمْس بھی کہتے ہیں۔
المُخاطِی: رینٹ والا۔
المِخْط: فیاض سردار۔ ج اَمْخاط۔
المَخْطَة: مخط کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔
المِخْل عند المولدين: لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں یا توڑے جائیں۔ ج اَمْخال و مُخُول۔
مَخْمَخَهٗ: گودا نکالنا۔
مَخَن (ن) مَخْنًا: رونا۔ البِئْرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ العود: لکڑی چھلینا۔ الجارية: جماع کرنا۔
مَخُنَ (ن) مَخْنًا و مُخُونًا: لمبا ہونا۔ صفت مَخِن و مَخْن۔ مؤنث مَخْنَةٌ و مَخِنَة۔
المَخْن: لمبا مرد۔
المَخْنَة: المخن کا مؤنث۔ گھر کا صحن۔
مَخَى الرجل عن الامر: الگ کر دینا۔ دور کر دینا۔

اَمْخَى اِمْخاء و اَمْخَى اِمْخاء و تَمَخَّى و اِمْتَخَى اِلَيْهِ: عذر خواہی کرنا۔ منه: بیزار ہونا۔ و تَمَخَّى العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
مَدَّ (ن) مَدًّا الشَّیْ و بالشَّیْ: پھیلانا۔ کھینچنا۔ الله عُمْرَه: عمر طویل کرنا۔ من الدَّوَاة قلم میں روشنائی لینا۔ النَّهر او البَحْرُ: دریا یا سمندر کا چڑھنا۔ پانی زیادہ کرنا (لازم و متعدی) کہا جاتا ہے "قَلَّ ماءُ رَكِيَّتِنا فَمَدَّتْها رَكِيَّةٌ اُخْرىٰ" ہمارے کنوئیں کا پانی گم ہوگیا تو دوسرے کنوئیں نے اس کے پانی کو زیادہ کر دیا "وهذا الوادي يمدّ في وادي كذا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو زیادہ کرتی ہے۔ و مَدَّ نظرهٗ اليه" اس نے اس کی طرف بلند نگاہ ڈالی۔ مَدَّ الارضَ: کھاد یا دوسری مٹی ڈالنا۔ الحَرْفَ: کھینچ کر پڑھنا۔ الابل: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا۔ السِّراج بالسَّلِيط: چراغ میں تیل ڈالنا۔ فی السَّیْر: گزرنا۔ مَدَّ و اَمَدَّ الرَّجُلَ: مہلت دینا۔ اعانت کرنا۔ فریاد رسی کرنا۔ فی غَيِّه: گمراہی میں زیادتی کرنا۔ الجند: فوج کی مدد کرنا۔ النَّهار: دن کا چڑھنا۔ بلند ہونا۔ الدَّوَاة: روشنائی ڈالنا۔ دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا۔ اور ایسا ہی "مدّالقلم" قلم میں روشنائی لگانا۔ امدّ فی مشيته: ناز و انداز سے چلنا۔ امدّه الله فی الخير: زیادہ کرنا اجله: طویل کرنا اور موخر کرنا۔ فلانا بمال: دینا۔ الكاتب: قلم میں ایک ڈوبا دینا۔ البعير: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا۔ امدّ الجرح: زخم میں پیپ ہونا۔
مَدَّد الشَّیْ: پھیلانا۔
مادَّهٗ مدادًا و مُمادَّة: کھینچنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ مادَّهُ الثَّوْب: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔
تَمادًّا الثَّوْب: باہم مل کر کھینچنا۔
تَمَدَّد و اِمْتَدَّ: پھیلنا۔ انگڑائی لینا۔
تَمَدَّدُوا الشَّیْ بينهم: کھینچنا۔ اِمْتَدَّ بهم السَّيْرُ: طویل ہونا۔ فی مِشْيَته: ناز و انداز سے چلنا۔ الی الشَّیْ: دیکھنا۔ النَّهارُ: دن کا آدھا

ہونا۔

اِستَمَدَّ القَوْمُ الْاَمِیْرَ عَلَی الْعَدُوِّ: مدد طلب کرنا مِنَ الدَّوَاۃِ: روشنائی لینا۔

اَلْمَدُّ. س۔ سیلاب۔ ج مُدُوْد. منتہٰی۔ کہا جاتا ہے "بَیْنِیْ وَ بَیْنَه قَدْرَ مَدِّ الْبَصَرِ" میرے اور اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے۔ دن کا بلند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُه مَدَّ النَّهَارِ وَ مَدَّ الضُّحٰی" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔ مَدُّ الْبَحْرِ: دریا کا چڑھنا۔

اَلْمَدُّ وَالْمَدَّۃُ. حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔

اَلْمُدُّ. ایک پیمانہ جس کی مقدار اہل عراق کے نزدیک دو رطل اور اہل حجاز کے نزدیک ایک اور تہائی رطل۔

اَلْمَدَّۃُ. مد کا اسم مرۃ۔ قلم کا ایک مرتبہ دوات میں ڈالنا۔

اَلْمُدَّۃُ. زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر۔ غایت زمانی یا مکانی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ وَالْاَرْضِ مُدَّةٌ" قلم کا ایک ڈوبا۔ ج مُدَد.

اَلْمِدَّۃُ. مد کا اسم نوع۔ پیپ۔

اَلْمِدَد. مدد۔ فریاد رسی۔ کہا جاتا ہے "اَمْدَدْتُه بِمَدَدٍ" میں نے اس کو قوت پہنچائی، میں نے اس کی اعانت کی۔

اَلْمِدَّان وَالْاِمِدَّان. کھاری یا بہت سخت کھاری پانی۔ وہ زمین جہاں سے پانی رسے۔

اَلْمِدَاد. س۔ روشنائی۔ گوبر یا کھاد۔ چراغ میں جو تیل ڈالا جائے۔ مثال و طریقہ۔ تم کہتے ہو "هُمْ عَلٰی مِدَادٍ وَاحِدٍ" وہ ایک مثال پر ہیں "وَسُبْحَانَ اللهِ مِدَادَ السَّمٰوٰتِ" یعنی آسمان کی تعداد کے مطابق۔

اَلْمَادَّۃُ. اَلْمَادُّ کا مؤنث۔ جس سے کسی چیز کی ترکیب و قوام ہو۔ اَلْمَادَّۃُ الْاُوْلٰی: وہ جس سے کسی چیز کا حصول بالقوہ ہو۔ ج مَوَادُّ. مَادَّاتٌ مَوَادُّ اللُّغَةِ: الفاظ لغت۔ مَوَادُّ الْعِلْمِ: مباحث علم۔

اَلْمَادِّیُّ. منسوب اِلَی الْمَادَّةِ: دہریہ جو اس بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے۔

اَلْاَمِدَّۃُ. تانا۔

اَلْاُمْدُوْد. عادت۔

اَلْمَدِیْد. کھینچا ہوا۔ لمبا۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَدِیْدٌ" لمبا قد "فُلَانٌ مَدِیْدُ الْقَامَةِ" فلاں لمبے قد کا ہے۔ مؤنث مَدِیْدَۃ. مُدَّۃٌ مَدِیْدَۃٌ: طویل مدت۔ ج مُدُدٌ. چارہ۔ پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

اَلْمُدَیْدَۃُ. تھوڑی سی مدت (مدت کی تصغیر)

اَلْمَمَدُّ. مصدر میمی۔ چیز کے کھینچنے کی جگہ۔

اَلْمُمْتَدُّ. اوزان شعر میں ایک وزن جس کو بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے۔ وزن اس کا فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے۔

اَلْمَمْدُوْد. مَالٌ مَمْدُوْدٌ: بہت مال۔

اَلْمَمْدُوْدُ فِیْ عِلْمِ الصَّرْفِ: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں ھمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء۔

مَدَحَه (ف) مَدْحًا وَ مِدْحَة. تعریف کرنا۔

مَادَحَه. تعریف کرنا۔

تَمَدَّحَ. غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ اِلَی النَّاسِ: اپنی تعریف چاہنا۔

اِمْتَدَحَ فُلَانًا: تعریف کرنا (وَامَّدَحَ) وسیع ہونا۔

تَمَادَحَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔

اَلْمِدْحَۃُ. اسم ہے مدح سے۔ تعریف ج مِدَح.

اَلْمَدِیْح. ج مَدَائِح. وَالْاُمْدُوْحَة. ج اَمَادِیْح. تعریف۔

اَلْمَمَادِح. تعریفیں۔

مَدَخَ (ف) مَدْخًا. بڑا ہونا۔ فُلَانًا: پوری مدد کرنا۔

مَادَخَه. خیر یا شر میں مدد کرنا۔

تَمَدَّخَ. تکبر کرنا۔ تَمَدَّخَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا پر گوشت اور چربی والا ہونا النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بل کھاتی ہوئی چلنا۔

تَمَادَخَ وَ اِمْتَدَخَ عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔

تمادخ عنه: سستی و کاہلی کرنا۔

اَلْمَادِخ وَالْمَدِیْخ وَالْمِدِّیْخ. معظم و معزز۔

اَلْمَدُوْخ وَالْمُتَمَادِخ. جلد باز۔

مَدَرَ (ن) مَدْرًا وَ مَدَّرَ الْمَکَانَ: مٹی سے لیپنا الْحَوْضَ: حوض کے پتھروں کی جھری کو مٹی سے بند کرنا مَدَّرَ: بیٹ کرنا۔

مَدِرَ (س) مَدَرًا. بڑے پیٹ والا ہونا۔

تَمَدَّرَ. لیپا جانا۔ آلودہ ہونا۔

اِمْتَدَرَ. الْمَدَرَ: ڈھیلا لینا۔

اَلْمَدَر. مص۔ مٹی کا ڈھیلا۔ بغیر ریت کا کیچڑ۔ شہر اور دیہات اس لیے کہ اکثر ان کی عمارتیں مٹی کی ہوتی ہیں۔

اَلْمَدَرَۃُ. مٹی کا ایک ڈھیلا۔ مَدَرَۃُ الرَّجُلِ: مرد کا گھر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ سَیِّدُ مَدَرَتِه: فلاں اپنے شہر کا سردار ہے۔

اَلْمَدَرِیُّ. شہر کا رہنے والا۔

اَلْاَمْدَر. بڑے پیٹ والا۔ بہت پاخانہ کرنے والا جو روکنے سے عاجز ہو۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا جس کے دونوں پہلو خاک آلود ہوگئے ہوں۔ گرد آلود۔

اَلْمَدْرَاء. بڑے پیٹ والی۔ بَنُوْ مَدْرَاء شہر والے۔

مَکَانٌ مَدِیْرٌ وَ مَمْدُوْرٌ. لیپی ہوئی جگہ۔

اَلْمَمْدَرَۃ وَالْمَمْدَرَۃ. جہاں سے مٹی کے ڈھیلے لئے جائیں۔

اِبِلٌ مُمَدَّرَۃٌ. موٹے اونٹ۔

مَدَسَ (ن) مَدْسًا الْجِلْدَ وَ نَحْوَه: کھال وغیرہ کو ملنا۔

مَدِشَتْ (س) مَدَشًا عَیْنُه: بھوک وغیرہ سے چندھیانا یَدُه: ڈھیلے پٹھوں والا اور کم گوشت ہونا۔ صفت اَمْدَش: مؤنث مَدْشَاء ج مُدْش.

مَدَشَ (ن)مَدْشًا. مِنَ الطَّعَام: تھوڑا سا کھانا۔فُلَان مِنَ الْعَطَاءِ: کم کرنا۔
مَدَّشَ و اَمْدَشَ. دینا۔
رَجُلٌ مَدَّاش. الْيَدِ: چور۔
الْمَدْش. س. تھوڑا عطیہ۔
الْمَدَش. مص. گرمی یا بھوک کی وجہ سے چندھا پن۔ ہاتھ کے پٹھوں کا ڈھیلا پن اور گوشت کی کمی۔ پاؤں کی پچکن۔ عورت کے پستان میں گوشت کی کمی۔ چہرہ کی سرخی اور سختی۔ بیوقوفی۔ اور کہا جاتا ہے"مَابِه مَدَشٌ او مَابِه مَدَشَةٌ" اس کو کوئی مرض نہیں۔
الْمَدِش. بیوقوف۔
الْمَدْعَة. ناریل کا خول جس میں سے مغز نکال لیا گیا ہو۔
الْمَدْعِيُّ. نسب میں متہم۔
الْمَيْدَع. سمندر کی چھوٹی مچھلیاں۔
مَدَقَ (ن)مَدْقًا. الصَّخْرَةَ: چٹان توڑنا۔
تَمَدَّلَ بِالْمِنْدِيْلِ: سر پر رومال لپیٹنا یا عمامہ باندھنا۔
الْمُدْلُوْج. بازوبند۔مَدْمَدَ. بھاگنا۔
مَدَنَ (ن)مُدُوْنًا بِالْمَكَان: اقامت کرنا (غیر مستعمل فعل ہے)الْمَدِيْنَة: شہر میں آنا۔
مَدَّنَ. الْمَدَائِنَ: شہر آباد کرنا۔
تَمَدَّنَ. شائستہ و مہذب ہونا۔
تَمَدْيَنَ. نازپروردہ ہونا۔
الْمَدِيْنَة. شہر۔ قصبہ۔ ج مُدْن مُدُن و مَدَائِن. الْمَدِيْنَة: مدینہ منورہ جس کا نام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے پہلے یثرب تھا۔مَدِيْنَةُ السَّلَام: بغداد۔
الْمَدَائِن. بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جس میں کسریٰ کا محل تھا۔ بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کیلئے مَدَائِنِي.
الْمَدِيْن. شیر۔
الْمَدَان. ایک بت کا نام۔
مَدَهَ (ف)مَدْهًا. تعریف کرنا۔ صفت مادہ۔ ج مُدَّه.
تَمَدَّهَ الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔
مَادَىٰ مُمَادَاةً فُلَانًا: مہلت دینا۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ لَا يُمَادِيْهِ اَحَدٌ" فلاں کا غایت تک کوئی مقابلہ نہیں کرتا۔
اَمْدَىٰ اِمْدَاءً فُلَانًا: مہلت دینا۔الرَّجُلُ: بڑی عمر والا ہونا۔ بہت دودھ پینا۔
تَمَادَىٰ. فِيْ غَيِّه: دیر تک رہنا اور اصرار کرنا۔فِي الْاَمْر: انتہا کو پہنچنا۔السَّفَر: سفر کا طویل ہونا۔
الْمَدَىٰ و الْمُدْيَة و الْمِيْدَاء. غایت انتہا۔ کہا جاتا ہے"بَلَغَ مَدَى الْحَيَاةِ و مُدْيَتَها و مِيْدَاءَ ها" یعنی زندگی کی انتہا کو پہنچ گیا و"دَارِيْ مِيْدَاءَ دَارِه" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے"مُدْيَةُ الْقَوْسِ" کمان کا وسط۔
الْمُدْيَة و الْمَدْيَة و الْمِدْيَة. بڑی چھری۔ ج مُدًى و مِدًى و مُدْيَات و مُدَيَات.
الْمُدْيُ. شام و مصر کا ایک پیمانہ جس میں ۱۹ اصاع آتے ہیں۔ ج اَمْدَاء.
الْمَدِيُّ. جوہڑ۔ حوض کا نکلا ہوا پانی جو گندہ ہو گیا ہو۔ ج اَمْدِيَة.
الْاَمْدَىٰ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ اَمْدَى الْعَرَبِ" فلاں عربوں میں سے بہت زیادہ معزز ہے۔
مُذْ. دیکھو مُنْذُ.
مَذِجَ (س)مَذَجًا و تَمَذَّجَ الشَّيْءُ: وسیع ہونا اور پھولنا۔تَمَذَّجَ الْاِنَاءُ: برتن کا بھرنا۔الْبِطِّيْخُ: خربوزہ کا پختہ ہونا۔
مَذَّجَ تَمْذِيْجًا الشَّيْءَ: وسیع کرنا۔
مَذِحَ (س)مَذَحًا. رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں یا خصیوں یا سرینوں میں سوزش ہونا۔ صفت اَمْذَح.
تَمَذَّحَ الشَّيْءَ: چوسنا۔
الْاَمْذَح. بدبودار۔
الْمَذَح. س. جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
تَمَذَّخَ الرَّجُلُ: چوسنا۔
الْمَذَخ. جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
مَذِرَتْ (س)مَذَرًا. الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔ صفت مَذِرَة. عوام"مَوْذَرَتِ الْبَيْضَةُ" اور صفت"مُمَوْذِرَة" کہتے ہیں۔
مَذِرَتْ نَفْسُه او مِعْدَتُهٗ: جی متلانا یا معدہ بگڑنا۔الرَّجُلُ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنا جانا۔
مَذَّرَ الشَّيْءَ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
اَمْذَرَتِ الدَّجَاجَةُ الْبَيْضَةَ: گندا کرنا۔
تَمَذَّرَ. پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔تَمَذَّرَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔الْمِعْدَةُ: بگڑنا۔النَّفْسُ: جی متلانا۔تَمَذَّرَ اللَّبَنُ: دودھ کا مشکیزہ میں پھٹ جانا۔ کہا جاتا ہے"تَفَرَّقَ الْقَوْمُ شَذَرَ مَذَرَ" قوم ہر طرف کو بکھر گئی۔
الْمَذِر. گندا۔ بگڑا ہوا۔اِمْرَاَةٌ مَذِرَةٌ: گندی عورت۔
الْاَمْذَرَ. پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنے جانے والا۔
الْمِذَار مِنَ النِّسَاءِ: چغل خورن۔
مَذَعَ (ف)مَذْعًا و مَذْعَةً يَمِيْنًا: قسم کھانا۔مَذَعَتِ الْمِيَاهُ: پہاڑ کی چوٹی پر بہنا۔
مَذَعَ لِفُلَان: خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا۔(مَذْعًا) الضَّرْعَ: تھن کا آدھا دودھ دوہنا۔
تَمَذَّعَ الشَّرَابَ: آہستہ آہستہ پینا۔
الْمَذَّاع. جھوٹا۔ بےوفا۔ ایک جگہ قائم نہ رہنے والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔
مَذَقَ (ن)مَذْقًا اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔فُلَانًا و لِفُلَان: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔الْوُدَّ: خالص دوستی نہ کرنا۔
اِمْتَذَقَ و اِمَّذَقَ الشَّرَابَ او اللَّبَنَ: شراب یا دودھ کا پانی سے ملنا۔
لَبَنٌ مَذْق و مَذِيْق و مَمْذُوْق. پانی ملا ہوا دودھ۔رَجُلٌ مَذِق: ملول ور نجیدہ مرد۔
الْمَذَّاق. غیر خالص دوستی کرنے والا۔
مَذَلَ (ن)مَذْلًا و مِذَالًا و مَذِلَ (س)

مَذَلًا بِسِرِّہٖ: زچ ہو کر بھید کو ظاہر کر دینا (و
مَذُلَت (ک) مَذَالَۃً نَفْسُہٗ بِالشَّیْءِ:
فیاضی کرنا۔ جواں مردی کرنا۔ صفت مَذِیْلٌ۔
کہا جاتا ہے "مَذِلَ بِمَالِہٖ وَ مَذِلَ بِنَفْسِہٖ"
اس نے مال یا نفس کی سخاوت کی۔ مَذِلَتْ
رِجْلُہٗ پاؤں کا سن ہونا۔
اَمْذَلَہٗ تنگ دل کرنا۔ زچ کرنا۔ اَمْذَلَتْ
رِجْلُہٗ پاؤں کا سن ہونا۔
اِمْذَلَّ اِمْذِلَالًا سست وڈھیلا ہونا۔
اَمْذَلَتْ رِجْلُہٗ پاؤں کا سن ہونا۔
المَذْل س۔ سستی ڈھیلا پن۔ اور کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ مَذْلُ الْیَدِ اَوِ النَّفْسِ" فلاں سخی و
کریم ہے۔
المِذْل چھوٹے جسم والا۔
المَذِل والمَذِیْل بے قرار۔ زچ ہونے
والا۔ راز کو ظاہر کر دینے والا۔ مَذِیْل کی جمع
مَذْلٰی۔ المَذِل والمَاذِل وہ شخص جس کا
دل کسی چیز سے بھر جائے اور وہ اس کو چھوڑ کر
دوسری چیز کی اُمید لگائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ
مَذِلٌ بِمُهْجَتِہٖ" وہ اپنی روح کی سخاوت
کرنے والا ہے۔
المِمْذَل جو بھید کے چھپانے سے زچ ہو
جائے۔ بہت بے حس پاؤں والا۔
مَذْ مَذْ مَذْمَذَۃً الرَّجُلُ جھوٹ بولنا۔
المَذْمَاذ بہت چلانے والا۔ باتونی۔ مؤنث
مَذْمَاذَۃ۔
اَلْمِذْمِیْذُ جھوٹ بولنے والا۔
مَذٰی یَمْذِیْ مَذْیًا وَ مَذَی الفَرَسَ:
گھوڑے کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔
مَذٰی یَمْذِیْ وَ اَمْذَی الرَّجُلُ مذی نکلنا۔
اَمْذَی الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کیلئے
چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْذِ بِعَنَانِ فَرَسِكَ"
یعنی اپنے گھوڑے کی لگام کو چھوڑ دے۔ اَمْذَی
الشَّرَابَ بادہ پانی ملانا۔
المَذْیُ پانی جو حوض کی نالی سے نکلے۔ مذی
جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔
المَذِیّ حوض میں پانی بہنے کی جگہ
والمَذِی: مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے
وقت نکلے۔
المَاذِیُّ شہد۔ لوہے کا ہر قسم کا ہتھیار۔
المَاذِیَّۃ آسانی سے حلق سے نیچے اُترنے
والی شراب۔ نرم یا سفید زرہ۔
المِذْیَہ والمِذْیَۃ آئینہ۔ ج مِذَاء و
مِذْیَات۔
مَرَّ (ن) مَرًّا وَمُرُوْرًا وَمَمَرًّا گزرنا۔ جانا
مَرَّہٗ وَمَرَّ بِہٖ وَمَرَّ عَلَیْہِ گزرنا۔
مَرَّ (ن) مَرًّا البَعِیْرَ اونٹ کے رسی
باندھنا۔
مُرَّ یُمَرُّ مَرًّا وَ مِرَّۃً۔ بِفُلَانٍ صفرا کا غلبہ
ہونا۔ صفت مَمْرُوْر۔
مَرَّ (س ن) مَرَارَۃً کڑوا ہونا۔
مَرَّرَ الشَّیْءَ کڑوا کرنا۔ زمین پر پھیلانا۔
اَمَرَّ فُلَانًا بِکَذَا: گزارنا اَلْحَبْلَ رسی بٹنا
اور اسی سے ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ یُمِرُّ عَلَیْہِ"
فلاں اس کے ساتھ لپٹتا رہا تاکہ اسے پٹک دے
"وَ فُلَانٌ ذُوْ نَقْضٍ وَ اِمْرَارٍ" یعنی فلاں
صاحب حل و عقد ہے اَمَرَّ الشَّیْءُ کڑوا ہونا
الشَّیْءَ کڑوا کرنا۔ اَمَرَّہٗ عَلَی الْجِسْرِ اس
نے اسے پل پر سے گزارا یَدَہٗ عَلَی الشَّیْءِ:
ہاتھ پھیرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمَرَّ فُلَانٌ وَ
مَا اَحْلٰی" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ
میٹھی۔ "وَمَا یُمِرُّ وَمَا یُحْلِیْ" یعنی نہ ضار
ہے نہ نافع۔
مَارَّ مِرَارًا وَمُمَارَّۃً عَلَی الْاَرْضِ کھینچنا۔
الرَّجُلَ پچھاڑنے کیلئے لپٹنا۔ ساتھ گزرنا۔
اِمْتَرَّ بِہٖ وَ عَلَیْہِ گزرنا۔
تَمَارَّ الْقَوْمُ بعض کا بعض کے ساتھ گزرنا۔
تَمَارَّ مَا بَیْنَهُمْ ایک دوسرے کے ساتھ
بغض و دشمنی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا
یَتَمَارَّانِ" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔
اِسْتَمَرَّ گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی
رہنا۔ ہمیشگی کرنا بِہٖ عَلٰی کَذَا باقی رکھنا۔
ثابت رکھنا الرَّجُلُ: درست معاملہ ہونا
الشَّیْءَ کڑوا پانا بِالشَّیْءِ جملہ کرنے میں قوی
ہونا۔
المَرّ س۔ رسّی۔ پھاوڑی۔
المُرّ کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت
سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے
اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارِی:
اندرائن۔
المَرَّۃ ایک بار۔ ج مَرٌّ و مِرَارٌ و مِرَرٌ و
مُرُوْرٌ و مَرَّات۔
المِرَّۃ س۔ وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ
رہے۔ رسّی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔
ج مِرَر ج اَمْرَار۔ صفرا یا سودا۔ ج مِرَار۔
المِرَّۃ بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِیْدُ
الْمِرَّۃِ" مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ ذو مرۃ
لقب حضرت جبرئیل کا۔
المُرَّۃ اَلْمُرّ کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مَرَائِر۔
بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ و
اَمْرَار اَبُوْ مُرَّۃٍ کنیت ابلیس عَلَیْہِ اللَّعْن۔
کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْہُ الْمُرَّتَیْنِ" شر کو اور
بڑے امر کو۔
المَرَارَۃ پتا۔ ج مَرَائِر و مَرَارَات۔ تلخی۔
المُرَیْرَاء ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں
ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام
لڑکی۔
المَارُوْرَۃ نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا
دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔
المُرِّیّ سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔
المُرَار ایک درخت ہے جس کو عوام
المُرَیْر کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو
اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل
آتے ہیں۔
المَرِیْر والمَرِیْرَۃ پختہ ارادہ مِنَ الْحِبَالِ:
مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ اَمْرٌ مَرِیْرٌ مضبوط
معاملہ رَجُلٌ مَرِیْرٌ قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا
جاتا ہے "اِسْتَمَرَّ مَرِیْرُہٗ" یعنی ضعف کے بعد
قوی ہو گیا۔
"وَاسْتَمَرَّتْ مَرِیْرَتُہٗ عَلٰی کَذَا" جبکہ
کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہو جائے۔

الْمَرِيْرَة: عزت نفس۔ رسّی کی لڑی۔ ج مَرَائِر.
الْاَمَرّ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مُرَّیٰ. الْاَمَرّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے)
الْاَمَرَّان: فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْاَمَرَّيْن" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔
الْمَمَرّ. س۔ گزرگاہ۔
الْمُمَرّ. مفع۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔
قِرْبَةٌ مَمْرُوْرَةٌ. بھری ہوئی مشک۔
مَرَأَ و مَرِئَ (س) و مَرُؤَ (ک) مَرَائَةً. الطَّعَامُ: خوشگوار ہونا۔ اور "هَنَانِيْ و مَرَأَنِي الطَّعَامَ" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنانی کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِي باب افعال سے کہا جائے گا۔
مَرَأَ (ف) مَرْءًا. الرَّجُلُ. کھانا۔ (وامْرَأَ) الطَّعَامُ فُلَانًا. نافع و مفید ہونا۔
مَرِئَ (س) مَرَءًا. بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔
مَرُؤَ (ک) مُرُوْئَةً. صاحب مروت ہونا۔
(مَرَائَةً) الْمَكَانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔
مَرَّأَهٗ. کسی کو هَنِيْئًا مَرِيْئًا کہنا۔
تَمَرَّأَ. بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَمَرَّأُ بِنَا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعہ نخوت چاہتا ہے۔
اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔
الْمَرْءُ مثلثة المیم: مرد۔ ج رِجَالٌ (من غیر لفظہ) اور مَرْؤُوْن بھی سنا گیا ہے۔ اور نسبت کیلئے مَرْئِيٌّ مؤنث مَرْأَةٌ و مَرَةٌ.
اُمْرُؤٌ. مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جَاءَ اُمْرُؤٌ رَاَيْتُ اَمْرَأً مَرَرْتُ بِاُمْرِئٍ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَةٌ. ج نِسَاءٌ و نِسْوَةٌ (من غیر لفظها) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ کہا جائے گا مُرَیٌّ و مُرَيْئَةٌ. اور اِمْرِئٌ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأَةٌ پر داخل ہونا نادر ہے۔
الْمَرْأَةُ. مَرَأَ کا اسم مرة۔ مَرِئَ الطَّعَامُ کا اسم۔
الْمُرُوْئَةُ. نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَةٌ ان آدابِ نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاقِ حسنہ اور آدابِ جمیلہ پر برانگیختہ کریں اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّةٌ.
الْمَرِيْءُ. زخرہ۔ ج مُرُؤٌ و اَمْرِئَةٌ صاحب مروت۔ کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَرِيْءٌ" خوشگوار کھانا۔ و كَلَأٌ مَرِيْءٌ بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و "هَنِيْئًا مَرِيْئًا" کھانے پینے والے کیلئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔
الْمَرِيْئَةُ مَرِيْءٌ کا مؤنث۔ اَرْضٌ مَرِيْئَةٌ: اچھی ہوا والی زمین۔
مَرَتَ (ض) مَرْتًا. الشَّيْءَ: نرم و چمکدار کرنا۔
الْمَرْت. س۔ (والمَرْوْت) جنگل جس میں سبزی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج اَمْرَاتٌ و مُرُوْتٌ و اَمَارِيْتُ رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَرْتُ الْجَسَدِ: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں غُلَامٌ مَرْتُ الْعِذَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔ اَرْضٌ مَمْرُوْتَةٌ: زمین سبزی سے خالی۔
الْمُرُوْتَة. الْمَرْت کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن۔
مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّيْءَ: نرم کرنا الصَّبِيُّ اِصْبَعَهٗ: بچے کا انگلی چبانا ثَدْيَ اُمِّهٖ: چوسنا الرَّجُلُ الرَّجُلَ: مارنا الدَّوَاءَ فِي الْمَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التمر بِيَدِهٖ فِي الْمَاءِ: بھگونا۔ اور ریزہ ریزہ ہونے کے لیے ہلانا۔
مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَى الْخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِثٌ و مِمْرَثٌ. ج مَمَارِثُ.
مَرَّثَ الثَّرِيْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔
مَرِجَ (س) مَرَجًا الْاَمْرُ والعَهْدُ والْاَمَانَةُ و الدِّيْنُ: خراب ہونا۔ فاسد ہونا الْخَاتَمُ فِي الْاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔
مرج (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کیلئے چھوڑنا۔ مَرَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَجَ لِسَانَهٗ فِي اَعْرَاضِ النَّاسِ" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مرج الْكَذِبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا۔ السُّلْطَانُ رَعِيَّتَهٗ فساد کرنے دینا۔ مرج الْاَمْرَ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔
اَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا الشَّيْءَ: ملانا الْعَهْدَ: پورا نہ کرنا۔
اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔
الْمَرْج. س۔ چراگاہ۔ ج مُرُوْج.
الْمَارِج. فا۔ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے دھوئیں کا انگارہ۔
الْمَرَّاج. باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔
الْمَرْجَان. چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَة مونگا۔
الْمَرِيْج. سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج اَمْرِجَة. اَمْرٌ مَرِيْجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِيْجٌ: ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِيْجٌ: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔
الْمِمْرَاج. وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ" وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہو گئی ہو۔
مَرِحَ (س) مَرَحًا و مَرَحَانًا الزَّرْعُ:

کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ السَّحَابُ : بادل کا برسانا۔ مَرِحَتْ عَيْنُه: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا۔ الْعَيْنُ بمائِهَا و قَذَاهَا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ ج مَرْحٰى و مَرَاحٰى.

و مِرِّيحٌ ج مِرِّيحُوْن. کہا جاتا ہے "لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِكَ" اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔

مَرَّحَ الجِلْدَ: کھال پر تیل ملنا المزادَةَ الْجَدِيْدَةَ: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ البُرَّ: گیہوں صاف کرنا المُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا الرَّجُلُ بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

اَمْرَحَ. اترانے پر برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الْكَلَأُ الفَرَسَ: نشاط میں ڈالنا۔

المِرَاحُ. نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔ مَرْحٰى. کلمہ تعجب ہے جو تیر انداز کے لیے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے۔ اور اسی کے مانند ہے "مَرْحيًّا"

المَرْحٰى بڑی لڑائی (مادہ رح ی سے)

المِرْحَة. مرح کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔

المَرُوح. شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔ قَوْسٌ مَرُوْحٌ اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔

المِمْرَح والمِمْرَاح. چست۔ خوش و خرم۔ المِمْرَاح. بہت آنسوؤں والی آنکھ۔ بہت جلد اگانے والی زمین۔

المُمَرَّح. مُمَرَّحٌ: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

التِمْرَاحَة. بہت خوش و خرم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ تِلْعَابَةٌ تِمْرَاحَةٌ" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔

مَرْحَبَ فُلَانًا و بِهٖ. مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا اللّٰهُ فُلَانًا وُسعت و گنجائش میں رکھنا ۵: وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ(ف) مَرْخًا. مذاق کرنا جَسَدَهٗ بِالدُّهْنِ: جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ(س) مَرْخًا. العُرْفُجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخٌ.

مَرَّخَه. تیل ملنا۔ مَرَّخَ و اَمْرَخَ. العَجِيْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بِالدُّهْنِ: اپنے آپ کو تیل ملنا۔

□ المَرْخ س۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔

المَرُوْخ. مالش کرنے کی چیز۔

المَارِخ. فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ پانی بہانے والا مرد۔

المِرِخ والمِرِّيخ. بہت تیل لگانے والا بیوقوف مِنَ الشَّجَرِ: نرم و پتلا۔ المِرِّيخ: سبعہ سیارہ میں سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔

المُرْخَة. کچی کھجور۔ ج مُرَخ

المُرَّخ. دم۔ پونچھ۔

المَرِيخ. سینگ کے اندر چھوٹا سینگ۔ ج اَمْرِخَة.

ثَوْرٌ اَمْرَخ. سپید سرخ داغ والا بیل۔

المَرْخَاء. چست تیز چلنے والی اونٹنی۔

مَرَدَ(ن) مُرُوْدًا و مَرُدَ(ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَة. سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَى النِّفَاقِ و نَحْوِهٖ: نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔

مَرَدَ(ن) مَرْدًا الشَّيْءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا فُلَانًا: ہتک عزت کرنا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: ہاتھوں سے ملنا المَلَّاحُ السَّفِيْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ملنا الغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔

مَرِدَ(س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً. الغُلَامُ: لڑکے کا دیر تک بے داڑھی کے رہنا الرَّجُلُ: دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔

مَرَّدَ تَمْرِيْدًا و تِمْرَادًا الغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا البِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لمبی کرنا لِلْحَمَامِ تِمْرَادًا: کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔

تَمَرَّدَ. مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا۔ عَلَى النَّاسِ. سرکشی کرنا الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔

المَرَاد و المَرَّاد. گردن۔ ج مَرَاوِيْد.

المَرْد. پیلو کا تازہ پھل۔

المُرْدِيُّ. کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرَادِيّ.

المَارِد. فا۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَةٌ و مَارِدُوْنَ و مُرَّاد.

المِرِّيْد. سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مُرَدَاء

المَرِيْد. دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔

الأَمْرَدُ. بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ اَمْرَدُ: گھوڑا جس کے کھر کے ارد گرد بال نہ ہوں۔ مؤنث مَرْدَاءُ ج مُرْد۔ کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلَى جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔

المَرْدَاء. بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرَادٍ.

التِمْرَاد. کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج تَمَارِيْد.

المِرِّيْد. سخت سرکش۔

المَرْدَقُوْش. دونا مروا۔ زعفران۔

مَرَذَ(ن) مَرْذًا. الخُبْزَ: روٹی کو نرم کرنے کے لیے ملنا۔

مَرَزَ(ن) مَرْزًا. کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا الشَّيْءَ: ٹکڑا کرنا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔

مَارَزَهٗ مُمَارَزَةً. مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔

اِمْتَرَزَ. عِرْضَهٗ: عیب لگانا شَرِيْكَهٗ: شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا مِنْ

مَالِهِ مَرْزَةٌ: کچھ لے لینا۔
المُرْزَة والمِرْزَة. حصہ۔ ٹکڑا۔
المُرْزَتَان. لو سے اوپر ابھرا حصہ۔
المُرْزَة. ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَیب بھی کہتے ہیں۔
عِرْضٌ مَرِيزٌ. آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔
المَرْزُبَان عِنْدَ الفُرْسِ: رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَة. والمَرْزُبَةُ عِنْدَهُمْ: سرداری۔
المَرْزَنْجُوش. دونا مروا۔
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ: پانی میں بھگونا اور ملنا الصَّبِيُّ اِصْبَعَهُ: بچے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا يَدَهُ بِالمِنْدِيْلِ: رومال سے پونچھنا حَبْلُ البَكَرَةِ: چرخی سے اُتر کر ایک جانب ہو جانا۔
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا البَكَرَةُ: رسّی کا چرخی اور اِدھر اُدھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهُ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہو گئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ: کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔
مَارَسَ مِرَاسًا و مُمَارَسَةً الأَمْرَ: مشق نا۔ محنت کرنا۔ ہیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ کو کسی کام میں لگانا۔
اَمْرَسَ. حَبْلَ البَكَرَةِ: چرخی پر رسّی کو دوبارہ چڑھانا۔
تَمَرَّسَ و اِمْتَرَسَ بِالشَّيْءِ: رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا بِالرَّجُلِ: برائی کے در پے ہونا بِدِيْنِهِ: دین سے کھیلنا۔ بِالشَّيْءِ: مارنا بِالنَّوَائِبِ وَالخُصُوْمَاتِ: حوادث اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الخُطَبَاءُ وَالأَلْسُنُ فِي الخُصُوْمَةِ: خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔
تَمَارَسَ القَوْمُ فِي الحَرْبِ: باہم جنگ و پیکار کرنا۔
المَرْسُ. س۔ لگاتار چال۔
المَرِسُ. کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسّی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى مَرِسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج اَمْرَاس.
المَرَسَة. رسّی۔ ج مَرَس و جج اَمْرَاس.
اَمْرَاسُ المَرْكَبِ: سواری کی رسیاں۔
المِرَاسُ والمَرَاسَة. طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ المِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ المِرَاسِ کہا جاتا ہے۔
المُرَّاسُ. مضبوط۔ طاقتور۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مُرَّاسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔
المَرُوْسُ. چرخی جس سے رسّی ایک طرف کو گر گئی ہو۔
المَرِيْسُ. پانی میں بھگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔
المَارَسْتَان والمَارِسْتَان. شفاخانہ ج مَارِسْتَانَات. (دخیل)
مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهُ: چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا۔ ۂ: کلام سے ایذا پہنچانا۔ مَرَشَ المَاءُ: پانی بہنا۔
اِمْتَرَشَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔ اُچک لینا لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
المَرْسَنْك. جلا ہوا سکہ۔ وہ بہت بھاری ہوتا ہے۔ ضرب مثل ہے۔ فلاں سکہ سے زیادہ بھاری ہے۔
المَرْشُ. س۔ بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش و اَمْرَاش. المَرْشُ: پہاڑ کا پست حصہ۔
الأَمْرَشُ. بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش. المَرْشَاءُ: ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔
المَرَّاشُ. بہت کماؤ۔
التَّمْرِيْشُ. تھوڑی بارش۔
مَرَصَ (ن) مَرْصًا الثَّدْيَ وَ نَحْوَهُ: پستان کو انگلیوں سے دبانا۔
مَرَصَ (ن) مَرَصًا الرَّجُلُ: سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَمَرَّصَ القِشْرُ عَنِ الشَّعِيْرِ وَ نَحْوِهِ: جو وغیرہ سے چھلکا اُتر جانا۔
المَرُوْصُ. تیز رفتار اونٹنی۔
مَرِضَ (س) مَرَضًا و مَرْضًا. بیمار ہونا۔ صفت مَرِضٌ و مَرِيْضٌ و مَارِضٌ.
مَرَّضَهُ. علاج کرنا۔ تیمار داری کرنا۔ مریض کر دینا۔ مَرَّضَ فِي الأَمْرِ: کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا البُرَّ: گیہوں بکھیرنا۔
اَمْرَضَ. مریض ہونا اللهُ فُلَانًا: مریض بنانا ۂ: مریض پانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ زَيْدًا فَاَمْرَضْتُهُ" میں زید کے پاس آیا تو میں نے اس کو مریض پایا اجفانہ: پلکوں کو پست کرنا الرَّجُلُ: حاجت برآری کے قریب ہونا۔ القَوْمُ: مریض چوپائے والے ہونا۔
تَمَرَّضَ. کام میں ▢ کمزور ہونا۔
تَمَارَضَ. بتکلف مریض بننا فِي اَمْرِهِ: کمزور ہونا۔
المَرَضُ والمَرْضُ. بیماری ج اَمْرَاض. کہا جاتا ہے "بِهِ مَرْضَةٌ شَدِيْدَةٌ" یعنی اسے سخت مرض ہے۔
المَرِيْضُ. ج مَرْضَى والمَرِضُ ج مِرَاض بیمار. قَلْبٌ مَرِيْضٌ: کمزور دین والا۔ رَأْيٌ مَرِيْضٌ: کمزور رائے۔ عَيْنٌ مَرِيْضَةٌ: کمزور آنکھ۔ رِيْحٌ مَرِيْضَةٌ: سست ہوا۔ لَيْلَةٌ مَرِيْضَةٌ: رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ اَرْضٌ مَرِيْضَةٌ: تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ و جدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِيْضَةٌ: بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِيْضَةٌ کی جمع مِرَاض و مَرْضَى.
المِمْرَاضُ. بہت بیماری والا۔
المَمْرُوْضُ والمُتَمَرِّضُ. بیمار۔
مَرَطَ (ن) مَرْطًا و مَرَّطَ. الشَّعْرَ او

الرِّیش بال یا پَر نوچنا الشَّیْ جمع کرنا
بسلجه الخانه کرنا۔ مرطت المرأة
بولدها جننا (مرطًا و مُرُوْطًا الرَّجُلَ:
جلدی کرنا فلانا ٹھکانا دینا۔ مرَّط الثَّوبَ:
آستینوں کو چھوٹا کر کے چادر کی مانند بنانا۔
مرِط(س) مرطًا کم بالوں والا ہونا۔
امْرَطَ الشَّعْرُ بال کا نوچنے کے قابل ہونا۔
امْرَطَتِ النَّخْلَةُ درخت خرما سے کچی
کھجوریں گرانا النَّاقَةُ اونٹنی کا چلنے میں تیز
ہونا۔
مارطه مُمارطةً ایک دوسرے کے بال
نوچنا۔
تمرَّط و امرَط و انمرَطَ الشَّعْرُ بال
گرنا۔ تمرَّط السَّهْمُ تیر کا پر سے خالی ہونا۔
امترط الشَّیَ اچک لینا۔
المِرْط ہر بے سلا ہوا کپڑا۔ اون یا ریشم کی
چادر۔ج مُرُوْط۔
الاَمْرَط کم بال والا۔ بھیڑیا جس کے بال
نچے ہوئے ہوں۔ چور۔ مؤنث مَرْطاءُ
مَرْط شجرة مَرْطاءُ بے پتوں کا درخت۔
سهمٌ مريطٌ و مراطٌ و امْرَطُ بے پر کا
تیر۔
الأمْرط من السهام بے پر کا تیر۔ کہا جاتا
ہے" سهمٌ مُرطٌ ج امْراط و مراط۔
المُراطة جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں
گرے۔ المُرُوْط تیز رفتاری۔ فرس
مَرَطی تیز رفتار گھوڑا۔
السمرطة من النوق تیز رفتار اونٹنی۔ج
ممارط۔
المُرَيْطی حلق کا کوا۔
المُرَيْطاء ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان
بغل۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔
مرغ(ف) مرغا راسه بالدُّهن سر پر
تیل ملنا شعره بال میں کنگھی کرنا۔
مرِغ(س) مرغا و مرُغ(ک) مراغة
المکان سر سبز ہونا الرَّجُلُ خوش حال ہونا
مرِغ(س) مرغا الرَّجُلُ سبزہ زار میں
پہنچنا۔
اَمْرَغَ المکانُ سر سبز ہونا راسهُ بالدُّهنِ
خوب تیل ملنا القَوْمُ سر سبز جگہ پانا۔
تَمرَّغَ جلدی کرنا۔ گھاس طلب کرنا۔
اِنْمَرَغَ فِی البِلادِ جانا۔ سیر کرنا۔
المَرْغ گھاس۔ج اَمْرُغ و امراغ۔
مَکانٌ مَرِغٌ سبزہ زار جگہ۔ رَجُلٌ مَرِغٌ:
سبزہ زار ڈھونڈنے والا مرد۔
المُرغة والمراغ چربی۔
المُرغة والمُرَغة ایک پرندہ تیر کے
مانند۔ ج مُرَغٌ و مِرْغان۔
مکانٌ مرِیْغٌ سبزہ زار جگہ۔ ج اَمْراغٌ و
اَمرُغٌ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَرِیْعُ الجَنابِ"
فلاں بہت سخی و فیاض ہے۔
الاَمْرُوْعة سبزہ زار زمین۔ ج اماریع۔
المِمْراع سبزہ زار۔
مَمارِیْعُ الاَرْضِ عمدہ زمینیں (اس کا واحد
نہیں)
المِرْعَزّ والمِرْعِزَی والمَرْعِزّی
والمِرْعِزاء والمَرْعِزاء بکری کے بالوں
کے نیچے کا رواں۔ نرم اُون۔
مرغ(ف) مَرْغًا الحیوانُ العُشْبَ:
چارہ چرنا فی العُشْبِ چرنے کیلئے ٹھہرنا
البعیرُ اونٹ کا جھاگ ڈالنا۔
مرِغ(س) مَرَغًا عِرْضُهُ عزت پر دھبہ
لگنا۔
مرَّغه تمریغًا و تمراغًا فی التُّرابِ:
مٹی میں لوٹانا۔ مَرَّغ العِرْضَ آبرو کو داغ
دار کرنا راسهُ خوب تیل لگانا۔
مارغه فریب دینا ہٗ فی التُّرابِ مٹی میں
چپکانا۔
اَمْرَغَ سونے میں رال بہنا۔ بہت بکواس کرنا
العجینَ گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھا کر
نرم کرنا عِرْضَهُ آبرو کو داغ دار کرنا۔
تمرَّغَ فِی التُّرابِ مٹی میں لوٹنا فی
الاَمْرِ تردد کرنا علی فُلانٍ دیر لگانا۔
الحیوانُ جانور کا جھاگ نکالنا۔ تَمرَّغَتِ
السَّائِمَةُ چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا
الرَّجُلُ برائی سے دور رہنا۔ بدن کو چمکیلا اور
نرم کرنا۔ درد کی وجہ سے تلملانا فِی النَّعِیْمِ
نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا۔
المَرَغ س۔ لعاب۔ باغ۔ تیل کی خوب
مالش۔
المارِغ فا۔ بیوقوف۔
المرِغ مِنَ الشَّعر بہت تیل جذب کرنے
والے بال۔ المَراغ والمراغة
والمُتمرَّغ جانور کے لوٹنے کی جگہ۔
المرُغة مرغ کا اسم مرة۔ باغ۔
الامْرَغ افعال رذیلہ میں آلودہ۔ مؤنث
مَرْغاءُ ج مُرْغ۔
المِمْرَغة ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی
کہتے ہیں۔
مرَق(ن) مُرُوْقًا السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّة:
تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا مِنَ الدِّیْنِ:
گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا۔
مرَق(ن ض) مرقًا القِدْرَ شوربا زیادہ کرنا
الجِلْدَ کھال سے اون اکھیڑنا ہٗ بالرُّمْحِ نیزہ
مارنا الطَّائِرُ پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مرِقتْ(س) مرقًا البَیْضَةُ انڈے کا گندا
ہو کر پانی بننا النَّخْلَةُ درخت خرما سے زیادتی
کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا۔
اَمْرَقَ القِدْرَ شوربا زیادہ کرنا الجِلْدُ اون
اکھیڑے کے قابل ہونا النَّخْلَةُ زیادتی کی وجہ
سے پھلوں کا گرنا۔ اسم المَرَق ہے۔
مَرَّقَ گانا القِدْرَ شوربا زیادہ کرنا۔
تَمَرَّقَ الشَّعْرُ بال اکھیڑ اجانا۔ مرض وغیرہ
کی وجہ سے بال جھڑ جانا الثَّوْبُ کپڑے کا
عصفر سے رنگا جانا۔
انْمَرَقَ و امَّرقَ السَّهْمُ چھید کر پار ہونا۔
الشَّعْرُ بال گرنا۔
امْتَرَقَ الشَّیَ جلدی سے گزر جانا۔
السَّیْفُ مِنْ غِمْدِهِ تلوار کو میان سے
سونتنا۔
المَرَق س۔ دھنکی ہوئی اون۔ بدبو دار اون یا

کھال۔ خوشہ کے خار۔ ج اَمْرَاق. کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ ذٰلِكَ فِيْ مَرْقِكَ" یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی۔

المِرْق. بدبودار اون یا کھال۔

المَرَق والمَرَقَة. شوربا۔

المُرَاقَة. اکھیڑی ہوئی اُون۔ تھوڑی سی اکھیڑی ہوئی گھاس۔

المَارِق. دین سے نکل جانے والا۔ ج مَارِقُوْنَ و مُرَّاق. الْمَارِق: چھید کر کے پار ہو جانے والا۔

المَارِقَة. المَارِق کا مؤنث۔ خوارج۔

المُرَّيْق والمُرِّيْق. عصفر۔ ثَوْبٌ مُتَمَرِّق: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَمْرَق. نکلنے کی جگہ۔ روشن دان۔

لَحْمٌ مُمَرَّق. بہت چکنا گوشت۔

المُمَرِّق: گویا۔ (گانے والا)

مَرْمَرَ. غضبناک ہونا الْمَاءَ: سطح زمین پر پانی بہانا۔

مَرَكَ وَ مَرَّكَ: سامان تجارت پر نشان فارق لگانا۔

اَلْفَارِكَةُ: سامان پر نشان فارق۔

تَمَرْمَرَ الرَّمْلُ: ریت کا موج مارنا الجِسْمُ: جسم کا تھلتھلانا عَلٰی اَصْحَابِهٖ: امیر ہونا۔

المَرْمَرْ. سنگ مرمر۔ واحد مَرْمَرَة (و المَرْمَار) بہت رس والا انار۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔

مَرْمَرْ: کڑوا ہونا۔ المرمار: زیادہ پانی والا انار۔

المُرَامِر. باطل۔ نازک بدن۔ تھلتھلانے والا۔

المَرْمَرَة. س۔ بہت بارش۔

المَرْمَرِيْس. چکنا۔ سخت۔ مصیبت۔ لمبی گردن۔

المِرْمِيْس. گینڈا۔

مَرَنَ (ن) مُرُوْنَةً و مُرُوْنًا و مَرَانَةً تھوڑی سختی کے ساتھ نرم ہونا یَدُهٗ عَلَی الْعَمَلِ و وَجهُهٗ عَلَی الْاَمْرِ: سخت ہونا (مُرُوْنًا و مَرَانَةً) عَلَی الشَّیءِ: عادی ہونا۔

مَرَنَ (ن) مَرْنًا الْجِلْدَ: کھال کو نرم کرنا۔ مِنْ عَدُوِّہٖ: دشمن سے بھاگنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

مَرَّنَ الشَّیْءَ: نرم کرنا فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ: عادی بنانا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

تَمَرَّنَ. بتکلف دانا و زیرک بننا۔ مہربان ہونا عَلَی الشَّیْءِ: عادی ہونا۔

تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ: دودھ دینے سے رک جانا۔

المَرْن. س۔ ایک قسم کا کپڑا۔ نرم کھال۔ لباس ز پوستین۔ عطیہ۔ جانب۔ ج اَمْرَان.

مَرْنَا. الْاَنْف: ناک کے دونوں جانب۔

المَرَن. مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔

المَرِن. ملائم و سخت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مَرِنٍ وَاحِدٍ" جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ ذٰلِكَ مَرِنِيْ" ہمیشہ میری یہ حالت رہی۔ المَرِن: شور و جنگ۔

المُرَّان. ٹھوس و لچک دار نیزے۔ ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں۔ واحد مُرَّانَةٌ.

المَارِن. فا۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ ج مَوَارِن. رُمْحٌ مَارِنٌ: ٹھوس لچک دار نیزہ۔

المَيْرُوْن. عِنْدَ النَّصَارٰی: عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے۔

اَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کا پٹھا۔

مَرِهَت (س) مَرِهًا عَيْنُهٗ: سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا۔ صفت مَرِهٌ و اَمْرَهُ.

رَجُلٌ مَرِهُ الفُؤَاد: مرد بیمار دل۔ سَحَابٌ اَمْرَهٌ: سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔

المَرْهَاء. الاَمْرَه کا مؤنث۔ شَاةٌ مَرْهَاء: سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو۔ ج مُرْهٌ

اَرْضٌ مَرْهَاءُ: کم درخت والی زمین۔

المُرْهَة. سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

مَرْهَمَ مَرْهَمَةً. الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا۔

المَرْهَم. زخم پر لگانے کی دوا۔ ج مَرَاهِم.

المَرْو. ایک سخت قسم کا پتھر جس کو صوان بھی کہتے ہیں۔ واحد المَرْوَة کہا جاتا ہے "قَرَعَ الدَّهْرُ مَرْوَتَه" یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی۔ المَرْو: ایک خوشبودار پودہ۔

مَرٰی يَمْرِيْ مَرْيًا النَّاقَةَ: دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا الدَّمَ و نَحْوَهٗ: خون نکالنا حَقَّهٗ: حق کا انکار کرنا الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے بارش برسانا الشَّیءَ: نکالنا الفَرَسَ: کوڑے وغیرہ سے مار کر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَمْرِيْ دَابَّتَهٗ بِسَاقِهٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کو دکھلا رہا تھا۔

فُلَانًا مِاَةَ سَوْطٍ: کوڑے مارنا۔ مَرَی الفَرَسُ: گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔

اَمْرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

مَارٰی مِرَاءً و مُمَارَاةً: جھگڑا کرنا۔

تَمَارَيَا. باہم جھگڑا کرنا۔

اِمْتَرٰی فِي الشَّیْءِ: شک کرنا (و اِسْتَمْرٰی اللَّبَنَ و نَحْوَهٗ:) دودھ دوہنا۔ نکالنا۔

تَمَرّٰی تَمَرِّيًا. بِكَذَا: آراستہ ہونا۔

الْمِرْيَة والمُرْيَة. جھگڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْهِ مِرْيَةٌ" یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک المِرْيَة: دودھ جو اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ مِرْيَةَ النَّاقَةِ" اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا۔

المَرِّی. بہت دودھ والی اُونٹنی۔ رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَايَا. الْمَرَايَا: جمع مِرْآة بمعنے آئینہ اور بجائے هَنِيْئًا مَرِيْئًا کے هَنِيًّا مَرِيًّا بھی کہا جاتا ہے۔

المَرِيَّة. بہت دودھ والی اُونٹنی۔

المَارِيّ. سفید چکنا بچھڑا۔ مؤنث مَارِيَّةٌ. چھوٹی دھاری دار کملی۔ قطا پرندہ کا شکاری۔

اَلْمَارِيَة والْمُمْرِيَة. سفید چکنے بچھڑے والی گائے۔
مَرْيَم ج مَرْيَمات : ایک عورت کا نام (سریانی لفظ) اس کا معنی: بلندی پانے والی۔
اَلْمِزْكَا : شراب اور پانی کا نام جس کو مقدس کام کے وقت پیا جاتا۔ (سریانی لفظ) ترجمہ: ملا ہوا۔
مَزَّ (س) مَزَازَةَ الرَّجُلُ: فضیلت والا ہونا الشَّيْئُ: بہت ہونا۔ صفت مَزِيْز (مَزَازَة و مُزُوْزَة) الطَّعْمُ: کھٹ مٹھا ہونا۔
مَزَّ (ن) مَزًّا. الشَّيْئَ: چوسنا۔
مَازَ مُمَازَّةً. بَيْنَهُمَا: دور دور کرنا۔
مَزَّزَهُ. فضیلت والا سمجھنا۔ بِكَذَا: فضیلت دینا۔
تَمَازَّتِ النِّيَّةُ بِه: دور ہونا۔
تَمَزَّزَ الشَّرَابَ: چوسنا۔ کھٹمٹھا کھانا یا پینا۔
الْمَزُّ. دُشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے ''هٰذَا اَمْرٌ مَزٌّ''۔ یہ سخت کام ہے۔
الْمِزُّ. مرتبہ و فضل۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے ''شَيْءٌ مِزٌّ''۔ فاضل چیز۔
الْمُزُّ. کھٹ مٹھا۔ مؤنث مُزَّة۔
الْمُزُّ والْمُزَّاءُ والْمَزَّة. خوشگوار شراب
الْمَزَّة: ایک مرتبہ چوسنا۔ کہا جاتا ہے ''مَا بَقِيَ فِي الْاِنَاءِ اِلَّا مَزَّةٌ''۔ برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔
الْمِزُّ. کثرت۔ اور کہا جاتا ہے ''فَعَلْتُهٗ عَلٰى مَزٍّ'' یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔
الْمَزِيْز. فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دُشوار۔
الْاَمَزُّ. فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاء
نَمَزَّ.
مَزَجَ (ن) مَزْجًا و مِزَاجًا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: پانی ملانا۔ فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: اکسانا۔ رانگیختہ کرنا۔
مَازَجَهٗ مُمَازَجَةً. مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔
مَزَجَ السُّنْبُلُ: سبزی کے بعد زرد ہونا۔ فُلَانًا: کچھ دینا۔
تَمَازَجَا. باہم ایک دوسرے کا ملنا۔

اِمْتَزَجَ بِهٖ: ملنا۔
اَلْمَزْجُ والْمِزْجُ. شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔
الْمِزَاجُ. س۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج اَمْزِجَة۔
رَجُلٌ مَزَّاجٌ. جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔
الْمَزِيْجُ. ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔
مَزَحَ (ف) مَزْحًا. مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔
مَزَّحَ السُّنْبُلُ او الْعِنَبُ: رنگ پکڑنا۔
مَازَحَهٗ مِزَاحًا و مُمَازَحَةً. ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَازَحَا. باہم ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَزَّحَ بِهٖ. فخر کرنا۔
الْمَزْحُ. س۔ خوشہ۔
الْمُزَاحَة والْمُزَاحُ. ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔
الْمَزَّاحُ. بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔
الْمُمَزَّحُ مِنَ النَّاسِ. ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔
الْمَزْد. سردی۔
مَزَرَ (ن) مَزْرًا مِنَ اللَّبَنِ. تھوڑا سا پینا۔ اللَّبَنَ: دودھ کو چکھنے کے لیے پینا۔ آہستہ سے چسکی لینا۔ غصہ دلانا (و مَزَّرَ) الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
مَزُرَ (ک) مَزَارَةً. ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔
تَمَزَّرَ النَّبِيْذَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔
الْمِزْر. س۔ مرد ظریف۔
الْمِزْر. جو یا گیہوں کی شراب۔ بیوقوف۔ اصل۔ کہا جاتا ہے ''هُوَ كَرِيْمُ الْمِزْرِ'' وہ شریف الاصل ہے۔
الْمَزِيْر. ظریف۔ سخت دل۔ ج مَازِر
الْاَمْزَر. اسم تفضیل ہے مُزر سے مؤنث مَزْرَاء ج مُزْر و اَمَازِر کہا جاتا ہے ''هُوَ مِنْ اَمَازِرِ النَّاسِ'' وہ افاضل الناس میں سے ہے۔

الْمَزْرَة. ایک مرتبہ چوسنا۔
مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْيُ و نَحْوُهٗ: ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (و مَزَّعَ) الْقُطْنَ: روئی تو منا۔ مَزَّعَ الشَّيْئَ: متفرق کرنا۔
تَمَزَّعَ. جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوْا الشَّيْئَ بَيْنَهُمْ. انہوں نے چیز آپس میں تقسیم کر لی اور کہا جاتا ہے ''هُوَ يَتَمَزَّعُ غَيْظًا''۔ وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔
الْمِزْعَة. روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مِزَع (والْمُزْعَة) مِنْ لَحْمٍ او شَحْمٍ: گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔
مِنَ الْمَاءِ : پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَع و مُزَع۔
الْمَزَّاع. بہت دوڑنے والا۔ سیہی۔
الْمُزَاعَة. مِنَ الشَّيْئِ: روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو نوچتے وقت گرے۔
الْمِزْعِي. چغل خور۔
فَرَسٌ مِمْزَعٌ. تیز رفتار گھوڑا۔
مَزَقَ (ن ض) مَزْقًا و مَزْقَةً الثَّوْبَ: پھاڑنا۔ عِرْضَهُمْ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت
مَزِق. ج مَزِقُوْن جیسے ''اَتَانِيْ اَنَّهُمْ مَزِقُوْنَ عِرْضِيْ''۔ مجھ کو یہ اطلاع ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں الطَّائِرُ بِسَلْحِهٖ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَزَّقَ الثَّوْبَ: چیر چیر کرنا۔ کہا جاتا ہے ''مَزَّقَهُمُ اللّٰهُ كُلَّ مُمَزَّقٍ'' اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔
مَازَقَهٗ. دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔
تَمَزَّقَ. پھٹنا۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔
اِنْمَزَقَ. پھٹنا۔
الْمِزْقَة. کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ اور کہا جاتا ہے ''ثَوْبٌ مَزِقٌ و مِزَقٌ و مَزِيْقٌ'' پھٹا ہوا کپڑا۔
نَاقَةٌ او فَرَسٌ مِزَاقٌ. تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے۔
مَزْمَزَهٗ. اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔

تَمَزْمَزَ. حرکت کرنا لِلْقِیَامِ: اُٹھنے کے لیے تیار ہونا۔

مَزَنَ (ن) مَزْنًا و مُزُوْنًا. چلا جانا وَجْهُهٗ: چہرہ کا چمک اُٹھنا مِنَ الْعَدُوِّ: دشمن سے بھاگنا و (مَزَّنَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا فُلَانًا: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔

تَمَزَّنَ. چلا جانا عَلَى الْقَوْمِ: مہربانی وسخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا عَلَى الْاَمْرِ: عادی ہونا۔

الْمُزْن. بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حَبُّ المُزْن: اولہ۔

الْمُزْنَة. بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ اِبْنُ الْمُزْنَة: نیا چاند۔

الْمَزْن. عادت۔ طریقہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰى هٰذَا الْمَزْنِ" ہمیشہ اس حالت پر رہا۔

الْمَازِن. فا۔ چیونٹی کے انڈے۔

مُزَيْنَة. مضر کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لیے مُزَنِيّ.

مَزَهَ (ف) مَزْهًا. ہنسی مذاق کرنا۔

مَزَا يَمْزُوْ مَزْوًا. تکبر کرنا۔

مَزَّاهُ تَمْزِيَةً. تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّيْتُ مَتَاعَهُ حَتّٰى نَفَقْتُهُ لَهُ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کر دیا۔

تَمَازَى الْقَوْمُ: قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعوی کرنا۔

الْمَزْوُ والْمَزِيَّة. ج مَزَايَا والمَازِيَة. ج مَازِيَات. علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔ خوبی۔ عمدگی۔

مَزِيَ يَمْزَى. تکبر کرنا۔

مَزَّى تَمْزِيَةَ الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ عَنِّي مَازِيًا و مُتَمَازِيًا" یعنی مجھ سے دور مخالف ہو کر بیٹھا۔

الْمُزَاةُ. سرکش لوگ۔ مفرد مَاز

الْمَازِيَة. جمع مَازِيَات. والمَزِيَة. ج مَزَايَا. علم۔ کرم۔ شجاعت، شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

الْمَزِيُّ. مرد خوش طبع۔ زیرک۔

مَسَّ (ن س) مَسًّا و مَسِيْسًا و مِسِّيْسَى الشَّيْءَ: چھونا۔ پہنچنا الْمَرَضُ او الْكِبَرُ فُلَانًا: لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الْحَاجَةُ اِلٰى كَذَا مجبور کرنا مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَسْتُ فُلَانًا مَوَاسَّ الْخَيْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ "ومَسَّت بِكَ رَحْمُ فُلَان" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔

مُسَّ مَسًّا. جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوْس. مَاسَّهُ مُمَاسَّةً و مِسَاسًا. چھونا۔ جماع کرنا۔

اَمَسَّهُ الشَّيْءَ: چھوانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمَسَّ وَجْهَهُ الْمَاءَ او بَدَنَهُ الطِّيْبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔

تَمَاسَّ الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کو چھونا۔

الْمَاسُّ فا۔ حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّةٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔

مَسَاسِ. اسم فعل بمعنے امر یعنی تو مہ چھو۔ اور کہا جاتا ہے لا مساسِ یعنی مت چھو۔

الْمَسُوْسُ مِنَ الْمَاءِ: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ كَلَأٌ مَسُوْسٌ: چرنے والے جانوروں کے لیے مفید گھاس۔

الْمَسِيْسَةُ: ایک حلوی کا نام۔

الْمِسُّ. تانبا۔

الْاَمَسُّ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَمَسُّ مِنْ ذَاكَ بِكَذَا"۔

الْمَاسُوْسُ والْمَمْسُوْس. پاگل۔ مجنون۔ دیوانہ۔

مَسِيْسُ الْحَاجَةِ: حاجت کا مجبور کرنا۔

الْمَسَّاس بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَسَّاسَةٌ" یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔

مَسَأَ (ف) مَسْأً و مُسُوْءًا. بیباک ہونا الْمَاشِي: دیر کرنا الْحَقَّ: حق کو دیر میں ادا کرنا الطَّرِيْقَ: راستہ کے درمیان میں چلنا۔ عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا الرَّجُلَ بِالْقَوْلِ وَغَيْرِهِ: کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا (وَامْسَأَ) بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔

تَمَسَّأَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مریض کے لیے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَسَحَ اللّٰهُ مَابِكَ مِنْ عِلَّةٍ" یعنی اللہ تعالی تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں ہٗ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا ہٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا ذَوَائِبَ الْمَرْأَةِ: کنگھی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَحَهُ او مَسَحَ رَاْسَهُ" یعنی اس نے فریب دینے کیلئے نرم باتیں کیں۔ "مَسَحَ الْقَوْمَ قَتْلًا" قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا "و مَسَحَهُ الله" اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔ مَسَحَ فُلَانًا: مارنا۔ عُنُقَهُ: گلا کاٹنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا السَّيْفَ: تلوار سونتنا الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔ •

مَسَحَ (ف) مَسْحًا و مِسَاحَةً: پیمائش کرنا (مَسْحًا و تَمْسَاحًا) جھوٹ بولنا۔

مَسَحَ (ف) مُسُوْحًا فِي الْاَرْضِ: جانا۔

مَسِحَ (س) مَسَحًا. کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔

مُسِحَ بِالْعِتْقِ او الْكَرَمِ: کسی پر شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔

مَسَّحَ الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مَسَّحَهُ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا مَسَّحَ فُلَانًا: فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔

مَاسَحَهُ مُمَاسَحَةً. فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا ہٗ عَلٰى كَذَا: معاہدہ کرنا۔

تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ: غسل کرنا

الشَّيَّ: پونچھنا۔ و تَمَسَّحَهُ بِالْمَاءِ او الدُّهْنِ: نہلانا یا تیل ملنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَمَسَّحُ بِهِ"، فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔
تَمَاسَحَا. اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاسَحُوْا عَلٰى كَذَا" یعنی فلاں چیز پر سبھوں نے عہد و پیمان کیا "والْتَقَوْا فَتَمَاسَحُوْا" وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔
اِمْتَسَحَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
المِسْح. ٹاٹ۔ کمبل۔ اونی لباس جس کو زاہد لوگ تقشف کی بناء پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط ج اَمْسَاح و مُسُوْح.
المَسْحَةُ. مسح کا اسم مرة۔ گیلے ہاتھ کا نشان۔ اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ مَسْحَةٌ مِنْ جَمَالٍ او هُزَالٍ" اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔
المَسَح. مص. کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔
المِسَاحَة. مصدر یَمْسَحَ الْاَرْض کا اسم ہے عِلْمُ الْمِسَاحَة: وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔
المَسِيح. تیل لگا ہوا۔ ج مُسَحَاء و مَسْحٰى. لقب حضرت عیسیٰ کا۔ بہت سیاحت کرنے والا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ پسینہ۔ بہت سچا۔ کانا۔ گز۔ بہت جھوٹا۔ خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے والا مِنَ الدَّرَاهِمِ: گھسا ہوا درہم۔
المَسِيْحِيّ. حضرت عیسیٰ کا تابع۔
المَسِيْحَة. سر کے دونوں جانب کے بال۔ گیسو۔ کنپٹی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَائِح.
المَاسِح. فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنے والا۔
المَاسِحَة. الماسح کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ج مواسح.
المَسَّاح. زمین کی پیمائش کرنے والا۔
المِسِّيح. بڑا سیاح۔
الاَمْسَح. کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا۔ ہموار تلوے والا۔ بڑا جھوٹا مِنَ الْاَرْضِ: ہموار زمین ج اَمَاسِح: بڑا سیاح۔ کانا۔ مؤنث مَسْحَاء.
المَسْحَاء. کنکریوں والی ہموار زمین۔ سرخ زمین۔ ج المِسَاح والمَسَاحِي: چھوٹے پستانوں والی عورت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مَسْحَاءُ الثَّدْيِ."
التِمْسَح. بڑا جھوٹا۔ فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا۔ بڑا سرکش (والتِمْسَاح) مگرمچھ ج تَمَاسِح و تَمَاسِيْح.
المِمْسَح والمِمْسَحَة جس سے پونچھا جائے۔
مَسَخَهُ (ف) مَسْخًا. بُری صورت میں بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "مَسَخَهُ اللهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا۔
صفت مفعول مَسْخٌ و مَسِيْخٌ ج مُسُوْخ الكَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا الطَّعَمَ اللحم: گوشت کو بے مزہ کرنا۔
اَمْسَخَ الوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا۔
تَمَسَّخَ الغزلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِمَّسَخَتْ و اِنْمَسَخَت العضُدُ: کم گوشت والا ہونا۔ اسم المَسَخ.
اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
المَاسِخِيّ. کمان ساز۔
المَسِيْخ. بدشکل مِنَ الطَّعَامِ بے مزہ یا بے نمک۔ بیوقوف۔
الاُمْسُوْخ. ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے۔
المَمْسُوْخ. مثـ فَرَسٌ مَمْسُوْخٌ: سرین پر کم گوشت والا گھوڑا۔
اَلْمَسْخ: اقسام تناسخ سے ہے۔ اس کے قائلین کا نظریہ ہے کہ حیوان ناطق (انسان) کا بدن غیر ناطق حیوان کے بدن سے مناسب اوصاف حاصل کر لیتے ہیں۔ جیسے اسد لفظ سے انسان میں شجاعت آ جاتی ہیں۔ ارنب (خرگوش) کے لفظ سے بزدلی آ جاتی ہے۔
اَلْمَسْخَرُ ج مَسَاخِرُ: وہ شخص جس سے مذاق کیا جائے۔ اسی سے فعل: تَمَسْخَرَ عَلَيْهِ: اس سے مذاق کیا گیا اسی سے مساخر وہ کھیل و تماشے جو عید کے ایام میں کھیلے جاتے ہیں۔
مَسَدَ (ن) مَسْدًا الحَبْلَ: رسی بٹنا یا مضبوط بٹنا فِي السَّيْرِ: تھکانا۔
مَسِد البَطْنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا۔
مَسَّدَ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: سختی سے ہاتھ پھیرنا۔
المَسَد. کھجور کے ریشہ کی رسی۔ یا مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کھجور کا ریشہ۔ لوہے کا دُھرا۔ ج مِسَاد و اَمْسَاد.
المِسَاد. شہد کا مشکیزہ۔ درشتی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْسَنُ مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے بالوں کی درشتی تیرے بالوں سے اچھی ہے۔
المَمْسُوْد مثـ رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ: گٹھے بدن کا مرد۔
سَاقٌ مَسْدَاء. اچھی ہموار پنڈلی۔
مَسَطَ (ن) مَسْطًا انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا الثَّوْبَ: تر کرنا۔ پھر نچوڑنا فُلَانًا بِالسِّيَاطِ: کوڑے سے مارنا السِقَاءَ: مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا۔
المَاسِط. فا۔ کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر دے۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے۔
المَسِيط. گارا۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔
المَسِيْطَة. گدلا پانی۔ تھوڑا پانی بہانے والی وادی۔

اَلْمِسَحْ شمالی ہوا۔
اَلْمَسْعٰی بہت سیر وسفر کرنے والا مرد۔
اَمْسَغ و اِمْتَسَغ الرَّجُلُ علیحدہ ہونا۔
مَسَکَ (ن ض) مَسْکًا چمٹنا۔ متعلق ہونا۔ بِالنَّارِ زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا۔
مَسُکَ (ک) مَسَاکَةً السِّقَاءُ مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا۔
مَسَّکَ بِہٖ چمٹنا۔ مَسَّکَہٗ مشک سے خوشبو دار کرنا۔
اَمْسَکَہٗ روکنا۔ اَمْسَکَ بِہٖ چمٹنا۔ اَلشَّیْئَ عَلٰی نَفْسِہٖ اپنے لیے حفاظت کرنا۔ اللّٰہُ الْغَیْثَ بارش روکنا۔ عَنِ الْاَمْرِ رکنا۔ باز رہنا۔ عَنِ الْکَلَامِ خاموش رہنا۔
تَمَسَّکَ و تَمَاسَکَ و اِمْتَسَکَ بِہٖ چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَاسَکَ اَنْ قَالَ کَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا۔ "وَ غَشِیَنِیْ اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَتَمَاسَکْتُ" میرے اوپر ایک رنجیدہ معاملہ آپڑا اس لیے میں رک گیا۔ "وَمَا بِہٖ تَمَاسُکٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "وَامْتَسَکَ فِی الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہرا رہا۔
اِسْتَمْسَکَ بِہٖ چمٹنا عَنْ کَذَا باز رہنا بَوْلُہٗ پیشاب بند ہونا الرَّجُلُ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ جم کر بیٹھنا۔
اَلْمَسْکُ س۔ کھال۔ ج مُسُکٌ و مُسُوْکٌ۔ ایک ٹکڑے کو "مَسْکَةٌ" کہتے ہیں۔
اَلْمَسَکُ۔ پانی روکنے کا بند۔ زمین کے طبقات۔ ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب۔ کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی۔ واحد مَسَکَةٌ۔
اَلْمُسْکُ بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل۔
اَلْمِسْکُ۔ مشک۔ کستوری۔ یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ الْمِسْکِ کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْکَةٌ کہتے ہیں۔ ج مِسَکٌ۔

مِسْکُ الْبَرِّ و مِسْکُ الْجِنِّ دو قسم کی نباتات۔ لفظ مِسْکٌ فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں۔
اَلْمُسْکَةُ جس سے تعلق کیا جائے۔ بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی۔ عقل تام ورائے کامل۔ سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسَکٌ کہا جاتا ہے "مَا فِیْہِ مُسْکَةٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَیْسَ لِاَمْرِہٖ مُسْکَةٌ" یعنی اس امر کے لیے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے۔ "وَفِیْہِ مُسْکَةٌ مِنْ خَیْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے۔ "وَمَا فِیْ سِقَائِہٖ مُسْکَةٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں۔
اَلْمُسُکَةُ و الْمُسْکَةُ بخل۔
اَلْمُسَکَةُ بخیل۔ وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے۔ وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو۔ ج مُسَکٌ۔
اَلْمَسَاکُ پانی روکنے کا بند۔ بخل۔
اَلْمِسَاکُ بخل۔ روکنے والی چیز۔ تلوار وغیرہ کا دستہ اور کہا جاتا ہے "مَا فِیْہِ مِسَاکٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔
اَلْمَسَاکَةُ و الْمِسَاکَةُ بخل۔
اَلْمَسَاکَاتُ وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔
اَلْمُسْکَانُ بیعانہ۔ ج مَسَاکِیْنُ۔
اَلْمِسْکِیْنُ و الْمَسْکَنَةُ دیکھو مادہ سکن۔
اَلْمُسُکُ و الْمَسَّاکُ و الْمُمْسِکُ بخیل۔
اَلْمَسِیْکُ ج مُسُکٌ و الْمِسِّیْکُ بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ مَسِیْکٌ و مِسِّیْکٌ" مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے۔ "وَمَا فِیْہِ مَسِیْکٌ" اس کے اندر خیر نہیں۔
اَلْاِمْسَاکُ س۔ بخل۔
اَلْمَسِیْکَةُ و الْاَرْضُ الْمَسِیْکَةُ زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔
اَلْمَسِیْکَةُ و الْمِسْکِیَّةُ ایک قسم کی نباتات۔

مَسَلَ (ن) مَسْلًا الْمَاءُ پانی بہنا۔
اِمْتَسَلَ السَّیْفَ تلوار سونتنا۔
اَلْمَسَلُ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَةٌ و مُسُلٌ مُسْلَانٌ و مَسَائِلُ۔
مُسَالَا الرَّجُلِ مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔
مَسَالَةُ الْوَجْہِ حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔
اَلْمَسِیْلُ بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ تر ٹہنی۔ ج مُسُلٌ و اَمْسِلَةٌ۔ مَسِیْلُ الْمَاءِ پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔
مُسْمِسَ مَسْمَسَةً و مِسْمَاسًا الْاَمْرُ مختلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ اَمْرِہٖ فِیْ مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔
مُسْمِسَ الرَّجُلُ جنونی کیفیت لاحق ہونا۔
اَلْمَسْمَاسُ ہلکا۔
مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ بے باک ہونا۔ ہٗ مارتے مارتے گرا دینا الشَّیْئَ مِنَ الشَّیْئِ کھینچنا۔
مَسَا یَمْسُوْ مَسْوًا الْحِمَارُ گدھے کا اڑنا (و مَسّٰی تَمْسِیَةً) الرَّجُلُ کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَسَّاہُ تَمْسِیَةً۔ شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسّٰی بِہِ اللَّیْلُ" جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔
اَمْسٰی اِمْسَاءً و مُمْسًی۔ شام میں داخل ہونا۔ کان کی طرح فعل ناقص ہو کر بھی مستعمل ہے۔ جیسے "اَمْسٰی زَیْدٌ ضَاحِکًا" یعنی زید شام کے وقت ہنس رہا تھا یا زید ہنس رہا تھا۔
اَمْسَاہُ اِمْسَاءً۔ کسی چیز سے مدد کرنا۔ وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَاسَاہُ مُمَاسَاةً۔ مخول کرنا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

المَسَاءُ ج اَمْسِیَة والمُسٰی والمِسْیُ شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الْاُمْسِیَّة. شام کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ اُمْسِیَّةَ اَمْسِ" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

المُمْسٰی. س۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسٰی یَمْسِیْ مَسْیًا الشَّیْءَ: ہاتھ سے پونچھنا الحَرُّ الْمَاشِیَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا السَّیْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَمَاسٰی و تَمَسّٰی الشَّیْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً. پیاسا ہونا۔

المَا[illegible] شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے [illegible] پیلا مرد۔

المَسِ[illegible] بکری کے پیٹ سے نکالی جاتی ہے اس کو باریک کپڑے نجوڑ کر دودھ ڈال دیا جاتا ہے اس سے جبن (پنیر) بن جاتا ہے۔

التَّمَاسِی. س۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا العَظْمَ: ہڈی کے اطراف [illegible]سنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ [illegible] سارا دودھ دوہنا مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا یَدَهٗ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کیلئے پونچھنا فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا الشَّیْءَ: پانی میں حل کرنے کیلئے بھگونا۔

مَشَّشَ و تَمَشَّشَ العَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ العَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّیْءُ: حاصل ہونا۔

المَائِل. فا۔ ج مُيَّل و مَالَة مؤنث مَائِلَة ج مَائِلَات و مَوَائِل.
المَيَّال. بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَيَّالَة.
مَانَ يَمِيْنُ مَيْنًا. جھوٹ بولنا۔ صفت مَائِن و مَيَّان و مُيُوْن. مَانَ الْاَرْضَ: زمین کو زراعت کے لیے جوتنا۔
تَمَايَنَ الْقَوْمُ: ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا۔
المَان. ہل کا پھل۔
المَيْن. جھوٹ۔ ج مُيُوْن. کہتے ہیں "اَكْثَرُ الظُّنُوْنِ مُيُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں۔ "وَمَا هُوَ اِلَّا كَذِبٌ و مَيْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے۔
المِيْنَا والمِيْنَاء. بندرگاہ۔ ج مَوَانٍ و مَوَانِي. المِيْنَاء: آبگینہ۔
مُتَمَايِنُ الْوُدِ: جھوٹی دوستی کرنے والا۔
مَاهَ يَمِيْهُ مَيْهًا و مَيْهَةً السَّيْفَ وَغَيْرَه بِمَاءِ الذَّهَبِ: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع کرنا فُلَانًا: پانی پلانا۔ مَاهَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔ مَاهَ يَمِيْهُ مَيْهَةً و مَاهَةً و مَيْهًا. الرَّكِيَة: کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا۔
الْمَاهَة والمِيْهَة. کنوئیں کے پانی کی کثرت۔
الاَمْيَهُ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "اَلْبِئْرُ اَمْيَهُ مِمَّا كَانَتْ"، کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے۔
مَيٌّ و مَيَّةٌ و مَيَّا. عورتوں کے نام۔

ن

ن : اَلنُّوْنُ : بنیادی حروف میں سے پچیسواں حرف ہے۔ حروف زلقیہ سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۵۰) پچاس ہے۔

ن۔ حرف نون پانچ قسموں پر ہے۔

(۱) نونِ تاکید۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ خفیفہ۔ ثقیلہ اور یہ فعل کے ساتھ مختص ہے جیسے "لَيَكُوْنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ" و" لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا" ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) نونِ تنوین۔ اور یہ نون ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے کِتَابٌ.

(۳) نونِ تانیث۔ اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ و يَضْرِبْنَ و اِضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کیلئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلَامُكُنَّ و مِنْهُنَّ و ضَرَبَهُنَّ" اور یہ حرف ہے۔

(۴) نونِ وقایہ۔ اور یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے جیسے ضَرَبَنِيْ و اِنَّنِيْ۔

(۵) نونِ زائدہ۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے "يَضْرِبَانِ و تَضْرِبَانِ" یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو جیسے "تَضْرِبِيْنَ" یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے "يَضْرِبُوْنَ و تَضْرِبُوْنَ" ان ساری صورتوں میں سوائے مثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور مثنی میں مکسور۔ دوسری قسم وہ ہے جو اسم مثنی کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا ہے جیسے "الزَّيْدَانِ" اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے الزَّيْدُوْنَ.

نا۔ ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے "رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا۔"

نَاَتَ (ف وض) نَاْتًا و نَئِيْتًا. گریہ وزاری کرنا الرَّجُلَ: حسد کرنا۔

النَّاْتُ. شیر۔

نَاَثَ (ف) نَاْثًا و مَنَاْثًا عَنْهُ: بعید ہونا۔ تاخیر کرنا الرَّجُلَ. کوشش کرنا۔

اَنْاَثَهُ اِنْاَثًا. دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَعٰى سَعْيًا نَاْثًا و مَنَاْثًا" وہ سست چال چلا۔ سَيْرٌ مِنْاَثٌ: سست چال۔

نَاَجَ (ف) نُؤُوْجًا فِي الْاَرْضِ: جانا الْاَمْرَ: کام کو مؤخر کرنا۔ نَئِيْجًا اِلَى اللّٰهِ فِي الدُّعَاءِ: گڑگڑانا۔ نَاَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا الرِّيْحُ الْمَوْضِعَ: ہوا کا تیز گزرنا۔

نَاَجَ (ف ض) نَاْجًا و نُؤَاجًا الثَّوْرُ: بیل کا آواز نکالنا۔

نَئِجَ (س) نَاَجًا. آہستہ کھانا۔

نَئِجَ الْقَوْمُ: تیز ہوا لگنا۔

النَّائِجَةُ. تیز ہوا۔ ج نَائِجَاتٌ.

النَّاْآجُ. بہت آواز نکالنے والا۔ تیز رَجُلٌ نَاْآجٌ: بلند آواز والا مرد۔

النَّئِيْجُ. مص۔ کہا جاتا ہے "لِلرِّيْحِ نَئِيْجٌ" ہوا کے لیے تیز سرسراہٹ ہے۔

رِيْحٌ. نَئُوْجٌ. تیز چلنے والی ہوا۔ ج نَوَائِجُ.

الْمَنْؤُوْجُ. مع۔ حَدِيْثٌ مَنْؤُوْجٌ: پیچیدہ بات۔

نَادَهُ (ف) نَاْدًا. حسد کرنا۔ نَادَتْهُ الدَّاهِيَةُ مصیبت نازل ہونا۔ نَادَتِ الْاَرْضُ: زمین میں سیلن ہونا۔

النَّآدُ. بروزن عَقَام والنَّآدٰى بروزن نصارٰی والنُّؤُوْدُ. مصیبت۔

النِّئْدِلُ. مصیبت۔

نَارَتْ (ف) نَاْرًا. نَائِرَةٌ فِي النَّاسِ: لوگوں میں ہیجان ہونا۔

النُّؤُوْرُ. کاجل۔

نَاشَ. (ف) نَاْشًا و تَنَاءَشَ الشَّيْءَ: سخت پکڑنا الْاَمْرَ: مؤخر کرنا الشَّيْءَ: دور کرنا ہُ اللّٰهُ: زندہ کرنا اور بلند کرنا الرَّجُلُ مِنْ مَكَانِهِ: اٹھنا۔

تَنَاءَشَ. پیچھے ہونا اور دور ہونا الشَّيْءَ: دور سے لینا۔

اِنْتَاش پیچھے ہونا اور دور ہونا الشَّئَ فُلَانًا جلدی میں ڈالنا بِغَنَمِہٖ بکریوں کے ساتھ کوچ کرنا فُلَانًا بطی سمجھنا ہٗ اللّٰہُ برباد کرنا۔

النُّؤُوْش قوی غالب۔

النَّئِيْش دور۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ نَئِيْشًا" اس نے اس کو اخیر میں کر دیا۔ "وَجَاءَ نَئِيْشًا" وہ دیر سے آیا۔ "وَاتَّبَعَهٗ نَئِيْشًا" بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے۔

نَافَ(ف) نَأْفًا فِي الْاَمْرِ کوشش کرنا۔

نَئِفَ(س) نَأْفًا و نَافًا مِنَ الشَّرَابِ آسودہ ہونا الرَّجُلُ نفرت کرنا الشَّئَ کھانا۔

نَالَ(ف) نَأْلًا و نَئِيْلًا و نَأَلَانًا الْفَرَسُ گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا۔ صفت نَؤُوْلٌ. الرَّجُلُ سر اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا فُلَانًا حسد کرنا۔

نَامَ(ض) نَئِيْمًا آہستہ آہستہ رونا۔ نَامَتِ الْقَوْسُ وَالْاَسَدُ وَالظَّبْيُ کمان شیر ہرن کا آواز کرنا۔

النَّامَةُ نَامَ کا اسم مرۃ۔ نغمہ۔ آواز۔ کہا جاتا ہے "اَسْكَتَ اللّٰهُ نَامَتَهٗ" اللہ اس کی آواز کو خاموش کردے یعنی مار دے۔

نَأْنَأَ نَأْنَأَةً و تَنَأْنَأَ عَنِ الْاَمْرِ سست ہونا۔ عاجز ہونا۔ قاصر ہونا۔ صفت نَأْنَأٌ و نَأْنَاءٌ و نُؤْنُؤٌ یعنی عاجز۔ بزدل۔ نَأْنَأَ فُلَانًا جھڑکی غذا دینا۔ ارادہ سے باز رکھنا۔

نَاَى يَنْاَى نَأْيًا فُلَانًا و نَاَى عَنْ فُلَانٍ دور ہونا۔ صفت نَاءٍ مؤنث نَائِيَةٌ.

نَاَّى وَاَنْاَى و اِنْتَاَى النُّؤْيَ لِلْخَيْمَةِ خیمہ کے گرد چوبچہ کھودنا۔

نَاءَى مُنَاءَاةً الرَّجُلَ دور کرنا الشَّرَّ عَنْ فُلَانٍ مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْاٰى فُلَانًا عنہ دور کرنا۔

تَنَاءَى تَنَائِيًا و اِنْتَاَى اِنْتِنَاءً دور ہونا۔

النَّأْيُ وَالنُّؤْيُ وَالنِّئْيُ وَالنُّؤَى چوبچہ خیمہ کے ارد گرد۔ ج آنَاءٌ وَاَنْآءٌ و نُئِيٌّ و نِئِيٌّ.

النَّائِي دور۔

الْمُنْتَأٰى دور جگہ۔ خیمہ کے ارد گرد چوبچہ۔

النَّاي بانسری۔ ج نَايَاتٌ (دخیل)

نَبَّ(ض) نَبًّا و نَبِيْبًا و نُبَابًا التَّيْسُ خاصۃً بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا۔

نَبَّبَ تَنْبِيْبًا النَّبَاتُ پورے دار ہونا۔

تَنَبَّبَ الْمَاءُ پانی کا بہہ پڑنا۔

النَّبَّةُ اسم مرۃ۔ بدبو۔

الْاُنْبُوْب بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا۔ ج اَنَابِيْب ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ مِنْ اُنْبُوْبِ الْكُوْزِ" اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا۔ اُنْبُوْبُ الْمَاءِ نالی۔ اُنْبُوْبُ الْكُوْزِ کوزہ کی ٹونٹی۔ الْاُنْبُوْبُ مِنَ الشَّجَرِ درختوں کی قطار۔ اَنَابِيْبُ الرِّئَةِ پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں۔

الْاُنْبُبُ و الْاُنْبُوْبَةُ بانس یا نرکل کا پورا۔

نَبَاَ(ف) نَبْأً و نُبُوْءًا الشَّئُ بلند ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَبَاَ سَمْعِيْ عَنْ كَذَا" میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی عَلَى الْقَوْمِ ظاہر ہونا۔ برآمد ہونا مِنْ اَرْضٍ اِلٰى اَرْضٍ ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا (نَبَاَ ف) نَبْأً آہستہ آواز نکالنا۔

نَبَّاَ تَنْبِئَةً و تَنْبِيْئًا و اَنْبَاَ فُلَانًا الْخَبَرَ و بِالْخَبَرِ خبر دینا۔ تم کہتے ہو نَبَّاْتُ زَيْدًا عَمْرًوا خَارِجًا یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے۔ وَاَنْبَاَ فُلَانًا دفع کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔

نَابَاَهٗ مُنَابَاَةً ایک دوسرے کو خبر دینا۔ نَابَاَ الْقَوْمَ دور ہونا۔ پڑوس چھوڑ دینا۔

تَنَبَّاَ تَنَبُّؤًا دعوی نبوت کرنا۔

اِسْتَنْبَاَ الرَّجُلَ خبر دریافت کرنا النَّبَاَ خبر کی تفتیش کرنا۔

النَّبَاُ خبر ج اَنْبَاءٌ.

النَّبْاَةُ آہستہ آواز یا کتے کی آواز۔

النُّبُوْءَةُ و النُّبُوَّةُ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی بات بتانا۔ پیشین گوئی کرنا۔ خدا کی طرف سے پیغامبری۔

النَّبِيْءُ و النَّبِيُّ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا۔ آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر۔ نسبت کیلئے نَبَوِيٌّ ج اَنْبِيَاءُ و نَبِيُّوْنَ و اَنْبَاءٌ و نُبَّاءٌ مؤنث نَبِيْئَةٌ ج نَبِيْئَاتٌ. النَّبِيُّ واضح راستہ۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا نَبِيْءٌ کی تصغیر نُبَيِّئٌ اور نَبِيٌّ کی نُبَيٌّ.

النَّابِئُ فا۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ رَجُلٌ نَابِئٌ و سَيْلٌ نَابِئٌ ایسی جگہ سے آنے والا کہ معلوم نہ ہو۔

نَبَتَ(ن) نَبْتًا و نَبَاتًا الْمَكَانُ سبزہ زار ہونا الْبَقْلُ سبزی کا اگنا (نُبُوْتًا) ثَدْيُ الْجَارِيَةِ پستان کا ابھرنا۔

نَبُتَ(ن) نَبْتَةً و نَبَاتًا الْاِنْسَانُ جوان ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبُتَ فُلَانٌ فِيْ مَنْبَتِ صِدْقٍ" یعنی فلاں نے سچے لوگوں میں پرورش پائی۔

اَنْبَتَ الْمَكَانُ سبزی والی ہونا الْبَقْلُ سبزی کا اگنا الْغُلَامُ لڑکے کا جوان ہونا۔ اَنْبَتَ اللّٰهُ الْبَقْلَ سبزی اگانا۔ صفت مَنْبُوْتٌ خلاف قیاس۔

نَبَّتَ الشَّجَرَ پودا لگانا الْحَبَّ دانہ بونا الصَّبِيَّ بچے کی پرورش کرنا۔

تَنَبَّتَ الشَّئُ ظاہر ہونا۔

النَّبْتُ مص۔ سبزی۔ ج نُبُوْتٌ واحد نَبْتَةٌ.

النَّبَاتُ مص۔ زمین سے جو کچھ اگے (پودا یا بیل یا گھاس) واحد نَبَاتَةٌ ج نَبَاتَاتٌ واَنْبِتَةٌ علم النَّبَاتِ وہ علم جس میں نباتات کی حقیقت اور ان کے افعال و خواص سے بحث ہو۔

النَّبَاتِيُّ ماہر علم نبات۔

النَّابِتُ نئی اُگی ہوئی سبزی۔

النَّابِتَةُ. النَّابِتُ کا مؤنث۔ اولاد۔ چوپاؤں کے بچے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ بَنِيْ فُلَانٍ لَنَابِتَةٌ

شرٌ" فلاں کی اولاد شر و فساد کے باعث ہیں۔
ج نوابت. النوابت: ناتجربہ کار نوجوان۔
النُبُوْت. درخت کی ٹہنی اور ڈنڈے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ج نَبَابِيْت.
التَنْبِيْت. س۔ درخت۔ پودا۔ درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں۔ج تَنَابِيْت.
المَنْبت. اگنے کی جگہ۔
المَنْبات. بہت روئیدگی والی زمین۔
اليَنْبُوْت. خشخاش کا پودا۔ خرنوب کا درخت ج يَنَابِيْت. واحد يَنْبُوْتة.
نَبَثَ (ن) نَبْثًا الْبِئْرَ: کنواں کھود کر مٹی نکالنا التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا عَنِ السِّرِّ او الْأَمْرِ: بھید کی یا معاملہ کی تفتیش کرنا فُلَانٌ: غضبناک ہونا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَنْبُثُ عَنْ عُيُوْبِ النَّاسِ" فلاں لوگوں کے عیوب کو ظاہر کرتا ہے۔
اِنْتَبَثَ التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا الشَّيْءَ: لینا۔
تنابثَ الْقَوْمُ: باہم بحث کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا يَزَالُوْنَ يَتَنَابَثُوْنَ عَنِ الْأَسْرَارِ وَ يَتَبَاحَثُوْنَ عَنِ الْأَخْبَارِ" وہ لوگ اسرار و اخبار کے متعلق ہمیشہ بحث کرتے رہے۔
اِسْتَنْبَثَ عَنِ السِّرِّ: تحقیق میں کوشش کرنا۔
النَّبْثُ. نشان۔ج اَنْبَاث.
النَبِيْث. شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبِيْثٌ نَبِيْثٌ"
النَبِيْثَة. کنوئیں وغیرہ سے نکالی ہوئی مٹی۔ بھید ج نبائث. کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ نبائثُهُمْ وَلَمْ تخف خبائثُهُمْ" ان کے بھید ظاہر ہوگئے اور ان کی خباثتیں پوشیدہ نہیں رہیں۔
نَبِيْثَةُ السَّبُعِ. ضرورت کے وقت کے لیے چھپایا ہوا گوشت۔
الْاُنْبُوْثَة. کوڑی چھول۔ بچوں کا ایک کھیل کہ مٹی کے نیچے کسی چیز کو چھپا دیتے ہیں جو نکال لیتا ہے وہ جیت جاتا ہے۔
نَبَجَ (ض) نَبِيْجًا. سخت آواز و درشت کلام ہونا۔ صفت نَبَّاج.
نَبَجَت (ن) نَبجا القبجة: چکور کا باہر نکلنا۔
اَنْبَجَ. کلام میں گڈمڈ کرنا۔ بلند ٹیلوں پر بیٹھنا۔
اِنْتَبَجَ و تَنَبَّجَ الْعَظْمُ: سوجنا۔
النَبْجة. ٹیلہ ج نِبَاج.
النَبَّاج. جھوٹا۔ کَلْبٌ نَبَّاجٌ و نُبَاجِيٌّ: بھونکنے والا کتا۔
النُبَاج. ناکارہ آدمی۔ گوز۔ نُبَاجُ الْكَلْبِ کتے کی آواز۔
النَبَّاجة. نَبَّاج کا مؤنث۔ چوتڑ۔ دبر۔
النابجة. مصیبت۔
النَبَاج. بلند ٹیلے۔
النَبْجان. دھمکی۔ وعید۔ج نِبَاج.
المِنْبَج. جھوٹے وعدے کرنے والا۔
النُبُج. کالے تھیلے۔
الاَبْنَج. آم۔
النَبِيج. کتے کی آواز۔
نَبَحَ (ف ض) نَبْحًا و نُبُوْحًا و نَبِيْحًا و نُبَاحًا و نِبَاحًا و تَنْبَاحًا الْكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔ صفت نابح ج نوابح و نُبَّح و نَبُوْح. کہا جاتا ہے "نبحه الْكَلْبُ و نبح عَلَيْهِ" اس پر کتا بھونکا۔ نباح کتے کی آواز کے لیے ہے مگر مجازاً ہرن اور بکرے وغیرہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ و نبح الشَّاعِرُ: کہا جاتا ہے "نبحتني كلابُك" تمہاری گالیاں مجھے پہنچیں۔
نَبَحَ (ف) نُبَاحا الْهُدْهُدُ: زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے موٹی آواز والا ہونا۔
نَابَحَهُ مُنَابَحةً الْكَلْبُ: کتے کا کسی پر بھونکنا۔
اَنْبَحَهُ و اسْتَنْبَحَهُ. بھونکانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَحَ الْاَضْيَافُ كَلْبَهُمْ" مہمانوں نے ان کے کتوں کو بھونکایا۔ عادت تھی کہ جب مسافر رات کو راستے میں بھٹک جایا کرتا تھا تو کتے کی طرح آواز نکالتا تاکہ آبادی کے کتے بھونکنے لگیں اور ان کی آواز سے اس کو راستہ کا پتہ لگ جائے۔ اور اسی وجہ سے رات کے آنے والے کو مُسْتَنْبِح کہتے تھے۔
النُبُوْح. س۔ قوم کا شور اور ان کے کتوں کی آوازیں۔ اور یہ نَبْح کی جمع ہے۔
النَبَّاح. تیز بھونکنے والا۔ چھوٹی سفید سیپی جس کو ہار میں ڈالا کرتے تھے۔ واحد نَبَّاحَةٌ.
كَلْبٌ نَبَّاحِيٌّ. بلند آواز سے بھونکنے والا کتا۔ ظَبْيَةٌ نَبْحاء. ممیانے والی ہرنی۔
المَنْبُوْح. جس کو گالی دی جائے۔
نَبَخَ (ن ض) نُبُوْخا الْعَجِيْنُ: خمیر اٹھنا۔
اَنْبَخَ الْعَجَّانُ: خمیر اٹھانا الرَّجُلُ: نرم زمین میں کھیتی کرنا۔
النَبْخ و النَبَخ. آبلہ۔ چھالا۔
النَبْخة و النَبَخة. بردیؔ ایک قسم کی گھاس جس سے کشتی کی درز کو بند کرتے تھے۔ گندھک۔
النَبْخة و النُبْخة. نکتہ۔
النابخة. دور کی زمین۔ تکبر سے بولنے والا۔ ج نَوَابِخ.
الاَنْبَخ. مرد سخت اندام۔ مٹیالے رنگ والا۔ بہت مٹی۔
الْاَرْضُ النَبْخاء. بلند زمین۔ نرم زمین۔ ج نَبَاخِي.
النَبَّاخ و الانْبَخان مِنَ الْعَجِيْنِ: اٹھا ہوا خمیر۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا الشَّيْءَ: پھینک دینا۔ الْاَمْرَ: بے کار کر دینا الْعَهْدَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "نبذ الى الْعَدُوِّ" اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا۔
نبذ و نَبَّذَ النَبِيْذَ: نبیذ بنانا العنبَ او التمرَ: نبیذ بنانا۔ و نَبَّذَ الشَّيْءَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا و نَبَذَانًا عِرْقُهُ: رگ کا حرکت کرنا (نبض میں ایک لغت ہے)
نَابَذَهُ مُنَابَذَةً و نباذا. دشمنی کی وجہ سے جدا ہونا ہُ الْحَرْبَ: اعلان جنگ کرنا۔

ہ فِي الْبَيْعِ: بیع منابذہ کرنا۔ اور اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ مشتری سامان پر کنکری پھینکتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس پر لگ جائے وہ اتنے میں میری ہے اس کو بیع منابذہ بیع القاء الحجر اور بیع الحصاۃ کہتے تھے۔

تَنابَذُوْا. باہم اختلاف کرنا۔ دشمنی سے علیحدہ ہونا۔

اِنْتَبَذَ النَّبِيْذَ: نبیذ بنانا العِنَبُ او التَّمْرُ: نبیذ بنا عَنِ الْقَوْمِ: قوم سے جدا ہونا فُلانٌ: گوشہ نشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَبَذَ اِلٰى نَاحِيَةٍ و اِنْتَبَذَ مَكَانًا" اس نے گوشہ بعید میں اپنے لیے جگہ بنالی۔

النَّبْذ. س۔ تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَالُهٗ و بَقِيَ نَبْذٌ مِنْهُ" اس کا مال برباد ہوگیا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا۔ ج اَنْبَاذ.

اَنْباذُ النَّاسِ اوباش لوگ۔

النَّبْذَة و النُّبْذَة. گوشہ۔ کہا جاتا ہے "جلس نَبْذَةً" وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا۔ اور کبھی چیز کے ٹکڑے کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج نُبَذ.

النَّبِيْذ. پھینکا ہوا۔ مؤنث نَبِيْذَة. انگور یا کھجور کی نچوڑی ہوئی شراب۔ شراب۔ ج اَنْبِذَة.

النَّبَّاذ. نبیذ بیچنے والا۔

المَنْبُوْذ. س۔ حرامی بچہ۔ بچہ جس کو اس کی ماں نے راستہ میں پھینک دیا ہو۔ آج کل کی زبان میں اچھوت کیلئے مستعمل ہے۔

المِنْبَذَة. تکیہ۔ ج مَنابِذ.

نَبَرَ (ض) نَبْرًا: الْغُلَامُ: بڑھنا المُغَنِّي: گویے کا آواز کو پست کے بعد بلند کرنا الرَّجُلَ: ڈانٹنا ہ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا الحَرْفَ: ہمزہ لگانا الشَّيْءَ: بلند کرنا۔

الرُّمْحَ عَنْهُ: جلدی سے اٹھانا۔

اَنْبَرَ الْاَنْبَارَ: کھٹیلا بنانا۔

اِنْتَبَرَ الْجُرْحُ: زخم کا سوجنا الْخَطِيْبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا الْجَسَدُ: جسم کا سوجنا

اِنْتَبَرَتْ يَدُهٗ: ہاتھ میں آبلہ ہونا۔

النَّبْر. س۔ بے شرم اور کہا جاتا ہے "طَعَنَ طَعْنًا نَبْرًا" اس نے جلدی سے نیزہ مارا۔

النِّبْر. ایک قسم کی مکھی یا چیچڑی۔ بہت زیادہ پستہ قد۔ ج نِبَار و اَنْبَار.

النِّبْر و الاَنْبار. کھٹیلا۔ غلہ و سامان رکھنے کی کوٹھری۔ ج اَنابِر و اَنابِيْر و اَنْبارات.

النَّبْرَة. نَبَر کا اسم مرۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا۔ جس کا ورم۔ پست آواز کے بعد بلند آواز۔ گھبراہٹ کی چیخ۔ چیز کا بلند حصہ۔

النُّبْرَة. بڑا لقمہ۔ ج نُبَر.

النَّبِيْر. پنیر۔ تم کہتے ہو "اَكَلْنَا النَّبِيْرَ" ہم نے پنیر کھایا۔

النَّبِيْر. مردوانا۔

النَّبُوْر. چوتڑ۔ دبر۔

النَّبَّار. چلانے والا۔ فصیح۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَّارٌ بِالْكَلَامِ" یعنی مرد فصیح۔

المِنْبَر. بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بنا پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ ج مَنابِر.

قَصائِدُ مُنْبَرَة و مَنْبُوْرَة. ایسے قصائد جن کا قافیہ ہمزہ ہو۔

النَّبَرِيْج: حقہ کی نالی۔ (فارسی لفظ)

النِّبْراس. چراغ۔ النبراس: نیزے کا بھالا۔ بہادر دلیر۔ شیر۔ ج نَبارِيْس.

النَّبارِيْس قریب قریب کنوئیں۔

النِّبْرِيْس. ہوشیار ماہر۔

النَّجْرُشْت: آدھ بھونا ہوا۔ (فارسی لفظ)

نَبَزَهٗ (ض) نَبْزًا و نَبَزَهٗ. عیب لگانا ہ بِكَذَا: برا لقب دینا۔

تَنابَزُوا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو شرم دلانا۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

النَّبَز. برا لقب۔ ج اَنْبار

النِّبْز. حسب اور عادات میں کمینہ۔

النُّبَزَة. لوگوں کو اکثر برا لقب دینے والا۔

نَبَسَ (ض) نَبْسًا و نُبْسَةً و نَبَسَ بِالْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ما نَبَسَ بِكَلِمَةٍ" السِّرَّ: بھید چھپانا۔ نَبَسَ الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ جلدی کرنا۔

اَنْبَسَ. جلدی کرنا۔ ذلت سے خاموش رہنا۔

النُّبُس. بولنے والے۔ اپنی ضروریات میں جلدی کرنے والے۔

رَجُلٌ اَنْبَسُ الْوَجْهِ: ترش رو مرد۔ مؤنث نَبْساء ج نُبْس.

نَبَشَ (ن) نَبْشًا. الشَّيْءَ الْمَسْتُوْرَ: ظاہر کرنا الْكَنْزَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا اور اسی سے ہے "نَبْشُ الْقَبْرِ" الْحَدِيْثَ: نکالنا السِّرَّ: پھیلانا عَنِ الْاَسْرارِ: بھیدوں کو نکال لینا۔ نَبَشَ لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا۔

اِنْتَبَشَ الشَّيْءَ مِنَ الْاَرْضِ. کھود کر نکالنا۔

النِّبْش. ایک درخت ہے جس کے پتے صنوبر کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سرخ رنگ کی بہت سخت ہوتی ہے۔

النَّبِيْشَةُ. زمین یا کنواں کھدا ہوا۔

النَّبَّاش. اسم مبالغہ۔ کفن چور۔

النِّباشَة. کفن چور کا پیشہ۔

الْاُنْبُوْش. جو کھودا جائے۔ الْاُنْبُوْش و الْاُنْبُوْشَة: جڑ سے اکھیڑا ہوا درخت۔ ج اَنابِيْش اَنابِيْش الْعُنْصُلِ ونحوه: جنگلی پیاز کی جڑیں۔

نَبَصَ (ض) نَبْصًا فِي الْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ما نَبَصَ بِكَلِمَةٍ" نبس میں ایک لغت ہے۔ اور نبس افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

نَبَصَ (ض) نَبِيْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔

النَّبْص. س۔ سبزی کی کونپل۔

النَّبْصَة. نبض کا اسم مرۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "ما سَمِعْتُ لَهٗ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

نَبَضَ (ض) نَبْضًا و نَبَضانًا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الْاَمْعاءُ: مضطرب ہونا۔ نَبَضَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا (نَبْضًا) الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

نبض (ن) نبوضا. الماءُ: پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔
نَبَّضَ فِی الْقَوْسِ و اَنْبَضَ الْقَوْسَ و عَنِ الْقَوْسِ و فِی الْقَوْسِ: آواز نکلنے کیلئے تانت کھینچنا اَنْبَضَ الْوَتْرَ و بِالْوَتْرِ: آواز نکلنے کے لیے کھینچنا۔
النبض. دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج اَنْبَاض و النبضة. ایک ضرب نبض کی۔
فُؤَادٌ نَبْضٌ و نَبَضٌ و نَبِضٌ. تیز دل۔
النابض. فا۔ تیر انداز۔ پٹھا۔ کہا جاتا ہے "نبض نابضهٗ" اس کا غصہ بھڑکا۔
المنبض. نبض دیکھنے کی جگہ۔ ج منابض.
المنبض. دھنیے کی کمان۔ ج منابض.
نبط (ض ن) نَبْطًا و نُبُوْطًا الماءُ: زمین یا چشمہ سے اُبلنا۔ نبط (ض ن) نَبْطًا و نَبَّطَ و انبط و تنبط و اسْتَنْبَطَ. البئرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ نبط و انبط و استنبط الشَّیَ: پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ اَنْبَطَ الْحُکْمَ: اجتہاد سے نکالنا۔ اَنْبَطَ فِیْهِ: اثر کرنا۔ اِسْتَنْبَطَهٗ: ایجاد کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ مِنْ فُلَانٍ خَیْرًا: نکالنا۔ اِسْتَنْبَطَ الْفَقِیْهُ: فقیہ کا اپنی سمجھ سے قرآن و حدیث کے باطنی معنی کو نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَطَ و اَنبط رایا حسنًا او معنًی صائبًا" اچھی رائے یا درست معنی ظاہر کرنا۔ و اسْتَنْبَطَ الْعَرَبُ: نبطی ہونا۔
تنبّط. نبطیوں کے مشابہ ہونا یا نبطیوں کی طرف منسوب ہونا۔
انتبط الْکَلامَ: اجتہاد سے نکالنا۔
النبط. کنوئیں کا پہلا پانی۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قَرِیْبُ الثَّرٰی بَعِیْدُ النَّبَطِ" جبکہ وعدہ کرے اور وفا نہ کرے۔ ج اَنْبَاط و نُبُوْط: مرد کی اندرونی حالت۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا یُدْرَكُ نَبْطُهٗ" فلاں کی اندرونی حالت اور اس کے علم کی گہرائی نہیں معلوم کی جا سکتی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

النبط. ایک عجمی قوم جو عراقین کے درمیان آباد رہتی تھی۔ پھر اس لفظ کا استعمال عوام الناس کیلئے ہونے لگا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے کَلِمَةٌ نَبَطِیَّةٌ یعنی عام کلمہ۔ واحد نَبَطِیٌّ و نَبَاطِی و نَبَاطٌ. ج اَنْبَاط و نَبِیْط.
النُّبْطَة. کنوئیں کا پہلا پانی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔
الاَنْبَطُ مِنَ الخَیْلِ: بغل اور پیٹ کی سپیدی والا گھوڑا۔ مؤنث نَبْطَاءُ ج نُبْط.
نَبَعَ (ن) و نبع (س) و نَبُعَ (ک) نَبْعًا و نُبُوْعًا و نبعانًا الماءُ: چشمہ سے نکلنا۔
تَنَبَّعَ الماءُ: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔
النبع. س۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَرَعُوْا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ" وہ لوگ باہم ملے اور آپس میں نیزہ بازی کی "وما رایتُ اَصْلَبَ مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا عند المولدین: پانی کا چشمہ اور عرب کے امثال سے ہے "لَوْ اقْتَدَحَ بِالنَّبْعِ لَاَوْرَی نَارًا" اگر درخت نبع کی لکڑی سے آگ نکالے تو بھڑکا دے یہ مثال جودت رائے کیلئے بیان کی جاتی ہے اسلئے کہ درخت نبع کی لکڑی آگ نہیں پکڑتی۔
النبعة. النبع کا واحد۔ کمان پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ نَبْعَةٍ کَرِیْمَةٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔
النابع: وہ قلم جس میں سیاہی موجود ہو۔
النابعة. النابع کا مؤنث۔ ج نوابع.
نوابعُ الْبَعِیْرِ: اونٹ کے پسینہ والے اعضاء۔
النبیع. پسینہ۔
النباعة. دُبر۔ بچے کی چندیا جب تک کہ نرم ہو اور جب سخت ہو جائے تو اس کو یافوخ کہتے ہیں۔
النبعیّة. درخت نبع کی بنی ہوئی کمان۔
المنبع. چشمہ۔ ج منابع.
الینبوع. چشمہ۔ بہت پانی والا نالہ ج ینابیع۔ کہا جاتا ہے "فَجَّرَ اللّٰهُ یَنَابِیْعَ الْحِکْمَةِ عَلٰی لِسَانِهٖ" اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی کے چشمے اس کی زبان پر جاری کر دیئے۔

نَبَغَ (ف ن ض) نَبْغًا و نُبُوْغًا الشَّیُ: نکلنا اور ظاہر ہونا الماءُ: پانی کا چشمہ سے نکلنا الوِعَاءُ بِالدَّقِیْقِ: چھننا الشَّرُّ: پھیلنا؛ ظاہر ہونا رَاْسُهٗ: سر میں بھوسی ہونا الرَّجُلُ: عمدہ اشعار کہنا فِی الْعِلْمِ وَغَیْرِهٖ: فائق ہونا فِی الدُّنْیَا: آسودہ زندگی والا ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَغَ فِیْهِمُ النِّفَاقُ" ان کے اندر نفاق ظاہر ہو گیا بعد اس کے کہ وہ چھپاتے تھے۔
اَنْبَغَ الْبَلَدَ: شہر میں بہت آنا جانا اِلنَّاخِلُ: آٹا چھاننا۔
النبغ و النباغ. چکی کا غبار۔
نَبْغَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔
النابغة. ج نوابغ. فصیح۔ مرد عظیم الشان
النوابغ: آٹھ فصیح و بلیغ شاعروں کا لقب۔ اور نسبت کے لیے النابغی. النوابغ: مادہ لومڑیاں۔
النابغة. کلمہ فصیحہ۔
النبیغ. مرد عظیم الشان۔ ج نبغاء.
النباغ و النبّاغ و النباغة و النبّاغه. آٹا۔ سر کی بھوسی۔ مَحَجَّةٌ نُبَاغَةٌ: گرد و غبار والا راستہ۔
نَبَقَ (ن) نَبْقًا الشَّیُ: نکلنا اور ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لکھنا۔
نَبَّقَ الشَّیُ: نکلنا اور ظاہر ہونا الرَّجُلُ لکھنا الْکِتَابَ: ترتیب سے لکھنا الشَّجَرَ: ترتیب سے پودے لگانا النَّخْلُ: خراب ہونا اور کھجوروں کا بیری کے مانند چھوٹا ہونا۔
نبق و نبّق و انبق. وادی میں ایک قطار میں پودا لگانا۔
انتبق الْکَلامَ: نکلوانا۔
النبق. س۔ میٹھا آٹا جو درخت خرما کے تنہ سے بنایا جاتا ہے۔
النبق و النبِق و النِّبق و النبَق. بیری واحد۔ نبقة.
النبیقة. انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ میں گرہ

جبکہ بڑی ہو جائے۔ ج نَبَائِق.

نَبَكَ (ن) نُبُوْكًا و اِنْتَبَكَ الْمَكَانُ بلند ہونا۔

النَابِك. بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَابِكٌ و اَرْضٌ نَابِكَةٌ" ج نَوَابِك.

النَبْكَة و النَبَكَة. نوک دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ۔ ج نَبَك و نُبُك و نِبَاك و نُبُوْك. النَبَكَة درخت کی جڑ۔

نَبَلَ (ن) نَبْلًا الرَّجُلَ: تیر مارنا یا تیر دینا نَبَلَ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا ہ بِالطَّعَامِ: تھوڑا تھوڑا دے کر مشغول رکھنا الرَّجُلُ: تیز چلنا الْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ہُ: نجابت و شرافت میں غالب ہونا بِہ: نرمی برتنا عَلَى الْقَوْمِ: تیر اندازی کے لیے چن چن کے دینا۔

نَبُلَ (ک) نَبَالَةً. نجیب و شریف ہونا۔ صفت نَبْل و نَبِيْل. مؤنث نَبْلَة و نَبِيْلَة ج نِبَال و نَبَائِل و نَبْلَات و نَبِيْلَات. نَبُلَ عَنْ كَذَا: بڑا ہونا۔

نَبَّلَ الرَّجُلَ: تیر دینا۔ استنجے کے ڈھیلے دینا۔

اَنْبَلَه. تیر دینا۔ اَنْبَلَ الْقِدَاحَ: موٹے بدنما تیر بنانا النَخْلُ: درخت خرما میں پکی کھجوریں ہونا۔

نَابَلَهُ مُنَابَلَةً. نجابت و شرافت میں مقابلہ کرنا۔

تَنَبَّلَ. ذکی ہونا۔ نجیب و شریف ہونا۔ اذکیاء و شرفاء کے مشابہ بننا۔ مرنا الْمَالَ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ تَنَبَّلَتِ الْخُطُوْبُ: حوادث کا بڑا ہونا۔

تَنَابَلَ الْقَوْمُ: شرافت یا تیر سازی میں مقابلہ کرنا۔

اِنْتَبَلَ. مرنا اور بدبودار ہونا فُلَانًا: قتل کرنا الْخَطْبُ: حادثہ کا بڑا ہونا لِلْاَمْرِ: خبردار اور مستعد ہونا الشَّیْءَ: یکبارگی اور جلدی اُٹھانا۔

اِسْتَنْبَلَ الْمَالَ: عمدہ لینا الرَّجُلَ: تیر طلب کرنا۔

النَبْل. مص۔ تیر۔ واحد نَبْلَة ج نِبَال و اَنْبَال و نُبْلَان. نَبْلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔

النُبْل. ذکاوت۔ نجابت۔ شرافت۔ فضیلت۔ کمال جسم۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبْلَةً" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَبَل و النُبَل. بڑے بڑے یا چھوٹے چھوٹے پتھر۔ واحد نَبَلَة و نُبْلَة.

رَجُلٌ نَبَلٌ. مرد شریف۔ مؤنث نَبَلَةٌ.

النُبْلَة. عطیہ۔ ثواب اور بدلہ۔ چھوٹا لقمہ و نُبْلَةُ كُلِّ شَیْءٍ: عمدہ چیز۔ ج نُبَلَات.

النَبَالَة. مص۔ ذکاوت۔ نجابت و شرافت و فضیلت۔

النِبَالَة. تیر سازی کا پیشہ۔

النُبَالَة. کسی چیز کے پورا کرنے کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبَالَتَه" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَبْل و النَبِيْل. شرافت والا۔ فضیلت والا النَبِيْل: بڑے جسم والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ نَبِيْلُ الرَّاْیِ" وہ عمدہ رائے والا ہے۔ ج نِبَال.

النَبِيْلَة. نَبِيْل کا مؤنث۔ مردار ج نَبَائِل.

النَابِل. ج نُبَّل و نَبَل و النَبَّال. ج نَبَّالَة: تیر والا۔ تیر انداز۔ تیر ساز۔ تیر اندازی میں ماہر کہتے ہیں "اِخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ" مثال ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے۔ کہا گیا ہے کہ حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔

الاَنْبَل. اسم تفضیل۔ تیر اندازی کا زیادہ جاننے والا۔

التِنْبَال و التِنْبَالَة. دیکھئے۔ تنبل۔

نَبِهَ (س) نَبَهًا لِلْاَمْرِ: سمجھ جانا۔

نَبِهَ (س) نَبْهًا مِنْ نَوْمِه: نیند سے بیدار ہونا۔

نَبَهَ (ن) و نَبِهَ (س) و نَبُهَ (ک) نَبَاهَةً شریف ہونا۔ مشہور ہونا۔ صفت نَابِهٌ و نَبِهٌ و نَبْهٌ و نَبِيْهٌ.

نَبَّهَهُ مِنْ نَوْمِه: نیند سے بیدار کرنا ہ عَلٰی او اِلَى الْاَمْرِ: واقف کرنا۔ جتلانا۔ نَبَّهَ بِاسْمِه مشہور کرنا۔ گمنامی سے نکالنا۔

اَنْبَهَ الْحَاجَةَ: بھولنا۔ ہ مِنَ النَوْمِ: بیدار کرنا۔

تَنَبَّهَ مِنْ نَوْمِه: نیند سے بیدار ہونا عَلٰی او لِلْاَمْرِ: واقف ہونا۔ سمجھ جانا۔

اِسْتَنْبَهَ مِنْ نَوْمِه: نیند سے بیدار ہونا۔

النُبْه. سمجھ۔

النَبَه. مص۔ کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش و جستجو کے مل جائے۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَالَّةَ نَبَهًا" میں نے گم شدہ چیز کو بغیر تلاش کے پالیا۔ مشہور۔ شئے موجود۔

النَبَاهَة. شرافت۔ سمجھ۔ شہرت۔

النَابِه و النَبِه و النَبِيْه. شریف۔ سمجھ دار۔ شہرت والا۔ ج نُبَهَاء اَمْرٌ نَابِهٌ: بڑا کام۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَهٌ" مرد شریف و "قَوْمٌ نَبَهٌ" یعنی شرفاء (مفرد اور جمع کے لیے اس لیے کہ مصدر ہے)

النَبَاه. اوپر کو نکلا ہوا بلند۔

المَنْبَهَة. سبب بیداری۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْبَهَةٌ عَلٰى كَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے۔

رَجُلٌ مَنْبُوْهُ الْاِسْمِ: مشہور و معروف۔

نَبَا يَنْبُوْ نَبْوَةً و نُبُوًّا و نُبِيًّا بَصَرُه: نگاہ کا دھندلا ہونا۔ صفت نَابٍ الشَّیْءُ: دور ہونا اور پیچھے ہونا (نَبْوًا و نَبْوَةً) السَّيْفُ عَنِ الضَّرِيْبَةِ تلوار کا اچٹ جانا جَنْبُهُ عَنِ الْفِرَاشِ: بے چین رہنا السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا الطَّبْعُ عَنِ الشَّیْءِ: نفرت کرنا عَنِ الشَّیْءِ: زائل ہونا بِیْ فُلَانٌ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَتْ بِیْ تِلْكَ الْاَرْضُ" یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی الْمَكَانُ بِفُلَانٍ: ناموافق ہونا عَلَيْهِ الْاَمْرُ او الصَّاحِبُ: کھرا نہ ہونا۔ صاف نہ ہونا۔

نَبَتْ صُوْرَةُ فُلَانٍ: بدصورت ہونا۔ یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے۔

اَنْبَی السَّيْفَ: تلوار کو کند کرنا۔

النَبْوَة. مص۔ نَبْوَةُ الزَّمَانِ: زمانہ کی سختی

(والنباوۃ) بلند زمین۔
النبی والنبوّۃ: پیغامبر و پیغامبری۔
(دیکھئے مادہ نبأ) والنبیّ من الأرض: بلند زمین۔
النبائۃ۔ شرافت و ریاست کی طلب۔ پیش قدمی۔
النبو۔ بلندی وارتفاع۔
النابی۔ چوکنے والی تلوار یا تیر۔ موٹا۔ لڑائی میں پشت پھیرنے والا۔
النابیہ۔ النابی کا مؤنث۔ کمان۔
نَتَّ (ض) نَتِیْتًا القِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَتَّ (ن) نَتًّا و نَتِیْتًا مِنْخَرُہٗ: غصے سے نتھنے پھلانا۔
نَتَّتَ الخَبَرَ: بیان کرنا۔
تَنَتَّتَ الرَّجُلُ: صفائی کے بعد گندہ ہونا۔
النُّتَّۃُ: چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔
نَتَا (ف) نَتْأً و نُتُوْءًا۔ الشَّیُٔ: بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ بلند ہونا۔ پھولنا القَرْحَۃُ: زخم کا سوجنا الثَّدْیُ: پستان ابھرنا الجَارِیَۃُ: بالغ ہونا علی القَوْمِ: ظاہر ہونا۔
اِنْتَتَأَ الشَّیُٔ: بلند ہونا۔
النَّاتِیُٔ: فا۔ ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ۔ اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے نَاتِیٌ جیسے قارِیٌٔ و قَارِی۔
النُّتُوْءُ۔ مص (والنَّتْأَۃ) ٹیلہ۔
نَتَبَ (ن) نُتُوْبًا الشَّیُٔ: بمعنی نَتَا۔
نَتَجَ (ض) نَتْجًا المَاخِضَ مِنَ البَہَائِمِ: بچہ جننے میں خبر گیری کرنا۔ صفت نَاتِجٌ۔ بھیمۃ کو مَنْتُوْجَۃ اور بچے کو نَتِیْجَۃ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَتَجَہَا وَلَدًا" اس نے بچہ جنوایا۔ و نَتَجَ الرَّجُلُ الحَامِلَ: حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچہ دیا۔ نَتَجَ الشَّیُٔ مِنَ الشَّیئِ: نتیجہ نکلنا۔
نَتَجَتْ و نُتِجَتْ نَتَاجًا و اُنْتِجَتْ البَہِیْمَۃُ وَلَدًا: جننا۔ و نُتِجَ الوَلَدُ: جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نَتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ" بارش برسانا۔ نُتِجَ القَوْمُ: بچہ والی مویشی کا مالک ہونا۔
نَتَّجَ: بمعنی نَتَجَ۔ تشدید تکثیر کے لیے ہے۔
اَنْتَجَ القَوْمُ: حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔
اَنْتَجَتِ البَہِیْمَۃُ: جننے کے قریب ہونا۔ صفت نَتُوْجٌ اور مُنْتِجٌ نہیں کہا جاتا۔ اَنْتَجَ الشَّیَٔ مِنَ الشَّیئِ: نتیجہ نکالنا۔
اَنْتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ: بارش برسانا۔
تَنَتَّجَتِ البَہِیْمَۃُ: ولادت کے وقت پیچ و تاب کھانا۔ اِنْتَتَجَتْ و تَنَاتَجَتِ الإِبِلُ: بچہ جننا واِنْتَتَجَتِ النَّاقَۃُ غیر معروف جگہ میں بچہ دینا۔ اِسْتَنْتَجَ۔ بچہ جنوانا۔ نتیجہ نکالنا۔
النِّتَاجُ۔ جانوروں کے بچہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَّاقَۃِ نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل ہے۔
النَّتِیْجَۃُ۔ بچہ۔ نتیجہ۔ ج نَتَائِجُ۔ اور کہا جاتا ہے "غَنَمُ فُلانٍ نَتَائِجُ" فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں۔
النَّاتِجُ۔ فا۔ لِلْبَہَائِمِ: جنانے والا۔
النَّتُوْجُ۔ حاملہ چوپایہ۔
المَنْتِجُ۔ بچہ جننے کا وقت۔
المُنْتَجَۃُ۔ دبر۔
نَتَحَ (ن ض) نَتْحًا و نُتُوْحًا العَرَقُ: پسینہ نکلنا الدَّسَمُ مِنَ الإِنَاءِ: چکنائی کا برتن سے رسنا۔ نَتَحَہُ الحَرُّ: پسینہ لانا۔
اِنْتَتَحَ الشَّیَٔ: اکھیڑنا۔
النَّتْحُ۔ مص۔ پسینہ۔
النُّتُوْحُ۔ مص۔ درخت کا گوند۔
زِقٌّ نَتَّاحٌ: ٹپکنے والی مشک۔ المَنْتَحُ۔ جسم سے پسینہ نکلنے کی جگہ۔ ج مَنَاتِحُ۔
المِنْتَحَۃُ۔ دبر۔
نَتَخَ (ض) نَتْخًا الشَّیَٔ: اکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَخَ القَلَّاعُ الضِّرْسَ" دانت اکھیڑنے والے نے داڑھ اکھیڑ لی و نَتَخَتْہُ المَنِیَّۃُ مِنْ بَیْنِ قَوْمِہٖ" موت نے اس کو قوم کے درمیان سے لے لیا۔ نَتَخَ البَازِی اللَّحْمَ: باز کا چنگل سے جھپٹا مارنا۔ النّہ بِبَصَرِہٖ: دیکھنا الثَّوْبَ بِالذَّہَبِ: سونے سے بننا فُلانًا: اہانت کرنا (نَتِیْخًا و نَتْخ) بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا نَتَخَ عَلٰی مِلَّۃِ کَذَا: ثابت قدم رہنا۔
المِنْتَاخُ۔ موچنا۔ تم کہتے ہو "نَتَخْتُ الشَّوْکَۃَ مِنْ رِجْلِیْ بِالْمِنْتَاخِ" میں نے کانٹے کو اپنے پیر سے موچنے سے نکال لیا۔
نَتَرَ (ن) نَتْرًا الشَّیَٔ: سختی سے کھینچنا۔ اچک لینا القَوْسَ: کمان کھینچنا الثَّوْبَ بِالأَصَابِعِ او الأَضْرَاسِ: کپڑے کو پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا الکَلَامَ: درشت کلامی کرنا ہٗ بِالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔
نَتِرَ (س) نَتَرًا الشَّیُٔ: فاسد ہونا۔ ضائع ہونا۔
اِنْتَتَرَ۔ کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَرَہٗ فَانْتَتَرَ" اس نے اسے سختی سے کھینچا وہ کھنچ گیا اِنْتَتَرَ فِی مِشْیَتِہٖ چلتے ہوئے ٹیک لگانا۔
النَّتْرُ۔ مص۔ کام میں کمزوری و سستی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "قَابَلْتُہٗ بِنَتْرٍ" میں نے اس کا سختی سے مقابلہ کیا "واطْعَنُوا النَّتْرَ" زور سے نیزہ مارو۔
النَّتْرَۃُ۔ نتر کا اسم مرۃ۔ پار ہو جانے والی ضرب نیزہ۔ ج نَتَرَات۔
النَّاتِرَۃُ: تانت ٹوٹی ہوئی کمان۔ ج نواتر کہا جاتا ہے کَلَّمْتُہٗ مُنَاتَرَۃً میں نے اس سے بلند آواز سے گفتگو کی۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا الشَّوْکَۃَ و نَحْوَہَا: نکالنا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا اللَّحْمَ و نَحْوَہٗ: گوشت وغیرہ کو دانت سے نوچنا الجَرَادُ الأَرْضَ: زمین کی سبزی کھا جانا الرَّجُلُ لِعِیَالِہٖ: کمائی کرنا ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا الحَجَرَ بِرِجْلِہٖ: پتھر کو پاؤں سے ہٹا دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَتَشْتُ مِنْ فُلانٍ شَیْئًا" میں نے فلاں سے کچھ نہیں حاصل کیا اور کچھ نہیں لیا۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا و تَنَاتَشَا الرَّجُلُ: پیٹھ پیچھے عیب جوئی کرنا۔

اَنْتَشَ النَباتُ: نباتات کا زمین سے ظاہر ہونا (قبل اس کے کہ پہچانی جا سکے کہ کیا ہے)۔

النَتَش. ابتدائی روئیدگی۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْتاش. موچنا۔

تَناتِيشُ الدَّيْن: قرض کا بقایا۔

نَتَض (ن) نُتوضًا الجِلْدُ: داد وغیرہ جیسے مرض سے چھلکے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے اِنْتَضَتِ السِنُّ السِنَّ۔

نَتَع (ن ض) نُتوعًا الدَّمُ مِنَ الجُرْحِ او الماءُ مِنَ العَيْن: خون کا زخم سے یا پانی کا چشمہ سے تھوڑا تھوڑا نکلنا۔ صفت ناتِع۔

اَنْتَعَ الرَّجُلُ: سخت پسینہ آنا۔ القَيُّ: بہت قے ہونا۔

نَتَغ (ن ض) نَتْغًا الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔ تہمت رکھنا۔

اَنْتَغ. ہنسی اڑانا۔ ہٗ: غیبت کرنا۔

المِنْتَغ. وہ شخص جس کی عادت لوگوں کی غیبت کرنے کی ہو۔

نَتَف (ض) نَتْفًا و نَتَّفَ و اِنْتَتَفَ الشَعْرَ او الرِّيشَ و نَحْوَهُ: بال یا پر نوچنا۔ اُکھیڑنا

نَتَفَ فِي القَوْسِ: آہستہ کھینچنا۔

اَنْتَفَ الكَلَأُ: اُکھیڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْتَتَفَ و تَنَتَّفَ و تَناتَفَ الشَعْرُ او الرِّيشُ: بال یا پر اُکھیڑ اجانا۔

النُتْفَة. گھاس وغیرہ جو انگلیوں سے اُکھیڑی جائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطاهُ نُتْفَةً مِنَ الطَعامِ وغيرِه" یعنی اس نے اسے تھوڑا سا کھانا دیا۔ اور ایسا ہی "اَفادَهُ نُتْفَةً مِنْ عِلْمٍ" اس نے اسے تھوڑا سا علم سکھلایا۔ ج نُتَف۔

النُتَفَة. وہ شخص جو علم وغیرہ کو پوری طرح سے حاصل نہ کر سکے۔

النُتاف والنُتافَة. جو اُکھیڑتے ہوئے گرے۔

النَتِف والنَتِيف. اُکھیڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "غُرابٌ نَتِفُ الجَناحِ" پروبال نچا ہوا کوا۔

النَتُوف. داڑھی کے بال اُکھیڑنے کا شائق۔

المِنْتاف. موچنا۔ چمٹی۔

نَتَق (ن ض) نَتْقًا الجِرابَ: توشہ دان کو جھاڑنا۔ الجِلْدَ: کھال اتارنا۔ الشَيْءَ: پھاڑنا۔ ہلانا۔ بلند کرنا۔ پھیلانا۔ نَتَقَتِ المَرْأَةُ او النَّاقَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ صفت ناتِق و مِنْتاق۔ عوام النَتَق والنِتاق کو قے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور اس سے افعال بناتے ہیں۔

نَتَق (ن ض) نُتُوقًا. موٹا ہونا۔

نَتِقَت (ض) نَتْقًا و نُتُوقًا الدابَّةُ راكِبَها و بِراكِبِها: چوپایہ کا اپنے سوار کو تھکا دینا۔

اَنْتَق. توشہ دان جھاڑنا۔ بہت بچوں والی عورت سے نکاح کرنا۔ اپنا گھر غیر کے گھر کے مقابل بنانا۔

اِنْتَتَقَ الشَيْءُ: کھنچ جانا۔ الجِرابُ: توشہ دان جھاڑا جانا۔

الناتِق. فا۔ آگ دینے والا چقماق۔ گھوڑا جو اپنے سوار کو تھکا دے۔ ماہِ رمضان۔ کہا جاتا ہے "بَنى دارَهُ نِتاقَ دارِي" اس نے اپنا گھر میرے گھر کے سامنے بنایا۔

نَتَل (ض) نَتْلًا الشَيْءَ: آگے کھینچنا۔ فلانًا: ڈانٹنا۔ الجِرابَ: توشہ دان جھاڑنا یا سب کچھ نکال دینا۔ نَتْلًا و نُتُولًا و نِتالًا مِنْ بَيْنِ اَصْحابِه: آگے بڑھ جانا۔

اِنْتَتَل. سبقت کرنا۔

تَناتَلَ النَبْتُ: پیچیدہ ہونا اور بعض کا بعض سے بڑا ہونا۔

اِسْتَنْتَلَ مِنْ بَيْنِ اَصْحابِه: پیش قدمی کرنا۔ لِلاَمْر: تیاری کرنا۔ القَوْمُ عَلَى الماءِ: پانی پر پہلے پہنچ جانا۔

النَتْل والنَتَل. شتر مرغ کا انڈا جو پانی بھر کر جاڑے کے زمانہ میں دور دور میدانوں میں زمین کے اندر دبا دیا جاتا ہے تاکہ گرمی کے زمانہ میں جب پانی کی ضرورت پڑے تو کام آئے۔

رَجُلٌ نَتْلٌ: مرد پستہ قد۔

النَتِيلَة. وسیلہ۔

نَتَن (ض) و نَتِنَ (س) نَتَنًا و نَتُنَ (ک) نَتانَةً و نُتُونَةً و اَنْتَنَ. بدبودار ہونا۔ صفت نَتِنٌ و نَتِينٌ و مُنْتِنٌ و مِنْتِنٌ اور نَتِن کی مؤنث نَتْنى جیسے زَمِن کی زَمْنى۔

نَتَّنَ الشَيْءَ: بدبودار کرنا۔

النَيْتُون. ایک بدبودار درخت۔

المِنْتِين. بدبودار۔ ج مَناتِين۔ کہا جاتا ہے "رِجالٌ او آباطٌ مَناتِين" بدبودار لوگ۔ یا بدبودار بغل۔

المَناتِن. بدبو کی جگہیں۔ واحد مَنْتَن۔

نَتا يَنْتُو نُتُوًّا العُضْوُ: سوجنا۔ صفت ناتٍ۔

اَنْتَى اِنْتاءً. پیچھے ہٹنا۔ ہٗ: صورت وسیرت میں مشابہ ہونا۔

تَنَتّى عَلَيْه: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔

اِسْتَنْتى اِسْتِنْتاءَ الدُمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔

نَتَّ (ن ض) نَتًّا الخَبَرَ: پھیلانا۔ الجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔

نَثَّ (ض) نَثًّا و نَثِيثًا الزِقُّ: مشک کا ٹپکنا۔ الرَجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا۔ العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔

تَناثَّ القَوْمُ الاَخْبارَ: ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔

النَثُّ. مص۔ نمناک دیوار۔

النِثاث. زخم پر لگانے کا تیل۔

النَثِيثَة. مشک سے ٹپکا ہوا۔

النَثّاث والمِنَثّ. بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔

النُثّاث. غیبت کرنے والے۔ واحد ناثٌّ۔

المِنَثَّة. اون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں۔ ج مَناثّ و مِنَثّات۔

نَتَج (ض) نَتْجًا بَطْنَهُ بالسِكّين: پیٹ پھاڑنا۔ ما فِي بَطْنِه: آنتوں کو خالی کر دینا۔

اِسْتَنْتَجَ. احد العدلين: ڈھیلا پڑ جانا۔

النَتْج. بزدل۔ بے برکت۔

المِنْتَحَة. دبر۔

نَثَدَ (س) نُثُوْدًا الرجلُ: ٹھہرنا الکَمْأةُ: سانپ کی چھتری کا اُگنا۔
نَثَر (ن ض) نَثْرًا و نِثَارًا الشّیْئَ: بکھیرنا۔ نثر میں گفتگو کرنا الدِّرْعَ مِنْهُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نثرتِ المرْأةُ بطْنها" یعنی اس کے بچے بہت ہوئے "واخذَ فُلانٌ دِرْعا فنثرَها علی نفسِهِ" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔
نَثَرَت (ض) نثِيرًا الدَّابَّةُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کیلئے ہے جیسے عُطاس آدمیوں کے لئے۔
اَنْثَر۔ ناک جھاڑنا ہٗ: ناک کے بل گرانا۔
نَثَّر الشّیئَ: بکھیرنا۔
تَنَثَّر و تناثر و انْتثر الشّیُ: بکھرنا۔ کہا جاتا ہے "تناثر القومُ" قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔
اِنْتَثَر و اِسْتَنْثَر۔ ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔
النَّثْر۔ مص۔ ضد نظم۔
النَّثْرَةُ۔ نثر کا اسم مرۃ کلام نثر کا ایک ٹکڑا۔ نتھنا اور اس کا اردگرد۔ چھینک۔ کشادہ زرہ۔ دونوں طرف کی مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
النِثِر والمِنثر والنَیْثُران۔ بہت بولنے والا۔ بھیدوں کا بہت ظاہر کرنے والا۔
رَجُلٌ نَثُوْرٌ او امْرأةٌ نَثُوْرَةٌ۔ بہت صاحب اولاد مرد یا عورت۔
النَّثِيْر۔ بکھیرا ہوا۔ کلام نثر۔ کہا جاتا ہے "کانّ لفظهٗ نثِير الدُرّ و الدُرُّ النثِيْر" گویا اس کے الفاظ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔
النُّثارة والنُّثار والنَثَر۔ بکھری ہوئی چیزیں۔
النِثار۔ مص۔ شادی کے موقعہ پر جو بکھیرا جائے۔
النَّاثِر۔ فا۔ نثر بولنے والا یا لکھنے والا۔ نخلةٌ ناثِرٌ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المُنْثَر۔ مف۔ ہیچ و ناکارہ آدمی۔
المِنْثار۔ کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المَنْثُوْر۔ مف۔ من الکلام: ضد منظوم
المَنْثُوْر: ایک تیز خوشبو والا پھول دار پودہ۔ واحد منثورة
نَثَطه (ن) نثْطًا فُلانًا: بوجھل کرنا۔
الکَمْأةُ: سانپ کی چھتری کا زمین سے نکلنا (نَثْطًا و نُثُوْطًا) ساکن ہونا؛ قرار پانا۔
نَثَّطَهٗ: آرام دینا۔
اَنْثَع۔ بہت قے کرنا القیُ او الدمُ: قے یا خون نکلنا۔
نَثَلَ (ن) نَثْلًا الفرسُ و کُلُّ ذی حافِرٍ: لید کرنا۔
نَثَلَ (ن ض) و انتثلَ البئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا الجرابَ: توشہ دان خالی کرنا الکِنانةَ: ترکش سے تیروں کو نکالنا اور بکھیر دینا۔ نثلَ الدِّرْعَ عنْهُ: زرہ کو اتار پھینکنا اللَّحْمَ فی القِدْرِ: گوشت کو ہانڈی میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈالنا علی فُلانٍ دِرْعَهٗ: زرہ پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے "نُثلتْ حفْرتُهٗ" یعنی اس کی قبر کھودی گئی۔
اَنْثَلَ البئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
تَناثَلَ القَوْمُ اِلَیْهِ: اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔
اِسْتَنْثَلَ الکِنانةَ: ترکش سے تیروں کو نکال کر بکھیرنا۔
النَّثَل۔ کھودا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بئْرُكَ نَثَلٌ" تمہارا کنواں کھدا ہوا ہے۔
النَّثْلَةُ نثل کا اسم مرۃ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ کشادہ زرہ۔
النَّثِيْل۔ لید۔
النُّثالة والنَّثِيلة کنوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔ بقِيَّة النَّثِيلة: موٹا گوشت۔
المِنْثَلة زنبیل۔
نَثَمَ (ض) نَثْمًا و انْتثم۔ فحش بکنا۔
نَثَا يَنْثُو نَثْوًا الحدیثَ: بیان کرنا۔ پھیلانا الشّیئَ: متفرق کرنا فُلانًا: غیبت کرنا علَيْهِ قَوْلًا: کسی کی جانب سے خبر دینا۔
تَناثَی القَوْمُ الحدِيثَ: آپس میں ایک دوسرے سے کہنا الشّیئَ: ایک دوسرے کو یاد دلانا۔
النَّاثي۔ فا۔ غیبت کرنے والا۔
النَّثْوة. لوگوں کی عیب جوئی۔
النَّثا۔ کسی کے متعلق اچھی یا بری خبر۔
نَثی يَنْثِي نَثْيًا الخبرَ: بیان کرنا یا پھیلانا۔
اَنْثی مِنَ الشّیئِ: ناک بھوں چڑھانا۔ فُلانًا: غیبت کرنا۔
نَجّ (ض) نجًّا و نَجِيجًا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ صفت نَجُوج القَرْحَةُ: زخم سے مواد بہانا۔
نَجّ (ن) نجًّا الشّیئَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے پھینکنا۔
نَجَاهٗ (ف) نَجْأً و تنَجَّأهٗ و انْتجأهٗ نظر بد لگانا۔
رَجُلٌ نَجُوُ العين و نَجُوْؤُها و نجِئُها و نجِيْئُها۔ بہت تیز نظر لگانے والا۔
نُجْأةُ السَّائِلِ: مانگنے والے کی حریصانہ نظر۔
نَجُبَ (ک) نَجابةً الوَلَدُ: شریف الاصل ہونا۔ قول و فعل میں لائق ستائش ہونا۔ صفت نَجِيْبٌ.
نَجَبَ (ض ن) نَجْبًا و نَجَّبَ و اِنْتجب الشَّجرةَ: درخت سے چھال اتارنا۔ و انتجب الشّیئَ: چننا۔ برگزیدہ کرنا۔
اَنْجَب۔ شریف الاصل ہونا الرَّجُلُ: شریف بچوں کا باپ ہونا۔ بزدل بیٹے کا باپ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْجب بِهٖ ابواهُ" اس کے والدین نے شریف بچہ جنا۔
اِسْتَنْجَب۔ شرفا کو طلب کرنا۔
النَّجْب والنُّجَبة. سخی۔ شریف۔ فیاض۔
النَّجْبُ مِنَ الشَّجرِ: چھال یا جڑ کی چھال۔
النَّجابة. شرافت۔
النَّجِيْب۔ شریف۔ شریف خاندان۔ ج اَنْجاب و نُجَباء و نُجب مؤنث نَجِيْبٌ و نَجِيْبَةٌ۔ ج نجائب. نَجائِبُ الشّیئِ و نَواجِبُهٗ: کسی چیز کا مغز جس پر چھلکا نہ ہو۔ خالص۔

المِنجاب (مذکر مؤنث) ج مناجیب والمُنجب ج مناجب ۔مؤنث مُنجبة: شریف اولاد والا ہونا۔ المِنْجاب: ست و کمزور بغیر پرو پیکان کے تیر۔ کریلنی۔
المَنجُوب ۔کشادہ برتن۔
نَجث (ن) نجثًا و تَنجَّث عَنِ الْاَمرِ: کھود کرید کرنا ۔تفتیش کرنا الشَّیَّ: نکالنا نجث القَوم: قوم سے فریاد کرنا۔
تَناجث القَومُ الْاَخبارَ: ایک دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔
اِنْتجث واِسْتَنْجث الشَّیَّ: نکالنا اِسْتَنْجث لِلشَّیِّ: درپے ہونا۔
النُجث والنُجُث ۔دل کا غلاف ۔زرہ۔ مکان۔ج اَنجاث
رَجُلٌ نَجِثٌ ۔خبروں کی تلاش و جستجو رکھنے والا۔
النَجّاث ۔امور کی کھود کرید کرنے والا۔
النَجِیْث ۔مخفی بھید۔ نشانہ۔ ست۔
النَجِیْثة. بُری خبر جو ظاہر ہو جائے۔ کنوئیں اور جوہڑ کی مٹی۔
نَجح (ف) نَجحًا و نُجحًا و نَجاحًا الْاَمرُ: آسان و سہل ہونا۔ نَجحتْ حاجةُ فُلانٌ و نَجح فُلانٌ بِحاجَتِه: کامیاب و فتح مند ہونا۔
نَجَّحَهُ کامیاب کرانا۔
اَنْجحَ ۔کامیاب و فتح مند ہونا اللّٰهُ حاجَتَهُ: حاجت پوری ہونا۔ صفت مُنْجح ج مَناجح و مَناجیح واَنجحَ فُلانٌ بِالْباطِلِ: باطل پر غالب ہونا و اَنجحَ الْباطِلَ بِفُلان: باطل کا غالب ہونا۔
تَنجَّحَ الْحاجَةَ: وعدہ کرنے والے سے پورا کرنے کو کہنا۔
تَناجحتْ عَلَیْهِ اَحْلامُهُ او مَساعِیْه: پے بہ پے درست ہونا۔
اِسْتَنجحَ فُلانًا حاجَتَهُ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔
النَجاح والنُجح ۔س۔ کامیابی۔

النجاحة. صبر۔
النَاجح ۔فا. سَیر ناجحٌ: سخت اور تیز چال۔
النَجِیْح ۔درست رائے۔ کہا جاتا ہے "رأی نَجِیْحٌ" وہ شخص جس کی رائے درست ہو اور اس کے امور کامیاب ہوتے ہوں ۔صابر ۔مؤنث نَجِیْحةٌ ۔کہا جاتا ہے "نَفْسٌ نَجِیْحةٌ. سَیْرٌ نَجِیْحٌ" تیز چال ۔مکانٌ نَجِیْحٌ: قریب جگہ۔
نَجخ (ف) نَجخًا ۔فخر کرنا النَوْءُ: بچھتر کا جوش میں آنا السَّیْلُ: یکبارگی زور سے آنا۔ البَعِیْرُ: بدہضمی والا ہونا ۔صفت نَجخٌ البِئرَ: کنواں کھودنا۔
تَناجخ الْمَوجُ: موج کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ تَناجخا: باہم فخر کرنا۔
النَاجخ ۔فا۔ کھانسنے والا۔ ناجخُ الْبَحرِ: سمندر کا شور۔ الناجخ والنَجُوْخ ۔شور کرنے والا سمندر۔ سَیْلٌ ناجخٌ: بہت تیز بہاؤ کا سیلاب جو زمین کو کھود دے۔
ناجخةُ الْماءِ و نَجِیْخُهُ. پانی کی آواز۔
النُجاخ ۔کھانسنے والے کی آواز۔
نَجخاتُ الْماءِ: پانی کی بوچھاریں۔
النَجِیْخة مکھن جو دودھ کے برتن میں کناروں پر چپک جائے۔
اِمرأةٌ نَجّاخةٌ ۔وہ عورت جس کی اندام نہانی سے جماع کے وقت آواز نکلے اور بقول بعض وہ عورت جو جماع سے آسودہ نہ ہو۔
نَجدهُ (ن) نَجدًا ۔مدد کرنا۔ غالب ہونا۔
نَجدَ (ن) نُجُوْدًا الْامرُ: واضح ہونا البَدَنُ عرقًا: بدن سے پسینہ بہنا الشَّیُّ مِنَ الْاَرضِ: نکلنا۔
نَجِدَ (س) نَجدًا الرَّجُلُ: کام یا گھبراہٹ سے پسینہ آنا۔ صفت نَجِدٌ ۔تھکنا۔ بلید ہونا۔
نُجِدَ نَجدًا الرَّجُلُ: غمگین ہونا ۔صفت مَنْجُوْدٌ و نَجِیْد.
نَجُدَ (ک) نَجدَةً و نَجادَةً دلیر ہونا دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا

کرنے والا ہونا (نجوٗدًا) واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت ناجد و نَجدٌ
نَجَّدَ الْبَیْتَ: مکان کو آراستہ کرنا النَجّادُ الفُرشَ: فرش ساز کا فرش کو بنانا اور سینا الدَّهرُ فُلانًا: تجربہ کار بنانا الرَّجُلَ: دوڑنا۔
ناجدہ مُناجَدَةً ۔مدد کرنا ۔مقابلہ کرنا۔ جنگ کے لیے نکلنا۔
اَنْجدَهُ ۔مدد کرنا۔ اَنْجدَ الرَّجُلُ: پسینہ والا ہونا۔ نجد میں آنا یا نجد کی طرف سفر کرنا۔ اپنے اہل و عیال سے قریب ہونا البِناءُ: عمارت کا بلند ہونا الدَّعْوَةَ: قبول کرنا ۔اَنْجدتِ السَّماءُ: بادل سے صاف ہونا۔
تَنَجَّدَ الشَّیُّ: بلند ہونا۔
اِسْتَنْجدَ ۔دلیر ہونا فُلانًا و بِهٖ: مدد طلب کرنا عَلَیْهِ: خوفزدہ ہونے کے بعد دلیری کرنا۔
نَجْد ۔س۔ مُلک نجد۔
النَجْد ۔بلند زمین ۔ج اَنْجُد و نُجُد و نِجاد و نُجُوْد و اَنْجاد و اَنْجدة. کہا جاتا ہے "هُوَ طَلّاعُ اَنْجُدٍ و اَنْجدةٍ و نِجادٍ و طَلّاعُ النِّجادِ" وہ مشکل امور پر غالب آنے والا ہے اور اسی معنی میں ہے "طَلّاعُ الثَّنایا" گھاٹیوں کو عبور کر جانے والا۔
النَجْدُ: مکان کی آراستگی کا سامان۔ ج نِجاد و نُجُوْد. النَجْدُ: ماہر رہنما۔ درختوں سے خالی جگہ۔ کرب و غم۔ پستان یا بلند راستہ۔
رَجُلٌ نَجْدٌ و نَجِدٌ و نَجُدٌ ۔دلیر مرد ۔دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا کرنے والا۔ دعوت کو بہت جلدی قبول کرنے والا۔ ج اَنْجاد.
النَجَد ۔پسینہ ۔گھر کا سامان ۔بچھونا ۔پردہ وغیرہ۔ ج اَنْجاد.
النَجْدَة. س۔ اسم مرة بہادری و دلیری ۔طاقت و سختی ۔کہا جاتا ہے "لاقی فُلانٌ نَجْدَةً" فلاں سختی میں پڑ گیا ۔مقاتلہ ۔گھبراہٹ۔ ج نَجَدات.
النِجاد ۔پرتلہ ۔کہا جاتا ہے "هُوَ طَوِیْلُ النِّجادِ" وہ لمبے پرتلے والا ہے ۔کنایہ ہے

طویل القامت ہونے سے۔
النِجادۃ۔ فرش سازی کا پیشہ۔
النَجِید ۔ بہادر۔ ایسے امور کو انجام دینے والا جو دوسروں کو عاجز کردیں۔ شیر۔ غمگین۔ ج نُجُد و نُجَداء۔
النَاجد ۔ فا۔ مؤنث نَاجدَۃ ج نَوَاجد
النَجَّاد ۔ فرش ساز۔
نُجُوْدُ الْبَیْت: مکان کو آراستہ کرنے کیلئے دیواروں کے پردے۔
النَجُوْد مِنَ الْاِبلِ وَالْاُتُن: لمبی گردن والا۔ چلنے میں آگے رہنے والا۔ مِنَ النِّسَاءِ: عقلمند عورت۔ شریف عورت۔ ج نُجُد
النَاجُوْد ۔ شراب۔ شراب کا برتن۔ خون۔ زعفران۔ ج نَوَاجِید۔
المِنْجَد ۔ عورتوں کا ایک زیور جس کو گردن میں ڈالتی ہیں اور سینے کے نیچے تک ہوتا ہے۔ چھوٹا پہاڑ ج مَناجد۔
اَلْمِنْجَدۃ۔ اون وغیرہ دھُننے کا لکڑی کا اوزار؛ جانوروں کو ہانکنے کیلئے چھوٹی سی چھڑی۔ ج مَناجد۔
رَجُلٌ مِنْجَاد ۔ بہت مدد کرنے والا مرد۔
المَنْجُوْد ۔مغ۔ مغموم۔ ہلاک ہونے والا۔
نَجَذَہٗ (ض) نَجْذًا ۔ داڑھوں سے کاٹنا۔ اصرار کرنا۔
نَجَّذَہٗ ۔ تجربہ کرنا ۔ آزمانا ۔ نَجَّذَتْہُ وَالتَجَارِبُ ۔ تجربہ کار بنانا۔ ہٗ البَلَایَا : مصیبتوں کا لاحق ہونا۔
النَاجذ ۔فا ۔ نَوَاجذ کا واحد بمعنی داڑھ۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی نَاجِذِہٖ" وہ بالغ ہوگیا بکمالِ عقل کو پہنچ گیا۔ اس لیے کہ نواجذ بلوغ و کمالِ عقل کے بعد نکلتی ہیں "وَضَحِكَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ" وہ کھلکھلا کے ہنس پڑا "وَاَبْدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَیْھَا" لڑائی تیز ہوگئی وَعَضَّ الرَّجُلُ عَلٰی نَاجِذَیْہِ ۔ یعنی اُس نے صبر کیا۔
المَناجذ جمع جُلْذ مِن غَیرِ لَفْظِہ ۔ بمعنی چھچھوندر۔

نَجَر (ن) نَجْرًا اَلْیَوْمُ دن کا گرم ہونا۔ الماءَ: پانی کو گرم پتھر سے داغ کرنا۔ الرَجُلَ: مار کر ہٹانا۔ الخشبَ: لکڑی کو چھیل کر ہموار کرنا۔ الشَّیءَ: ارادہ کرنا۔ الاِبلَ: اُونٹ کو ہانکنا۔
نَجِرَ (س) نَجَرًا ۔ سخت پیاسا ہونا۔
اَنْجَرَ فُلَانًا: دودھ، گھی اور آٹے سے بنا ہوا کھانا پیش کرنا۔
النَّجْر ۔مص۔ اصل۔ حسب۔ رنگ۔ گرمی۔
النَجَر ۔ سخت پیاس جو اُونٹ وغیرہ کو لاحق ہوتی ہے اور بجھتی نہیں۔
النَاجِر ۔ گرمی کے مہینوں میں سے ہر ایک مہینہ۔
النِجار وَالنُجار ۔ اصل۔ حسب۔ رنگ۔
النِجارۃ۔ بڑھئی کا پیشہ۔
النُجارۃ۔ لکڑی کا چھیلن۔ رندہ کرتے وقت جو گرے۔
النَجَّار ۔ بڑھئی۔
اَلمِنْجر: تیشہ
النَجِیْرۃ۔ لکڑی کی چھت۔ دودھ گھی آٹے سے بنا ہوا کھانا۔ گرم پتھر سے داغ کیا ہوا پانی۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "لَانْجُرَنَّ نَجِیْرَتَكَ" میں تم کو بدلہ دوں گا جس کے تم مستحق ہو۔
النَجْرَان ۔ لکڑی کی چول جس پر دروازہ گھومتا ہے۔ پیاسا۔ اور یمن اور حوران کے دو شہروں کا نام نَجْرَان ہے۔
اِبِلٌ نَجِرَۃٌ و نَجْرَی و نَجَارَی۔ پیاسے اُونٹ۔
الاَنْجَر والانجرۃ۔ لنگر ۔ج اَنَاجِر (دخیل)
المَنْجَر ۔ مقصد جو راستہ سے ہٹا ہوا نہ ہو۔
المِنْجَرۃ۔ پانی داغ کرنے کا گرم پتھر۔
المِنْجَر ۔ اُونٹوں کو بہت تیز ہانکنے والا۔ رندہ۔
المَنْجُوْر ۔مغ۔ کنوئیں سے پانی نکالنے کی چرخی۔
النَوْجَر ۔ ایک قسم کا آلہ جس سے زمین کھودی جاتی ہے۔

نَجَز (ن) نَجْزًا الحَاجۃَ: حاجت پوری کرنا۔ بالوَعْدِ: وعدہ میں جلدی کرنا۔ الوَعْد حاضر ہونا۔ جلدی ہونا۔ پورا ہونا۔
نَجِزَ و نَجَزَ (س) نَجَزًا الشَّیءُ: ختم ہونا۔ فنا ہونا۔ الْکَلَامُ: کلام کا منقطع ہونا۔
نَجَّزَ الْحَاجَۃَ: حاجت پوری کرنا۔
اَنْجَزَ الْحَاجَۃَ: حاجت پوری کرنا۔ الوَعْدَ: وعدہ وفا کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَنْجَزَ حُرٌّ مَا وَعَدَ" شریف آدمی جو وعدہ کرتا ہے پورا کرتا ہے اور کبھی وعدہ کو پورا کرنے کیلئے بولا جاتا ہے عَلَی الْقَتِیْلِ: فوراً مار ڈالنا۔
نَاجَزَہٗ ۔ مقابلہ پر نکلنا۔ مقاتلہ کرنا۔
تَنَجَّزَ الشَّرَابَ: پینے میں اصرار کرنا (و اِسْتَنْجَزَ) الحاجۃَ اَو الوَعْدَ حاجت یا وعدہ پورا کرنے کو کہنا۔
تَنَاجَزُوْا ۔ باہم مقابلہ کرنا۔ باہم مقاتلہ کرنا۔
النَّجْز والنِجاز ۔ حصول۔ وفائے عہد۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلٰی نَجْزِ حَاجَتِكَ" تم اپنی حاجت کی تکمیل کے قریب ہو۔
النَجِیْز والنَاجِز ۔ حاضر۔ موجود۔ نقد۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُہٗ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ" میں نے اس کو دست بدست بیچا اور میں نے موجود کی موجود سے بیع کی وَلَا یُبَاعُ غَائِبٌ بِنَاجِزٍ غائب کی موجود سے بیع نہ کی جائے "وَعْدٌ نَاجِزٌ و نَجِیْزٌ" وعدہ جو پورا کر دیا جائے۔
نَجِسَ (س) نَجَسًا و نَجُسَ (ک) نَجَاسَۃً ۔ گندا ہونا۔ ناپاک ہونا۔ صفت نَجْسٌ و نِجْسٌ و نَجِسٌ و نُجُسٌ و نَجُسٌ ج اَنْجَاس۔
نَجَّسَہٗ و اَنْجَسَہٗ۔ ناپاک کرنا۔ نَجَّسَ الصَّبِیَّ وَلَہٗ: نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لیے تعویذ وغیرہ لٹکانا۔
تَنَجَّسَ ۔ ناپاک ہونا۔ الثَّوْبُ: گندگی سے آلودہ ہونا۔ نجاست سے نکلنا۔
الاَنْجَاس ۔ نظر بد وغیرہ سے بچانے کے لیے تعویذ گنڈا وغیرہ۔

داءٌ نجِسٌ و ناجِسٌ و نجِيْسٌ لاعلاج مرض۔
النُجس۔ تعویذ کرنے والے۔
نجش(ن) نجشا الشئَ: کھود کرید کرنا۔ نکالنا۔ بکھیرنے کے بعد جمع کرنا الصَّیْدَ: شکار کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کے لیے بھڑکانا النّار: آگ روشن کرنا۔ جلانا الحَدِیْثَ: بات پھیلانا فی البَیْعِ: مبیعہ کی تعریف کر کے بائع کی موافقت کرنا۔ اور بقول بعض بغیر ارادۂ خریداری دوسروں کو پھنسانے کے لیے قیمت بڑھانا یا خریدار کو ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف رغبت دلانا۔ اسم النَّجْش (نَجْشًا و نجاشةً) تیز چلنا۔
تَناجَشَ القَوْمُ فِی البَیْعِ وَغیرِہٖ: دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔
اِسْتَنْجَشَهُ الشَّئَ: نکالنا الصَّیْدَ: شکار کو بھڑکانا۔
النجاش۔ تسمہ جس کو دو چمڑوں کے درمیان رکھ کر سی دیتے ہیں۔
النَاجِش والنَّجّاش والنَجِیْش. شکاری
النَاجِش والنجاشیُ والمِنْجَاش۔ شکار کو شکاری کی طرف بھگانے والا۔ المِنْجَاش: بڑا عیب جو۔
النَّجاشی والنِجاشی والنجاشیُّ والنَجاشیُّ شاہ حبشہ کا لقب۔
رَجُلٌ نَجُوش و مِنْجَش۔ شکار کو بھڑکانے والا۔ المِنْجَش: بڑا نکتہ چیں و عیب جو۔
قولٌ مَنْجُوش. گھڑی ہوئی جھوٹی بات۔
نجع (ف) نُجُوْعًا و نَجَعَ الطَّعَامُ فِی الانسانِ: فائدہ مند ہونا۔ نفع پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا طعامٌ ینجعُ عَنْهُ وَبِهٖ" یہ ایسا کھانا ہے جو فائدہ مند ہے اور اسی سے موٹاپا حاصل ہوتا ہے فیہ الدَّوَاءُ او الطَّعَامُ او الکَلامُ: اثر کرنا۔ نجع البَلَدَ: شہر میں آنا القَوْمُ الکَلا: چراگاہ کی تلاش میں جانا الابلَ النُجُوْعَ و بالنُجُوع: آٹا ملا ہوا پانی پلانا۔

نَجِعَ الصَّبِیُّ لَبَنَ الشَّاۃِ او بلبنِ الشَّاۃِ: خوراک دیا جانا۔ پرورش کیا جانا۔
اَنْجَعَ الطَّعَامُ وَغیرُہٗ: کھانے وغیرہ کا مفید ہونا الرَّجُلُ: کامیاب ہونا الرَّاعِی الفَصِیْلَ: چرواہے کا اُونٹ کے بچے کو دودھ پلوانا۔
تَنَجَّعَ و انْتَجَعَ و اِسْتَنْجَعَ القَوْمُ الکَلَا: چراگاہ کی تلاش میں جانا۔ تَنَجَّعَ و اِنْتَجَعَ و اِسْتَنْجَعَ فُلانًا: بخشش طلب کرنے کیلئے کسی کے پاس آنا۔ تَنَجَّعَ بالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ اُسْتُنْجِعَ بِهٖ و عَنْهُ: ہضم ہونا۔ اور موٹا ہونا۔
النَجْع۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ ج نُجُوْع۔
النُجْعةُ چراگاہ کی تلاش۔ یہ نُجُوع کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "خرجُوا للنُجْعةِ" لوگ چراگاہ کی تلاش میں نکلے و "فُلانٌ نُجْعَتِیْ" فلاں میری جائے امید ہے۔ ج نُجَعٌ۔
النَاجِع۔ چراگاہ کی تلاش کرنے والا۔ ج نَاجِعةٌ و نَواجِع. ماءٌ ناجِعٌ خوشگوار پانی۔
النُجاع۔ شُجاع کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "شُجاعٌ نُجاعٌ" بہت دلیر۔
النَجُوع۔ آٹا ملا ہوا پانی جو اُونٹ کو پلایا جاتا ہے۔ نَجُوعُ الصَّبِیِّ۔ دودھ۔ ماءٌ نَجُوعٌ: خوشگوار صاف پانی۔
النَجِیْع۔ فائدہ مند مِنَ الطَّعَامِ او الشَّرابِ: نافع بدن کھانا یا پانی مِنَ الدَّمِ: سیاہی مائل خون۔ ماءٌ نَجِیْعٌ: خوشگوار پانی۔
المَنْجَع والمُنْتَجَع والمُسْتَنْجَع وہ مقام جہاں گھاس کے لیے لوگ جائیں۔
نجف (ن) نَجْفًا النجیفَ: تراشنا ۔صفت مفعولی نَجِیْف و مَنْجُوْف الشَّجَرةَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا الشَّاۃَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔
نَجَفَ لِفُلانٍ نُجْفةً مِنَ اللبنِ: کسی کے لیے تھوڑا سا دودھ علیحدہ کرنا۔ نَجَفَتِ الرِّیْحُ الکَثِیْبَ او الرَّمْلَ: ہوا کا ریت کے تودہ یا ریت کو اڑا دینا۔
اِنْتَجَفَ واِسْتَنْجَفَ الشَّئَ نکالنا۔ الرِّیْحُ

السَّحابَ: ہوا کا بادل کو پانی سے خالی کر دینا الشَّاۃَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔
النَجَف ج نِجافٌ والنَجَفةُ. ٹیلہ۔ وادی میں وہ جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔
النِجَاف۔ دروازہ کے اوپر کا چھجہ۔ نجاف الغارِ: غار کے اوپر آگے کو نکلا ہوا پتھر۔
النَجِیْف۔ چوڑے پھل والا تیر۔ ج نُجُف.
المِنْجَف۔ زنبیل۔ ٹوکری۔
المَنْجُوْف۔ مع۔ چوڑے پھل والا تیر۔ اندر سے چوڑا برتن یا قبر۔
النُجْفة. تھوڑی چیز۔
نَجَلَ (ن) نَجْلًا الشَّئَ: ظاہر کرنا الاَرْضَ: زمین جوتنا۔ نَجَلَهُ اَبُوْهُ و نجل بِهٖ: پیدا کرنا۔ نَجَلَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔ نَجَلَ فُلانًا: ٹھوکر مارنا یہاں تک کہ لڑھک جائے۔
النَّاسَ: شرارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَنْ نَجَلَ النَّاسَ نَجَلُوْهُ" جو لوگوں کو عیب لگاتا ہے لوگ اسے عیب لگاتے ہیں۔ جو لوگوں کو گالی دیتا ہے لوگ اسے گالی دیتے ہیں و نجل الجِلْدَ عَنِ المَذْبُوحِ: دونوں پچھلی ٹانگوں کے درمیان کھال کاٹ کر سر کی طرف سے کھینچ لینا۔ کھال کو مَنْجُوْل کہتے ہیں۔
نجل (ض) نَجْلًا الشَّئَ و بالشَّئِ: پھینکنا ہٗ بالرُّمحِ: نیزہ مارنا الصَّبِیُّ اللوحَ: بچہ کا تختی کو مٹانا الرجلُ: تیز چلنا۔
نجل (س) نَجَلًا الرَّجُلُ: بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔ صفت اَنجلُ ج نُجْل و نَجال: آنکھ کی صفت۔ نَجلاءُ ج نُجْل.
اَنْجَلَ الدَّابّةَ: نَجِیْل (ایک قسم کی ترش گھاس) چرنے کے لئے چھوڑنا۔
تناجَلَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔ نسل پیدا کرنا۔
اِنْتَجَلَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا اور گزرنا۔
اِسْتَنْجَلَ المَکانُ: کسی جگہ سے پانی کا بکثرت رسنا فُلانٌ النزَّ (زمین سے) سوتا نکالنا۔

النَّجل ۔ نسل اولاد ۔ نسل ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النَّجْلِ" وہ کریم الاصل و شریف الطبع ہے والد ۔ ج انجال ۔ النَّجْلُ: عمل ۔ بڑی جماعت ۔ سڑک ۔ بہنے والا پانی ۔ زمین سے رسنے والا پانی ج نجال و انجال۔

نَضِيْضَتِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَابِلٌ نَضِيْضَةٌ و نَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔

النَّضَائِض: گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِيْضَةٌ۔

نَضَبَ (ن) نَضْبًا الْمَاءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمُرُهُ: ختم ہونا۔

نَضَبَ (ن ض) نُضُوْبًا الْمَاءُ: پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا عَنِ الشَّيْءِ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ الْبَحْرُ: یعنی پانی خشک ہو گیا الْخَيْرُ: کم ہونا عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ الْمَفَازَةُ: بیابان کا دور ہونا۔

نَضَبَ الْقَوْمُ: دُور ہونا فُلَانٌ: مرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهِ" یعنی وہ بے شرم ہوا فُلَانٌ الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا۔

نَضَّبَ الْمَاءُ: پانی کا زمین میں جذب ہونا۔

نَضَّبَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

اَنْضَبَ الْقَوْسَ: کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔

النَّاضِب. فا۔ غَدِيْرٌ نَاضِبٌ: خشک شدہ تالاب۔ مَكَانٌ نَاضِبٌ: دُور کی جگہ۔ ج نُضَّب۔

التَّنْضُب. ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج تَنَاضِب۔

نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ: پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِجٌ و نَضِيْجٌ (و نضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا: اُونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔

اَنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ: پھل یا گوشت پکانا۔

اِسْتَنْضَجَ الْكُرَاعَ اَيْ يَدَ الشَّاةِ: بکری کے پائے پکانا۔

النُّضْج والنَّضْج. پختگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِيْجُ الرَّأْيِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ مضبوط معاملہ۔

الْمِنْضَاج. گوشت بھوننے کی سیخ۔

نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا الْبَيْتَ بِالْمَاءِ: پانی چھڑکنا عَلَيْهِ الْمَاءَ چھڑکنا الْجِلْدَ: کھال ترکرنا الْعَطْشَةَ: پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا الْبَعِيْرُ الْمَاءَ: کھیت میں ڈالنے کے لیے نہر یا کنوئیں سے لانا فُلَانًا بِالنَّبْلِ تیر اندازی کرنا۔

نَضَحَ عَنْ نَفْسِهِ: مدافعت کرنا۔ نَضَحَ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہونا الشَّجَرُ: پتے نکلنے کے لیے پھٹنا النَّخْلَ: پانی لانے والی اُونٹنی سے پانی لاکر سیراب کرنا۔

نَضَحَ (ف) نَضْحًا و تَنْضَاحًا الْإِنَاءُ: پیش برتن کا ٹپکنا الْفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔

نَضَحَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: برسانا۔

اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ: بمعنی نضح عِرْضَ فُلَانٍ: آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔

نَاضَحَ مُنَاضَحَةً عَنْ كَذَا: مدافعت کرنا۔

اِنْتَضَحَ الْمَاءُ عَلَيْهِ: پانی چھڑکا جانا (و اِسْتَنْضَحَ الْمُتَوَضِّيْ) وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔

تَنَضَّحَتِ و اِنْتَضَحَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا: بیزار ہونا۔

النَّضْح. مص۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النضح: ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوْح واَنْضِحَة۔

النَّضَح. حوض۔ ج نُضُوْح و اَنْضَاح۔

النَّضِيْح. حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُح۔

النَّاضِح. فا۔ اُونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کیلئے لایا جائے۔ مؤنث۔ نَاضِحَة۔ ج نَوَاضِح بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔

النَّضَّاح. اسم مبالغہ۔ کھجوروں کو سیراب کرنے والا۔ سیراب کرنے والے اُونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَةٌ قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّضُوْح. ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوْحٌ مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوْحٌ و نَضِيْحَةٌ اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

التَّنْضَاح. پسینہ۔

الْمِنْضَحَة والْمَنْضَحَة. پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ہزارہ۔

نَضَخَهُ (ف) نَضْخًا. چھڑکنا۔ ترکرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَخَ النَّبْلُ و بِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔

نَضَخَ (ف) نَضْخًا و نَضَخَانًا الْمَاءُ: پانی کا چشمہ سے ابلنا۔

نَاضَخَهُ مُنَاضَخَةً و نِضَاخًا. ایک دوسرے پر چھڑکنا۔

اِنْضَخَّ و انْضَاخَ عَلَيْهِ الْمَاءُ پیش پانی کا گرنا۔

اِنْتَضَخَ الْمَاءُ پیش پانی چھڑکا جانا۔

النَّضْخ. مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔

النَّضْخَة. بوچھار۔

النَّضَّاخ. موسلا دھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ: اُبلنے والا پانی۔

الْمِنْضَخَة. پانی چھڑکنے کا آلہ ج مَنَاضِخ عوام اسے مِرَشَّة یا رَشَّاشَة کہتے ہیں۔

نَضَدَ (ض) نَضْدًا و نَضَدًا. الْمَتَاعَ سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعولی مَنْضُوْد و نَضِيْد و مُنَضَّد اور کہا جاتا ہے رَاْيٌ مُنَضَّد یعنی مضبوط رائے۔

تَنَضَّدَتِ الْاَسْنَانُ وَنَحْوُهَا: دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔

اِنْتَضَدَ الْقَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا: جمع ہونا۔ اور ٹھہرنا۔

النَّضَد. ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان خانہ۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لیے شرافت ہے۔ شریف ج اَنْضَاد. اَنْضَادُ الْقَوْمِ: لوگوں کی جماعت

اور ان کی تعداد۔ اَنْضادُ الرَّجُلِ: مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ اَنْضادُ الْجِبالِ اَوْ السَّحابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل (والنَّضُوْد) موٹی اُونٹنی۔ ج اَنْضاد و نُضُد.

النَّضِيْدَة. بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضائد.

المِنْضَدَة. گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹیبل۔

نَضَرَ (ن) و نَضِرَ (س) و نَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضْرَةً و نَضَرًا و نُضُوْرًا و نَضارَةَ الوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُھا: شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت ناضِرٌ و نَضِرٌ و نَضِيْرٌ.

نَضَرَہ (ن) نَضْرًا و نَضَّرَہُ. اللّٰهُ: تر و تازہ بنانا۔

اَنْضَرَ. ترو تازہ ہونا الشَّجَرُ: درخت کا سبز ہونا۔ اَنْضَرَہُ اللّٰهُ: ترو تازہ بنانا۔

اِسْتَنْضَرَ الشَّیْءَ: ترو تازہ پانا یا سمجھنا۔

النَّضْر. ج اَنْضار و اَنْضُر و النُّضار و النَّضِيْرُ والاَنْضَر. چاندی۔ سونا۔ عموما سونے کے لیے مستعمل ہے۔ النُّضار: ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔

النُّضار والنِّضار. جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لیے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے "قَدَحُ نُضارٍ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔

النّاضِر. خوبصورت۔ نرم و نازک۔ کیچڑ۔

النّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ: گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ ناضِرٌ واَخْضَرُ ناضِرٌ.

النَّضْرَة. نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے "تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔

اَلنَّضارِيَّة: پتے کھانے والے کیڑے جن کے رنگ چمکیلے ہوتے ہیں۔

نِضْرُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔

نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا و نَضِفَ (س) نَضَفًا وانْتَضَفَ الفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔

نَضَفَهٗ (ن) نَضْفًا. خدمت کرنا۔ نَضَفَ الحِمارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

اَنْضَفَ الْجملُ: اُونٹ کا دلکی چلنا الرَّجُلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا۔ الْجَمَلُ: اُونٹ کو دلکی چلانا۔

النَّضَف. مص. جنگلی پودینہ۔

النَّضَفان. دلکی چال۔

النَّضِف والنَّضِيْف. ناپاک۔

النّاضِف ۔ (والمِنْضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ج مَناضِف.

نَضَلَهٗ (ن) نَضْلًا. تیر اندازی میں سبقت کرنا۔ تیر اندازی ہی میں غالب ہونا۔

نَضِلَ (س) نَضَلًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔

ناضَلَهٗ نِضالًا و نِيْضالًا و مُناضَلَةً تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ ناضَلَ عَنْهُ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔

اَنْضَلَهٗ. لاغر کرنا۔ تھکانا۔

تَنَضَّلَهٗ. نکالنا۔

اِنْتَضَلَهٗ. نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنانَتِهٖ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔ اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ القَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الْكِنانَةِ: انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَضَلَتِ الْاِبِلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔

اِنْتَضَلَ و تناضَلَ القَوْمُ: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔

النّاضِل. فا تیر اندازی میں غالب۔ ج نُضّال.

النِّنْضِل. مصیبت۔ بلا و سختی۔

نَضْنَضَ الرَّجُلُ: بہت روپے پیسے والا ہونا لِسانَهٗ: حرکت دینا ۂ: مبتلاء رنج کرنا۔

النَّضْناض والنَّضْناضَة. مِنَ الْحَيّاتِ: زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔

نَضا يَنْضُوْ نَضْوًا. السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا الثَّوْبَ عَنْهُ: کپڑا اتارنا الرَّجُلَ مِنْ ثَوْبِهٖ: ننگا کرنا البِلادَ: طے کرنا۔ نَضا الْجُرْحُ: زخم کی سوجن اترنا الماءُ پانی کا جذب ہونا السَّيْفُ: تلوار کا پار ہونا (نُضُوًّا و نُضِيًّا) الفَرَسُ الخَيْلَ: آگے بڑھ جانا (نَضْوًا و نُضُوًّا) الخِضابُ: رنگ اتر جانا۔

اَنْضَى اِنْضاءً البَعِيْرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔ الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا فُلانًا: دبلا جانور دینا۔

نَضّى تَنْضِيَةً. ثَوْبَهٗ عَنْهُ: کسی کا کپڑا اُتارنا۔

تَنَضّى البَعِيْرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔

اِنْتَضَى اِنْتِضاءً السَّيْفَ: تلوار کو میان سے سونتنا الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔

النِّضْو. دبلا جانور مؤنث نِضْوَةٌ. بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیر اندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنْضاء.

النُّضاوَة. مِنَ الْخِضابِ: چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِنِيْ نُضاوَةَ حِنّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔

النَّضِيّ. دبلا جانور۔ بغیر پیکان اور پر کے تیر مِنَ السَّهْمِ: پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنْضِيَة.

نَضِيَ يَنْضِىْ نَضْيًا السَّيْفَ: تلوار سونتنا الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا (واَنْضَى وانْتَضَى) الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔

نَطَّ (ن) نَطًّا الشَّیْءَ: باندھنا۔ کھینچنا۔

نَطَّ (ض) نَطًّا. بکواس کرنا فِي الْاَرْضِ: جانا (نَطِيْطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔

النَّطّاط. بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔

النَّطِيْط. س. مَكانٌ نَطِيْطٌ: دُور کی جگہ اَرْضٌ نَطِيْطَةٌ: دُور والی زمین۔

عَقَبَةٌ نَطّاءُ پیش دُور کی گھاٹی۔

الأنط. دُور کا سفر۔ ج نُطُط.

نَطَبَهُ (ن) نَطْبًا وَأَنْطَبَهُ. انگلی سے کان پر مارنا۔

نَاطَبَهُ مُنَاطَبَةً. برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔

أَنْطَبَ أُذُنَهُ. انگلی سے کان پر مارنا۔

النَّاطِبَةُ. چھلنے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب.

النِّطَاب. سر۔ گردن کی رگ۔

المِنْطَب وَالمِنْطَبَة. چھننا۔

المَنْطَبَة. بیوقوف۔

نَطَحَهُ (ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ وَنَحْوُهُ: بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَح فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَاطَحَهُ نِطَاحًا وَمُنَاطَحَةً. سینگوں سے مارنا۔

اِنْتَطَح وَتَنَاطَح الْكَبْشَانِ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الْأَمْوَاجُ أَوِ السُّيُوْلُ: موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔

النَّاطِح. فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيْد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ ناطح سے مراد بھیڑ؍ بکری؍ بیل اور خابط سے اونٹ النَّاطِحُ: منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔

النَّطْح .س۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔

النَّوَاطِح. سختیاں۔

النَّطْحَة. نطح کا اسم مرہ۔ لڑائی۔

النَّطِيْح. سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيْحَةٌ. ج نَطْحَى وَنَطَائِح.

النَّطَّاح. بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔

نَطَرَ (ن) نَطْرًا وَنِطَارَةً. الكَرْمَ أوِ الزَّرْعَ انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔

النِّطَارَة. س۔ باغبانی کا پیشہ۔

النَّاطِر وَالنَّاطُور. باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّار وَنَطَرَة وَنَوَاطِير وَنُطَرَاء.

النُّطَّار. اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کیلئے کھڑا کیا جاتا ہے)

نَطْرُون. بورہ ارمنی۔

النَّاطُوْر. الماس کا زیور جو عورتیں پیشانی پر سجاتی ہیں۔

نَطِسَ (س) نَطَسًا. عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔

تَنَطَّسَ. گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور وفکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْأَخْبَارَ وَعَنِ الْأَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔

النَّطْس وَالنَّطِس وَالنَّطُس. عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔

النِّطِّيْس وَالنِّطَاسِيّ وَالنَّطَاسِيّ عالم۔ ماہر طبیب۔

النُّطُس. ماہر اطباء۔

النُّطَسَة. بہت احتیاط کرنے والا۔

النَّاطِس. جاسوس۔

نُطِعَ نَطْعًا وَانْتُطِعَ وَاسْتُنْطِعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

تَنَطَّعَ فِي الْكَلَامِ: غلو کرنا۔ تالو سے بولنا۔ فِي شَهَوَاتِهِ: مبالغہ کرنا فِي عَمَلِهِ: ماہر ہونا الرَّجُلُ: چمڑے کے دستر خوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔

النَّطْع وَالنِّطْع وَالنَّطَع وَالنِّطَع. چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لیے بچھایا جائے ج أَنْطَاع وَنُطُوْع.

النِّطْع وَالنِّطَع. تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ ج نُطُوْع. اور اسی سے حرف نِطعیّت وط ہیں۔

النُّطَع. گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔

النَّاطِع. خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے بیاض نَاطِع۔

نِطَاعُ الْقَوْمِ: قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ۔ کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِي فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔

النَّطَّاع. کلام میں بہت غلو کرنے والا۔ جلد ساز۔ ہوشیاری سے کھانے کو دستر خوان پر چننے والا۔ ج نَطَّاعُوْن.

النَّطَّاعَة. لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دستر خوان پر چھوڑ دیا جائے۔

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا وَتَنْطَافًا وَنَطَفَانًا وَنِطَافَةً. الْمَاءُ تھوڑا تھوڑا پانی بہنا الْقِرْبَةُ: مشک کا ٹپکنا الْمَاءُ بر پانی بہانا۔

نَطَفَهُ وَنَطَّفَهُ وَأَنْطَفَهُ. بدکاری کی تہمت لگانا۔ عیب لگانا۔ نَطَّفَ الْمَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔

نَطِفَ (س) وَنَطُفَ نَطَفًا وَنَطَافَةً وَنُطُوْفَةً. عیب دار ہونا۔ عیب وبدکاری کا الزام لگایا جانا۔ نَطِفَ الشَّيْءُ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔ نَطِفَ الرَّجُلُ: بدہضمی والا ہونا۔

تَنَطَّفَ الرَّجُلُ: عیب دار ہونا مِنْ كَذَا پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔

النَّطَف. س۔ عیب۔ برائی۔ فساد۔

النُّطْفَة. صاف پانی۔ تھوڑا یا زیادہ۔ سمندر۔ مرد یا عورت کا نطفہ۔ ج نِطَاف وَنُطَف (و النُّطَافَة) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔ النُّطَافَة: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔

النُّطْفَتَان. دو سمندر (بحر روم وبحر چین یا بحر مشرق وبحر مغرب)

النُّطْفَة وَالنَّطَفَة. بالی۔ آبدار موتی ج نُطَف.

النَّطِف. پلید۔ شکی آدمی۔

النَّطُوْف. بارش والی۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔

النَّاطِف. ریوڑی۔ گٹھ۔

النَّاطِفِيّ. ریوڑی بیچنے والا۔

نَطَقَ(ض) نَطْقًا و مَنْطِقًا و نُطُوْقًا. بولنا
الْكِتَابُ: واضح بیان کرنا۔
نَطَّقَهٗ. گفتگو کرانا۔ کسی کو پٹکا باندھنا۔ کسی کی
کمر میں پٹکا باندھنا۔ نَطَّقَ الْمَاءُ الْاَكَمَةَ
وَغَيْرَهَا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔
نَاطَقَهٗ. گفتگو کرانا۔
اَنْطَقَهٗ. گفتگو کرانا۔
تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔
تَنَطَّقَ و اِنْتَطَقَ و تَمَنْطَقَ. کمر میں پٹکا
باندھنا الْمَرْأَةُ: عورت کا کمر پر پٹکا باندھنا
الْاَرْضُ بِالْجِبَالِ: پہاڑوں سے گھیرا ہوا ہونا
اِنْتَطَقَ بِقَوْمِهٖ: طاقتور و قوی ہونا۔
الرَّجُلُ: گفتگو کرنا۔ علم منطق حاصل کرنا
فَرَسَهٗ: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔
اِسْتَنْطَقَهٗ. گفتگو کرنا۔ بولنے کو کہنا۔
النُّطْقُ. مص. اس کا استعمال نطق خارجی یا
ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی
یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔
النَّطْقَةُ. نطق کا اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "نَطَقَ
نَطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بالا۔
النَّطِقُ. بولنے والا۔
النِّطَاقُ. کمر بند۔ پٹی۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ
فُلَانٌ حُبُكَ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے
کے لئے یا کام کرنے کے لیے مستعد ہوا۔
النِّطَاقُ. کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر
پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر
اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے۔ ج نُطُقٌ.
نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ جوزا کے درمیان کے تین
ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ
انتظام والتیام کے لیے ضرب المثل ہیں۔
النِّطَاقَةُ. پرچہ۔ پرزہ۔ اس وجہ سے کہ وہ لکھے
ہوئے کو بتلاتا ہے۔
النَّاطِقُ. فا۔ عرب کا قول "اَلْاِنْسَانُ
حَيَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے۔
كِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب۔
النَّاطِقَةُ. النَّاطِقُ کا مؤنث۔ کمر۔ النَّفْسُ
النَّاطِقَةُ: نفس انسانی۔

الْمَنْطِقُ. مص. گفتگو۔ اور کبھی انسان کے علاوہ
کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ سَمِعْتُ
مَنْطِقَ الطَّيْرِ: علم المنطق: ایک علم عملی
کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں۔ اور یہ وہ علم
ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔
الْمَنْطِقِيُّ. علم منطق جاننے والا۔
الْمِنْطَقُ والْمِنْطَقَةُ. پٹکا جو کمر پر باندھا
جائے۔ ج مَنَاطِقُ. اور مِنْطَقَةٌ سے فعل کا
اشتقاق کیا ہے۔ کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: بمعنی پٹکا
باندھنا جیسے مِدْرَعَةٌ سے تَمَدْرَعَ اور
مِنْدِيْلٌ سے تَمَنْدَلَ.
تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا۔ اور اسی سے
بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ"
جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا۔
مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ تین ستاروں کے نام۔ اور
مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام
ہے۔
الْمِنْطِيْقُ والنِّطِّيْقُ. بلیغ۔
الْمُنَطَّقُ. مص. پٹکا باندھنے کی جگہ۔ الْمُنَطَّقَةُ
مِنَ الْمَعْزِ: کمر میں سفیدی والی بکری۔
اَلْمُنْطَقُ (علم حساب)
الْمُنْتَطِقُ. عالی مرتبہ۔ گرامی قدر۔ اور کہا
جاتا ہے "جَاءَ مُنْتَطِقًا حِصَانَهٗ" یعنی وہ بغیر
سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا۔
الْمَنْطُوْقُ عِنْدَ الْاُصُوْلِيِّيْنَ: مفہوم
مخالف کے خلاف۔
نَطَلَ(ن) نَطْلًا الْخَمْرَ: نچوڑنا (و نَطَّلَ)
رَاْسَ الْعَلِيْلِ بِالنَّطُوْلِ: تریڑا کرنا۔ آہستہ
آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔
اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِّ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا
لینا۔
النَّطْلُ. مص. انگور کا چھلکا۔ تھوڑا دودھ۔
(والنِّطْلُ) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود
شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے۔ النِّطْلُ:
شراب کا بقیہ۔
النُّطْلَةُ والنَّاطِلُ. شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ
کا گھونٹ۔ النَّاطِلُ. فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ
جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ"
میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
النَّاطِلُ والنَّاطَلُ والنَّيْطَلُ والنَّأْطِلُ
شراب، دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ۔ النَّيْطَلُ
والنَّطْلَاءُ مصیبت۔ والنَّيْطَلُ: ہلاکت۔
موت۔ ڈول۔ ج نَيَاطِلُ.
الْاَنْطِلَةُ. مصیبتیں۔
النَّطُوْلُ. پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو
ماؤف کو اس سے دھاریں۔
الْمَنَاطِلُ. شراب کشی کے آلات۔
نَطْنَطَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔ الرَّجُلُ: لمبے سفر والا
ہونا (واتَنَطْنَطَ) دور ہونا۔
النَّطْنَطُ والنُّطْنُطُ والنَّطْنَاطُ. لمبے قد
والا۔ ج نَطَانِطُ و نَطَانِيْطُ.
نَطَايَنْطُوْ نَطْوًا. الْحَبْلَ: رسی کھینچنا
الْغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا بانا کرنا الْمَنْزِلُ:
دور ہونا عَنْ فُلَانٍ: چپ ہو جانا۔
نَاطَى مُنَاطَاةً الرَّجُلَ: باہم نزاع کرنا۔
اَنْطَى دینا۔
تَنَاطَى الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بڑھنے کی
کوشش کرنا۔ تَنَاطَوا الْكَلَامَ: آپس میں
گفتگو کرنا۔
النَّطْوُ دوری۔
النَّطِيُّ. دور۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ نَطِيٌّ"
دور کا راستہ (والْمَنْطُوُّ) مِنَ الْغَزْلِ: کاتے
ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔
النَّطَاةُ. کچی کھجور کا غلاف یا ڈنٹھل ج اَنْطَاءٌ.
نَظَرَ(ن) و نَظِرَ(س) نَظَرًا و مَنْظَرًا و
مَنْظَرَةً و تَنْظَارًا و نَظَرَانًا. هٗ و اِلَيْهِ:
دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ (نَظَرَ(ن) نَظَرًا)
فِي الْاَمْرِ: سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا
الشَّيْءَ: انتظار کرنا بَيْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور
فیصلہ کرنا لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا فُلَانًا:
متوجہ ہونا۔ دیر کرنا فُلَانًا الدَّيْنَ: مہلت دینا۔
(اَنْظَرَ میں ایک لغت ہے) الشَّيْءَ: مہلت
سے بیچنا فُلَانٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے
"اُنْظُرْ لِيْ فُلَانًا" میرے لیے فلاں کو طلب

کرو۔ و دَارِیْ تَنْظُرُ دَارَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّهْرُ اِلٰی بَنِیْ فُلَانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔

نَاظَرَہٗ مُنَاظَرَۃً. مشابہ ہونا۔ بحث کرنا۔

نَاظَرَ الْجَیْشُ الْاَلْفَیْنِ: قریب پہنچا فُلَانًا بِفُلَانٍ او الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِیْ تُنَاظِرُ دَارَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔

اَنْظَرَہٗ الدَّیْنَ: ادائیگی قرض کیلئے مہلت دینا۔ اَنْظَرَ فُلَانًا لِفُلَانٍ: مشابہ بنانا الرَّجُلَ: سوچنے کا موقعہ دینا۔ مہلت سے بیچنا۔

تَنَظَّرَہٗ. آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلَانٌ: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔

تَنَاظَرَا فِی الْاَمْرِ: باہم کام میں مشقت اٹھانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِنْتَظَرَہٗ. انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ دیر لگانا۔

اِسْتَنْظَرَہٗ. انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا۔

النَظَر. مص۔ نگاہ دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ وَالْاِسْتِدْلَالِ: علم کلام۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے۔ "وَ بَیْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے "وَ نَظَرًا اِلٰی كَذَا وَ بِالنَّظَرِ اِلٰی كَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ النَّظَرُ: ہمسائے۔

النِظْر. مشابہ۔ مانند۔

النَظْرَۃ. نَظَر کا اسم مرہ۔ ایک نگاہ۔ ہیئت۔ بری ہیئت و عیب۔ رحمت۔ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَہٗ بِعَیْنِ النَّظْرَۃِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔

النَظِرَۃ. مہلت۔ معاملہ میں تاخیر۔

النَظَرِیّ. نظر کی جانب منسوب۔ استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔

النَظَرِیَّۃُ فِی الْهَنْدَسَۃِ. وہ قضیہ جو صحت ثبوت کیلئے دلیل کا محتاج ہو۔ ج نَظَرِیَّات۔

النِظَار والنِظَارۃ. فراست۔ دانائی۔

النَاظِر. فا۔ آنکھ کی پتلی۔ والنَاظِرُ عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْنَ: کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے نَاظِرُ خَارِجِیَّہ و ناظر مالیہ۔ ج نُظَّار۔

النَّاظِر: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لیے بھیجے۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِیْدُ النَّاظِرِ" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لیے کہ آنکھ ملا کر بات کرتا ہے۔ النَّاظِرَانِ: ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔

نَظَارِ. اسم فعل۔ بروزن نَزَالِ و تَرَاكِ. بمعنی اُنظر۔

النَاظِر والنَاظُوْر. انگور یا کھیتی کا محافظ۔

النَّاظُوْر: سردار قوم۔

النَّاظِرَۃ. النَاظِر کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر

النَّوَاظِر: سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَظَّار. تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔

النَظَّارَۃ. ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی

النَظَّارۃ عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْنَ: دوربین۔

النَظُوْر والنَظُوْرَۃ والنَظِیْرَۃ والنَاظُوْرَۃ قوم کا سردار (مذکر ومؤنث واحد جمع) النَظُوْر: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔

النَظِیْر. مثل ومانند۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِیْرُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء مؤنث نَظِیْرَۃ. ج نَظَائِر.

نَظَائِرُ الْقَوْمِ: قوم کے شرفا و افاضل۔

نَظِیْرَۃُ. القوم او الجیش و نُظُوْرَتُهُمْ: دیدبان۔

المَنْظَر. دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ مَنْظَرٍ وَ مُسْتَمَعٍ" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "وَكُنْتُ عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر

الْمَنَاظِر: بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِرِ: وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔

الْمَنْظَرَۃ. مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی بلند جگہ۔

الْمَنْظَرَۃ: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔

الْمَنْظَرِیّ والْمَنْظَرَانِیّ. خوش نما۔

الْمُنَاظِر. فا۔ مثل۔

الْمِنْظَار. آئینہ۔ ج مَنَاظِیْر.

الْمَنْظُوْر. وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔

الْمَنْظُوْرَۃ. الْمَنْظُوْر کا مؤنث۔ مصیبت اِمْرَأَۃٌ مَنْظُوْرَۃ: عیب دار عورت۔

نَظُفَ (ک) نَظَافَۃً الشَّیْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِیْفٌ صفت مؤنث نَظِیْفَۃٌ ج نُظَفَاء. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِیْفُ السَّرَاوِیْلِ" فلاں پاک دامن ہے و نَظِیْفُ الْاَخْلَاقِ: مہذب۔

نَظَّفَ الشَّیْءَ: صاف کرنا۔ پاک کرنا۔

تَنَظَّفَ الشَّیْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ: بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔

اِنْتَظَفَ الْفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

اِسْتَنْظَفَ صاف ستھرا طلب کرنا الْوَالِیُ الْخَرَاجَ: پورا وصول کر لینا فُلَانٌ الشَّیْءَ: سب لے لینا الْفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

نَظَمَ (ض) نَظْمًا و نِظَامًا اللُّؤْلُؤَ و نَحْوَہٗ: موتی پرونا: آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ: ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا الْاَمْرَ: برپا کرنا۔ قائم کرنا۔

نَظَمَ اللُؤلُؤ والشِّعْرَ: بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)

نَظَمَتْ وانْظَمَتِ السَّمَكَةُ او الدَّجَاجَةُ: مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔

تَنَظَّمَ و اِنْتَظَمَ و تَناظَمَ اللُؤلُؤ ونَحْوُهُ موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ واِنْتَظَمَ الْاَمْرُ: درست ہونا۔ واِنْتَظَمَ الصَّيْدُ: شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَناظَمَتِ الصُّخُوْرُ: پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔

النَظْم. مص۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَظْم: بعض ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِطاقُ الْجَوْزاء والدَّبَران۔

نِظامُ کُوبَرنِيك: کوبرنیک البولونی (۱۴۷۳-۱۵۴۷) کا نظریہ فلکیات جس کے تحت وہ دعویٰ کرتا ہے کہ زمین اپنے اردگرد گھومتی ہے نیز وہ اور دیگر سیارات سورج کے اردگرد گھومتے ہیں۔ اس سے قبل اس کے بر خلاف بطلیموس نے نظریہ فلکیات پیش کیا تھا کہ سورج ستارے اور سیارے زمین کے اردگرد گھومتے ہیں۔

النِظام. مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُم و اَنْظِمَةٌ و اناظِيم. النِظام: طریقہ و عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰی نِظامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظامُ الْاَمْرِ: سرمایہ۔ معاملہ۔ النِّظامُ مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔ النِظامُ مِنَ الجَرَّادِ و النَّخْلِ ونَحْوِها ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔

النِظامانِ والْاِنْظامانِ والْاُنْظُوْمَتانِ مِنَ السَّمَكَةِ او الضَّبَّةِ: دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج اَناظِيم.

الاَنْظام. مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔ لڑی کا دھاگا۔ مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔

النَظّام. بہت پرونے والا۔

النَظِيم. موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔

المَنْظُوْم مص۔ شعر۔ اور یہ منثور کے خلاف ہے۔

المَنْظِم. ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَناظِم.

النَع. کمزور مرد۔

النُعاع. ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعاعَةٌ.

نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا و نُعابًا و نَعِيْبًا و نَعَبانًا و تَنْعابًا الغُرابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا۔ المُؤَذِّنُ: گردن لمبی کر کے اذان دینا۔

نَعَبَت (ف) نَعْبًا الإبلُ: اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی کرنا۔

النَعْب. مص۔ ریْحٌ نَعْبٌ: تیز ہوا۔

ناقَةٌ ناعِبَةٌ ج نَواعِب و نُعُوْبٌ. ج نُعُب و نَعَّابة تیز رفتار اونٹنی۔

النَعّاب. اسم مبالغہ۔ کوے کا بچہ۔

المِنْعَب و المُنْعِب. تیز رفتار اونٹنی۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا۔ بیوقوف۔

نَعَتَهُ (ف) نَعْتًا تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الكَلِمَةَ: کلمہ کیلئے صفت لانا۔

نَعِتَ (س) نَعْتًا بتکلف عمدہ صفات دکھانا۔

نَعُتَ (ک) نَعاتَةً الرَّجُلُ: خِلْقَةً عمدہ صفات والا ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔

اَنْعَتَ الرَّجُلُ: خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔

اِنْتَعَتَهُ. تعریف کرنا۔ اِنْتَعَتَ المَرْأَةُ بالجَمالِ: متصف ہونا۔

تَنَعَّتَ الشَّيْءَ: تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔

اِسْتَنْعَتَهُ الشَّيْءَ: بیان کرنے کو کہنا۔

النَعْت. مص۔ تعریف ج نُعُوت.

النَعْت والنَعْتَة والنَعِيْت والنَعِيْتَة والمُنْتَعِت مِنَ الخَيْلِ: گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَيْءٌ نَعْتٌ" عمدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُعْتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن و جمال میں انتہا پر ہے۔

نَعَثَ (ف) نَعْثًا و اِنْتَعَثَ الشَّيْءَ: لینا۔

اَنْعَثَ فِي مالِهِ: فضول خرچی کرنا۔ الرَّجُلُ: سفر کے لیے سامان لینا۔ القَوْمُ: کام میں جدوجہد کرنا۔

نَعْثَلَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ الفَرَسُ فِي جَرْيِهِ: تیز دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔

النَعْثَل. بیوقوف بڈھا۔ نر بجو۔

النَعْثَلَة. بیوقوفی۔ بڈھے کی چال۔

نَعِجَ (س) و نَعَجَ (ن) نَعَجًا و نُعُوجًا اللَّوْنُ: خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِها: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ نَعِجَ (س) نَعَجًا البَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا الرَّجُلُ: بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔

صفت نَعِجٌ:

اَنْعَجَ القَوْمُ: موٹے اونٹوں والا ہونا۔

النَعْجَة. بھیڑ۔ ج نِعاج و نَعَجاتٌ. و نِعاجُ الرَّمْلِ: گائے۔

النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوْقِ: سفید عورت یا اونٹنی۔ ناقَةٌ ناعِجَةٌ: تیز رفتار اونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ اَرْضٌ ناعِجَةٌ: ہموار نرم زمین۔ ج نَواعِج.

النَعَج. مص۔ خالص سپیدی۔

نَعَرَ (ف ض) نَعِيْرًا و نُعارًا الرَّجُلُ: خراٹے لینا۔ العِرْقُ بالدَّمِ: جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلانٌ فِي قَفا الْاَفْلاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔

نَعَرَ (ف) نَعْرًا فِي البِلادِ: جانا۔ القَوْمُ: جوش و خروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا۔ اِلَی فُلانٍ: آنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ نَعَرْتَ اِلَيْنا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِي الْاَمْرِ: اٹھنا اور کوشش کرنا۔ الرَّجُلُ: مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔

نَعِر(س) نَعرًا الحِمارُ او الفَرَسُ ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔ صفت نَعِرٌ.
نَعَرَ السَّهْمُ. سیدھائی معلوم کرنے کیلئے ناخن پر گھمانا۔
اَنْعَرَ الْاَرَاكُ. درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النَّعْرَة. نعر کا اسم مرۃ۔ خراٹا۔ ج نَعَرَات.
نَعْرَةُ النَّجمِ. ہوا کا جھونکا۔ اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔
النَّعرَة والنُّعرَة. تکبر۔ غرور۔ مہتم بالشان کام۔
النُّعرَة والنَّعرَة. ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔
النُّعرہ. ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ و نُعَرَاتٌ.
النَّاعِر. فا۔ کہا جاتا ہے كُلَّمَا نَعَرَ بِهِمْ نَاعِرٌ اِتَّبَعُوْهُ. جب کبھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہڑبونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر. وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ.
النَّعِير. مص۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ و پکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِيْرُ الهَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار. نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا۔ مؤنث نَعَّارَةٌ. اِمْرَأَةٌ نَعَّارَةٌ. شور مچانے والی۔ بدزبان عورت۔ النَّعَّار. ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَّار والنَّعُوْر والنَّاعُوْر. رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُوْر. چکی کا پہلو۔ النَّعُوْر مِنَ الرِّيَاحِ. گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ نِيَّةٌ نَعُوْرٌ. دور کی نیت۔
النَّعَّارَة عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ. دستے والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُوْر والنَّاعُوْرَة. رہٹ۔ ج نَوَاعِير.

نَعَسَ(ف ن) نَعْسًا الرَّجُلُ. اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّسٌ صفت مؤنث نَاعِسَةٌ ج نَاعِسَات و نَوَاعِس. نَعَسَ جِسْمُهُ او رَأيُه. جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا۔
نَعَسَتِ السُّوْقُ. بازار کا ماند پڑنا۔
اَنْعَسَهُ. سلانا۔ فُلَانٌ. سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ. بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ البَرْقُ. بجلی کا سست پڑنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوْقُ. بازار کا ماند پڑنا۔
النُّعَاس. حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النَّعْسَان. اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسَى (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَأَةٌ نَعَّاسَةٌ و نَعُوْسٌ. اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوْسٌ. دودھار اونٹنی۔
نَعَشَ(ف) نَعْشًا اللّٰهُ. بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا۔ الرَّبِيْعُ النَّاسَ. خوش حال کرنا۔ المَيِّتَ. بھلائی سے یاد کرنا۔ طَرْفَهُ. نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔ الشَّجَرَةَ. جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ. تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوْشٌ. فُلَانٌ. پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهُ و اَنْعَشَهُ اللّٰهُ. بلند کرنا اور اٹھانا۔
نَعَّشَ فُلَانًا : نَعَشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ کہنا۔
اِنْتَعَشَ. سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا۔ مِنْ سَقْطَتِهِ. گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ. سستی کے بعد چست ہونا۔
اَلنَّعْش. مص۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشٍ الْكُبْرٰى. سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰى کہتے ہیں۔
نَعَصَ(ف) نَعَصًا الشَّيْئُ. حرکت دینا

الجَرَادُ الْاَرْضَ. چٹ کر جانا۔
نَعِصَ(س) نَعَصًا. جھکنا۔
اِنْتَعَصَ. ہلنا۔ الرَّجُلُ. گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَة. مددگار۔ اعوان و انصار۔
اَنْعَطَ الْآكِلُ. آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔
النُّعُط. کھانے اور داد و دہش میں بد تمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ.
نَاعَفَهُ مُنَاعَفَةً. باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔ الطَّرِيْقَ. راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ. بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ. بلند جگہ پر چڑھنا لِفُلَانٍ. در پے ہونا الشَّيْئَ : غیر کے لیے چھوڑ دینا۔ الرَّاكِبُ. ظاہر ہونا۔
النَّعْف. پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ مِنَ الرَّمْلَةِ. ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نِعَاف.
النَّعْفَة. پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النَّعَفَة. گیسو۔ شملہ۔ گوست میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر ادھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ و نُعُوْفٌ و مُنْتَعِفَةٌ. لٹکتا ہوا کان۔
المَنَاعِف مِنَ الْجِبَالِ : پہاڑوں کی چوٹیاں۔
المُنْتَعَف. نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ(ف ض) نَعْقًا و نَعِيْقًا و نُعَاقًا و نَعَقَانًا الْغُرَابُ. کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ المُؤَذِّنُ. مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ الرَّاعِي بِغَنَمِهِ. چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النَّعَّاق. بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
النَّاعِقَان. جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ(ف) نَعْلًا القَوْمَ. جوتے دینا۔ (نَعَلَ و نَعَّلَ و اَنْعَلَ) الدَّابَّةَ. نعل لگانا۔ نَعِلَ (س) نَعَلًا. جوتہ پہننا۔

تَنَعَّلَ و اِنْتَعَلَ. جوتہ پہننا اَلثَّوْبَ روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔

اَلنَّعْل. س. جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَة. نَعْلُ الدَّابَّة: گھوڑے کا نعل ج نِعَال و اَنْعُل.

اَلنَّعْل میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج نِعَال. کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہو گئی۔

اَلنَّعْلَة. ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔

اَلنَّاعِل. فا. بہت جوتے والا۔ گورخر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ: جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافِرٌ نَاعِلٌ: سخت کھر

اَلنَّعَّال. نعل بند۔

اَلْمَنْعَل و الْمَنْعَلَة. سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَنْعَلٌ و اَرْضٌ مَنْعَلَةٌ."

اَلْمُنْعَل. جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنْعَلٌ: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالْمُنْعَلَاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔

نَعَمَ (ف ن) و نَعِمَ (س) نُعْمَةً و مَنْعَمًا الرَّجُلُ: خوش حال ہونا عَيْشُهٗ: آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "وَنَعِمْتُ بِهٰذَا عَيْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعِمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا وَنَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہارے محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔

نَعِمَ (س) نَعَمًا الْعُوْدُ. لکڑی کا سرسبز و تروتازہ ہونا۔

نَعُمَ (ک) نُعُوْمَةً. نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا۔ صفت نَاعِم.

نِعْمَ. افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ و نِعْمَ رَجُلًا زَيْدٌ اور مثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا و نِعْمَتَا و نِعْمَن اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَقْتُهٗ دَقًّا نِعِمَّا" (کسر عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا دَقَقْتُهٗ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا و نِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الفَعْلَةُ ہے۔

نَعَّمَ الشَّیْئَ: نرم و نازک بنانا۔ الرَّجُلَ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا۔ اَلْقَوْمَ لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ. الشَّیْئَ: نرم و نازک بنانا فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے۔ اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا و عِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰهُ النِّعْمَةَ عَلَيْهِ وانْعَمَهٗ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بك عينا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا اَنْعَمَ الرَّجُلُ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا اَلْقَوْمَ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِيْقَهٗ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا اَنْعَمَ النَّظَرَ فِي الْمَسْأَلَةِ: غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهٗ: کسی سے نَعَمْ کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ: آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلَ. آسودہ حال بنانا اَلْحَبْلَ وَغَيْرَهٗ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا قَدَمَيْهِ: مشغول کرنا فُلَانًا بِالْمَكَانِ: ڈھونڈنا اَلدَّابَّةَ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ اَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِيْ" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لیے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ. خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ کلمہ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعَمْ و نِعِمْ و نِعَامْ و نَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنے قَامَ کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد ہو گا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کے جواب میں "نَعَمْ اَعِدُكَ بِضَرْبِهٖ" کے معنے میں ہو گا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہو گا جیسے اَقَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ اُعَلِّمُكَ بِقِيَامِهٖ کے معنے میں ہو گا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّیْ قَادِرٌ.

اَلنُّعْم. خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمْ تم کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

اَلنَّعَم. اُونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَام ج اَنَاعِيْم.

اَلنَّعْمَة. اسم مرۃ۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

اَلنِّعْمَة. احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم وانْعُم و نِعْمَات و نِعَمَات و نِعِمَات. کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ: فلاں بہت مالدار ہے۔

اَلنَّعْمَاء ج اَنْعُم والنُّعْمٰی. بابرکت ہاتھ۔ والنُّعْمٰی: آرام۔ خوش عیشی۔ مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَفْعَلُهٗ نَعْمَ عَيْنٍ و نُعْمَ عَيْنٍ و نَعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمٰی عَيْنٍ و نَعِيْمَ عَيْنٍ و نَعَامَ عَيْنٍ و نِعَامَ عَيْنٍ و نُعَامَ عَيْنٍ و نُعَامٰی عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لیے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے آخری امر یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

النُّعمة: خوشی۔ نُعمةُ العَين: آنکھ کی ٹھنڈک۔

النعامة: شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعام و نَعامات و نَعائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَناتُ الهَيْسَق کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔

النَّعامة: نفس۔ تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان سر پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کجھلی۔ لوگوں کی جماعت۔ ابنُ النَّعامة: پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا۔ اور کہاجاتا ہے "نَفَرَتْ نَعامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجاءَ كَالنَّعامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَناحَي النَّعامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشالَتْ نَعامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشالَتْ نَعامَةُ القَوْمِ" یعنی متفرق ہوگئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهُ لَخَفِيفُ النَّعامَةِ" یعنی وہ ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لیے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

النَّعام اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعامُ الصّادِرُ: چار ستاروں کے نام النَّعامُ الوارِدُ: دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعائِم: منازل قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُومة: مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔

النُّعمان: حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب۔ خون۔ شَقائِقُ النُّعمانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِيقَةُ النُّعمان۔

الإِنْعام: مص۔ انعام۔ ج انعامات۔

الإِنْعامة: انعام۔ عطیہ۔

النّاعِم: فا مِنَ الثِّيابِ: ملائم کپڑا مِنَ العَيْشِ: آسودہ زندگی مِنَ النَّباتِ: سیدھا ہموار۔

النّاعِمة: النّاعِم کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔

النَّعِيم: آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہاجاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيمُ البالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نَعِيمُ اللهِ: اللہ کا فضل۔

المِنْعَم: جھاڑو۔

المِنْعام: بڑا فیاض۔

كَلامٌ مُنَعَّمٌ: نرم کلام۔

المُناعِم والمُتَناعِم مِنَ النَّباتِ: سیدھی ہموار نباتات۔

المُنَعَّم والمُناعَم والمُتَنَعِّم والمُتَناعِم: خوش حال۔ مالدار۔

نَعْنَعَ لِسانُ فُلانٍ: زبان میں ہکلا پن ہونا۔

تَنَعْنَعَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ جھکنا عَنْهُ: دور ہونا۔

النَّعْنَع والنَّعناع: پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة و نَعْناعَة۔

النُّعْنُعَة: بوٹا۔

نَعا يَنْعُو نُعاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

النَّعْو: ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اُونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔

نَعَى يَنْعَى نَعْيًا و نَعِيًا و نُعْيانًا لَنا وَاِلَيْنا فُلانًا: موت کی اطلاع دینا۔ کہاجاتا ہے "نَعاهُ بِمَوْتِ فُلانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی نَعَى القَوْمَ: میت کے دفن کیلئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا عَلَى القَوْمِ شَهَواتِهِمْ: عیب گیری کرنا۔ کہاجاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلانٍ ذُنُوبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وَفُلانٌ يَنْعَى فُلانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "فُلانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالفَواحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔

اَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيحًا: کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ اَنْعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا۔

تَناعَى القَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کیلئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔

اِسْتَنْعَى القَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لیے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلانٍ: پھیلنا حُبُّ الخَمْرِ بِهِ: مدت تک رہنا۔ الرّاعِي الغَنَمَ: چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔

النَّعْيَة: نَعَى کا اسم مرة۔ ج نَعَيات۔

النّاعِي: فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج ناعُونَ و نُعاة و نُعْيان۔

النَّعِيّ: مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔

نَعاءِ مبنی عَلَى الكسر: اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہاجاتا ہے نَعاءِ فُلانًا: یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔

المَنْعَى والمَنْعاة: خبر مرگ۔ ج مَناعٍ۔

نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيقَ: تھوک نگلنا۔

نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔

نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔

النَّغبة والنُّغبة: گھونٹ ج نُغَب۔ النُّغْبة: براکام۔

النَّغْبَقة والنُّغْبُوقة: جانور کے پیٹ کی آواز۔

نَغَتَ (ف) نَغْتًا الشَّعَرَ: بال کھینچنا۔

النَّغث: دائمی سخت مصیبت۔

نَغَرَتْ (ف ض) و نَغِرَتْ (س) نَغِيرًا و نَغَرانًا القِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔

نَغِرَ و نَغَرَ نَغَرًا و نَغَرانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلانٍ: غضبناک ہونا۔ کہاجاتا ہے "نَغِرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر صفت مؤنث نَغِرَة النّاقَةُ: اُونٹنی کو

آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا
الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِیَّ: بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ: اُونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا۔ عَنْ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
اَنْغَرَتِ الْبَیْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغْرُ۔ س۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَرُ۔ بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج نِغْرَان۔
النَّغَّارُ۔ بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
المُنْغِرُ۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
المِنْغَارُ۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِیَّ: بچے کو گدگدانا۔ بَیْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّازُ۔ فتنہ انگیز۔ تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا و نَغَشَانًا۔ ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَنْغَشُ اِلَی فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وَسُقِیَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وَانْتَغَشَ الشَّیْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ و تَنَغَّشَ الْمَكَانُ بَاَهْلِهِ وَالرَّاْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوں سے بھر گیا۔
النَّغْشَةُ۔ نغش کا اسم مرۃ۔
النُّغَاشُ والنَّغَاشُ و النُّغَاشِیُّ۔ بہت پستہ قد۔ النُّغَاشُ: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِیْرُ: سیراب نہ ہونا
الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهُ (ف) نَغْصًا۔ پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔

نَغَّصَ وَاَنْغَصَ اللّٰهُ عَلَیْهِ الْعَیْشَ و نَغَّصَ عَیْشَهُ: زندگی مکدر کر دینا۔ ونَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِیَّهُ: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِّصَ تَنْغِیْصًا۔ خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ الْعَیْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَاغَصَتِ الْاِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَةُ۔ مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَصٌ۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا و نُغُوْضًا و نَغَضَانًا کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔
نَغَضُوْا اِلَی الْعَدُوِّ مقابلے کے لیے اٹھنا
الشَّیْءَ وبِالشَّیْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغَضًا الشَّیْءُ: بہت ہونا۔ السَّحَابُ: گھٹاٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَّضَ الشَّیْءَ: ہلانا۔
اَنْغَضَ الشَّیْءَ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَاْسَهُ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّیْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّغْضُ۔ س۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِضُ۔ فا۔ ج نَغْضٌ۔ النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غَیْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل (والنُّغْضُ) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَّاضُ مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔
النَّغُوْضُ۔ بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِیْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَفُ۔ س۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَةٌ النَّغَفُ: خشک رینٹ جو

ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا و نَغِیْقًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ النَّغَّاقُ۔ بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا۔ الْجُرْحُ: فاسد ہونا زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِیَّتُهُ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهُ عَلَیَّ: کینہ رکھنا۔ بَیْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا۔ وَجْهُ الْاَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغُلَ (ک) نُغُولَةً المولود: نسبت بگڑنا۔
النِّغْلَةُ اسم مصدر ہے۔
اَنْغَلَ الْجِلْدُ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّغْلَةُ۔
النَّغْلُ۔ گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغَلُ۔ س۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النَّغْلَةُ۔ چغل خوری۔
النَّغْلُ والنَّغِلُ مؤنث نَغْلَةٌ و نَغِلَةٌ والنَّغِیْلُ بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النَّغِیْلَةُ۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) و نَغِمَ (س) نَغْمًا و نَغَمَ و تَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِی الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهُ مُنَاغَمَةً۔ بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْمُ والنَّغَمُ۔ گانے میں سر۔ ج اَنْغَامٌ۔ ج اَنَاغِیْمُ اور اسی سے اَنْغَامُ الْمُوْسِیْقَی ہے۔ آہستہ گفتگو۔
النَّغَّامُ۔ بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَةُ والنَّغَمَةُ۔ نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَاتٌ۔
النُّغْمَةُ۔ گھونٹ۔ ج نُغَمٌ۔
رَجُلٌ نَغُوْمٌ۔ اچھی آواز والا امرد۔

نَغَا يَنْغُو نَغْوًا و نَغَى يَنْغِي نَغْيًا وانْغَى اِلَيْه: قابلِ سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

نَاغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔ الْمَرْأَةَ: عشق بازی کرنا الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔

تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔

النَّاغِيَةُ. کلمہ۔

النَّغْوَةُ والنَّغْيَةُ. سریلی آواز۔ اچھی گفتگو

النَّغْيَةُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔

نَفَّ(ن) نَفًّا الْاَرْضَ بونا۔

نَفَّ(س) نَفًّا السَّوِيقَ: ستو پھانکنا۔

النَّفِيُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج نَفَانِيُّ.

النَّفِيَّةُ والنُّفْيَةُ والنُّفَى: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گرالی دستر خوان۔

النَّفِيفُ اُونٹ کے پالان کا تنگ۔

النُّفَأُ: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں۔ واحد نُفَأَةٌ.

نَفَتَتْ(ض) نَفْتًا و نَفَتَانًا و نَفِيتًا و نَافَتَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نَفُوتٌ. نفت و نَافَتَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ و نَفَتَ الدَّقِيقُ نَفْتًا: آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔

النَّفِيتَةُ: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔

• النَّفْتَالِينُ (کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی ہوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

نَفَثَ(ن ض) نَفْثًا و نَفَثَانًا الْبُصَاقَ مِنْ فِيهِ: منہ سے تھوک پھینکنا الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا الرَّجُلُ: تھوکنا۔ نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔ نَفَثَ الْمَصْدُورُ: درد سینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔ الْقَلَمُ: لکھنا فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّيْءَ فِي قَلْبِهِ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ و نُفِثَ فِي رَوْعِي او قَلْبِي كَذَا" مجھے فلاں چیز کا ☐ الہام ہوا۔ "و فُلَانٌ يَنْفِثُ عَلَيَّ غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔

نَافَثَهُ مُنَافَثَةً: چپکے چپکے بات کرنا۔

النَّفْثُ: بس بلغم۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ: غزل کے اشعار۔

النَّفْثَةُ. نَفْث کا اسم مرۃ۔ ج نَفَثَاتٌ. کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔

النُّفَاثَةُ: تھوک وغیرہ جو درد سینہ والا پھینکے۔

النَّافِثُ والنَّفَّاثُ: جادوگر۔ مؤنث نَافِثَةٌ و نَفَّاثَةٌ.

دَمٌ نَفِيثٌ: زخم سے بہا ہوا خون۔

الْمَنْفُوثُ۔ رَجُلٌ مَنْفُوثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔

نَفَجَ(ن) نَفْجًا و نَفَجَانًا و نُفُوجًا الْاَرْنَبُ او الْيَرْبُوعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نَفَجَتِ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا الطَّرِيقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔

نَفَجَ نَفْجًا الْاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا الْفَرُّوجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا الْاَرْنَبَ وغَيْرَهَا: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا الشَّيْءَ: بلند کرنا السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔

اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا الْحَالِبُ: دوہنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔

تَنَفَّجَ وانْتَفَجَ: بلند ہونا الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ تَنَفَّجَتِ الرِّيحُ عَلَى الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبَ وغَيْرَهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔

اِسْتَنْفَجَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا الَّذِي اسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔

النَّافِجُ. فا۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔

النَّافِجَة. النَّافِج کا مؤنث۔ بہت بارش والا۔ بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا نافہ۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نَوَافِجُ.

النَّفَّاجُ: غیر واقعی صفات پر فخر وغرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنا والا۔

النِّفَاجَةُ: چوبغلا۔

النَّفِيجَةُ: کمان۔ ج نَفَائِجُ.

النَّفِيجُ: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نُفُجٌ. النُّفُجُ: بوجھل اور سست لوگ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نُفُجُ الْحَقِيبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "و اِمْرَأَةٌ نَفْجُ الْحَقِيبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔

الْاَنْفُجَانِيُّ: قول میں افراط کرنے والا۔

الْمَنَافِجُ: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔

بَعِيرٌ مُنْتَفِجٌ: کوکھ باہر نکلا ہوا اونٹ۔

الْمَنْفُوجُ: کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔

نَفَحَ(ف) نَفْحًا و نَفَحَانًا و نُفُوحًا و نُفَاحًا الطِّيبُ: خوشبو پھیلنا۔ نَفَحَتِ الرِّيحُ: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتِ الدَّابَّةُ

الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔ نَفَخَ فُلَانًا بِالسَّیْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نَفَحَهُ بِكَذَا: دینا۔ نَفَحَ لِمَّتَهٗ: کنگھا کرنا الشَّیْئَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نافَحَه مُنافَحَةً. جھگڑا کرنا۔ نافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔

اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔ اِنْتَفَحَ اِلٰی مَوْضِعٍ كَذَا: واپس آنا۔

النَفْح. س۔ النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو لفح کہتے ہیں۔

النَفْحَة. نفح کا اسم مرۃ۔ نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔ نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔ نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک مِنَ الْأَلْبَانِ: خالص دودھ۔ النَفْحَة: عطیہ۔ ج نَفَحات. کہا جاتا ہے نِيَّةٌ نَفَحٌ: بلند ارادہ۔

النَفُوْحُ مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوھے ہوئے دودھ نکلے۔ مِنَ الْقِسِيِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔ رِيْحٌ نَفُوْحٌ: تیز چلنے والی ہوا۔

النَفَّاح. بہت داد و دہش والا۔ طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔

النَفِيْحَة. دُور تک تیر پھینکنے والی کمان۔

النَفِيْحُ والمِنفَح. دخل در معقولات کرنے والا مرد۔

الإنْفَحَةُ والإِنْفِحَةُ والأنْفَحَة والمِنفَحة. بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَجْبَنَة کہتے ہیں۔

نَفَخَ (ن) نَفْخًا و نَفِيْخًا بِفَمِهٖ: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِي النَّارِ و نَفَخَ النَّارَ. نَفَخَ الضُّحٰى: بلند ہونا۔ نَفَخَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَخَ شِدْقَيْهِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ و "نَفَخَ الشَّيْطَانُ فِيْ أَنْفِهٖ" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفَخَهُ الطَّعَامُ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ. پھولنا۔

اِنْتَفَخَ. پھولنا۔ اِنْتَفَخَ الشَّيْئُ: بلند ہونا النَّهَارُ: دن چڑھنا۔ الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَفْخ. فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ نَفْخٍ.

النَفَخ. جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النُفُخ. جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفُخٌ و جارِيَةٌ نُفُخٌ."

النَفْخَة. نفخ کا اسم مرۃ۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَةُ الشَّبَابِ: کامل جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِيْعِ: موسم بہار کی تر و تازگی۔

النُفَاخ. ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔

النُفَّاخَة. پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ ج نُفَّاخات.

النَّافِخ. فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوْخ. یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔

النَفِيْخ. س۔ جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْفَخَانٌ و اِنْفَخَانٌ و اُنْفُخَانِيٌّ و اِنْفَخَانِيٌّ": موٹائی کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔

المِنْفَاخ والمِنفَخ. پھونکنی۔ لوہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِيْخ و مَنَافِخ. مَنَافِخُ الشَّيْطَانِ: شیطان کے وساوس۔

المَنْفُوْخ. مف۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س) نَفَدًا و نَفَادًا. الشَّيْئُ: نیست و نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ الْقَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔

نَفَدَ (ن) نَفْدًا الْقَوْمَ: لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ الْقَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔ اَنْفَدَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَنْفَدَ الشَّيْئَ: نیست و نابود کرنا۔ القَوْمَ: لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔

نَافَدَهٗ مُنَافَدَةً. باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔

اِنْتَفَدَ واسْتَنْفَدَ الشَّيْئَ: نیست و نابود کرنا۔ اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهٗ: پوری طاقت لگانا۔ اِنْتَفَدَ الْحَقَّ: پورا حق لینا۔ اللَّبَنَ: دودھ دوھنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّهٖ" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔

تَنَافَدَ الْخَصْمَانِ اِلَى الْقَاضِيْ: فیصلہ کے لیے جانا۔ تَنَافَدَ الْقَوْمُ: جھگڑا کرنا۔

المُنَافِد فَاخَصْمٌ مُنَافِدٌ: جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔

المُنْتَفِد. فا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُنْتَفِدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

المُنْتَفَد. مف۔ کہا جاتا ہے "فِيْ هٰذَا الشَّيْئِ مُنْتَفَدٌ عَنْ غَيْرِهٖ" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے" و "فُلَانٌ مُنْتَفَدُ فُلَانٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔

نَفَذَ (ن) نَفْذًا و نُفُوْذًا و نَفَاذًا الشَّيْئُ الشَّيْئَ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ وفِيْهَا و مِنْهَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہو گیا۔ فُلَانٌ الْقَوْمَ: آگے گزر جانا۔ نفذ (ن) نُفُوْذًا و نَفَاذًا الْاَمْرُ او الْقَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔ نَفَذَ الْمَنْزِلُ اِلَى الطَّرِيْقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِيْقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نافِذٌ. نَفَذَ الْكِتَابُ اِلٰى فُلَانٍ: پہنچنا۔ نَفَذَ الرَّجُلُ فِي الْاَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔ نَفَذَ لِوَجْهِهٖ اپنی حالت پر گزرنا۔

نَافَذَهٗ. فیصلہ کے لیے جانا۔

نَفَّذَ و اَنْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِيَّةَ: تیر سے شکار کو

چھید کر پار کرنا۔ الْکِتَابَ اِلَی فُلَانٍ: بھیجنا
الْحَاکِمُ الْاَمْرَ: جاری کرنا۔ نافذ کرنا
الرَّجُلُ الْقَوْمَ: وسط میں چلنا۔ آگے گزر جانا و
اَنْفَذَ عَھْدَہٗ: عمل میں لانا۔
تَنَافَذَ الْقَوْمُ اِلَی الْحَاکِمِ: فیصلہ کے لیے حاکم کے پاس جانا۔
النَّفَذ. جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمَرَ بِنَفَذِ الْکِتَابِ" اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ پھٹن۔ نکلنے کی جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ طَعْنَۃٌ لَھَا نَفَذٌ" یہ ضرب نیزہ ایسی ہے کہ آر پار ہے۔
النَّافِذ. فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طَرِیْقٌ نَافِذٌ: عام راستہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔ النَّافِذ: یہ النَّوَافِذ کا واحد ہے۔ نوافذ جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک، منہ وغیرہ۔
النَّافِذَۃ. النَّافِذ کا مؤنث۔ روشن دان۔ سوراخ۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ طَعْنَۃٌ نَافِذَۃٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج نَوَافِذ.
النَّفَاذ و النُّفُوْذ. ہر کام کو کر گزرنے والا۔
النُّفْذَۃ. مہرہ۔ ج نُفَذ.
النَّفِیْذ. نافذ. اَمْرٌ نَفِیْذٌ: مانا ہوا حکم۔
الْمَنْفَذ. گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.
الْمَنْفِذ. کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔ ج مَنَافِذ۔ مَنَافِذُ الْاِنْسَانِ: جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ، ناک وغیرہ۔
الْمُنْتَفَذ. گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَتْ (ض ن) نُفُوْرًا و نِفَارًا و نَفِیْرًا الدَّابَّۃُ مِنْ کَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور ہونا۔ صفت نَافِرٌ و نَفُوْرٌ.
نَفَرَ (ض) نَفْرًا. مِنْ کَذَا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَۃِ فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی عَنْ کَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ اِلَی الشَّیْئِ: دوڑنا (نُفُوْرًا) الْعَیْنُ و غَیْرُھَا: آنکھ کا سوجنا (نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (نَفْرًا و نُفُوْرًا) الْحَاجُّ مِنْ مِنٰی: مکہ کی طرف کوچ کرنا (نَفْرًا و نُفُوْرًا و نِفَارًا و نَفَرَانًا) الظَّبْیُ وغیرہ: ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا و نُفُوْرًا و نَفِیْرًا) الْقَوْمُ لِلْقِتَالِ او الْاَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَہٗ. بھگانا۔ نَفَّرَہٗ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَرَہٗ الشَّیْئَ و عَلَی الشَّیْئِ و بِالشَّیْئِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ: برا لقب دینا
اَنْفَرَہٗ. بھگانا۔ اَنْفَرَ الْقَوْمُ: بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا الْقَوْمُ فُلَانًا مدد دینا الْحَاکِمُ فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَہٗ نِفَارًا و مُنَافَرَۃً. فیصلے کے لیے جانا۔ حسب و نسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَافَرْتُہٗ اِلَی الْقَاضِیْ فَنَفَّرَنِیْ عَلَیْہِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لیے لے گیا اس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ. کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لیے جانا۔ باہم فخر کرنا الْقَوْمُ لِلْاَمْرِ: چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَہٗ. بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ الْقَوْمَ: قوم سے مدد طلب کرنا۔ جنگ کیلئے کوچ کرنے کی درخواست کرنا الظَّبْیَ: ہرن کا بھاگنا۔
اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِہٖ: کپڑے لے جا کر گم کر دینا۔
النَّفْرُ. مص۔ النَّافِر کی جمع۔
النَّفْر و النَّفْرَۃ. بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت النَّفْرَۃ: نفر کا اسم مرۃ۔ نَفْرَۃُ الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ و عِفْرٌ نِفْرٌ تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث و سرکش اور ایسا ہی عِفْرِیَۃٌ نِفْرِیَۃٌ و عِفْرِیْتٌ نِفْرِیْتٌ و عِفْرِیَۃٌ نِفْرِیَۃٌ.
النَّفَر. سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج اَنْفَار. کہا جاتا ہے "ثَلَاثَۃُ نَفَرٍ او ثَلَاثَۃُ اَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔ نَفَرُ الرَّجُلِ مرد کا قبیلہ۔
یَوْمُ النَّفْرِ والنَّفَرِ والنَّفِیْرِ او النُّفُوْرِ. حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ ہے۔
اَلنُّفْرَۃ. حکم۔ فیصلہ (والنُّفْرَۃ) نظر بد سے حفاظت کے لیے تعویذ وغیرہ۔
النِّفَار. مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِی الدَّابَّۃِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔
النُّفَارَۃ. حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔
النَّافِر. فا۔ غالب۔ ج نُفُرٌ و نُفَّرٌ.
النَّافِرَۃ. النَّافِر کا مؤنث۔ نَافِرَۃُ الرَّجُلِ و نُفُوْرَتُہٗ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْر و الْیَنْفُوْر و الْمُسْتَنْفِر. بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِیْر. مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِیْرُ: بگل (دخیل) ج اَنْفَار. و النَّفِیْرُ الْعَامُّ: دشمن سے مقابلہ کیلئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا ھُوَ بِنَفِیْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔
النَّافُوْر عیسائیوں کے نزدیک: قربان مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النَّفَارِیْر. چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْر.
الْمُسْتَنْفَر. مفع۔ ڈرایا ہوا۔
الْمَنْفُوْر. مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَجَ نَفْرَجَۃً. بہت بات کہنا۔
النِّفْرِج والنِّفْرِجَۃ والنِّفْرَاج والنِّفْرَاجَۃ والنِّفْرِجَاء. بزدل۔ ڈرپوک۔
النِّفْرِیْح. بہت کہنے والا۔
نَفَزَ (ض) نَفْزًا و نُفُوْزًا و نَفَزَانًا الظَّبْیُ: ہرن کا کودنا۔ اچھلنا۔ چھلانگ مارنا الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَہٗ. کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْاَۃُ وَلَدَھَا

عورت کا بچّے کو اُچھالنا۔ نَفَزَ وانْفَزَ السَّهْمَ: تیر کی درستی کو دیکھنے کے لیے ناخن پر گھمانا۔

تَنَافَزُوْا باہم اچھلنا کودنا۔

النَّفِيْزُ والنَّفِيْزَةُ مکھن جو مٹکی میں اِدھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔

النَّيْفُوْزُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے والا۔

نَوَافِزُ الدَّابَّةِ جانوروں کی ٹانگیں۔

النُّفَّازُ ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔

نَفِسَ (س) نَفَسًا و نَفَاسِيَةً بالشَّيْءِ: بخل کرنا عَلٰى فُلَانٍ بِخَيْرٍ: حسد کرنا (نَفَاسَةً) الشَّيْءَ: عَلٰى فُلَانٍ نااہل سمجھنا۔

نَفَسَهُ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (ای بعین) نظر بد لگانا۔

نَفِسَتْ (س) و نُفِسَتْ و نَفَسًا و نَفَاسَةً و نِفَاسًا. اَلْمَرْأَةُ غُلَامًا: زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔ نُفِسَ فُلَانٌ: پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ هٰذَا قَبْلَ اَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔

نَفُسَ (ک) نَفَاسَةً و نِفَاسًا و نُفُوْسًا و نَفَسًا نفیس و مرغوب ہونا۔

نَفَّسَ تَنْفِيْسًا عَنْهُ الْكُرْبَةَ: غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نُفِّسَ فُلَانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا نَفَّسَهُ فِي الْاَمْرِ: ترغیب دینا۔

نَافَسَ نِفَاسًا و مُنَافَسَةً فُلَانًا فِي الْاَمْرِ: باہم فخر کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا فِي الشَّيْءِ: مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔

اَنْفَسَ الشَّيْءُ: نفیس ہونا الشَّيْءُ فُلَانًا پسند آنا فُلَانًا فِي الشَّيْءِ: رغبت دلانا۔

تَنَفَّسَ سانس لینا الصُّبْحُ: صبح کا روشن ہونا الْقَوْسُ: کمان کا چٹخنا النَّهْرُ: نہر میں زیادہ پانی ہونا النَّهَارُ: دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لمبی لمبی باتیں کرنا الرَّجُلُ فِي الْاِنَاءِ: برتن بغیر جدا کیے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "اِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاءِ وَنَهٰى عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الْاِنَاءِ" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔

تَنَافَسَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے رغبت کرنا۔

النَّفْسُ مص۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "وَفَقَ نَفْسُهٗ" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بد□ن کہا جاتا ہے "هُوَ عَظِيْمُ النَّفْسِ" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظر بد۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ نَفْسٌ" یعنی اسے نظر بد لگی۔ شخص۔ نَفْسُ الشَّيْءِ: عَيْنُ شَيْءٍ اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ هُوَ نَفْسُهٗ و بِنَفْسِهٖ" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نَفْسُ الْاَمْرِ: حقیقت امر۔ النَّفْسُ: عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔

نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خَرَجَتْ نَفْسُهٗ اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عِنْدِيْ خَمْسَةَ عَشَرَ نَفْسًا ج اَنْفُسٌ و نُفُوْسٌ اور کہا جاتا ہے "فِيْ نَفْسِيْ اَنْ اَفْعَلَ كَذَا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وَفُلَانٌ يُؤَامِرُ نَفْسَيْهِ وَ يُشَاوِرُهُمَا" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دو رائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وَخَرَجَتْ نَفْسُهٗ وَ جَادَ بِنَفْسِهٖ" یعنی وہ مر گیا۔

النَّفَسُ مص۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اِعْمَلُوا الْخَيْرَ وَاَنْتُمْ فِيْ نَفَسِ الْبَقَاءِ" خیر کا عمل کرو۔ اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ كِتَابًا نَفَسًا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اِكْرَعْ مَا فِي الْاِنَاءِ نَفَسًا وَاحِدًا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ میں پی جاؤ۔ ج اَنْفَاسٌ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرَابٌ ذُوْ نَفَسٍ" یعنی خوشگوار ہے۔

و نَفَسُ السَّاعَةِ: آخری زمانہ و نَفَسُ الشَّاعِرِ او الْمُؤَلِّفِ: طرز تحریر۔

النِّفَاسُ مص۔ زچگی۔ ولادت کے بعد کا خون۔

النُّفْسَةُ مہلت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِي الْاَمْرِ نُفْسَةٌ" تمہارے لیے معاملے میں گنجائش ہے۔

النَّافِسُ فا۔ حاسد۔ بیش قدر۔ نظر بد والا۔ جوئے کا پانچواں یا چوتھا تیر۔

النَّفِيْسُ بہت مال۔ شَيْءٌ نَفِيْسٌ: مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے۔ رَجُلٌ نَفِيْسٌ: حاسد مرد۔

مَالٌ نَفِيْسٌ و مُنْفِسٌ و مُنْفَسٌ: بہت مال۔

الْاَنْفَسُ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الثَّوْبُ اَنْفَسُ مِنْ ذَاكَ" یہ کپڑا اس سے بہتر ہے "وَهٰذَا الْمَكَانُ اَنْفَسُ مِنْ هٰذَا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وَهٰذَا اَنْفَسُ مَالِيْ" یہ میرا مرغوب مال ہے۔

النُّفَسَاءُ النَّفْسَاءُ والنَّفَسَاءُ۔ زچہ۔ مثنٰی نُفَسَاوَانِ ج نِفَاسٌ و نُفْسٌ و نُفُسٌ و نُفَّسٌ و نُفَّاسٌ و نَوَافِسُ و نُفَسَاوَاتٌ۔

النَّفُوْسُ حاسد نگاہیں۔

الْمَنْفُوْسُ نو پید بچہ۔ شَيْءٌ مَنْفُوْسٌ: مرغوب چیز۔

الْمُنْفِسُ فا۔ بیش قدر چیز۔

الْمُتَنَفَّسُ سانس لینے کی جگہ۔

نَفَشَ (ن) نَفْشًا و نَفَّشَ الْقُطْنَ او الصُّوْفَ: روئی یا اون دھننا۔

نَفَشَ نُفُوْشًا الْقَوْمُ: ارزانی میں ہونا۔ فُلَانٌ عَلَى الشَّيْءِ: کھانے کے لیے متوجہ ہونا۔

نَفَشَتْ (ض ن) و نَفِشَتْ (س) نَفْشًا

الْاِبلُ او الْغَنَمُ: اُونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لیے رات میں رنا۔ صفت نَافِشَة و نُفَّاش و نَوافِش و نُفُش اور اسم النَفَش۔

اَنْفَشَ الرَّاعِیُ الْاِبلَ: چرواہے کا اُونٹ کو رات میں چرنے کے لیے چھوڑنا۔

تَنَفَّشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔ تَنَفَّشَتِ الْاِبلُ: اُونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا۔ تَنَفَّشَت و انْتَفَشَت الْهِرَّةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ وَانْتَفَشَ الصُّوْفُ: دھنی ہوئی ہونا۔

النَفَش. دھنی ہوئی اون۔ متفرق سامان۔ کثرت کلام و کثرت دعوی۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ ذُو نَفَشٍ" یعنی سرسبز و شاداب شہر۔ اِبلٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اُونٹ یا بکریاں۔ نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہوتا ہے اور ہَمل کا رات اور دن دونوں پر۔

النَفِیْش. برتن میں متفرق سامان۔ کہا جاتا ہے "بَقَرٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ و نَوافِشُ و نُفَّاشٌ" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے والی گائیں یا بکریاں۔

النَفَّاش. مغرور۔ پھلانے والا۔ ایک قسم کا بڑا لیموں۔

المُتَنَفِّش و المُنْتَفِش. پھولا ہوا اور نرم کہا جاتا ہے "اَنْفٌ مُتَنَفِّشٌ و مُنْتَفِشٌ" چپٹی ناک۔

نَفَصَ (ض) نَفْصًا و اَنْفَصَ بِبَوْلِه: پیشاب کرنا۔ نَفَصَ و اَنْفَصَ بِالْكَلِمَةِ: جلدی بولنا۔ اَنْفَصَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا الشَّاةُ بِبَوْلِهَا: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔

الرَّجُلُ بِشَفَتَيْهِ: ہونٹوں سے اشارہ کرنا۔

النُفْصَة. خون کا فوارہ۔ ج نُفَص

النُفَاص. بکریوں کی ایک بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مر جاتی ہے۔

النَفِیْص. خوش گوار پانی۔

المِنفَاص. بہت ہنسنے والا۔

نَفَضَ (ن) نَفْضًا الثَّوْبَ: کپڑا جھاڑنا الشَّجَرَةَ: درخت سے پھل گرانے کے لیے ہلانا الْوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ: پتے گرانا الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ نَفَضَتْهُ الْحُمّٰی: بخار آنا۔ کپکپانا۔ نَفَضَ الزَّرْعُ: آخری خوشہ نکالنا۔ نَفَضَتِ الْاِبلُ: سارے بچے جننا الْمَرْاَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ نَفَضَ الْقَوْمُ: بے توشہ یا بے مال ہونا۔ نَفَضَ الطَّرِيْقَ: تلاش و جستجو کرنا۔ چوروں سے پاک کرنا الْقَوْمُ حَلَائِبَهُمْ: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا دودھ نکال لینا۔ نَفَضَ الثَّوْبُ او الصِّبْغُ: رنگ کا مدھم پڑنا الْكَرْمُ: انگور کی بیل میں گچھے نکلنا فُلانٌ: چاروں طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا تَكَلَّمْتَ نَهارًا فَانْفُضْ" جب دن میں گفتگو کرو تو ادھر اُدھر دیکھ لو۔

نَفِضَ (ن) نُفُوْضًا الْمَرِيْضُ مِنْ مَرَضِه: بیمار کا صحت یاب ہونا۔

اَنْفَضَ الْقَوْمُ: تباہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال والا ہونا الْقَوْمُ زَادَهُمْ: توشہ کو ختم کر دینا۔ اَنْفَضَ فُلانًا عَنْهُ: دور کر دینا۔ دوستی ختم کرا دینا۔ اِنْفَضَتِ الْاِبلُ: سارے بچے جننا۔

نَفَّضَ الثَّوْبَ او الشَّجَرَةَ: کپڑا یا درخت جھاڑنا۔

اِنْتَفَضَ الثَّوْبُ او الشَّجَرُ: کپڑا یا درخت کا جھڑنا الْفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔

تَنَفَّضَ واسْتَنْفَضَ الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ اِسْتَنْفَضَ الْقَوْمُ: تامل کرنا۔ غور کرنا الشَّيْءَ: نکالنا الْاَمِيْرُ: جاسوس بھیجنا۔

النَفَض و النِفَاض و النُفَاض و النُفَاضَة جھاڑے ہوئے سے جو گرے۔

النُفَاضَة: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔

النَفَض پتے یا کھجور جو گریں۔ النِفَاض: اسم ہے اَنْفَضَ الْقَوْمُ زَادَهُمْ سے۔ النِفَاض: بچوں کا تہبند۔ ج نُفُض اور کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ نِفَاضٌ" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں۔

النُفْضَة و النُفَضَة و النَفَاض و النُفَضَاء بخار کی کپکپی۔ النُفَضَة: بارش جو کہیں ہو اور کہیں نہ ہو۔

النَفَضَة. جاسوسوں کی جماعت۔

النَفَضی و النِفِضّٰی و النِفِّيْضی کپکپی۔

النَافِض. فا۔ جوڑی کا بخار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ حُمّٰی نَافِضٌ و حُمّٰی نَافِضٍ و حُمّٰی بِنَافِضٍ" اس کو جوڑی کا بخار آ گیا۔

ثَوْبٌ نَافِضٌ: مدھم رنگ کا کپڑا۔

النَفُوْضُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت اولاد والی عورت۔

النِفْض. شہد کی مکھی کی بیٹ۔

النَفِيْضَة. جاسوسوں کی جماعت۔ ج نَفَائِض۔ النَفَائِض: کنکری پھینک کر آئندہ کی خبر دینے والے۔ دبلے اُونٹ۔

الْاِنْفَاض. مص۔ بھوک۔ حاجت۔

الْاَنَافِیض. درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ واحد اُنْفُوْضَة۔

المِنْفَض. چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (والمِنْفَاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا میوے جھاڑیں۔

المُنْفِض مِنَ الدَّجَاجِ: مرغی جو انڈے دے کر رک گئی ہو۔

المَنْفُوْض. مف۔ تپ و لرزہ زدہ۔

نَفِطَتْ (س) نَفَطًا و نَفْطًا و نَفِيْطًا يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔

نَفَطَ (ض) نَفَطَانًا غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

نَفَطَتْ (ض) نَفْطًا و نَفِيْطًا الْعَنْزَةُ: بکری کا چھینکنا الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔

نَفَطَ الظَّبْيُ: ہرن کا آواز کرنا الرَّجُلُ: مبہم گفتگو کرنا۔

تَنَافَطَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔

تَنَفَّطَ غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

تَنَفَّطَتِ الْيَدُ: ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ والا

النَفْط و النِفْط. ایک قسم کا معدنی تیل جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے علاج بھی کرتے ہیں۔ النَفْط. چیچک۔ آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نِفْط کا اطلاق مٹی کے تیل پر بھی ہے۔

النَفْطَة و النِفْطَة و النَفِطَة. آبلہ چیچک۔

النُفَطَة. جلدی غضبناک ہونے والا۔

النَّافِطَة. بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ: آبلہ دار ہاتھ رُغْوَةٌ نَافِطَةٌ: بلبلہ والے جھاگ۔

النَفَّاط. معدن سے نفط نکالنے والا۔ نفط پھینکنے والا۔ ج نَفَّاطَةٌ و نَفَّاطُوْن.

النِفَاطَة و النَفَّاطَة. نفط کا معدن۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے نفط اور آگ پھینکا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَفَّاطُوْنَ بِاَيْدِيْهِمْ النَفَّاطَات" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔ النَفَّاطَة: پھنسی۔

النَفْطَان. کھانسی کے مشابہ۔ غصہ کے وقت پھولنا۔

النَفِيْط و المَنْفُوْط. ہاتھ میں آبلہ والا۔ مؤنث نَفِيْطَة و مَنْفُوْطَةٌ.

نَفَعَهُ (ف) نَفْعًا بِكَذَا: نفع دینا۔

اِنْفَعَ الرَّجُلُ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

اِنْتَفَعَ بِهِ و مِنْهُ: فائدہ اٹھانا۔

اِسْتَنْفَعَه. فائدہ طلب کرنا۔

النَفْع. فائدہ۔ نفع۔ خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔

النَفَاع و النَفِيْعَة. منفعت۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَاضِرُ النَفِيْعَة" اس کا نفع موجود ہے۔

النَفْعَة. نَفع کا اسم مرۃ۔ لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ج نَفَعات.

النِفْعَة. نَفع کا اسم نوع۔ چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نِفَع و نِفَع.

اَلنُّفَاعَة. ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النَّافِع. فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلنَّفْعِي. منفعی مذہب کا قائل اَلنَّفْعِية: وہ مذہب جس کے ماننے والے خالص منفعت کے قائل ہیں۔

النَّافِعَة. جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَفَعنِي فُلَانٌ بِنَافِعَة" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔

النَفَّاع. بہت فائدہ پہنچانے والا۔

النَفُوْع. بہت فائدہ پہنچانے والا۔ ج نُفُعٌ.

المَنْفَعَة. ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج مَنَافِع. مَنَافِعُ الدَّارِ: گھر میں آرام کی چیزیں۔ جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔

نَفِغَتْ (ف) نَفْغًا و نُفُوْغًا و نَفِغَتْ (س) نَفَغًا و تَنَفَّغَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔

نَفَقَ (ن) نَفَاقًا و نَفِقَ (س) نَفَقًا الشَّيُّ ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نَفَقَ الْبَيْعُ: خرید و فروخت رائج ہونا۔ نَفَقَت السُّوْقُ: گرم بازاری ہونا۔

نَفَقَ (ن) نُفُوْقًا الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ: مرنا۔ روح نکلنا الْجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

نَفَقَ (ن) و نَفِقَ (س) نَفْقًا الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ (ضد)

نَافَقَ مُنَافَقَةً و نِفَاقًا فِي دِيْنِهِ: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنَافِق. نَافَقَ الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ داخل ہونا۔

اَنْفَقَ. محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا اَلْمَالَ: خرچ کرنا السِّلْعَةَ: سامان رائج کرنا الْقَوْمُ: رائج تجارت والی قوم ہونا الرَّجُلُ: سامان کو رائج پانا۔

تَنَفَّقَ الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا (ضد)

اِنْتَفَقَ الرَّجُلُ: سرنگ میں داخل ہونا۔

الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ سوراخ سے نکلنا (ضد) الْيَرْبُوْعَ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔

اِسْتَنْفَقَ الْمَالَ: مال ختم کرنا۔

اَلنَفَق. سرنگ۔ ج اَنْفَاق.

النَفِق. جلدی منقطع ہونے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ نَفِقُ الْجَرْيِ: جلدی تھکنے والا گھوڑا۔

النِفَاق و الْمُنَافَقَة. س۔ منافق کا فعل۔

النَفَقَة. اِنْفَاق کا اسم۔ خرچ۔ ج نَفَقَات و نِفَاق و اَنْفَاق.

النَافِق. فا مِنَ الْبَضَائِع: رائج سامان۔

النَافِقَة. النَافِق کا مؤنث۔ مشک کا نافہ۔

النَافِقَاء ج نَوَافِق و النُفَقَه و النُفَقَاء جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔

نَيْفَق السَرْوَال: پائجامہ کا نیفہ۔

المِنْفَاق. بہت خرچ کرنے والا۔

المُنَافِق. دل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

المَنْفَقَة. باعث رواج پذیری اور اسی سے ہے "اَلْيَمِيْنُ الْكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْبَرْكَة" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

نَفَلَ (ن) نَفْلًا. قسم کھانا الرَّجُلَ: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔ نفَلَهُ النَفَل: زائد عطیہ دینا۔ نَفَلَ الْقَائِدُ الْجُنْدَ: مال غنیمت تقسیم کرنا الرَّجُلَ عَنْ نَسَبِهِ: نفی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اُنْفُلْ عَنْ نَفْسِكَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کرو اگر تم سچے ہو۔

نَفَّلَهُ. قسم کھلانا۔ حصّہ سے زائد دینا۔ نَفَّلَهُ النَفَل: غنیمت دینا۔ نَفَّلَ عَنْ فُلَانٍ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْفَلَهُ. النفلَ: غنیمت دینا۔ انْفَل لَهُ: قسم کھانا۔

تَنَفَّلَ: نفل نماز ادا کرنا عَلٰی اَصْحَابِه: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔

وَتَنَفَّلَ مِنْهُ الشَّیْءَ: طلب کرنا۔

اِنْتَفَلَ: نوافل پڑھنا۔ الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ: طلب کرنا مِنَ الْاَمْرِ وَالْکَلَامِ: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَالَ لِیْ قَوْلًا فَانْتَفَلْتُ مِنْهُ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی مِنَ الْقَوْمِ: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ اِنْتَفَلَ: عذر بیان کرنا۔ قسم کرنا۔

النَّفْل: فرائض و واجبات سے زائد کام واجبات و فرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔

النَّفَل: غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نَفَلٌ عَلٰی ذَاكَ" اس چیز کو اس پر زیادتی ہے ج نِفَالٌ و اَنْفَالٌ۔ النَّفَل ایک خوشبو دار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نَفَلَة۔

النَّافِلَة: غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض و واجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نوافل کہا جاتا ہے "هُوَ کَثِیْرُ النَّوَافِلِ" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔

النُّفَل: قمری مہینے کی چوتھی یا پانچویں یا چھٹی راتیں۔

النَّوْفَل: بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نَوْفَلُوْن۔ النَّوْفَل: سمندر۔ عطیہ۔ نر بجو۔

النَّوْفَلَة: نمک دان۔

النَّفْنَف: فضاء آسمانی۔ آسمان و زمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں حصے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نَفَانِف و نَفَانِفُ الدَّارِ: گھر کے اطراف و نواحی (والنفناف) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دور۔

نَفَهَ (ف) نُفُوْهًا الرَّجُلُ: کمزور دل۔ بزدل ہونا الجملُ: دشواری کے بعد مطیع ہونا۔

نَفِهَتْ (س) نَفَهًا نَفَهَةً: تھکنا۔

نَفَّهَ و اَنْفَهَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "اَنْفَهَ لَهُ مِنْ مَالِه" اس نے اس کو تھوڑا مال دیا۔

اِسْتَنْفَهَ الرَّجُلُ: آرام لینا۔

النَّافِهُ: تھکا ہوا۔ (والمنفوه) کمزور دل۔ بزدل۔

جَمَلٌ مُنَفَّهٌ: تھکا ہوا اونٹ۔

نَفَاهُ یَنْفُوْهُ نَفْوًا: لغت ہے۔ نَفَاهُ یَنْفِیْهِ یائی میں۔

نُفَاوَةُ الشَّیْءِ و نُفَوَتُهُ: ہر چیز کا ردی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ النَّفْوَة: جلاوطنی۔

نَفَی یَنْفِیْ نَفْیًا الشَّیْءَ: انکار کرنا۔ نَفَاهُ عَنْهُ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نَفَی الرَّجُلَ: قید خانہ میں قید کرنا الرَّجُلَ مِنْ بَلَدِهِ: جلاوطن کرنا۔ السَّیْلُ الْغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا۔ السَّحَابَةُ مَاءَهَا: بادل کا پانی برسانا۔

نَفَی یَنْفِیْ نَفْیًا و نَفَیَانًا الصَّیْرَفِیُّ الدَّرَاهِمَ: صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے بکھیرنا۔ نَفَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

نَفَی یَنْفِیْ نَفْیًا و اِنْتَفَی عَنْهُ: دور ہونا الشَّعْرُ: بال گرنا و اِنْتَفَی الشَّیْءُ: نابود ہونا۔ اِنْتَفَی مِنْ وَلَدِهِ: بچہ کا انکار کرنا۔ اِنْتَفَی فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ وَنَفَاهُ فَانْتَفٰی: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔

نَفَّاه: نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔

نَافَاهُ مُنَافَاةً: ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا یُنَافِیْ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے منافی و مخالف ہے۔

تَنَافَی تَنَافِیًا الرِّجَالُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تَنَافَتِ الْاَشْیَاءُ: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔

نَفَاءُ الشَّیْءِ و نُفَاتُهُ و نَفِیَتُهُ و نَفِیْتُهُ و نُفَایَتُهُ و نَفَایَتُهُ و نَفِیَّتُهُ چیز کا وہ حصہ جو ردی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

النَّفْیَة کا اسم مرة۔ نَفِیّ کھجور کے پتوں کا دستر خوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔ ج نَفِیَات۔

النَّفَیَان: م۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔

النَّافِی: فا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔ نابود کیا ہوا۔ جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ النَّفِیّ: چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی، کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا ابْنٌ نَفِیٌّ" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

النَّفِیَّة۔ النُّفْیَة: مؤنث۔ کھجور کے پتوں کا دستر خوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔

الْمَنْفِیّ: دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا۔ دھتکارا ہوا فِی الْکَلَامِ: اثبات کے خلاف۔

الْمَنْفٰی: جلاوطنی کی جگہ۔ ج منافٍ

نَقَّ (ض) نَقِیْقًا الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغی، چکور، بچھو، شتر مرغ اور بلی وغیرہ کیلئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِه" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

اَنَقَّ: ٹرانے والا ہونا۔

النَّقَّاق: اسم مبالغہ۔ مینڈک۔

النَّقَّاقَة۔ النَّقَّاق کا مؤنث۔ مینڈکی۔

النَّقُوْق: چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضِفْدَعٌ نَقُوْقٌ" ج نُقُق۔ نَقْنَق: نر شتر مرغ

النَّقْنَقَة۔ ج النَّقِیقَات: چھوٹے آبی جانور جن کے جسم پر باریک بال ہوتے ہیں ٹھہرے پانی یا جاری پانی میں رہتے ہیں۔

نَقَبَ (ن) نَقبا الحائط. دیوار میں سوراخ کرنا۔ الخُفَّ. موزے میں پیوند لگانا۔ فلانٌ فِي الْاَرضِ: جانا۔ عَنِ الْاَخبار: کھود کرید کرنا یا خبر دینا۔ الثَّوْب. بغیر نیفہ کے پائجامہ بنانا۔ الفرسُ. گھوڑے کا دوڑنے میں ٹانگیں اکٹھی کرنا اور کہا جاتا ہے "نَقَبتِ النکبۃُ فلانًا" فلاں کو تکلیف پہنچی۔

نَقِبَ (س) نقبا الخفُّ المَلْبُوْس. پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا۔ البعیرُ. اونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا۔ الرَّجُلُ. پہاڑی راستوں میں چلنا۔ فِي البلادِ: سیر کرنا۔ ملکوں میں جانا۔

نَقَبَ (ن) نقابۃ و نقِبَ (س) نقبا و نقُبَ (ک) نقابۃ علی القوم: سردار قوم ہونا (نِقابۃ او نقابۃ یا تو مصدر ہیں اور یا نِقابۃ بالکسر اسم ہے اور نَقابۃ بالفتح مصدر ہے)

نَقَّبَ فِي الْاَرضِ: بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا۔ عنِ الشَّيْ: خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا۔

ناقبۃ نِقابًا و مُناقبۃ. مناقب پر فخر کرنا۔

ناقبۃ نِقابًا: رُودَر رُو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ الماءَ نِقابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

اِنْقَبَ فِي الْاَرضِ. مُلک میں چلنا۔ البعیرُ. گھسے ہوئے کھر والا ہونا۔ الرَّجُلُ. قوم کا سردار بننا۔ فلانٌ. گھسے ہوئے کھر والے اونٹ کا مالک ہونا۔

تنقَّب عن الشَّيْ: تفتیش میں مبالغہ کرنا۔

تنقَّبت و انتقبت المرأۃُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔

النَّقْب. س۔ سوراخ۔ پہلو کا زخم (و النُّقْب) پہاڑی راستہ ج نِقاب و انقاب نقب العین: موتیابند کا علاج۔

النقب و النُّقْب و النُّقَب. کھجلی۔

النِّقْبۃ. نقاب ڈالنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرأۃٌ حسنۃُ النِّقْبۃ" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت۔ عیزہ کہا جاتا ہے "ان علیہ نُقبۃً من کذا" اس کے اوپر یقینًا فلاں چیز کا اثر ہے۔

النُّقْبۃ. ابتدائی خارش۔ زنگ۔ رنگ۔ چہرہ۔ سوراخ۔ ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے۔ ج نُقَب

الانقاب. کان (جمع ہے اس کا واحد نہیں)۔

النِّقاب. س۔ بڑا عالم۔ عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا۔ سخت زمین کا راستہ۔ پیٹ اور "فرخان فِي نِقاب" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لقیتہ نِقابًا" یعنی میں اس سے رودررو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وردتُ الماءَ نِقابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

النّاقِب. فا۔ ایک بیماری کا نام جو دیر تک سونے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے۔

النّاقِبۃ. النّاقب کا مؤنث۔ مذکورہ بالا زخم۔

النَّقّاب. کاموں میں گھسنے والا۔ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔

النَّقیب. قوم کا گواہ۔ قوم کا ضامن۔ قوم کا چودھری و سردار۔ نَقیبُ الاشرافِ عِندَ المسلمین لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا۔ ج نُقباء النَّقیب. بانسری۔ ترازو کی زبان۔ چھدا ہوا۔ کلبٌ نَقیب: کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہو تاکہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تاکہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آجائیں اور کھانا دینا پڑے۔

النَّقیبۃ. النقیب کا مؤنث نفس۔ عقل۔ طبیعت۔ مشورہ۔ رائے کا نفاذ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ میمونُ النقیبۃ" فلاں پاک نفس ہے۔

المَنْقَب. جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔

المَنْقِب. پہاڑی راستہ۔ ج مَناقِب.

المِنْقَب. پہاڑی راستہ۔ بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم۔ (و المِنقَبۃ) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے۔

المَنْقَبۃ. پہاڑی راستہ۔ دو مکانوں کے درمیان تنگ راستہ۔ دیوار۔ عمدہ فعل۔ فخر۔ ج مَناقب. مناقبُ الانسان: عمدہ خصائل اور شریف اخلاق۔

النِّقابۃ: محنت کشوں کی پارٹی، اپنے حقوق مشترکین کے دفاع کے لئے۔

نَقَتَ (ن) نقتا العظم. ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقَثَ (ن) نقثا و انتقث العظم. ہڈی سے گودا نکالنا۔ الشيءَ المدفونَ: کھود کر نکالنا۔ نقث الرجلُ فِي الامر او السَّیر: دوڑنا۔ الحدیثَ. بات میں گڑبڑ کرنا۔ فلانًا بالکلام. بات سے تکلیف پہنچانا۔ الارضَ بیدہ: کدال سے کھودنا۔ عن الشيءِ. کھود کرید کرنا۔

نَقَّثَ الرجلُ. دوڑنا۔

تنقَّثہ. اپنی طرف مائل کرنا۔ مہربان بنانا۔

تنقَّث ضیعتہ: جائیداد کی دیکھ بھال کرنا۔

نقاث. بجو۔

النَّقْث. س۔ چغل خوری۔

نَقْثَل نقثلۃ الشیخ: بوڑھے آدمی کا خاک اڑاتے ہوئے چلنا۔

نقح (ف) نقحا و نقح العظمَ. ہڈی سے گودا نکالنا۔ الجذعَ. تنہ کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا۔ الشيءَ. چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا۔

نَقَّحَ و انقح الکلامَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔ نقّحت السنونُ الرجلَ: کمزور کر دینا و انقح الرجلُ. قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا۔

تنقّح شحمہ: چربی کم ہونا۔

انتقح العظمَ. ہڈی سے گودا نکالنا۔

النَّقَح. س۔ گرمی کے زمانے کا سفید بادل۔

النِّقح. خالص ریت۔

التَّنْقِيح. مص۔ ظہور۔ معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

نَقَخَه (ف) نَقْخًا. مارنا. **نَقَخَ دِمَاغَهُ:** توڑنا۔

اِنْتَقَخَ الْمُخَّ مِنَ الْعَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النُّقَاخ. ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ آرام۔ امن۔ **وَنُقَاخُ كُلِّ شَيْءٍ:** خالص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُقَاخُ الْعَرَبِيَّةِ" یہ خالص عربیت ہے۔

نَقَدَ (ن) نَقْدًا وتَنْقَادًا الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: پرکھنا **الكَلَامَ:** کلام کے عیوب و محاسن کو ظاہر کرنا۔ **نَقَدَ فُلَانًا و لِفُلَانٍ الثَّمَنَ:** نقد ادا کرنا۔ **نَقَدَهُ دِرْهَمًا:** دینا **الطَّائِرُ الْفَخَّ او الحَبَّ:** چونچ مارنا۔ **الرَّجُلُ الشَّيْءَ والي الشَّيْءِ بِنَظَرِهِ:** چپکے چپکے نظر ڈالنا۔ چپکے چپکے گھورنا **نَقَدَتْهُ الْحَيَّةُ:** سانپ کا ڈسنا۔

نَقِدَ (س) نَقَدًا الضِّرْسُ او الْقَرْنُ: دانت یا سینگ کا ٹوٹنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ صفت **نَقِدٌ الحَافِرُ:** کھر کا چھل جانا **الجِذْعُ:** تنہ کا کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔

اَنْقَدَ. الشَّجَرُ: درخت میں پتے ہونا۔

نَاقَدَهُ مُنَاقَدَةً. کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

تَنَقَّدَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔

تَنَاقَدَ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔

اِنْتَقَدَ الدَّرَاهِمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا **الشِّعْرَ عَلَى قَائِلِهِ:** شعر کے عیوب ظاہر کرنا **الكَلَامَ:** کلام کی تنقید کرنا۔ عیوب و محاسن ظاہر کرنا **الأَرَضَةُ الجِذْعَ:** دیمک کا کھوکھلا کرنا۔ **اِنْتَقَدَ الْوَلَدُ:** لڑکے کا جوان ہونا۔

النَّقْد. مص۔ قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ درہم۔ ج **نُقُوْدٌ**. کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ نَقْدٌ" عمدہ کھرا درہم۔ **النَّقْدَانِ:** چاندی و سونا۔

النَّقَدُ والنُّقْدُ. کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔

النَّقَد. مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ بدشکل ہوتا ہے۔ واحد **نَقَدَةٌ** مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ج **نِقَادٌ و نِقَادَةٌ**. **النَّقَد:** کمینے لوگ۔ **النَّقَد مِنَ الصِّبْيَانِ:** حقیر و ذلیل بچہ کہ جس پر جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ **النَّقَد والنُّقُد** ایک قسم کا درخت واحد **نَقَدَةٌ و نُقُدَةٌ**.

النَّاقِد. فا۔ ج **نَقَدَةٌ و نُقَّادٌ**.

اَنْقَدُ والاَنْقَدُ. سیہی۔ اور امثال عرب سے ہے "بَاتَ بِلَيْلِ اَنْقَدَ" یعنی وہ سویا نہیں اس لئے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا۔

الاَنْقَدُ والاِنْقِدَانُ. کچھوا۔

النَّقَّاد. دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ **رَاعِي النَّقَد** (چھوٹی ٹانگ والی بھیڑ کا چرواہا)

مِنْقَادُ الطَّائِرِ: پرندے کی چونچ ج **مَنَاقِيْدُ**.

الْمُنْتَقَد. مصدر میمی بمعنے **اِنْتِقَاد**.

نَقَذَ (ن) نَقْذًا و نَقَّذَ وانْقَذَ فُلَانًا مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

تَنَقَّذَهُ واسْتَنْقَذَهُ. مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

نَقِذَ (س) نَقَذًا. نجات پانا۔

النَّقَذُ. مص۔ سلامتی۔ پھسلنے والے کی سلامتی کی دعا کے لئے کہا جاتا ہے "نَقَذًا لَكَ" اور اس کی اصل "نَقَذَكَ اللّٰهُ نَقَذًا" ہے یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔

النَّقَذُ. مص۔ چھڑایا ہوا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَهُ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

النَّقِيْذُ. دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔

النَّقِيْذَةُ. دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔ جیسے گھوڑا زرہ وغیرہ۔ ج **نَقَائِذ** اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيْذَةُ بُؤْسٍ" وہ سختی سے چھڑایا ہوا ہے۔

الاَنْقَذُ. سیہی۔

نَقَرَهُ (ن) نَقْرًا. مارنا۔ **نَقَرَ الْعُوْدَ او الدُّفَّ:** بربط یا دف بجانا **فُلَانًا:** عیب لگانا **الشَّيْءَ** چونچ سے سوراخ کرنا **الطَّائِرُ الْبَيْضَةَ عَنِ الْفَرْخِ:** پرندہ کا بچہ نکالنے کیلئے انڈے میں سوراخ کرنا۔ **نَقَرَ فِي الْحَجَرِ:** پتھر پر لکھنا **فِي النَّاقُوْرِ:** بگل میں پھونکنا **الطَّائِرُ الْحَبَّ:** پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا **الحَجَرَ او الخَشَبَ:** لکڑی یا پتھر کھودنا۔ **نَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا:** گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ **نَقَرَ عَنِ الْاَمْرِ:** چھان بین کرنا۔ **نَقَرَ فُلَانٌ:** چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ **نَقَرْتُ بِالرَّجُلِ:** قوم میں سے علیحدہ بلانا **نَقَرَ السَّهْمُ الْهَدَفَ:** تیر کا نشانہ پر لگنا اور پار نہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَى الرَّامِي الْغَرَضَ فَنَقَرَهُ" تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔

نَقِرَ (س) نَقَرًا عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ **نَقِرَتِ الشَّاةُ:** نقرہ کی بیماری والی ہونا۔ **نَقِرَ فُلَانٌ:** فقیر ہونا۔

نَقَّرَ الطَّائِرُ فِي الْمَوْضِعِ: انڈے دینے کیلئے نرم کرنا **لِفُلَانٍ بِاسْمِ فُلَانٍ:** جماعت کے درمیان نام لے کر پکارنا **الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ:** چھان بین کرنا **عَلَى فُلَانٍ:** عیب لگانا۔ اور بُری معلوم ہونے والی باتوں کا ذکر کرنا۔ **الطَّائِرُ الْحَبَّ:** پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا (تشدید مبالغہ کیلئے ہے)

نَاقَرَهُ مُنَاقَرَةً و نِقَارًا. گفتگو میں لوٹ پھیر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُنَاقَرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

اَنْقَرَ عَنْهُ: رُکنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَمَا اَنْقَرَ عَنْهُ حَتّٰى قَتَلَهُ" اس نے اسے مارا اور نہیں رکا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔ **وَاَنْقَرَ الرَّجُلُ** گنگنا کر آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔ **تَنَقَّرَ الشَّيْءَ** چھان بین کرنا **عَلَى الْاَهْلِ والمَالِ:** بددعا کرنا۔ اور **اَرَاحَنِي اللّٰهُ مِنْكُمْ و ذَهَبَ اللّٰهُ بِمَالِكُمْ** (اللہ تعالی مجھ کو تم سے راحت دیں اور تمہارے مال کو ضائع کردیں) کہنا۔

اِنْتَقَرَهُ. پسند کرنا۔ **اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ:** چھان بین

کرنا۔ اِنْتَقَرَهٗ واِنْتَقَرَ بِهٖ: قوم کے درمیان سے علیحدہ بلانا اَلْقَوْمَ و بِالْقَوْمِ: خاص خاص لوگوں کو بلانا۔ اِنْتَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا نَقْرًا: کھروں سے کھودنا۔ اِنْتَقَرَتِ السُّيُوْلُ نَقْرًا: سیلاب کا گڑھے کر دینا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْئَ: لکھنا۔

النَّاقِر. فا۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ج نَوَاقِر.

النَّاقِرَة. النَّاقِر کا مؤنث۔ مصیبت۔ درست دلیل۔ ج نَوَاقِر اور کہا جاتا ہے "اَتَتْنِيْ عَنْهُ نَوَاقِر" اس سے مجھے تکلیف دہ باتیں پہنچیں۔ "وَاَخْطَاتْ نَوَاقِرُهٗ" یعنی وہ راہ راست پر مستقیم نہیں رہا۔ "وَبَيْنَهُمْ نَاقِرَةٌ و نَقِرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

النَّاقُوْر. قومہ صور یا بگل۔ دل۔ ج نَوَاقِيْر.

النُّقَارَة. پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہ جائے۔ چونچ بھر۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ عِنْدِيْ نُقَارَةً اِلَّا انْتَقَرَهَا" میرے پاس جو کچھ تھا اس نے سب کچھ لکھ لیا۔

النَّقْر. مص۔ چٹکی کی آواز۔ پتھر کی کتابت۔

النِّقْر. کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

النَّقِر. غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِرٌ عَلَيْكَ" وہ تمہارے اوپر غضبناک ہے۔ نُقرہ کی بیماری میں مبتلا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ بِمَوْضِعِ كَذَا نَقِرٌ" اس کے لئے فلاں جگہ میں پانی یا کنواں نہیں ہے۔ النَّقَر. مص۔ کہا جاتا ہے "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْعَقَرِ وَالنَّقَرِ" میں لنجاپن اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

النَّقَرٰی. عیب۔ اور یہ نَقَر فعل کا اسم ہے اور کہا جاتا ہے "دَعَوْتُهُمُ النَّقَرٰی" میں نے ان لوگوں کو خاص طور سے بلایا۔ اور اس کے مقابلے میں "الجفلی" ہے جس کے معنے دعوت عامہ کے ہیں "بَنَاتُ النَّقَرٰی" وہ عورتیں جو ہر اُس شخص کی عیب جوئی کریں جو اُن کے سامنے سے گزرے۔

النَّقْرَة. نقر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَثَابَهٗ نَقْرَةً" اس نے اُس کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا "وَمَا اَغْنٰى عَنِّيْ نَقْرَةً" اس نے مجھ کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا۔ اور یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے۔

النِّقْرَة. گفتگو میں لوٹ پھیر۔ اور جھگڑا۔

النُّقْرَة. چھوٹا گول گڑھا۔ چاندی سونے کا پگھلایا ہوا ٹکڑا۔ آنکھ کا گڑھا۔ سرین کے وسط کا گڑھا۔ گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا۔ پرندہ کے انڈے دینے کی جگہ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ ج نُقَرٌ و نِقَارٌ.

النقرة. النَّقِر کا مؤنث۔ پست زمین میں بلند جگہ۔

النُّقَرَة. ایک قسم کی بیماری ہے جو بکری اور گایوں کی ٹانگ میں لاحق ہوتی ہے۔

النَّقَّار اسم مبالغہ۔ امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔ پتھر یا لکڑی میں کھدائی کا کام کرنے والا۔ رکاب یا لگام میں نقش و نگار کرنے والا۔ اس کے پیشہ کو النِّقَارَة کہتے ہیں۔

النَّقَّار: ایک چھوٹا سا پرندہ جو درختوں پر چڑھ جاتا ہے اور سوراخ کر کے کیڑے نکالتا ہے۔

النَّقَّارَة. النَّقَّار کا مؤنث۔

النَّقِيْر. آواز۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ کھدا ہوا پتھر یا لکڑی۔ تنہ جس کو کھود کر سیڑھی جیسی بناتے ہیں۔ لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں اور اس کی نبیذ تیز و تند ہوتی ہے۔

النَّقِيْر: اصلیت کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ النَّقِيْرِ" فلاں شریف الاصل ہے۔ بہت محتاج؛ ایک کالے رنگ کی مکھی۔ ج اَنْقِرَة.

النَّقِيْرَة. چھوٹی کشتی۔

الْاُنْقُوْر. کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

التَّنْقِيْر. مص۔ سیٹی بجانے کے مشابہ آواز۔

المِنْقَر. کدال۔ چھینی۔ ج مَنَاقِر.

المَنْقَر و المُنْقَر. شراب بنانے کیلئے لکڑی کا کھدا ہوا برتن۔ ج مَنَاقِيْر (خلاف قیاس) تنگ منہ کا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں حوض۔

المُنْقِر. بہت کھٹا دودھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُنَقَّرُ الْعَيْنِ و مُنْتَقِرُهَا" وہ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہے۔

المِنْقَار. کدال۔ چونچ۔ المِنْقَار: چرمی موزہ کی نوک مِنْقَارُ الدَّجَاجَةِ و مِنْقَارُ الْغُرَابِ: دو ستاروں کے نام۔ و مِنْقَارُ الْغُرَابِ: مونڈھے کی ایک ہڈی جس کو اَخْرَم بھی کہتے ہیں۔

نَقْرَدَ نَقْرَدَةً فِي الْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ مُنَقْرِدًا" کوئی تمہارے لئے ٹھہرانے والا نہیں۔

النِّقْرِس. پیر کے جوڑوں کا آماس۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔ گلاب کے پھول جیسی ایک چیز جس کو عورتیں بنا کر سر میں لگاتی ہیں ج نَقَارِس.

النِّقْرِيْس. ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔

نَقَزَ (ن ض) نَقْزًا و نَقَزَانًا و نِقَازًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ چھلانگ مارنا۔ صفت نَاقِزٌ: نَقَزَهٗ عَنْهُمْ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَقَّزَتِ الصَّبِيَّ اُمُّهٗ: بچے کا اچھالنا۔ نَقَّزَ فُلَانًا: کودانا۔

اَنْقَزَ الرَّجُلُ: ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ ردی مال جمع کرنا۔ نُقاز کی بیماری والے جانوروں والا ہونا۔ اَنْقَزَ عَدُوَّهٗ: دشمن کو فوراً قتل کر دینا عَنِ الشَّيْئِ: رکنا۔ باز رہنا۔

اِنْتَقَزَتِ الشَّاةُ: نُقاز کی بیماری والی ہونا۔

اِنْتَقَزَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: ردی مال دینا۔

اِنْتَقَزَ لِفُلَانٍ شَرَّ الْاِبِلِ: کسی کیلئے برے اونٹ پسند کرنا۔ کہا جاتا ہے عَطَاءٌ نَاقِزٌ و ذُوْ نَاقِزٍ: گھٹیا عطیہ۔

النَّاقِزَة. النَّاقِز کا مؤنث۔ ج نَوَاقِز. نَوَاقِزُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ٹانگیں۔

النُّقَاز بِالضَّمِّ. طاعون کے مشابہ جانوروں کا ایک مرض۔

النَّقَز. خسیس مال۔ گھٹیا قسم کے لوگ۔

النُّقْز. کنواں۔

النَّقَز. لقب۔

النَّقَز. لقب؛ گھٹیا مال؛ رذیل اور ادنٰی درجہ کے لوگ واحد نَقَزٌ.

النِّقْز. صاف میٹھا پانی۔

النُّقَّاز و النَّقَّاز. ایک قسم کا پرندہ۔ چڑیوں

کے بچے۔ ج نقافیز۔
المَنْقُوز۔ نقاز کی بیماری والا۔ مؤنث مَنْقُوزَة۔
نَقَسَ (ن) نَقْسًا۔ النَّاقُوْسُ بِالخَشَبَة: لکڑی سے ناقوس بجانا النَّاقُوْسُ: ناقوس بجا المَرْأَة: جماع کرنا۔
نَقَسَ (ن) نُقُوْسًا۔ الشَّرَابُ: کھٹا ہونا۔ بَيْنَ القَوْم: فساد ڈالنا۔
نَقِسَه (س) نَقْسًا: عیب لگانا۔ تمسخر کرنا۔
نَقِسَتْ نَفْسُهُ: متلی آنا۔
نَقَّسَ فُلَانًا: لقب دینا الدَّوَاة: دوات میں روشنائی ڈالنا۔ نَقَّسَهُمْ بِنَاقُوْسِه: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔
نَاقَسَهُ: عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُنَافَسَةٌ وَ مُنَاقَسَةٌ" ان کے درمیان مفاخرت اور عیب گیری ہے۔
اِنْتَقَسَ: ناقوس بجانا۔
النَّاقِس: فا۔ کھٹا۔ کہا جاتا ہے لَبَنٌ نَاقِسٌ اور شَرَابٌ نَاقِسٌ "، کھٹا دودھ یا کھٹی شراب۔
النِّقْس: ایک قسم کا ناقوس۔ کھجلی۔ ج نُقُس
رَجُلٌ نِقْسٌ: لوگوں کی عیب گیری کرنے والا اور لقب رکھنے والا مرد۔
النِّقْس: روشنائی۔ ج أَنْقَاس و أَنْقُس۔
الأَنْقَس: باندی بچہ۔ کھجلی والا۔
النَّقُوْس: ایک قسم کی نباتات۔
النَّاقُوْس: لکڑی یا لوہے کا بڑا ٹکڑا جس کو چھوٹے ٹکڑے سے بجاتے ہیں اور کبھی گھنٹہ کے لئے ناقوس کا کلمہ استعمال کرتے ہیں۔
النِّقَاسَة: لقب دینا۔
نَقَشَ (ن) نَقْشًا الشَّيْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا اور مزین کرنا العِذْقَ: کھجور کے خوشہ کو پکانے کیلئے کانٹوں سے مارنا
الشَّوْكَةَ مِنْ رِجْلِه: پیر سے کانٹا نکالنا مَرْبِضَ الغَنَم: بکری کے باڑہ کو کنکر، کانٹے وغیرہ سے پاک صاف کرنا عَنِ الشَّيْءِ: نہایت وضاحت کرنا فَصَّ الخَاتَم: انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا الشَّعْرَ بِالمِنْقَاش:

بال کو موچنے سے اکھیڑنا۔ الرَّحَى: چکی کے دندانے بنانا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَقَشَ مِنْهُ شَيْئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
نَقَّشَ الشَّيْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا۔
نَاقَشَهُ الحِسَابَ وَ فِي الحِسَاب: حساب کی تفصیل سختی سے لینا۔ نَاقَشَ فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔
اِنْقَشَ عَلَى غَرِيمِه: مقروض سے پورا وصول کر لینا۔ نقش کے کھانے پر مداومت کرنا۔ (دیکھئے لفظ النقش)
تَنَقَّشَ جَمِيعَ حَقِّه مِنْ فُلَان: سارا وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔
اِنْتَقَشَ الشَّوْكَة: کانٹا پیر سے نکالنا۔ اور کبھی اِنْتِقَاش توبہ کیلئے بطور استعارہ کے مستعمل ہوتا ہے الشَّيْءَ نکالنا مِنْ زَيْدٍ جَمِيعَ حَقِّه: سارا حق وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانًا: پسند کرنا۔ تم کہتے ہو "اِنْتَقَشْتُكَ لِكَذَا" میں نے تم کو فلاں چیز کیلئے منتخب کیا وَ اِنْتَقَشَ لِنَفْسِه خَادِمًا أَوْ غَيْرَه اس نے اپنے لئے خادم وغیرہ بنایا۔
اِنْتَقَشَ فُلَانٌ: نگینہ پر کندہ کرنے کا حکم دینا عَلَى فَصِّه كَذَا: نقش کئے جانے کا حکم دینا۔
النِّقَاشَة: نقش و نگار کا پیشہ۔
المَنْقَش: مص۔ زمین میں نشان۔ نقش و نگار از قسم تصویر و بیل بوٹہ۔ ج نُقُوْش۔ النَّقْش: خشک کھجور جس کو توشہ دان میں رکھ کر پانی ڈالیں۔ کہا جاتا ہے "دَامَ عَلَى أَكْلِ النَّقْش" اس نے نقش کے کھانے پر مداومت کی۔
النَّقَّاش: نقش و نگار کرنے والا۔
النَّقِيْش: برتن میں متفرق سامان۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "مَالَه نَقِيْشٌ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔
المِنْقَش و المِنْقَاش: نقش و نگار کرنے کا آلہ۔ موچنا۔ ج مَنَاقِش و مَنَاقِيْش۔ کہا

جاتا ہے "اِسْتَخْرَجْتُ حَقِّي بِالمَنَاقِيْش" مجھے اپنے حق کے وصول میں سختی لاحق ہوئی۔
المَنْقُوْش: مثل دینار۔ کچی کھجور جس کو پکنے کے لئے کانٹا ماریں۔
الشَّجَّةُ المُنَقِّشَة و المَنْقُوْشَة: زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔
نَقَصَ (ن) نَقْصًا و تَنْقَاصًا و نُقْصَانًا الشَّيْءُ: کم ہونا۔ گھٹنا۔ نَقَصْتُ الشَّيْءَ: گھٹانا۔ نَقَصْتُ زَيْدًا حَقَّهُ: حق کم کر دینا گھٹا دینا۔
نَقُصَ (ک) نَقَاصَةً المَاءُ: پانی میٹھا و خوشگوار ہونا۔
نَقَّصَ الشَّيْءَ و أَنْقَصَهُ: گھٹانا۔
اِنْتَقَصَ الشَّيْءُ: گھٹنا۔ الشَّيْءَ: گھٹانا الرَّجُلَ: عیب جوئی کرنا۔ اِنْتَقَصَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔
تَنَقَّصَ فُلَانًا: مذمت کرنا۔ نقص کی نسبت کرنا الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
تَنَاقَصَ الشَّيْءُ: آہستہ آہستہ گھٹنا۔
اِسْتَنْقَصَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانے کیلئے کہنا۔ تھوڑا پانا الرَّجُلَ: نقصان کی نسبت کرنا۔
النَّاقِص: فا۔ درہم ناقص۔ کم وزن کا درہم ج نُقَّص۔
النَّقْص: مص۔ یہ نقصان کے مانند ہے مگر فرق یہ ہے کہ نقصان کا استعمال دین اور عقل میں نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلَيْهِ نَقْصٌ فِي دِيْنِه وَعَقْلِه اور دَخَلَ عَلَيْهِ نُقْصَانٌ فِي دِيْنِه وَعَقْلِه" نہیں کہا جاتا۔
النُّقْصَان: مص۔ گھٹی۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "نُقْصَانُهُ كَذَا وَكَذَا" اس کا نقصان اتنا اور اتنا ہے۔
النَّقِيْص: خوشگوار میٹھا پانی۔ ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔
النَّقِيْصَة: عیب گیری۔ بُری خصلت ج نَقَائِص۔
المُنَاقَصَة: ٹینڈر۔

المنقصة. کمی۔ نقصان۔ ج مناقص
نقض (ن) نقضًا البناءَ: عمارت ڈھانا
العظمَ: ہڈی توڑنا۔الحبلَ: رسّی کھولنا
اَلْعَهْدَ او الْاَمْرَ: مضبوطی کے بعد خراب
کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نقض فلانٌ وِترہٗ"
یعنی فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا۔
نَقَض (ن ض) نَقْضًا المفصلُ او
الْاَدِيمُ و نحوهما: جوڑ یا چمڑے کا تڑتڑ کرنا۔
نَاقَضَ مُناقَضَةً و نِقَاضًا قَوْلَهُ الثانی
قَوْلَهُ الاَوَّلَ: مخالف ہونا۔
اَنْقَضت العُقابُ: عقاب کا آواز نکالنا۔
اَنْقَض اصابعهُ: انگلیاں چٹخانا۔الکماۃ و عن
الکماۃ: سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا
بالمِعز: بکری کو بلانا۔الحملُ الظهرَ:
بوجھل کرنا۔ونقض الکمْ) سانپ کی چھتری
کا زمین کو پھاڑنا۔ ونَقَّض الارضَ: مٹی
علیحدہ کردینا۔
تَنَقَّض الدَّمُ: خون ٹپکنا۔الجرحُ: زخم سے
خون بہنا۔الحبلُ: رسّی کا کھل جانا۔البیتُ:
تڑکنا۔ تَنَقَّضَتْ عِظامُهٗ: ہڈیوں سے آواز
نکلنا۔الارضُ عنِ الکماۃ: زمین کا پھٹنا۔
تناقض البناءُ او الحبلُ: عمارت کا تڑکنا یا
رسّی کا کھلنا۔القولان: ایک دوسرے کے
مخالف ہونا۔تناقضا البیعَ: بیع کو باہم توڑنا۔
اِنتقض البناءُ: عمارت کا تڑکنا۔الحبلُ:
رسّی کھلنا۔الجرحُ بعد برئه: زخم کا خراب
ہونا۔الامرُ بعد التئامه: فاسد ہونا۔ بگڑنا۔
اِنتقضت الطهارةُ: طہارت کا زائل ہونا۔
کہا جاتا ہے "اِنتقض علیه البلدُ". یعنی شہر
والوں نے بغاوت کی۔
النُّقاضة. بٹی ہوئی رسّی کا جو حصہ کھول دیا
جائے۔
النَّقْضُ. س۔ مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف
کرنا اور پانچویں کو ساکن کرنا۔
النِّقْضُ. عمارت۔ ملبہ۔ کثرتِ سفر سے لاغر
شدہ۔ خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔
زمین کی باریک تہ جو سانپ کی چھتری سے پھٹ
جائے۔ ج انقاض و نقوض۔
النُّقض. عمارت کا جو حصہ ٹوٹ جائے۔ ج
انقاض و نقوض۔
النَّقض. قومہ کشتی کا ایک پیچ۔
النِّقض. خیمہ یا کمبل جو اُدھیڑ کر دوبارہ کاتا
جائے۔
النَّقْضة. نقض کا اسم مرۃ۔
النِّقْضة. نقض کا اسم نوع۔ کثرتِ سفر سے
لاغر شدہ۔ کہا جاتا ہے ناقۃ نِقْضۃ: ج
انقاض۔
النَّقِیض. مخالف۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ هو
نقیضُك" فلاں تمہارا مخالف ہے۔ مؤنث
نقیضة النقیض من الادم والرحلِ
والوتر والاصابع والاضلاع
والمفاصل و نحوها: برعکس۔ مخالف۔
آواز النقیض: چوزے / بچھو / مینڈک
/ عقاب / شتر مرغ کی آواز۔ نقیض
السقف: چھت کی چرچراہٹ۔نقیضُ کُلِّ
شیءٍ: ہر چیز کا رفع۔ مثلاً جب ہم کہیں کہ "کُلُّ
انسانٍ حیوانٌ بالضرورۃ" تو اس کی نقیض
انه لیس کذلك ہوگی۔
النقیضان. دو چیزیں جن کا اجتماع ایک ہی
جہت سے ممتنع ہو جیسے ایجاب و سلب۔
النَّقِیضة. پہاڑی راستہ۔ اسم ہے مناقضة
کا و النقیضة فی الشعر: نظم جو کسی نظم
کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے "هذه
القصیدۃ نقیضۃ قصیدۃ فلان" یہ قصیدہ
فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے
ہے نقائض جریر و فرزدق۔
التناقض. س۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "
فی کلامه تناقض" یعنی اس کے کلام میں
تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا
ہے۔
نقط (ن) نقطا الحرفَ: حرف پر نقطے
لگانا۔ صفت فاعلی نقّاط اور صفت مفعولی
منقوط (و نقط) به الزمانُ: زمانہ کا
موافق ہونا۔ونَقَّط الحرفَ: حرف پر نقطے
لگانا۔نقّط ثوبهٗ بالمداد او الزعفران:
کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔
تنقّط المکانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا
فلانٌ الخبرَ: آہستہ آہستہ لینا۔
تنقّطتُ الخبزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی
کھائی۔
الناقط. فا۔ غلام کا غلام۔
النَّقْطة. نقط کا اسم مرۃ۔
النُّقْطة. نقطہ۔ فل اسٹاپ۔ ج نقاط و
نُقَط. کہا جاتا ہے "نقاطٌ او نُقَطٌ من
الکلا" گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وما
اختلفوا فی نقطةٍ" یعنی انہوں نے پوری
طرح موافقت کی۔ ذرا بھی مخالفت نہ کی۔
نقطة الدائرة: دائرہ کا مرکز۔
النقیط. غلام کا غلام۔
المنقوط. مع۔ المنقوط من الشعر:
شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔
کتابٌ منقوطٌ: کتاب جس میں اعراب لگے
ہوئے ہوں۔
نقع (ف) نقعًا: آواز بلند کرنا
الجیبَ: گریبان پھاڑنا۔فلانًا: قتل کرنا
ریقَهٗ: تھوک منہ میں جمع کرنا۔الموتُ: زیادہ
ہونا۔فلانًا بالشتم: بہت بُری گالی دینا
بالشراب: شفا پانا۔الدواءَ وغیرہٗ فی
الماء: بھگونا۔الرجلُ: مہمانوں کیلئے جانور
ذبح کرنا۔
نقع (ف) نُقوعًا الصوتُ: آواز بلند ہونا
الصارخُ بصوته: لگاتار چلانا۔ له الشرَّ:
ہمیشہ کرنا۔ من الماء و به: سیراب ہونا
السمُّ فی انیاب الحیّة: زہر کا سانپ کے
دانتوں میں جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما نقعت
بخبرہ" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں
کی۔
نقع (ف) نقعًا و نقوعًا الماءُ فی بطن
الوادی: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک
ٹھہرنا۔الماءُ العطشَ: پانی کا پیاس کو بجھانا۔
انقع الدواءَ وغیرہٗ فی الماء: بھگونا

الصَّارِخُ بِصَوْتِهٖ: لگاتار چلانا الْمَاءُ فُلَانًا: سیراب کرنا الْمَاءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا الرَّجُل: مہمانی کیلئے جانور ذبح کرنا الْحَيَّةُ السَّمَّ فِيْ اَنْيَابِهَا: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا لِفُلَانٍ شَرًّا: دِل میں چھپانا الْمَيِّتَ: میت کو دفن کرنا الْعَطَشُ: پیاس کا بجھنا۔

اِنْتَقَعَ النَّقِيْعَةَ: مہمانی کے لئے جانور ذبح کرنا الْقَوْمُ نَقِيْعَةً: تقسیم سے پہلے مال غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔

اُنْتُقِعَ لَوْنُهٗ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔

اِسْتَنْقَعَ الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا الْمَاءُ: پانی کا زرد اور متغیر ہونا۔ فُلَانٌ فِي النَّهْرِ: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے دیر تک ٹھہرنا۔ الْمَاءُ فِي الْغَدِيْرِ: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔

اُسْتُنْقِعَ لَوْنُهٗ: رنگ بدل جانا۔ الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: بھگویا جانا۔

النَّاقِعُ. فا. سَمٌّ نَاقِعٌ: زہر قاتل۔ دَوَاءٌ نَاقِعٌ: مفید دوا۔ دَمٌ نَاقِعٌ: تازہ خون۔

النَّقْعُ. مص. جمع شدہ پانی۔ ج اَنْقُعٌ. النَّقْعُ غبار۔ ج نِقَاعٌ و نُقُوْعٌ. وَالنَّقْعُ: مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ کا نام۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ نرم و ہموار زمین۔ پانی رکنے کی جگہ ج نِقَاعٌ و اَنْقُعٌ. نَقْعُ الْبِئْرِ: پانی جو کنوئیں میں جمع ہو۔ کنوئیں کے پانی کی زیادتی۔

النَّقَاعُ. خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

النُّقَاعَةُ. پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

النَّقْعَاءُ. نرم و ہموار زمین۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ غبار۔ آواز۔ ج نِقَاعٌ.

النَّقَّاعُ. اسم مبالغہ۔ ایسے فضائل کا دعوی کرنے والا جو اس کے اندر نہ ہوں۔

النَّقُوْعُ. رنگ کہ جس میں خوشبو پڑی ہوئی ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ وہ چیز جو پانی میں بھگوئی جائے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَقُوْعُ اُذُنٍ" فلاں ہر چیز تسلیم کرلیتا ہے۔

النَّقِيْعُ. خشک انگور کی شراب جو پانی میں بھگو کر بنائی جائے۔ ہر وہ چیز جس میں خشک کھجور بھگوئی جائے۔ ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج اَنْقِعَةٌ. چیخ۔ مرد جس کی ماں غیر قوم کی ہو۔ دَوَاءٌ نَقِيْعٌ: مفید دوا۔

النَّقِيْعَةُ. کھانا جو سفر سے واپس آنے والے کیلئے تیار کیا جائے۔ جانور جو مہمانی کے لئے ذبح کیا جائے۔ ج نَقَائِعُ اور اسی سے ہے "النَّاسُ نَقَائِعُ الْمَوْتِ" یعنی موت نے لوگوں کو ذبح کر دیا۔

الْاَنْقَعُ. اسم تفضیل۔ زیادہ پیاس بجھانے والا اور اسی سے مثال ہے "الرَّشْفُ اَنْقَعُ" یعنی تھوڑا تھوڑا کر کے پینا پیاس کیلئے زیادہ بجھانے والا ہوتا ہے۔ جلد بازی کے ترک کی مثال دی جاتی ہے۔

الْاُنْقُوْعَةُ. ہر ایسی جگہ جہاں پانی بہہ کر آئے "اُنْقُوْعَةُ الْمِيْزَابِ" پرنالے میں پانی بہنے کی جگہ۔

الْمُسْتَنْقَعُ. پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے۔

الْمَنْقَعُ. سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ پانی سے سیرابی۔ ج مَنَاقِعُ.

الْمِنْقَعُ. برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

الْمُنْقَعُ. مٹکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا کریں اور پئیں۔ سَمٌّ مُنْقَعٌ: زہر جس میں اور زہر ملا کر قوت بڑھا دی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُنْقَعٌ"، فلاں کی رائے سے تسلی ہوتی ہے۔

الْمُنْقُعُ. چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ، کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔

الْمِنْقَعَةُ. خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن (وَالْمَنْقَعَةُ) بمعنے مُنْقَع.

نَقَفَ (ن) نَقْفًا هَامَةَ الرَّجُلِ: کھوپڑی توڑ دینا فُلَانًا: ہلکی ضرب مارنا الْفَرْخُ الْبَيْضَةَ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا۔ الرُّمَّانَةَ: انار چھیل کر دانے نکالنا الْحَنْظَلَ و نَحْوَهٗ: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقف اور صفت مفعولی نَقِيْفٌ و مَنْقُوْفٌ الشَّرَابَ: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔

نَقَفَهٗ بِظُفُرِهٖ: ناخن سے مارنا۔

نَاقَفَهٗ مُنَاقَفَةً و نِقَافًا سر پر تلوار مارنا۔

اَنْقَفَ الْجَرَادُ الْوَادِيَ: انڈوں سے بھر دینا فُلَانًا الْعَظْمَ: ہڈی سے مغز نکالنے کیلئے دینا و تَنَقَّفَ الْحَنْظَلَ) دانہ نکالنے کیلئے اندرائن توڑنا۔

اِنْتَقَفَ الشَّيْءَ: نکالنا الْحَنْظَلَ: دانہ نکالنے کے لئے اندرائن توڑنا۔

رَجُلٌ نِقَافٌ. دور اندیش مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَا فِيْ نِقَافٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا اور نِقاف اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْيَوْمَ قِحَافٌ وَغَدًا نِقَافٌ" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔

النِّقْفُ وَالنَّقْفُ. بچہ جس وقت نہ انڈے سے نکلے۔

النَّقَفَةُ. پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَّقَّافُ. اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا۔ رَجُلٌ نَقَّافٌ: مرد دور اندیش۔

النَّقَّافَةُ. سوال کرنے میں حریص۔

النَّقِيْفُ. تنہ جس کو دیمک نے کھا لیا ہو ج نُقُفٌ.

الْمِنْقَافُ. پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی۔

الْمَنْقُوْفُ. مف. زرد رو۔ دبلا پتلا۔ کمزور جِذْعٌ مَنْقُوْفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَيْنَانِ مَنْقُوْفَتَانِ: سرخ آنکھیں۔

نَقَلَ (ن) نَقْلًا الشَّيْءَ: ایک جگہ سے

دوسری جگہ منتقل کرنا خُفَّ البَعِيرِ او الثَّوْبَ او النَّعْلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا الكَلامَ عَنْ قَائِلِه: روایت کرنا الكتاب: نقل کرنا الكِتَابَ اِلىٰ لُغَةِ كَذَا: ترجمہ کرنا۔

نَقَّلَ. الشَّئَ: زیادہ منتقل کرنا الخُفَّ او الثَّوْبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔ نَقَّلَتِ الشَّجَّةُ العظمَ: زخم کا ہڈی کو توڑنا فُلانٌ الضَّيْفَ: مہمان کو نقل کھلانا (دیکھئے نقل)

نَاقَلَ الفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا۔ دوڑنے میں پتھروں سے بچنا۔ نَاقَلْتُهُ الْحَدِيْثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی۔ نَاقَلَهُ الْأَقْدَاحَ ایک دوسرے سے لینا دینا۔ نَاقَلْتُ فُلانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔ نَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا۔

اَنْقَلَ الخُفَّ او النَّعْلَ: درست کرنا۔

تَنَقَّلَ مِنْ مَكَانٍ اِلىٰ آخَرَ: منتقل ہونا۔ زیادہ منتقل ہونا الرَّجُلَ: نقل کھانا۔ (دیکھئے نُقل)

تَنَاقَلُوْا. الْحَدِيْثَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ. بعض کا بعض سے نقل کرنا۔

اِنْتَقَلَ مِنْ مَكَانٍ اِلىٰ آخَرَ: منتقل ہونا۔ فُلانٌ اِلىٰ رَحْمَةِ اللّٰهِ او اِلىٰ رِضْوَانِهِ: مرنا۔ اِنْتَقَلَ الفَرَسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔

النَّاقِلُ. فا۔ ج نَاقِلُوْنَ و نَقَلَةٌ.

النَّاقِلَةُ. النَّاقِلُ کا مؤنث ج نَوَاقِلُ. و نَوَاقِلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔ النَّاقِلَةُ مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔ نَوَاقِلُ الْعَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔

النِّقَالُ. مصدر نَاقَلَ. چوڑے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَقْلَةٌ. النِّقَالُ: اُونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الْاِبِلُ نِقَالًا" اُونٹ نے خود بخود پانی پیا۔

النَّقَّالُ. اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

النَّقْلُ. س۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نَعْلٌ نَقْلٌ و خُفٌّ نَقْلٌ" النَّقْلُ والنُّقْلُ وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ، سیب وغیرہ۔ ج نُقُوْلٌ و نُقُوْلاتٌ مختصر راستہ۔

النَّقْلُ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرَبِيَّةِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لیے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لیے وضع کرنا۔

النِّقْلُ. پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔

النَّقَلُ. پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔ ج اَنْقَالٌ ونِقَالٌ. النَّقَلُ: شور و شغب کے ساتھ جواب۔ تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ سَهْمِي بِنَقَلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ مختصر راستہ۔

مَكَانٌ نَقِلٌ. چھوٹے چھوٹے پتھر والی جگہ۔

رَجُلٌ نَقِلٌ. حاضر جواب۔ سخت جھگڑالو۔

النَّقْلَةُ. نقل کا اسم مرۃ۔ نِقَال کا واحد۔

النُّقْلَةُ. اسم ہے بمعنے انتقال۔ چغلی۔ ج نُقَلٌ.

النِّقْلَةُ. نَقَل کا اسم نوع۔ عورت جس کو کبر سنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے۔ ج نِقَلٌ.

النَّقِيْلُ. مسافر (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِيْلٌ و امْرَأَةٌ نَقِيْلٌ" مسافر مرد مسافر عورت۔ سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فَرَسٌ ذُوْ نَقِيْلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے النَّقِيْلُ: مختصر راستہ۔ جوتے۔

النَّقِيْلَةُ. مسافر عورت۔ جوتہ یا چرمی موزہ کا پیوند۔ ج نَقَائِلُ و نَقِيْلٌ.

فَرَسٌ مُنَاقِلٌ و نَقَّالٌ و مِنْقَلٌ تیز رفتار گھوڑا۔

المُنْقَلُ. پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ پرانا جوتا یا پرانا چرمی موزہ۔

المَنْقَلَةُ. سفر کے منازل میں سے ایک منزل۔ ٹکڑا جو اُونٹ کے کھر میں لگایا جائے۔

اَرْضٌ مَنْقَلَةٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین۔

المِنْقَلَةُ. نقل مکانی کا آلہ۔ ج مَنَاقِلُ والمِنْقَلَةُ عِنْدَ المولدين: ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں۔

نَقَمَ (ض) و نَقِمَ (س) نَقْمًا و تَنْقَامًا مِنْ فُلَانٍ: سزا دینا۔ الْاَمْرَ عَلىٰ فُلَانٍ او مِنْ فُلَانٍ: عیب لگانا۔ بہت مکروہ جاننا۔ کہا جاتا ہے "نَقَمَ فُلَانٌ وِتْرَهُ" یعنی بدلہ لیا۔ "وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا" نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم (نَقَمًا) الشَّئَ: جلدی کھانا۔

نَقَّمَ تَنْقِيْمًا. بہت زیادہ مکروہ جاننا۔

اِنْتَقَمَ مِنْهُ: سزا دینا۔

اَلنَّقَمُ. س۔ راستہ کا وسط۔

النَّقْمَةُ والنِّقْمَةُ والنَّقِمَةُ. اسم ہے انتقام کا۔ سزا۔ بدلہ۔ ج نِقَمٌ و نَقِمٌ و نَقِمَاتٌ.

النَّقِيْمَةُ. بدل ہے نَقِيْبَةٌ سے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَيْمُوْنُ النَّقِيْمَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔

نَقْنَقَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹر ٹر کرنا۔

نَقْنَقَتِ الْعَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

النِّقْنِقُ. نر شتر مرغ۔ ج نَقَانِقُ.

نَقَهَ (ف) نُقُوْهًا و نَقِهَ (س) نَقَهًا. فُلَانٌ مِنْ مَرَضِهِ: صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔ صفت نَاقِهٌ ج نُقَّهٌ (نَقْهًا و نُقُوْهًا و نَقَهَانًا) الْحَدِيْثَ: سمجھنا۔ صفت نَقِهٌ و نَاقِهٌ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَفْقَهُ وَلَا يَنْقَهُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔

اَنْقَهَهُ اللّٰهُ مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے عافیت

دینا فُلانًا الحدیْث: سمجھانا۔ اور کہا جاتا ہے "انْقه لِي سمْعكَ"، یعنی میری طرف کان لگا۔

اِنْتقه مِن الْحدیْث: تسلی پانا من مرْضه: مرض سے صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔

اِسْتنْقه. پوچھنا۔ الْحدِیْث: سمجھنا۔

النقْهة. نقه کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لَهُ فِي كُلِّ عامٍ مرْضةٌ و نقْهةٌ"، اس کیلئے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔

نقا ینْقُوْ نقْوا. الْعظْم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نقِي ینْقى نقاوةً و نقاءً و نقانةً و نُقاوةً و نقايةً. صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نقِيٌّ.

نقّاه تنْقِيةً و انْقاهُ انْقاءً. صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نقّى و انْقى الطّعام: غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔ انْقى الْبرُّ: موٹا دانہ ہونا۔

انقت الإبلُ وغیْرها: موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنْقِيةٌ ج مُنْقِيات. وانْقى الْعوْدُ: لکڑی کا تر ہونا۔

انْتقاهُ انتقاءً. چننا۔ اِنْتقى الْعظْم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

تنقّاهُ تنقّيا. چننا۔ تنقّى الْعظْم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نقاوةُ الشّيْ و نُقاوتُهُ و نُقايتُهُ و نقاتُهُ. عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نُقاوةٌ کی جمع نُقاوى و نُقاءٌ اور نُقايةٌ کی جمع نقايا و نُقاءٌ.

نقاةُ الطّعامِ و نُقاتُهُ و نقايتُهُ و نقايتُهُ: غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ النقاة: ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے۔

النُقاوة. ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ ج نقاوى.

النقا. ریت کا محدب ٹیلہ۔ مثنى نقوان و نقيان ج انْقاءٌ و نُقِيٌّ و نُقْيان. بنات النقا ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شحْمةُ النقا بھی کہا جاتا ہے۔

النقا والنقْوُ والنِقْو. گودے دار ہڈی ج انْقاء.

النقْوة. چیز کا عمدہ حصہ۔

النقةُ. ثقہ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ثقة نقة"، اور اس کی اصل نقو ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تالایا گیا ہے۔

النقِيّ. صاف ستھرا۔ ج نقاء وانْقِياء و نُقواء.

الانْقى. اسم تفضیل۔ مؤنث نُقْوى. رجُلٌ انْقى: باریک لمبی ہڈیوں والا مرد۔ مؤنث نقْواء فخِذٌ نقْواءُ: باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔

نقى ینْقِي نقْيا العظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نقِيه ینْقاهُ نقاءً. ملاقات کرنا۔

النقْي. ہڈی کا مغز۔ موٹائی کی وجہ سے آنکھ کی چربی۔ ج انْقاء.

النقْية. کلمہ۔ کہا جاتا ہے "سمِعْتُ نقْية حقٍّ"، میں نے کلمہ حق سنا۔

النقِيّ. صاف ستھرا۔ ج نِقاء وانْقِياء ونُقواء.

النقِيّة. النقِيُّ کا مؤنث۔ کلمہ۔ ج نقايا.

المُنقِيّ والمُنقّى. راستہ۔

نكّ (ن) نكّا على الغرِيْم: قرضدار پر سختی برتنا العمل: درست کرنا۔

نكا (ف) نكا القرْحة: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا العدوّ و فِي العدُوّ: قتل و خونریزی کرنا فلانًا حقهُ: کسی کا حق پورا کرنا۔

انتكا انتكاءً حقهُ مِن فُلان: حق وصول کرنا۔ قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُو زُكاةٌ نُكاةٌ"، وہ ماوجب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔

نكب (ن) نكبًا و نُكوْبا عنْهُ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا (نكبًا) الشّيْ و به: ڈال دینا۔ الإناءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا الكنانة: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا۔ نكبتِ الحِجارةُ رِجْلهُ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا (نكبًا و نكبًا) الدّهْرُ فلانًا: مصیبت پہنچانا۔

نكبتْ نُكوْبا الرِّيحُ ہوا کا بے رخ چلنا۔

نكب (ن) نكابةً و نُكوْبا فلانٌ عنْ قوْمِه. مددگار قابل بھروسہ ہونا۔

نكِب (س) نكبًا عن الطّرِيْق: راستہ سے ہٹ جانا البعِيْرُ: نکب بیماری والا ہونا (دیکھئے بیماری نکب۔) الرّجُلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔

نُكِب. مصیبت زدہ ہونا۔

نكّب. عن الطّرِيْق: راستہ سے ہٹ جانا؛ الگ ... الشّيْ: الگ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نكّبهُ الطّرِيْق ونكّب بهِ الطّرِيْق و نكّب بهِ عنِ الطّرِيْق"، یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔

ناكبهُ. مونڈھے کے مقابل ہونا۔

تنكّب عنْهُ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا۔ کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا على الشّيْ: ٹیک لگانا كنانته او قوْسه ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "تنكّبْ عنْ وجْهِي"، میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔

انْتكب الرّجُلُ كنانتهُ او قوْسهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔

النكْب. مص۔ مصیبت۔ ج نُكوْب.

المنكُوب. وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

النكب. مص۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اُونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔

الانْكبُ. جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اُونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مرد ستم گار۔ جفا کار۔ کہا جاتا ہے "رجُلٌ انْكبُ عنِ الْحقِّ و ناكِبٌ عنْهُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔

النكْباء. الانْكبُ کا مؤنث۔ رِيْحٌ نكْباءُ: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ ج نُكْبٌ و نكْباوات. نُكْبُ رِياحٍ چار ہیں۔ ا۔ الازيب. صبا اور

جنوب کے درمیان ۔۲۔ الصَّابِیَة صبا اور شمال کے درمیان اور اس کو نُکَیْبَاء بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کیلئے ہے اس لیے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے تھے۔ ۳۔ الجِربیاء شمال اور دبور کے درمیان۔ اور الهَیف جنوب اور دبور کے درمیان۔

النَّکْبَة. نکَبَ کا اسم مرۃ۔ مصیبت۔ ج نَکَبات.

النُّکْبَة. غلہ کی غیر معین مقدار۔ ج نُکَب.

النَّکِیْب. گھر کا گرداگرد۔

المِنْکَاب. مرد ستم گار و جفاکار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مِنْکَابٌ عَنِ الْحَقِّ حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔

المَنْکِب. مونڈھا۔ ج مَنَاکِب. کہا جاتا ہے "تَشَابَهَتْ مِنْهُمُ الْمَنَاکِبُ وَالرُّؤُوْسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے "هَزَّ مَنْکِبَه لِکَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وَفُلَانٌ مَعِیَ عَلٰی حَدِّ مَنْکِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ المَنْکِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِیْ مَنْکِبٍ مِنَ الْاَرْضِ اَوِ الْجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔

المَنْکِبُ مِنَ الْقَوْمِ: چودھری مددگار مِنَ الْاَرْضِ: راستہ۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوْا فِیْ مَنَاکِبِهَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْکِبُ الْجَوْزَا و مَنْکِبُ ذِی الْعِنَانِ و مَنْکِبُ الْفَرَسِ: ستاروں کے نام۔

المَنَاکِب. مَنْکِب کی جمع۔ فِی رِیْشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

المَنْکُوْب ج مصیبت زدہ (النَّکِیْبُ) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

نَکَتَ (ن) نَکْتًا الْاَرْضَ بِقَضِیْبٍ اَوْ بِاِصْبَعِه: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا النَّاسَ بِالْحَصٰی: زمین پر کنکری پھینکنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا اُچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الْفَرَسُ یَنْکُتُ" گھوڑا اُچھلتا ہوا گزرا الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا فُلَانًا: سر کے بل گرانا۔ اور اسی سے ہے "لَاَنْکُتَنَّ بِكَ الْاَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرادونگا کِنَانَتَهٗ: ترکش سے بکھیر دینا۔

نَکَتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا فِیْ قَوْلِه: نکتہ چینی کرنا۔

اِنْتَکَتَ. سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَکَتَهٗ فَانْتَکَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔

النُّکْتَة. داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُکَتٌ و نِکَاتٌ. النُّکْتَةُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ۔ مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ۔

النَّکَّات. بڑا نکتہ چیں۔ بڑا آہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔

النَّکِیْت. مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔

المَنْکُوْت. ج. سر کے بل گرا ہوا۔

نَکَثَ (ن ض) نَکْثًا الْعَهْدَ وَالْبَیْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا الْحَبْلَ اَوِ الْکِسَاءَ: رسّی یا کمبل ادھیڑنا الْمِسْوَاكَ: مسواک کی کوچی بنانا۔

تَنَاکَثُوْا. عُهُوْدَهُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا۔

اِنْتَکَثَ. الْحَبْلُ وَغَیْرُهٗ: رسّی وغیرہ کو اُدھیڑا جانا السِّوَاكُ: کوچی بننا فُلَانٌ مِنْ حَاجَةٍ اِلٰی اُخْرٰی: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔

النُّکَاث. پھنسیاں جو اُونٹ کے مُنہ میں نکلتی ہیں۔

النُّکَاثَة. رسّی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔

النِّکْث. دوبارہ کاتنے کیلئے اُدھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج اَنْکَاث. کہا جاتا ہے "حَبْلٌ نِکْثٌ وَاَنْکَاثٌ" اُدھیڑی ہوئی رسّی۔

النَّکِیْث. ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَکِیْثَة.

النَّکِیْثَة. نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلًا لَا نَکِیْثَةَ فِیْهِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِیْهِ نَکِیْثَتَهٗ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی۔ "وَقَعُوْا فِی النَّکِیْثَةِ" وہ مشکل کام میں پڑ گئے۔ "وَهُوَ ذُوْنَکِیْثَةٍ حَسَنَةٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ ج نَکَائِث.

النَّکَّاث. بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ مُنْتَکِثٌ" لاغر و دبلا اُونٹ۔

نَکَحَ (ف ض) نِکَاحًا و نَکْحًا الْمَرْاَةَ: عورت سے شادی کرنا۔ نَکَحَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا شادی کرنا۔ صفت نَاکِحٌ و نَاکِحَة. نَکَحَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا النُّعَاسُ عَیْنَهٗ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔

اَنْکَحَهُ الْمَرْاَةَ: شادی کرانا۔

تَنَاکَحُوْا. ایک دوسرے سے شادی کرنا۔

تَنَاکَحَتِ الْاَشْجَارُ: درختوں کا آپس میں گتھ جانا۔

اِسْتَنْکَحَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ: شادی کرنا۔ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ: نکاح کرنا النَّوْمُ عُیُوْنَهُمْ: نیند کا غالب آنا۔

النُّکَحُ. سخت پرہیزگار (عامی لفظ)

المَنَاکِح. عورتیں۔

نَکَخَ (ف) نَکْخًا فُلَانًا فِیْ حَلْقِه: حلق میں مکا مارنا۔ نیزہ مارنا۔

نَکَدَ (ن) نَکْدًا فُلَانًا حَاجَتَهٗ: محروم کر دینا، تھوڑا سا دینا۔ نَکَدَ الْغُرَابُ: کوے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا الْقَوْمُ الرَّجُلَ: کثرت سوال سے تنگ دست بنا دینا۔ نُکِدَ الرَّجُلُ: بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَکِدَ (س) نَکَدًا الْعَیْشُ: تنگ ہونا الرَّجُلُ: تنگ گزران والا ہونا۔ نَکِدَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔

نَکُدَ. عَیْشَہٗ: زندگی کو تنگ بنا دینا فُلَانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔
نَاکَدَہٗ. سختی برتنا۔
اَنْکَدَہٗ. کم داد و دہش والا پانا۔
تَنَکَّدَ. عَیْشُہٗ. مکدر ہونا۔
تَنَاکَدَا. باہم سختی برتنا۔
النَّاکِدُ فا۔ نَاقَۃٌ نَاکِدٌ: کم دودھ والی اُونٹنی؛ وہ اُونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ج نُکُدٌ رَجُلٌ نَکِدٌ و نَکَدٌ و نَکُدٌ: دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ ج اَنْکَادٌ و مَنَاکِیْد.
اَرَضُوْنَ نِکَادٌ. کم نباتات والی زمین۔
النُّکْدُ. بے دودھ والی اُونٹنیاں۔ بہت دودھ والی اُونٹنیاں (ضد) واحد نَکْدَاءُ.
النُّکْدُ و النَّکَدُ. کم داد و دہش۔ مَاءٌ نُکُدٌ: کم پانی۔
الْاَنْکَدُ. مرد دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ مؤنث نَکْدَاءُ ج نُکْدٌ. کہا جاتا ہے: جَاءَ مُنْکِدًا: وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔
عَطَاءٌ مُنْکَدٌ و مَنْکُوْدٌ. تھوڑا عطیہ۔
رَجُلٌ مَنْکُوْدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔
نَکِرَ (س) نَکَرًا و نُکْرًا و نُکُوْرًا و نَکِیْرًا الْاَمْرَ: ناواقف ہونا الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔
نَکُرَ (ک) نَکَارَۃً الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔
نَکَّرَہٗ. دگرگوں کر دینا۔ نَکَّرَ الْاِسْمَ: نکرہ بنانا۔
نَاکَرَہٗ مُنَاکَرَۃً. مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا دینا۔
اَنْکَرَہٗ. جاہل ہونا۔ اَنْکَرَ حَقَّہٗ: حق کا انکار کرنا۔ اَنْکَرَ عَلَیْہِ فِعْلَہٗ: عیب لگانا اور منع کرنا۔
تَنَکَّرَ الرَّجُلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا؛ دگرگوں ہونا فُلَانٌ: بدخلق ہونا لِفُلَانٍ: اجنبی ہونا۔
تَنَاکَرَ. دانستہ ناواقف بننا۔ الْاَمْرَ: ناواقف ہونا الْقَوْمُ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔
اِسْتَنْکَرَ الْاَمْرَ: ناواقف ہونا اَمْرًا بِجَھْلِہٖ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔
النَّکَارَۃُ. مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ جہالت۔
النَّکَرُ. مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔
النُّکْرُ. مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔ برا کام۔ بہت برا کام۔
رَجُلٌ نَکِرٌ و نَکُرٌ و نُکُرٌ. چالاک تیز فہم۔ ج اَنْکَارٌ. اِمْرَاَۃٌ نُکُرٌ چالاک و سمجھ دار عورت۔
النُّکُرُ. ناشناختہ۔ سخت کام۔
النَّکْرَاءُ. چالاکی و تیز فہمی۔ ناشناختہ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ نَکْرَاءَ" فلاں چالاک و عقلمند ہے "وَ صَابَتْھُمْ مِنَ الدَّھْرِ نَکْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔
نُکْرَاءُ الدَّھْرِ: زمانے کی سختی۔
النَّکِرَۃُ. انکار۔ ضد معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔ ج نَکِرَات.
النَّکِرَۃُ. اسم ہے انکار کا جیسے نَفَقَۃٌ اِنْفَاقٌ کا۔
النَّکِیْرُ. دگرگونی۔ اَمْرٌ نَکِیْرٌ: سخت کام۔ حِصْنٌ نَکِیْرٌ: مضبوط قلعہ۔
الْمُنْکَرُ. مفع۔ خلاف مرضی خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ ج مُنْکَرَات و مَنَاکِر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْکَرٌ" چالاک تیز فہم مرد۔ ج مُنْکَرُوْنَ و مَنَاکِیْر.
الْمَنْکُوْرُ. مف۔ مجہول۔ ج مَنَاکِیْر.
الْمَنَاکِیْرُ. خلاف مرضی خدا اُمور۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ یَرْکَبُوْنَ الْمَنَاکِیْرَ وَالْمُنْکَرَات" یعنی وہ لوگ اُمور غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔
الْمُنْکَرُ عِنْدَ النُّحَاۃِ: اسم نکرہ۔ ضد معرفہ۔
نَکَزَتْ (ن) نَکْزًا. الْحَیَّۃُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا فُلَانًا مار کر ہٹانا الشَّیْءَ: چبھونا الدَّابَّۃَ بِعَقِبِہٖ: ایڑ لگا کر ہانکنا (نَکْزًا و نُکُوْزًا) الْمَاءُ: پانی کا نیچے اتر جانا الْبَحْرُ: خشک ہونا الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔
نَکِزَتْ (س) نَکَزًا الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَکِزَ الْبَحْرُ: گھٹنا۔
اَنْکَزَ الْبِئْرَ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔
النَّاکِزُ. فا۔ بِئْرٌ نَاکِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو۔ ج نَوَاکِز.
النِّکْزُ. رذیل لوگ۔ ہڈی میں باقی ماندہ مغز (و الْمُنْکَز) خالی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نِکْزًا و مُنْکِزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا۔
بِئْرٌ نَکِزٌ. کم پانی والا کنواں۔
النَّکَّازُ. اسم مبالغہ۔ ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو منہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَکَاکِیْز و نَکَّازَات.
الْبِئْرُ النَّکُوْزُ. کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو ج نُکُز. کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِمُنْکَزَۃٍ مِنَ الْعَیْشِ فلاں تنگ زندگی میں ہے۔
نَکَسَہٗ (ن) نَکْسًا. اوندھا کر دینا۔ نَکَسَ رَاْسَہٗ: ذلت سے سر جھکانا۔ الطَّعَامُ وَغَیْرُہٗ دَاءَ الْمَرِیْضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا الْخِضَابَ: بار بار لگانا۔ کہا جاتا ہے "نَکَسْتُ فُلَانًا فِیْ ذٰلِکَ الْاَمْرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا۔
نُکِسَ الْمَرِیْضُ: دوبارہ بیمار ہونا الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِہٖ: اپنے ہم جولیوں سے کوتاہی کرنا۔
نَکَّسَہٗ تَنْکِیْسًا. اوندھا کرنا۔ نَکَّسَ الْفَرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا۔ صفت۔ مُنَکِّس
تَنَکَّسَ. اوندھا ہونا۔
اِنْتَکَسَ. سر کے بل گرانا الْمَرِیْضُ: صحت یابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا۔
النَّاکِسُ. فا۔ سر جھکانے والا مرد ج

نَوَاکِس (شاذ)

النُّکاس. صحت یابی کے بعد مرض کا عود کرنا۔

النُّکس. صحت یابی کے بعد مریض کا عود کرنا۔ گرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا۔ اور کہا جاتا ہے تَعْسًا لِفُلَانٍ و نُکْسًا او وَنَکْسًا. کلمات بددعا ہیں یعنی فلاں کے لیے ہلاکت وسرنگونی ہو۔

النِّکْس. تیر کہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کر دیا گیا ہو۔ کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں (اور یہ کمان میں عیب ہے) کمزور و ہیچ و بے برکت مرد۔ پست قد۔ کرم وسخاوت میں کوتاہی کرنے والا۔ ج اَنْکَاس.

النُّکُس. بہت بوڑھے لوگ۔ واحد نَاکِسٌ.

المِنْکَس. فا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے ' وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے نہ مل سکے۔

المَنْکُوْس. مث۔ دوبارہ بیمار ہونے والا۔ مِنَ الْاَوْلَادِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں قَوْسٌ مَنْکُوْسَةٌ: کمان کہ جس میں ٹہنی کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں۔

نَکَش (ن ض) نَکْشًا البِئْرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا الشَّیْئَ: فنا کر دینا الشَّیْئَ و مِنَ الشَّیْئِ: فارغ ہو جانا.

اِنْتَکَش البِئْرَ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کر دینا۔

المِنْکَش. معاملات میں خوب غور کرنے والا۔

المِنْکَاش. کنواں صاف کرنے کا آلہ۔ ج مَنَاکِیْش.

المَنْکُوْش. مث۔ سَفَطٌ مَنْکُوْشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو۔

نَکَص (ن ض) نَکْصًا و نُکُوْصًا و مَنْکَصًا عَنِ الْاَمْرِ: رُک جانا۔ صفت نَاکِصٌ نَکَصَ عَلٰی عَقِبَیْهِ: پہلے کام سے ہٹ جانا (اس کا استعمال عموماً خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر)

نَکَّصَهٗ. ہٹا دینا۔

اِنْتَکَصَ الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا۔

المَنْکَصُ. مۃ۔ ہٹنے کی جگہ۔

نَکَظَ (ن) نَکْظًا. بہت بھوکا ہونا۔ فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرانا۔

نَکِظَ (س) نَکَظًا. اپنی ضرورت میں جلدی کرنا لِلْخُرُوْجِ. نکلنے کے لیے جلدی کرنا۔ الرَّحِیْلُ: قریب ہونا۔

نَکَّظَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرانا۔ نَکَّظَ حَاجَتَهٗ: دشوار کرنا۔

اَنْکَظَهٗ. عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرانا۔

تَنَکَّظَ الرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا عَلٰی فُلَانٍ: بخل کرنا الْاَمْرُ عَلَیْهِ: پیچیدہ ہونا۔

النُّکْظُ والنَکَظُ والنَّکَظَة والنُکْظَة والمَنْکَظَةُ. کوشش۔ سفر کی سختی۔ جلدی۔

نَکَعَهٗ (ف) نَکْعًا عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا یا رد کرنا فُلَانًا: پاؤں کی پشت سے مارنا فُلَانًا حَقَّهٗ: حق روک دینا (نَکْعًا و تَنْکَاعًا) المَاشِیَةَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا فُلَانٌ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا۔ اور مَا نَکَعَ بمعنے مَا زَالَ افعال ناقصہ میں سے ہے "وَمَا اَدْرِی اَیْنَ نَکَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔

نَکِعَ (س) نَکَعًا. چھلی ہوئی ناک والا ہونا۔

نَکَّعَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: ہٹا دینا۔ جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا۔

اَنْکَعَهٗ. رد کرنا۔ دفع کرنا۔ تھکانا۔ عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا۔ ہٹانا۔ اَنْکَعْتُ فُلَانًا بُغْیَتَهٗ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ فَاَنْکَعَهٗ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا "و شَرِبَ فَاَنْکَعَهٗ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہو گئی۔

النَّکِع: مرد سرخ فام۔ چھلی ہوئی ناک والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ نَکِعٌ" یعنی بہت سرخی والا۔

النُّکَع. سرخ رنگ۔ مرد سیاہ۔ سرخی مائل۔

نَکَعَةُ الْاَنْفِ: ناک کا کنارہ۔

النُّکَعَة. مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو۔ بیوقوف کہ جب کہیں بیٹھ جائے تو ٹلے نہیں۔

النُّکَعَة. ناک کا کنارہ۔ ایک سرخ رنگ کے درخت کا پھل۔ درخت قتاد کا گوند۔ مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی۔

الْاَنْکَع. مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو۔

المُنْکَع. پیچھے کو لوٹنے والا۔ اَنْفٌ مُنْکَعٌ: چپٹی ناک۔

نَکَفَ (ن) نَکْفًا عَنْ کَذَا: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ الگ ہونا۔ صفت نَاکِفٌ.

فُلَانٌ الْغَیْثَ: بارش منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا غَیْثٌ لَا یَنْکُفُهٗ اَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے "وغَیْثٌ لَا یَنْکَفُ" منقطع نہ ہونے والی بارش۔ "وهٰذَا جَیْشٌ او بَحْرٌ لَا یُنْکَفُ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر اتھاہ ہے۔ نَکَفَ الدَّمْعَ: رخساروں پر سے انگلیوں سے پونچھنا۔

نَکِفَ (س) نَکَفًا مِنْهُ او عَنْهُ: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ بیزار ہونا۔ نَکِفَتِ الْیَدُ: درد رسیدہ ہونا الرَّجُلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا۔

نَاکَفَهُ الْکَلَامَ مُنَاکَفَةً. ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

اَنْکَفَهٗ. ننگ و عار سے پاک کرنا۔ اَنْکَفَ اللّٰهَ: تنزیہ وتقدیس کرنا۔

نُکِفَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کی ٹھڈی کے نیچے غدود ظاہر ہونا۔

تَنَاکَفُوا. الکَلَامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا۔

اِنتَکف الغَیث: منقطع کرنا القوم: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا اِلَیہِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنتَکفتُ لَہ فَضَربتُہ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا۔

الحَبلُ: رسّی کا ادھڑنا۔ الرَّجلُ: بیزار ہونا العرَق عَن جبینہ پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

اِستَنکف الرَّجلُ: تکبر کرنا۔ مِن کذا: ننگ وعار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا

النُکاف اُونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے۔

اَلنُّکاف بچوں کے جبڑے کے نیچے غدود کا پھول جانا۔

النکف ہس۔ کان کی لو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔ واحد نکفۃ۔

رَجلٌ نِکفٌ: مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے۔

النکفتان والنُکفتان: داڑھی۔ بچّہ کے دائیں بائیں کے جبڑے۔ ج نکفات۔

النکفۃ: کان کا درد۔

المنکوف مٔع۔ نکاف زدہ اُونٹ (دیکھیے نکاف)

نکل(ض ن) نُکولاً و نکل(س) نکلاً عَن کذا او من کذا: پیچھے ہٹنا اور بزدلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "نکل عن العدوّ و عن الیمین وعن الجواب" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم وجواب سے باز رہا۔

نکل(ن) نکلۃ بفلان: عبرتناک سزا دینا۔

نکل(س) نکلاً سزا قبول کرنا۔

نکّل بہ: مصیبت ڈالنا۔ عبرتناک سزا دینا۔

نکلہٗ عن الشیٔ: باز رکھنا۔ یکسو کرنا۔

اَنکلہٗ عنہ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

النّاکل فا۔ بزدل کمزور۔

النَّکال عقوبت۔ سزا۔ عبرتناک سزا۔

النِّکل مضبوط بیڑی۔ ج انکال و نُکول لگام کا لوہا۔ مہار "فُلانٌ نِکلُ شرٍّ" فلاں برائی کے لیے قید ہے۔ یعنی دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔

النَّکل قوی مرد۔ ہمسر پر غالب آنے والا۔ مضبوط سدھا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَکَلُ شرٍّ" فلاں دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔

النُّکلۃ: عبرتناک سزا۔ کہا جاتا ہے "رَماہُ بنُکلۃٍ" اس نے اس کو عبرتناک سزا دی۔

المُنکّل عبرتناک سزا۔

المنکل سزا دینے کا سامان۔

النکعۃ سخت مصیبت۔

نکنک نکنکۃً۔ الامرَ درست کرنا عَلٰی غریمہ: سختی کرنا۔

نکہ(ف ض) نکھًا لفلان و علیہ: کسی کی ناک پر سانس لینا۔ نکھت الشَّمس: آفتاب کا سخت گرم ہونا۔

نکِہہٗ و نکھہٗ(س ف) نکھًا: کسی کا مُنہ سونگھنا۔

نُکہ الرَّجلُ بدہضمی کی وجہ سے مُنہ کی بُو کا بدل جانا۔

اِستَنکھہٗ: کسی کے مُنہ کی بو سونگھنا۔ کسی کے مُنہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "اِستَنکھتُ الرَّجل فنکہ فی وجھی" میں نے مرد کے مُنہ کی بو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے مُنہ کے سامنے سانس لیا۔

النکھۃ نکہ کا اسم مرۃ۔ مُنہ کی بو۔

نکی ینکی نکایۃً العدوّ و فی العدوّ: قتل کر کے یا زخمی کر کے غالب آنا۔ صفت فاعلی ناکٍ اور صفت مفعولی منکیٌّ القرحۃ: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا۔

نکِی ینکی نکی شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔ مقہور ہونا۔

النُّلنُل کمزور بڈھا۔

نم(ن ض) نمًّا الحدیث چغل خوری کرنا الحدیثُ: ظاہر ہونا بین النّاس: بھڑکانا الکلامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا الشَّیٔ خوشبو پھیلنا۔ نمت الرِّیحُ ہوا کا بُو کو لانا۔

النّامُ فا۔ ج نمّام۔

النّامۃ النّامّ کا مؤنث۔ حس۔ حرکت۔ زندگی۔ کہا جاتا ہے "اَسکتَ اللّٰہُ نامّتَہٗ" یعنی اللہ اسے موت دے۔

النَّمُّ ہس۔ چغل خور۔ ج نمّون و انمّاء و نُمٌّ۔

النَّمّام چغل خور۔ ایک خوشبودار قسم کی نباتات۔ واحد نمّامۃ۔

النَّمّۃ نمّ کا اسم مرۃ۔ نمّ کا مؤنث۔ سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ۔ اور کہا جاتا ہے "سَمِعتُ نَمّتَہٗ" میں نے اس کی حرکت سنی۔

النِّمّۃ نمّ کا اسم نوع۔ جوں۔

النُّمّیُ خیانت۔ عیب۔ دشمنی۔ طبیعت۔ انسان کا جوہر یا اصل۔ نُمّیُّ الرَّجلِ مرد کی طبیعت۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدّارِ نُمّیٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

النُّمّیّۃ نمّی کا واحد۔ فاختہ۔ طبیعت۔

النَّموم چغل خور۔

النَّمیم والنَّمیمۃ چغل خوری۔ حرکت۔ لکھنے کی آواز۔ لکھائی۔ گفتگو کی نرم آواز۔ ج نمائم

النمم چغل خوری۔

المِنمَم چغل خور۔

النِّمء والنِّمأ چھوٹی چھوٹی جوئیں۔

نمر(ن) نمرًا فی الجبلِ پہاڑ پر چڑھنا۔

نمِر(س) نمرًا الرَّجلُ غضبناک و بدخلق ہونا السَّحابُ بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا۔

نمّر و تنمّر غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔

نمّر وجھہٗ تنمیرًا ترش رُو کر دینا۔

انمر صاف پانی پانا۔

تنمّر عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا بفلان: بگڑنا۔ خفا ہونا۔ دھمکی دینا۔ دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا۔

النّامرۃ والنّامورۃ: بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کیلئے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا

کر شکار کرتے ہیں۔

النّامُور. خون۔

النَمِر والنِمْر والنَمْر. چیتا۔ اور اس کی کنیت اَبُو الاَبْرَدِ اور اَبُو الْاَسْوَدِ ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کنیتیں ہیں۔ ج اَنْمُرٌ و اَنْمار و نُمُرٌ و نِمارٌ و نِمارَةٌ و نُمُورٌ و نُمُورَةٌ و نُمْرٌ. کہا جاتا ہے "لَبِسَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِلْدَ النَمِرِ" فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا۔

اَلنَمْرُ واحد نُمْرَةٌ

النَمِر. صاف پانی۔ خالص حسب۔ بہت مِنَ الْمَاءِ: زود ہضم پانی شیریں ہو یا نہ ہو۔ ج اَنْمار.

النُمْرَة. داغ۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ نُمْرَةٌ مِنْ غَيْرِ لَوْنِهٖ" ج نُمَرٌ.

النَمِرَة. النَمِر کا مؤنث۔ مادہ چیتا۔ بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں۔

النَمِرَة. بھیڑیے کو شکار کرنے کے لیے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں۔ چتکبرا رنگ۔ دھاری دار چادر۔ اُون کی چادر جس میں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں۔ ج نِمارٌ.

النَمِير. صاف پانی۔ خالص حسب۔ کہا جاتا ہے مَاءٌ نَمِيرٌ و حَسَبٌ نَمِيرٌ: بہت مِنَ الْمَاءِ: پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو۔

الاَنْمَر. سیاہ و سفید داغ والا مِنَ الْخَيْلِ والنَعَمِ: داغ دار اور ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں۔ مؤنث نَمْرَاءُ ج نُمْرٌ اور کہا جاتا ہے "اَسَدٌ اَنْمَرُ" وہ شیر جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو۔

طَيْرٌ مُنَمَّرٌ. کالے کالے نقطے والا پرند۔

النُمْرُق والنُمْرُقَة والنَمْرَق والنَمْرَقَة والنِمْرِق والنِمْرِقَة. چھوٹا تکیہ۔ زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا۔ النِمْرِقَة: پھٹے پھٹے بادل۔

نَمَسَ (ض) نَمْسًا السِرَّ: بھید چھپانا الرَّجُلَ: چپکے چپکے بات کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔

نَمِسَ (س) نَمَسًا السَمْنُ و كُلُّ طِيبٍ و دُهْنٍ: گھی، خوشبو اور تیل کا خراب ہونا۔ بگڑنا۔ صفت نَمِسٌ.

نَمَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: ملتبس کرنا۔ خلط ملط کرنا الشَّعْرُ: بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا السَّمْنُ او الْجُبْنُ: گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا۔ صفت مُنَمِّسٌ.

نَامَسَ مُنَامَسَةً الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا فُلَانًا: چپکے چپکے بات کرنا۔

اَنْمَسَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔

تَنَمَّسَ الْاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا۔

اِنَّمَسَ اِنَّمَاسًا الرَّجُلُ: چھپنا فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔

النَّامُوس. راز دار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَامُوسُ الْاَمِيرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے۔ وحی۔ حاذق۔ جھوٹا۔ چغل خور۔ شکاری کے گھات کی جگہ۔ راہب کی کوٹھری۔ جال۔ مکر و فریب۔ حیلہ نہانی۔ چیونٹی کی شکل کا ایک مٹیالا جانور۔ شیر کی جھاڑی ج نَوَامِيسُ. النَّامُوسُ الْاَكْبَرُ: حضرت جبرئیل کا لقب (دخیل)

النَّامُوسَة. شیر کی جھاڑی۔ مچھر۔

النَّامُوسِيَة. مچھر دانی (دخیل)

النِمْس. چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں۔ ج نُمُوس.

النَمَس. گھی و خوشبو کی خرابی۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَمَسَة. بدبو۔

النَمَّاس. چغل خور۔

الاَنْمَس. مٹیالا۔ مؤنث نَمْسَاءُ. ج نُمْس.

المُنَامِس. چپکے چپکے بات کرنے والا۔ گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا۔

نَمَشَ (ن) نَمْشًا. چغل خوری کرنا۔ جھوٹ بولنا الْكَلَامَ: جھوٹی بات بنانا الْجَرَادُ الْاَرْضَ: کھا کے سب صاف کرنا۔ مِنَ الْاَرْضِ بیہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا۔

نَمَشَهٗ (ض) نَمْشًا. منقش کرنا۔

نَمِشَ (س) نَمَشًا. داغ دار ہونا۔ دھاری دار ہونا۔ صفت اَنْمَشُ و نَمِشٌ.

نَمَّشَ فِي اُذُنِهٖ: کان میں چپکے چپکے بات کہنا۔

اَنْمَشَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْمَشَ بَيْنَهُمْ" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔

النَمْش. مص۔ چکنی چپڑی گفتگو۔

النَمَش. مص۔ داغ۔ دھاری۔ نقش و نگار کے خطوط۔

النَمِش. داغ دار۔ دھاری دار۔ سَيْفٌ نَمِشٌ. دھاری دار تلوار۔ وَجْهٌ نَمِشٌ: داغ دار چہرہ۔

الاَنْمَش. داغ دار۔ مؤنث نَمْشَاءُ. ج نُمْشٌ عَنْزٌ نَمْشَاءُ: داغ دار بکری۔

رَجُلٌ مُنَمِّشٌ. فساد آمیز مرد۔

نَمَصَ (ن) نَمْصًا. الشَعْرَا و النَبْتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا۔

نَمَّصَ تَنْمِيصًا و تَنَمَّصًا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

اَنْمَصَ النَبْتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اگنا۔

تَنَمَّصَتِ الْمَاشِيَةُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا الْمَرْاَةُ: اکھیڑنے کیلئے پیشانی کے بال کو پکڑنا۔

النِماص. سوئی کا دھاگا۔

النُماص. مہینہ۔ ج نُمُصٌ و اَنْمِصَةٌ.

النَمَص. روئیں کی طرح نرم و ملائم بال۔ چھوٹے چھوٹے پر۔ ابتدائی نباتات۔ ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے

ہیں۔

النمیص. اکھیڑا ہوا۔ من النبت وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں۔ یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے۔

المنمص والمنماص. موچنا۔

نمط تنمیطا بفلان الشیٔ و علی الشیٔ: راہنمائی کرنا۔

انمط له العطاء: کم دینا۔

النمط. ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هذا من نمط هذا" یہ اس کی قسم سے ہے "وما عنده نمط من العلم" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔

النمط. ایک قسم کا اُونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج أنماط و نِماط اور نسبت کے لیے أنماطیٌّ و نمطیٌّ. النمط. لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو۔

الأنمط. طریقہ۔

النمغة. پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نو مولود بچّہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔

النماغة. سر کا بالائی حصہ۔ نو مولود بچّہ کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔

نمق (ن) نمقا عین فلان: آنکھ پر طمانچہ مارنا۔ الکتاب: لکھنا۔

نمّق الکتاب: کتاب کو خوبصورت لکھنا الجلد: کھال کو منقش کرنا۔

انمقت النخلة: درخت خرما میں بے گٹھلی کے کھجور ہونا۔

النمق. کتاب۔ نمق الطریق: راستہ کا وسط۔

النمقة. بدبو۔

ثوب نمیق و منمّق: منقوش کپڑا۔ او قول منمّق: بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔

نمل (ن) نملا و نمل (س) نملا و انمل: چغل خوری کرنا۔ نمل و نمل فی الشجر: درخت پر چڑھنا۔

نملت (س) نملا یده: ہاتھ کا سُن ہونا۔

تنمّل القوم: حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

النامل. فا۔ چغل خور۔

النامله. النامل کا مؤنث عام راستہ۔

النمل والنمل. چیونٹی۔ واحد نملة و نملة (مذکر و مؤنث) ج نمال. النمل: پہلو کی پھنسیاں۔

النمل. چغل خور۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مکان نمل و ارض نملة" اور کہا جاتا ہے "فرس نمل او نمل القوائم" گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے "رجل نمل او نمل الاصابع" ہر کام میں پھرتیلا مرد۔

النملة. جھوٹ۔ جانور کے کھر کی پھٹن۔ پہلو کی پھنسیاں۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے۔

النملة. حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فرس ذو نملة" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔

النملة. بتثلیث النون چغل خوری۔

النملان. کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا۔

النمال. چغل خور۔

النمیلة. چغل خوری۔

الأنملة. تسع لغات بتثلیث الهمزه والمیم. سر انگشت۔ اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج انامل و انملات (بتثلیث الحرفین)

النملی والنملة من النساء: ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت۔

المنمل و منمال چغل خور۔

المنمل والمنمال لکھا ہوا۔ گنجان لکھا ہوا۔

المنمول زبان۔ طعام منمول: کھانا جس میں چیونٹیاں پڑ گئی ہوں۔

نامل نامله. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ کہا جاتا ہے "هو ینامل فی قیده"

نمنمه. آراستہ کرنا۔ مزین کرنا۔ منقش کرنا۔

نمنمت الریح الرمل او الماء: دھاری ڈالنا۔ لہر ڈالنا۔ نمنم کتابه: گنجان ڈالنا۔

النمنم والنمنیم. ریت پر کی دھاری۔ لہر۔

النمنمة: نقش والی کتاب پر باریک تصویر کسی کا فن

النمنم والنمنم. جوانوں کے ناخن پر کی سپیدی۔ واحد نمنمة و نمنمة.

المنمنم. ثوب منمنم منقش کپڑا۔

نبت منمنم: گنجان نباتات۔ کتاب منمنم: منقش کتاب۔ ناقة منمنمة موٹی اونٹنی۔

نمه (س) نمها: حیرانی جیسی لاحق ہونا۔ صفت منه و نمة.

نما ینمو نموا: زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا الخضاب: سرخی یا سیاہی زائد ہونا الحدیث الی فلان: نسبت کرنا۔

النمو. بڑھاؤ۔ زیادتی۔

النموة. زیادتی۔

النموذج والأنموذج: نمونہ۔ ج نموذجات و أنموذجات

نمی ینمی نمیا و نمیا و نماء و نمیة المال وغیره: زیادہ ہونا۔ بہت ہونا السعر: بھاؤ گراں ہونا الحبر فی الکتاب: روشنائی کا لکھنے کے بعد چمک اُٹھنا الخضاب فی الید او الشعر: سیاہی زیادہ ہونا الشیٔ علی الشیٔ: کسی چیز سے بلند کرنا النار: آگ کو خوب بھڑکانا الخلیج: موٹا ہونا الماء: پانی کا چڑھنا الحدیث الی فلان: کسی کی جانب نسبت کرنا الرجل الی ابیه: نسبت کرنا۔

نمت الابل: موٹا ہونا۔ گرمی میں گھاس کی تلاش میں دور تک جانا الصید: شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے اوجھل ہونا اور مر جانا۔

نمی تنمیة الشیٔ: بڑھانا النار: آگ کو خوب بھڑکانا الحدیث الی فلان: نسبت کرنا۔ فساد انگیزی کے لحاظ سے پہنچانا۔ کہا جاتا

ہے "فُلانٌ یَنمِی احادیثَ النّاسِ" فلاں لوگوں کی باتوں کو فساد انگیزی کے لیے پہنچاتا ہے۔

اَنمی اِنماءَ الشَّیءِ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔

اَنمی: بڑھنا الحدیثَ: چغل خوری کے لحاظ سے پھیلانا الصَّیدَ: شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے اوجھل ہو کے مر جانا اور اس کے مقابل میں "اَصمی" ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ تیر لگنے کے بعد فوراً مر جائے اور اسی سے عرب کا قول ہے "کُلْ ما اَصمیتَ وَدَعْ ما اَنمیتَ" اَنمی الرّاعی الاِبِلَ: چرواہے کا اونٹوں کو دور تک لے جانا۔ اَنماها الکلأُ: گھاس کا اونٹوں کو موٹا کرنا۔ اَنمی الکرمُ: انگور کی بیل میں گچھے دار شاخ ہونا۔

اَنمیتُ لِفُلانٍ: کسی کی معمولی غلطی کو چھوڑ دینا تاکہ بڑی غلطی میں مبتلا ہو جائے اور پھر اُس کیلئے کوئی عذر باقی نہ رہے۔

تَنمّی تَنمِّیًا الشَّیءُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور بلند ہونا۔

اِنتمی اِنتماءً فُلانٌ الی ابیه: منسوب ہونا البازی: ایک جگہ سے دوسری جگہ بلند ہونا۔ وانتمی فُلانٌ فوقَ الوِسادَةِ: بلند ہونا۔

النّامی: فا۔ نجات پانے والا۔

النّامیة. النّامی کا مؤنث۔ بڑھنے کی طاقت؛ مخلوق من الابلِ: موٹے اونٹ۔ نامیةُ الکرمِ: گچھے دار شاخ۔ ج النّوامی۔

النَّماة: چھوٹی جوں۔ ج نَمیٌ۔

نها یَنهُو نَهْوًا الاناءُ: بھرنا اور کہا جاتا ہے شرِبَ فُلانٌ حتّی نها: فلاں نے پیا یہاں تک کہ سیر ہو گیا۔

نَهِیَ یَنهی و نَهُوَ یَنهُوُ نَهًا و نَها و نَهانَة و نُهُوًّا و نَهاوَة اللَّحمُ: گوشت کا کچا رہنا۔ صفت نَهیٌ۔

اَنها اِنهاءً اللّحمَ: گوشت کچا رکھنا الامرَ: مضبوط نہ کرنا۔

النّاهی: شکم سیر۔ سیراب۔

النُّهُونَة: پختگی۔

نَهَبَ (ف ن) و نَهِبَ (س) نَهْبًا الغنیمةَ: مالِ غنیمت لوٹنا القومُ فُلانًا: سخت سست کہنا۔ نَهِبَ الکلبُ: کتے کا ایڑی پر کاٹ لینا۔

ناهَبَ مُناهَبَة: دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

ناهَبَ القومُ فُلانًا: سخت سست کہنا الغنیمةَ: مالِ غنیمت لوٹنا۔

اَنهَبَ الرّجلُ مالَه: لوٹنے کا موقع دینا۔

اَنهَبَهُ المالَ: لٹا دینا۔

تَناهَبَت الابلُ الارضَ: ٹانگوں کے نیچے کرنا۔ تناهَبَ الفرسانِ: باہم لوٹنا اور دوڑنے میں مسابقت کرنا۔

اِنتَهَبَ الفرسُ الشّوطَ: غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "جوادٌ یَنتَهِبُ الغایةَ: گھوڑا جو غایت تک مسابق ہوتا ہے" "وانتَهَبَ النَّهبَ" مالِ غنیمت کو لینا۔

النَّهْبُ س۔ کہا جاتا ہے "هذا زمانُ النَّهبِ" یہ لوٹ کا وقت ہے۔ غنیمت۔ ہر وہ چیز جو لوٹی جائے۔ ج نِهابٌ۔ النَّهَبُ: ایک قسم کی دوڑ۔

النُّهبَة والنُّهبی والنُّهَیبی والنُّهَّیبی: لوٹ۔ لوٹی ہوئی چیز۔

النَّهّابُ: بہت لوٹنے والا۔

المِنهَبُ: دوڑ میں فوقیت لے جانے والا گھوڑا۔

المُنتَهَبُ: مصدر میمی بمعنی انتہاب۔ لوٹ کی جگہ۔

المَنهُوبُ: مفع۔ فوری مطلوب۔

النَّهابِر. النَّهابیرُ: ہلاکتیں۔ زمین یا ریت کی بلند جگہیں۔ اور بقول بعض ٹیلوں کے درمیان گڑھے۔ واحد نُهبُرَة و نُهبُورٌ و نُهبُورَة۔ النَّهابِر: جہنم اور کہا جاتا ہے "غشیَ به النَّهابیرَ" اس نے اس کو سخت کام پر برانگیختہ کیا۔

النِّهبِرَة: لمبی لاغر عورت یا قریب بہ ہلاکت۔

نَهبَلَ الرّجلُ: عمر رسیدہ ہونا۔ لنگڑا ہونا اور لنگڑے بجو کی طرح چلنا۔

النَّهبَل: عمر رسیدہ۔ کہا جاتا ہے "شیخٌ نَهبَلٌ و عجوزٌ نَهبَلَةٌ" عمر رسیدہ بڈھا۔ عمر رسیدہ بڑھیا۔

النَّهبَلَة: گرانباری کی چال۔ موٹی اونٹنی۔

نَهَتَ (ض) نَهاتًا و نَهیتًا الاسدُ او الحمارُ او الرّجلُ: شیر کا گونجنا۔ گدھے کا رینکنا۔ مرد کا آواز کرنا۔ نالہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رأیتُه یَنهِتُ کما یَنهِتُ القِردُ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ اس طرح آواز نکال رہا تھا جیسے بندر نکالتا ہے۔

النّاهِت: فا۔ حلق۔

النَّهّات: رینکنے والا (والمُنهِت) شیر۔

نُهِتَ فُلانٌ علینا: جھوٹ باندھنا۔

نَهَجَ (ض) و نَهِجَ (س) نَهَجًا الرّجلُ: ہانپنا۔ دمہ والا ہونا۔

نَهِجَ (ف ن) نَهَجًا الثّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت نَهِجٌ۔

نَهَجَ (ف) نَهْجًا الثّوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا۔ بوسیدہ کرنا الامرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا الطریقَ: راستہ میں چلنا۔

نَهَجَ (ف) نَهْجًا و نُهُوجًا الطّریقُ او الامرُ: راستہ کا یا معاملہ کا واضح ہونا۔

اَنهَجَ الطّریقُ او الامرُ: راستہ یا معاملہ کا واضح ہونا ظاہر ہونا الطریقَ او الامرَ: راستہ یا معاملہ کو واضح کرنا۔ ظاہر کرنا الدّابةَ: چوپایہ پر سوار ہو کر سانس چڑھا دینا فلانًا: سانس چڑھانا الثّوبُ: کپڑے کو پرانا کرنا بوسیدہ کرنا الثّوبُ: کپڑا پرانا ہونا یا کہنگی شروع ہونا۔

اِنتَهَجَ الرّجلُ: چلنا۔ اور بقول بعض واضح راستہ تلاش کرنا الطریقَ: راستہ کو ظاہر کرنا۔

اِستَنهَجَ الطریقُ: راستہ کا واضح ہونا۔ فُلانٌ سبیلَ فُلانٍ: پیروی کرنا۔

طریقٌ ناهِجَة: واضح راستہ۔

النَّهْجُ: س۔ واضح راستہ۔ کہا جاتا ہے "طریقٌ نَهجٌ و طُرُقٌ نَهجَةٌ و نَهَجاتٌ و نُهُجٌ و نُهُوجٌ"۔

نَهجُ البلاغة: بلاغت کے واضح طریقے۔ ایک کتاب کا نام جس میں سیدنا علیؓ کے

خطبات، اقوال، مکاتیب، نصائح جمع کیے گئے ہیں۔

النَهَج والنَهِيج. ہانپنا۔

المَنْهَج والمِنْهَج والمِنْهَاج: کشادہ راستہ ج مَنَاهِج.

المُنْهَج. جلدی بوسیدہ ہونے والا کپڑا۔

نَهَدَ (ف ن) نُهُوْدًا الثَّدْیُ: پستان کا اُبھرنا نَهَدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت نَاهِدٌ و نَاهِدَةٌ القِرْبَةُ: مشک کا بھرنے کے قریب ہونا (نَهْدًا و نَهَدًا) لِلْعَدُوِّ والَی الْعَدُوِّ: دشمن پر جلدی حملہ کرنا الهَدْيَة: ہدیہ کو بڑا سمجھنا یا بڑا کرنا۔

نَهَدَ (ف) نَهْدًا. اٹھنا اِلَيْهِ: کھڑا ہونا۔ جیسے دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَنَهَدَ النَّاسُ لِيَسْاَلُوْنَهُ" یعنی وہ مسجد میں داخل ہوا تو لوگ کھڑے ہو کر اس سے پوچھنے لگے۔

نَهُدَ (ک) نُهُوْدَةً الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ اور مضبوط ہونا۔

نَهَّدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت مُنَهِّدٌ.

نَاهَدَهُ مُنَاهَدَةً. لڑائی میں کسی کا مقابلہ کرنا۔

اَنْهَدَ الْعَطِيَّةَ: عطیہ کو بڑھانا الْحَوْضَ او الانَاءَ: حوض یا برتن کو بھرنا یہاں تک کہ چھلکنے لگے۔ اَنْهَدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا فُلَانًا: اٹھانا.

تَنَهَّدَ الرَّجُلُ: ٹھنڈی سانس لینا۔

تَنَاهَدَ الْقَوْمُ: برابر برابر نفقہ نکالنا تاکہ اس سے مشترک طور پر غلہ خریدیں اور جو نفقہ نکالا جائے اس کو النِهْد کہتے ہیں۔ تَنَاهَدَ الْقَوْمُ الشَّيْءَ: آپس میں لین دین کرنا۔ تَنَاهَدُوا فِي الْحَرْبِ: لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَنْهَدَهُ لڑائی میں اٹھنے کیلئے بلانا۔

النَّاهِد. فا۔ ج نُهَدَاء و نُهَّادٌ. اُبھرے ہوئے پستان والی عورت۔ ج نَوَاهِد.

النَّاهِد. شیر۔ غُلَامٌ نَاهِدٌ: قریب البلوغ لڑکا۔

النُهَادُ. مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُهَادُ مِائَةٍ"، یہ مقدار سو کے ہے۔

النَهْد. س۔ بلند چیز۔ شیر۔ کریم۔ عمدہ مضبوط گھوڑا۔ مسکہ۔ پستان۔ ج نُهُود.

النِهْد. نفقہ جو شرکاء سفر برابر برابر نکالیں۔ کہا جاتا ہے "طَرَّحَ نِهْدَهُ مَعَ الْقَوْمِ"، یعنی اس نے ان کی مدد کی۔

النَهْدَاءُ. ریت کا بلند ٹیلہ۔

حَوْضٌ اوانَاءٌ نَهْدَانُ. بھرا ہوا حوض یا برتن جو ابھی چھلکتا نہ ہو۔

النَهِيْد. گاڑھا مسکہ۔

النَهِيْدَة. گاڑھا مسکہ۔ ایک قسم کا کھانا جو اندرائن کے بیج کے مغز کو آٹے سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَنْهُوْد اِلَيْهِ: جس کا قصد کیا جائے جس کی طرف اٹھا جائے۔

المُنَاهَدَة. مص۔ جھگڑا کرنا۔

نَهَرَ (ف) نَهْرًا الدَّمُ: خون کا زور سے بہنا الْمَاءُ: پانی کا بہنا اور نہر بنا لینا لنَهْرَ: نہر کھودنا۔ نہر جاری کرنا السَّائِلَ. سائل کو ڈانٹنا (وَنَهِرَ (س) نَهَرًا) الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ الْبِئْرَ حَتَّى نَهِرْتُ"، میں نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔

اَنْهَرَ النَهْرَ: نہر کو وسیع کرنا۔ چوڑا کرنا (اور یہ نیزہ کے زخم کیلئے بھی آتا ہے) الدَّمَ: خون نکالنا۔ بہانا الدَّمُ: خون کا بہنا العِرْقُ: رگ سے خون نہ رکنا فُلَانٌ: بھلائی کو نہ پہنچنا فِي الْعَدُوِّ: تاخیر کرنا۔ سستی کرنا الرَّجُلُ: ون کرنا البَطْنُ: پیٹ چلنا الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔

اِنْتَهَرَ السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا العِرْقُ: رگ سے خون نہ رکنا بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔

اِسْتَنْهَرَ النَهْرُ: نہر کا اپنے بہنے کے لیے مضبوط جگہ بنانا الشَّيْءَ. وسیع و کشادہ ہونا اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس کیلئے اِسْتَنْهَر کا استعمال کرتے ہیں۔

النَّاهِر. فا۔ سفید انگور۔

النَهَار. دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک۔ ج اَنْهُر و نُهُر.

اَلنَّهَارُ: بھٹ تیتر۔ نر سرخاب۔ نر الو۔

النَهَارِیَ کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔

النَهْر. ندی۔ دریا۔ ج اَنْهُر واَنْهَار و نُهُر و نُهُوْر.

النَهَر گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت ہے۔

النَهِر. سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَهَرٌ نَهِرٌ" کشادہ نہر۔ "نَهَارٌ نَهِرٌ"، روشن دن "مَاءٌ نَهِرٌ"، بہت پانی۔

النَهِيْر. بہت۔

النَهِيْرَة. بہت دودھ والی اونٹنی۔

الاَنْهَر. اسم تفضیل۔ نہار اَنْهَر: بہت روشن دن۔

الاَنْهَرَان مِنْ مَنَازِلِ الْقَمَرِ: چاند کے منازل میں عَوَّاء اور سَمَاك نامی دو ستارے۔

النَّاهُوْر. بادل۔

المَنْهَر. پانی بہنے کی جگہ جس کو خود پانی نے بنا لیا ہو۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔

المَنْهَرَة. لوگوں کے گھروں کے درمیان کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَمَامَ دَارِهِمْ مَنْهَرَةٌ"، ان کے گھروں کے سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔

نَهَزَه (ف) نَهْزًا. دفع کرنا اور مارنا۔ نَهَزَ رَاسَهُ: سر ہلانا الشَّيْءَ: قریب ہونا فُلَانٌ: کچھ لینے کیلئے اٹھنا الفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ اونٹ کے بچے کا ماں کے تھن پر ٹکر مارنا الدَّابَةُ چوپایہ کا سینہ نکال کر چلنا الدَّابَةُ بِرَاسِهَا: چوپایہ کا اپنے آپ سے دفع کرنا۔ اور جب دودھ چھڑانے کے قریب ہو تو کہا جاتا ہے "نَهَزَ لِلْفِطَامِ"، صفت مذکر نَاهِزٌ اور صفت مؤنث نَاهِزَةٌ: نهز بِالدَّلْوِ فِي الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں بھر جانے کے لیے ہلانا الدلْوَ مِن

الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں سے نکالنا نَهَزَ الرَّجُلُ: قے کرنے کے لیے گردن اٹھانا اور سینہ نکالنا قَيْحًا: پیپ پھینکنا اور کہا جاتا ہے "نَهَزَتْنِي إِلَيْكَ حَاجَةٌ" مجھے ضرورت تمہارے پاس لے آئی۔

نَاهَزَهُ مُنَاهَزَةً. قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاهَزَ الْخَمْسِيْنَ" اس کی عمر پچاس کے قریب ہے "وَنَاهَزَ لِلْفِطَامِ" وہ دودھ چھڑانے کے قریب پہنچا الصَّيْدَ: سبقت کرنا الْفُرْصَةَ: غنیمت جاننا۔ نَاهَزْتُهُمُ الْفُرَصُ: فرصت پانا۔

اَنْهَزَهُ. دفع کرنا۔ اٹھانا۔

تَنَاهَزَا. سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاهَزُوا الْفُرَصَ" انہوں نے فرصت کو غنیمت جاننے کی وجہ سے سبقت کی۔

اِنْتَهَزَ الْفُرْصَةَ: غنیمت جاننا اور سبقت کرتے ہوئے اٹھنا الشَّيْءَ: قبول کرنا اور لینے کی جلدی کرنا فِي الضِّحْكِ: بہت زور سے ہنسنا۔

النَّاهِزُ. فا نَاهِزُ الْقَوْمِ: قوم کا سردار۔ قوم کا چودھری۔

النُّهَازُ وَالنِّهَازُ. قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُهَازُ ذَاكَ" یہ اس کے مقدار ہے۔

النَّهْزُ. مص۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کیلئے اٹھنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَهْزُهُ كَذَا" یعنی اس کی مقدار اتنی ہے۔

النَّهِزُ. شیر۔

النَّهَّازُ. اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا گدھا۔

النُّهْزَةُ. فرصت۔ ج نُهَزٌ. کہا جاتا ہے "هُوَ نُهْزَةُ الْمُخْتَلِسِ" وہ ہر ایک کا شکار ہے۔

الْمَنْهَزُ مِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کا من۔

الْمُنَاهَزَةُ. مص۔ مسابقت۔

نَهَسَ (ف) وَ نَهِسَ (س) نَهْسًا اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَهَسَتِ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَسَ الْكَلْبُ فُلَانًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔

اِنْتَهَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا فُلَانًا: غیبت کرنا۔

النُّهَسُ وَالنُّهَسُ. لٹورے کے مانند ایک پرندہ جو ہمیشہ اپنی دم ہلاتا رہتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِهْسَان.

النَّهَّاسُ وَالنَّهُوْسُ وَالْمَنْهَسُ وَالْمِنْهَسُ بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔ الْمَنْهَسُ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ كَثِيْرَةُ الْمَنَاهِسِ" بہت چراگاہ والی زمین۔

النَّهِيْسُ. کم گوشت والا۔ دُبلا۔

الْمَنْهُوْسُ. مف۔ کم گوشت والا۔ رَجُلٌ مَنْهُوْسُ الْقَدَمَيْنِ: دبلے پتلے قدم کا مرد۔ الطَّعَامَ: کھانا۔

نَهَشَهُ (ف ض) نَهْشًا. اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَشَهُ الدَّهْرُ: مشقت میں ڈالنا۔

نُهِشَتْ وَ اُنْتُهِشَتْ اَعْضَاؤُنَا: لاغر ہونا۔

النَّهَاوِشُ. مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهَشَهُ سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ الْيَدَيْنِ اَوِ الْقَوَائِمِ" وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔

الْمَنْهُوْشُ. مف۔ مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔

نَهْشَلَ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا فُلَانًا: دانت سے کاٹنا الشَّيْءَ سخت بھوکے کی مانند کھانا۔

النَّهْشَلُ. بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڈھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَةٌ.

نَهَضَ (ف) نَهْضًا وَ نُهُوْضًا. کھڑا ہونا عَنْ مَكَانِهِ: اٹھنا اِلَى عَدُوِّهِ: جلدی سے حملہ کرنا النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کیلئے بازو پھیلانا (نَهْضًا) فُلَانًا: ظلم کرنا الشَّيْبُ فِي الشَّبَابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہو جانا۔ نَاهَضَ قِرْنَهُ مُنَاهَضَةً. مقابلہ کرنا۔

اَنْهَضَهُ. اٹھانا۔ کھڑا کرنے کیلئے ہلانا۔ اَنْهَضَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا الْقِرْبَةَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔

اَنْهَضَهُ بِالشَّيْءِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔

تَنَاهَضُوْا فِي الْحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِنْتَهَضَ. کھڑا ہونا فُلَانًا لِلْاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا الْقَوْمُ: مقاتلہ کے لیے کھڑا ہونا۔

اِسْتَنْهَضَهُ لِكَذَا: کسی کام کیلئے اٹھنے کو کہنا۔

النَّاهِضُ. فا۔ اُڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کر گزرنے والا "وَمَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔

نَاهِضَةُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد۔ اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِضُ. النَّوَاهِضُ بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔

النِّهَاضُ مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ النِّهَاضُ: جلدی۔

النَّهْضُ. مص مِنَ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُضٌ. النَّهْضُ: ظلم و زبردستی۔ سخت زمین۔

النَّهْضَةُ. نَهَضَ کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاضٌ. کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَةٌ اِلٰى كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيْرُ النَّهَضَاتِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔

النَّهَّاضُ. بہت اٹھنے والا۔ گا۔ مَكَانٌ نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔

نَهَفَ (ف) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔

نَهَقَ (ف ن ض) وَنَهِقَ (س) نَهْقًا وَ نَهِيْقًا وَ نُهَاقًا وَ تَنْهَاقًا الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِقٌ.

تَنَاهَقَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا رینکنا۔

النَّاهقان. کھر دار جانور کے جبڑے کی دو اُبھری ہوئی ہڈیاں اور ان کو النَّواهق بھی کہتے ہیں۔
ناهِقُ الحمار و نواهِقُهُ: گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نواهق اُن کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصّہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد ناهقة۔
النُّهق. س۔ پرندہ کی ایک قسم (والنهق) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نُهقة و نهقة۔
نَهكَهُ(ف) نَهكا و نَهاكة. غالب ہونا۔ نَهكَ الثَّوبَ: پہن کر بوسیدہ کرنا مِن الطَّعامِ و فیه: کھانے میں مبالغہ کرنا عِرْضَ فُلانٍ: آبروریزی میں مبالغہ کرنا الضَّرعَ: تھن سے دودھ نکال لینا۔ نهكت الابلُ ماءَ الحوضِ: سارا پی جانا الحُمّی فلانًا: لاغر کر دینا۔ مشقت میں مبتلا کر دینا الشَّرابُ فُلانًا: دُبلا کرنا۔
نَهِكَهُ(س) نَهكا و نَهكة. سخت سزا دینا (نَهْكًا و نهكا و نَهْكَةً و نهاكَةً) الحُمّی فُلانًا: لاغر و دبلا کرنا (نَهْكًا) فلانٌ الشَّرابَ: ختم کرنا۔
نُهِكَ نَهكًا. لاغر و دبلا ہونا۔ صفت مَنْهُوكٌ۔
نَهُكَ(ک) نَهاكَةً. دلیر ہونا۔
اَنْهَكَهُ. سخت سزا دینا۔
اِنْتَهَكَتْهُ الحُمّی: لاغر و دبلا کرنا۔ اِنْتَهَكَ فُلانٌ الحُرْمَةَ: اپنے چال چلن کو خراب کرنا الشَّیْءَ: بے عزتی کرنا فُلانًا: بے آبروئی کرنا۔
النَّاهِكُ فا۔ تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔
النَّهكُ مص۔ بحر رجز کے دو ثلث کو حذف کرنا۔ جزء اخیر کو باقی کو مَنْهُوك کہتے ہیں۔
النَّهكَةُ. نہک کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "بَدَتْ فِیهِ نَهكَةُ المَرَضِ" اس میں مرض کا اثر دبلا پن ظاہر ہوا۔
النَّهُوكُ. دلیر۔
النَّهِيكُ. تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔ دلیر۔ مضبوط اونٹ۔ تلوار قاطع۔ کہا جاتا ہے "سَیفٌ نَهِیكٌ" اچھے اخلاق والا (والنُّهَیكُ) پسو کے مانند ایک کیڑا جس کو حرقوص بھی کہتے ہیں۔
المَنْهَكَةُ. باعث پردہ دری۔ کہا جاتا ہے "هذا مَنهكَةٌ للأعراض" یہ آبروریزی کا سبب ہے۔
نَهِلَتْ(ی) نَهلا و مَنْهلا الابلُ: پہلی بار پینا۔ پیاسا ہونا۔
اَنْهَلَ الابلَ: پہلی بار پلانا القَومُ: پہلی بار پیے ہوئے اونٹوں والا ہونا اَنْهَلُوا زَرْعَهُمْ: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔ اَنْهَلَ فُلانًا: غضبناک کرنا۔
النَّاهِلُ. فا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نُهَّلٌ و نُهَّالٌ و نُهُولٌ و نَهلَةٌ و نَهلی و نِهالٌ۔
النَّاهِلَةُ. مؤنث النَّاهِلُ. چشمہ کی طرف آنے جانے والی ج نِهالٌ و نَواهِلُ۔
النَّواهِلُ: بھوکے اونٹ۔ النَّهلُ. س۔ جمع ناهِلٌ. پہلی مرتبہ پینا۔ وہ خوراک جو کھائی جائے۔
النَّهْلانُ. پینے والا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَهلی ابلٌ نَهلی: بھوکے اونٹ۔
المِنْهالُ. بہت غصہ دلانے والا۔ ریت کا بلند ٹیلہ جس سے ریت گرتی رہے۔ قبر۔ بہت فیاض۔
المَنْهَلُ. گھاٹ۔ پنگھٹ۔ راستہ پر پانی پینے کی جگہ۔ ج مَناهِلُ۔
نَهَمَ(ف ض) نَهمًا و نَهِمَةً و نَهِیمًا الابلَ: اونٹ کو تیز دوڑنے کے لیے ڈانٹنا۔
نَهَمَ(ض) نَهمًا. بہت کھانا۔
نَهَمَ(ض) نَهمًا و نَهیمًا الفِیلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا۔
نَهِمَ (س) وَنُهِمَ نَهمًا و نَهامَةً فی الأکلِ: حریص ہونا فُلانٌ فی الشَّیْءِ: مشتاق ہونا۔
ناهَمَهُ مُناهَمَةً. باہم ٹھنڈی سانس بھرنا۔
اِنْتَهَمَ. جھڑکی کھانا۔
النَّاهِمُ. فا۔ چلّانے والا۔
النَّهامُ. بتثلیث النون لوہار۔ بڑھئی۔
النُّهامُ. اُلو۔ راہب۔ ج نُهُمٌ
النُّهامِیّ. بتثلیث النون۔ لوہار۔ بڑھئی۔
النَّهامِی و النُّهامِیّ. راہب۔ آسان راستہ۔
النَّهِمُ. حریص۔
النَّهْمَةُ. مص۔ نہم کا اسم مرۃ۔ حاجت۔ کسی چیز کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "لهُ فی هذا الأمرِ نَهمةٌ" اس کو اس کی خواہش ہے وقضی منه نَهمتَهُ اس نے اپنی خواہش پوری کی۔
النَّهّامُ. اسم مبالغہ۔ شیر۔ واضح راستہ کا درمیان۔
النَّهّامَةُ. النَّهّام کا مؤنث۔ شیر۔
النَّهِیمُ. حریص۔ شیر کی دھاڑ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔
المِنْهامُ من الابلِ: ڈانٹ پر مطیع ہونے والی اونٹنی۔ ج مَناهِیمُ۔
المَنْهُومُ. مع۔ حریص۔ مشتاق و فریفتہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَنْهُومٌ بالمالِ" وہ مال کا حریص ہے سیر نہیں ہوتا۔
نَهْنَهَهُ نَهْنَهَةً عَنِ الشَّیْءِ: روکنا۔ ڈانٹنا۔
تَنَهْنَهَ. رکنا۔
النَّهْنَهُ. باریک بناوٹ کا کپڑا۔
نَهاهُ یَنْهُوهُ نَهْوًا. ایک لغت ہے نَهاهُ یَنْهاهُ نَهْیًا یائی میں۔
نَهاهُ یَنْهاهُ نَهْیًا عَنْ كذا: ڈانٹنا۔ منع کرنا۔ صفت مذکر ناهٍ. صفت مؤنث ناهیة اور جس سے منع کریں اس کو مَنْهِیٌّ عَنْهُ کہتے ہیں اور اسم النَّهْیَةُ نَهی اللّٰهُ عَنْ كذا: حرام کرنا اور کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ نَهاكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ ایسا شخص ہے جس نے تم کو دوسرے شخص کے طلب کرنے سے منع کر دیا ہے اور تم کہتے ہو "هِیَ امْرَأَةٌ نَهَتْكَ مِنْ امْرأةٍ. و هُما رَجُلانِ نَهَیاكَ مِنْ رَجُلَیْنِ وَهُمْ رِجالٌ نَهَوْكَ مِنْ رِجالٍ."

نَهِي ونُهِي اليْه الْخبرُ پہنچنا۔
نُهِيَ ينْهِي نهيً عنِ الْحاجة چھوڑ دینا۔ (کامیاب ہویاناکامیاب)
نَهُو ينْهُو نهاوةً کامل العقل ہونا۔
نهّاهُ تنْهِيَةً منع کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) نَهّى الشّيَ انتہا کو پہنچنا اليْه الْخبرَ: پہنچانا۔
انْهي انْهاءًا الشَّيَ: پہنچانا الْامْر الى الْحاكم اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "طلب حاجةً حتّى انْهي عنْها" اس نے حاجت طلب کی اور بغیر کامیابی و عدم کامیابی ترک کر دی۔ انْهي الرَّجُلُ من اللحْمِ اکتفا کرنا اور آسودہ ہونا۔
تناهي تناهِيًا عنِ الشَّيْ رُکنا الْقوْمُ عنِ الْمُنْكر بعض کا بعض کو منع کرنا الشّيَ انتہا کو پہنچنا الماءُ پانی کا تالاب میں ٹھہرنا تناهي الخبرُ: پہنچنا۔
انْتَهي انْتهاءًا. الشَّيُ انتہا کو پہنچنا عنِ الشَّيْ رُکنا الَيْكَ الْمَثَلُ او الخبر پہنچنا بفُلان الي موْضعِ كذا پہنچنا۔
اسْتنْهاهُ اسْتنْهاءًا کسی سے کہنا کہ رُک جاؤ۔ واسْتنْهيْتُ فُلانًا منْ فُلان میں نے فلاں سے کہا کہ فلاں کو مجھ سے باز رکھو۔
النَّاهي فا۔ ج نُهاة شکم سیر۔ سیر اب اور کہا جاتا ہے "ناهِيْكَ بزَيْدٍ فارِسًا" زید تمہارے لیے کافی شہسوار ہے اور یہ مقام تعجب واستعظام میں بولا جاتا ہے۔ مقصود یہ ہے کہ وہ تمہارے مطلوب کی انتہا ہے غیر کے طلب کرنے سے مانع ہے اور عرب کا قول "هذا رَجُلٌ نَاهِيْكَ مِنْ رَجُلٍ" (یہ شخص تمہارے لیے فلاں شخص سے کافی ہے) کلمہ ہے جو مقام مدح میں بطور تعجب کے بولا جاتا ہے پھر کثرت استعمال سے ہر تعجب میں بولا جانے لگا اور چونکہ یہ اسم فاعل ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ اور جمع ساری صورتوں میں مستعمل ہے۔ تم کہو گے "هذه امْرأةٌ نَاهِيَتُكَ مِنْ امْرأةٍ وعلى هذا القياس"

اور کہا جاتا ہے "فلانٌ ماله ناهيةٌ" فلاں کیلئے عقل نہیں جو اس کو قبیح سے روکے "وما تنْهَاهُ عنّا ناهيةٌ" اس کو ہم سے کوئی چیز روکنے والی نہیں۔ ج نواہ اور کہا جاتا ہے "ما ينْظُرُ فيْ اوامر اللهِ و نواهيْه" وہ اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی کی رعایت نہیں کرتا۔
النهاء چیز کا آخری مرتبہ من النهار والماء چڑھائی۔ النهاء ایک قسم کا سفید پتھر۔ ایک قسم کا خرمہرہ۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُم نهاءُ مائةٍ" وہ لوگ بقدر سو کے ہیں۔
النُهاء پانی کی چڑھائی۔ شیشہ۔ شیشہ کی صراحی۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نُهاءُ مائةٍ" وہ لوگ سو کے قریب ہیں۔
نَفْسٌ نَهاةٌ باز رہنے والا نفس۔
النِهاية انتہا۔ آخری مرتبہ۔ ج نِهايات نهاياتُ الدّار گھر کے حدود۔
النّهْي مص عنْد النّحاة کسی سے ترک فعل کو طلب کرنا اور اس کا حرف کلمہ لا ہے جس کا نام لاناهيه ہے کہا جاتا ہے "هُو رجُلٌ نهْيُكَ منْ رجُلٍ" بمعنی "ناهيك منْ رجُلٍ" اور چونکہ یہ مصدر ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ و جمع نہیں لاتے۔
النِّهْي والنَّهْي تالاب۔ جوہڑ۔ ج انْهٍ و انْهاءٌ و نُهِيٌّ و نهاءٌ.
النّهِي والنِّهِي کامل العقل۔ کہا جاتا ہے هُو نَهٍ و نِهٍ ج نَهُون و نِهُون.
النِهْي شیشہ۔
النُهي. النُهْية کی جمع۔ عقل۔ اور عقل کو نُهي اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ ہر قبیح اور منافی عقل سے مانع ہوتی ہے۔
النُهْية اسم ہے نَهي سے۔ آخری مرتبہ چیز کی انتہا۔ میخ کے سرے کا سوراخ۔ عقل۔ ج نُهي
ناقةٌ نَهِيةٌ انتہائی موٹی اونٹنی۔
النَهُوُّ منع کرنے والا۔ ضد ہے امُوْر کا بمعنی آمر۔ کہا جاتا ہے "هُو نَهُوٌّ عنِ الْمُنكرِ امُوْرٌ بالمعرُوف" وہ برائی سے روکنے والا اور بھلائی کا حکم دینے والا ہے۔
المَوْثُوْخُ مِنَ الثِّيَابِ. نرم بنا ہوا کپڑا۔

الوَثْخَةُ. پانی کی تری۔

الوَثِيْخَةُ. گاڑھا دودھ۔ چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔ تروتازہ اُلجھی ہوئی گھاس۔ کیچڑ والی زمین۔

رَجُلٌ مُوَثَّخُ الخلْقِ و مُوَثُّخُهُ. کمزور جسم کا مرد۔

وَثُرَ يَوْثُرُ و ثَارَةً الفِرَاشُ: بچھونے کا نرم و ملائم ہونا۔ صفت وَثِيْرٌ لَحْمُهُ: بہت گوشت والا ہونا الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

وَثَرَ يَثِرُ وَثْرًا و وَثَرَ الفِرَاشَ: بچھونے کو روندنا۔ نرم کرنا۔

اِسْتَوْثَرَ الفِرَاشَ: بچھونے کو نرم پانا۔ مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔

الوَاثِرُ. فا۔ ثابت قدم۔

الوَثْرُ. س چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمہ کے طور پر لپیٹا کاٹا جائے۔ صدری کے مانند ایک کپڑا۔

الوِثْرُ. ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔ نرم (والمِيْثَرَةُ) زین پر رکھنے کا گدیلا۔ ج مَوَاثِرُ و مَيَاثِرُ۔

الوَثْرُ والوَثِيْرُ. نرم و ملائم۔ الوَثِيْرُ: بمعانی وِثْرٌ۔

الوَثِيْرَةُ. وثیر کا مؤنث بہت گوشت والی۔ ج وَثَائِرُ و وِثَارٌ۔

الوِثَارُ. نرم بچھونا۔

الوَثَارَةُ والوِثَارَةُ. بچھونے کی نرمی۔

المَوَاثِرُ والمَيَاثِرُ. درندوں کی کھالیں۔ ریشم و دیبا کی بنی ہوئی۔

وَثَغَ يَثِغُ وَثْغًا رَاسَهُ: توڑنا۔ کچلنا۔

الوَثْغَةُ مِنَ المَطَرِ: تھوڑی بارش۔

الوَثِيْغَةُ. موسم بہار کی اُلجھی ہوئی گھاس۔

الوَثِيْغَةُ مِنَ المَطَرِ. تھوڑی بارش۔

وَثَفَ يَثِفُ وَثْفًا و وَثَّفَ وَاَوْثَفَ القِدْرَ: ہانڈی کے لیے پایہ بنانا۔

وَثِقَ يَثِقُ ثِقَةً و وُثُوْقًا ومَوْثِقًا بِفُلَانٍ بھروسہ کرنا۔ صفت فاعلی وَاثِقٌ اور صفت مفعولی مَوْثُوْقٌ بِهِ۔

وَثُقَ يَوْثُقُ وَثَاقَةً الشَّيْئُ: قوی و مضبوط ہونا۔ وَثُقَ الرَّجُلُ: مضبوط و استوار کرنا۔

وَثَّقَ الاَمْرَ: مضبوط کرنا الرَّجُلَ: کسی شخص کو معتبر کہنا۔

اَوْثَقَهُ اِيْثَاقًا. رسّی سے باندھنا۔

وَاثَقَهُ وِثَاقًا و مُوَاثَقَةً. معاہدہ کرنا۔

تَوَثَّقَ. مضبوط و قوی ہونا فِي الاَمْرِ: وثیقہ لینا۔

تَوَاثَقَ القَوْمُ: باہم عہد و پیمان ہونا۔

اِسْتَوْثَقَ مِنْهُ: وثیقہ لینا مِنَ الاَمْوَالِ حفاظت میں مبالغہ کرنا۔

الثقه س قابل بھروسہ۔ لفظ واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر و مؤنث دونوں کے لیے جمع لاتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَخُوْ ثِقَةٍ" یعنی فلاں بہادر ہے اور اس کی بہادری پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔

الوَثَاقُ و الوِثَاقُ. باندھنے کی چیز جیسے رسّی وغیرہ ج وُثُقٌ۔

الوَثِيْقُ. مضبوط۔ ج وِثَاقٌ۔

الوَثِيْقَةُ. وثیق کا مؤنث قابل اعتماد۔ کام کی مضبوطی۔ اَرْضٌ وَثِيْقَةٌ: بہت گھاس والی زمین ج وَثَائِقُ

الاَوْثَقُ. اسم تفضیل۔ مؤنث وُثْقَى اور اسی سے ہے "اِسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى" اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا۔ اور کہا جاتا ہے "خُذِ الاَمْرَ بِالاَوْثَقِ" معاملہ کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرو۔

المَوْثِقُ والمِيْثَاقُ. عہد۔ ج مَوَاثِقُ و

مياثق و مواثيق و مياثيق ۔
اَلْوَثَاقِيَةُ زیتون کی قسم کا ایک چھوٹا درخت جس کے پتے آمنے سامنے ہوتے ہیں پھول خوشہ کی شکل میں لٹکے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
وَثَلَ الْمَالَ مال جمع کرنا الشَّیَٔ: مضبوط و استوار کرنا۔
اَلْوَثَلُ درخت خرما کے چھال کی رسی۔ چمڑے کا میل کچیل۔
اَلْوَثِيلُ درخت خرما کی چھال۔ درخت خرما کی چھال کی رسی یا جوٹ کی رسی۔
وَثَمَ يَثِمُ وَثْمًا الشَّیَٔ: توڑنا۔ کوٹنا۔ وَثَمَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: زور سے بارش ہونا الْفَرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔
وَثَمَتْ وَثْمًا وَ وِثَامًا الْحِجَارَةُ رِجْلَهٗ: پتھروں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
وَثِمَ يَوْثَمُ وَثْمًا الْمَكَانُ: کم گھاس والی ہونا۔
وَثُمَ يَوْثُمُ وَثَامَةً: بہت گوشت والا اور گٹھا ہونا۔ صفت وَثِيْمٌ
وَاثَمَ مُوَاثَمَةً فِي الْعَدُوِّ: دشمنوں میں گھستے ہوئے چلا جانا۔
اَلْوَثِيمَةُ پتھر۔ چقماق کا پتھر۔ گھاس یا نباتات کا ڈھیر۔
اَلْوَثْمُ کمی۔
خُفٌّ مِيثَمٌ بہت پامال کرنے والا کھر۔
وَثَنَ يَثِنُ وُثُونًا عہد پر قائم رہنا۔
اَوْثَنَهٗ اِيثَانًا بہت عطیہ دینا مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔
اِسْتَوْثَنَ اِسْتِيثَانًا الشَّیُٔ: باقی رہنا۔ مضبوط ہونا الْمَالُ: مال یعنی مویشی کا موٹا ہونا مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔
اِسْتَوْثَنَتِ الْاِبِلُ اولاد کا بڑھنا۔
اَلْوَاثِنُ فا۔ ایک جگہ پر قائم رہنے والا۔ ج وُثَّنٌ۔
اَلْوَثَنُ بت۔ ج اَوْثَانٌ و وُثْنٌ و وُثُنٌ و اُثُنٌ۔
اَلْوَثَنِيُّ بت پرست۔
وُثِيَتْ تُوثَى وَثْيًا يَدُهٗ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت مَوْثِيَّةٌ
اَوْثَى اِيثَاءً الرَّجُلُ: زخمی یا شکستہ سواری والا ہونا۔
اَلْوَثْيُ موچ۔
اَلْوُثْيُ تکلیفیں۔
اَلْمِيثَاةُ موگری۔ ہتھوڑا۔
وَجَّ يَوُجُّ وَجًّا تیز چلنا۔ دوڑنا۔
اَلْوَجُّ مص تیزی۔ شتر مرغ۔ قطا۔ ہل کی لکڑی۔ ایک دوا کا نام۔
وَجَأَ يَوْجَأُ وَجْأً وَ تَوَجَّأَ فُلَانًا بِالسِّكِّيْنِ او بِيَدِهٖ: کسی کو چھری یا ہاتھ سے مارنا۔ صفت مفعولی مَوْجُوْءٌ وَوَجِيٌّ اور اسم اَلْوِجَاءُ التَّمْرَ: کھجور کو کوٹنا۔
وَجَّأَ تَوْجِيْئًا الْبِئْرَ: ختم شدہ پانی والا پانا۔
اَوْجَأَتِ الْبِئْرُ کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَوْجَأَ الرَّجُلُ: ناکام ہونا فُلَانًا عَنْهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
اِتَّجَأَ التَّمْرُ کھجور کا گودے دار ہونا۔
اَلْوَجْءُ وَالْوَجَأُ وَالْوِجَاءُ بے برکت چیز جیسے بے پانی کا کنواں۔
اَلْوَجِيئَةُ گائے۔ کھجور یا ٹڈیوں کو کوٹ کر گھی یا زیتون کے تیل میں لت پت کر کے تیار کیا ہوا کھانا۔
وَجَبَ يَجِبُ وُجُوْبًا وَجِبَةً الشَّیُٔ: ثابت ہونا۔ لازم ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَبَ الْبَيْعُ وَوَجَبَ لِيْ عَلٰى فُلَانٍ كَذَا" یعنی بیع لازم ہو گئی اور میری فلاں پر اتنی چیز ثابت ہو گئی (وَجْبَةُ الْحَائِطِ وَنَحْوِهٖ) دیوار کا زمین پر گرنا الرَّجُلُ: دن میں ایک دفعہ کھانا (وَجْبًا وَ وُجُوْبًا) الرَّجُلُ مرتے ہوئے گرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَوَجَبَ" اس نے اسے مارا پس وہ مر کر گر گیا فُلَانًا عَنْهُ: باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ وَجَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا الْعَيْنُ آنکھ کا دھنس جانا۔
وَجَبَ وَجْبًا وَجِيْبًا وَوَجَبَانًا الْقَلْبُ: دل کا تڑپنا۔ دھڑکنا۔
وَجُبَ يَوْجُبُ وُجُوْبَةً: بزدل ہونا۔
وَجَّبَ دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔ ہٗ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی بنانا اور ایسا ہی وَجَّبَ نَفْسَهٗ وَلِنَفْسِهٖ: اپنے کو ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں صرف ایک مرتبہ دوھنا الْاَمْرَ عَلَيْهِ: لازم کرنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ وَجَّبَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا تھکنا۔ وَجَّبَ اللِّبَأُ فِيْ ضَرْعِ النَّاقَةِ: پیوسی کا تھن میں جم جانا۔ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بیٹھنا۔
اَوْجَبَ اِيْجَابًا لِفُلَانٍ حَقَّهٗ: رعایت کرنا۔ کہا جاتا ہے قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِيْجَابًا لِحَقِّهٖ میں نے اس کے حق کی رعایت کی وجہ سے یہ کیا الشَّیَٔ: واجب کرنا یا سمجھنا۔ اَوْجَبَ الْبَيْعَ: لازم کرنا الرَّجُلُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔ جنت یا جہنم کے لائق کام کرنا اَللّٰهُ قَلْبَهٗ: دل کو تڑپانا۔ دھڑکانا۔
وَاجَبَهٗ وِجَابًا وَ مُوَاجَبَةً: لازم کرنا۔
تَوَجَّبَ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
تَوَاجَبُوْا باہم شرط لگانا (گویا کہ بعض نے بعض پر کچھ واجب کیا)
اِسْتَوْجَبَ اِسْتِيْجَابًا الشَّیَٔ: مستحق ہونا۔ واجب و لازم جاننا۔
اَلْوَجْبُ مص بڑی مشک۔ ج وِجَابٌ (وَالْوَجَّابُ وَالْوَجَّابَةُ) بزدل۔ قَلْبٌ وَجَّابٌ: بہت دھڑکنے والا دل۔
اَلْوَجْبُ گھوڑ دوڑ یا تیر اندازی کی شرط۔
اَلْوَجْبَةُ مص دھماکے کے ساتھ گرنا۔ یا گرنے والے کی آواز۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔ ج وَجَبَاتٌ۔
اَلْوُجُوْبُ مص ثبوت۔ ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں محقق ہونا۔
اَلْوَجِيْبَةُ وظیفہ۔ بیع کو واجب کرنا۔ پھر پہلے پہل لینا اور جب لے کر فارغ ہو چکو تو کہا جاتا ہے "قَدِ اسْتَوْفَيْتَ وَجِيْبَتَكَ".

الوَاجِب. فا۔ لازم اور جائز ممکن ممتنع کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے۔ الوَاجِبِ: مقتول
وَاجِبُ الوُجُوْدِ: جس کا وجود بذاتہ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے۔
المُوْجِب. فا۔ سبب۔ باعث۔
المُوْجَب. مفعو۔ مِنَ الکَلَامِ: جس میں نفی نہی استفہام ہو۔
المُوْجِبَة. بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو باعث جنت یا جہنم ہو۔
المَوْجِب. موت۔ ج مَوَاجِب. کہا جاتا ہے "خَرَجَ القَوْمُ اِلٰی مَوَاجِبِهِمْ" قوم اپنی موت کی جگہوں میں گئی۔
وَجَحَ الشَّیْ: ظاہر ہونا۔
اَوْجَحَ. ظاہر ہونا الحَافِرُ: کھودنے میں چٹان تک پہنچنا البَیْتَ: گھر پر پردہ لٹکانا ہ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔ اوجَحَتِ النَّارُ: آگ کا چمکنا غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا واضح ہونا۔ اَوْجَحَ البَوْلُ فُلَانًا: پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا۔
الوُجَاح. چکنا پتھر (الوُجَاح والوِجَاح) پردہ۔
الوَجَح. غار کے مانند۔
المُوْجَح. مفعو۔ جائے پناہ۔ چکنا چمڑا (والوَجِیْح) مضبوط وگف بنا ہوا کپڑا۔
المَوْجُوْح مِنَ الاَبْوَابِ: بند کیا ہوا دروازہ۔
وَجَدَ و وَجِدَ یَجِد وَجْدًا و وُجْدًا وجِدَةً ووُجُوْدًا و وِجْدَانًا واِجْدَانًا المَطْلُوْبَ: پانا۔ ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ" میں نے گم شدہ کو پالیا وَجَدَ افعال القلوب میں سے بھی ہے اس صورت میں دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ کَلَامَكَ صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُوْدٌ ہے۔
وَجَدَ یَجِد وَجْدًا و وِجْدًا و وُجْدًا.
وِجْدَةً المَالَ و نَحْوَهُ: مستغنی ہونا۔

وَجَدَ یَجُدُ ویَجِدُ وَجْدًا و جِدَةً و مَوْجِدَةً و وِجْدَانًا عَلَیْهِ. غضبناک ہونا (وَجْدًا) بِفُلَانٍ: بہت محبت کرنا لَهُ: غمگین ہونا۔
وَجِدَ یَوْجَدُ وَجْدًا. بہت محبت کرنا۔ لَهُ: غمگین ہونا۔
وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّیْ عَنْ عَدَمٍ: نیست سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْدٌ.
اَوْجَدَ اِیْجَادًا اللّٰهُ الشَّیْ: موجود کرنا فُلَانًا: غنی کرنا۔ قوی کرنا ہ مَطْلُوْبَه: کامیاب کرانا۔ فتح □ مند کرانا۔ حاصل کرانا۔ اَوْجَدَهُ عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَوْجَدَهُ اِلَیْهِ: مضطر کرنا۔
تَوَجَّدَ بِه: محبت کرنا لَهُ: غمگین ہونا السَّهَرَ و نَحْوَهُ: بے خوابی وغیرہ کی شکایت کرنا۔
تَوَاجَدَ. محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا۔
الوَجْد. س۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ج وِجَاذٌ (والوُجْد والوِجْد) محبت۔ خوشی۔ توانگری۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ وُجْدِی" یہ میری قدرت میں ہے۔
الجِدَة. س۔ توانگری۔ قدرت۔
الوِجْدَان. س۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔
الوِجْدَانی. ہر وہ چیز جس کو انسان اپنے نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں سے محسوس ہوں۔ ج وِجْدَانِیَّات.
الوَاجِد. فا۔ توانگر۔ محب اور کہا جاتا ہے اَنَا وَاجِدٌ لِلشَّیْ: میں اس پر قادر ہوں۔
الوَجَّاد. بہت غضبناک۔
الوَجِیْد. ہموار زمین۔ ج وُجْدَان.
الوُجُود. س۔ ہست۔ عدم کا خلاف۔
الوُجُوْدِیّ. عدمی کا خلاف۔
اَوْجَذَهُ اِلٰی کَذَا: مضطر کرنا عَلَیْهِ: مجبور کرنا۔
الوَجْذ. پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَاذٌ و وِجْذَانٌ.
مَکَانٌ وَجِذٌ. بہت گڑھوں والی۔ یا بہت حوض والی جگہ۔

وَجِرَ یَوْجَرُ وَجَرًا مِنْ کَذَا: خوف کرنا۔ صفت مذکر وَجِرٌ وَاَوْجَرُ. صفت مؤنث وَجِرَةٌ و وَجْرَاء.
وَجَرَهُ یَجِرُهُ وَجْرًا. منہ میں دوا ڈالنا۔
وَجَرَ فُلَانًا: ناپسندیدہ باتیں سنانا۔
اَوْجَرَهُ اِیْجَارًا. الوَجُوْرَ: منہ میں دوا ڈالنا ہ الرُّمْحَ: منہ میں نیزہ مارنا۔
تَوَجَّرَ المَاءَ: ناپسندیدگی سے پینا الدَّوَاءَ: دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔
اِتَّجَرَ. وَجُور سے علاج کرنا (اس کی اصل اَوْتَجَرَ ہے) دیکھئے وَجُور.
الوَجْر. س۔ پہاڑ میں غار کے مانند ج اَوْجَار.
الوُجْرَةُ وَالوَجْرَةُ. وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا۔ ج اَوْجَار.
الوِجَار والوَجَار: بجو وغیرہ کا بھٹ۔ وادی کا وہ حصہ جس کو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ ج اَوْجِرَةٌ ووُجُر.
الوُجُوْر والوَجُوْر. منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
المِیْجَر والمِیْجَرَة. منہ میں دوا ٹپکانے کا آلہ۔
المِیْجَار. چوگان کے مانند ایک لکڑی جس سے گیند کو مارتے ہیں۔
وَجَزَ یَجِزُ وَجْزًا الکَلَامَ: کلام مختصر کرنا۔ (ووَجُزَ یَوْجُزُ وَجْزًا و وَجَازَةً و وُجُوْزًا) الرَّجُلُ فِی مَنْطِقِهِ: مختصر گو ہونا۔
وَجُزَ یَوْجُزُ وَجَازَةً الکَلَامُ: کلام مختصر و بلیغ ہونا۔
اَوْجَزَ اِیْجَازًا الکَلَامُ: مختصر ہونا الکَلَامَ وفِی الکَلَامِ: مختصر کرنا العَطِیَّةَ: جلدی دینا۔
تَوَجَّزَ الشَّیْ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔
اِسْتَوْجَزَ اِسْتِیْجَازًا الکَلَامَ: زوائد کو حذف کر دینا۔
الوَجْز. رَجُلٌ وَجْزٌ: جلدی دینے والا یا پھرتیلا (والوَجِیْز والوَاجِز) ہلکا اور مختصر

مِنَ الْكَلَامِ: جلدی سے سمجھ میں آنے والا مختصر کلام۔
الْمِيْجَازُ: مختصر کلام بولنے کا عادی۔
وَجَسَ يَجِسُ وَجْسًا: پوشیدہ ہونا۔
وَجَسَتِ الْأُذُنُ: کان کا آہٹ محسوس کرنا (وَجْسًا و وَجَسَانًا) سنی ہوئی چیز سے گھبرانا۔
اَوْجَسَ اِيْجَاسًا الرَّجُلُ: محسوس کرنا اور دل میں چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَسَ الْقَلْبُ فَزَعًا" یعنی دل نے گھبراہٹ محسوس کی۔
اَوْجَسَتِ الْأُذُنُ: کان کا آہٹ سننا۔
تَوَجَّسَ: آہٹ پر کان لگانا الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا فَزَعًا: گھبراہٹ محسوس کرنا الصَّوْتَ: خوفزدہ ہو کر سننا۔
تَوَجَّسَتِ الْأُذُنُ: آواز سننا۔
الْوَجْسُ: مص۔ آہستہ آواز۔ دل کی گھبراہٹ۔
الْوَاجِسُ: فا۔ دل میں آنے والا خیال۔
الْاَوْجَسُ: تھوڑی خورد نوش۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ سَجِيْسَ الْاَوْجَسِ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
وَجِعَ يَوْجَعُ وَجَعًا: مریض اور دردمند ہونا۔ اس کے مضارع میں يَيْجَعُ اور يَاجَعُ واو کو ی یا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں و وَجِعَ فُلَانًا رَاسُهُ ووَجِعَ فُلَانٌ رَاسَهُ" فلاں کے سر میں درد ہے۔
اَوْجَعَهُ اِيْجَاعًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا
اَوْجَعَ فِي الْعَدُوِّ: دشمن کی بہت خونریزی کرنا۔
تَوَجَّعَ: شکایت کرنا۔ غم ظاہر کرنا لَهُ: نرم دل ہونا۔
الْوَجَعُ: مرض و تکلیف۔ ج وِجَاعٌ وَاَوْجَاعٌ۔
الْوَجِعُ: دردوالا۔ ج وَجِعُوْنَ و وَجْعَى و وَجَاعَى ووِجَاعٌ وَاَوْجَاعٌ مؤنث وَجِعَةٌ ج وَجَاعَى و وَجِعَاتٌ۔
الجِعَةُ: جو کی نبیذ۔

الْاَوْجَعُ: بہت تکلیف پہنچانے والا۔ (یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور شاذ ہے اس لیے کہ اَوْجَعَ ثلاثی مزید سے بنایا گیا ہے)
الْوَجْعَاءُ: دبر۔ ج وجعاوات۔
الْوَجِيْعُ: درد پہنچانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ وَجِيْعٌ" دردناک مار۔ جیسے کہا جاتا ہے عَذَابٌ اَلِيْمٌ
وَجَفَ يَجِفُ وَجْفًا ووَجِيْفًا ووُجُوْفًا الشَّيْئُ: مضطرب ہونا (وَجِيْفًا) الْقَلْبُ: دل کا دھڑکنا۔ صفت وَجَّافٌ و وَاجِفٌ (وَجْفًا و وَجِيْفًا) الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ صفت وَاجِفٌ۔
اَوْجَفَ الْفَرَسَ: گھوڑے کو تیز دوڑانا۔ الشَّيْئَ: حرکت دینا۔ مضطرب کرنا الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔
اِسْتَوْجَفَ الْحُبُّ فُؤَادَهُ: محبت کا دل کو شیفتہ کرنا
نَاقَةٌ مِيْجَافٌ: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
الْوَجِيْفُ: مص۔ خوف سے کرنا۔
الْوُجَاقُ والْاَوْجَاقُ: آتش دان۔ انگیٹھی: فوج کی ترتیب۔ ج وُجَاقَاتٌ (دخیل)
وَجِلَ يَوْجَلُ وَجَلًا ومَوْجَلًا: ڈرنا یا خوف محسوس کرنا۔ اور اس کا مضارع يَيْجَلُ اور يَاجَلُ واؤ کو یاء یا الف سے بدل کر اور يِيْجَلُ علامت مضارع کے کسرہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔
وَجَلَهُ يَوْجُلُهُ وَجْلًا: خوف میں بڑھ جانا۔
وَجُلَ يَوْجُلُ وَجَالَةً: بوڑھا ہونا۔
وَاجَلَهُ مُوَاجَلَةً فَوَجَلَهُ: خوف میں مقابلہ کرنا۔
اَوْجَلَهُ: ڈرانا۔
الْوَجَلُ: خوف۔ ج اَوْجَالٌ۔
الْوَجِلُ: خوف کرنے والا۔ ج وَجِلُوْنَ و وِجَالٌ۔ مؤنث وَجِلَةٌ۔
الْاَوْجَلُ: خوف کرنے والا (مؤنث کیلئے وَجْلَاءُ نہیں بلکہ وَجِلَةٌ بولا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَلُ مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ خائف ہے۔
الْوَجِيْلُ والْمَوْجِلُ: گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔ الْمَوْجِلُ: خوف کی جگہ۔
الْوُجُوْلُ: بڑھے۔
وَجَمَهُ يَجِمُهُ وَجْمًا: مکا مارنا (وَجْمًا وُجُوْمًا) شدت غیظ یا خوف سے گفتگو سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَجِمْ عَنْهُ" میں اس سے گھبرا کر خاموش نہیں ہوا۔ شدت غم کی وجہ سے ترش رو ہو کر سر جھکانا۔ صفت وَجِمٌ و وَاجِمٌ۔ وَجَمَ مِنَ الْاَمْرِ: ناپسند کر کے رک جانا الشَّيْئَ: ناپسند کرنا۔ وَجَمَ لِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: نرم دل اور غمگین ہونا۔
الْوَجْمُ: مص۔ رَجُلٌ وَجْمٌ: ناکارہ مرد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَجْمُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔
الْوَجَمُ: بخیل۔ لیئم۔ ہلکا پھلکا۔
الْوَجْمُ والْوَجَمُ: قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر یا جنگلوں میں راستہ کے نشانات ج وُجُوْمٌ واَوْجَامٌ۔ بَيْتٌ وَجْمٌ و وَجَمٌ: بڑا گھر۔
الْاَوْجَمُ: اسم تفضیل۔ اَوْجَمُ الرَّمْلِ: ریت کا بڑا قطعہ۔
الْوَجْمَةُ: ایک مرتبہ کی خوراک۔
الْوَجَمَةُ: ننگ و عار۔
الْوَجِيْمُ مِنَ الْاَيَّامِ: سخت گرم دن۔
وَجَنَ يَجِنُ وَجْنًا بِالشَّيْئِ: پھینکنا۔ الْوَتَدَ: کھونٹی ٹھونکنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹکنا الْقَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو پچھوڑنا۔
وَجَّنَ الْجِلْدَ: کھال کو نرم ہونے کیلئے کوٹنا۔
تَوَجَّنَ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔
الْوَجْنَةُ وَالْوِجْنَةُ والْوُجْنَةُ والْوَجَنَةُ والْوَجِنَةُ والْاَجْنَةُ والْاِجْنَةُ والْاُجْنَةُ رخسارہ میں ابھری ہوئی جگہ ج وَجَنَاتٌ۔
الْوَجْنُ والْوَجَنُ والْوَاجِنُ: پتھریلی سخت زمین۔
الْوَجِيْنُ: وادی کا کنارہ۔ سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ج وُجُنٌ۔

الاَوْجَن. سخت پہاڑ۔ بڑے رخساروں والا۔ مؤنث وَجْناءُ. ناقَةٌ وَجْناءُ: سخت اُونٹنی۔
المُوَجَّن. بڑے رخساروں والا۔ بہت گوشت والا موٹا۔
المِيْجَنَة. موگری۔ ج مَياجِن و مَواجِن.
المَوْجُوْن مع. شرمندہ۔
المَوْجُوْنَة. دلہن کا آراستہ کمرہ۔
وَجَهَ يَجِهُ وَجْهًا فُلانًا: منہ پر مارنا اور رد کرنا۔ لوگوں کے نزدیک وجاہت میں بڑھ جانا۔
وَجُهَ يَوْجُهُ وَجَاهَةً. وجیہ ہونا۔ صاحب وجاہت ہونا۔
وَجَّهَ اِلَى فُلانٍ: کسی کے پاس جانا۔ ہٗ اِلٰی فُلانٍ: کسی کے پاس بھیجنا ہٗ الْاَمِيْرُ: باعزت بنانا وَجَّهَ الشَّيْئَ: کسی طرف پھیر دینا۔ القَوْمُ الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا اور نشان واضح کرنا۔ لِعَبْدِهٖ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کیلئے کہنا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: ایک روش کی بارش ہونا۔ سطح زمین کو صاف کر دینا اور نشان ڈال دینا الرِّيْحُ الْحَصٰى: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا الْمَيِّتَ: میت کو قبلہ رو کرنا۔
اَوْجَهَ اِيْجَاهًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا۔ وجیہ پانا۔ رد کرنا۔
وَاجَهَهُ وِجَاهًا و مُوَاجَهَةً: رُوبرُو مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ مُوَاجَهَةً و وِجَاهًا" اس نے اس سے رُوبرُو ملاقات کی۔
تَوَجَّهَ اِلَيْهِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا الْجَيْشُ: شکست کھانا الشَّيْخُ: بڑھا ہونا۔
تَوَاجَهَ الرَّجُلَانِ او الْمَنْزِلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِتَّجَهَ اِلَيْهِ: متوجہ ہونا لَهٗ رَاْيٌ: خیال سوجھنا۔
الْوَجْه. چہرہ۔ ج اَوْجُهٌ و وُجُوْهٌ واُجُوْه.
وَجْهُ الثَّوْبِ ونَحْوِهٖ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو۔ وَجْهُ الدَّهْرِ: زمانہ کا اوّل۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى وَجْهِ الدَّهْرِ" یہ زمانے کے شروع میں تھا۔

الوَجْه. مص۔ جانب۔ قصد و نیت جس عمل وغیرہ کی طرف انسان متوجہ ہو۔ عزت و مرتبہ وَجْهُ الْكَلَامِ: مقصود کلام۔ رضامندی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ لِوَجْهِ اللّٰهِ" اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کیلئے کیا۔ "وَضَرَبَ وَجْهَ الْاَمْرِ و عَيْنَهٗ" اس نے کام کی اچھی تدبیر کی۔ "وَمَضٰى عَلٰى وَجْهِهٖ" وہ لاپرواہی سے گزر گیا اور "اِبْيَضَّ وَجْهُهٗ و بَيَّضَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ" اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی فعل محمود کرے اور اسی طرح اِسْوَدَّ وَجْهُهٗ وَسَوَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ" اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے ج وُجُوْهٌ: سردار قوم اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَجْهٌ" یعنی صاحب عزت و مرتبہ مرد۔ الوَجْه: نوع و قسم جیسے "اَلْكَلَامُ فِيْهِ عَلٰى وُجُوْهٍ عَلٰى اَرْبَعَةِ وُجُوْهٍ. وَلَيْسَ لِكَلَامِكَ وَجْهٌ" یعنی تمہارے کلام کیلئے صحت کی کوئی صورت نہیں "وَالْوَجْهُ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو "وَلِهٰذَا الْقَوْلِ وَجْهٌ" یعنی اس قول کے لیے ماخذ ہے "وَفُلَانٌ اَحْسَنُ الْقَوْمِ وَجْهًا" فلاں قوم کے لحاظ سے بہتر حال میں ہے اس لیے کہ عموماً حسن ظاہر حسن باطن پر دلالت کرتا ہے "وَصَرَفَ الشَّيْئَ عَنْ وَجْهِهٖ" اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا "وَرَجُلٌ ذُوْ وَجْهَيْنِ" جبکہ ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔
الوَجْه والوُجْه. تھوڑا پانی۔
الوِجْه والوُجْه. جانب۔ گوشہ۔
الوَجْه والوُجْه. صاحب عزت و مرتبہ۔
الجِهَة والجُهَة والجُهَة ج جِهَات و جُهَات وجُهَات والوَجْهَة والوِجْهَة. جانب۔ گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو۔ اور کہا جاتا ہے "ضَلَّ وِجْهَةَ اَمْرِهٖ" وہ اپنے مقصد سے بھٹک گیا۔
الوَجَاهَة. مص۔ مرتبہ۔ عزت۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ وَجَاهَةٌ عِنْدَ النَّاسِ" اس کی

لوگوں کے نزدیک عزت و حرمت ہے۔
التَّوْجِيْه. مص۔ فِيْ عِلْمِ الْعَرُوْضِ: روی مقید کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف۔ روی مطلق اور تاسیس کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وِجَاهُ اَلْفٍ" وہ ایک ہزار کے قریب ہیں۔ کہا جاتا ہے وَجَاهَهٗ و وِجَاهَهٗ و وُجَاهَهٗ وتِجَاهَهٗ وتُجَاهَهٗ و تِجَاهَهٗ. سامنے۔ مقابل اور کہا جاتا ہے "قَعَدُوْا تُجَاهَهٗ و وُجَاهَهٗ" وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے۔
الوَجِيْه. سردار قوم۔ آبرو والا۔ مرتبہ والا ج وُجَهَاءُ. مؤنث وَجِيْهَةٌ ج وَجِيْهَاتٌ و وَجَائِهُ الوَجِيْه مِنَ الْاَكْسِيَةِ: دو رخی چادر۔ الوَجِيْه: پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ۔
الوَجِيْهَة. وجیہ کا مؤنث ایک قسم کا دور خہ مہرہ جس میں صورت نظر آتی ہے اور بسا اوقات اس کو نظر بد سے بچنے یا حصول عزت کے لیے گردن میں لٹکاتے ہیں۔
الْاَوْجَه. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَهُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں زیادہ مرتبہ والا ہے۔ کہا جاتا ہے نَظَرُوْا اِلَيَّ بِاُوَيْجِهِ سُوْءٍ یعنی انہوں نے مجھ کو بُری نظر سے دیکھا۔ اُوَيْجِه. اَوْجُه جمع وَجْه کی تصغیر ہے۔
المُوَجَّه. مرتبہ والا مِنَ الْكِسَاءِ: دورُخی چادر۔ شَيْئٌ مُوَجَّهٌ: ایک روش پر بنی ہوئی چیز۔
المُوَاجَهَة. مص۔ کسی کا کلام یا چہرے سے استقبال کرنا۔
وَجِيَ يَجِي وَجْيًا الرَّجُلَ: ناکارہ و نکما پانا۔
وَجِيَ يَوْجِيٰ وَجًى و تَوَجّٰى الْمَاشِيْ: ننگے پاؤں ہونا یا قدم گھسنا۔ صفت وَجٍ و وَجِيٌّ. مؤنث وَجِيَةٌ و وَجْيَاءُ.
اَوْجٰى اِيْجَاءً. الرَّجُلَ: پاؤں گھسانا۔ دینا عَلَيْهِ: بخل کرنا عَنْ كَذَا: اعراض کرنا الشَّيْئَ: دور کرنا فُلَانًا: حاجت سے ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَاهُ عَنْهُ" اس نے اس کو اس سے

ہٹادیا "وَاَوْحَیْتُ عَنْکُمْ ظُلْمَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کے ظلم کو دور کر دیا۔ اَوْجٰی الرَّجُلُ: حاجت کیلئے آنااور ناکام واپس ہونااور کہا جاتا ہے "سَاَلَ حَاجَةً فَاَوْجٰی" اس نے حاجت کا سوال کیااور محروم رہا۔

الوِجَاءُ. چھوٹی بوری۔ ج اَوْجِیَةٌ.

الوَجِیُّ. نکما ناکارہ۔

وَحِجَ یَوْحَجُ وَحَجًا بِهٖ: پناہ لینا۔

اَوْحَجَهٗ. پناہ دینا۔

الوَحج. جائے پناہ۔

وَحَدَ یَحِدُ وَحْدًا و وَحْدَةً وَحِدَةً و وُحُوْدًا و وَحُدَ یَحِدُ وَحَادَةً و وُحُوْدَةً اکیلا ہونا۔ صفت وَحِیْدٌ.

وَحَّدَهٗ تَوْحِیْدًا وَاَحَّدَهٗ. ایک بنانا وَحَّدَ اللّٰهَ تَعَالٰی: ایک اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا۔ یکتا کہنا یا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔

اَوْحَدَهٗ اِیْحَادًا. اکیلا چھوڑ دینا۔ یکتا جاننا اَوْحَدَهٗ لِلْاَعْدَاءِ: چھوڑ دینا۔ اَوْحَدَتِ الشَّاةُ بکری کا ایک بچہ جننا۔ صفت مُوْحِد.

تَوَحَّدَ. تنہا باقی رہنا بِرَاْیِهٖ: اپنی رائے میں اکیلا رہنا۔ تَوَحَّدَهٗ بِالْفَضْلِ: کسی پر مہربانی کرنا اور دوسرے کی طرف سپرد نہ کرنا۔

اِتَّحَدَ الشَّیْئَانِ: ایک ہونا الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: ایک چیز کا دوسری چیز سے گھل مل جانا القَوْمُ: متفق ہونا۔

الوَحْد. مص۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ وَحْدَهٗ اَوْ جَاءَ وَحْدَهٗ" میں نے اس کو اکیلا دیکھا یا وہ اکیلا آیا۔ مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا تثنیہ جمع نہیں آتا اور یہ حالیت کی وجہ سے بتقدیر منفردا منصوب ہے اور بعضوں کے نزدیک اسم متمکن ہے کہا جاتا ہے "جَلَسَ وَحْدَهٗ وَعَلٰی وَحْدِهٖ و عَلٰی وَحْدِهِمَا و حَدَیْهِمَا و وَحْدِهِمْ" اور بعضوں کے نزدیک اس کی اضافت صرف فُلَانٌ نَسِیْجُ وَحْدِهٖ بصورت مدح اور عُیَیْرُ وَحْدِهٖ یا جُحَیْشُ وَحْدِهٖ بصورت ذم میں ہوتی ہے اور کبھی رُجَیْلُ وَحْدِهٖ بھی کہتے ہیں۔ رَجُلٌ وَحْدٌ: تنہا مرد۔ اَجِیْرُ الْوَحْدِ: اجیر خاص۔

الوُحْدَانِیُّ. اکیلا۔

الوَحْدَانِیَّةُ. اکیلا ہونے کی حالت۔

اَلْوَحْدَةُ الْفَلَکِیَّةُ: زمین کی سورج سے دوری کی مسافت جو کہ مساوی: (...۱۴۹۵ کلو میٹر) ہے۔

الحِدَة. س۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عَلٰی حِدَتِهٖ" وہ تنہا باقی رہا۔ "وَفَعَلَهٗ عَلٰی ذَاتِ حِدَتِهٖ وَمِنْ ذَاتِ حِدَتِهٖ وَمِنْ ذِیْ حِدَتِهٖ" اس نے اس کو خود بخود بغیر کسی کی مدد و رائے کے کیا۔

الوَحْدَة. س۔ تنہائی۔

الوَحَد والوَحِد. اکیلا۔ مؤنث وَحَدَةٌ و وَحِدَةٌ.

اَلْاَحَد. اکیلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَحَدٌ" اکیلا مرد۔ اس کی اصل وَحَدٌ ہے واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے "اَلْاَحَدُ" لاثانی۔ بے نظیر۔ اور لفظ احد دو موقعوں پر واحد کا مرادف ہے۔ ایک باری تعالیٰ کی صفت میں کہا جاتا ہے "هُوَ الْوَاحِدُ و هُوَ الْاَحَدُ" اور اس معنی کے لحاظ سے باری تعالیٰ کے علاوہ کسی دوسرے کی صفت واقع نہیں ہوتا۔

دوسرے اسماء عدد میں جیسے اَحَدٌ و عِشْرُوْنَ و وَاحِدٌ و عِشْرُوْنَ. اور لفظ اَحَد مذکر کیلئے آتا ہے کبھی مؤنث کیلئے بھی اطلاق ہوتا ہے جیسے "لَسْتُنَّ کَاَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ" اس وقت شَیْءٌ کے معنے میں ہے اور احد کی تانیث احدیٰ ہے۔ اور اس کا استعمال دوسرے کے ساتھ مل کر ہوتا ہے جیسے اِحْدٰی و عِشْرُوْنَ و اِحْدٰی عَشْرَةَ و اِحْدَی بَنَاتِ طَبَقٍ: مصیبت۔ سانپ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْنُ اِحْدَاهَا" وہ شریف ماں باپ والا ہے (آدمی ہو یا اونٹ) ضمیر امہات کی طرف راجع ہے۔ یَوْمُ الْاَحَدِ اتوار کا دن۔ ج آحَاد۔

الْوَاحِد. ایک مؤنث وَاحِدَةٌ. تثنیہ وَاحِدَانِ ج وَاحِدُوْنَ. لاثانی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَاحِدُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں لاثانی ہے یعنی علم و فضیلت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے ج وُحْدَانٌ و اُحْدَانٌ اور وَاحِدٌ کا استعمال اَحَدٌ کے معنی میں ہے یعنی یکتا و لاثانی ہے۔ اسماء حسنیٰ میں اسی معنی کے لحاظ سے ہے اور کبھی عدد کی صفت میں آتا ہے جیسے اَلْفٌ وَاحِدٌ وعَشَرَةٌ وَاحِدَةٌ.

الوَحِیْد. اکیلا۔

الاَوْحَد. واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے "اَللّٰهُ الْاَوْحَدُ" یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْحَدُ اَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحْدَان. "وَلَسْتُ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ بِاَوْحَدٍ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کیلئے وَحْدَاءُ کا صیغہ نہیں آتا۔

وُحَادو اُحَادو مَوْحَد. ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءُوْا وُحَادَ وَاُحَادَ و مَوْحَدَ" لوگ ایک ایک کر کے آئے اور ایسا ہی مؤنث کیلئے بھی۔ اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔

التَّوحِید. س۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔

الاِتِّحَادِ اَوِالْجِسْمِ الْمُرَکَّبُ: (کیمیا) دو یا دو سے زیادہ بسیط جسموں کے ذرات کے درمیان نسبہ تامہ کے ساتھ مضبوط ترکیب کا نتیجہ۔ جیسے پانی آکسیجن اور ہیڈروجن سے مرکب ہے۔ اور یہ مرکب جسم اپنے مرکبات سے مکمل مختلف ہوتا ہے۔

الاِتِّحَادِی: کام کرنے والوں کی تنظیم کار کن سیاسی اتحاد کا ماہر۔ الاِتِّحَادِیَّةُ: اتحاد کی صفت۔ مزدوروں کی یونین۔

المُوَحِّد. فا۔ اللہ کی وحدانیت کا معتقد۔

المُوَحَّد مِنَ الْحُرُوْفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔

المِیْحَاد. اکیلا ٹیلہ۔ ج مَوَاحِیْد.

وَحِرَ یَحِرُ و یَوْحَرُ و یَیْحَرُ و حَرًا عَلَیْهِ. سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا۔ صفت وَحِرٌ.

وَحِرَ يَوْحَرُ وَحْرًا و وَحِرَةً چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔ زہر آلود چیز کو کھانا یا پینا اور زہر کا اثر کرنا الطَّعَامُ وحرہ سے زہر آلود ہونا۔ صفت وَحِرٌ

اَوْحَرَهُ غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔ اَوْحَرَتِ الْوَحَرَةُ الطَّعَامَ زہر آلود کردینا کہ جس کے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔

الْوَحْرُ کینہ۔ سخت غضب۔ خیانت۔

الْوَحَرُ مص۔ غصہ۔ کینہ۔ سینہ کی سوزشیں۔

الْوَحَرَةُ چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے۔ پستہ قد عورت یا اُونٹ ج وَحَرٌ۔ اِمْرَأَةٌ وَحَرَةٌ سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔

وَحَشَ يَحِشُ وَحْشًا بِثَوْبِهِ اَوْ سِلَاحِهِ: کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا۔

اَوْحَشَ اِيحَاشًا الْمَكَانُ: ویران ہونا۔ الْمَكَانَ خالی پانا۔ الرَّجُلُ بھوکا ہونا۔ بے توشہ ہونا۔ الرَّجُلَ وحشت محسوس کرنا۔

تَوَحَّشَ وحشی کے مانند ہونا۔ بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا۔ کپڑے پھینکنا الْمَكَانُ ویران ہونا۔

اِسْتَوْحَشَ وحشت محسوس کرنا مِنْهُ نامانوس نہ ہونا الْمَكَانُ ویران ہونا۔

الْوَحْشُ مص۔ جنگلی جانور۔ ج وُحُوشٌ و وُحْشَانٌ واحد وَحْشِيٌّ۔ حِمَارٌ وَحْشٍ وحِمَارٌ وَحْشِيٌّ: جنگلی گدھا۔ وَبَقَرُ الْوَحْشِ: نیل گائے۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَحْشٌ" ویران و خالی جگہ "وَمَشَى فِي الْاَرْضِ وَحْشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحْشًا" اس نے بھوکے رات گزاری۔ اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "هُمْ اَوْحَاشٌ" اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔

الْوَحْشَةُ تنہائی۔ تنہائی کی وجہ سے خوف یا طبیعت کا منقبض ہونا۔ غم۔ بے تعلقی۔ دوستی۔ محبت کی دوری۔ ویران زمین۔

الْوَحْشِيُّ وَحْشٌ کا واحد۔ لوگوں سے بدکنے والا۔ ہر چیز کا دایاں پہلو مِنَ الْقَوْسِ کمان کی پشت الْوَحْشِيُّ مِنَ التِّيْنِ و نَحْوِهِ: جنگلی انجیر۔

الْوَحْشِيَّةُ. وَحْشِيٌّ کا مؤنث تیز ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے۔

الْوَحِيشُ. جنگلی جانور۔ الْجَانِبُ

الْوَحِيشُ دایاں پہلو۔

الْوَحْشَانُ غمگین۔ ج وَحَاشَى.

اَرْضٌ مَوْحُوشَةٌ. جنگلی جانوروں والی زمین۔

وَحَفَ يَحِفُ وَحْفًا الْبَعِيرُ او الرَّجُلُ: زمین پر گر پڑنا۔ بیٹھنا مِنْهُ قریب ہونا اِلَيْهِ: توجہ کرنا اِلَى كَذَا تیز چلنا۔

وَحُفَ يَوْحُفُ وَحْفًا و وَحُفَ يَوْحُفُ وَحَافَةً و وُحُوفَةً الشَّعْرُ او النَّبَاتُ: گنجان ہونا۔

وَحَفَ. تیز چلنا۔ زمین پر گر پڑنا فُلَانًا: ڈنڈے سے مارنا۔

اَوْحَفَ اِيحَافًا تیز چلنا۔ جلدی جانا۔

الْوَحْفُ مص۔ خوبصورت گنجان کالے بال۔ (والوَاحِفُ) مِنَ الْاَجْنِحَةِ: تازہ گھاس بہت پروں والا بازو۔

الْوَحْفُ مص۔ خوبصورت گنجان بال۔

الْوَحْفَةُ وحف کا اسم مرۃ۔ کالا پتھر۔ گول۔ بلند کالی زمین۔ آواز۔ ج وِحَافٌ.

الْوَحْفَاءُ مِنَ الْاَرَاضِي وہ زمین جو سنگستان نہ ہو اور اس میں کالے پتھر ہوں۔ سرخ زمین۔ ج وَحَافَى.

الْمَوْحِفُ اُونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَوَاحِفُ.

الْمِيحَافُ مِنَ النُّوقِ ہمیشہ اپنے تھان پر رہنے والی اُونٹنی۔ ج مَوَاحِيفُ.

بَعِيرٌ مُوحِفٌ دُبلا اُونٹ۔

وَحِلَ يَوْحَلُ وَحَلًا و مَوْحَلًا کیچڑ میں پڑنا۔

اَوْحَلَهُ کیچڑ میں ڈالنا ہٗ شَرًّا برائی میں پھنسا دینا۔

وَاحَلَهُ مُوَاحَلَةً کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاحَلَهُ فَوَحَلَهُ" اس نے کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

اِتَّحَلَ اِتِّحَالًا فِي يَمِينِهِ قسم کھانے میں استثناء کرنا۔

تَوَحَّلَ. کیچڑ سے لت پت ہونا (واسْتَوْحَلَ) الْمَكَانُ کیچڑ والی ہونا۔

الْوَحْلُ. بِالتَّسْكِيْنِ وحل میں ایک ردی لغت۔

الْوَحَلُ کیچڑ۔ ج اَوْحَالٌ و وُحُوْلٌ.

الْوَحِلُ کیچڑ میں لت پت۔

الْمَوْحِلُ کیچڑ کی جگہ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یہ وحل سے اسم ہے۔

وَحِمَتِ الْمَرْأَةُ تَحِمُ و تَوْحَمُ وَحَمًا و تَوَحَّمَتْ حاملہ ہونے کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا خواہش مند ہونا۔ کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم ہو جانا۔ صفت وَحْمَى ج وِحَامٌ و وَحَامَى اور (م) سے مثال ہے۔ "وَحْمَى وَلَاحَبَلَ" اس لالچی کے متعلق بولتے ہیں جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے۔

وَحِمَ الشَّيْءَ خواہش کرنا۔

وَحَمْتُ وَحْمَهُ ارادہ کرنا۔

وَحَمَ الْحُبْلَى حاملہ کو خواہش کے مطابق کھلانا لَهَا حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح کرنا یا پیش کرنا۔

الْوَحَمُ مص۔ حاملہ کی خواہش۔ پرندہ کی پھڑ پھڑاہٹ اور کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ ذَاتُ وَحَمٍ" بہت گرم رات۔

الْوِحَامُ والْوَحَامُ حاملہ کی خواہش۔

الْوَحِيمُ بہت گرم دن۔

وَحَنَ يَحِنُ و وَحِنَ يَوْحَنُ وَحَنًا و وَحْنَةً. عَنْ فُلَانٍ کینہ رکھنا۔

تَوَحَّنَ. ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔

الوَحْنَة. اسم مرۃ۔ پھسلانے والی کیچڑ۔

وَحْوَحَ. آواز گلوگرفتہ نکالنا۔ سخت سردی کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور اُح اُح یا حو حو کہنا۔

تَوَحْوَحَ. الظَّلِيمُ فَوْقَ الْبَيْضِ: شتر مرغ کا انڈوں پر شیفتگی ظاہر کرنا۔

الوَحْوَح والوَحْوَاح. قوی۔ کتا۔ آواز نکالنے والا۔ الوَحْوَح: جلد باز تیز آدمی۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ ج وَحَاوِح. الوَحْوَاح: سردار اور رئیس ج وَحَاوِيح.

وَحَى يَحِي وَحْيًا إِلَى فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ پیغامبر بھیجنا إِلَيْهِ او وَحَى إِلَيْهِ كَلَامًا: چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا اللّٰهُ فِيْ قَلْبِهِ كَذَا: دل میں ڈالنا الْكِتَابَ: لکھنا الذَّبِيْحَةَ: جلدی سے ذبح کرنا (وَحْيًا و وَحِيَ و وَحَا وَتَوَحّى) جلدی کرنا۔

اَوْحَى إِيْحَاءً إِلَى فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا اللّٰهُ إِلَيْهِ بِكَذَا: وحی بھیجنا الْكِتَابَ: لکھنا نَفْسُهُ: خوفزدہ ہونا الرَّجُلُ: محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا الْقَوْمُ: چلانا الْعَمَلَ: جلدی کرنا الدَّوَاءُ الْمَوْتَ: جلدی موت واقع کرنا۔

وَحّى تَوْحِيَةً. ذَبِيْحَتَهُ: جلدی ذبح کرنا۔

وَحَّاهُ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَحّى الدَّوَاءُ الْمَوْتَ" دوا نے فوراً موت واقع کی۔

تَوَاحَى تَوَاحِيًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔

اِسْتَوْحَاهُ. پکارنا۔ جلدی کرانا ہٗ الشَّيْءَ: دریافت کرنا۔

الوَحْي. مص۔ لکھا ہوا۔ پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کیلئے تم پیش کرو۔ پھر غالب طور پر انبیاء علیہم السلام کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو القاء ہوا اس پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہو (والوَحَاة) آواز۔

الوَحْي. مص۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ ج وُحِيٌّ اور جلدی کرانے کے لیے بولا جاتا ہے "الوَحِيَ الوَحِيَ" والوَحَاكَ الوَحَاكَ" یعنی سبقت کرو سبقت کرو۔

الوَاحِيّ. فا۔ ج وَاحُوْن ووُحَاة.

الوَحِيّ. بہت جلدی۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ وَحِيٌّ" جلدی کی موت۔ "وَذَكَاةٌ وَحِيَّةٌ" جلدی کا ذبح۔

الاَوْحَى. زیادہ تیز۔ کہا جاتا ہے "القَتْلُ بِالسَّيْفِ اَوْحَى" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔

وَخَدَ يَخِدُ وَخْدًا ووَخِيْدًا ووَخَدَانًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ و وَخُوْدٌ و وَخَّادٌ.

الوَخْد. وخد کا اسم ج وُخُوْد.

وَخَزَهُ يَخِزُهُ وَخْزًا. چبھونا هُ الشَّيْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا فُلَانٌ: شہد کا ثرید بنانا۔

الوَخْز. مص۔ ہر چیز کا تھوڑا۔ اور کہا جاتا ہے "جَاؤُا وَخْزًا وَخْزًا" چار چار آئے۔

الوَخِيْز. شہد کا ثرید۔

وَخُشَ يَوْخُشُ وُخُوْشَةً ووَخَاشَةً ووُخُوْشًا الشَّيْءُ: نکما اور ردی ہونا رَاسُ الْكَبْشِ: خشک ہونا اور سکڑنا۔

وَخَّشَ لِلشَّيْءِ: نکما و ردی کرنا الْعَطِيَّةَ: کم دینا۔

اَوْخَشَ لَهٗ بِالْعَطِيَّةِ: کم دینا فِيْ عِرْضِهِ بے عزتی کرنا الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔

الوَخْش. ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے اور کبھی وِخَاش واَوْخَاش جمع آتی ہے۔

وَخَصَ يَخِصُ وُخُوْصًا. حرکت کرنا۔

اَوْخَصَ اِيْخَاصًا فُلَانٌ لِيْ بِعَطِيَّةٍ: کم دینا۔

وَخَضَ يَخِضُ وَخْضًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ نیزہ چبھونا هُ الشَّيْبُ: بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔

الوَخِيْض. نیزہ زدہ۔

وَخَطَ يَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَخَطَهُ بِالسَّيْفِ: دُور سے تلوار سے کوچنا۔

هُ الشَّيْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

وَخَطَ فِي الْبَيْعِ: کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔

وُخِطَ. سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

الوَخَّاط. تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شتر مرغ یا اونٹ۔ طَعْنٌ او رُمْحٌ وَخَّاطٌ: پار ہونے والا نیزہ۔

المِيْخَط. پار ہونے والا۔

وَخَفَ يَخِفُ وَخْفًا السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا السَّوِيْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا الرَّجُلَ: بدگوئی کرنا۔ بُرائی سے یاد کرنا۔

وَخَّفَ و اَوْخَفَ السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّهٗ لَيُوْخِفُ فِي الطِّيْنِ" اس احمق کے لیے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔

اِتَّخَفَتْ رِجْلُهٗ: پاؤں کا پھسلنا۔

الوَخْفَة. اسم مرۃ۔ خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔

الوَخِيْفَة. ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔

المُوْخِف. بیوقوف۔

المِيْخَف. ستو گوندھنے کا برتن۔

وَخُمَ يَوْخُمُ وَخَامَةً و وُخُوْمَةً وُخُوْمًا الْمَكَانُ او الطَّعَامُ: مضر صحت یا ناقابل ہضم ہونا۔

وَخِمَهُ يَخِمُهُ و خَمًا. زیادہ بدہضمی والا ہونا۔ وَخِمَ يَوْخَمُ وَخَمًا واتَّخَمَ. مِنْ و عَنْهُ. بدہضمی ہونا۔

وَاخَمَهُ مُوَاخَمَةً فَوَخَمَهُ (ض) وَخْمًا بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔

اِتَّخَمَهُ اِتِّخَامًا الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا

کرنا (اس کی اصل اوخمہ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)
وَخَمَ الشَّئی مضر صحت بنانا۔
تَوَخَّمَ واسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ المَکَانَ کسی جگہ کی آب وہوا کو ناموافق پانا۔
الوَخْمُ والوَخِمُ مِنَ الرِّجَالِ سست ج اَوْخَام۔ شَیٌ وَخِمٌ وبازدہ۔
الوَخَم س۔ بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ ضرر کے لیے استعارہ کیا جاتا ہے۔
الوَخِیْم والوَخُوْم مِنَ الرِّجَالِ بھدا، کند، سست۔ ج وَخَامٰی و وِخَام۔ بَلَدٌ وَخِیْمٌ ناموافق شہر۔ شَیٌ وَخِیْمٌ وبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِیْمُ العَاقِبَۃِ مضر ردی۔
اَرْضٌ وَخْمَۃٌ و وَخِمَۃٌ و وَخَامٌ و وُخُوْمٌ و وَخِیْمَۃٌ و مَوْخِمَۃٌ و مَوْخَمَۃٌ و مُوْخِمَۃٌ مضر صحت گھاس والی زمین۔ وبازدہ زمین۔
التُّخَمَۃ: بدہضمی (اس کی اصل وُخَمۃ ہے) ج تُخَمَات و تُخَم کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّعَامُ مَتْخَمَۃٌ" یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مَوْخَمَۃٌ ہے)
تَوَخَّنَ خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔
الوَخْنَۃ فساد۔
وَخَی یَخِی وَخْیًا الاَمْرَ قصد کرنا۔ وَخَتِ النَّاقَۃُ اونٹنی کا متوسط چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "وَخَی وَخْیَہٗ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِی اَیْنَ وَخَی" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔
وَخّی الاَمْرَ طلب کرنا ہٗ لِلاَمْرِ متوجہ کرنا۔
وَاخَی مُوَاخَاۃً فُلَانًا بھائی بندی کرنا (آخا میں ایک ضعیف لغت ہے)
تَوَخّی تَوَخِّیًا وتَاخَی تَاخِیًا الاَمْرَ قصد کرنا، طلب کرنا۔
اِسْتَوْخَی القَوْمَ خیر طلب کرنا۔

الوَخْی س۔ ارادہ۔ قابل اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ ج وُخِیّ و وِخِیّ
الوَخْی والخِیَّۃ ارادہ۔
وَدَّہٗ یَوَدُّہٗ وُدًّا وَدًّا و وِدًّا وَوَدٌ و وَدَادًا و وُدَادًا و وِدَادًا و وَدَادَۃ ومَوَدَّۃ و مَوْدِدَۃ و مَوْدُوْدَۃً۔ خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ کَانَ کَذَا وَلَوْ اَنَّکَ فَعَلْتَ کَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا، مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)
وَادَّہٗ وِدَادًا و مُوَادَّۃً محبت ظاہر کرنا۔
تَوَدَّدَہٗ دوستی چاہنا۔ تَوَدَّدَ اِلَیْہِ دوستی کرنا۔
تَوَادَّ الرَّجُلَانِ آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔
الوَدُّ والوِدُّ والوُدُّ محبت۔ دوستی۔ تم کہتے ہو "تَوَدِّی اَنْ یَکُوْنَ کَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو۔ محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ ج اَوْدَاد و اَوُدّ و اَوِدّ کہا جاتا ہے "ھُوَ وُدُّکَ وَھُمْ اَوْدَادُکَ" اور وِدّ بتثلیث واو سے اسم جمع بمعنے محبین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ۔
الوَدُوْد بہت محبت کرنے والا۔ محبوب۔ تم کہوگے ھُوَ وَدُوْدٌ وھِیَ وَدُوْدٌ۔
الوَدِیْد محبت کرنے والا۔ ج اَوِدَّۃ و اَوِدَّاء اور وَدِیْد اسم جمع بمعنے محبین بھی ہے۔
الاَوَدُّ اسم تفضیل ج اَوَدُّوْن۔
المِوَدُّ بہت محبت کرنے والا۔
وَدَأَ یَدَأُ وَدْأً الشَّئیَ برابر کرنا بِالقَوْمِ بدسلوکی کرنا۔
وَدِیَ یَوْدَأُ وَدْءًا منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الاَخْبَارُ عَنْہُ" اس کی خبریں منقطع ہوگئیں۔
وَدَّأَ تَوْدِیْئًا و تَوْدِئَۃً عَلَیْہِ الاَرْضَ ہموار کرنا عَلَیْہِ وبِہٖ ہلاک کرنا۔ وَدَّأَتْہُ الاَرْضُ چھپالینا۔
تَوَدَّأَ تَحْلِیَۃً ہلاک کرنا۔ تَوَدَّأَتْ عَلَیْہِ الاَرْضُ اوپر گر پڑنا اور ہموار ہونا عَلَیْہِ و عَنْہُ

الاَخْبَارُ خبریں منقطع ہونا۔ تَوَدَّأَ الرَّجُلُ مرنا فُلَانٌ عَلٰی مَالِہٖ لینا اور جمع کرنا۔
الوَدَاءُ س۔ ہلاکت۔ التَّوْدِئَۃ س۔ دفن کرنا۔
المَوْدَأَۃ ہلاکت۔ بیابان۔ میت کا گڑھا۔
الوَدْب بدحالی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی وَدْبٍ" وہ بدحالی میں مبتلا ہے۔
وَدَجَ یَدِجُ وَدْجًا و وَدَجَ الدَّابَّۃَ چوپایہ کی گردن کی رگ کاٹنا۔ وَدَجَ بَیْنَ القَوْمِ معاملات درست کرنا۔ شر وفساد دور کرنا۔
وَادَجَہٗ مُوَادَجَۃً صلح کرنا۔ نرمی برتنا۔
الوَدَج ج اَوْدَاج والوِدَاج گردن کی رگ جو غصہ کے وقت پھول جاتی ہے اور بقول بعض وَدَج اس رگ کو کہتے ہیں جس کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے۔ الوَدَج وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "کَانَ فُلَانٌ وَدَجِی اِلٰی کَذَا" یعنی فلاں شخص میرے لئے فلاں چیز کیلئے وسیلہ ہے ج اَوْدَاج۔ الوَدَجَان دو بھائی۔ کہا جاتا ہے "بِئْسَ وَدَجَا حَرْبٍ ھُمَا" وہ دونوں لڑائی کے دو برے بھائی ہیں۔
اَوْدَجَ لَہٗ مطیع ہونا۔ اقرار کرنا الاِبِلُ اونٹ کا موٹا ہونا۔ اچھی حالت والا ہونا الحَوْضَ حوض کو درست کرنا۔
الوَدْحَۃ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنِّی وَدْحَۃً" اس نے مجھ کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
وَدَرَ یَدِرُ وَدْرًا بیہوشی طاری ہونے کے قریب تک مست ہونا الشَّئیَ دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
وَدَّرَہٗ بھڑکا کر ہلاکت میں ڈالنا۔ ہٗ الرَّسُوْلَ قاصد بھیجنا الشَّئیَ دور کرنا۔ علیحدہ کرنا المَالَ فضول خرچی کرنا الرَّجُلَ گمراہ کرنا۔
تَوَدَّرَ فضول خرچ ہونا ہٗ فِی الاَمْرِ پڑنا ہلاکت میں ڈالنا۔
وَدَسَ یَدِسُ وَدْسًا عَلَی الشَّئیِ پوشیدہ رہنا بِالشَّئیِ چھپانا اِلَیْہِ بِکَلَامٍ ادھوری بات کہنا الرَّجُلُ جانا۔

وَدَسَ الشَّیُٔ: پوشیدہ ہونا۔ وَدَسَتِ الْمَاشِیَۃُ ہریاول چرنا اِلَیْہِ بِکَلِمَۃٍ: کوئی بات کہنا۔
وَدَسَ و وَدَّسَ و تَوَدَّسَ الْمَکَانُ: ہریاول والا ہونا۔
اَوْدَسَتِ الْاَرْضُ: اتنا اُگنا کہ سطح زمین چھپ جائے۔
الوَدَس والوِدَاس والوَدَاس. نباتات جو سطح زمین کو چھپالے۔ الوَدَس: عیب۔
الوَدِیس. خشک نباتات۔ پتلا شہد۔
اَرْضٌ مَوْدُوْسَۃٌ. کم گھاس والی زمین۔
وَدَصَ یَدِصُ وَدْصًا اِلَیْہِ بِکَلَامٍ: ادھوری بات کہنا۔
وَدَعَ یَدَعُ وَدْعًا الشَّیَٔ: چھوڑنا مَالًا عِنْدَہٗ امانت رکھنا الشَّیُٔ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں) وَدْعًا الْمُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَدْعُوْہٗ" جبکہ کسی کیلئے دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی تکالیف سفر کو دور کرے اور اس کو آرام نصیب کرے الثَّوْبَ بِالثَّوْبِ: محفوظ کرنا (و وَدُعَ یَوْدُعُ وَدَاعَۃً) الرَّجُلُ: مطمئن ہونا۔ صفت وَدِیْعٌ و وَادِعٌ.
وَدَّعَ الْمُسَافِرُ الْقَوْمَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا الْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: رخصت کرنے کیلئے جانا فُلَانًا: چھوڑنا الصَّبِیَّ او الْکَلْبَ: گلے میں کوڑی ڈالنا الثَّوْبَ فِیْ صِوَانٍ و نَحْوِہٖ: کپڑے کو کٹھری وغیرہ میں محفوظ کرنا فَرَسَہٗ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔
وَادَعَہٗ مُوَادَعَۃً و وِدَاعًا. صلح کرنا۔ اسم الوِدَاع.
اَوْدَعَہُ الشَّیَٔ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔ ہٗ السِّرَّ: راز ظاہر کرنا اور دوسرے سے چھپانے کو کہنا۔ اَوْدَعَ کِتَابَہٗ کَذَا: خط میں لکھنا الْکَلَامَ مَعْنًی حَسَنًا: لطیف معنی کی تضمین کرنا اور کہا جاتا ہے اَوْدَعْتُہٗ مَالًا یعنی میں نے اپنے پاس امانت رکھنے کے لیے اس سے مال لیا۔

تَوَدَّعَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو رخصت کرنا الثَّوْبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا فُلَانًا: اپنی ضرورت میں مشغول کرنا۔
تَوَادَعَ الْقَوْمُ. باہم صلح کرنا۔ ایک دوسرے کو رخصت کرنا۔
اِتَّدَعَ. آرام کرنا۔ تن آسانی اختیار کرنا۔ قرار پکڑنا۔
اِسْتَوْدَعَ فُلَانًا مَالًا: کسی کو امانت رکھنے کے لیے مال دینا۔
الوَدْعُ. س۔ قبر۔ تیر اندازی کا نشانہ۔ ج وُدُوْعٌ (والوَدَعُ) کوڑی یا گھونگا۔ واحد وَدْعَۃ و وَدَعَۃٌ. ج وَدَعَاتٌ.
الاَوْدَعُ. جنگلی چوہا۔
الوَدَاعُ. رخصت۔
الوَدَاعَۃ. وَدُعَ کا مصدر۔ سکون و وقار۔
الدَعَۃ والتُدعۃ والتَداعۃ سکون۔ راحت۔ فراخی زندگانی۔
الوَدِیْعُ ج وُدَعَاءُ: چپ چاپ۔ ٹھہرنے والا ج وَدَائِعُ. عہد۔ مقبرہ۔
الوَدِیْعَۃ. وَدِیعٌ کا مؤنث امانت۔ ج وَدَائِعُ.
المُسْتَوْدَعُ. حفاظت کی جگہ۔ رحم مادر۔
المِیْدَعُ. ج مَوَادِعُ والمِیْدَعَۃ والمِیْدَاعَۃ: پرانا استعمالی کپڑا۔ کپڑے وغیرہ محفوظ کرنے کی چیز۔ کَلَامٌ مِیْدَعٌ: غم انگیز گفتگو۔ المِیْدَاعَۃ: آرام طلب مرد۔
المُوْدَعُ. مع مِنَ الْخَیْلِ: پُر سکون آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔
المَوْدُوْعُ. سکون و وقار۔
وَدَفَ یَدِفُ وَدْفًا پگھل کر بہنا الاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا لَہٗ الْعَطَاءَ: کم دینا۔
تَوَدَّفَ الْخَبَرَ. کھود کرید کرنا۔ تَوَدَّفَتِ الْاَوْعَالُ فَوْقَ الْجَبَلِ: پہاڑی بکروں کا پہاڑ کی چوٹی سے جھانکنا۔
اِسْتَوْدَفَ الشَّحْمَ: چربی ٹپکانا اللَّبَنَ: دودھ برتن میں ڈالنا فِی الاِنَاءِ: برتن کا سرا کھول کر جھانکنا الْخَبَرَ: کھود کرید کرنا مَعْرُوْفَ فُلَانٍ: مانگنا النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا۔

الوَدْفَۃ والوَدِیْفَۃ. مرغزار سبز۔
الوَدَفَۃ. چربی۔ ایک نباتات کا نام جس کو نصی بھی کہتے ہیں۔
وَدَقَ یَدِقُ وَدْقًا الْمَطَرُ: ٹپکنا (وَدْقًا و وُدُوْقًا) اِلَیْہِ: قریب ہونا بِہٖ: مانوس ہونا بَطْنُہٗ: وسیع ہونا یا پیٹ چلنا السَّمَاءُ برسانا السَّیْفُ: تلوار کا تیز ہونا۔
وَدَقَ یَدِقُ و وَدِقَ یَوْدَقُ و وَدُقَ یَوْدُقُ وَدَقًا و وَدْقًا و وُدُوقًا و وِدَاقًا و وَدَقَانًا. کہا جاتا ہے "وَدِقَتْ ذَاتُ الْحَافِرِ" یعنی سم دار مادہ جانور کا خواہش مند جفتی ہونا۔ صفت وَادِق و وَدُوْق و وَدِیْق اور اسم الوِدَاق.
وَدِقَتْ تِیْدَقُ وَدَقًا عَیْنُہٗ: آنکھ میں سرخ پھنسی ہونا۔
اَوْدَقَتِ السَّمَاءُ: برسانا۔
الوَدْق. س۔ بارش۔
الوَدْقَۃ والوَدَقَۃ. سرخ پھنسی جو آنکھ میں نکلتی ہے ج وَدْقٌ و وَدَقٌ.
الوَدِیْقَۃ. سخت گرمی۔ سبزہ زار ج وَدَائِق.
المَوْدِق: ہرن وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ جہاں سے وہ درخت کے پتوں کو کھا سکیں۔ گھسان لڑائی کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان آڑ۔
وَدَکَ یَوْدَکُ وَدَکًا. چربی دار اور موٹا ہونا۔
وَدَّکَ الثَّرِیْدَ: ثرید میں چربی ڈالنا۔
الوَادِک والوَدِک. موٹا۔
الوَدَک. گوشت اور چربی کی چکناہٹ۔ رَجُلٌ ذُوْ وَوَدِکٍ: موٹا۔ وَدَکُ الْمَیْتَۃِ: وہ چیز جو مردہ سے بہے۔
الوَدَّاک. چربی بیچنے والا۔
الدِکَۃ. چربی۔
دَجَاجَۃ وَدُوْکٌ وَوَدِیْکٌ وَوَدِیْکَۃ موٹی مرغی۔
الوَدِیْکَۃ. ودیک کا مؤنث چربی ملا ہوا آٹا۔
بَنَاتُ اَوْدَکَ. مصیبتیں۔ وَدَلَ یَدِلُ وَدْلًا السِّقَاءَ: مشکیزہ میں بلونا۔

وَدَنَ يَدِنُ وَدْنًا الشَّيَّ: چھوٹا کرنا ہ بِالْعَصَا: ڈنڈے سے مارنا الشَّيَّ: گھٹانا' حقیر کرنا۔ کوٹنا۔ صفت مفعولی مَوْدُوْنٌ (وَدْنًا ووِدَانًا) الشَّيَّ: تر کرنا۔ بھگونا الجلدَ: کھال کو نرم ہونے کے لیے مٹی کے نیچے گاڑنا۔

وَدِنَت تَوْدَنُ وَدْنًا و وَدَنَت تَدِنُ وَدْنًا الْمَرْأَةُ: کمزور جسم کے بچے جننا۔

وَدَّنَ الشَّيَّ: چھوٹا کرنا۔ تر کرنا۔ نرم کرنا۔ گھٹانا۔

اَوْدَنَ الشَّيَّ: چھوٹا کرنا۔ حقیر کرنا۔

اَوْدَنَتِ الْمَرْأَةُ: لاغر بچہ جننا۔

تَوَدَّنَ الْجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا۔

اِتَّدَنَ الْجِلْدَ: کھال بھگونا الْجِلْدُ: کھال کا بھیگنا۔

الاَوْدَن. نرم ونازک۔

الْمُوْدَن والمَوْدُوْن. لاغر بچہ۔

المَوْدُوْن چھوٹی گردن اور چھوٹے ہاتھوں والا۔ ناقص الخلقت۔ تنگ کندھوں والا۔ مؤنث مَوْدُوْنَة.

الْمُوَدَّن. چھوٹا ناقص الخلقت۔

الْوَدِيْن. بھگویا ہوا۔

وَدَهَ يَدِه وَدْهًا فُلَانًا عَنِ الْأَمْرِ: ہٹانا۔

اَوْدَهَ اِيْدَاهًا بالإبل: اونٹ کو ڈانٹنا۔ فُلَانًا عَنْ كَذَا: باز رکھنا۔

اِسْتَوْدَهَ الْخَصْمُ: مغلوب ہونا۔ مطیع ہونا۔

اِسْتَوْدَهَتِ الإبلُ: اکٹھا ہونا۔

اِسْتَيْدَهَ الرَّجُلَ: ہلکا سمجھنا الْأَمْرُ: درست ہونا۔

الْوَدْهَاءُ مِنَ النِّسَاءِ: خوبصورت سفید عورت۔

وَدَى يَدِىْ وَدْيًا وَدِيَةً الْقَاتِلُ الْقَتِيْلَ: خون بہا دینا الْأَمْرَ: قریب کرنا (وَدْيًا) الشَّيُّ: بہنا۔ اور اسی سے وادی کا اشتقاق ہے اس لیے کہ اس میں پانی بہتا ہے۔ اور وَدَى يَدِى سے امر کے صیغے یہ ہیں۔ دِ. دِيَا. دُوْا. دِىْ. دِيَا. دِيْنَ.

اَوْدَى اِيْدَاءً. ہلاک ہونا بِهِ الْمَوْتُ: ہلاک کرنا۔ واَوْدَى بالشَّيِّ: لے جانا۔

اِتَّدَى اِتِّدَاءً. دیت لینا (اس کی اصل اِوْتَدَى ہے)

اِسْتَوْدَى اِسْتِيْدَاءً بِحَقِّهِ: حق کا اقرار کرنا۔

الدِيَة. س۔ خون بہا۔ ج دِيَات (اس کی اصل وَدْيٌ ہے) تاء واو محذوفہ کے عوض میں ہے جیسے عِدَةٌ وزِنَةٌ میں۔

الوَدْى. ہلاکت۔

الوَادِى. فا۔ پہاڑوں یا ٹیلوں کے درمیان کی کشادگی جو سیلاب کے لیے گزرگاہ ہو۔ ج اَوْدِيَة واَوَادِيَةٌ واَوْدَاءٌ و اَوْدَاةٌ. طریقہ۔ مذہب۔ کہا جاتا ہے "هُمَا مِنْ وَادٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں ایک معنے یا ایک لفظ سے ہیں "وَسَالَ بِهِمُ الْوَادِى" وادی ان کو بہا لے گئی یعنی وہ ہلاک ہوگئے "وَاَنْتَ فِى وَادٍ وَنَحْنُ فِى وَادٍ" اختلاف مقاصد کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

الوَدِيُّ. کھجور کے چھوٹے پودے واحد وَدِيَّةٌ.

التَوْدِيَة. پست قد مرد۔ لکڑی جو اونٹنی کے تھنوں پر باندھی جاتی ہے۔ ج التَوَادِى.

المُوْدِى. فا۔ شیر۔

وَذَأَ يَذَأُ وَذْأً فُلَانًا: ڈانٹنا۔ حقیر سمجھنا۔ عیب لگانا۔ وَذَأَتِ الْعَيْنُ عَنِ الشَّيِّ: چندھیا جانا۔

اِتَّذَأَ. جھڑکی برداشت کرنا۔

الوَذْءُ: س۔ نامناسب و مکروہ بات۔

الوَذَأَةُ. عیب۔ علت۔

وَذَحَ يَذِحُ وَذْحًا. تیز چلنا۔

وَذِحَت تَوْذَحُ و تَيْذَحُ وَذَحًا الشَّاةُ: اون میں مینگنی لگی ہوئی والی ہونا الرَّجُلُ: مرد کی رانوں کے اندرونی حصہ میں جلا ہوا ہونا۔

الوَذَح. بھیڑ بکری کے اون میں لگی ہوئی مینگنی اور پیشاب واحد وَذَحَة ج وُذُحٌ.

الاَوْذَح. کمینہ و لئیم۔

وَذَرَهُ يَذِرُهُ وَذْرًا. کاٹنا۔ وَذَرَ الْجُرْحَ: زخم کو چیرنا الشَّيَّ: چھوڑنا۔ اس آخری معنی میں مضارع اور امر کے علاوہ کوئی دوسرا صیغہ مستعمل نہیں۔ تم کہو گے ذَرْهُ بمعنے دَعْهُ واُتْرُكْهُ ويَذَرُهُ بمعنی يَدَعُه ويترُكُهُ اور اس کے لیے ماضی مصدر اور اسم فاعل تَرَكَ والتَرْك والتَارِك بولا جائے گا (و وَذَّرَ تَوْذِيْرًا) الوَذْرَة: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔

الوَذْرَة مِنَ اللحْمِ: چھوٹا ٹکڑا ج وَذْرٌ و وَذَرٌ الوَذْرَتَان: دو ہونٹ۔

الوَذِرَة. بہت گوشت والا بازو۔ بدبودار عورت اور بقول بعض موٹے ہونٹ والی عورت۔

الوُذَارَة. درزی کے کپڑوں کا کاٹ چھانٹ۔

وَذَعَ يَذَعُ وَذْعًا الْمَاءُ: پانی بہنا۔

الوَاذِع. فا۔ چشمہ۔ سنگلاخ پر بہنے والا پانی۔

وَذَفَ يَذِفُ وَذْفًا الشَّحْمُ وَغَيْرُهُ: چربی بہنا۔ (وَذْفًا و وَذَفَانًا و وَذَّفَ و تَوَذَّفَ) اکڑتے ہوئے ناز سے چلنا۔

تَوَذَّلَ الْقَوْمُ مِنَ الْجَزَّارِ: گوشت کا □ ٹکڑا لینا۔

اِمْرَأَةٌ وَذِلَةٌ و وَذْلَةٌ. چست و چالاک اور اچھے قد والی عورت۔

الوَذَالَة. گوشت کا ٹکڑا جس کو قصائی تقسیم سے پہلے جدا کردے۔

الوَذِيْلَة. صیقل کیا ہوا چاندی کا ٹکڑا۔ آئینہ ج وَذِيْلٌ و وَذَائِل. الوَذِيْلَةُ: کوہان یا دم کے گوشت کا ٹکڑا مِنَ النِّسَاءِ: اچھے قد والی عورت۔

وَذِمَت تَوْذَمُ وَذَمًا الدَّلْوُ: ڈول کا تسمہ ٹوٹنا۔ صفت وَذِمَةٌ الوَذَمُ نَفْسُهُ: خود تسمہ ٹوٹنا۔

وَذَّمَهُ. کاٹنا۔ وَذَّمَ الْكَلْبَ: کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا عَلَى الْخَمْسِيْنَ: زیادہ ہونا الْيَمِيْنَ: واجب کرنا الدَّلْوَ. ڈول کا تسمہ بنانا

اَوْذَمَ الدَّلْوَ: ڈول میں تسمہ باندھنا یا تسمہ بنانا النَّذْرَ: نذر واجب کرنا عَلَى الْخَمْسِيْنَ: زیادہ ہونا۔

الوَذَم. س۔ زیادتی۔ مسّہ ج وُذُوم و اَوْذَام و اَوْذُم و جج اَوَاذِم. الوَذَمُ: ڈول کا تسمہ۔ واحد وَذَمَة.

اِمْرَأَةٌ وَذْمَاءُ. بانجھ عورت اور ایسا ہی فرسٌ وَذْمَاء.

الوَذْمَة. اوجھ و آنتیں۔ ج وِذَامٌ.

الوَذِیْمَة. مال جو فی سبیل اللہ دیا جائے وَذِیْمَةُ الْکَلْب: کتے کے گلے کا پٹہ ج وَذَائِم.

تَوَذَّنَه تَوَذُّنًا. پھیرنا۔ تَوَذَّنَ الشَّیُّ فُلَانًا: عمدہ معلوم ہونا۔ پسند آنا۔

وَذْوَذَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الذِّئْبُ یُوَذْوِذُ" بھیڑیا دوڑتا ہوا گزرا۔

رَجُلٌ وَذْوَاذٌ. تیز رفتار مرد۔

وَذَیٰ یَذِیْ وَذْیًا وَجْهَهُ: چہرہ پر خراش لگانا۔

الوَذَاة. رنج و سختی کا سبب۔

الوَذْیَة: اسم مرۃ۔ درد۔ مرض۔ عیب۔ تھوڑا پانی۔

الوَرَّة. زمین کا گڑھا والوَرُّ سرین۔

وَرَأَ یَرَأُ و یَوْرَأُ وَرْأً الشَّیَّ: دفع کرنامِنَ الطَّعَام: شکم سیر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَاوَرِئْتُ وَمَا اُوْرِئْتُ وَمَا وُرِئْتُ بِهٖ" میں نے اس کو نہیں جانا۔

تَوَرَّأَتْ عَلَیْهِ الْاَرْضُ: گر کر ہموار ہونا۔

الوَرَاء. پوتا۔ وَرَاءُ الْاِنْسَان: پیچھے۔ اور کبھی آگے کے معنی میں آتا ہے۔ مذکر ومؤنث ہے اور اس کی تصغیر وُرَیِّئَة و وُرَیِّءٌ ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وُرَیِّئَةُ الْحَائِطِ او وُرَیْئَه" وہ دیوار کے پیچھے ہے۔ یہ کلمہ ظرف مکان ہے۔ اور سوی کے معنے میں بھی آتا ہے جیسے مَنِ ابْتَغٰی وَرَاءَ ذٰلِكَ جو شخص اس کے سوا طلب کرے۔

وَرِبَ یَوْرَبُ وَرَبًا الْعِرْقُ: خراب ہونا۔ صفت وَرِبٌ.

وَرَّبَ عَنِ الشَّیِّ: معارضات سے توریہ کرنا۔

وَارَبَ وِرَابًا و مُوَارَبَةً الرَّجُلَ: فریب دینا۔ مکاری کرنا۔

الوَرْبُ. جنگلی جانوروں کا بھٹ۔ چوہے یا بچھو کے سوراخ کا دہانہ۔ دو پسلیوں کا درمیانی حصہ۔ عضو۔ انگوٹھا اور انگشت شہادت کا درمیانی حصہ کھولنے کی حالت میں۔ چوتڑ۔ ج اَوْرَاب.

الوِرْب. اِرْب ایک میں لغت ہے بمعنی عضو۔

الوَرْبَة. چوتڑ۔ کوکھ کا گڑھا۔

الوِرَاب. جھکاؤ۔ پیچیدگی۔

وَرِثَ یَرِثُ رِثًا و وَرْثًا وَارِثًا وَاِرْثَةً وَرِثَةً و تُرَاثًا. فُلَانًا: وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ الْمَالَ وَالْمَجْدَ عَنْ فُلَانٍ" فلاں کے مال و مجد کا وارث ہوا۔

وَرَّثَ الرَّجُلَ مالًا: میراث قرار دیناہٗ مِنْ فُلَان: وارث بنانا الرَّجُلُ فُلَانًا: اپنا وارث بنانا النَّارَ: آگ کو بھڑکنے کیلئے حرکت دینا۔

اَوْرَثَهٗ اِیْرَاثًا وارث بنانا فُلَانًا مَالًا: میراث قرار دینا ہٗ السَّقَمَ: مبتلائے بیماری کرنا ہٗ الشَّیَّ: پیچھے لانا۔ اَوْرَثَهُ الْحُزْنُ هَمًّا: باعث و سبب ہونا۔ اَوْرَثَ الْمَطَرُ النَّبَاتَ نِعْمَةً: باعث و سبب ہوناوَلَدَهٗ: تنہا وارث بنانا۔

تَوَارَثَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کا وارث ہونا۔ تَوَارَثُوا الْمَالَ او الْمَجْدَ: زمانہ قدیم سے ایک دوسرے کا وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَوَارَثُوا الْمَجْدَ کَابِرًا عَنْ کَابِرٍ" انہوں نے اپنے باپ دادا سے بزرگی پائی "وَالْمَجْدُ مُتَوَارَثٌ بَیْنَهُمْ" بزرگی ان کے درمیان میراث میں ہے "وَهُمْ فِیْ اِرْثِ مَجْدٍ" ان لوگوں کے لیے بزرگی کی میراث ہے "وَتَوَارَثَتْنِی الْحَوَادِثُ" میرے اوپر حوادث پے بہ پے واقع ہوئے۔

الوَرْث. تازہ چیز۔

الاِرْث والوِرْث والوِرَاثَة والتُّرَاث مصادر۔ میت کا ترکہ۔

الوَارِث. فا۔ ج وَرَثَة و وُرَّاث.

المِیْرَاث. میت کا ترکہ۔ ج مَوَارِیْث.

المَوْرُوْث. مع۔ ترکہ چھوڑنے والا۔ میراث۔

وَرِخَ یَوْرَخُ وَرَخًا و تَوَرَّخَ الْعَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا ڈھیلا ہونا۔

وَرَّخَ الْکِتَابَ: ایک لغت ہے اَرَّخَهٗ میں۔

اَوْرَخَ الْعَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو نرم کرنا۔

تَوَرَّخَتْ تَوَرُّخًا وَاسْتَوْرَخَتْ اِسْتِیْرَاخًا الْاَرْضُ: تر ہونا۔

التَّارِیْخ. دیکھئے مادہ ارخ۔

مَکَانٌ وَرِخٌ. گنجان گھاس والی جگہ۔

الوَرِیْخَة. نرم زمین۔ ڈھیلا گندھا ہوا آٹا ج وَرَائِخ.

وَرَدَ یَرِدُ وُرُوْدًا الْمَاءَ: پانی پر آنا۔ صفت وارد الْمَاءَ وَغَیْرَهٗ: متوجہ ہونا۔ قریب آنا۔ پہنچنا۔ اسم۔ الوِرْد الرَّجُلُ: حاضر ہونا: وَرَدَتِ الْحُمّٰی: باری سے آنا الشَّجَرَةُ پھول والا ہونا اور "وَرَدْتُ الْبَلَدَ" (میں اس شہر میں پہنچا) و وَرَدَ عَلَیَّ کِتَابٌ (میرے پاس خط آیا) مجاز ہیں۔

وُرِدَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔ وُرِدَ عَلَیْهِ بِفُلَانٍ: لایا جانا۔

وَرُدَ یَوْرُدُ وُرُوْدَةً و اِیْرَادَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا سرخ زردی مائل ہونا۔

وَرَّدَ الشَّجَرُ: درخت میں پھول نکلنا۔

وَرَّدَتِ الْمَرْاَةُ: رخسارے سرخ کرنا۔ وَرَّدَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گلابی رنگنا۔

وَارَدَ مُوَارَدَةً الرَّجُلَ: کسی کے پاس آنا۔ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: دوسرے شاعر کے شعر کے مانند بغیر سنے ہوئے شعر کہنا۔

اَوْرَدَهٗ اِیْرَادًا. گھاٹ پر لانا۔ پھر مطلقاً حاضر کرنے کے معنے میں مستعمل ہونے لگا۔ الْمَاءَ: پانی پر لانا۔ اَوْرَدَ الْکَلَامَ: تصریح کرنا۔ الشَّیَّ: ذکر کرنا۔ الْخَبَرَ: بیان کرنا۔

تَوَرَّدَ گھاٹ پر آنے کو کہنا۔ الْمَاءَ: پانی پر آنا

الخیلُ البلدۃَ: آہستہ آہستہ داخل ہونا
الخدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا۔ گلگوں ہونا۔
تَوَارَدَ القومُ اِلی المکان: یکے بعد دیگرے آنا۔ تَوَارَدُوا الماءَ: پانی پر اکٹھا پہنچنا۔ تَوَارَدَ الشاعِرانِ: بغیر سنے ہوئے لفظ اور معنی میں متفق ہونا۔
اِستَورَدَ الماءَ: پانی پر پہنچنا ہٗ: گھاٹ پر لے جانا الضَّلالۃَ: مبتلائے گمراہی ہونا فُلاَنًا الضَّلالۃَ: مبتلائے گمراہی کرنا۔
الوَرْد ج وُرْد و وِرَادٌ و اَوْرَادٌ: زعفران۔ شیر۔ بہادر۔ دلیر۔ مِنَ الخَیلِ: سرخی زردی مائل گھوڑا ج وُرُوْدٌ: درخت کی کلی۔ گلاب۔ واحد وَرْدَۃٌ۔ وَرْدٌ ذَفْرَاءُ: ایک قسم کا پھول۔
الوِرْد. بخار۔ پانی پر پہنچنا۔ وظیفہ۔ ج اَوْرَاد پیاس۔ پانی کا حصہ۔ وہ پانی جس پر لوگ پہنچیں۔ پانی پر پہنچنے والے لوگ یا اونٹ۔ لشکر۔ پرندوں کی ڈار۔
بِنتُ وَرْدَان. گبریلا۔ ج بَنَاتُ وَرْدَان.
الوُرْدَۃ. گھوڑے کا سرخ رنگ۔
الوَرْدِیُّ. گلابی رنگ والی چیز۔ مؤنث وَرْدِیَّۃٌ.
الوُرُوْد. تیز رفتار اونٹ۔
الوَرِید. گردن کی رگ۔ اور اس کو حَبلُ الورید بھی کہتے ہیں "وتین" اسی کے مترادف ہے۔ اور یہ دو ہوا کرتی ہیں۔ ج اَوْرِدَۃ و وُرُدٌ و وُرُوْدٌ. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْتَفِخُ الوَرِید" یعنی غضبناک بدخلق مرد۔
الوَرْدِیَّۃ: گلاب کے پھولوں کی ایک قسم جو کہ زیادہ تر جنگلات میں ہوتی ہے اور کچھ باغوں میں لگاتے ہیں۔
الوارِد. فا۔ ج وُرَّادٌ و وِرَادٌ و وُرُوْدٌ و وَارِدَۃٌ. الوارد. دلیر بہادر۔ راستہ۔ لمبے لٹکے ہوئے بال وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ وارِدُ الاَرْنَبَۃ" یعنی لمبی ناک والا۔ اور ہر طویل کو "وارد" کہتے ہیں۔
الوارِدَۃ. وارد کا مؤنث راستہ۔ پانی پر جانے والی قوم۔
الوَرْدِیَّات. دو قلنوں والے پودے اور مختلف چھوٹے درخت جیسے گلاب سیب زرد آلو باجرہ اور بھی۔
المَوْرِد. گھاٹ۔ پانی کی طرف کا راستہ ج مَوَارِد.
المَوْرِدَۃ. پانی کی طرف کا راستہ۔ ہلاکت۔
المُوَرَّد. مع۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مُوَرَّدَ القَذَال" وہ اس حال میں واپس ہوا کہ اس کی گدی طمانچوں سے سرخ تھی۔
وَرِسَ یَوْرَسُ وَرَسًا الصَّخْرُ: چٹان کا کائی سے سبز اور پھسلن والا ہونا۔
وَرَسَ (ض) وُرُوْسًا النبتُ: نباتات کا سبز ہونا۔
وَرَّسَ الثَّوْبَ: کپڑے کو ورس سے رنگنا۔
اَوْرَسَ الشَّجَرُ: پتوں والا ہونا المَکانُ: ورس والی ہونا۔
الوَرْس. ایک قسم کی گھاس تل کے مانند ہے جس سے رنگائی کا کام لیتے ہیں۔
الوَارِس والوَرِس. سرخ۔ وارِسُ الحُمْرَۃ: بہت سرخ۔
الوَرْسِیّ والوَرِیْس والمُوَرَّس. ورس سے رنگا ہوا۔
وَرِشَ یَرِشُ وَرْشًا. لالچ کرنا اور ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا شَیْئًا مِنَ الطَّعام: حرص سے کھانا ہٗ بِفُلان: بھڑکانا عَلَی القَوْمِ: بغیر بلائے ہوئے کھانے کے وقت پہنچ جانا۔ کہا جاتا ہے "لاَ تَرِشْ عَلَیَّ" میری گفتگو کو قطع مت کرو۔
وَرِشَ یَوْرَشُ وَرَشًا. چست و چالاک اور خوش ہونا۔ صفت وَرِشٌ. مؤنث وَرِشَۃ. ج وَرِشَات.
وَرَّشَ تَوْرِیْشًا بَیْنَ القَوْمِ: بھڑکانا۔ اکسانا۔ اور واؤ کو ھمزہ سے بدل کر اَرَّشَ تَارِیْشًا بھی کہا جاتا ہے۔
الوَرْش. س۔ ایک قسم کا کھانا جو دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔
الوَرَش. س۔ پیٹ کا درد۔
الوَرَشَان. قمری۔ مؤنث وَرَشَانَۃ ج وِرْشَان و وَرَاشِیْن.
وَرَصَت تَرِصُ وَرْصًا و وَرَّصَتْ و اَوْرَصَتِ الدَّجاجۃُ: یکبارگی انڈے دینا۔
الوَرْص. پاخانہ۔ ج اَوْرَاص.
وَرَّضَ. چراگاہ تلاش کرنا۔
وَرَّطَہٗ واَوْرَطَہٗ. ہلاکت میں ڈالنا۔ اَوْرَطَ الشَّیْءَ: چھپانا۔ وَرَّطَ اِبِلَہٗ فِی اِبِلٍ اُخْرٰی: دوسرے اونٹوں میں اپنے اونٹوں کو رلا ملا دینا۔
وَارَطَہٗ وِرَاطًا و مُوَارَطَۃً. فریب دینا۔
تَوَرَّطَتِ الماشِیَۃُ: کیچڑ کی جگہ میں پھنسنا۔ یا ایسی جگہ میں پھنسنا جہاں سے رہائی نہ ہو سکے۔
تَوَرَّطَ الرَّجُلُ: کیچڑ میں پھنسنا یا مشکل میں پھنسنا۔ ہلاک ہونا۔
اِستَوْرَطَ فِی اَمْرٍ: ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو سکے۔ ہلاک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِستَوْرَطَ فِی حِبَالَتِی" وہ میرے جال میں پھنس گیا۔
الوَرْطَۃ. کیچڑ۔ سخت کیچڑ جس میں بکری پھنس جائے اور چھوٹ نہ سکے۔ پست زمین جس میں کوئی راستہ نہ ہو۔ کنواں۔ تنگ گڑھا۔ ہلاکت۔ ہر مشکل کام جس سے رہائی دشوار ہو۔ دبر۔ ج وَرَطَات و وِرَاطٌ.
الوِرَاط. دھوکا' فریب۔
وَرِعَ یَرِعُ و یَوْرَعُ ووَرُعَ یَرِعُ ووَرَعَ یَوْرُعُ وَرَعًا و وِرْعًا و وُرُوْعًا و وُرُوْعًا. پرہیز گار ہونا۔ گناہوں سے دور رہنا۔ شبہات اور معاصی سے بچنا۔ صفت وَرِعٌ.
وَرِعَ یَرِعُ وَرَاعَۃً عَنْ کَذَا: رکنا۔ وَرِعَ یَرِعُ ووَرُعَ یَوْرُعُ وَرْعَۃً و وَرَاعَۃً و وُرْعَۃً و و رَاعًا و وُرُوْعًا ووُرْعًا ووُرُعًا. کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ حقیر ہونا۔
وَرُعَ یَوْرُعُ وَرَاعَۃً و وُرْعًا و وُرُوْعًا. معمولی مال والا ہونا۔
وَرَّعَ الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام سے روکنا

الإبلَ عَنِ المَاءِ اونٹوں کو پانی پر سے واپس لانا (وَاَوْرَعَ) فُلَانًا عَنْ کَذَا روکنا بَیْنَهُمَا روک بن جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَرَّعَ اَنْ فَعَلَ کَذَا وَ کَذَا" وہ ایسا اور ایسا کرنے سے نہیں رکا۔

وَارَعَهُ مُوَارَعَةً گفتگو کرنا۔ مشورہ کرنا۔

تَوَرَّعَ مِنْ اَوْ عَنْ کَذَا پرہیز کرنا۔

الوَرَعُ۔ مص۔ پرہیزگاری۔ رَجُلٌ وَرِعٌ: بزدل۔ کمزور۔ نکما۔ ج اَوْرَاع (وَالرِّعَةُ وَالرِّيْعَةُ) گناہ اور شبہات سے بچنا۔

الرِّعَةُ۔ حالت۔ تم کہتے ہو "فُلَانٌ حَسَنُ الرِّعَةِ اَوْسَيِّئُ الرِّعَةِ" فلاں کی حالت اچھی یا بری ہے۔

الوَرِعُ۔ پرہیزگار۔

الوَرِيْعُ۔ روکنے والا۔

وَرَفَ يَرِفُ وَرْفًا وَ وَرِيْفًا وَ وُرُوْفًا وَرِفَةَ الظِّلُّ: سایہ کا دراز و کشادہ ہونا النَّبَاتُ: نباتات کا سرسبز ہونا اور لہلہانا۔ صفت وَارِفٌ۔

وَرَّفَ الاَرْضَ: زمین کو تقسیم کرنا النَّبَاتُ النَّاضِرَ: تازہ نباتات کو چوسنا (وَاَوْرَفَ) الظِّلُّ: سایہ کا دراز و کشادہ ہونا۔

الوَرْفُ۔ مص۔ جگر کے اطراف کا پتلا حصہ۔ وَرْفُ الشَّجَرِ وَوَرَفُهُ۔ درخت کی خوشنمائی۔

الرِّفَةُ۔ مص۔ سرسبز پودہ۔

الرُّفَّةُ۔ خشک گھاس۔

وَرَقَ يَرِقُ وَرْقًا الشَّجَرُ: پتے دار ہونا۔ الشَّجَرَ۔ درخت سے پتے لینا۔

وَرَّقَ الشَّجَرُ: پتے دار ہونا الشَّجَرَ: درخت سے پتے لینا۔

اَوْرَقَ الشَّجَرُ: پتے دار ہونا الرَّجُلُ: بہت مال و دولت والا ہونا الطَّالِبُ: محروم رہنا الصَّائِدُ: شکار نہ کرنا الغَازِي: بغیر مال غنیمت کے لوٹنا۔ مال غنیمت حاصل کرنا۔

تَوَرَّقَ الظَّبْيُ: ہرن کا پتے کھانا۔

اِيْرَاقَ وَ اَوْرَاقَ يُوْرَاقُ اِيْرِيْقَاقًا العِنَبُ: انگور کا رنگ پکڑنا۔ صفت مُوْرَاقٌّ۔

الوَرْقُ وَالوِرْقُ وَالوُرْقُ وَالوَرِقُ۔ چاندی کا سکہ۔ ج اَوْرَاق وَوِرَاق۔

الوَرَقُ۔ چاندی کا سکہ۔ ج اَوْرَاق۔ وَرَقُ الشَّجَرِ درخت کا پتا۔ وَرَقُ الکِتَابِ: کتاب کا ورق۔ واحد الوَرَقَةُ ج وَرَقَات وَ اَوْرَاق۔ الوَرَقُ زمین پر پڑا ہوا خون وغیرہ کا گول ٹکڑا۔ ہر زندہ حیوان۔ مال و روپیہ پیسہ یا مویشی وَرَقُ الشَّبَابِ: جوانی کی تروتازگی۔ اور ورق جمال و خوبی اور حسن ہیئت کیلئے بطور استعارہ کے بولا جاتا ہے۔

الرِّقَةُ۔ چاندی کا سکہ ج رِقُوْن۔ نصی نامی گھاس کی ابتدائی روئیدگی جبکہ سبز ہو جائے۔ زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔

الوَرْقَةُ فِي القَوْسِ۔ کمان کا عیب۔

الوُرْقَةُ۔ مٹیالا رنگ۔

الوَرَاقُ۔ گھاس کی وجہ سے زمین کی سبز گونی۔

الوِرَاقُ۔ پتے نکلنے کا زمانہ۔

الوِرَاقَةُ۔ کاغذ سازی کا پیشہ۔

الوَرَّاقُ۔ روپے پیسے والا۔ کاغذ کا بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔

الوَارِقُ وَالوَرِقُ وَالوَرِيْقُ مِنَ الشَّجَرِ: پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شَجَرَةٌ وَارِقَةٌ وَ وَرِقَةٌ وَ وَرِيْقَةٌ: سبز اور خوبصورت بہت پتوں والا درخت۔

الاَوْرَقُ۔ خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَامٌ اَوْرَقُ: بے بارش کا سال۔ زَمَانٌ اَوْرَقُ: قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاءُ ج وُرْقٌ۔

الوَرْقَاءُ۔ اَوْرَقُ کا مؤنث مادہ بھیڑیا۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے گول چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وَرَاقٌ وَ وَرَاقِي۔ کہا جاتا ہے اَلتِّجَارَةُ مَوْرَقَةٌ لِلْمَالِ: یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔

المُوَرِّقُ۔ فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔

وَرِكَ يَرِكُ وَرْكًا۔ سرین پر سہارا لینا الرَّجُلَ: سرین پر مارنا الشَّيْءَ: سرین کے مقابل کرنا (وُرُوْكًا) الرَّاكِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا عَلَى الاَمْرِ: قادر ہونا۔

وَرِكَ يَرِكُ وَ رُوْكًا۔ سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔

وَرِكَتْ تَوْرَكُ وَرَكًا۔ الوَرِكُ: سرین کا بڑا ہونا۔

وَرَّكَ الحَبْلَ اَوِ الرَّجُلَ: سرین کے مقابل کرنا۔ عَلَى الاَمْرِ: قادر ہونا الشَّيْءَ: واجب کرنا۔ الرَّاكِبُ: دوزانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا الذَّنْبَ عَلَيْهِ: گناہ کا الزام لگا دینا اليَمِيْنَ: قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔

وَارَكَ مُوَارَكَةَ الجَبَلَ: پہاڑ سے گزر جانا۔

تَوَرَّكَ سرین پر سہارا لینا الشَّيْءَ: سرین پر بٹھانا الرَّاكِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے ٹانگ کو موڑنا عَنِ الاَمْرِ: دیر کرنا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا عَلَى الاَمْرِ: قادر ہونا۔ لِلرَّجُلِ: کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَوَرَّكَ لَهُ فَصَرَعَهُ اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔

تَوَارَكَ۔ سرین پر ٹیک لگانا۔

الوَرِكُ وَالوِرْكُ وَالوَرْكُ۔ چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاك۔ الوِرْكُ: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ المَلَّاحُ عَلَى وَرِكِ السَّفِيْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُمْ عَلَيَّ وَرِكٌ وَاحِدٌ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔

الوَرْكِي۔ خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهُ لَوَرْكِيَ الخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔

الوَارِكُ وَالوِرَاكُ ج وُرُكٌ وَالمَوْرِكُ وَالمَوْرِكَةُ مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔

الْاَوْرَكُ. بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْكَاءُ ج وُرْكٌ.

الْمُوَرَّكُ. ہے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمُوَرَّكٌ فِي هٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ میں بے گناہ ہے۔

الْمِوْرَكُ والْمِوْرَكَةُ. کجاوہ کا اگلا حصہ

الْمِوْرَكَةُ. تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔

الْوَرَلُ. گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَانٌ اَوْرَالٌ اَوْرُلٌ مؤنث وَرَلَةٌ.

وَرِمَ يَرِمُ وَرَمًا وَتَوَرَّمَ الْجِلْدُ. سوجنا۔ صفت وَارِمٌ اَنْفُ فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ النَّبْتُ: لمبا اور موٹا ہونا۔

وَرَّمَ الْجِلْدَ. سوجن پیدا کرنا اَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔

اَوْرَمَ اِيْرَامًا. غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَا اَوْرَمَهٗ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔

الْوَرَمُ. س۔ سوجن۔ ج اَوْرَامٌ.

الْاَوْرَمُ. لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَوْرِيْ اَيُّ الْاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔

الْمَوْرِمُ. ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔

الْمُوَرَّمُ. ہے۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔

وَارَنَهٗ مُوَارَنَةً. روبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔

تَوَرَّنَ. بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔

الْوَرَنْكُ. مچھلی کی ایک قسم۔

وَرِهَ يَوْرَهُ وَرَهًا. بیوقوف ہونا۔ صفت اَوْرَهُ مؤنث وَرْهَاءُ. وَرِهَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔

وَرِهَتْ تَرِهُ وَرَهًا الْمَرْأَةُ: عورت میں بہت چربی ہونا۔

تَوَرَّهَ فُلَانٌ فِي عَمَلِ هٰذَا الشَّيْءِ: ماہر نہ ہونا۔

الْوَرِهُ مِنَ السَّحَابِ: بہت بارش والا بادل۔

الْوَارِهُ. کشادہ۔ فراخ۔

وَزْ وَرَ النَّظَرَ: نظر تیز کرنا فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔

الْوَرْوَارُ. ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

الْوَرْوَرِيُّ. کمزور نگاہ والا۔

الْمُوَرْوِرُ. فا۔ گانے والا۔

وَرَى يَرِي وَرْيًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔ الْقَيْحُ جَوْفَهٗ: خراب کرنا اور گلا دینا۔

اِسْمُ الْوَرِي وَرِثَ وَرْيًا وَرِيَةً النَّارُ: آگ کا بھڑکنا الْاِبِلُ: اونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرَى وَوَرِيَ يَرِيْ وَرْيًا وَوُرِيًّا وَرِيَةً الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔ صفت وَارٍ.

وَرِيَ يَرِي وَرْيًا. الْمُخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِيَ الرَّجُلُ: پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔ صفت مَوْرُوٌّ و مَوْرِيٌّ.

وَرَّى تَوْرِيَةً الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا عَنْ كَذَا: اصل بات چھپا کا دوسری بات ظاہر کرنا الْخَبَرَ وَعَنِ الْخَبَرِ: پس پشت ڈالنا اور چھپانا عَنْ فُلَانٍ بَصَرَهٗ: نگاہ ہٹا لینا۔ وَرَّى النَّارَ: آگ نکالنا (وَاَوْرَى) الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَى مُوَارَاةً الشَّيْءَ: چھپانا۔

تَوَرَّى تَوَرِّيًا و تَوَارَى تَوَارِيًا عَنْهُ: چھپنا۔

اِسْتَوْرَى الزَّنْدَ: آگ نکالنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَيْتُهٗ رَاْيَهٗ میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الْوَرْيُ. س۔ جوف بدن کی پیپ۔ پھیپھڑوں کا زخم۔

الْوَرٰى. اسم ہے وَرْيٌ کا۔ مخلوق۔ اَبُو الْوَرٰى: زمانے کی کنیت۔

الْوَرَاءُ. وَرْيٌ کا مادہ دیکھئے۔

الزَّنْدُ الْوَارِي وَالْوَرِيُّ. آگ دینے والا چقماق۔ الْوَارِي وَالْوَرِيُّ: موٹی چربی۔ وَالْوَرِيُّ: مہمان۔ پڑوسی۔ لَحْمٌ وَرِيٌّ: موٹا گوشت۔ رِيَةُ النَّارِ وَ وَرْيَتُهَا: آگ سلگانے کیلئے چیتھڑا وغیرہ۔

الْوَزُّ. اِوَزٌّ میں ایک لغت۔ بط۔ مؤنث وَزَّةٌ. ج وَزَّاتٌ.

اَرْضٌ مَوَزَّةٌ بہت بط والی زمین۔

وَزَأَ يَوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا الْقَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔ وَزَأَهُمْ: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَّأَ تَوْزِئَةً وَتَوْزِيئًا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا الْفَرَسُ بِرَاكِبِهٖ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَوَزَّأَ الْوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا الرَّجُلُ: خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ يَزِبُ وُزُوْبًا الْمَاءُ وَ نَحْوُهٗ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

اَوْزَبَ اِيْزَابًا فِي الْاَرْضِ: جانا۔

الْوَزَّابُ. شاطر چور۔

الْمِيْزَابُ وَالْمِئْزَابُ. پرنالہ ج مَيَازِيْبُ و مَآزِيْبُ اور بقول بعض مَوَازِيْبُ.

وَزَرَ يَزِرُ وَزْرًا و وِزْرًا الشَّيْءَ: اٹھانا الرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا (وَزْرًا) الرَّجُلَ: غالب ہونا الثُّلْمَةَ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ يَزِرُ و وَزِرَ يَوْزَرُ و وُزِرَ وَزْرًا و وِزْرًا وِزْرَةً: گنہگار ہونا۔ وُزِرَ فُلَانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وَزَرَ يَزِرُ وَزَارَةً لِلْمَلِكِ: وزیر بننا۔

اَوْزَرَ اِيْزَارًا الشَّيْءَ: محفوظ کرنا۔ چھپانا۔ لے جانا الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَهٗ مُوَازَرَةً: وزیر بننا هٗ عَلَى الْاَمْرِ: دینا۔ تقویت دینا (یہ آزر کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لفظِ وزیر بننا۔

اِتَّزَرَ چھوٹا سا کمبل اوڑھنا بِثَوْبٍ چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔ گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَہٗ وزیر بنانا۔ اِسْتَوْزَرَ الشَّیْئَ لے جانا۔

الوِزْرُ گناہ۔ گرانی۔ بھاری بوجھ۔ کپڑوں کی گٹھری۔ ج اَوْزَار ۔اَوْزَارُ الْحَرْبِ: سامانِ جنگ۔ کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الْحَرْبُ اَوْزَارَھَا" یعنی جنگ ختم ہوگئی اسلئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَرُ جائے پناہ۔ بلند پہاڑ۔

الوِزْرَۃُ چھوٹا کمبل ج وِزْرَات وِزِرَات و وِزَرَات۔

الوِزَارَۃ والوَزَارَۃُ وزیر کا مرتبہ۔

الوَزِیْرُ امورِ سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔ مددگار۔ ج وُزَرَاء واَوْزَار۔

المَوْزُوْرُ گنہگار۔ گناہ سے متہم۔

وَزَعَ یَزَعُ و یَزِعُ وَزْعًا فُلَانًا و بِفُلَانٍ: روکنا۔ منع کرنا۔ وَزَعَ الْجَیْشَ ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُہٗ یَزَعُ الْجَیْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (وُزُوْعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ بھڑکانا۔

وَزَّعَ الْمَالَ بَیْنَھُمْ پراگندہ کرنا الْمَالَ عَلَیْھِمْ: تقسیم کرنا۔

اَوْزَعَ الْمَالَ: تقسیم کرنا ہٗ: بکذا بھڑکانا اَوْزَعَ بَیْنَھُمَا: تفریق کرنا۔ اصلاح کرنا ہٗ الشَّیْئَ الہام کرنا۔ واُوْزِعَ الشَّیْئَ الہام کیا جانا۔ واُوْزِعَ بِہٖ بھڑکایا جانا۔ صفت مُوْزَعٌ۔

تَوَزَّعَ پراگندہ ہونا اَلْقَوْمُ الْمَالَ آپس میں تقسیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْہُ الْاَفْکَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔ وتَوَزَّعُوْا ضُیُوْفَھُمْ انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کر لیا۔

اِتَّزَعَ باز رہنا۔ رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللّٰہَ شُکْرَہٗ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوَازِعُ فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعَۃ و وُزَّاعٌ۔

الوَزَعَۃُ وازِعٌ کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔

الاَوْزَاعُ جماعتیں (اس کا واحد نہیں)

المُتَّزِعُ فا۔ سخت جان۔

وَزَغَ یَزِغُ وَزْغًا واَوْزَغَ بِبَوْلِہٖ: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا۔ اور اسی سے ہے اَوْزَغَتِ الطَّعْنَۃُ بِالدَّمِ نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔

وُزِّغَ الْجَنِیْنُ صورت بن کر حرکت کرنا۔

الوَزَغُ کپکپی۔ بزدل مرد۔

الوَزَغَۃُ چھپکلی۔ ج وَزَغٌ و وِزَاغٌ و اَوْزَاغٌ و وِزْغَانٌ و اِزْغَانٌ ۔الاَوْزَاغُ: کمزور لوگ۔

وَزَفَ یَزِفُ وَزْفًا و وَزِیْفًا و وَزَّفَ تَوْزِیْفًا و اَوْزَفَ اِیْزَافًا جلدی کرنا (وَزْفًا) فُلَانًا جلدی کرانا۔

وَازَفَ مُوَازَفَۃً و تَوَازَفَ تَوَازُفًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

اَلْوَزَّالُ ایک خاردار درخت جس کے پتے نہیں ہوتے زرد رنگ کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں۔

وَزَمَ یَزِمُ وَزْمًا فُلَانًا بِفِیْہِ منہ سے آہستہ سے کاٹنا الشَّیْئَ سوراخ کرنا الدَّیْنَ قرض ادا کرنا (و وَزَّمَ) نَفْسَہٗ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

وُزِمَ وَزْمَۃً فِیْ مَالِہٖ کچھ جاتا رہنا۔

تَوَزَّمَ بہت روندنے والا ہونا۔

الوَزْمُ مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا۔ معاملہ (والوَزِیْمُ والوَزِیْمَۃُ) ہڈی کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الوَزِیْمُ گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا چوہا۔ رَجُلٌ وَ زِیْمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔

الوَزْمَۃُ مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوُزَامُ جلدی۔

الوَزَّامُ بہت گوشت اور عضلہ والا۔

اَلْوَزِیْمُ عِنْدَ اَرْبَابِ عِلْمِ النَّبَاتَاتِ مؤنث نباتات کا عضو تانیث۔

اَلْوَزِیْمِیَّۃُ امریکہ میں ایک لمبے تنے والے درخت زیب وزینت۔

وَزَنَ یَزِنُ وَزْنًا وَزِنَۃً الشَّیْئَ: تولنا لَہٗ الدَّرَاھِمَ وَغَیْرَھَا تول کر دینا الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا یَزِنُ رَطْلًا" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔

وَزُنَ یَوْزُنُ وَزَانَۃً الشَّیْئُ بوجھل ہونا۔ صفت وَازِنٌ الرَّجُلُ: عقلمند و سنجیدہ رائے ہونا۔

وَزَّنَ واَوْزَنَ نَفْسَہٗ عَلٰی کَذَا دل لگانا۔

وَازَنَہٗ وِزَانًا و مُوَازَنَۃً مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔

تَوَازَنَ الشَّیْئَانِ باہم برابر ہونا۔

اِتَّزَنَ تلنا الدَّرَاھِمَ پرکھنا العِدْلُ گٹھری کا دوسرے کے برابر ہونا الشَّیْئَ وزن سے لینا۔

الوَزْنُ مص۔ مثقال۔ ج اَوْزَانٌ کہا جاتا ہے "ھٰذَا دِرْھَمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے "وَھٰذَا رَجُلٌ رَاجِحُ الْوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ وِزَانُ الشَّیْئِ او وَزْنَ الشَّیْئِ او زِنَۃَ الشَّیْئِ او بِوِزَانِہٖ او بِوِزَانَتِہٖ" وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَھُوَ وَزْنَ الْجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔

الوَزْنَۃُ وزن کا اسم مرۃ پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَکْلُہٗ فِی الْیَوْمِ اِلَّا وَزْنَۃً وَاحِدَۃً" ان میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔

الوِزْنَۃُ وزن کا اسم نوع۔

الوَازِنُ فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْھَمٌ وَازِنٌ" درہم کامل۔

الْاَوْزَن۔اسم تفضیل۔کہا جاتا ہے "هٰذَا الْقَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ الْقَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔
الوَزِين۔اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَزِيْنُ الرَّاىِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔
المَوْزُوْنَة.پست قد عقلمند عورت۔
المِيْزَان۔ترازو۔ج مَوَازِيْن .المِيْزَان۔مقدار۔انصاف۔کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ مِيْزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہو گیا۔
وَزْوَزَ وَزْوَزَةً۔جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔
الوَزْوَاز۔جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا (والوُزَاوِزَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ایک پرندہ۔
اَلْمُوزْوِز۔فا۔گانے والا۔
وَزَى يَزِىْ وَزْيًا الشَّئُ:جمع ہونا۔سکڑنا۔
الْاَمْرُ فُلَانًا:غصہ دلانا۔
وَازَاهُ مَوَازَاةً۔مقابل ہونا۔
اَوْزَى اِيْزَاءً .ظَهْرَهٗ اِلَى الْحَائِطِ:ٹیک لگانا لِدَارِهٖ:دیواروں کو مٹی سے لیپنا الشَّئَ: اٹھانا اور ٹیک لگانا اِلٰى فُلَانٍ:پناہ لینا۔ اَوْزَيْتُهٗ اِلَيْهِ:پناہ لینے پر مجبور کرنا۔
تَوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَان:ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِسْتَوْزَى اِسْتِيْزَاءً فِى الْجَبَلِ:پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَزَى.پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔
المُسْتَوْزِى۔فا۔خود رائے۔سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔
وَسَبَ يَسِبُ وَسْبًا و اَوْسَبَ اِيْسَابًا الْمَكَانُ:بہت گھاس والی ہونا۔ اَوْسَبَ الْكَبْشُ:بہت اون والا ہونا۔
وَسِبَ يَوْسَبُ وَسَبًا الثَّوْبُ:کپڑا میلا ہونا۔

الوِسْب۔گھاس۔
الوَسَب۔مص۔میل۔
المِيْسَاب۔ادھ کچری کھجور۔
وَسَجَت تَسِجُ وَسْجًا و وَسِيْجًا و وَسَجَانًا الْاِبلُ:تیز چلنا۔صفت وَاسِجَةٌ.
اَوْسَجَ البَعِيْرُ:تیز چلانا۔
الوَسَّاج والوَسُوْج من الابل:تیز رفتار ج وُسُجٌ۔اور کہا جاتا ہے "ابل وَسُوْجٌ" تیز رفتار اُونٹ۔
الوَسْج والوَسَجَان والوَسِيْج۔اُونٹ کی تیز چال۔
وَسِخَ يَوْسَخُ و يَاسَخُ و يَيْسَخُ وَسَخًا الشَّئُ میلا ہونا۔صفت وَسِخ
وَسَّخَ واَوْسَخَ الشَّئَ:میلا کرنا۔
تَوَسَّخَ واتَّسَخَ واسْتَوْسَخَ۔میلا ہونا۔
الوَسَخ۔میل کچیل۔ج اَوْسَاخ.
وَسَّدَه الوِسَادَةَ:کسی کو تکیہ دینا .وَسَّدَ اِلَيْهِ الْاَمْرَ:کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔
اَوْسَدَ فِى السَّيْرِ : تیز چلنا الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ:کتے کو شکار پر اکسانا۔
تَوَسَّدَ الْوِسَادَةَ:سر کے نیچے تکیہ رکھنا ذِرَاعَهٗ:ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔
الوَسَاد والوِسَاد والوُسَاد تکیہ ج وُسُد۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِيْضُ الوِسَادِ" یعنی غبی۔اور "اِنَّ وِسَادَكَ لَعَرِيْض" کنایہ ہے کثرت نوم سے۔
الوَسَادَة والوِسَادَة والوُسَادَة تکیہ ج وَسَادَات ووِسَادَات ووُسَادَات ووَسَائِد.
وَسَطَ يَسِط وَسْطًا وَسِطَةً المَكَانَ اَوِ الْقَوْمَ : بیچ میں بیٹھنا۔صفت وَاسِط (وَسَاطَةً) الْقَوْمَ و فِيْهِمْ:قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔
وَسُطَ يَوْسُطُ وَسَاطَةً۔شریف ہونا۔صاحب حسب ہونا۔
وَسَطَ يَسِطُ وَسَاطَةً وسِطَةً و وَسَّطَ فِىْ حَسَبِهٖ:شریف وصاحب حسب ہونا۔

وَسَّطَهٗ.ثالث بنانا۔بیچ میں کرنا۔ وَسَّطَ الشَّئَ:دو ٹکڑے کرنا۔
اَوْسَطَ اِيْسَاطًا الْقَوْمَ:بیچ میں داخل ہونا۔
تَوَسَّطَ الْقَوْمُ او المَكَانَ:بیچ میں بیٹھنا بَيْنَهُمْ:ثالث و مصلح بننا الرَّجُلُ:درمیانی چیز لینا۔
الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لیے) معتدل۔مثلاً کہا جاتا ہے "شَئٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج اَوْسَاطٌ وَسَطُ الشَّئَ:دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسَطُ الْحَبْلِ و وَسَطُ الدَّارِ .رَجُلٌ وَسَطٌ:صاحب حسب مرد۔اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِىْ وَسَطِ الْقَوْمِ و فِىْ وَسْطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے۔اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض بین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطِ الْقَوْمِ" اور "وَسْطَ الْحَبْلِ"
الوَاسِط۔فا۔دروازہ۔پالان کا اگلا حصہ۔
الوَاسِطَة. واسط کا مؤنث۔پالان کا اگلا حصہ۔ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ذریعہ۔سبب۔کہا جاتا ہے "كَانَ بِوَاسِطَة كَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ثالث۔اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِىْ وَاسِطَةِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔
الوَسَاطَة.مص۔ثالثی۔
الوَسِيْط۔دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسُطَاءَ مؤنث وَسِيْطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِيْطٌ فِيْهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔
الْاَوْسَط۔متوسط۔معتدل ج اَوَاسِط اَوْسَطُ الشَّئَ : دونوں اطراف کا درمیان۔ الْعِلْمُ الْاَوْسَط:علم ریاضی۔اور اس کو حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔
الوُسْطٰى .اَوْسَط کا مؤنث ج وُسْط مِنَ الْاَصَابِعِ:بیچ کی انگلی۔
الوَسُوْط۔درمیانی۔بالوں کا خیمہ یا چھوٹا

خیمہ۔
وُسُوْطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔
مُوْسَطُ الْبَیْتِ: گھر کا درمیانی حصہ۔
الْمُتَوَسِّط ۔فا۔ اَلْبَحْرُ الْمُتَوَسِّطُ: وہ سمندر جو یورپ' ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔
وَسِعَ یَسَعُ ویَسِعُ سَعَۃً وسِعَۃً المَکانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الاِناءُ یَسَعُ عِشْرِیْنَ کَیْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے"۔ ووَسِعَتْ رَحْمَۃُ اللّٰہِ کُلَّ شَیْئٍ وَلِکُلِّ شَیْئٍ وَعَلٰی کُلِّ شَیْئٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے "وَمَا اَسَعُ ھٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا یَسَعُکَ اَنْ تَفْعَلَ ھٰذَا" تمہارے لیے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسِعَ الْقَوْمَ فَضْلُہٗ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسِعَ الْمَالُ الدَّیْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لیے کافی ہے۔
وَسَعَ یُوْسِعُ وَسْعًا اللّٰہُ عَلَیْہِمْ رِزْقَہٗ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَسَعَ عَلَیْہِ" جبکہ غنی کردے۔
وَسُعَ یَوْسُعُ سَعَۃً و وَسَاعَۃً المَکانُ کشادہ ہونا الفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔ اَوْسَعَ مالدار ہونا المَوْضِعَ: کشادہ پانا النَّفَقَۃَ: بہت خرچ کرنا (وَسَّعَ) کشادہ کرنا اللّٰہُ عَلَیْہِ: مالدار بنانا۔ واَوْسَعَہُ الشَّیْئَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔
تَوَسَّعَ کشادہ ہونا الْقَوْمُ فِی المَکَانِ کشادگی کرنا الرَّجُلُ فِی النَّفَقَۃِ: زیادہ خرچ کرنا۔
اِتَّسَعَ ۔کشادہ ہونا الرَّجُلُ: صاحب وسعت و مالدار ہونا النَّھَارُ: طویل ودراز ہونا۔
اِسْتَوْسَعَ ۔کشادہ ہونا الشَّیْئَ: کشادہ پانا یا طلب کرنا۔
الوَاسِع ۔فا۔ کشادہ فِی الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنی میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔
الوَسْع والوِسْع الوُسْع ۔طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِی وُسْعِہِ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔
السَّعَۃ والوُسْعَۃ والتَّوْسِعَۃ : گنجائش السَّعَۃ: تونگری۔ غنی۔ طاقت۔ قدرت۔
الوَسِیْع ۔کشادہ من الْخَیْلِ: کشادہ قدم گھوڑا۔
الوَسَاعُ من الْخَیْلِ: عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔
وَسَّفَ تَوْسِیْفًا الشَّیْئَ: چھیلنا۔
تَوَسَّفَ الشَّیْئُ: چھلنا البَعِیْرُ: موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا اَوْبَارُ الْاِبِلِ اونٹ کے اون کا جھڑ جانا۔
وَسَقَ یَسِقُ وَسْقًا الشَّیْئَ: جمع کر کے اٹھانا البَعِیْرَ: اونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا ۔اَوْسَقَتِ النَّاقَۃُ وَغَیْرُھَا: اونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِق ج وَاسِقَات ووِسَاق اور مَوَاسِق و مَوَاسِیْق خلاف قیاس جمع ہیں ۔وَسَقَتِ الْعَیْنُ الْمَاءَ: آنکھ میں پانی ہونا ۔کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُ ذٰلِكَ مَا وَسَقَتْ عَیْنِی الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَۃُ: پھل دار ہونا (و سِیْقًا) البَعِیْرَ: ہانکنا۔
وَسَّقَ الحِنطۃَ: ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔
اَوْسَقَ اِیْسَاقًا الدَّابَّۃَ: لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّخْلَۃُ: بہت پھل دار ہونا۔
وَاسَقَہٗ مُوَاسَقَۃً ۔برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِتَّسَقَ الاَمْرُ: مرتب ہونا الاِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا القَمَرُ: چاند کا پورا ہونا۔
اِسْتَوْسَقَ اسْتِیْسَاقًا ۔اکٹھا ہونا ۔الاَمْرُ: مرتب ہونا لَہُ الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔
الوَسْق ۔س۔ ساٹھ صاع۔ اور بقول بعض ایک اونٹ کا بوجھ ج اَوْسَاق ۔الوَسَقُ ۔درخت خرما کا بوجھ ۔ج اَوْسَاق و وُسُوْق۔
الوَسِیْق ۔س۔ دھتکار۔ بارش۔
الوَسِیْقَۃُ مِنَ الْاِبِلِ: اونٹوں کا گلہ ۔ج وَسَائِق ۔الوَسِیْقَۃ: حاملہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَۃٌ وَسِیْقَۃٌ: حاملہ اونٹنی۔
الْمُتَّسِق عِنْدَ اَھْلِ الْعَرُوْضِ: اوزان شعر میں ایک وزن۔ جس کا نام متدارک بھی ہے۔
۔الْمُتَّسِق: چاند کا نام۔
المِیْسَاق مِنَ الْحَمَامِ: بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَیَاسِیْق و مَآسِیْق ۔المِیْسَاق: پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔
وَسَلَ یَسِلُ وسِیْلَۃً و وَسَّلَ و تَوَسَّلَ اِلَی اللّٰہِ بعَمَلٍ او وَسِیْلَۃ. تقرب حاصل کرنا۔ صفت واسِل۔
الوَاسِلَۃ والوَسِیْلَۃ. تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِیْل و وَسَائِل و وُسُل
الوَاسِلَۃ والوَسِیْلَۃ: مرتبہ۔ درجہ۔
وَسَمَہٗ یَسِمُہٗ وَسْمًا و سِمَۃً ۔داغ لگانا ۔وَسَمَ الْوَسْمِیُّ الْاَرْضَ : بہار کی پہلی بارش ہونا۔
وَسُمَ یَوْسُمُ وَسَامًا و وَسَامَۃً الْغُلَامُ: خوبصورت چہرے والا ہونا الوَجْہُ: خوبصورت ہونا۔
وَسَّمَ ۔حج کے موقعہ پر مکہ میں □ حاضر ہونا۔
وَاسَمَہٗ مُوَاسَمَۃً ۔خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔
تَوَسَّمَ الشَّیْئَ : فراست سے معلوم کرنا ۔علامت طلب کرنا ۔پہچاننا ۔تَوَسَّمَ فِیْہِ الْخَیْرَ: بھلائی معلوم کرنا الرَّجُلُ: موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا ۔تَوَسَّمَ بِالْوَسِمَۃِ: وسمہ لگانا۔
اِتَّسَمَ ۔اپنی علامت بنانا۔
اَلْوَسْم ۔س۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں

کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج سُوْم

اَسِمَّةُ: پھول کی پتی کا بالا حصہ۔

جُزْءُ الْمَدِقَّةِ: پھول پتیوں کو جمع کرنے والا حصہ۔

السِّمَةُ. مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات.

الوَسْمِيُّ ۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔

الوِسَام ۔ جانوروں کا داغ۔ تمغہ۔ ج مَوْسِمَةٌ.

الوَسْمَة والوَسِمَة. نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔

اَلْوَسِیْم ۔ خوبصورت چہرے والا۔ ج وُسَمَاء و وِسَام مؤنث وَسِیْمَةٌ ج وَسِیْمَات و وِسَام.

الوَسَامَة. مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔

الأَوْسَم ۔ خوبصورت۔

المَوْسِم ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کیلئے ہوتا ہے اور عید کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم.

المِیْسَم ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَیَاسِم. المِیْسَم: حسن وجمال۔

المَوَاسِیْم ۔ داغ لگائے ہوئے اونٹ۔

وَسِنَ یَوْسَنُ وَسَنًا وسِنَةً ۔ اونگھنا۔ بیدار ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ و وَسْنَان و مِیْسَان ۔ صفت مؤنث وَسِنَةٌ و وَسْنٰى و مِیْسَان. وَسِنَ فُلَانٌ: ۔ کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔

اَوْسَنَتْهُ البِئْرُ: غشی طاری کرنا۔

تَوَسَّنَهُ. نیند کے وقت آنا۔

اِسْتَوْسَنَ ۔ اونگھنا۔

الوَسَن مص۔ ضرورت ۔ حاجت ۔ ج اَوْسَان.

السِّنَة. مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي سِنَةٍ" وہ غفلت میں ہے۔

الوَسْنَة. مص۔ نیند کی کمی۔ اونگھ۔

الوَسْنِيُّ. بہت اونگھنے والا۔

المَوْسُوْن ۔ کاہل۔ مؤنث مَوْسُوْنَة

وَسْوَسَ وِسْوَاسًا و وَسْوَسَةً الشَّيْطَانُ لَهُ وَإِلَيْهِ: وسوسہ ڈالا۔ الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا ۔ صفت مُوَسْوِسٌ. آہستہ بولا۔ الحَلْيُ او القَصَبُ جھنکار ہونا یا آواز نکالنا۔ الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔

وُسْوِسَ بِهِ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔

الوَسْوَاس ۔ وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس.

وَسَى يَسِيْ وَسْيًا رَاسَهُ: مونڈنا۔

وَاسَى الرَّجُلَ مُوَاسَاة. آساہ مُؤَاسَاة میں ایک لغت ہے بمعنے مدد دینا۔

اَوْسَى اِيْسَاءًا. الرَّاسَ: مونڈنا۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

المُوْسَى. استرہ۔ ج مَوَاسٍ.

الوَشْب ۔ سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔

الوِشْب. اَوْشَاب کا واحد بمعنے اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔

وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الأَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِكَ قَرَابَتُهُ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی "وَشَجَتْ فِي قَلْبِهِ اُمُوْرٌ وَهُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے امور اور غم لاحق ہیں۔ وَشَّجَ مَحْمَلَهُ) کچھ گرنے سے بچانے کیلئے تسمہ سے باندھنا۔ وَشَّجَ اللّٰهُ قَرَابَتَهُ بِكُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔ وَشَّجَ اللّٰهُ بَيْنَ القَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔

تَوَشَّجَتْ و تَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَةِ و نَحْوُهَا پیچیدہ ہونا۔

الوَاشِج ۔ فا پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَةٌ

الوَاشِجَة: باہم پیوستہ قرابت۔

الوَشِيْج. قرابت ورشتہ داری کی باہم پیوستگی ۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں "تَطَاعَنُوْا بِالوَشِيْجِ".

الوَشِيْجَة. درخت کے ریشہ کی رسّی جس کو بن کو دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْجَةُ القَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں

الوَشِيْجَة کان کی رگ۔ ج وَشَائِج.

وَشَّحَهُ. حمیل پہنانا۔

تَوَشَّحَ واِتَّشَحَ. حمیل پہننا تَوَشَّحَ بِسَيْفِهِ تلوار گردن میں لٹکانا۔ بِثَوْبِهِ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔

الوِشَاح. تلوار۔ کمان۔ ذُوالوِشَاح: حضرت عمرؓ کی تلوار کا نام (الوُشَاح) حمیل۔ جڑاؤ پٹی۔ ج وُشُحٌ و اَوْشِحَة و وَشَائِحُ.

الوِشَاحَة تلوار۔

الوَشْحَاء ۔ کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔

المُوَشَّح ۔ اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کیے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔

المُوَشَّحَة مِنَ الطَّيْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔

وَشَرَ يَشِرُ وَشْرًا اَسْنَانَهُ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا۔ الخَشَبَةَ بِالمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔

اِتَّشَرَ واِسْتَوْشَرَ ۔ دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔

المِيْشَار. آرہ۔

مُوْشُوْر ثُلَاثِيٌّ، رُبَاعِيٌّ، خُمَاسِيٌّ ۔ جس کے قاعدے ثلاثی رباعی اور خماسی ہوں۔

المَوْشُوْر. فِي عِلْمِ الطَّبِيْعِيَّاتِ: علم طبیعیات کی اصطلاح میں اُس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلع ہوں۔ ج مَوَاشِيْر.

وَشِزَ يَشِزُ وَشْزًا ۔ جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز والوَشَز ۔ جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج اَوْشَاز۔
الوَشِيْزَة بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز۔
وَشَظَ يَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا الفَاسَ: کلہاڑے میں پچڑ لگا کر سوراخ تنگ کرنا القَوْمُ اِلَيْنَا: کم لوگوں کا آکر ملنا۔
الوَشِيْظ ۔ تابع ۔ حلیف ۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج اَوْشَاظ (والوَشِيْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْظَةٌ فِيْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں۔ اور ایسا ہی "هُوَ وَشِيْظَةٌ فِيْهِمْ" ج وَشَائِظ۔
وَشَعَ يَشَعُ وَشْعًا الشَّيْئَ: ملانا القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا وَشْعًا ووُشُوْعًا) الجَبَلَ وفِيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا البَقْلَةَ: پھولدار ہونا الشَّيْئُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا الشَّيْبُ رَاْسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا الشَّيْئَ فِي الشَّيْئِ: داخل ہونا وَشَّعُوْا عَلٰى كَرْمِهِمْ اَوْ بُسْتَانِهِمْ باغ میں باڑ لگانا۔
اَوْشَعَ البَقْلُ اَوِ الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّيْئُ: پراگندہ ہونا فِي الجَبَلِ پہاڑ میں دائیں بائیں جانا الشَّيْبُ رَاْسَهُ سر میں سفیدی چھا جانا تَوَشَّعُوْا الضُّيُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔
تَوَشَّعَ بِهٖ: بہت ہونا الكَذِبَ: جھوٹ سے مزین ہونا الغَنَمُ فِي الجَبَلِ: بکریوں کا چرنے کے لیے پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَشْع ۔س۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوْع۔
الوُشْع ۔ مکڑی کا جالا۔
الوُشُوْع ۔ پہاڑ میں متفرق نباتات ۔ حلق میں ٹپکانے کی دوا۔

الوَشِيْع ۔ کپڑے کا نقش و نگار؛ باغ کے اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج کی نقل و حرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الوَشِيْعَة. رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی لکڑی؛ بننے والے کی نال؛ ہر پیچیدہ چیز۔ غبار کی دھاری ج وَشِيْع و وَشَائِع.
المُوَشَّع ۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش و دھاری دار چادر۔
وَشَغَ يَشِغُ وَشْغًا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔
وَشَّغَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت پت کر کے دھاری دار کر دینا۔
اَوْشَغَ اِيْشَاغًا العَطِيَّةَ: کم دینا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔
تَوَشَّغَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔
الوَشْغ والوَشِيْغ. تھوڑا۔
الوُشُوْغ. منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
وَشَقَهٗ يَشِقُهٗ وَشْقًا ۔ خراش کرنا ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَشَقَ اللحمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
وَشَّقَ الشَّيْئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَوْشَقَ الشَّيْئُ فِي الشَّيْئِ: چمٹنا۔
تَوَاشَقَ وَاتَّشَقَ القَوْمُ العَدُوَّ بِاَسْيَافِهِمْ دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
وَاتَّشَقَ فُلَانٌ اللحمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا۔
الوَاشِق ۔ فا ۔ تھوڑا دودھ ۔ جلدی سے گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ یَاشِق میں ایک لغت۔
الوَشْق ۔س۔ متفرق چراگاہ۔
الوَشَق. ایک جانور کا نام جس کی کھال سے عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔
الوَشِيْق والوَشِيْقَة. خشک کیا ہوا گوشت کا پارچہ ج وَشَائِق.
المِيْشَاق ۔ کنجی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِيْق.
وَشُكَ يَوْشُكُ وَشْكًا وَوَشَاكَةً و وَشُكَ الاَمْرُ: جلدی ہونا ۔ صفت وَشِيْك.
اَوْشَكَ ۔ جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی سے ہے اَوْشَكَ اَنْ يَمُوْتَ وہ مرنے کے قریب ہی تھا۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے ۔ مضارع کا استعمال ماضی سے زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم ہے اور اس کی خبر پر اکثر اَنْ آتا ہے۔
وَاشَكَ مُوَاشَكَةً. جلدی چلنا۔
الوَشْك والوُشْك والوَشْكَان والوِشْكَان والوُشْكَان. جلدی ۔ اور کہا جاتا ہے "وَشْكَانَ مَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ" یعنی یہ جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو ہے ۔ اور یہ اسم فعل ہے۔
الوِشَاك ۔ جلدی۔
الوَشِيْك (مذکر و مؤنث) جلد باز ۔ قریب ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِيْكًا" وہ جلدی نکلا۔
وَشَلَ يَشِلُ وَشْلًا و وَشَلَانًا المَاءُ: پانی کا بہنا ۔ ٹپکنا (وُشُوْلًا) کمزور ہونا ۔ محتاج ہونا اِلَيْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔
اَوْشَلَ المَاءَ: پانی کم پانا حَظَّهٗ: کم کرنا۔
الوَشَل. تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج اَوْشَال
الوَشَل: ہیبت ۔ خوف ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ اَوْشَالًا" قوم ایک دوسرے کے پیچھے آئی۔
عُيُوْنٌ وَشَلَةٌ ۔ کم پانی والے چشمے۔
الوَاشِل ۔ فا ۔ مِنَ الجِبَالِ: پہاڑ جس سے ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ الرَّاْيِ" فلاں کمزور رائے والا ہے "وَهُوَ وَاشِلُ الحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔
نَاقَةٌ وَشُوْلٌ. زیادہ دودھ والی ۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
الوُشُوْل. دولت کی کمی ۔ نقصان۔

وَشَمَ يَشِمُ وَشْمًا و وَشَّمَ الْيَدَ: ہاتھ میں گودنا۔ وَشَّمَ الْغُصْنُ: ٹہنی میں پتے ظاہر ہونا۔

اَوْشَمَ اِيْشَامًا الْمَكَانُ: ہریالی ہونا۔ الْكَرْمُ: انگور کا رنگ پکڑنا الشَّيْبُ فِيْ رَاْسِهِ بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا السَّمَاءُ: بجلی کوندنا فِي عِرْضِ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب لگانا فِي الْاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الْجَارِيَةُ: پستان کا اُبھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْشَمَ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔

اِسْتَوْشَمَ اِسْتِيْشَامًا. گودنے کیلئے کہنا۔

الْوَشْمُ ۔مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔ نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُوْم و وِشَام.

الْوَشْمَةُ. وَشَمَ کا اسم مرۃ بارش کا قطرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا عَصَاهُ وَشْمَةً" اس نے اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔

الْوَشِيْمَةُ دشمنی؛ برائی۔

تَوَشَّنَ الْمَاءُ پانی کم ہونا۔

الْوَشْنُ. بلند زمین۔ موٹا اُونٹ۔

الْاَوْشَنُ. دوسرے کے دستر خوان پر کھانا کھانے والا۔

وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فُلَانًا: آہستہ گفتگو کرنا الشَّيْءَ: دھیرے سے دینا۔

تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے آہستہ آہستہ گفتگو کرنا۔

الْوَشْوَشُ والْوَشْوَاشُ ۔ہلکا۔ جلد باز. رَجُلٌ وَشْوَشِيُّ الذِّرَاعِ: کام کرنے میں پھرتیلا مرد۔

وَشَى يَشِي وَشْيًا وَشِيَةً ووَشَّى الثَّوْبَ: منقش کرنا الْكَلَامَ: جھوٹ بولنا وَشَّاهُ ثَوْبًا: کپڑا پہنانا۔

وَشَى يَشِي وَشْيًا و وِشَايَةً بِهِ اِلَى الْمَلِكِ: چغل خوری کرنا بَنُو فُلَانٍ: بکثرت ہونا۔

اَوْشَى اِيْشَاءً الْمَكَانُ: ابتدائی نباتات ظاہر ہونا الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا الْمَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا النَّخْلَةُ: پہلا پھل نکالنا الشَّيْءَ: نکالنا۔ جاننا الْفَرَسَ: گھوڑے کو اکسانا الدَّوَاءُ الْمَرِيْضَ: دوا کا مریض کو تندرست کرنا فِي الدَّرَاهِمِ: کچھ لینا۔

تَوَشَّى. نقش و نگار ہونا الشَّيْبُ فِيْ رَاْسِهِ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

اِيْتَشَى اِيْتِشَاءً الْعَظْمُ ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

اِسْتَوْشَى الْفَرَسَ گھوڑے کو اکسانا الْحَدِيْثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا الرَّجُلَ: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا الْمَعْدِنُ تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الْوَشْيُ. مص۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء. وَشْيُ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر۔

الْوَشَاءُ. اُونٹوں کی کثرت۔

الْوَاشِي. فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج اشُوْنَ و وُشَاة

الْوُشَاه: سونے کا سکہ بنانے والا۔

الْوَشَّاءُ. وَاشِي کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّيَةُ. مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِيَات.

الْاَشْيَةُ داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ اَشْيَةُ" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَقُ" اور نسبت کے لیے وَشَوِيٌّ.

وَصَّ يَوُصُّ وَصًّا الْعَمَلَ: مضبوط بنانا۔

وَصَّصَتْ تَوْصِيْصًا الْمَرْاَةُ: منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِيَ يَوْصَأُ وَصَأً الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ يَصِبُ وُصُوْبًا ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا الدَّيْنُ: قرض واجب ہونا عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ يَوْصَبُ وَصَبًا و وَصَّبَ و تَوَصَّبَ. مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابَى و وِصَاب. تَوَصَّبَ: درد محسوس

وصد + وصف

اَوْصَبَ. مریض ہونا اللّٰهُ فُلَانًا: مریض کرنا الرَّجُلُ: بیمار اولاد والا ہونا الشَّيْءُ: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا (و واصب) ہمیشگی مداومت کرنا۔

الْوَصَبُ. بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کیلئے بھی بولا جاتا ہے

الْوَصَبُ: بنصر اور سبابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج اَوْصَاب.

الْوَاصِبُ ۔فا۔ دائم۔

الْوَاصِبَةُ. واصب کا مؤنث۔ بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان۔

الْمُوَصَّبُ. بہت دردوں والا۔

وَصَدَ يَصِدُ وَصْدًا ثابت ہونا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔

وَصَّدَ الثَّوْبَ: کپڑا بننا الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر بھڑکانا فُلَانًا: خوف دلانا۔

اَوْصَدَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا الْقِدْرَ: ہانڈی ڈھانکنا عَلَى فُلَانٍ: تنگی ڈالنا الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا واِسْتَوْصَدَ پہاڑ میں مویشیوں کے لیے باڑہ بنانا۔

الْوَصَّادُ. جلاہا۔

الْوِصَادُ. اَوْصَدَ الْبَابَ و اَوْصَدَ الْقِدْرَ کا اسم بمعنے بندش ڈھکائی۔

الْوَصِيْدُ ۔چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن، غار، پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات ۔دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد (الْوَصِيْدَةُ) پہاڑ میں مویشیوں کے لیے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد.

الْمُوَصَّدُ ۔پردہ۔

الْوَصْرُ ۔عہد نامہ ج اَوَاصِر (والْوَصِيْرَةُ و الْاَوْصَرُ) عہد نامہ؛ چک۔ دستاویز۔ اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ يَصَعُ وَصْعًا الشَّيْءَ: غائب کرنا۔ چھپانا۔

وَصَفَ يَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً الشَّيْءَ:

بیان کرنا۔ تعریف کرنا(وُصُوْفًا) الفرسُ: گھوڑے کا عمدہ چال چلنا(وَصْفَةً) الطَّبِیْبُ لِلْمَرِیْضِ: نسخہ تجویز کرنا۔

وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَةً الْغُلَامُ: لڑکے کا خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِیْفٌ اور اسم الْإِیْصَاف والوَصَافَة

وَاصَفَهٗ: حالت بیان کر کے بیع کرنا۔

اَوْصَفَ اِیْصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔

اِتَّصَفَ الشَّیُٔ: قابل بیان ہونا الرَّجُلُ: عمدہ صفات سے مشہور ہونا بالصِّفَاتِ الْحَمِیْدَةِ: آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِیْفًا او وَصِیْفَةً: خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ الْقَوْمُ الشَّیْءَ: ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّیْءَ: بیان کرنے کو کہنا۔

الطَّبِیْبَ: نسخہ تجویز کرانا الْغُلَامُ: لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔

الصِّفَة مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا جائے۔

الصِّفَاتِیَّة ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واصِفَاتِیّ۔

الوَصْفِیَّة صفت کی حالت۔

الوَصِیْف لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہو گیا ہو ج وُصَفَاء۔ مؤنث وَصِیْفَةٌ ج وَصَائِف۔

الوَصَّاف وصف شناس۔ طبیب۔

وَصَلَ یَصِلُ وَصْلًا وَصِلَةً وَصُلَةً الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: جوڑنا۔ جمع کرنا بِأَلْف دِیْنَار احسان کرنا(وَصْلًا وَصِلَةً) فُلَانًا: تعلق رکھنا(یداً): نیکی کرنا۔ دینا وَصَلَ رَحِمَهٗ: رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا(وُصُوْلًا ووُصْلَةً وَصِلَةً) اِلَی الْمَکَانِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِی الْخَبَرُ ووَصَلَ اِلَی الْخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَهٗ ضَرْبَةً لَا تَوْصَل" اس نے ایسی مار ماری کہ جس کا علاج نہیں۔

وَاصَلَهٗ وِصَالًا و مُوَاصَلَةً تعلق رکھنا وَاصَلَ الشَّیْءَ وفی الشَّیْءِ: ہمیشگی کرنا۔ لگاتار کرنا۔

وَصَّلَ الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: جوڑنا(وَاَوْصَلَ) فُلَانًا اِلَی کَذَا: پہنچانا۔

تَوَصَّلَ اِلَی کَذَا: پہنچنا اِلٰی فُلَان: پہنچنے کے لیے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ اِلَیْهِ بِوُصْلَةٍ و سَبَبٍ" اس نے اس کے پاس پہنچنے کیلئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنایا۔

تَوَاصَلَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔

اِتَّصَلَ بالشَّیْءِ: جڑنا اِلَیْهِ: پہنچنا خَبَرُ فُلَانٍ: جا فُلَان بالوَزِیْرِ: خدمت میں رہنا اِلَی بَنِی فُلَانٍ: منسوب ہونا۔

اِسْتَوْصَلَ: میل ملاپ ڈھونڈنا۔

الوَصْل مص۔ لَیْلَةُ الوَصْلِ: قمری مہینے کی آخری رات حَرْفُ الوَصْلِ عِنْدَ اَهْلِ القَوَافِی: اہل عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واؤ۔ یا۔ اور الف اور ہاء۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا وَصْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوُصْل والوِصْل۔ ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج اَوْصَال۔

الوُصْلَة مص۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر جماعت۔ دُور کی زمین۔ ج وُصَل۔

الوُصُوْلِی: وہ طمع والا شخص جو ہر تکلیف کے باوجود کام کو کرے۔

الوُصُوْلِیَّة: وصولی کی حالت۔

الصِّلَة مص۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلَات۔

اِتِّصَالُ النَّیِّرَیْنِ: سورج چاند کا ملنا اور آمنے سامنے ہونا۔

الوَصُوْل۔ بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔

الوُصُوْل مص عِنْدَ المُوَلِّدِیْنَ: رسید۔ ج وُصُوْلَات۔

وَصِیْلُ الرَّجُلِ: ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ وَصِیْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوَصِیْلَة وَصِیْل کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل۔

الوَصِیْلَة: یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِیْل ووَصَائِل الوَصِیْلَة: اونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔

المَوْصِل۔ ملنے کی جگہ۔ رسّی وغیرہ کی گرہ۔ موصِل البَعِیْر: چوتڑ اور اُن کا درمیانی حصہ۔ المَوْصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔

المَوْصِلَان۔ شہر موصل اور جزیرہ۔

المَوْصُوْل۔ مغ۔ بھڑ کی شکل کا ایک جانور۔

المُسْتَوْصِل۔ فا المُسْتَوْصِلَة مِنَ النِّسَاءِ اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔

وَصَمَ یَصِمُ وَصْمًا العُوْدَ او العَظْمَ: لکڑی یا ہڈی میں شگاف ڈالنا الشَّیْءَ: عیب لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔

وَصَمَ الرَّجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہو فُلَانًا: دردناک کرنا۔ ست و کاہل کرنا وَصَّمَتِ الحُمّٰی فُلَانًا: دردناک کرنا۔

تَوَصَّمَ تکلیف اٹھانا۔

تَوَاصَمَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔

الوَصَم۔ مرض۔

الوَصْم۔ مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوْم۔

الوَصْمَة عیب و عار۔ جسم کی سستی۔

الوَصِیْم۔ خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔

المَوْصُوْم۔ مغ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

مَوْصُوْمُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔
وَصْوَصَ عَیْنَهٗ: نظر جمانے کیلئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا۔الجِرْذُ پلے کا آنکھیں کھولنا۔وَصْوَصَتِ الْجَارِيَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے دکھائی نہ دینا۔
الْوَصْوَصُ والْوَصْوَاصُ. آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَادِصُ و وَصَاوِيْصُ .الْوَصَاوِصُ: سطح زمین کے پتھر۔
وَصَى يَصِي وَصْيًا عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا۔الشَّئُ بِهٖ: متصل ہونا۔الشَّئَ بِآخَرَ: ملانا۔وَصْيًا و وَصَايَةً المَكَانُ: متصل نباتات والی ہونا۔النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔
وَصَّى تَوْصِيَةً فُلَانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔کسی کام کا اشارہ کرنا۔اِلَيْهِ بِالصَّلَاةِ: حکم دینا۔کہا جاتا ہے"وَصَّاهُ بِفُلَانٍ اَنْ يُحْسِنَ اِلَيْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا"وَصَّيْتُ لَهٗ بَعْدَ مَوْتِيْ" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنایا۔وَصَّى اِلٰى فُلَانٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا۔فُلَانًا بِوَلَدِهٖ: مہربان بنانا۔
اَوْصَى اِيْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔حکم دینا۔لَهٗ بِكَذَا: کسی کیلئے کسی چیز کی وصیت کرنا۔اِلَيْهِ: وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔
وَاصَى الْبَلَدُ الْبَلَدَ: ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔
تَوَاصَى تَوَاصِيًا الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔
اِسْتَوْصَى اِسْتِيْصَاءً بِفُلَانٍ: وصیت کو قبول کرنا۔
الْوَصِيَّةُ اِيْصَاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے"هٰذِهٖ وَصِيَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا. وَصَايَا اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کیے ہیں۔

الْوَصِيَّةُ: کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ج وُصِيٌّ.
الْوَصَاةُ ج وُصًى والْوِصَايَةُ و الْوَصَايَةُ وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔
الْوَصِيُّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔جس کو وصیت کی جائے۔ج اَوْصِيَاءُ.
الْوَاصِي. پیچیدہ گھاس۔اَرْضٌ وَاصِيَةٌ پیچیدہ گھاس والی زمین۔
وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوْءًا ووَضَاءَةً الشَّئُ: پاکیزہ و خوبصورت ہونا۔
وَضَاءَهٗ يَضُوْءُهٗ وَضْأً: پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔
وَضَّأَ تَوْضِئَةً .بِالْمَاءِ: پاکیزہ کرنا۔دھونا۔
وَاضَاهُ. پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے"وَاضَاهُ فَوَضَاهُ" اس نے اس سے پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ: وضو کرنا۔الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ: بالغ ہونا۔
الْوَضُوْءُ. وضو کا پانی۔
الْوَضِيْءُ ج وِضَاءٌ و اَوْضِيَاءُ والْوَاضِيءُ ج وَضَاءٌ والْوُضَّاءُ ج وُضَّاءُوْنَ و وَضَاضِيءُ: پاکیزہ و خوبصورت۔
الْاَوْضَأُ: زیادہ خوبصورت و پاکیزہ۔
الْمِيْضَاةُ والْمِيْضَاءَةُ وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔
الْمُتَوَضَّأُ. وضو کرنے کی جگہ۔پاخانہ کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
وَضَحَ يَضِحُ ضِحَةً وَضِحَةً و وُضُوْحًا و تَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْاَمْرُ او الْكَلَامُ: واضح ہونا۔ظاہر ہونا۔صفت وَاضِحٌ و وَضَّاحٌ.
وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا. برص کے داغوں والا ہونا۔
اَوْضَحَ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔واضح ہونا۔الْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔واضح کرنا۔اَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّاْسِ زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔
اَوْضَحَ فِيْ رَاْسِهٖ: زخم کرنا۔کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔
وَضَّحَ الْاَمْرَ: واضح کرنا۔ظاہر کرنا۔
اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيْضَاحًا عَنِ الْاَمْرِ: بحث کرنا۔هُ الْاَمْرَ او الْكَلَامَ: وضاحت کرانا الشَّئَ و عَنِ الشَّئِ: آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا۔الشَّمْسَ: نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔
الْوَضَحُ مص۔روشنی وسپیدی صبح۔کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا الْوَضَحُ: چاندنی۔گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔بڑھاپے کی سپیدی۔برص کی سپیدی کھر اور ہم۔کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے"اِمْرَاَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔الْوَضَحُ : دودھ۔چھوٹی چھوٹی گھاس۔چاندی کا زیور۔پازیب۔ج اَوْضَاحٌ وَضَحُ الطَّرِيْقِ: شاہراہ۔وَضَحُ الْقَدَمِ: تلوے کی سپیدی۔اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ: مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کیلئے واحد نہیں)
الْوَضَحَةُ. گدھی۔
الْوَاضِحُ. فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الْحَسَبِ: پاک صاف حسب والا۔الْوَاضِحُ مِنَ الْاِبِلِ: سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔
الْوَاضِحَةُ. واضح کا مؤنث ج وَاضِحَاتٌ و اَوَاضِحُ. الْوَاضِحَةُ: دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔
الْوَضَّاحُ. سفید رنگ والا۔خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔النَّسَبِ الْوَضَّاحُ : پاک صاف نسب۔ بِكْرٌ الْوَضَّاحُ: صبح کی نماز۔
الْوَضِيْحَةُ. مویشی۔ج وَضَائِحُ.
الْمُتَوَضِّحُ. فا۔ ظاہر ہونے والا۔شاہراہ پر چلنے والا۔مِنَ الْاِبِلِ : سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخَ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
اَوْضَخَ الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
اَوْضَخَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔
اَوْضَخَ بِالدَّلْوِ: کم پانی کھینچنا۔
وَاضَخَه وِضَاخًا و مُوَاضَخَةً: پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
تَوَاضَخَ الْقَوْمُ: پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الوَضُوْخ. پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔
وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا. میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِرٌ۔ صفت مؤنث وَضِرَةٌ و وَضْرَى. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ و فِي اَخْلَاقِهِ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔
وَضَّرَهُ. میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ نَقِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهُ بِالدَّنَائَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔
الوَضَر. س۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔ پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار.
الوَضْرَى. (ہو الوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔
وَضَعَهُ يَضَعُهُ وَضْعًا. کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔ وَضَعَ عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔ الحَدِيْثَ: بات گھڑنا۔ الكِتَابَ: تالیف کرنا۔ السِّلَاحَ فِي الْعَدُوِّ: مقاتلہ کرنا۔ ہٗ عَنْ فُلَانٍ: روکنا۔ الجَنَابَةَ عَنْ فُلَانٍ: ناپاکی دور کرنا۔ عَصَاهُ: اقامت کرنا۔ وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع. وَضَعَ الشَّيْءَ بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے چھوڑ دینا۔ ہٗ فِي الطَّعَامِ کھانا۔ الجِزْيَةَ اَوِ الحَرْبَ: ساقط کرنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا و مَوْضِعًا و مَوْضُوْعًا الشَّيْءَ: رکھنا۔ الشَّيْءَ مِنْ يَدِهِ: گرانا۔ فُلَانٍ: مرتبہ سے گھٹانا۔ غَرِيْمَه: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا۔ (وَضْعًا و مَوْضُوْعًا) البَعِيْرُ: سر جھکا کر تیز چلنا۔
وَضُعَ يَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً و وُضُوْعًا نَفْسَهُ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔
وَضَعَتْ وَضْعًا و وُضْعًا و تُضْعًا الْمَرْأَةُ حَمْلَهَا: جننا۔ صفت وَاضِع.
وُضِعَ يُوْضَعُ و وُضِعَ ضَعَةً و وَضِيْعَةً فِي تِجَارَتِهِ: نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوْعٌ فِيْهَا.
وَضُعَ يَوْضُعُ ضَعَةً وضِعَةً و وَضَاعَةً لئیم ہونا۔ دنی ہونا۔ خسیس ہونا۔
وَضَّعَ الشَّيْءَ: جوڑنا۔ الجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا۔ وَضَّعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا: شتر مرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا۔ ہٗ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔
اَوْضَعَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ البَعِيْرَ اونٹ کو تیز دوڑانا۔ اُوْضِعَ فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔
وَاضَعَهُ وِضَاعًا و مُوَاضَعَةً. شرط لگانا۔ ہٗ فِي الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں موافقت کرنا۔ وَاضَعَهُ الْبَيْعَ: بیع کو چھوڑنا۔ وَاضَعَه الرِّهَانَ: شرط باطل کرنا۔ اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرَّاْيَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں۔
اِتَّضَعَ. ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ لئیم ہونا۔ حسب میں کم رتبہ ہونا۔ البَعِيْرَ رَاكِبُهُ: اونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا۔
تَوَاضَعَ. ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ خاکسار ہونا۔ تَوَاضَعَتِ الْاَرْضُ: پست ہونا۔ تَوَاضَعَ الْقَوْمُ عَلَى كَذَا: متفق ہونا۔ مَا بَيْنَنَا: دور ہونا۔
اِسْتَوْضَعَ اِسْتِيْضَاعًا مِنْهُ: گھٹانے کے لیے کہنا۔ فِي دَيْنِهِ: قرض میں نرمی طلب کرنا۔
الوَضْع. س۔ جگہ۔ ج اَوْضَاع.
الوَضْعَة والوِضْعَة. جگہ۔ مرکز۔
الوَاضِع. المَرْأَةُ وَاضِعٌ: بے اوڑھنی کے عورت۔ نَاقَةٌ وَاضِعٌ: ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اونٹنی۔
الوَضِيْع. خسیس، دنی، امانت۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهُ وَضِيْعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔
الوَضِيْعَة. قیمت کی کمی۔ امانت۔ ترش نباتات۔ عشر یا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے۔ منہ بولا بیٹا۔ لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے۔ ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں۔ ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِعُ
الوَضَائِعُ: مسافروں کا اسباب۔
التَّوْضِيْع. س۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهِ تَوْضِيْعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔
المَوْضَعُ والمَوْضِع. س۔ رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع.
المَوْضِعَة. موضع میں ایک لغت ہے اور کہا جاتا ہے "لَهُ فِي قَلْبِيْ مَوْضِعَةٌ و مَوْقِعَةٌ" اس کی میرے دل میں محبت ہے۔
المَوْضُوْعَة: انجینئرنگ کا مصنوعی دعویٰ۔
المُوَضَّع. س۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
المَوْضُوْع. س۔ مَوْضُوْعُ الْعِلْمِ: جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے۔ جیسے علم طب میں جسم انسان من حیث الصحة والمرض موضوع الکلام: گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو۔ ج مَوَاضِيْع و مَوْضُوْعَات. الاَحَادِيْثُ المَوْضُوْعَة: گھڑی ہوئی باتیں۔
وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا البَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔
وَضَمَ يَضِمُ وَضْمًا اللَّحْمَ: گوشت کو تختہ پر رکھنا۔
وَضُمَ يَضِمُ وُضُوْمًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ بَنُوْ فُلَانٍ عَلَى بَنِيْ فُلَانٍ فلاں کی اولاد فلاں کی اولاد کے پاس آئی۔

اَوْضَمَ اِيضَامًا اللَّحْمَ وَ لِلَّحْمِ: گوشت کو تختہ پر رکھنا الشَّجَرَ: ایک دوسرے کے اوپر کرنا۔
اِسْتَوْضَمَهُ اِسْتِيضَامًا. ظلم کرنا۔
اَلْوَضَمُ. گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ۔ ج اَوْضَام و اَوْضِمَة. کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ لَحْمًا عَلَى وَضَمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور دردمند بنا دیا۔
اَلْوَضَمُ. لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کیلئے رکھا جائے۔ دستر خوان۔
اَلْوَضِيمُ. انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔
اَلْوَضِيمَةُ. میت کا کھانا (والوَضْمَة) دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت۔
اَلْمِيضَمَةُ. گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِم۔
وَضَنَ يَضِنُ وَضْنًا الشَّيْءَ: تہ بہ تہ رکھنا۔ ایک کو دوسرے پر موڑنا۔ دگنا کرنا۔ النَّسْعَ: بٹنا۔
تَوَضَّنَ لَهُ: ذلیل وعاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔
اِتَّضَنَ بِهِ: متصل ہونا۔
اَلْوَضِينُ. تہ بتہ کیا ہوا۔ چوڑا استر۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ ج وُضُن۔
اَلْمَوْضُونَةُ. باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔
اَلْمِيضَنَةُ. کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مَوَاضِن۔
اَلْمِيضَانَةُ. زنبیل۔ ج مَوَاضِين۔
وَطَّ يَوُطُّ وَطًّا الْوَطْوَاطُ: چمگادڑ کا آواز کرنا۔ الْمَحْمِلُ: چرچرانا۔
وَطِئَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ بِرِجْلِهِ: پیر سے روندنا۔ الْفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا۔ اَرْضَ عَدُوِّهِ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔
وَطَأَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ: تیار کرنا۔ آسان کرنا۔
وَطُؤَ يَوْطُؤُ وَطَاءَةً وَ وُطُوْءَةً الْمَوْضِعُ: نرم ہونا۔
وَطَّأَ تَوْطِئَةً الشَّيْءَ بِرِجْلِهِ: پیر سے روندنا الْفِرَاشَ: بچھونا نرم کرنا الْاَمْرَ: درست کرنا۔ الْمَوْضِعَ: آسان کرنا۔ الشِّعْرَ وَ فِيهِ: نرم بنانا لفظاً و معناً قافیہ دہرانا۔
اَوْطَأَ اِيطَاءً فُلَانًا الْاَرْضَ وَ بِالْاَرْضِ: روندوانا۔ اَوْطَأَهُ فَرَسَهُ: سوار کرانا۔ اَوْطَأَهُ عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ اَوْطَأَ الشِّعْرَ وَ فِي الشِّعْرِ: لفظاً و معنی قافیہ دہرانا۔
وَاطَأَ مُوَاطَأَةً فُلَانًا عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ فِي الشِّعْرِ لفظاً و معنی قافیہ دہرانا۔
تَوَطَّأَ فُلَانًا بِرِجْلِهِ: کچلنا۔ روندنا۔ عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا الْقَوْمُ عَلَى الْاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔
اِتَّطَأَ اِتِّطَاءً وَ اِيتَطَأَ اِيتِطَاءً الشَّيْءُ: آسان ہونا۔ تیار ہونا۔ الْاَمْرُ: درست ہونا اور انتہا کو پہنچنا۔
اِسْتَوْطَأَ الشَّيْءَ: نرم پانا۔
اَلْوَطْءُ. س (والوطاء) پست و نرم زمین۔
اَلْوِطَاءُ وَالْوَطَاءُ. فرش۔
اَلْوَطْأَةُ: وطا کا اسم مرۃ۔ قدم کی جگہ۔ بھینچ یا دباؤ۔
اَلْوَطَائَةُ وَالْوُطُوْئَةُ. س۔ نرمی، آسانی۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّ وَطَائَةَ الْعَيْشِ" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔
اَلْوَاطِئَةُ وَالْوَطْأَةُ. راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ الْوَاطِئَةُ: گری ہوئی کھجوریں۔
اَلْوَطِيءُ. پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔
اَلْوَطِيئَةُ. وطيء کا مؤنث کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔
اَلْمَوْطَأُ وَالْمَوْطِئُ. قدم کی جگہ۔
اَلْمِيطَأُ. پست و نرم زمین۔
اَلْمُوَطَّأُ. ش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَطَّأُ الْاَكْنَافِ" نرم اخلاق والا، فیاض مہمان نواز مرد "وَهُوَ مُوَطَّأُ الْعَقِبِ" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔
اَلْوَطْبُ. دودھ کی مشک ج اَوْطُب و وِطَاب و اَوْطَاب و جج اَوَاطِب. کہا جاتا ہے صفرت وِطَابُهُ یعنی مر گیا یا قتل کیا گیا۔
اَلْوَطْبُ. بڑی پستان۔ سخت دل والا مرد۔
اَلْوَطْبَاءُ. بڑی پستان والی عورت۔
وَطَحَهُ يَطَحُهُ وَطْحًا وَطِحَةً. ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔
تَوَاطَحَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ تَوَاطَحَتِ الْاِبِلُ عَلَى الْحَوْضِ: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔
اَلْوَطَحُ. س۔ کھریا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔
وَطَدَ يَطِدُ وَطْدًا الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔ پائیدار کرنا۔ بوجھل کرنا۔ صفت مفعولی وَطِيد و مَوْطُوْد الْاَرْضَ: سخت ہونے کے لیے کوٹنا الشَّيْءَ اِلَيْهِ: ملانا لَهُ مَنْزِلَةً: تیار کرنا اِلَى الْاَرْضِ: جھکانا دبانا الشَّيْءُ: ثابت و قائم ہونا۔ چلنا الصَّخْرَ عَلَى الْغَارِ: تہ بتہ رکھنا۔
وَطَّدَ الشَّيْءَ: بمعنی وَطَدَهُ.
تَوَطَّدَ. مضبوط و ثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَطَّدَهُ فَتَوَطَّدَ" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "وَتَوَطَّدَتْ لَهُ عِنْدَهُمْ مَنْزِلَةٌ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا۔
اَلْوَطِدُ وَالْوَطِيدُ وَالْمَوْطُوْدُ. مضبوط و ثابت۔
اَلْاَوْطَادُ. بہت سے پہاڑ۔
اَلْوَطِيدَةُ. عمارت کی بنیاد۔ پایہ دیگدان ج وَطَائِد. کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الْحَقِّ" تو سچائی کا ستون ہے۔ "وَلَهُ عِنْدَهُ وَطِيدَةٌ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔
اَلْمِيطَدَةُ. درمٹ۔
اَلْمُتَوَاطِدُ. مضبوط۔ جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔
اَلْوَطَرُ. حاجت۔ مطلوب۔ ج اَوْطَار. کہا جاتا ہے "قَضَى مِنْهُ وَطَرَهُ وَ اَوْطَارَهُ" اس

نے اپنی حاجت پوری کرلی۔
وَطَسَهُ يَطِسُهُ وَطْسًا. چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا الشَّيَّ: توڑنا۔ کوٹنا۔
تَوَاطَسَ. الْمَوْجُ: موجوں کا باہم ٹکرانا۔ الْقَوْمُ عَلَيَّ: بھیڑ کرنا۔
الوَطَاس. چرواہا۔
الوَطِيس. تنور اور جو اس کے مشابہ ہو۔ میدانِ جنگ۔ کہا جاتا ہے حَمِيَ الْوَطِيسُ یعنی جنگ سخت ہوگئی۔ ج اَوْطِسَة و وُطُسٌ.
الوَطِيْسَة. معاملہ کی سختی۔
وَطَشَهُ يَطِشُهُ وَطْشًا. مارنا ہٗ عَنْ فُلَانٍ: ہٹانا۔ دور کرنا الْحَدِيْثَ او الخَبَرَ. کچھ بیان کرنا الْكَلَامَ: وضاحت نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَطَشَ لَنَا بِشَيْءٍ" اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔
وَطَّشَ الْحَدِيْثَ: کچھ بیان کرنا لَهٗ: گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا ہٗ: تھوڑا سا دینا الْقَوْمَ عَنْهُ: ہٹانا فِيْهِ: اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا سَاَلُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ بِشَيْءٍ لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا۔
وَطِفَ يَوْطَفُ وَطَفًا. گھنی ابرووں اور لمبی پلکوں والا ہونا۔ صفت اَوْطَفُ. مؤنث وَطْفَاء ج وُطْفٌ. وَطِفَ الْمَطَرُ: زور سے برسنا۔
وَطَفَ يَطِفُ وَطْفًا. شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا۔
الوَطَف. مص. اور کہا جاتا ہے "فِي السَّحَابَةِ وَطَفٌ" جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں۔
ظَلَامٌ اَوْطَفُ. سخت تاریکی۔ سَحَابٌ اَوْطَفُ: زمین سے قریب بادل۔ عَامٌ اَوْطَفُ فراخ سالی: عَيْشٌ اَوْطَفُ: خوشحال زندگی۔ سَحَابَةٌ وَطْفَاءُ: پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل۔
الوَطْفَة. تھوڑے بال۔

الوِطَاق. خیمہ۔ ج وِطَاقَات.
وَطَمَهُ يَطِمُهُ وَطْمًا. روندنا۔ وَطَمَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
وَطِمَ يَوْطَمُ وَطْمًا و وُطِمَ الرَّجُلُ: پاخانہ روکنا۔
وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِيْطَانًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
وَطَّنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ واِتَّطَنَ و اِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهُ عَلَى الْاَمْرِ و لِلْاَمْرِ: آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُه عَلَى كَذَا: اس کا نفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔
وَاطَنَهُ عَلَى الْاَمْرِ. کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔
الوَطَن. جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان.
المَوْطِن. وطن۔ میدانِ جنگ۔ ج مَوَاطِن.
المِيْطَان. غایت۔ انتہا۔ گھوڑ دوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں۔ اور آخری جگہ کو مِيْتَاءُ و مِيْدَاء کہتے ہیں۔
وَطْوَطَ. کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔
الوَطْوَاط. چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط ووَطَاوِيط. الوَطْوَاط: کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔
الوَطْوَاطَة. جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔
وَطَّى تَوْطِيَةً الشَّيْءَ: پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔
تَوَطَّى. پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَّاَ و تَوَطَّاَ میں ایک لغت ہے۔
وَظَبَ يَظِبُ وُظُوْبًا الْاَمْرَ و عَلَى الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ صفت وَاظِبٌ (وَظْبًا) الشَّيْءَ: روندنا۔
وَاظَبَ مُوَاظَبَةً عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔
ہٗ عَلَى خِدْمَةِ فُلَانٍ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
تَوَاظَبَتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ: لگاتار پے در پے آنا۔

المِيْظَب. گول تیز پتھر۔
المَوْظُوْب. مص. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ" ایسا مرد جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔
وَظِرَ يَوْظَرُ وَظَرًا. موٹا و پُر گوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ.
وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا الْبَعِيْرَ: پاؤں کی رسی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا الْقَوْمَ: پیروی کرنا۔ الشَّيَّ عَلَى نَفْسِهِ: لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔
وَظَّفَ. روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔
وَظَّفَ عَلَيْهِ عَمَلًا: کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لیے چارہ مقرر کیا و وَظَّفَ عَلَى الصَّبِيِّ كُلَّ يَوْمٍ حِفْظَ اٰيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لیے مقرر کیں۔
وَاظَفَهُ. موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔
اِسْتَوْظَفَ. الشَّيَّ: پورا لے لینا۔
الوَظِيْفُ. گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُفٌ و اَوْظِفَة. الوَظِيْفُ: سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَائَتِ الْاِبِلُ عَلَى وَظِيْفٍ وَاحِدٍ" اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔
الوَظِيْفَة. عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف و وُظُفٌ. اور بسا اوقات منصب اور خدمت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْيَا وَظَائِف" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔
الوَعُّ. گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچہ کے رونے کی آواز۔
وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشَّيَّ: سب لے لینا۔
اَوْعَبَ اِيْعَابًا الشَّيَّ: سب لے لینا۔ جمع کرنا الْاَمْرَ: فارغ ہونا الرَّجُلَ: پوری زبان کاٹ لینا الشَّيَّ فِي الشَّيِّ: پورا داخل کر دینا

فِيْ مَالِهٖ فضول خرچی کرنا الْقَوْمُ پوری قوم کا نکل جانا۔

اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيْعَابًا الشَّیْءَ سب لے لینا۔ جڑ سے اکھیڑنا الْحَدِيْثَ پوری بات حاصل کرنا الْمَكَانُ او الْوِعَاءُ الشَّیْءَ گنجائش ہونا۔

الْوَعْبُ کشادہ راستہ۔ ج وِعَابٌ۔

الْوَعِيْبُ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ وَعِيْبٌ و وِعَاءٌ وَعِيْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

الْمُوْعَبُ کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا وَوَعَثًا ووَعُثَ يَوْعُثُ وُعُوْثَةً الطَّرِيْقُ راستہ دشوار گزار ہونا الْاَمْرُ گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعْثٌ و وَعِثٌ و مُوْعَثٌ وَاَوْعَثُ۔

وَعِثَتْ تَوْعَثُ و عَثًا يَدُهٗ ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَةٌ۔

وَعَّثَهٗ تَوْعِيْثًا عَنِ الْاَمْرِ باز رکھنا۔ روکنا۔

اَوْعَثَ سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا الرَّجُلُ خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا فِيْ مَالِهٖ فضول خرچی کرنا۔ الْمُتَكَلِّمُ گفتگو سے عاجز ہونا الْاَمْرَ بگاڑنا۔ فاسد کرنا فُلَانًا دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

الْوَعْثُ مص۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعُثٌ و وُعُوْثٌ۔

الْوَعْثَاءُ مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ الْوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

الْوُعُوْثُ سختی و برائی۔

الْمَوْعُوْثُ ناقص حسب والا۔

وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا وَعِدَةً و مَوْعِدًا و مَوْعِدَةً و مَوْعُوْدًا و مَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْاَرْضُ عمدہ فصل ہونے کی امید ہونا (وَعِيْدًا) الرَّجُلَ دھمکی دینا الْفَحْلُ: بڑبڑانا۔

اَوْعَدَهٗ اِيْعَادًا وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَدَهٗ مُوَاعَدَةً ایک دوسرے سے وعدہ کرنا ہٗ الْمَوْضِعَ او الْوَقْتَ وعدہ پورا کرنے کیلئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَوَاعَدَ وَاتَّعَدَ الْقَوْمُ ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَهٗ دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا ہٗ دھمکی دینا۔

اِيْتَعَدَ يَاتَعِدُ فَهُوَ مُوْتَعِدٌ۔ اِتَّعَلَ ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَهٗ وعدہ کرانا۔

الْوَعْدُ مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْدٌ آتی ہے۔

الْعِدَةُ وعدہ۔

الْمَوْعِدُ مص۔ وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عہد۔ ج مَوَاعِدُ

الْمِيْعَادُ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنے مُوَاعَدَةٌ مَوَاعِيْدُ۔

اَمْوْعُوْدٌ۔ اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْدُ قیامت کا دن۔

وَعَرَ يَعِرُ وَعْرًا فُلَانًا روکنا۔ ہٹانا (وَعْرًا و وُعُوْرًا) و وَعِرَ يَوْعَرُ و وَيَعِرُ وَوَعُرَ يَوْعُرُ و عَارَةً و وُعُوْرَةً) الْمَكَانُ سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعْرٌ و وَعِرٌ و وَعْرٌ الشَّیْءُ کم ہونا۔ صفت وَعْرٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعْرُ الْمَعْرُوْفِ" مرد کم احسان و کم خیر۔

وَعَّرَ الْمَكَانَ سخت بنانا الرَّجُلَ روکنا۔ ہٹانا الْمُتَكَلِّمَاتِ کاٹ دینا۔

اَوْعَرَ اِيْعَارًا بِهِ الطَّرِيْقُ راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا الرَّجُلُ سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا الشَّیْءَ کم کرنا (و اِسْتَوْعَرَ) الْمَكَانَ او الطَّرِيْقَ دشوار و سخت پانا۔

تَوَعَّرَ الْمَكَانُ سخت ہونا الْاَمْرُ عَلَيَّ: سخت و مشکل ہونا الرَّجُلُ سختی کرنا فِي الْكَلَامِ گشتہ و متحیر ہونا ہٗ فِي الْكَلَامِ: حیران بنانا۔

الْوَاعِرُ دشوار (والْوَعْرُ اَوْعُرٌ وَ وُعُوْرٌ واَوْعَارٌ و وُعُوْرَةٌ. والْوَعِيْرُ اَوْعَارٌ.

الْاَوْعَرُ سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعْرٌ او طَرِيْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الْوَعْرُ خوفناک متوحش جگہ۔

الْوَعْرِيُّ مِنَ الْكَلَامِ قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔

وَعَزَ يَعِزُ وَعْزًا و وَعَّزَ تَوْعِيْزًا و اَوْعَزَ اِيْعَازًا اِلَيْهِ فِيْ كَذَا اَنْ يَفْعَلَهٗ او يَتْرُكَهٗ: آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا۔

وَعَسَ يَعِسُ وَعْسًا الشَّیْءَ روندنا ہٗ الدَّهْرُ تجربہ کار بنانا۔

اَوْعَسَ اِيْعَاسًا الْقَوْمُ ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ اَوْعَسَتِ الْاِبِلُ اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

وَاعَسَهٗ رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔ وَاعَسَتِ الْاِبِلُ چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

الْوَعْسُ مص۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج اَوْعَاسٌ۔

الْوَعْسَةُ ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو۔

الْاَوْعَسُ وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعْسٌ وَاَوْعُسٌ وج اَوَاعِسُ۔

الْوَعْسَاءُ نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔

الْمَوْعِسُ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔

المِيْعَاس نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِيْس.

المُوْعَس چلا ہوا راستہ۔

الوِعَاط سرخ یا زرد گلاب۔

وَعَظَه يَعِظُهُ وَعْظًا وَعِظَةً نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاح اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔

اِتَّعَظَ نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔

اَلوَعْظَة. وَعَظَ کا اسم مرة۔ وعظ و نصیحت ج وَعْظَات.

العِظَة وعظ و نصیحت ج عِظَات.

الوَاعِظ فا۔ ج وَاعِظُوْنَ و وُعَّاظ.

الوَعَّاظ واعظ کا اسم مبالغہ۔

المَوْعِظَة وعظ کا اسم ہے۔ وعظ و نصیحت ج مَوَاعِظ.

وَعُف يَوْعُفُ وُعُوْفًا البَصَرُ نگاہ کا کمزور ہونا۔

الوَعْف سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِعَاف.

وَعَق يَعِقُ وَعْقًا و وُعَاقًا و وَعِيْقًا الفَرَسُ گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔

وَعِق يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ جلدی کرنا۔

وَعُق يَوْعُقُ وَعْقَةً و تَوَعَّقَ و اِسْتَوْعَقَ کمینہ خصلت والا ہونا۔ صفت وَعْقٌ و وَعِقٌ و وَعْقَةٌ و وَعِقَةٌ.

وَعَّقَهُ مخالفت کرنا۔ روکنا۔ بدخوئی کی طرف نسبت کرنا۔ فاسد کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَعَّقَهُ الطَّمْعُ او الجَهْلُ" اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کر دیا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَوْعَقَهُ" وہ کس قدر جلد باز ہے۔

الوَعْقَة اسم مرة۔ بدخلقی۔ درشت خوئی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَعْقَةٌ" اس کے ساتھ بدخلقی ہے یعنی وہ بدخلق ہے۔

الوُعَاق والوَعِيْق چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ ہر چیز کی آواز۔

وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا و وَعْكَةً الحَرُّ گرمی تیز ہونا۔ وَاعَكَتْهُ الحُمّٰى تیز بخار چڑھنا۔ صفت مفعولی مَوْعُوْكٌ الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچنا (وَعْكًا) الشَّيْئَ: توڑنا (وَاَوْعَكَ) الشَّيْئَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔

اَوْعَكَتِ الاِبِلُ عِنْدَ الحَوْضِ بھیڑ کرنا۔

تَوَعَّكَ بخار چڑھنا۔

الوَعْك س (والوَعِك والمَوْعُوْك) بخار والا۔

الوَعْكَة س وَعَكَ کا اسم مرة۔ ہوا کا رُکنا اور گرمی کا بڑھنا۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدان جنگ۔ مرض۔ وَعْكَةُ الحُمّٰى بخار کی تیزی۔ وَعْكَةُ الاَمْرِ معاملہ کی سختی۔ وَعْكَةُ الاِبِلِ اونٹوں کے گلے۔

المَوْعُوْك ص بخار والا۔

وَعَل يَعِلُ وَعْلًا الرَّجُلُ اوپر سے جھانکنا۔

تَوَعَّلَ الجَبَلَ پہاڑ پر چڑھنا۔

اِسْتَوْعَلَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ اِسْتَوْعَلَتِ الاَوْعَالُ پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔

الوَعْل والوَعِل والوُعِل پہاڑی بکرا۔ ج اَوْعَال و وُعُوْل و وُعُلٌ و وِعِلَة و مَوْعَلَة آخر کے دو اسم جمع ہیں۔ مؤنث وَعِلَة ج وِعِلَات و وِعَال. الوَعْل: شریف۔ جائے پناہ۔ ج اَوْعَال و وُعُوْل کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عَنْهُ وَعْلٌ" تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ "وَهُمْ عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ" وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔

الوَعْلَة پہاڑ میں بلند جگہ۔ مِنَ القَمِيْصِ قمیص کا تکمہ۔ وَعْلَةُ الاِبْرِيْقِ لوٹے کا دستہ۔

المُسْتَوْعَل پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مُسْتَوْعَلَات.

وَعَم و وَعِم يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ خوش باش کہنا اور اسی سے ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً" وعم بالخَيْرِ نیکی کی خبر دینا۔

الوَعْم س پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے مخالف ہو ج وِعَام.

تَوَعَّنَ الشَّيْئَ پورا لے لینا۔ تَوَعَّنَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا۔

الوَعْنُ و الوَعْنَةُ سخت زمین۔ زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان. الوَعْنُ: جائے پناہ۔

وَعْوَعَ وَعْوَعَةً و وَعْوَاعًا الكَلْبُ او ابْنُ آوَى بھونکنا القَوْمُ شور مچانا القَوْمَ: قوم کو جھڑ جھڑا دینا۔

الوَعْوَاع س لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہو۔ بیہودہ گو۔ گیدڑ یا کتے کی آواز۔ دیدبان۔

الوَعْوَع گیدڑ۔ لومڑی۔ بلیغ خطیب۔ بیابان۔ دیدبان ج وَعَاوِع. الوَعَاوِع: دلاور لوگ۔ الوَعْوَعِيّ: خوش طبع تیز خاطر۔

وَعٰى يَعِي وَعْيًا الشَّيْئَ: جمع کرنا الحَدِيْثَ: قبول کرنا۔ غور کرنا۔ یاد کرنا الاُذُنُ سننا القَيْحُ فِي الجُرْحِ پیپ کا زخم میں جمع ہونا الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا العَظْمُ ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا۔

اَوْعٰى اِيْعَاءً الكَلَامَ او الشَّيْئَ یاد کرنا۔ جمع کرنا الزَّادَ و نَحْوَهُ: برتن میں رکھنا الرَّجُلَ و عَلَيْهِ: بخل کرنا (واسْتَوْعٰى اِسْتِيْعَاءً) الشَّيْئَ سارا لینا۔

الوَعْي س پیپ (والوَعٰى) شور۔ اور کہا جاتا ہے "مَا لِي عَنْهُ وَعْيٌ" مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ "فَرَسٌ وَعْيٌ" مضبوط و قوی گھوڑا۔

الوِعَاء والوُعَاء برتن ج اَوْعِيَة جج اَوَاعٍ.

الوَاعِي فا۔ وَاعِي اليَتِيْمِ یتیم کا والی و نگہبان۔

الوَاعِيَة. وَاعِي کا مؤنث آواز۔ چیخ۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَوْعٰى مِنْ فُلَانٍ وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے۔ "وَهُوَ اَوْعٰى مِنْ نَمْلَةٍ" وہ چیونٹی سے زیادہ جمع

کرنے والا ہے۔
الوَعِیُّ یاد کرنے والا۔ فقیہ۔
وِعَائِیَاتُ الْبُزُوْرِ وہ نبات جن کے بیج چھپے ہوئے ہوں۔ جیسے بادام وغیرہ۔
مَوْعِیُّ الرُّسْغِ مضبوط کلائی والا۔
وَغَبَ یَوْغُبُ وَغَابَةً و وُغُوْبَةً الْجَمَلُ اُونٹ کا موٹا ہونا۔
الوَغْبُ ردی سامان۔ موٹا اُونٹ۔ کمزور جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج اَوْغَاب و وِغَاب۔ مؤنث وَغْبَةٌ (والوَغَبَة) بیوقوف۔
وَغَدَ یَغِدُ وَغْدًا الْقَوْمَ خدمت کرنا۔
وَغُدَ یَوْغُدُ وَغَادَةً ضعیف العقل و کمینہ ہونا۔
وَاغَدَهٗ مُوَاغَدَةً کسی کے فعل کی نقل کرنا۔ وَاغَدَ فُلَانًا فِی السَّیْرِ رفتار میں مقابلہ کرنا۔
الوَغْدُ ضعیف العقل۔ بیوقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج اَوْغَادٌ و وُغْدَان و وِغْدَان مؤنث وَغْدَةٌ۔ الوَغْد جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔
وَغَرَ یَغِرُ وَغْرًا الْیَوْمُ سخت گرم ہونا۔
وَغِرَتْهُ الشَّمْسُ تیز دھوپ پڑنا (و وَغِرَ یَوْغَرُ و یَیْغَرُ وَغَرًا) صَدْرُهٗ عَلٰی فُلَانٍ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
وَغَّرَهٗ تَوْغِیْرًا عَلَیْهِ کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔
اَوْغَرَهٗ اِیْغَارًا غضبناک کرنا۔ اَوْغَرَ صَدْرَهٗ غصہ سے بھڑکانا۔ الْمَاءَ پانی گرم کرنا۔ هٗ اِلٰی کَذَا پناہ لینے پر مجبور کرنا۔ الْخِنْزِیْرَ سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کر کے ذبح کرنا۔ "اَوْغَرَ الْمَلِکُ لِرَجُلٍ اَرْضًا وَاَوْغَرَهٗ اَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا۔ الْقَوْمُ گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔
اَوْغَرُوْا بَیْنَهُمْ مِیْغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔
تَوَغَّرَ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الوَغْرُ والوَغَرُ س۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغْرُ الْجَیْشِ لشکر کا شور۔
الوَغْرَةُ اسم مرۃ۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے لَقِیْتُهٗ فِیْ وَغْرَةِ الْهَاجِرَةِ میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔
الوَغِیْرُ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (والوَغِیْرَة) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔
المِیْغَرُ وقت معین۔ وعدہ۔
وَغَفَ یَغِفُ وَغْفًا و وُغُوْفًا الْبَصَرُ نگاہ کمزور ہونا الرَّجُلُ جلدی چلنا اور دوڑنا۔
اَوْغَفَ اِیْغَافًا الرَّجُلُ جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدرِ کفایت کھانا کھانا۔ الْکَلْبُ کتے کا ہانپنا الطَّائِرُ پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑ پھڑانا۔
وَغَلَ یَغِلُ وُغُوْلًا فِی الشَّیْءِ داخل ہو کر چھپنا؛ جانا اور دور جانا (وَغْلًا و وُغُوْلًا و وَغَلَانًا) عَلَی الْقَوْمِ بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آکر پینا۔
اَوْغَلَ اِیْغَالًا فُلَانًا فِیْ کَذَا داخل کرنا فِی السَّیْرِ تیز چلنا فِی الْعِلْمِ و نَحْوِهٖ پوری طرح جدوجہد کرنا الْقَوْمُ دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (وتوغل) فِی الْبِلَادِ جانا اور دور تک جانا۔
الوَغْلُ س۔ سست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج اَوْغَال (و الوَغِل) جھوٹا نسب کا دعوی کرنے والا۔ بدخوراک۔
الوَغَّالُ وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔
المُوْغِلُ جلدی داخل ہونے والا۔
وَغَمَهٗ یَغِمُهٗ وَغْمًا مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالْخَبَرِ خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ اِلَی الشَّیْءِ خیال جانا۔
وَغِمَ یَوْغَمُ وَغْمًا عَلَیْهِ کینہ رکھنا۔

اَوْغَمَهٗ کینہ ور بنانا۔
تَوَغَّمَ عَلَیْهِ غضبناک ہونا (وَتَوَاغَمَ) الْاَبْطَالُ فِی الْحَرْبِ سخت جنگ کرنا۔ اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الوَغْمُ س۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و مقاتلہ۔ نفس۔ بیوقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام۔ رَجُلٌ وَغْمٌ کینہ ور۔
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا جنگ میں پیش قدمی کرنا۔ عَلَی الْمَعَاصِیْ اصرار کرنا۔
الوَغٰی و الوَغْی شور و آواز۔ لڑائی۔
وَفَدَ یَفِدُ وَفْدًا و وُفُوْدًا و وِفَادَةً و اِفَادَةً اِلٰی او عَلَی الْاَمِیْرِ قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِدٌ ج وَفْدٌ و وُفُوْدٌ و وُفَّادٌ و وُفَّدٌ و اَوْفَادٌ۔
اَوْفَدَ اِیْفَادًا بلند ہونا عَلَیْهِ اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الْاِبِلُ او الطَّیْرُ ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔
تَوَافَدَ الْقَوْمُ عَلَیْهِ اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِیْ قِعْدَتِهٖ غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) هٗ وفد بھیجنا۔
الوَفْدُ س۔ وَافِدٌ کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الوَفْدُ ریت کے ٹیلہ کی چوٹی۔ ج وُفُوْد و اَوْفَاد۔
الوَافِدُ مِنَ الْاِبِلِ و نَحْوِهَا سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے۔
الوَفَّادُ بہت وفد والا۔
وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا وَفِرَةً لَهُ الْمَالَ زیادہ کرنا۔ پورا کرنا عِرْضَ فُلَانٍ حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفَرْتُهٗ عِرْضَهٗ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو عَطَائَكَ رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا الثَّوْبَ کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (وَفْرًا و وُفُوْرًا وَفِرَةً و وَفُرَ یَوْفُرُ وَفَارَةً) الْمَالُ او الْمَتَاعُ مال یا سامان

بکثرت ہونا۔

وَفَّرَ تَوْفِيرًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا لِفُلَانٍ عِرْضَهُ: حفاظت کرنا۔ گالی نہ دینا الْمَالَ: کمی نہ کرنا حِصَّةً مِنَ الْمَالِ: باقی رکھنا۔ عَلَيْهِ حَقَّهُ: پورا حق دینا الثَّوْبَ: کپڑا کشادہ قطع کرنا لِفُلَانٍ طَعَامَهُ: پوری خوراک دینا اللّٰهُ حَظَّهُ مِنْ كَذَا: کامل کرنا۔

اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پورا کرنا۔

تَوَفَّرَ عَلٰى كَذَا: ہمت صرف کرنا عَلٰى صَاحِبِهِ: حرمت وعزت کا پاس ولحاظ کرنا۔

تَوَافَرَ وَاتَّفَرَ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔

اِسْتَوْفَرَ الشَّيْءَ: پورا کرنا الْحَقَّ: پورا حق لینا۔

الوَفْرُ. مص۔ توانگری مِنَ الْمَالِ اَوِ الْمَتَاعِ بہتات۔ کثرت۔ یا صرف مال و متاع ہی کے لیے نہیں بلکہ ہر چیز کیلئے عام ہے۔ ج وُفُوْرٌ.

الوَفْرَةُ. اسم مرۃ۔ کثرت۔ بہتات۔ کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَارٌ.

الوَافِرُ. فا۔ علم عروض کی ایک بحر۔

الوَافِرَةُ. وافر کا مؤنث دنبہ کی بڑی چکی۔

الاَوْفَرُ. کامل۔ تام۔ مکمل۔

الوَفْرَاءُ. بھرا ہوا۔ مَزَادَةٌ وَفْرَاءُ: پوری کھال والا توشہ دان۔ اُذُنٌ وَفْرَاءُ: بڑا کان۔ اَرْضٌ وَفْرَاءُ بہت گھاس ونباتات والی زمین۔ قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ. بہت لوگ۔

المُوَفَّرُ. مف۔ المُوَفَّرُ الشَّعْرِ: بہت اور لمبے بالوں والا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلٰى اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔

المَوْفُوْرُ. مف۔ مکمل چیز۔

اَوْفَزَهُ اِيْفَازًا. جلدی کرانا۔

وَافَزَهُ. جلدی کرنا۔

تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلٰى فِرَاشِهِ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے لگا۔

اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيفَازًا فِيْ قِعْدَتِهِ: غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لیے تیار ہونا۔

الوَفْزُ والوَفَزُ. جلدی ج اَوْفَازٌ و وِفَازٌ. مَكَانٌ وَفْزٌ: بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰى وَفْزٍ او وِفَازٍ او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کیلئے تیار ہیں۔

اَوْفَضَ اِيْفَاضًا. تیز چلنا اور دوڑنا ہٗ: دھتکارنا الْاِبِلَ: اونٹوں کو جدا جدا کرنا لِلرَّجُلِ: بیٹھنے کے لیے فرش بچھانا۔

اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا. تیز چلنا اور دوڑنا۔ الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا جلدی کرانا۔ دھتکارنا۔ جلاوطن کرنا۔

الوَفْضُ والوَفَضُ. مص۔ جلدی ج اَوْفَاضٌ.

الوِفَاضُ. چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُضٌ.

الوَفْضَةُ. اسم مرۃ۔ ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے' چرواہے کا تھیلا۔ اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ج وِفَاضٌ.

الاَوْفَاضُ. لوگوں کی مختلف جماعتیں۔

نَاقَةٌ اَوْ نَعَامَةٌ مِيْفَاضٌ: تیز رفتار اونٹنی یا شتر مرغ۔

الوَفْعُ. بلند عمارت یا بلند جگہ۔ ج اَوْفَاعٌ.

غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ و وَفَعَةٌ و وَافِعَةٌ نوجوان لڑکا۔

الوَفِيْعَةُ. قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔

الوَفِيْعَةُ والوَفْعَةُ. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ الوَفِيْعَةُ والوَفْعَةُ والوِفَاعُ: شیشی کی ڈاٹ۔

وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرَ: موافق پانا الْاَمْرُ: موافق ہونا۔

وَفَّقَ الْاَمْرَ: موافق کرنا ہٗ اللّٰهُ: درست کرنا ہٗ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ: الہام کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ اصلاح کرنا۔ وُفِّقْتُ لَهُ: اس نے مجھے پالیا اُس نے مجھ سے ملاقات کی۔

وَافَقَهُ وِفَاقًا و مُوَافَقَةً. پانا ہٗ فِيْ او عَلَى الشَّيْءِ: موافق ہونا بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ دو چیزوں کو جوڑنا۔

اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهُ: قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اُوْفِقَ لِزَيْدٍ لِقَاءُ نَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہو گئی۔

اَوْفَقَ السَّهْمَ وبالسَّهْمِ: تیر چلانے کیلئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فوق) یہ اَفْوَق کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔

تَوَفَّقَ. کوشش کامیاب ہونا۔ توفیق پانا۔

تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَى الشَّيْءِ وَفِيْهِ: اتفاق کرنا۔ قریب ہونا۔ متحد ہونا۔ اِتَّفَقَ مَعَهُ: موافقت کرنا۔ الْاَمْرُ: واقع ہونا۔

اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيْفَاقًا اللّٰهَ: اللہ سے توفیق مانگنا۔

الوَفْقُ. مص۔ دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "كَسْبُهُ وَفْقُ عِيَالِهِ" اس کی کمائی اس کے اہل و عیال کے لیے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَيْتُهُ وَفْقَ طَلْعَتِ الشَّمْسُ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔

التَّوْفِيْقُ. مص۔ تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ و تَوَفَاقُهُ و تِيْفَاقُهُ و تِيْفَاقُهُ و تَوَقُّفُهُ و مِيْنَاقُهُ: نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔

الوَفِيْقُ. ہمراہی۔ ساتھی۔

المُوَفَّقُ. مف۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءَ: چھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چھیلنا۔

الوَفْلُ. مص۔ تھوڑی چیز۔

وَفَهَ يَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِيُّ: خادم گرجا ہونا۔

الوَافِهُ. گرجا کا ناظم و نگراں۔ سرپنچ۔

الوِفَاهَةُ. گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔

الوَفْهِيَّة. گرجا کے ناظم کا رتبہ۔

وَفٰی یَفِی وَفَاءً بِالْوَعْدِ او العَهْدِ: پورا کرنا۔ محافظت کرنا النَّذْرَ: نذر پوری کرنا الشَّئُ: طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مر گیا اور تیری عمر دراز ہو ریْشُ الجَنَاحِ: بازو کے پروں کا پورا ہونا (وُفِیًّا) الشَّئُ: کامل ہونا اور بہت ہونا الدِّرْهَم المِثْقَالَ: برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّئُ لَا یَفِی بِذَاكَ" یہ چیز اُس کے برابر نہیں ہے۔

وَفّٰی تَوْفِیَةً الرَّجُلَ حَقَّهٗ: پورا حق دینا۔

اَوْفٰی اِیْفَاءً بِالْوَعْدِ: پورا کرنا النَّذْرَ نذر پوری کرنا الْکَیْلَ: پورا ناپنا فُلَانًا حَقَّهٗ: پورا حق دینا المَکَانَ: آنا عَلَی المَکَانِ: اوپر سے جھانکنا عَلَی المِاَةِ: سو سے زائد ہونا عَلَی الشَّئِ و فِی الشَّئِ: اوپر سے جھانکنا۔

وَافٰی مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهٗ: پورا حق دینا الرَّجُلَ: آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الْحِمَامُ او الْکِتَابُ: موت کا آنا یا خط کا آنا۔

تَوَافٰی تَوَافِیًا القَوْمُ: ساری قوم کا آنا۔

تَوَفّٰی تَوَفِّیًا: پورا ہونا حَقَّهٗ: پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّیْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِیْ عَلَیْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا المُدَّةَ: مدت کو پہنچنا الشَّئَ: کامل بنانا عَدَدَ القَوْمِ: پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ موت دینا۔ تُوُفِّیَ فُلَانٌ: فلاں مر گیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّی اور بندے کو مُتَوَفّٰی کہیں گے۔

اِسْتَوْفٰی اِسْتِیْفَاءً حَقَّهٗ: کامل و پورا حق لینا۔

الوَفَاء. مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مر گیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مر گیا اور تیری عمر دراز ہو۔

الوَفٰی و المِیْفٰی و المِیْفَاة. زمین کا بلند حصہ۔ المِیْفٰی: تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔

الوَفَاة. موت۔ ج وَفَیَات.

الوَفِیّ. پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِیَاء.

الوَافِی. فا۔ مؤنث وَافِیَة. ایک درہم اور چار دانق عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔

المِیْفَاء. وفا کرنے والا۔

وَقَبَ یَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ: متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔

وَقَبَتْ وَقْبًا و وُقُوْبًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا الظَّلَامُ: تاریکی پھیلنا القَمَرُ: چاند کا گہن میں آنا الرَّجُلُ دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا عَیْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔

اَوْقَبَ اِیْقَابًا. بھوکا ہونا الشَّئُ: پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا النَّخْلُ: درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔

الوَقْب. مص۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا ج وُقُوْب و وِقَاب. الوَقْبُ: بیوقوف۔ کمینہ ج اَوْقَاب. الاَوْقَاب: گھر کا سامان۔

الوَقْبَان. بیوقوف۔ ج وَقْبٰی.

الوَقْبَة. پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔

رَکِیَّةٌ وَقْبَاءُ. گہرے پانی کا کنواں۔

القِبَة. اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔

الوُقْبِیّ. بیوقوفوں کی صحبت کا حریص۔

المِیْقَب. کوڑی۔

المِیْقَاب. بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ یَسِیْرُوْنَ سَیْرَ المِیْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔

وَقَتَ یَقِتُ وَقْتًا الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔

وَقَّتَ الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الاَمْرَ لِیَوْمِ کَذَا" اُس نے کام فلاں دن کے لیے مقرر کیا۔

الوَقْت. س۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات اَوْقَاتُ السَّنَةِ: سال کی فصلیں۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ و مُوَقَّتٌ: مقرر کردہ وقت۔

المَوْقِت. تعین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔

المِیْقَات. وقت۔ وعدہ جس کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کیلئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِیْت.

المُوَقِّت. اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔

وَقُحَ یَقِحُ قِحَةً و قَحَةً و وَقِحَ یَوْقَحُ و قَحًا و قُحَ یَوْقُحُ وَقَاحَةً و وُقُوْحَةً. بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ حَافِرُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔

وَقَّحَ الحَوْضَ: حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔

اَوْقَحَ و اِسْتَوْقَحَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔

تَوَاقَحَ. بے حیائی ظاہر کرنا۔

الوَقَاح (مذکر و مؤنث) بے شرم ج وُقُح و وُقَّح. حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔

رَجُلٌ وَقِیْحُ الوَجْهِ: بے شرم مرد۔

المُوَقَّح. مف۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِیْرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔

وَقَدَ یَقِدُ وَقْدًا و وَقَدًا و وُقُوْدًا و وَقَدَانًا و قِدَةً و اتَّقَدَ. روشن ہونا النَّارُ: آگ جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِكَ زِنَادِیْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَّدَ و اَوْقَدَ و تَوَقَّدَ و اِسْتَوْقَدَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ و اِسْتَوْقَدَتْ آگ بھڑکنا تَوَقَّدَ الکَوْکَبُ: ستارہ کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰهُ دَارَهٗ وَاَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهٗ اللہ اس کے گھر کو دور کر

دے اور آگ میں اس کے اثر کو جلا دے یعنی اس کو واپس نہ کرے۔
الوَقْد والوَقَد. مص۔ آگ۔
الوَقْدَة. وَقَد کا اسم مرۃ۔ سخت گرمی کا زمانہ کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔
القِدَة. مص۔ جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کی اصل قِدْوٌ ہے تا واؤ کے بدلہ میں ہے۔
الوِقَاد والوَقِيد والوَقُود. ایندھن جس سے آگ سلگائی جائے۔
الوَقَّاد. اسم مبالغہ۔ كَوْكَبٌ وَقَّادٌ: بہت روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ. تیز طبع روشن خاطر مرد۔
المَوْقِد ج مَوَاقِد والمُسْتَوْقَد: چولھا۔
زَنْدٌ مِيْقَادٌ. جلدی روشن ہونے والا چقماق۔
المتوَقِّد. فا۔ روشن۔ تیز طبع۔
وَقَذَهُ يَقِذُهُ وَقْذًا. پچھاڑنا۔ مہلک ضرب لگانا۔ صفت مفعولی وَقِيْذٌ و مَوْقُوْذٌ ہٗ النُّعَاسُ: غلبہء نیند کی وجہ سے متوالا ہونا (وَاَوْقَذَ) فُلَانًا: بیمار چھوڑنا۔
الوَقِيْذ. مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل سست۔ وَقِيْذُ الْجَوَانِح: غمگین دِل والا۔ مؤنث وَقِيْذَةٌ ج وَقَائِذ. الوَقَائِذ: بجھے ہوئے پتھر۔
المَوْقِذ. بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ۔ گھٹنا۔ کندھا۔ ج مَوَاقِذ.
وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا العَظْمَ: ہڈی کا پھاڑنا۔ وُقِرَ الْعَظْمَ: ہڈی کا پھٹنا۔ صفت مفعولی مَوْقُوْرٌ و وَقِيْرٌ (قِرَةً و وَقَارَةً و وَقْرًا و وَقُرَ يَوْقَرُ وَ قَارَةً و وَقَارًا) الرَّجُلُ: سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا و وُقُوْرَةً فِيْ بَيْتِه: وقار کے ساتھ بیٹھنا۔ وَقَرَت تَقِرُ و وَقِرَتْ تَوْقَر وَقْرًا و وُقِرَتْ اُذُنُهٗ: بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت مَوْقُوْرَةٌ.
وَقَّرَ الشَّيْخَ: تعظیم کرنا فُلَانًا: زخمی کرنا اَلدَّابَّةَ: آرام دینا لِلشَّيْئِ: نشان بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَقَّرَتْنِي الْاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو مشاق بنا دیا۔
اَوْقَرَ اِيْقَارًا و قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ: چوپایہ پر بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَت النَّخْلَةُ و اُوْقِرت سُست پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ و مُوْقِرَة و مُوْقَرَة الدَّيْنُ فُلَانًا: قرض کا گرانبار کرنا۔
تَوَقَّرَ واتَّقَرَ. باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔
اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِيْقَارًا الْاِبِلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وِقْرَهُ طَعَامًا: بوجھ بھر کھانا لینا۔
الوَقْر. مص۔ پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُوْر. کہا جاتا ہے "فِيْ صَدْرِهٖ وَقْرٌ" اس کے دِل میں کینہ ہے۔
الوِقْر. بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَار.
الوَقْرَة. اسم مرۃ۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی سختی ج وَقَرات الوَقَرات: نشانیاں۔
القِرَة. مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَات.
الوَقَرِيّ. بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔
الوَقَار. سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (والوَقُور) مِنَ الرِّجَالِ: سنجیدہ و صاحب وقار مرد۔
الوَقُوْر (مذکر و مؤنث) صاحبِ وقار۔ ج وُقُر.
الوَقِيْر. پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔ لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت (و الوَقِيْرَة) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اُذُنٌ وَقِيْرَةٌ: بہرا کان یا بوجھل کان۔
المُوَقَّر. مفع۔ تجربہ کار۔ عقل مند جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔
المُوَقَّر. پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔
المِيْقَار مِنَ النَّخْلِ: بہت پھل دار ج مَوَاقِيْر.
وَقَسَ يَقِسُ وَقْسًا الْجَرَبُ فِيْ بَدَنِهٖ: کھجلی پھیلنا الفَاحِشَةَ: بری بات کا ذکر کرنا ہٗ بِالْمَكْرُوْهِ: تہمت لگانا الْجِلْدَ: کھال چھیلنا۔ وَقَّسَ الْاِبِلَ: کھجلی لگانا۔
الْاَوْقَاس. مختلف لوگوں کی جماعت۔
وَقَشَ يَقِشُ وَقْشًا الرَّسْمُ: نشان کا مٹنا ہٗ فُلَانٌ: عطیہ پانا (وَاَوْقَشَ لَهٗ بِشَيْئٍ) کچھ تھوڑا سا دینا۔
تَوَقَّشَ. ہلنا۔
الوَقْش والوَقْشَة والوَقَشَة. آواز۔ حرکت۔ الوَقْش: عیب۔
الوَقْش والوَقَش. آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔
الْاَوْقَاش. مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔
وَقَصَ يَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا وَقَصَتِ الْعُنُقُ: گردن کا ٹوٹ جانا بِهٖ الدَّابَّةُ: گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّيْئَ: عیب لگانا۔ گھٹانا رَاْسَهٗ: نیچے سے دبانا۔
وُقِصَ الرَّجُلُ: ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔ صفت مَوْقُوْصٌ.
وَقِصَ يَوْقَصُ وَقَصًا پیدائشی چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَوْقَص مؤنث وَقْصَاء ج وُقْصٌ اور کبھی گردن کی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَص و عُنُقٌ وَقْصَاء"
وَقَّصَ عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا عَلَى النَّارِ: چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔
اَوْقَصَهٗ. اَوْقَص بنا دینا (دیکھئے اَوْقَص)
تَوَقَّصَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا چلنے میں زور سے قدم ڈالنا۔
تَوَاقَصَ. کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔
الوَقْص. مص۔ عیب فِي الْعُرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کا گرا دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔

الوَقَص. س۔ آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ج اَوْقَاص. کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِیْ فُلَانٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔

الوَقَّاص. پرندوں کے شکار کا جال۔ ج وَقَاصِیْص. کہا جاتا ہے "خُذْ وَقَصَ الطَّرِیْقَیْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔

الوَقِیْصَة. گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ ج وَقَائِص.

المَوْقُوص. ث فِی الْعَرُوْضِ: اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرادیا گیا ہو۔

وَقَظَهٗ یَقِظُهٗ وَقْظًا پچھاڑنا۔ مار کر کے ست کر دینا۔ وُقِظَ فِیْ رَاسِهٖ: بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَکَلْتُ طَعَامًا وَقَظَنِیْ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے ست بنادیا اور سلادیا۔

وَقَظَ الصَّخْرُ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔

اِسْتَوْقَظَ اِسْتِیْقَاظًا الْمَکَانُ: لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔

الوَقْظ والوَقِیْظَة. گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاظ.

الوَقِیْظ. گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَاظ و وِقْطَان واقاظ مار یا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے ست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وَقْطٰی و وَقَاظٰی مؤنث وقیظ (مذکر کی مانند)

وَقَظَهٗ یَقِظُهٗ وَقْظًا. مہلک ضرب مارنا۔

وَقَظَ عَلَی الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔

الوَقِیْظ. وہ شخص جو اٹھنے پر قادر نہ ہو۔

وَقَعَ یَقَعُ وُقُوْعًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِیْ: گرنا۔ الحَقُّ: ثابت ہونا الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ: واجب ہونا الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا الدَّوَابُّ: جانوروں کا بیٹھنا رَبِیْعٌ بِالْاَرْضِ: موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لیے سَقَطَ کا لفظ نہیں بولا جاتا الطَّیْرُ عَلٰی شَجَرٍ اَوْ اَرْضٍ: پرندہ کا درخت یا زمین پر اترنا۔ صفت وُقُوْع وُقَّع

وَوَقَعَ فِی الشَّرَكِ: جال میں پھنسنا فِیْ اَرْضٍ فُلَاةٍ: داخل ہونا الرَّجُلُ فِیْ عَمَلِهٖ: کام میں نرمی اختیار کرنا فِی الْعَمَلِ شروع کرنا الکَلَامُ فِیْ نَفْسِهٖ: اثر کرنا الْاَمْرُ: حاصل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ لَهٗ وَاقِعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (وُقُوْعًا و وَقِیْعَةً) فِیْ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ غیبت کرنا۔ (وَقْعًا) اِلٰی کَذَا: جلدی جانا مِنْ کَذَا و عَنْ کَذَا: باز رہنا۔ الگ ہونا النَّصْلَ بِالْمِیْقَعَةِ: تیز کرنا۔ صفت مفعولی وَقِیْعٌ الْبَعِیْرُ: دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (وَقْعًا ووَقْعَةً) بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقاتلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ عِنْدَ فُلَانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصّہ اور مرتبہ پایا "و وَقَعَ الْاَمْرُ مِنْهُ مَوْقِعًا حَسَنًا او سَیِّئًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وفُلَانٌ لَیَسِفُّ وَلَا یَقَعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا۔ "وَهٰذِهٖ نَعْلٌ لَا تَقَعُ عَلٰی رِجْلِیْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔

وُقِعَ فِیْ یَدِهٖ: نادم وپشیمان ہونا (مانند سُقِطَ فِیْ یَدِهٖ کے)

وَقِعَ یَوْقَعُ وَقَعًا. ننگے پیر ہونا۔ سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا درد مند ہونا۔ صفت وَقِعٌ.

وَقَّعَ الْوَبَرُ ظَهْرَ الْبَعِیْرِ: نشان ڈالنا المَطَرُ الْاَرْضَ: کہیں کہیں اگانا العَهْدَ او الفَرْمَانَ: شاہی مہر لگانا الْکِتَابَ او الصَّكَّ خط یا چیک پر دستخط کرنا الکَاتِبُ فِی الْکِتَابِ زوائد کو حذف کر دینا الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا وَقَّعَ ظَنَّهٗ عَلَی الشَّیْءِ: اندازہ کرنا عَلٰی فُلَانٍ: گمان کرنا الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ تیز کرنے کے لیے متوجہ ہونا الحِجَارَةَ حَافِرَةً: کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا القَوْمُ: آخر رات میں آرام لینے کے لیے اتر پڑنا۔

وَاقَعَهٗ وِقَاعًا و مُوَاقَعَةً. جنگ کرنا۔ وَاقَعَ الْاُمُوْرَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو سر انجام دینا۔

اَوْقَعَهٗ اِیْقَاعًا. واقع کرنا۔ اَوْقَعَ بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا بِهِ الشَّرَّ: بدی میں پھنسا دینا الدَّهْرُ بِهٖ: زمانہ کا سختیاں ڈالنا الرَّوْضَةُ: پانی روک لینا المُغَنِّیْ: سُر ٹھیک کرنا۔

تَوَقَّعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید لگانا۔

تَوَاقَعَ الْاَعْدَاءُ: دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید رکھنا۔ خوف کھانا السَّیْفُ: تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔

الوَقْعُ. س۔ کسی چیز کی ضرب کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ وَقْعَ حَافِرِ الدَّابَّةِ ووَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَةٌ. کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ وَقْعٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔

الوَقَع. س۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقَعَةٌ.

الوَقَع. بارش کی امید دلانے والا بادل۔

الوَقْعَة. وقع کا اسم مرۃ۔ لڑائی کی دھکا پیل۔ آخری رات کی نیند۔ دن میں ایک بار کی قضاء حاجت۔ وَقَعَ الطَّائِرُ سے اسم جب کہ وہ اڑتے اڑتے نیچے اترے۔ وَقْعَةُ السَّیْفِ: تلوار کا پڑنا۔ ج وَقَعَات.

الوِقْعَة. وقع کا اسم نوع۔

التَّوْقِیْع. س۔ کسی چیز کا وہم وگمان کرنا۔ آخر رات میں اترنا۔ کتاب سے فراغت کے بعد ضمیمہ لگانا۔ تَوْقِیْعُ السُّلْطَانِ: شاہی مہر۔ ج تَوَاقِیْع.

الْاِیْقَاع. س۔ سروں کی موزونیت۔

الوَاقِع. فا۔ طَائِرٌ وَاقِعٌ: درخت پر یا گھونسلے میں رہنے والا پرندہ ج وُقَّعٌ و وُقُوْع

کہا جاتا ہے رَجُلٌ وَاقِعُ الطَّيْرِ: نرم طبیعت مرد۔ النَّسْرُ الْوَاقِع: بنات النعش کے قریب ایک ستارہ۔

الوَاقِعَة. وَاقع کا مؤنث لڑائی کی دھکا پیل۔ مصائب زمانہ میں سے ایک مصیبت۔ قیامت رَجُلٌ وَاقِعَةٌ. بہادر مرد۔

وَقَّاع. بروزن قَطَامِ. دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ۔

الوَقَاعَة. زمین کی سختی جس کی وجہ سے پانی جذب نہ ہو سکے۔

وِقَاعَةُ السِّتْرِ: پردہ لٹکانے میں زمین پر پڑنے کی جگہ۔

الوَقِيْع. تیز کیا ہوا پھل۔ پتھروں سے رگڑ کھایا ہوا کھر۔ سخت جگہ جو پانی کو جذب نہ کرے ج وُقُع.

الوَقِيْعَة. لڑائی اور مقاتلہ کا تصادم۔ لوگوں کی غیبت۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے ج وِقَاعٌ و وَقَائِع. وَقِيْعَةُ الطَّائِرِ: وہ جگہ جہاں پرندہ کے اترنے کی عادت ہو۔ وَقَائِعُ الْعَرَب: عرب کی لڑائیاں۔

الوَقَّاع و الوَقَّاعَة. لوگوں کی غیبت کرنے والا۔

المَوْقِع. گرنے کی جگہ ج مَوَاقِع. مَوَاقِعُ الْقَطْرِ: بارش ہونے کی جگہ۔ مَوَاقِعُ الْقِتَال: جنگ کی جگہ۔

مَوْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اترنے کی جگہ ج مَوَاقِع.

اَلْوَاقِعِيّ: واقعیہ مذہب کو ماننے والا۔ الواقعية: ان لوگوں کا مذہب جو کہ مجردات کی حقیقت کے قائل ہیں۔

اَلْوَاقِعِيَّةُ فِي الاَدَب: چیزوں کی حتی المقدور تصویر کشی حقیقت میں کرنا اگرچہ کچھ بد شکلی ہوتی ہے۔

المِيْقَعَة. ہتھوڑا۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے دھوتا ہے۔ چھری وغیرہ پر سان رکھنے کا لمبا پتھر۔ مِيْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اترنے کی جگہ اور اس کی الفت کی جگہ ج مَوَاقِع.

المُوَقِّع. فا۔ آہستہ قدم رکھنے والا۔ مہر شاہی کا محافظ۔ شاہی فرمان لکھنے والا۔

المُوَقَّع. مف۔ مصائب زدہ۔ رہ چلتا راستہ۔ تیز کی ہوئی چھری۔

المَوْقُوْع. مف۔ پتھروں سے رگڑ کھا کر ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا۔ قَدَمٌ مَوْقُوْعَةٌ: سخت قدم۔

وَقَفَ يَقِفُ وَقْفًا و وُقُوْفًا. ٹھہرنا۔ چپ چاپ کھڑا ہونا فِي الْمَسْاَلَةِ: شک کرنا القَارِئُ عَلَى الْكَلِمَةِ: وقف پڑھنا۔ کلمہ کے آخری حرف کو ساکن پڑھنا۔ وَقَفَ عَلَى الْاَمْرِ سمجھنا۔ مطلع ہونا (وَقْفًا) الدَّابَّةَ: ٹھہرانا کھڑا کرنا ہٗ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا الدَّارَ فِيْ سَبِيْلِ الله: وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَهَا لَهٗ وعَلَيْهِ" اس نے اس کو اس کے لیے وقف کیا "وَقَفَ الْاَمْرَ عَلٰى حُضُوْرِ فُلَانٍ" اس نے معاملہ کو فلاں کی موجودگی پر ملتوی کیا ہٗ عَلَى الذَّنْبِ خبردار کرنا القِدْرَ بِالْمِيْقَافِ: ہانڈی کے جوش کو ڈوئی سے کم کرنا عَلَيْهِ: معائنہ کرنا (وِقِّيْفٰى) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کرنا۔

وَقَّفَهٗ. کھڑا کرنا التُّرْسَ: ڈھال کے گرداگرد لوہے وغیرہ کا حلقہ بنانا المَرْاَةَ عورت کو کنگن پہنانا السَّرْجَ: زین کی اس طرح مرمت کرنا کہ پیٹھ کو زخمی نہ کرے۔

الْحَدِيْثَ: بیان کرنا الْقَارِئَ: وقف کے مواقع بتانا الجَيْشَ: ایک دوسرے کے پیچھے کھڑا ہونا۔ وَقَّفَتِ الْمَرْاَةُ يَدَيْهَا بِالْحِنَّاءِ عورت کا ہاتھوں کو نقطے دار رنگنا۔ وَقَّفَ الدَّابَّةَ: ٹھہرانا۔ کھڑا کرنا فُلَانًا عَلٰى ذَنْبِهٖ: خبردار کرنا۔

وَاقَفَهٗ مُوَاقَفَةً و وِقَافًا فِي الْحَرْب او الْخُصُوْمَةِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا۔

ہٗ عَلٰى كَذَا: ثابت قدم رہنے کو کہنا۔

اَوْقَفَهٗ. کھڑا کرنا۔ اَوْقَفَ الدَّارَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ: وقف کرنا الجَارِيَةَ: لڑکی کو کنگن پہنانا عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا اور چھوڑ دینا۔

تَوَقَّفَ فِي الْمَكَان: ٹھہرنا عَلَى الْاَمْرِ: قائم و دائم رہنا عَنْ كَذَا: رکنا۔ باز رہنا۔

تَوَاقَفَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْب: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا۔

اِسْتَوْقَفَهٗ. کھڑا ہونے کو کہنا۔

الْوَقْف. مص۔ کلمہ کو مابعد سے قطع کرنا۔ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: ساتویں متحرک حرف کو ساکن کرنا جیسے مَفْعُوْلَات کی تا کو ساکن کرنا۔

اَلْوَقْفُ کنگن یا ہاتھی دانت کا کنگن مِنَ التُّرْسِ: سینگ یا لوہے کی بنی ہوئی ڈھال کے گرد کا حلقہ وَالْوَقْفُ عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: کسی چیز کی منفعت کو اللہ کے راستہ میں تصدق کرنا۔ اور اصل کو اپنی مِلک میں یا اللہ کی مِلک میں رکھنا۔ موقوف چیز کو بھی وقف کہتے ہیں۔ ج اَوْقَاف و وُقُوْف.

الوَقْفَة. اسم مرۃ۔ شک۔ مِنَ التُّرْسِ: ڈھال کے گرد کا حلقہ جو لوہے یا سینگ کا بنا ہوا ہو۔

الوَقِيْفَة. بھگایا ہوا شکار جو تھک کر ٹھہر جائے۔ ہر وہ مقام جہاں کتے اپنے مالکوں کو روک دیں۔

التَّوْقِيْف. مص۔ جوئے کے تیر کا نشان۔ کنگن کی جگہ کی سفیدی۔ جانوروں کی ٹانگوں میں کالی دھاری یا کنگن کے مانند دھاری۔

الوَاقِف. فا۔ ج وُقْفٌ و وُقُوْفٌ. عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: فی سبیل اللہ وقف کرنے والا۔

الوَقَّاف. دیر و سستی کرنے والا۔ لڑائی سے رکنے والا۔

الوَقَّافَة. خوفزدہ جو ٹھہر جائے اور پیش قدمی نہ کرے۔

المَوْقِف والمَوْقِفَة. ٹھہرنے کی جگہ۔ مَوْقِفُ الْمَرْاَةِ الْمُتَحَجِّبَةِ: پردہ نشین عورت کے ہاتھ اور آنکھیں اور وہ اعضاء جن کا ظاہر کرنا ضروری ہو۔ المَوْقِفَان: دو رگوں کا نام ہے جو دبر کی ہڈی کے اردگرد ہوتی ہیں اگر ان میں تشنج ہو جائے تو انسان اُٹھنے پر قادر

نہیں ہوتا اور اگر کاٹ دی جائیں تو مر جاتا ہے۔

المُوَقَّف. ج مِنَ الدَّوَابِّ: دونوں دست پر گول داغ کیا ہوا۔ ضَرْعٌ مُوَقَّفٌ. تھن جس پر اس بندش کا اثر ہو جو اس لیے باندھ دیا جاتا ہے تاکہ بچہ دودھ نہ پیے۔ رَجُلٌ مُوَقَّفٌ آزمودہ کار مرد۔ رَجُلٌ مُوَقَّفٌ عَلَى الحَقِّ: حق کا فرمانبردار مرد۔ دَابَّةٌ مُوَقَّفَةٌ: کالی دھاری کی ٹانگوں والا چوپایہ۔

المِيقَف والمِيقَاف لکڑی جس سے ہانڈی کو ہلاتے ہیں اور اُبال کو کم کرتے ہیں۔ ڈوئی۔

المَوْقُوف. ج عِنْدَ الفُقَهَاءِ: وقف۔

وَقَلَ يَقِلُ وَقْلًا. ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا (وتَوَقَّلَ) فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَقْل. س. گوگل کا درخت یا اس کا پھل واحد وَقْلَةٌ ج أوْقَال. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَقْلَةُ الرَّأسِ" بہت چھوٹے سر کا مرد۔

الوَقْلَة. گوگل کے پھل کی گٹھلی ج وُقُول.

الوَقِل. پتھر۔ شاخوں کی جڑیں جو اچھی طرح نہ کاٹی گئی ہوں اور چڑھنے والا آسانی سے پیر رکھ کر چڑھ سکے (والوَقِل والوَقُل) مِنَ الخَيْلِ: چڑھنے والا گھوڑا۔

فَرَسٌ تَوْقَلَةٌ اچھی طرح سے پہاڑ پر چڑھنے والا گھوڑا۔

وَقَمَ يَقِمُ وَقْمًا الدَّابَّةَ: جانور کا لگام کھینچنا۔ القِدْرَ: ہانڈی کے اُبال کو ٹھنڈا کرنا۔ (وأوْقَمَ و وَقَمَ) الرَّجُلَ: مغلوب کرنا اور بُرے طریقے سے حاجت سے ہٹانا۔ وُقِمَتِ الأرْضُ. گھاس کا کھایا جانا اور روندا جانا۔

تَوَقَّمَ الرَّجُلَ. دھمکانا۔ تَوَقَّمَ الشَّيْءَ: قصداً کرنا الصَّيْدَ: شکار کو مار ڈالنا الكَلَامَ: یاد کرنا فِيهِ طول کرنا۔

الوِقَام. کوڑا۔ تلوار۔ لاٹھی۔ رسی۔

المَوْقُوم. ج غمگین۔ حاجت سے ہٹایا ہوا۔

أوْقَنَ إيقَانًا وتَوَقَّنَ. گھونسلے سے شکار کرنا۔

تَوَقَّنَ الوَعِلُ فِي الجَبَلِ. پہاڑی بکرے کا پہاڑ پر چڑھنا۔

الوُقْنَة والأُقْنَة. گھونسلا۔ آشیانہ ج وُقُنَات و أُقْنَات.

المَوْقُونَة مِنَ الجَوَارِي: پردہ نشین۔

وَقِهَ ووَقَهَ يَقِهُ وأيْقَهَ واتَّقَهَ و اسْتَيْقَهَ لِفُلَانٍ: اطاعت کرنا۔ اتَّقَهَ عَنْهُ: باز رہنا۔

الوَقْهَة. اطاعت۔ فرمانبرداری۔

الوَاقِه. گرجا کا منتظم۔ اور بعضوں کے نزدیک وَافِهٌ بالفَاءِ ہے۔

وُقُوق الكَلْبُ: کتے کا بھونکنا الطَّائِرُ: پرندہ کا چہچہانا الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

الوَقْوَق. ایک قسم کا پرندہ جو اپنے انڈے خود نہیں سیتا بلکہ دوسرے پرندوں کے گھونسلے میں رکھ دیتا ہے اور اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔

الوَقْوَاق بزدل۔

الوَقْوَاقَةُ مِنَ الرِّجَالِ: بکواس کرنے والا اور ایسا ہی اِمْرَأةٌ وَقْوَاقَةٌ.

وَقَى يَقِي وِقَايَةً و وَقْيًا و وَاقِيَةً و وَقًى فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ تکلیف سے بچانا۔ تم کہتے ہو "وَقَاهُ اللهُ السُّوْءَ ومِنَ السُّوْءِ" اللہ اس کو بُرائی سے بچائے (وَقْيًا ووُقِيًّا) الأمْرَ: درست کرنا۔

وَقِيَ يَقِي وَقْيًا و وَقِيَ يَوْقَى وَقًى الفَرَسُ مِنَ الحِفَا: گھوڑے کے کھر کا گھسنا۔

تَقَى يَتْقِي تُقًى وتِقَاءً و تَقِيَّةً: پرہیز کرنا۔

اِتَّقَى اِتِّقَاءً وتَوَقَّى تَوَقِّيًا فُلَانًا: پرہیز کرنا۔ خوف کرنا۔ واتَّقَى اتِّقَاءً: پرہیز گار ہونا۔ واتَّقَيْنَا بِهِ: ہم نے دشمن سے حفاظت کیلیے اس کو اپنے آگے کر لیا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَتْقَاهُ لِلّٰهِ" وہ اللہ سے کس قدر ڈرنے والا ہے۔

الوَقَاء والوِقَاء والوَقَايَةُ والوِقَايَة و الوُقَايَة. کسی چیز کی حفاظت کا ذریعہ۔

التَّقْوَى. پرہیزگاری۔ اللہ کا خوف اور اس کی اطاعت کے مطابق عمل۔

التُّقَاة. پرہیزگاری۔ ج تُقًى.

التَّقِيّ ج أتْقِيَاء وتُقَوَاء والمُتَّقِي. پرہیزگار۔

سَرْجٌ وَقِيٌّ و وَاقٍ. زخمی نہ کرنے والا زین۔ فَرَسٌ وَاقٍ: پاؤں کی تکلیف کی وجہ سے چلنے سے ڈرنے والا گھوڑا۔

الوَاقِي والوَاقِ. بکسر القاف: کوا۔ اور بقول بعض لٹورا۔

الوَاقِيَة. س. وَاقِي کا مؤنث ج وَاقِيَات وأوَاقٍ (أوَاقٍ میں پہلے واؤ کو ھمزہ سے بدل دیا گیا ہے اس لیے کہ دو واؤ کا جمع ہونا مکروہ ہے)

رَجُلٌ وَقَّاءٌ. بہت پرہیز کرنے والا مرد۔

الأُوْقِيَّة ج أوَاقِي وأوَاقٍ والوُقِيَّة ج وُقِيّ و وَقَايَا. رطل کا بارھواں حصہ۔ ایک وزن جو سات مثقال کا ہوتا ہے۔

المُوَقِّي. ج. بہادر۔

أوْكَاهُ إيكَاءً. کسی کے لیے تکیہ لگانا۔ أوْكَأَ عَلَى الشَّيْءِ: ٹیک لگانا۔ سہارا لینا۔

تَكِيَ يَتْكَأُ تُكَأً الرَّجُلُ: تکیہ لگانا۔

وَاكَأَ مُوَاكَأَةً ووِكَاءً عَلَى يَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں کو دعا کے لیے اٹھانا اور پھیلانا۔

أتْكَأَهُ إتْكَاءً. تکیہ لگانے والے کی ہیئت پر کسی چیز کو ڈالنا۔ ٹیک لگانے کیلیے کسی چیز کو بچھانا۔

اِتَّكَأَ اِتِّكَاءً عَلَى السَّرِيْرِ: سہارا لے کر بیٹھنا۔ پیٹھ یا پہلو کا کسی چیز سے سہارا لگانا عَلَى عَصَاهُ: سہارا لینا القَوْمُ عِنْدَهُ: کھانا۔

تَوَكَّأَ عَلَى عَصَاهُ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا۔

الاِتِّكَاءُ س عِنْدَ أهْلِ العَرُوْضِ: اہل عروض کی اصطلاح میں حشو وفضول۔

التُّكَأَة. ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی کمان وغیرہ۔ سست بہت ٹیک لگانے والا مرد۔

المُتَّكَأ. تکیہ لگانے کی چیز ج مُتَّكَآت.

وَكَبَ يَكِبُ وَكْبًا. سیدھا کھڑا ہونا۔ عَلَى الأمْرِ: مداومت کرنا (وَكْبًا و وُكُوبًا و وَكَبَانًا) آہستہ چلنا۔

وَكِبَ يَوْكَبُ وَكَبًا ووَكَّبَ التَّمْرُ: پختہ ہو کر رنگ کالا پڑنا۔ وَكِبَ الثَّوْبُ: میلا

ہونا وَکَّبَ النَّاقَةَ : تھنوں پر متوسط رسی باندھنا۔

وَاکَبَ مُوَاکَبَةً عَلَی الْاَمْرِ: مداومت کرنا المَوْکَبَ: جلوس میں ساتھ ساتھ چلنا۔

اَوْکَبَ اِیْکَابًا. جلوس کے ساتھ رہنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنے کیلئے آمادہ ہونا یا اُترتے ہوئے پر پھڑ پھڑانا عَلَی الْاَمْرِ: مداومت کرنا ہٗ: غضبناک بنانا۔

الوَاکِبَة. جانور کی ایک ٹانگ۔

الوَکَّاب. بہت غمگین۔

ظَبْیَةٌ وَکُوْبٌ. اپنے گلے کے ساتھ رہنے والی ہرنی۔

المَوْکِب. سواروں یا پیدل چلنے والوں کی جماعت۔ ج مَوَاکِب.

وَکَتَ یَکِتُ وَکْتًا. چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر چلنا الدَّابَّة: چوپایہ کا جلدی جلدی اُٹھانا اور رکھنا القَدَحَ: پیالہ بھرنا الکِتَابَ: کتاب میں نقطے لگانا فِی الشَّیْءِ: نشان لگانا۔

وَکَّتَ تَوْکِیْتًا القِرْبَةَ : مشک بھرنا۔ البُسْرُ: پختگی کا رنگ ظاہر ہونا۔

الوَکْت. س۔ تھوڑی چیز۔

الوَکْتَة. داغ۔

الوَکَّات. سستی سے چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنے والا۔

الوَکِیْت. چغل خوری۔

المَوْکُوْت. مفع۔ سخت غمگین۔

وَکَحَهٗ یَکِحُهٗ وَکْحًا بِرِجْلِهٖ : سخت روندنا۔

اَوْکَحَ اِیْکَاحًا. تھکنا۔ منع کرنا اور سائل پر سختی کرنا العَطِیَّةَ: کاٹنا عَنِ الْاَمْرِ: رکنا۔ باز رہنا فِی الحَفْرِ: کھودنے میں پتھر یا سخت زمین پر پہنچنا۔

اِسْتَوْکَحَ اِسْتِیْکَاحًا الفِرَاخُ: چوزوں کا موٹا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "سَاَلَهٗ فَاسْتَوْکَحَ" اس نے اس سے مانگا اور وہ دینے سے رک گیا۔

الاَوْکَح. پتھر۔ سخت جگہ۔ مٹی۔

الوُکَّح. موٹے چوزے۔ واحد الوَاکِح یا الوَکُوْح.

وَکَدَ یَکِدُ وُکُوْدًا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا (وَکْدًا) لِشَّیْءِ. قصد کرنا اور کہا جاتا ہے "وَکَدَ وَکْدَهٗ وَکَدَ الْاَمْرَ." مشق کرنا (وَوَکَّدَ وَاَوْکَدَ وَاَکَّدَ وَاَکَدَ) العَهْدَ او السَّرْجَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا (واؤ سے افصح ہے۔)

تَوَکَّدَ وَتَاَکَّدَ. مضبوط ہونا۔ باندھا جانا۔

الوَکْد. س۔ مراد۔ قصد۔ ارادہ۔

الوُکْد. کوشش۔

الوِکَاد وَالاِکَاد. رسی یا تسمہ جس کو دوھنے کے وقت گائے کی ٹانگ میں باندھتے ہیں۔ ج وَکَائِد.

الوَکِیْد وَالاَکِیْد. سخت۔ مضبوط۔ ثابت۔

الاَوْکَد وَالآکَد. اسم تفضیل۔

التَّوَاکِیْد وَالتَّاکِیْد وَالمَیَاکِیْد. تسمے جن سے زین کے اگلے حصہ کو باندھتے ہیں۔ ظاہر یہی ہے کہ ان الفاظ کے واحد نہیں۔

المُتَوَکِّدُ. کام کے لیے مستعد و آمادہ۔

وَکَرَ یَکِرُ وَکْرًا وَ وُکُوْرًا الطَّائِرُ: گھونسلے میں داخل ہونا الظَّبْیُ: ہرن کا کودنا (وَکَرَهٗ وَکْرًا) کسی کے ناک پر مکا مارنا (وَکْرًا وَ وَکَّرَ وَ اَوْکَرَ) الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔

وَکَّرَ وَاتَّکَرَ الطَّائِرُ: پرندہ کا گھونسلہ بنانا۔

تَوَکَّرَ الصَّبِیُّ: بچے کا شکم سیر ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا بھرے ہوئے پوٹے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰی تَوَکَّرَ" اس نے پیا یہاں تک کہ آسودہ ہو گیا۔

الوَکْر. ش۔ گھونسلہ ج اَوْکُرٌ و اَوْکَارٌ و وُکُوْر (والوَکْرُ والوَکَرٰی) دوڑ کی ایک قسم نَاقَةٌ وَکَرٰی. تیز رفتار اونٹنی۔

الوَکْرَة. اسم مرة۔ گھونسلہ ج وُکَرٌ (والوَکَرَة والوَکِیْر والوَکِیْرَة) عمارت سے فراغت کی خوشی کی دعوت۔

وَکَزَهٗ یَکِزُهٗ وَکْزًا ہٹانا۔ مکا مارنا۔ وَکَزَهٗ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا۔ وَکَزَ الرُّمْحَ فِی الْاَرْضِ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا اَنْفَهٗ: ناک توڑ دینا۔ وَکَزَ فُلَانٌ: دوڑنا۔

تَوَکَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا عَلٰی عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔

الوَکَّاز. وَاکِز کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَکَّازٌ لَکَّازٌ کَاَنَّهٗ حَیَّ قَنْکَازٍ."

نَاقَةٌ وَکْزٰی. پستہ قد اونٹنی۔

وَکَسَ یَکِسُ وَکْسًا الشَّیْءُ: گھٹنا۔ کم ہونا۔ وَکَسَ الشَّیْءَ : گھٹانا۔ وُکِسَ التَّاجِرُ و اُوْکِسَ فِیْ تِجَارَتِهٖ: نقصان اُٹھانا۔

وَکَّسَ الشَّیْءَ: گھٹانا فُلَانًا: جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔

الوَکْس. س۔ چاند کی وہ منزل جس میں گہن ہوتا ہے۔ چاند کا منحوس ستارہ کی منزل میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ لَیْلَةُ الوَکْسِ" یعنی یہ چاند کے منحوس ستارہ میں داخل ہونے کی رات ہے۔ زخم کی پیپ۔ کہا جاتا ہے "بَرَاَتِ الشَّجَّةُ عَلٰی وَکْسٍ" زخم اندر سے پیپ رہتے ہوئے اوپر سے اچھا ہو گیا "وَلَا وَکْسَ وَلَا شَطَطَ" بغیر کمی زیادتی کے۔

الاَوْکَس. زیادہ کم۔ رَجُلٌ اَوْکَسُ : خسیس کمینہ یا کم حصہ والا۔

وَکَظَ یَکِظُ وَکْظًا و وَاکَظَ عَلَی الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ وَکَظَهٗ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

تَوَکَّظَ عَلَیْهِ الْاَمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔

وَکَعَهٗ یَکَعُهٗ وَکْعًا. ڈسنا۔ سرزنش کرنا۔

وَکَعَ اَنْفَهٗ: ناک توڑنا الشَّاةَ: دوھتے وقت تھن پر ہاتھ مارنا۔

وَکِعَ یَوْکَعُ وَکَعًا: چھنگلیا کی طرف مڑے ہوئے قدم والا ہونا۔ صفت اَوْکَعُ. مؤنث وَکْعَاء.

وَکُعَ یَوْکُعُ وَکَاعَةً. لئیم و کمینہ ہونا الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ صفت وَکِیْع.

اَوْکَعَ الرَّجُلُ: بے خیر و برکت ہونا۔ دشوار

کام لانا الشَّیءَ: مضبوط کرنا القَدَمُ: موٹا اور سخت ہونا الأَمرُ: مضبوط و سخت ہونا۔
السِّقَاءَ: مضبوط کرنا۔
اِتَّکَعَ الشَّیءُ: سخت ہونا۔
اِستَوکَعَ الرَّجُلُ: سخت معدہ والا ہونا۔ مِعدَتُهُ: سخت ہونا الفِرَاخُ: چوزہ کا موٹا ہونا۔
الوَکِیعُ. سخت مضبوط۔ اَمرٌ وَکِیعٌ: مستحکم معاملہ۔ الوَقِیعُ: بکری کہ جس کے پیچھے گلہ کی بکریاں چلیں۔ اور کہا جاتا ہے وَکِیعٌ لَکِیعٌ و وُکُوعٌ لُکُوعٌ یعنی کمینہ آدمی۔
الأَوکَعُ. کمینہ۔ بیوقوف۔
المِیکَعُ. مضبوط۔ محکم۔ غلے کا بڑا بورا۔
المِیکَعَةُ. ہل کا پھل۔
وَکَفَ یَکِفُ وَکفًا و وَکِیفًا و وُکُوفًا و کَفَانًا و تَوکَافًا الدَّمعُ و نَحوُهُ: ٹپکنا البَیتُ: چھت ٹپکنا۔ وَکَفَت وَکفًا و وَکِیفًا العَینُ الدَّمعَ: آنکھ کا آنسو ٹپکانا۔
وَکِفَ یَوکَفُ وَکَفًا الرَّجُلُ: گناہ کرنا۔ ظلم کرنا۔
اَوکَفَ اِیکَافًا الدَّمعَ او البَیتُ: ٹپکنا۔ ہٗ: گناہ کرانا۔ اَوکَفَتِ المَرأَةُ: ولادت کے قریب ہونا۔
وَکَّفَ وَأَکَّفَ وآکَفَ الحِمَارَ: گدھے پر پالان رکھنا۔ وَکَّفَ الوِکَافَ: پالان بنانا۔
وَاکَفَ مُوَاکَفَةً الرَّجُلَ فِی الحَربِ وَغَیرِهَا: مقابلہ کرنا۔
تَوَکَّفَ السَّطحُ: چھت ٹپکنا البَیتُ چھت ٹپکنا الأَثَرَ: ڈھونڈنا۔ طلب کرنا۔ پیچھا کرنا لِفُلَانٍ: کسی کے در پے ہونا یہاں تک کہ ملاقات ہو جائے الخَبَرَ: ظاہر ہونے کی اُمید رکھنا۔
تَوَاکَفَ. انحراف کرنا۔ منہ پھرانا۔ کنارہ ہونا۔
اِستَوکَفَ اِستِیکَافًا المَاءَ: ٹپکانا۔ جاری کرانا۔
الوِکفُ. چمڑے کا بچھونا۔
الوَکفُ. س۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الأَمرُ وَکفٌ عَلَیكَ" یہ کام تمہارے لیے عیب ہے۔ فساد۔ کمزوری۔ پسینہ۔ بوجھ۔ سختی۔ دامن کوہ ج اَوکَاف. کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاَخشَی عَلَیكَ وَکفَ فُلَانٍ" مجھے تمہارے اُوپر فلاں کے ظلم کا خوف ہے "وَفُلَانٌ عَلَی وَکفٍ مِن حَاجَتِهِ" جبکہ نہ جانتا ہو کہ کون سی حاجت ہے۔ "وَلَیسَ عَلَیكَ فِی هٰذَا الأَمرِ وَکفٌ" تمہارے لیے اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔
الوِکَافُ والإِکَافُ. عرق گیر ج وُکُف.
الوَاکِفُ. فا۔ موسلادھار بارش۔
سَحَابٌ وَکُوفٌ. تھوڑا تھوڑا برسنے والا بادل۔
وَکَلَ یَکِلُ وَکلًا ووُکُولًا اِلَیهِ الأَمرَ: سپرد کرنا۔ کسی پر بھروسہ کر کے کام چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "کِلنِی اِلَی کَذَا" مجھے چھوڑ دو کہ میں اس کام کو کروں۔
اَوکَلَ اِیکَالًا. سپرد کرنا بِاللّٰهِ: اعتماد و بھروسہ کرنا۔ مطیع و فرمانبردار ہونا۔ اَوکَلَ العَمَلَ عَلَی فُلَانٍ: سارا کام کسی کیلئے چھوڑ دینا۔
وَکَّلَ تَوکِیلًا فُلَانًا: وکیل بنانا۔ اسم الوَکَالَة والوِکَالَة.
وَاکَلَ وِکَالًا و مُوَاکَلَةً القَومُ: بعض کا بعض پر بھروسہ کرنا (وِکَالًا) الدَّابَّةُ: چوپایہ کا بُرا چلنا۔ ست چلنا۔
تَوَکَّلَ. وکیل بننا لَهُ بِالنَّجَاحِ: کامیابی کا ضامن ہونا (واتَّکَلَ) عَلَی اللّٰهِ: بھروسہ کرنا۔ مطیع و فرمانبردار ہونا۔ اِتَّکَلَ فِی اَمرِهِ عَلَی فُلَانٍ: اعتماد و بھروسہ کرنا۔ تَوَکَّلَ فِی الأَمرِ: عاجزی ظاہر کرنا اور غیر پر اعتماد کرنا۔
تَوَاکَلَ القَومُ: بعض کا بعض پر بھروسہ کرنا۔ تَوَاکَلُوهُ: چھوڑ دینا اور مدد نہ کرنا۔ تَوَاکَلُوا الکَلَامَ: ہر ایک کا اپنے ساتھی پر بھروسہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِستَعَنتُ القَومَ فَتَوَاکَلُوا" میں نے قوم سے مدد طلب کی ہر ایک نے دوسرے کے سپرد کیا۔
الوَکَل والوُکَلَة والتُّکَلَة والتُّوَاکِل. عاجز آدمی جو اپنے امور کو دوسرے کے سپرد کر دے اور اس پر بھروسہ کرے۔
الوَکِل. غبی۔ بزدل۔ عاجز۔
الوَکَال والوِکَال. کمزوری۔ غباوت۔
الوَکَالَة والوِکَالَة. توکیل کے اسم ہیں۔ بمعنے سپردگی و بھروسہ ج وَکَالَات.
التُّکلَان. سپردگی و بھروسہ۔
الوَاکِل. فا مِنَ الخَیلِ: وہ گھوڑا جس کے چلنے کیلئے مارنے کی ضرورت ہو۔
الوَکِیل. وہ شخص جس پر بھروسہ کیا جائے یا وہ شخص جس کے سپرد عاجز آدمی اپنا کام کر دے۔ دلیر۔ ج وُکَلَا اور جب یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہو تو اس وقت روزی دینے والا کفایت کرنے والا کے معنے ہوتے ہیں۔
المَوکُول. مف۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الأَمرُ مَوکُولٌ اِلَی رَأیِكَ" یعنی یہ کام تمہارے سپرد ہے۔
وَکَمَ یَکِمُ وَکمًا فُلَانًا عَن حَاجَتِهِ: بہت سختی سے باز رکھنا الأَمرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ وُکِمَتِ الأَرضُ: روندی ہوئی اور چری ہوئی گھاس والی ہونا۔
وَکِمَ یَکِمُ کِمَةً الرَّجُلُ مِنَ الشَّیءِ: اداس و غمگین ہونا۔
الوَکمَة. اسم مرۃ۔ بیشہ جس میں درندے زیادہ ہوں۔
المَوکُوم. بہت غمگین۔
وَکَنَ یَکِنُ وَکنًا و وُکُونًا الطَّائِرُ بَیضَهُ او عَلَی بَیضِهِ: پرندہ کا انڈے سینا۔ صفت مذکر وَاکِن ج وُکُون صفت مؤنث وَاکِنَة ج وُکُون و وَاکِنَات الطَّائِرُ: گھونسلے میں داخل ہونا (وَکنًا) الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔
تَوَکَّنَ الرَّجُلُ: مجلس میں اچھی طرح تکیہ لگانا۔ کسی جگہ پر قرار پکڑنا۔
الوَاکِن. بیٹھنے والا۔ مؤنث وَاکِنَة مِنَ الطَّیرِ: درخت یا لکڑی یا دیوار میں وہ جگہ جہاں

پرندہ بیٹھے۔

اَلوَکْن ج اَوْکُنٌ و وُکُنٌ ووُکُونٌ والوَکْنَة والوُکْنَة والوُکُنَة ج وُکُنَات ووُکَنَات ووُکْنَات ووُکَنٌ والمَوْکِن والمَوْکِنَة گھونسلہ۔

المَوْکِن: وہ جگہ جہاں انڈے ہوں۔

وَکْوَكَ الحَمَامُ: کوکو کرنا فُلَانٌ مِنَ الحَرْبِ: لڑائی سے بھاگنا (وتَوَکْوَكَ) الرَّجُلُ: لڑھکتے ہوئے چلنا۔

الوَکْوَكُ. بزدل۔ چلنے میں لڑھکنے والا۔

وَکَی یَکِی وَکْیًا القِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔

وَاکَی مُوَاکَاةً و وِکَاءً دعا کے وقت دونوں ہاتھوں کو اٹھانا۔

اَوْکَی اِیکَاءً القِرْبَةَ و عَلَی مَا فِی القِرْبَةِ: مشک کو بندھن سے باندھنا الرَّجُلُ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلْنَاهُ فَاَوْکَی عَلَیْنَا" ہم نے اس سے مانگا اور اس نے بخل کیا۔ تیز دوڑنا (وَوَکَی) الفَرَسُ المَیْدَانَ جَرْیًا: گھوڑے کا میدان میں چاروں طرف دوڑنا۔

اِسْتَوْکَی الوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا البَطْنُ: قبض ہونا۔

الوِکَاءُ. مشک وغیرہ کا بندھن۔ برتن وغیرہ جس کے سرے کو باندھ دیا گیا ہو۔ ج اَوْکِیَة.

المُوْکَی. بندھے ہوئے سرے کی مشک۔

وَلَبَ یَلِبُ وُلُوْبًا. داخل ہونا اور جلدی کرنا اِلَیْكَ الشَّیْءُ: پہنچنا۔

الوَالِب. کسی چیز میں داخل ہونے والا۔

الوَالِبَة. کھیت کی روئیدگی مِنَ القَوْمِ او المَوَاشِی: اولاد و نسل۔

وَلَتَ یَلِتُ وَلْتًا واَوْلَتَ فُلَانًا حَقَّهُ: گھٹانا۔ کم کرنا۔

اَلوُنُونِیْشِیَا: ایک نبات کی قسم جس کے بیج ظاہر ہوتے ہیں اس کا تنا تھوڑا سا زمین پر ظاہر ہوتا ہے اور بعد میں آہستہ آہستہ مضبوط ہو جاتا ہے۔

وَلَثَ یَلِثُ وَلْثًا فُلَانًا بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا لَهُ عَهْدًا: کمزور وعدہ کرنا فُلَانٌ: غلام سے کہنا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے وَلَثَتْنَا السَّمَاءُ: تھوڑی بارش سے تر کر دینا۔

الوَلْث. مص. تھوڑی بارش۔ کمزور وعدہ۔ برتن میں نبیذ کا بقیہ۔ آشوب چشم کا اثر۔

وَلَجَ یَلِجُ وُلُوْجًا وِلْجَةً البَیْتَ ووَلَجَ الشَّیْءُ فِی غَیْرِهِ: گھر میں داخل ہونا۔

وُلِجَ الرَّجُلُ: پیٹ کی بیماری والا ہونا۔

وَلَّجَ المَالَ: لوگوں کے سوال سے بچنے کے لئے اپنی زندگی میں اولاد میں سے کسی کو مال دے دینا۔

اَوْلَجَهُ اِیْلَاجًا واَتْلَجَهُ اِتْلَاجًا داخل کرنا۔

تَوَلَّجَ تَوَلُّجًا واتَّلَجَهُ اِتِّلَاجًا اِلَیْهِ وَفِیْهِ: داخل ہونا۔

الوَلَج. ریگستانی راستہ۔

الوُلُج. اطراف۔ کوچے۔ گلیاں۔ شہد نکالنے کے چمچے۔ اور یہ وَلَاجٌ کی جمع ہے۔

الوَلَجَة. داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کا موڑ۔ غار جس میں راستہ چلنے والے بارش وغیرہ سے پناہ لیں ج اَوْلَاجٌ ووَلَجٌ ووَلَجَات.

الوُلَجَة والوَلُوْج بہت داخل ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "وَلُوْجٌ خَرُوْجٌ" بہت داخل ہونے والا اور خارج ہونے والا۔

الوَالِجَة. پیٹ کا درد۔ دانت کا درد۔ سانپ اور درندے۔

الوَلِیْجَة. آدمی کا باطن۔ بھیدی راز دار معتمد علیہ جو غیر قوم سے ہو۔ قوم میں داخل ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَلِیْجَتُهُمْ" یعنی وہ ان کی قوم میں داخل ہے حالانکہ ان میں سے نہیں۔

الوَلَّاج. بہت داخل ہونے والا۔

الوِلَاج. دروازہ۔ وادی۔ پست زمین ج وُلُج ووُلُوْج.

التَّلَج. عقاب کا چوزہ۔ اصل اس کی الوَلَج ہے۔

التَّوْلَج. وحشی جانوروں کا بھٹ۔ اس کی اصل الوَوْلَج ہے۔ المَوْلَج. داخل ہونے کی جگہ ج مَوَالِج.

وَلَحَ یَلِحُ وَلْحًا الدَّابَّةَ: چوپایہ پر طاقت سے زیادہ لادنا۔

الوَلِیْحَة. بوری۔ ج وَلَائِح وَوَلِیْح.

وَلَخَهُ یَلِخُهُ وَلْخًا. تھپڑ مارنا۔

اَوْلَخَ العُشْبُ: گھاس لمبی اور بڑی ہونا۔

اِتَّلَخَ الاَمْرُ: خلط ملط ہونا۔

اِسْتَوْلَخَتْ اِسْتِیْلَاخًا الاَرْضُ: زمین کا تر ہونا۔

الوَلِیْخ. کتان کا کپڑا۔

الوَلِیْخَة. گاڑھا جما ہوا دودھ۔ کیچڑ۔

اَرْضٌ وَلِخَةٌ و وَلِیْخَةٌ و مُوْتَلِخَةٌ. پیچیدہ گھاس والی زمین۔

الوَلْخ مِنَ العُشْبِ: لمبی پیچیدہ گھاس۔

وَلَدَتْ تَلِدُ لِدَةً و وِلَادًا و وِلَادَةً و اِلَادَةً و مَوْلِدًا الاُنْثَی: جننا۔ صفت وَالِد وَ وَالِدَة الاَرْضُ النَّبَاتَ: اگانا۔

وَلَّدَ الوَلَدَ: پرورش کرنا الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ پیدا کرنا۔ نکالنا الکَلَامَ اَوِ الحَدِیْثَ: نیا پانا القَابِلَةُ المَرْاَةَ: جنوانا۔ اور کہا جاتا ہے "وَلَّدَ الرَّجُلُ غَنَمَهُ" آدمی نے اپنی بکریوں کے بچے نکلوائے۔ جیسے بولا جاتا ہے نَتَّجَ

اَوْلَدَتْ اِیْلَادًا المَرْاَةُ: جننے کا وقت قریب ہونا الشَّاةُ: جننا۔ صفت مُوْلِد ج مَوَالِد و مَوَالِید.

تَوَلَّدَ الشَّیْءُ مِنْ غَیْرِهِ: پیدا ہونا۔

تَوَالَدَ واتَّلَدَ القَوْمُ: بہت ہونا۔

اِسْتَوْلَدَ المَرْاَةَ: حاملہ کرنا فُلَانٌ بچہ طلب کرنا۔

الوَلَد والوُلْد والوِلْد والوَلَد. بچہ۔ مذکر مؤنث تثنیہ جمع سب پر اطلاق ہوتا ہے اور یہ لفظ مذکر ہے اور کبھی اَوْلَاد و وِلْدَة واِلْدَة و وُلْد کے اوزان پر جمع لاتے ہیں۔

الوَالِد باپ ج وَالِدُوْن. الوَالِدَان ماں باپ۔ شَاۃٌ وَالِدٌ حاملہ بکری ج وُلَّدٌ.

الوَالِدَۃ ماں۔ ج وَالِدَات.

اللِّدَۃ مں۔ ہم عمر۔ ہمسر (اس کی اصل وِلد ہے) تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِدَتِی" فلاں میرا ہم عمر ہے تثنیہ لِدَان ج لِدَات ولِدُوْن اور اس کی تصغیر وُلَیْدَات و وُلَیْدُوْن. اللدۃ جننے کا وقت۔

الوَلَّادَۃ بہت جننے والی۔

الوَلُوْد مِنَ الشَّاۃِ جننے والی بکری۔ بہت جننے والی ج وُلُد

الوُلُوْدِیَّۃ و الوُلُوْدِیَّۃ بچپنا۔ سخت دلی۔

الوَلِیْد پیدا شدہ۔ بچہ۔ غلام ج وِلْدَۃٌ و وِلْدَانٌ مؤنث وَلِیْدَۃٌ ج وَلَائِد. اُمُّ الوَلِیْد: مرغی کی کنیت۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِیْ وَلِیْدِیَّتِہٖ" اس نے اپنے بچپنے میں ایسا کیا۔

المَوْلِد مں۔ پیدائش کی جگہ یا وقت۔ ج مَوَالِد.

المُوَلِّدُ الکَهْرَبَائِیّ بجلی پیدا کرنے والا جنریٹر پانی یا پٹرول کے ذریعے۔

المِیْلَاد پیدائش کا وقت و عِیْدُ المِیْلَاد حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا دن۔ کرسمس ڈے۔

المُوَلَّد نیا پیدا شدہ اور اسی سے ہے "المُوَلَّدُوْنَ مِنَ الشُّعَرَاءِ اَوِ الْاُدَبَاءِ" ان کے نئے ہونے کی وجہ سے یہ نام رکھا گیا۔

رَجُلٌ مُوَلَّدٌ وَکَلَامٌ مُوَلَّدٌ غیر خالص عربی مرد یا کلام۔

المُوَلِّدَۃ دائی جنائی۔

المُوَلَّدَۃ نئی پیدا شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِبَیِّنَۃٍ مُوَلَّدَۃٍ" وہ ہمارے پاس ایسا بینہ لایا جو محقق نہیں۔

المَوْلُوْد چھوٹا بچہ ج مَوَالِید۔

وَلَذَ یَلِذُ وَلْذًا الرَّجُلُ تیز چلنا۔ تیز حرکت کرنا۔

وَلَسَتْ تَلِسُ وَلْسًا وَوَلَسَانًا. الْاِبِلُ اونٹ کا تیز دوڑنا۔ صفت وَلُوْس (وَلَسَ) الرَّجُلُ دھوکا دینا۔ خیانت کرنا۔

الحَدِیْثَ کنایہ سے بات کرنا۔

وَالَسَہٗ مُوَالَسَۃً فریب دینا۔ مداہنت کرنا (وَاوْلَسَ) بِالحَدِیْثِ کنایہ سے بات کرنا۔

تَوَالَسَ القَوْمُ عَلَیْہِ کسی کے خلاف دھوکا اور خیانت میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الوَلَّاس بھیڑیا۔

وَلَعَ یَلَعُ وَلْعًا بِحَقِّہٖ حق مار لینا (وَلْعًا و وَلَعَانًا) دوڑنے میں ہلکا پھلکا ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ مَا وَلَعَہٗ" مجھے نہیں معلوم اس کو کس چیز نے روکا۔

وَلِعَ یَوْلَعُ ویَلَعُ وَلَعًا و وَلُوْعًا و اُوْلِعَ اِیْلَاعًا وتَوَلَّعَ بِہٖ بہت محبت کرنا۔ شیفتہ ہونا۔ بہت گرویدہ ہونا۔ وُلِعَ بِہٖ بھڑکایا جانا۔

وَلَّعَ الثَّوْرُ بیل کے چتکبرے رنگ کا لمبا ہونا جَسَدَہٗ سفید داغوں والا بنانا ہٗ بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "اِتَّلَعَ فُلَانًا وَالعَہٗ" یعنی اس کا حال مجھ سے مخفی ہے مجھے نہیں معلوم کہ وہ مر گیا یا زندہ ہے۔

اِیْتَلَعَ فُلَانٌ قَلْبِیْ دل نکال لینا۔

الوَلْع مں۔ جھوٹ۔

الوَالِع فا۔ جھوٹا ج وَلَعَۃٌ مؤنث وَالِعَۃٌ کہا جاتا ہے "وَلْعٌ وَالِعٌ" بڑا جھوٹ۔

الوَلِع والوَلُوْع واللَاعَۃ بہت محبت اور تعلق والا۔

الوُلَعَۃ لایعنی باتوں کا گرویدہ۔ الوَلِیْع کھجور کا شگوفہ ناشگفتہ واحد وَلِیْعَۃٌ.

المُوَلَّع نں۔ برص کی بیماری۔ المُوَلَّع مِنَ الدَّوَابِّ وہ چوپایہ جس کے بدن پر سیاہ سفید کے علاوہ اور مختلف رنگ ہوں۔

المُوْتَلَعُ القَلْبِ والمُتَّلِعُ القَلْبِ آشفتہ دل۔

وَلَغَ یَلَغُ و وَلِغَ یَلِغُ و یَوْلَغُ و یَالَغُ وَلْغًا و وُلُغًا و وُلُوْغًا و وَلَغَانًا الکَلْبُ الإِنَاءَ وَفِی الْإِنَاءِ کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔ اطراف زبان سے پینا۔

اَوْلَغَ اِیْلَاغًا الکَلْبَ کتے کو پلانا۔

الوَلْغَۃ اسم مرۃ۔ چھوٹی ڈولچی۔

المِیْلَغ والمِیْلَغَۃ برتن جس میں کتا منہ ڈال دے یا جس میں پانی پلایا جائے۔ ج مَیَالِغ.

المُسْتَوْلِغ مِنَ النَّاسِ ننگ وعار کی پروانہ کرنے والا۔

وَلَفَ یَلِفُ وَلْفًا و وَلَافًا و اِلَافًا و وَلِیْفًا البَرْقُ بجلی کا لگاتار چمکنا (وَلِیْفًا) القَوْمُ: اکٹھے آنا۔

وَالَفَہٗ وِلَافًا و مُوَالَفَۃً محبت کرنا۔ اپنی کسی کی طرف نسبت کرنا اور متصل ہونا۔

تَوَالَفَ مُوَالَفَۃً و وِلَافًا (نادر) الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے سے الفت و محبت کرنا۔

الوِلْف ساتھی۔ دوست۔

الوَلِیْف والوَلُوْف لگاتار چمکنے والی بجلی۔

الوِلَاف والوَلِیْف مں۔ ایک قسم کی دوڑ جس میں ٹانگیں یکبارگی زمین پر پڑتی ہیں۔

وَلَقَ یَلِقُ وَلْقًا فِی السَّیْرِ جلدی چلنا ہٗ بِالرُّمْحِ ہلکا نیزہ مارنا ہٗ بِالسَّیْفِ تلوار سے مارنا الحَدِیْثَ پھیلانا۔ گھڑنا عَیْنَہٗ آنکھ پر مار کر پھوڑ دینا فِیْ کَذِبِہٖ او سَیْرِہٖ لگاتار جھوٹ بولنا یا ہمیشہ چلنا۔

اُوْلِقَ اِیْلَاقًا واُلِقَ اَلْقًا پاگل ہونا۔ صفت مَأْلُوْق و مُؤْوْلَق.

الوَلَقَی [illegible] "نَاقَۃٌ وَلَقَی" تیز رفتار اونٹنی۔

الوَلِیْقَۃ [illegible] تیار ہوتا ہے۔

الاَوْلَق پاگل پن۔

اَوْلَمَ اِیْلَامًا ولیمہ کرنا فُلَانٌ خلقت میں یا اخلاق و عقل میں کامل ہونا۔

الوَلْم والوَلَم بند۔ زین یا کجاوہ کا تنگ۔

الوَلْمَۃ تمامی۔ کسی چیز کا اجتماع۔

الوَلِیْمَۃ شادی کی خوشی کا کھانا۔ ج وَلَائِم.

تَوَلَّنَ الرَّجُلُ مصائب کی وجہ سے چیخ پڑنا۔

وَلِہَ یَلِہُ و وَلَہَ یَلَہُ و یَوْلَہُ وَلَہًا و تَوَلَّہَ واتَّلَہَ بہت زیادہ غمگین ہونا یہاں تک کہ عقل زائل ہونے کے قریب ہو جائے شدت غم کی وجہ سے متحیر ہونا۔ صفت مذکر وَالِہ

وَآلِهٌ ووَلْهان وصفت مؤنث وَالِهٌ و وَالِهَةٌ و وَلْهٰی ولَهَ الصَّبِیُّ اِلٰی اُمِّهٖ: بچے کا گھبرا کر ماں کے پاس جانا اَلْاُمُّ اِلٰی وَلَدِهَا: مشتاق ہونا۔

مِنْهُ: خوف کرنا۔

وَلَّهَ الرَّجُلَ: شدت غم میں ڈالنا المَرْأَةَ: عورت اور اس کے بچے میں جدائی کر دینا (وَاَوْلَهَ) الحُزْنُ او الوَجْدُ فُلَانًا: سرگشتہ وحیران بنا دینا۔

اِتَّلَهَ النَّبِیْذُ فُلَانًا: مدہوش کر دینا۔ عقل زائل کر دینا۔

اِسْتَوْلَهَ اِسْتِیْلَاهًا. بدحواس ہونا۔

مَاءٌ مُوْلَهٌ و مُوَلَّهٌ. بیابان کی طرف چھوڑا ہوا پانی۔ المُوْلَهُ: مکڑی۔

المِیْلَهُ. حیرانی و پریشانی میں ڈالنے والا بیابان۔

المِیْلَاه. تیز ہوا۔ اِمْرَأَةٌ میلاه: بچے کی موت کی وجہ سے بہت جزع فزع کرنے والی عورت۔ ج مَوَالِیْه۔

وَلْوَلَتْ وَلْوَلَةً و وَلْوَالًا الْمَرْأَةُ: واویلا کرنا۔ چیخنا۔ وَلْوَلَتِ الْقَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔

الوَلْوَال. شدتِ غم۔ زلزلہ۔

وَلِیَ و وَلِیَ یَلِیْ وَلْیًا فُلَانًا: قریب ہونا۔ متصل ہونا (باب ضرب سے قلیل الاستعمال ہے) بغیر فصل کے پیچھے پیچھے چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ مِمَّا یَلِیْهِ"

وَلِیَ یَلِیْ وِلَایَةً و وَلَایَةً الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ: والی ہونا۔ متصرف ہونا الرَّجُلَ و عَلَیْهِ: مدد کرنا البَلَدَ: قابض و متصرف ہونا (وَلَایَةً) الرَّجُلَ: محبت کرنا۔

وُلِیَ الْمَکَانُ: موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔

وَلّٰی تَوْلِیَةً فُلَانًا الْاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔ وَلَّاهُ کَذَا: کسی کے پیچھے کرنا۔ وَلَّاهُ ظَهْرَهٗ: اپنے پیٹھ کے پیچھے کرنا۔ وَلّٰی الشَّیْءُ و عَنِ الشَّیْءِ: اعراض کرنا۔ دور ہونا۔ وَلّٰی هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا۔ وَلِیَ الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا۔ عَنْ زَیْدٍ بَوُدِّهٖ: دوستی کا بدل جانا۔

اَوْلٰی اِیْلَاءً فلانًا الْاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔ هٗ مَعْرُوْفًا: کسی پر احسان کرنا۔ اور اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَوْلَاهُ لِلْمَعْرُوْفِ" وہ کتنا فیاض ہے (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ ثلاثی مزید سے یہ صیغہ نہیں آتا) اَوْلَاهُ عَلَی الْیَتِیْمِ: وصیت کرنا۔

وَالٰی وِلَاءً و مُوَالَاةً الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مدد کرنا الشَّیْءَ: لگاتار کرنا الغَنَمَ: جدا جدا کرنا بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ: پیاپے کرنا۔

تَوَلّٰی تَوَلِّیًا الْاَمْرَ: ذمہ داری لینا۔ کسی کے کام کے لیے مستعد ہونا فلانًا: ولی مقرر کرنا عَنْهُ: اعراض کرنا اور چھوڑ دینا تَوَلّٰی هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا الشَّیْءَ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا عَلٰی بُوُدِّهٖ: دوستی کا بدل جانا۔

تَوَالٰی تَوَالِیًا. پیاپے ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَوَالَتِ الْغَنَمُ عَنِ الْمَعْزِ" بھیڑیں بکریوں سے جدا ہو گئیں۔

اِسْتَوْلٰی اِسْتِیْلَاءً عَلَیْهِ: غالب ہونا۔ قدرت یافتہ ہونا عَلَی الْغَایَةِ: انتہا کو پہنچنا عَلَی الشَّیْءِ: قابض ہونا۔

الوَلْیُ. مص۔ قرب۔ نزدیکی۔ بارش بہار کے بعد دوسری بارش (پہلی بارش کو وسمی کہتے ہیں) اور کہا جاتا ہے "دَارُهٗ وَلْیُ دَارِیْ" اس کا گھر میرے گھر کے قریب ہے۔

الوَلَاءُ. محبت۔ دوستی۔ نزدیکی و قرابت۔ مدد۔ ملکیت۔ الوَلَاءُ: میراث جو آزاد کردہ غلام سے یا عقد موالاۃ کی وجہ سے حاصل ہو اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا وَلَاءً اَوْ عَلٰی وَلَاءٍ" وہ لوگ پے بہ پے آئے۔

الوَلِیُّ ج اَوْلِیَةٌ: بہار کی بارش کے بعد دوسری بارش ج اَوْلِیَاءُ: محبت کرنے والا۔ دوست۔ مددگار۔ پڑوسی۔ حلیف۔ تابع۔ داماد۔ ہر وہ شخص جو کسی کے کام کا منتظم ہو۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُ وَلِیُّكَ" اللہ تمہارا حافظ و مددگار ہے۔ "وَالْمُؤْمِنُ وَلِیُّ اللّٰهِ" یعنی مومن اللہ تعالیٰ کا مطیع و فرمانبردار ہوتا ہے۔

وَلِیُّ الْعَهْدِ: وارث تخت و تاج۔ وَلِیُّ الْیَتِیْمِ: یتیم کا والی۔

الوَلَایَةُ. مص۔ وہ بلاد جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ ج وَلَایَات۔

الوِلَایَةُ. حکومت۔ امارت۔ سلطنت۔ وہ ممالک جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ الوِلَایَةُ والوَلَایَةُ والوُلَایَةُ: رشتہ داری۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَیَّ وَلَایَةٌ او وِلَایَةٌ وَاحِدَةٌ" وہ لوگ میری مدد میں اکٹھے ہیں یا وہ سب میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔

الوَلِیَّةُ. ولی کا مؤنث نزدیکی۔ عرق گیر ج وَلِیَّات و وَلَایَا. دَارٌ وَلِیَةٌ: نزدیک کا گھر۔

الوَالِیْ. فا۔ وَالِی الْبَلَدِ: حاکم شہر۔ ج وُلَاةٌ۔

الْاَوْلٰی. زیادہ حقدار۔ زیادہ لائق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْلٰی بِکَذَا" وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ تثنیہ اَوْلَیَان ج الاَوْلَوْنَ والاَوَالِی مؤنث الوُلْیَا. تثنیہ الوُلْیَیَان ج الوُلٰی والوُلْیَیَات "وَاَوْلٰی لَكَ" دھمکی اور وعید کے طور پر استعمال ہوتا ہے مقصد یہ ہے کہ شر تمہارے قریب ہے بچو۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس کے معنی الوَیْلُ لَكَ یَا اَوْلَاكَ اللّٰهُ مَا تَکْرَهُهٗ" کے ہیں۔ اس صورت میں لام زائدہ ہے اور ایسا ہی "اَوْلٰی لِیْ و اَوْلٰی لَهٗ" کہا جاتا ہے۔

اَلْمُتَاوِلَةُ: شیعہ حضرات جنہوں نے حضرت علیؓ اور اہل بیت کو اپنایا۔

اَلْمُتَوَالِیَةُ الْحِسَابِیَّةُ: مجموعہ اعداد جن میں ہر ایک بعد والا پہلے سے اساس کی بنیاد پر بڑھ جائے۔ مثلاً:.... ۱۳، ۱۰، ۷، ۴، ۱

اَلْمُتَوَالِیَةُ الْهَنْدَسِیَّةُ: مجموعہ اعداد جن میں ہر ایک اپنے ماقبل کے برابر ہو جب اساس میں ضرب دی جائے۔ مثلاً: (۸۱، ۲۷، ۹، ۳، ۱)

المَوْلٰی. مالک و سردار۔ غلام۔ آزاد کرنے

والا۔ آزادہ شدہ۔ انعام دینے والا۔ جس کو انعام دیا جائے۔ محبت کرنے والا۔ ساتھی۔ حلیف۔ پڑوسی۔ مہمان۔ شریک۔ بیٹا۔ چچا کا بیٹا۔ بھانجا۔ چچا۔ داماد۔ رشتہ دار۔ ولی۔ تابع ج المَوَالِي اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَوْلَى عَلَيْنَا" وہ ہمارا سردار بننا چاہتا ہے۔

المَوَالِيَا. ایک قسم کے اشعار جن کو گایا کرتے تھے اور جن کے آخر میں یا موالیا کہا کرتے تھے اور اپنے سرداروں کی طرف اشارہ کرتے تھے (اور عوام مَوَّال کہتے ہیں ج مَوَاوِيْل)

المَوْلِيُّ. بچہ جس پر ولی مقرر کیا گیا ہو۔ مؤنث مَوْلِيَّة.

المَوْلَوِيُّ. مولیٰ کی طرف منسوب عِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ زاہد۔

المَوْلَوِيَّة. ایک قسم کی لمبی ٹوپی جس کو فرقہ مَوْلَوِيَّة کے لوگ پہنا کرتے تھے اور کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَوْلَوِيَّةٌ" اس میں سرداروں کی مشابہت ہے۔

المُتَوَالِي. فا۔ ج مَتَاوِلَة: شیعوں کی جماعت۔

وَمَأَ يَمَأُ وَمْأً ووَمَّأَ تَوْمِئَةً و اَوْمَأَ اِيْمَاءً بِحَاجِبِهِ او يَدِهِ او غَيْرِ ذٰلِكَ: اشارہ کرنا۔

وَامَأَ مُوَامَأَةً الرَّجُلَ: وَاءَ م میں ایک لغت ہے۔

المُوْمَأُ اِلَيْهِ: جس کی طرف اشارہ کیا جائے مذکورہ بالا کے معنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

الوَمْحَة. دھوپ کا اثر۔

اَلْوَامِئَةُ. مصیبت

وَمِدَت تَوْمَدُ وَمَدًا اللَّيْلَةُ: گھٹن کے ساتھ تیز گرمی والی ہونا۔ صفت وَمِدٌ و وَمِدَةٌ

وَمِدَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَمِدٌ عَلَيْهِ" وہ اس پر غضبناک ہے۔

الوَمَدَة. رات کی تیز گرمی۔

الوِمْدَة. خالص سپیدی۔

وَمَزَ يَمِزُ وَمْزًا بِاَنْفِهِ: غصے سے نتھنے پھلانا۔

تَوَمَّزَ. اُٹھنے کا ارادہ کرنا۔

وَمَسَ يَمِسُ وَمْسًا الشَّيَ بالشَّيْءِ: رگڑنا یہاں تک کہ چھلکا جدا ہو جائے۔

اَوْمَسَتِ المَرْاَةُ: بدکار ہونا۔ اَوْمَسَ الْعِنَبُ: پکنے کے لیے نرم ہونا۔

المُوْمِسُ والمُوْمِسَة. بدکار و فاجرہ عورت ج مُوْمِسَات و مَوَامِس و مَوَامِيْس و مَيَامِس و مَيَامِيْس.

وَمَضَ يَمِضُ وَمْضًا و وَمِيْضًا و وَمَضَانًا البَرْقُ: آہستہ چمکنا۔ صفت وَامِض.

اَوْمَضَ اِيْمَاضًا البَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا الرَّجُلُ: رمز سے اشارہ کرنا۔ بجلی یا آگ کی چمک دیکھنا۔ مسکرانا۔ اَوْمَضَتِ المَرْاَةُ بِعَيْنِهَا: عورت کا دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔

الوَمْطَة. تھکن سے زمین پر گرنا۔

الوَمْعَة. بارش کی بوچھاڑ۔

الوَمْغَة. لمبا بال۔

وَمِقَهُ يَمِقُهُ مِقَةً و وَمْقًا. محبت کرنا۔

وَامَقَهُ وِمَاقًا و مُوَامَقَةً. ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

تَوَامَقَ الرَّجُلَان: باہم محبت کرنا۔

تَوَمَّقَهُ. دوستی کرنا۔

الوَمِيْق والمَوْمُوْق. محبوب۔

وَمِهَ يَوْمَهُ وَمْهًا النَّهَارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

تَوَمَّنَ الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔

وَمَّى تَوْمِيَةً بالشَّيْءِ: لے جانا۔

اِسْتَوْمَى عَلَيْهِ: غالب ہونا (مانند اِسْتَوْلَى عَلَيْهِ)

المَوْمَاة والمَوْمَاء. بیابان ج المَوَامِي.

الوَنُّ. کمزوری۔ چنگ کہ جس کو انگلیوں سے بجاتے ہیں (دخیل)

وَنَّبَهُ. جھڑکنا۔ سرزنش کرنا۔

الوَنْج. ایک قسم کا بربط۔ (دخیل)

وَانَحَهُ مُوَانَحَةً. موافقت کرنا۔

اَلْوَنِيْلَة: عمدہ خوشبو پھل والا ایک درخت جس کے پھل کو حلویات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

وَنَمَ يَنِمُ وَنْمًا و وَنِيْمًا الذُّبَابُ: مکھی کا بیٹ کرنا۔

الوَنْمَة والوَنِيْم. مکھی کی بیٹ۔

وَنَى يَنِي و وَنِيَ يَوْنَى وَنْيًا و وَنِيًّا و وَنَاءً و وَنْيَةً و وَنِيَةً و وَنًى. سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ تھکنا۔ صفت وَانٍ مؤنث وَانِيَةٌ ہٗ: چھوڑنا عَنْ كَذَا: مہمل چھوڑ دینا الكُمَّ: سمیٹنا السَّحَابَةُ: برسانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَايَنِيْ يَفْعَلُ كَذَا" فلاں ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔

وَنَّى تَوْنِيَةً. عمل میں سستی کرنا۔

اَوْنَى اِيْنَاءً الرَّجُلَ: تھکانا۔ کمزور کرنا۔

تَوَانَى تَوَانِيًا فِي حَاجَتِهِ: سستی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ اہتمام نہ کرنا۔

الوَنَاء. سستی۔

اِمْرَاَةٌ وَنَاةٌ واَنَاةٌ وَانِيَةٌ. سست حرکات والی عورت۔

الوَنُوَّة. عقل کی کمزوری۔

الوَنَاة والوَنِيَّة. مروارید۔ موتی۔

الوَانِي. فا۔ کمزور بدن والا. نَسِيْمٌ وَانٍ نرم نرم چلنے والی ہوا۔

الوَانِيُّ. موتی۔

المِيْنَا والمِيْنَاء. بندرگاہ۔ اور "مِيْنَاءُ السَّاعَةِ" گھڑی کے ڈائل کو کہتے ہیں۔

وَهَبَ يَهَبُ وَهْبًا و وَهَبًا وهِبَةً المَالَ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: ہبہ کرنا (بعضوں نے کہا ہے کہ وَهَبَ دو مفعول کی طرف متعدی بنفسہ نہیں ہوتا مگر اس وقت کہ جَعَلَ کے معنی کو متضمن ہو) اور کہا جاتا ہے "هَبْنِيْ فَعَلْتُ كَذَا" فرض کرو کہ میں نے ایسا کیا (هَبْ اَنِّيْ فَعَلْتُ كَذَا. نہیں کہا جاتا) اور اس معنی میں صرف امر ہی کا صیغہ مستعمل ہے (وَوَهَبَ يَهَبُ) الرَّجُلَ: داد و دہش میں غالب ہونا۔

وَاهَبَهُ مُوَاهَبَةً. ہبہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔

اَوْهَبَ اِيْهَابًا الاَمْرَ لِفُلَانٍ: تیار کرنا۔ الشَّيْءُ لِفُلَانٍ: لینے کے لیے ممکن ہونا۔ الشَّيْءُ لَهُ: زیادہ و بکثرت ہونا یہاں تک کہ اسی

میں سے ہبہ کرے۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْھَبْتُ لِکَذَا"، یعنی میں اس پر قادر ہوا۔
تَوَاھَبَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو ہبہ کرنا۔
اِتَّھَبَ اِتِّھَابًا الْھِبَةَ: ہبہ قبول کرنا۔
اِسْتَوْھَبَ اِسْتِیْھَابًا الْھِبَةَ: ہبہ طلب کرنا فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ الْھِبَةَ: ہبہ کرنے کی درخواست کرنا۔
الْھِبَة. س۔ کسی کو کسی چیز کا بغیر عوض کے مالک بنانا۔ ھبہ کی ہوئی چیز ج ھِبَات.
الْوَھَّاب والْوَھَّابَة والْوَھُوْب. بہت ہبہ کرنے والا۔
الْمَوْھِب والْمَوْھِبَة. وَھَبَ کا اسم ہے۔
الْمَوْھِبَة والْمَوْھَبَة. عطیہ۔ ہبہ کی ہوئی چیز۔ چھوٹا سا تالاب جیسے "ھُوَ اَشْھٰی مِنْ مَاءِ مَوْھِبَةٍ عَلٰی خَمْرٍ" وہ تالاب کے پانی سے شراب کا زیادہ راغب ہے۔ ج مَوَاھِب.
الْمَوْھِبَة پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔
وَھَتَ یَھِتُ وَھْتًا الشَّیْءَ: دبانا۔ سخت روندنا۔
اَوْھَتَ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
الْوَھْتَة. پست زمین۔ ج وَھْتٌ.
لَحْمٌ مُوْھِتٌ. بدبودار گوشت۔
وَھِثَ یَھِثُ وَھْثًا وَھِثَةً فِي الشَّیْءِ: مشغول ہونا الشَّیْءَ: سخت روندنا۔
تَوَھَّثَ تَوَھُّثًا فِي الْاَمْرِ: خوب غور کرنا۔
وَھَجَت تَھِجُ وَھْجًا ووھِیْجا و وَھَجَانًا النَّارُ او الشَّمْسُ: آگ بھڑکنا۔ آفتاب روشن ہونا۔
اَوْھَجَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَوَھَّجَ. بھڑکنا الْحَرُّ: گرمی سخت ہونا۔
یَوْمُنَا: سخت گرمی والا ہونا الْجَوْھَرُ: چمکنا رَائِحَةُ الطِّیْبِ: بھڑکنا۔ خوشبو پھیلنا۔
الْوَھَج. آگ کی بھڑک یا آفتاب کی چمک۔ آفتاب کی یا آگ کی گرمی جو دور سے محسوس ہو وَھَجُ الطِّیْبِ: خوشبو کی بھڑک۔
یَوْمٌ وَھْجَان وَوَھِجٌ. سخت گرم دن۔

الْوَھَّاج. سخت بھڑکنے والا۔ نَجْمٌ وَھَّاج روشن ستارہ۔ اور ایسا ہی سِرَاجٌ وَھَّاجٌ.
وھَّدَ لَهُ الْفِرَاشَ: بچھونا بچھانا۔
تَوَھَّدَ الْفِرَاشُ: بچھنا۔
الْوَھْد. پست زمین ج اَوْھُد و وُھْدَان اور کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَھْدٌ" پست جگہ۔
الْوَھْدَة. پست زمین۔ گڑھا۔ ج وِھَاد و وَھْد.
وَھَرَهُ یَھِرُهُ وَھْرًا و وَھَرَهُ. سخت مشکل میں پھنسا دینا۔
تَوَھَّرَ اللَّیْلُ او الشِّتَاءُ: رات یا سردی کا اکثر حصہ گزر جانا هُ فِي الْکَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
اِسْتَوْھَرَ واسْتَیْھَرَ اِسْتِیْھَارًا بِهِ: یقین کرنا۔
الْوَھْر. دھوپ کا زمین پر اس طرح تیزی سے پڑنا جس سے بخارات کی مانند اضطراب ظاہر ہو۔
لَھَبٌ وَاھِرٌ. بھڑک دار شعلہ۔
الْوَھْرَةُ. ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو۔
الْوَھْرَان. ڈرنے والا۔
وَھَزَهُ یَھِزُهُ وَھْزًا. روندنا۔ ہاتھ سے مارنا یا ہٹانا۔ وَھَزَهُ عَلٰی کَذَا: برانگیختہ کرنا۔ وَھَزَ الشَّیْءَ: توڑنا الْقَمْلَةَ بَیْنَ اَصَابِعِهِ: جوں کو انگلیوں کے درمیان مار ڈالنا۔
وَھَزَهُ. بوجھل کرنا۔
تَوَھَّزَ. سخت روندنا۔ بوجھل چال سے چلنا۔
تَوَھَّزَ خَلْفَ فلان: کودنا اور کہا جاتا ہے "مَرَّ یَتَوَھَّزُ" وہ گزرا اس حال میں کہ زمین کو سخت دباتا ہوا چلتا ہے۔
الْوَھْز. س۔ پستہ قد مضبوط بدن والا۔
الْوَھَّازَة. شرمیلی عورت کی چال۔
الْاَوْھَز. اچھی چال والا۔
الْمُوَھِّز والْمُوَھَّز. سخت روندنے والا۔
وَھَسَ یَھِسُ وَھْسًا الشَّیْءَ: توڑنا۔ سخت روندنا الرَّجُلُ: تیز چلنا فِي الْاَمْرِ: حیلہ کرنا

عَلٰی قَوْمِهِ: ظلم کرنا۔ دست درازی کرنا۔
وَاھَسَ مُوَاھَسَةً. تیز چلنا هُ: جھگڑا کرنا۔
تَوَھَّسَ و تَوَاھَسَ. بوجھل چال چلنا۔ تیز چلنا۔ تَوَھَّسَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا اچھی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "تَوَھَّسَ الْاَرْضَ فِي مِشْیَتِهِ" اس نے اپنی چال میں زمین کو بہت دبایا۔
الْوَھْس. س۔ برائی۔ چغل خوری۔
الْوَھْسَة. عام راستہ۔
الْوَھَّاس. اسم مبالغہ۔ شیر۔
وَھَصَ یَھِصُ وَھْصًا الشَّیْءَ الرِّخْوَ: نرم چیز کو توڑنا۔ سخت روندنا۔ سختی سے پھینکنا۔ زمین پر پٹکنا الرَّاسَ: سر کچل دینا۔ الْحَیْوَانَ: جانور کو خصی کرنا۔
الْوَھْصَة. وَھَصَ کا اسم مرۃ۔ پست زمین۔
الْوَھَّاص. بڑا دینے والا۔
الْمَوْھِص. پست زمین۔ روندنے یا توڑنے کی جگہ ج مَوَاھِص.
الْمَوْھُوْص والْمُوَھَّصُ الْخَلْقِ: گٹھے بدن والا۔
الْوَھْصَة. پست زمین۔
وَھَطَهُ یَھِطُهُ وَھْطًا. توڑنا۔ روندنا۔ نیزہ مارنا۔ مارنا الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
اَوْھَطَهُ. کمزور کرنا۔ مار کر سست کرنا۔ پچھاڑنا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ اَوْھَطَ جَنَاحَ الطَّائِرِ: پرندہ کا بازو توڑ دینا۔
تَوَھَّطَ. ٹوٹنا۔ روندا جانا الْفِرَاشَ بچھانا فِي الطِّیْنِ: نرم مٹی میں غائب ہونا۔
الْوَھْط. س۔ لاغری۔ جماعت ج اَوْھَاط کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ اَوْھَاط" ان کے درمیان جھگڑا اور شور وغل ہے۔
الْوَھْطَة. پست زمین ج وَھْطٌ ووِھَاط.
وَھَفَ یَھِفُ وَھْفًا ووَھِیْفًا اِلٰی کَذَا قریب ہونا النَّبَاتُ: سبز اور پتے والا ہونا لَهُ شَیْءٌ مِنَ الدُّنْیَا: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا (وَھْفًا و وِھَافَةً) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کے لیے مستعد ہونا۔

اَوْھَفَ اِیْھَافًا الشَّیْ اِلَی کَذَا: قریب ہونا۔ اَوْھَفَ لَہُ الشَّیْئُ: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا۔
الْوَاھِفُ. فا۔ گرجا کا خادم یا منتظم۔
الْوِھَافَۃُ وَالْوُھْفِیَّۃُ. گرجا کی خدمت۔
وَھَقَ یَھِقُ وَھْقًا الدَّابَّۃَ: جانور کی گردن میں رسّی ڈالنا ٗ عَنْ کَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "وَالْقَلْبُ عِنْدَکُمْ مَوْھُوْقٌ" دل تم لوگوں کے پاس اٹکا ہوا ہے۔
وَاھَقَ مُوَاھَقَۃً الْبَعِیْرُ الْبَعِیْرَ: چلنے میں گردن لمبی کر کے ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
اَوْھَقَ الدَّابَّۃَ: جانور کی گردن میں رسّی ڈالنا۔
تَوَھَّقَ الحَصٰی: کنکریوں کا دھوپ سے گرم ہونا فُلَانًا فِی الْکَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
تَوَاھَقَ الْقَوْمُ فِی الْاَمْرِ: برابر ہونا یا مقابلہ کرنا۔ تَوَاھَقَتِ الْاِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی کر کے مقابلہ کرنا السَّاقِیَانِ: مقابلہ کرنا۔
الْوَھْقُ الْوَھَقُ. رسّی کہ جس کے ایک طرف پھندا ہوتا ہے اور جس کو جانور کی گردن میں ڈالتے ہیں ج اَوْھَاقٌ۔
وَھَلَ یَھِلُ وَیَوْھَلُ وَھْلًا اِلَی الشَّیْئِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو۔
وَھِلَ یَوْھَلُ وَھَلًا. کمزور ہونا۔ گھبرانا۔ صفت وَھِلٌ. وَھَلَ اِلَیْہِ: فریاد طلب کرنا۔ پناہ لینا فِی الْاَمْرِ وَ عَنْہُ: غلطی کرنا۔ بھولنا۔
وَھَّلَہُ. خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔
تَوَھَّلَہُ. غلطی میں ڈالنا۔
الْوَھْلُ وَالْوَھْلَۃُ. گھبراہٹ۔ خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے لَقِیْتُہُ اَوَّلَ وَھْلَۃٍ اَوْ وَھَلَۃٍ اَوْ وَاھِلَۃٍ میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی۔
وَھَمَ یَھِمُ وَھْمًا فِی الشَّیْئِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو الشَّیْئَ: خیال کرنا۔ تصور کرنا۔
وَھِمَ یَوْھَمُ وَھَمًا فِی الْحِسَابِ: غلط کرنا۔ بھولنا۔
وَھَّمَہُ. وہم میں ڈالنا۔
اَوْھَمَ اِیْھَامًا. وہم میں پڑنا ٗ وہم میں ڈالنا فُلَانًا بِکَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا کَذَا مِنَ الْحِسَابِ: غلطی کرنا الشَّیْئَ: کل چھوڑ دینا۔
اِتَّھَمَ. تہامہ میں داخل ہونا۔ اتھمہ بِکَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا (یہ عوام کی بول چال میں ہے فصیح اِتَّھَمَہُ ہے۔)
اِتَّھَمَہُ بِکَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا ٗ فِی قَوْلِہِ: سچائی میں شک کرنا۔ اِتَّھَمَ الرَّجُلُ: بدنام ہونا۔ متہم ہونا۔
تَوَھَّمَ الْاَمْرَ: خیال کرنا۔ گمان کرنا۔ تَوَھَّمَ فِیْہِ الْخَیْرَ: کسی کے اندر خیر کا اندازہ کرنا۔
الْوَھْمُ. مص۔ دل میں جو خطرہ گزرے۔ ج اَوْھَامٌ. قوت وہمیہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ قوت وھمیہ اس حس باطنی کو کہتے ہیں جس کا کام معانی جزئیہ کا ادراک کرنا ہے جن کا تعلق محسوسات سے ہے جیسے زید کی شجاعت۔ سخاوت۔ بکر کی بزدلی۔ ماں کی محبت وغیرہ کشادہ راستہ۔ بڑا مرد۔ مضبوط موٹا سدھا ہوا اونٹ۔ ج اَوْھَامٌ وَوُھُمٌ وَوُھُوْمٌ. کہا جاتا ہے "لَا وَھْمَ مِنْ کَذَا" اس سے کوئی چارہ نہیں۔
الْوَھْمَۃُ. موٹی اونٹنی۔
الْوَاھِمَۃُ. قوتِ وھمیہ۔
الْوَھْمِیُّ. وہم والا۔
التُّھَمَۃُ وَالتُّھْمَۃُ. اِتِّھَام کا اسم۔ تہمت۔ شک۔ ج تُھَمٌ وَ تُھَمَاتٌ.
التَّھِیْمُ. جس پر تہمت لگائی جائے۔
الْمَوْھُوْمُ مِنَ الْاَشْیَاءِ. وہم کیا ہوا۔ تصور کیا ہوا۔ خیال کیا ہوا۔
وَھَنَہُ یَھِنُہُ وَھْنًا وَاَوْھَنَہُ: کمزور کرنا۔
وَھَنَ وَاَوْھَنَ الرَّجُلُ: آدھی رات میں داخل ہونا۔
وَھَّنَہُ. کمزور کرنا۔
وَھَنَ وَ وَھِنَ یَھِنُ وَ وَھُنَ یَوْھُنُ وَھْنًا وَ وَھَنًا وَ وَھِنَ یَوْھَنُ وَھْنًا. کام میں سست ہونا۔ کمزور ہونا۔
تَوَھَّنَ الْبَعِیْرُ: لیٹنا الطَّائِرُ: پرندہ کا زیادہ کھانے سے اڑنہ سکنا۔
الْوَھْنُ. مص۔ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الْاِبِلِ: موٹا پستہ قد مِنَ اللَّیْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد (وَالْوَھَنُ) کام میں سستی۔ بدن میں کمزوری۔
الْوَھُوْنُ. کمزور۔
الْوَاھِنُ. فا۔ کمزور۔ کندھے کی ایک رگ کا نام۔
الْوَاھِنَۃُ. واھن کا مؤنث کمزوری۔ بازو۔ گردن کا مہرہ۔ ریاح جو بڑھاپے کے وقت کندھوں میں یا بازو میں یا ان دو رگوں میں جن کا نام اَخدعان ہے پیدا ہو جاتی ہے۔ سب سے نیچے کی پسلی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہُ لَشَدِیْدُ الْوَاھِنَتَیْنِ" وہ مضبوط سینہ والا ہے۔
الْوَھْنَانَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: ناز و نعمت کی وجہ سے کام میں سستی کرنے والی عورت۔
الْمَوْھِنُ مِنَ اللَّیْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد۔
الْمَوْھُوْنُ. کمزور۔ مؤنث مَوْھُوْنَۃٌ.
وَھْوَہَ وَھْوَھَۃً فِیْ صَوْتِہِ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے بڑبڑانا الْاَسَدُ فِیْ زَئِیْرِہِ: شیر کا دھاڑنا۔ صفت وَھْوَاہٌ.
الْوَھْوَاہُ وَالْوَھْوَہُ مِنَ الْخَیْلِ: تیز و چست رَجُلٌ وَ ھْوَاہٌ: بزدل مرد۔
وَھَی وَ وَھِیَ یَھِی وَھْیًا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا الشَّیْئُ: بندش ڈھلی ہونا۔ بوسیدہ ہونا۔ کمزور ہونا الحَائِطُ: دیوار گرنے کے قریب ہونا۔ گرنا الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا السَّحَابُ: بادل کا موسلا دھار برسنا۔
اَوْھَی اِیْھَاءً فُلَانًا: کمزور کرنا۔ سست کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہُ فَاَوْھَی یَدَہُ" اس نے اسے مارا اور اس کے ہاتھ کو توڑ دیا۔
الْوَھْیُ. مص۔ شگاف۔ پھٹن ج وُھِیٌّ وَ اَوْھِیَۃٌ.

الوَهْيَة. اسم مرة۔ شگاف۔

الوَاهِي. اسم فاعل ج وَاهُوْن ووُهَاة مؤنث وَاهِيَة۔

الوَهِيَّة. موتی۔ ذبح کرنے کے لیے موٹا اونٹ۔

الْأَوْهِيَّة. پہاڑ کی چوٹی سے وادی تک کا فاصلہ۔

وَاهِ ووَاهٍ ووَاهًا ووَاهًا لَهُ وَبِهِ. چیز کی خوبی کے لیے کلمہ تعجب گویا تم کہتے ہو "اَعْجَبَ بِهِ مَا اَطْيَبَهُ" اور اظہار افسوس کے لیے بھی آتا ہے جیسے "وَاهًا عَلٰى مَا فَاتَ"

وَىْ. کلمہ تعجب جیسے وَىْ لِزَيْدٍ یعنی زید سے مجھے تعجب ہے اور ڈانٹ ڈپٹ کیلئے بھی آتا ہے اور وَيْل سے کنایہ ہوتا ہے تم کہتے ہو "وَيْكَ اِسْتَمِعْ قَوْلِيْ" تیرا برا ہو میری بات پر کان لگا۔ اور دھمکی کے لیے بھی مستعمل ہے جیسے وَىْ بِكَ يَا فُلَانُ.

وَيْبٌ بمعنے ویل۔ کہا جاتا ہے "وَيْبَكَ ووَيْبٌ لَكَ ووَيْبٌ لِزَيْدٍ ووَيْبًا لَهُ و وَيْبِ لَهُ و وَيْبِهِ و وَيْبِ غَيْرِهِ کسرہ اور ضمیر واسم ظاہر کی طرف اضافت کے ساتھ۔

وَوَيْبَ زید فتحہ اور اضافت کے ساتھ۔ و وَيْبِ فُلَانٌ کسرہ اور رفع کے ساتھ۔ اور معنی ہر صورت میں ویل کے ہیں۔ یعنی اللہ اس کے لیے ویل لازم کرے اور ویب کا استعمال مقام تعجب میں بھی ہوتا ہے کہا جاتا ہے "وَيْبًا لِهٰذَا" یعنی اس کیلئے تعجب ہے۔

الوَيْبَة. بائیس یا چوبیس مد کا ایک پیمانہ ج وَيْبَات (مولدة) الوَيْب: مصیبت۔ بلا۔ رسوائی۔

وَيْح. کلمہ ترحم، توجع۔ اور کبھی مدح اور تعجب کے موقع پر آتا ہے اور کہا گیا ہے کہ وَيْلٌ کے معنی میں ہے تم کہتے ہو "وَيْحٌ لِزَيْدٍ و وَيْحًا لِزَيْدٍ و وَيْحَهُ" رفع ابتدا کی وجہ سے ہے اور نصب اضمار فعل کی بنا پر۔ گویا کہ تم کہتے ہو اَلْزَمَهُ الله وَيْحًا.

الوَاحُ والوَاحَة. ریگستان میں سرسبز زمین ج الوَاحَات.

وَيْخ بمعنی وَيْح.

وَيْس بمعنی وَيْح اور اس کے احکام بھی وَيْح کے احکام جیسے ہیں۔

الوَيْس. محتاجی۔ ارادہ کی ہوئی چیز۔ نہ چاہی ہوئی چیز۔

اَلْوِيْستَارِيَا: دیواروں پر پردے کرنے کے لئے ایک بیل جس کے پھول بنفشی مائل بڑے بڑے ہوتے ہیں۔

وَيْكَ کلمہ ہے جو وی اور کاف خطاب سے مرکب ہے۔

وَيَّل تَوْيِيْلًا فُلَانًا و لِفُلَانٍ: کسی کے لیے بہت ویل کہنا۔

تَوَيَّلَ. ویل کو پکارنا یا وَيْلِي کہنا۔

تَوَايَلَ الرَّجُلَان: ایک دوسرے کے لیے ویل ویل کہنا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَوَايَلَان".

الوَيْلُ. شر و برائی کا نزول۔ ہلاکت۔ جہنم کی ایک وادی کا نام؛ کہا جاتا ہے "وَيْلَهُ و وَيْلَكَ و وَيْلِي و وَيْلٌ لِزَيْدٍ و وَيْلًا لَهُ" نصب اضمار فعل کی بنا پر رفع ابتدا کی وجہ سے جبکہ اضافت نہ ہو اور اضافت کی صورت میں صرف نصب ہی ہوگا۔ اس وجہ سے کہ اگر رفع دیں گے تو بلا خبر کے رہ جائے گا۔ کہا جاتا ہے "وَيْلٌ وَائِلٌ ووَئِيْلٌ و وَئِلٌ" یعنی بہت زیادہ ویل۔

الوَيْلَة. بلا رسوائی۔ ج وَيْلَات

وَيْلُمِّهِ. یہ مرکب کلمہ ہے اس کی اصل "وَيْلٌ لِاُمِّهِ" ہے بمعنے بددعا کے مگر بعد میں تعجب اور استحسان کے موقع پر استعمال ہونے لگا مانند "قَاتَلَهُ اللّٰهُ" اور "لَا اَبَ لَكَ" کے۔ کہا جاتا ہے۔ "رَجُلٌ وَيْلُمِّهِ ووَيْلِمِّهِ" ضمہ لام وکسرہ لام کے ساتھ بمعنے چالاک و تیز فہم مرد۔

الوَيْمَة. تہمت اور بقول بعض چغل خوری۔

الوَيْن. کالا انگور۔ عیب۔

الوَيْنَة. کالا خشک انگور۔

وَيْهَ و وَيْهٍ و وَيْهًا. کلمہ تحریض و اغراء ہے۔ مفرد جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے یہی آتا ہے۔

ہ

ہ : اَلْهَاءُ یہ حروف تہجی میں چھبیسواں حرف ہے اور حروف حلقی سے ہے۔

ہ. تین صورتوں میں مستعمل ہے۔

(۱) ضمیر غائب ہے۔ منصوباً و مجروراً۔ جیسے قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَ هُوَ يُحَاوِرُهٗ" اس سے اس کے ساتھی نے باہم بات کرتے ہوئے کہا۔ اور یہ کسرہ یا یاء ساکنہ کے بعد ہو تو مکسور ہوتی ہے بشرطیکہ اس کے بعد الف نہ ہو اور اس کے علاوہ مضموم ہوتی ہے۔

(۲) حرف غیبت جیسے اِيَّاهُ کی هَا.

(۳) هَاءِ سکتہ۔ اور یہ حرکت یا حرف کے ظاہر کرنے کے لیے لاحق ہوتی ہے جیسے مَاهِيَهْ وَهَاهُنَاهْ. و وَا زَيْدَاهْ.

ها. اس کی بھی تین صورتیں ہیں۔

(۱) اسم فعل بمعنے خُذْ. جیسے "هَا الْكِتَابَ" کتاب لو۔ اس کے الف کو ممدودہ کرنا بھی جائز ہے اور یہ ممدودہ و مقصورہ کاف خطاب اور بغیر خطاب کے دونوں طرح مستعمل ہیں۔ اور ممدودہ ہونے کی صورت میں کاف کو حذف کرنا بھی جائز ہے اس طرح پر کہ ہمزہ کی گردان کاف کی گردان کی طرح کریں۔ اور کہیں هَاءَ مذکر کے لئے۔ هَاءِ مونث کے لئے و هَاؤُمْ جمع مذکر کے لئے۔ هَاؤُمَا تثنیہ مذکر و مونث کے لیے هَاؤُنَّ جمع مؤنث کے لئے۔

(۲) مؤنث کی ضمیر منصوب جیسے ضَرَبَهَا اور مجرور جیسے كِتَابُهَا. ہ ضمیر ہے اور الف علامت تانیث۔

(۳) تنبیہ کے لیے اور اس کی چار صورتیں ہیں۔

(الف) اشارہ سے پہلے جیسے هٰذَا و هٰذَاكَ.

(ب) ضمیر مرفوع جیسے "هَا اَنْتُمْ هٰؤُلَاءِ."

(ج) اَىْ کی صفت ندا کی صورت میں جیسے يَا اَيُّهَا الرَّجُلُ.

(د) قسم کی صورت میں لفظ اللہ سے پہلے حرف قسم کو حذف کے وقت جیسے "هَا اللهِ"

هِيْءْ هِيْءُ. اسم صوت ہے جس سے اُونٹ کو چارہ کھلانے کیلئے بلاتے ہیں۔

هَأْ هَأْ. اونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز۔

هَأْ هَأْ هِنْهَاءً وَهَا هَاءً. ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔

صفت هَأْ هَأْ وهَاهَاءً بالابلِ. اونٹ کو چارہ کے لیے بلانا اور هِيْءُ هِيْءُ کہنا یا ڈانٹنا اور هَأْ هَأْ کہنا اور اسم الهِيْءُ ہے۔

جَارِيَةٌ هَأْهَانَةٌ. بہت ٹھٹھا مار کر ہنسنے والی لڑکی۔

هٰؤُلَاءِ. ها کلمہ تنبیہ اور اُولا اسم اشارہ۔

هَبْ. وَهَبَ سے امر کا صیغہ ہے۔ اور کہا جاتا ہے "هَبْنِىْ فَعَلْتُ" فرض کر کہ میں نے کیا اور یہ کلمہ امر کا ہے جو دو مفعولوں کو نصب دیتا ہے۔

هَبَّتِ(ن) هُبُوْبًا و هَبِيْبًا وهَبًّا الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ هَبَّ الرَّجُلُ مِنَ النَّوْمِ: نیند سے بیدار ہونا النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا۔

هَبَّ(ض) هَبًّا وهُبُوْبًا وهَبِيْبًا و هِبَابًا. چست و تیز رفتار ہونا۔ هَبَّ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے لگا۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ هَبَبْتَ" تم کہاں سے آئے (هَبًّا و هُبُوْبًا) السَّيْفُ: تلوار کا ہلنا فِى الْحَرْبِ: شکست کھانا (هَبًّا و هَبَّةً وهِبَّةً) السَّيْفُ الشَّىْءَ: تلوار کا کسی چیز کو کاٹنا۔

هَبَّ(س) هِبَابًا. مدت تک غائب رہنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَّ فُلَانٌ حِيْنًا ثُمَّ قَدِمَ" فلاں ایک مدت تک غائب رہا پھر آگیا۔ "و اَيْنَ هَبَبْتَ عَنَّا" تم ہم سے کہاں غائب رہے؟

هَبَّبَ تَهْبِيْبًا الثَّوْبَ: کپڑا اپھاڑنا۔

اَهَبَّهٗ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار کرنا۔ اَهَبَّ السَّيْفَ: تلوار کو ہلانا الرِّيْحَ: ہوا کا چلانا۔

تَهَبَّبَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

اِهْتَبَّ الشَّىْءَ. کاٹنا۔

اِسْتَهَبَّ الرِّيْحَ: ہوا کا چلانا۔

الهَبَاب. ذرات جو دھوپ پڑنے پر روشن دان وغیرہ میں معلوم ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ هَبَائِبُ و هِبَبٌ واَهْبَاب" پارہ پارہ شدہ کپڑا۔

الهَبَّة. هَبَّ کا اسم مرۃ۔ صبح کی باقی ماندہ ایک ساعت۔ زمانہ کی ایک مدت۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ هَبَّةً" میں نے اس کو ایک مرتبہ دیکھا "وَاحْذَرْ هَبَّةَ السَّيْفِ" تلوار کے چلنے سے بچو۔

الهِبَّة. هب کا اسم نوع۔ حال۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ تلوار کی کاٹ اور اس کا ہلنا۔ صبح کی باقی ماندہ ساعت۔ زمانہ کی ایک مدت۔

الھبوب والھبوبة والھبیب. من الرِّیاح: گرد و غبار اُڑانے والی ہوا۔
الھبّاب: بہت گرد و غبار اُڑانے والی ہوا۔
المَھَبُّ: ہوا چلنے کی جگہ۔ ج مَھَاب۔
المُھِبُّ: کمزور۔ ج مَھْبُوْن: بیدار کرنے والا۔
ھَبَتَہ (ض) ھَبْتًا: مارنا۔ کسی کا سر جھکا دینا۔ مرتبہ سے گھٹا دینا۔ ذلیل کرنا۔
ھَبَتَہ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔
ھُبِتَ الرَّجُلُ: بزدل و ہوش باختہ ہونا۔ صفت ھَبِیْت و مَھْبُوْت۔
الھَبْتَةُ: ھَبَتَ کا اسم مرۃ۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِی عَقْلِهِ ھَبْتَةٌ" اس کی عقل کمزور ہے۔
الھَبْتَر: پستہ قد۔
ھَبَجَہ (ف) ھَبْجًا بالعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔
ھَبِجَ (س) ھَبَجًا وجْهُ الرَّجُلِ: چہرے کا سوجنا۔ صفت ھَبِجٌ۔
ھَبَّجَہ: متورم کرنا۔
تَھَبَّجَ: سوجنا۔
المُھَبَّجُ: سُست۔ بھدی طبیعت کا۔
ھَبَدَ (ض) ھَبْدًا وتَھَبَّدَ واھْتَبَدَ الھَبِیْدَ: اندرائن کا پھل توڑنا اور پکانا اور چننا۔ ھَبَّدَ فُلَانًا: اندرائن کا پھل کھلانا۔
الھَبْد والھَبِیْد: اندرائن یا اس کا دانہ۔ واحد ھَبِیْدَۃ۔
الھَوابِد: اندرائن کے دانے چننے والیاں۔
ھَبَذَ (ض) ھَبْذًا وھابَذَ واَھْبَذَ واھْتَبَذَ الفَرَسُ او الطَّائِرُ: گھوڑے کا تیز چلنا یا پرندہ کا تیز اُڑنا۔
الھَابِذَۃ: تیز رفتار اونٹنی۔ ج ھَوَابِذ۔
ھَبَرَ (ن) ھَبْرًا اللَّحْمَ: گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ھَبَرَ لَهُ مِنَ اللَّحْمِ ھَبْرَةً" اس نے اس کے لیے گوشت کے ٹکڑے کاٹے "وَھَبَرْنَاھُمْ بِالسُّیُوْفِ" ہم نے ان کو تلواروں سے کاٹ دیا۔

ھَبِرَ (س) ھَبَرًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا زیادہ گوشت والا ہونا۔
اَھْبَرَ الرَّجُلُ: خوشنما موٹا ہونا۔
اِھْتَبَرَ البَعِیْرُ: اُونٹ کا دبلا پتلا ہونا۔ فُلَانًا بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔
الھَبْر: بغیر ہڈی کا گوشت۔ واحد ھَبْرَۃ۔
الھَبْر: پست زمین یا ریت کا قطعہ ج ھُبُوْر۔ وھُبْر۔ والھَبْر فی القَرَاءَۃ: آیت پر وقف کرنا۔
الھُبْر: انگور کا بیج۔ کتان سے جو گرے۔
الھَبِر۔ مِنَ الجِمَالِ: بہت گوشت والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ ھَبِرٌ دَبِرٌ" بہت گوشت اور اون والا اونٹ۔ مؤنث ھَبِرَۃ۔
الھَبِر: کٹا ہوا۔
الھُبْرِیَة: روئی کے اُڑنے والے روئیں۔ سر کی بھوسی۔ بانس اور نرکل سے جو بکھرے اور پھر جمع ہو کر جم جائے۔
الھُبُور: مکڑی۔
الھَبِیْر: پست زمین کہ اس کے ارد گرد بلندی ہو ج ھُبُر و اَھْبِرَۃ۔ اندام نہانی۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ ھَبْرٌ و ھَبِیْرٌ" گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والی ضرب۔
الھُبَیْرَۃ: بجو۔ اَبُو ھُبَیْرَۃ: مینڈک۔ اُمّ ھُبَیْرَۃ: مینڈکی۔
الاَھْبَر: بہت گوشت والا۔ مؤنث ھَبْرَاء ج ھُبْر۔
الھَبَارِیَة: اُڑنے والے پر۔ سر کی بھوسی۔
رِیْحٌ ھَبَارِیَّةٌ: غبار والی ہوا۔
الھَبَّار: بہت بالوں والا بندر۔
سَیْفٌ ھَبَّارٌ: کاٹنے والی تلوار۔
الھَبُوْر: چھوٹی چیونٹی۔ کھیتی کے گرے ہوئے خوشے۔
ھَبْرَجَ الرَّجُلُ: ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔ الثَّوْبَ: منقش کرنا۔
الھَبْرَج: تیز و سبک چال۔ مرد متکبر۔ ڈگمگا کر چلنے والا۔ منقش کپڑا۔ موٹا و پر گوشت بیل۔ بوڑھا ہرن۔

الھِبْرِج: موٹا و پرگوشت۔
المُھَبْرَج مِنَ الاَوْتَارِ: خراب شدہ تانت۔
الھِبْرِزِیّ: فارسیوں کا کنگن۔ نیا دینار۔ ہر خوبصورت و خوشنما چیز۔ عمدہ موزہ۔ خالص سونا۔ وامّ الھِبْرِزِی: بخار۔
تَھَبْرَسَ: نازو انداز سے چلنا۔
ھَبَزَ (ض) ھَبْزًا و ھُبُوْزًا و ھَبَزَانًا: مرنا۔ یا اچانک مرنا۔
ھَبَشَ (ن) وھَبِشَ (س) ھَبْشًا الرَّجُلُ: پورے ہاتھوں سے دوہنا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ پہنچنا۔ لِعِیَالِهِ: کمائی کرنا۔ فُلَانًا: تکلیف دہ مار مارنا۔
ھَبَّشَ تَھْبِیْشًا المَالَ: جمع کرنا۔
تَھَبَّشَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ یَتَھَبَّشُ لِعِیَالِهِ" وہ اپنے اہل و عیال کے لیے کمائی کرنے کے لیے نکلا۔
اِھْتَبَشَ المَالَ: اکٹھا ہونا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ مِنْهُ عَطَاءً: حاصل کرنا۔
الھَابِشَة: جماعت۔ الھَابِشَة والھُبَاشَة مختلف قبیلوں کی جماعت۔ ج ھَوَابِش و ھُبَاشَات۔ الھُبَاشَات: کمائیاں۔
الھَبَّاش: بہت کمائی کرنے والا۔ بہت جمع کرنے والا۔
ھَبِصَ (س) وھَبَصَ (ح) ھَبْصًا وھَبَصًا: پھرتیلا و جلد باز ہونا۔ الکَلْبُ: کتے کا شکار کا حریص ہونا۔ عَلَی الشَّیْءِ: مشتاق ہو کر بے قرار ہونا۔ صفت ھَبِصٌ۔
اِھْتَبَصَ فِی العَمَلِ: جلدی کرنا۔ فی المَشْیِ: تیز چلنا (واِنْھَبَصَ) لِلضَّحِكِ: بہت زور سے ہنسنا۔
الھَبَصَی: تیز چال۔ کہا جاتا ہے مَشَی الھَبَصَی وہ تیز چال چلا۔
ھَبَطَہ (ن) ھَبْطًا مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے اُتارنا۔ المَرَضُ لَحْمَہ: بیماری کا گوشت کو لاغر کرنا۔ فُلَانًا: مارنا۔ بَلَدَ کَذَا: شہر میں داخل ہونا۔ السُّوْقَ: بازار میں پہنچنا۔ الوَادِیَ: وادی میں اترنا۔ صفت ھَبَّاط۔ فُلَانًا البَلَدَ: شہر

میں داخل ہونا ثَمَنُ السِّلْعَةِ وَمِنْ ثَمَنِهَا: قیمت گھٹانا۔

هَبَطَ (ض ن) هُبُوْطًا الثَّمَنُ: قیمت گھٹانا۔ کم ہونا۔ فُلَانٌ: خاکساری کرنا فُلَانٌ مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا مِنْ مَوْضَعٍ اِلٰی آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنَ الْخَشْيَةِ" اس نے خوف کی وجہ سے خاکساری کی۔ "وَهَبَطَهُ الزَّمَانُ" اس کو زمانہ نے مفلوک الحال بنادیا۔

هَبَطَ الْعِدْلَ: بوری کو اُونٹ پر درست کر کے رکھنا۔

اَهْبَطَهُ: اتارنا۔ اَهْبَطَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانا۔

تَهَبَّطَ مِنْ كَذَا: نیچے اترنا الشَّیْئُ: بجھنا۔

اِنْهَبَطَ الرَّجُلُ: نیچے اترنا۔

الهَابِطُ: فا۔ لاغر۔

الهَبْطُ: مص۔ نقصان۔ برائی میں پڑنا۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ غَبْطًا لَا هَبْطًا" یعنی اے اللہ ہم تجھ سے اس کا سوال کرتے ہیں کہ لوگ ہم پر غبطہ کریں اور اس سے پناہ مانگتے ہیں کہ اپنی حالت سے پستی میں آجائیں۔

الهَبْطَة: هبط کا اسم مرۃ۔ پست و ہموار زمین۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِي هَبْطَةٍ مِنَ الْاَرْضِ" وہ لوگ پست زمین میں ہیں۔

الهَبُوْطُ: ڈھلوان۔ نشیب کی زمین۔

الهَبِيْطُ: دبلا پتلا لاغر۔

المَهْبِطُ: اترنے کی جگہ۔

اَلْمَهْبَطُ: گرڈا سٹیشن۔ ایر فیلڈ۔

المَهْبُوْطُ: دبلا پتلا۔ رَجُلٌ مَهْبُوْطٌ: محتاج و مفلس مرد۔

هَبَعَ (ف) هَبْعًا وَهُبُوْعًا الحِمَارُ: گدھے کا سست رفتاری سے چلنا۔ اور جس کی ایسی حالت ہو اس کو هبع کہتے ہیں البَعِيْرُ: اُونٹ کا گردن پھیلا کر چلنا۔ هَبَعَ بِعُنُقِهٖ: جلدی کرنا اور گردن کا سہارا لینا۔ صفت هَابِعٌ و هُبُوْعٌ۔

اِسْتَهْبَعَ البَعِيْرُ: اُونٹ کو گردن پھیلا کے چلوانا۔

الهُبَعُ: گدھا۔ اُونٹ کا بچہ جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔ ج هُبَعَات و هِبَاع مؤنث هُبَعَة ج هُبَعَات۔

المُهْبِعُ: اُونٹ کے بچوں کا مالک۔

اِبِلٌ هُبَّعٌ: گردن پھیلا کے چلنے والے اونٹ۔

هَبَغَ (ف) هُبُوْغًا و هَبْغًا الرَّجُلُ: سونا۔

الهَبْغَة: نیند۔

الهَبِيْغ: بہت سونے والا۔

اِنْهَبَكَتْ بِهِ الْاَرْضُ: دھنسانا۔

الهُبَكَة: احمق۔ بیوقوف۔ زمین جس میں پاؤں دھنس جائیں۔ ج هُبَكَات و هُبَك۔

هَبِلَتْ (س) هَبَلًا فُلَانًا اُمُّهٗ: گم کرنا۔ بے فرزند ہونا۔ صفت هَابِلٌ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "هَبِلَتْهُ اُمُّهٗ" یعنی اس کی ماں اس کو گم کرے اور بسا اوقات مقام مدح واستحسان میں بولا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ وہ کتنا بڑا عالم اور صائب الرائے ہے۔

هَبَّلَ الرَّجُلُ لِعِيَالِهٖ: اہل و عیال کیلئے کمائی کرنا فُلَانًا: کسی سے هَبِلَتْكَ اُمُّكَ کہنا اللَّحْمُ فُلَانًا: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

اَهْبَلَ الرَّجُلُ: بے اولاد کرنا۔ عقل و تمیز کھونا اللَّحْمُ: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

تَهَبَّلَ لِعِيَالِهٖ: اہل و عیال کیلئے کمائی کرنا۔

اِهْتَبَلَ فُلَانٌ: بہت جھوٹ بولنا اور حیلہ کرنا الصَّيْدَ: شکار کو فریب دینا۔ لِعِيَالِهٖ: اہل و عیال کے لیے کمائی کرنا۔ الشَّیْئَ: غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَبِلْ كَلِمَةَ حِكْمَةٍ" حکمت کے کلمہ کو غنیمت جان۔ عَلٰى وَلَدِهٖ: بے اولاد کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَبِلْ هَبَلَكَ" اپنی حالت کی درستی کو لازم جانو۔

الهَابِلُ: کمائی کرنے والا۔ حیلہ گر۔ بہت گوشت و چربی والا۔

الهَبَالُ: ایک درخت ہے جس سے تیر بنائے جاتے ہیں۔ واحد هَبَالَةٌ۔

الهَبَالَة: عقل و تمیز کھونا۔ جستجو۔ کہا جاتا ہے "نَالَهٗ بِهَبَالَةٍ"

الهَبَالَة: غنیمت۔

الهَبَّال: کمائی کرنے والا۔ حیلہ ساز۔ فریب دینے والا شکاری۔

الهَبَل: مص۔ حالت۔

الهِبِل: بھیڑیا۔ فریب دینے والا۔

الهَبْلَة: بوسہ۔

هُبَل: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

الاَهْبَل: عقل و تمیز کھونے والا۔ ج هُبْل

الهِبِلُّ والهِبَلُّ: بڑا یا لمبا مرد۔ حیلہ جو۔

الهِبِل: ایک درخت کا نام۔

الهَبَلٰی: ناز کی رفتار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الهَبَلٰی" وہ خرام ناز سے چلتا ہے۔

الهَبُوْل: بچہ گم کرنے والی عورت۔

المُهَبَّل: جس کو بددعا دی جائے کہ تیری ماں تجھے گم کرے۔ سوجے ہوئے چہرے والا پر گوشت۔ پاگل۔

المُهْبِل: ہلکا۔

المُهْتَبِل: جھوٹا۔

المَهْبُوْل: مث۔ وہ جس کو اس کی ماں نے گم کر دیا ہو۔

الهِبْلَق: پستہ قد۔

الهَبَنَّق: بیوقوف۔ پستہ قد۔

الهَبَنَّك: بیوقوف۔ کمزور۔ چغل خور۔

الهَبَنَّكَه: هَبَنَّك کا مؤنث سست کاہل۔

هَبْهَبَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ نیند سے بیدار ہونا السَّرَابُ: سراب چمکنا۔ هَبْهَبَهٗ: ڈانٹنا۔ هَبْهَبَ الكَبْشَ: مینڈھے کو ذبح کرنا۔

تَهَبْهَبَ الشَّیْئُ: ہلنا۔ حرکت کرنا۔

الهَبْهَب: تیز رفتار۔ ہلکا پھلکا بھیڑیا۔

الهَبْهَاب: تیز رفتار۔ چلانے والا۔ سراب

الهَبْهَبِيُّ: اچھی حدی گانے والا۔ اچھی خدمت کرنے والا۔ پکانے والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ گوشت بھوننے والا۔ قصائی۔ عمدہ طریقے سے محنت و مشقت کرنے والا۔ تیز

رفتار ہلکا پھلکا اونٹ مؤنث هَبْهَبِيَّة۔
هَبَا يَهْبُو هُبُوًّا آہستہ چلنا الغُبَارُ غبار کا بلند ہونا الفَرَسُ گھوڑے کا بھاگنا فُلَانٌ: مرنا الرَّمَادُ راکھ کا مٹی سے ملنا۔
اَهْبَى اِهْبَاءً الفَرَسُ گھوڑے کا غبار اُڑانا۔
تَهَبَّى تَهَبِّيًا دونوں ہاتھ جھاڑنا۔
الهَابِي فا۔ ج هُبِّي کہا جاتا ہے "نُجُومٌ هُبِّي" غبار سے چھپے ہوئے ستارے۔
الهَابِي قبر کی مٹی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْضِعٌ هَابِي التُّرَابِ" یہ غبار والی مٹی کی جگہ ہے وتُرَابٌ أَوْمَادٌ هَابٍ فضا میں اُڑنے والی مٹی یا راکھ۔
الهَبَاءُ غبار۔ باریک مٹی کے ذرات جو زمین پر بلند اور پھیلے ہوئے ہوں۔ کم عقل لوگ۔ ج اَهْبَاء۔
الهَبَائِيَة غبار کا قطعہ۔
هُبَابَةُ الشَّجَرِ درخت کی چھال۔
الهَبْوَة گرد و غبار۔ ج هَبَوَات واَهْبَاء (خلاف قیاس) اَهْبَاءُ الزَّوْبَعَةِ بگولا۔
الهَبِيُّ چھوٹا بچہ۔ مؤنث هَبِيَّة۔
المُتَهَبِّي کمزور نظر والا۔
هَتَّ(ن) هَتًّا الكَلَامَ پیہم نقل کرنا۔ خوش سلیقگی سے بیان کرنا الثَّوبَ کپڑے پھاڑنا العِرْضَ آبرو ریزی کرنا الماءَ: پانی گرانا فلان مرتبہ گھٹانا۔
المَرْأَةُ غَزْلَهَا عورت کا لگاتار کاتنا فُلَانٌ فِي كَلَامِهِ: جلدی جلدی بولنا وَرَقَ الشَّجَرِ درخت کے پتے جھاڑنا۔ الشَّيْءَ: توڑنا اور چورہ کرنا (هَتِيتًا) البَكْرُ جوان اُونٹ کا آواز کرنا۔
الهَتُّ مص۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُم هَتًّا بَتًّا" اس نے اُن کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے چھوڑا۔
الهَتَّات ہلکا پھلکا۔ بہت بک بک کرنے والا۔
المِهَتُّ بمعنے هَتَّات۔
هَتَأَهُ يَهْتَأُهُ هَتْأً بالعَصَا و نَحْوِهَا لاٹھی وغیرہ سے مارنا الطَّعَامَ کھانا۔
هَتِئَ يَهْتَأُ هَتَأً الرَّجُلُ ٹیڑھا ہونا۔

تَهَتَّأَ تَهَتُّؤًا الثَّوبُ کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
الهَتْءُ الهِتْءُ والهَتِيُّ والهِتَاءُ والهِيْتِيُّ والهِيتَاءُ والهَتْأَة وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى مِنَ اللَّيْلِ هَتْءٌ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔
الهَتَا والهُتُوءُ شگاف۔ پھٹن۔
الأَهْتَاء کیڑا۔
هَتَرَ(ض) هَتْرًا عِرْضَ فُلَانٍ آبرو ریزی کرنا الكِبَرُ فُلَانًا بڑھاپے کا عقل کو زائل کرنا۔
هَتَّرَ عِرْضَ فُلَانٍ بہت زیادہ آبرو ریزی کرنا۔
هَاتَرَهُ مُهَاتَرَةً بُری گالی دینا۔
اَهْتَرَ الرَّجُلُ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت مُهْتَر بفتح التَّاء اور یہ شاذ ہے واُهْتِرَ فُلَانٌ کسی چیز کے بارے میں کہنے کے لیے فریفتہ ہونا۔ اُهْتِرُوا فِي ذِكْرِ اللّٰهِ اللہ کی یاد کرتے ہوئے بوڑھا ہونا۔
تَهَاتَرَ الرَّجُلَانِ ایک دوسرے پر جھوٹا دعوی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَاتَرَتِ الشَّهَادَاتُ" شہادتیں ایک دوسرے کے برخلاف ہوئیں۔
اِسْتَهْتَرَ فُلَانٌ: لاپروائی کے ساتھ خواہشات کا اتباع کرنا۔ بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔
اُسْتُهْتِرَ الرَّجُلُ بِكَذَا بہت فریفتہ ہونا الرَّجُلُ لغو و لا طائل افعال کا مرتکب ہونا۔
الهَاتِر فا۔ ج هَاتِرُونَ وهَتَرَة۔
الهِتْر جھوٹ۔ مصیبت۔ امر عجیب۔ بیہودہ گفتگو۔ رات کا نصف اول۔ ج اَهْتَار کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هِتْرُ اَهْتَارٍ" فلاں بڑا چالاک ہے۔
الهُتْر بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
التَّهَاتُر ایک دوسرے کے خلاف شہادتیں۔

التَّهْتَار والتَّهَتُّر حماقت وجہالت۔
المُهْتَر کسی چیز کے متعلق کچھ کہتے رہنے پر فریفتہ۔ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے خراب عقل والا۔ رَجُلٌ مُهْتَرٌ گفتگو میں خطا کار۔
المُسْتَهْتَر بالشَّيْءِ سخت فریفتہ۔ بہت باطل کار آدمی۔
الهَتْرَك شیر۔ سخت و مشکل زمانہ۔
هَتَشَ(ض) هَتْشًا الكَلْبَ: کتے کو برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ کہا جاتا ہے "هُتِشَ الكَلْبُ فَاهْتَتَشَ" کتے کو بھڑکایا گیا وہ بھڑک گیا۔ (اور یہ کتے اور درندوں ہی کے لیے خاص ہے)
هَتَعَ(ف) هَتْعًا اِلَى قَوْمِهِ جلدی متوجہ ہونا۔
هَتَفَتْ(ض) هَتْفًا و هُتَافًا الحَمَامَةُ کبوتری کا کوکو کرنا (هُتَافًا) فُلَانٌ بِفُلَانٍ بلانا کربلانا فُلَانًا و بِفُلَانٍ تعریف کرنا۔
هَتَّفَتْ تَهْتِيفًا الحَمَامَةُ: کبوتری کا نوحہ کرنا۔
الهَاتِفُ ٹیلیفون
الهَاتِف فا۔ جس کی آواز سنائی دے اور دکھلائی نہ دے۔ ٹیلی فون۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ هَاتِفًا يَهْتِفُ" جبکہ تم آواز سنو اور کوئی دکھلائی نہ دے کہا جاتا ہے قَوْسٌ هَتَّافَةٌ و هَتُوفٌ و هَتَفَى آواز دینے والی کمان۔ حَمَامَةٌ هَتُوفٌ بہت کوکو کرنے والی کبوتری۔ رِيحٌ هَتُوفٌ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔ سَحَابَةٌ هَتُوفٌ گرجنے والا بادل۔ اور اسم الهِتْفَى ہے۔
الهَتْف والهُتَاف مص۔ سخت و بلند آواز۔
هَتَكَ(ض) هَتْكًا السِّتْرَ و نَحْوَهُ پردہ پھاڑنا۔ کاٹ کر علیحدہ کرنا۔ یا کچھ تھوڑا سا سوراخ کرنا تاکہ پردہ کے پیچھے کی چیز ظاہر ہو جائے الثَّوبَ کپڑے کو لمبا پھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَ الفَاجِرِ" یعنی اللہ تعالی فاجر کو رسوا کریں۔ "وَهَتَكَ عَرْشَهُ"

جبکہ عزت جاتی رہے۔
هَتَّكَ السِّتْرَ: بمعنے هتک۔ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔
تَهَتَّكَ وَانْهَتَكَ السِّتْرُ و نَحْوُهُ: پردہ کا پھٹنا۔ تَهَتَّكَ فُلَانٌ: رُسوا ہونا فِي الْبَطَالَةِ: بہادری میں چھوڑنا۔
هَاتَكَ مُهَاتَكَةً. باہم رات کی تاریکی میں چلنا۔ کہا جاتا ہے "هَاتَكْنَا اللَّيْلَ" یعنی رات کی تاریکی میں ہم نے سفر کیا۔
الهُتْك. آدھی رات۔
ثَوْبٌ هَتِكٌ. پارہ پارہ شدہ کپڑا۔
الهُتْكَة. پردہ دری۔ رات کی ایک ساعت۔
الهَتِيكَة. رسوائی۔ بے عزتی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْهَتِكٌ و مُتَهَتِّكٌ و مُسْتَهْتِكٌ" بے عزتی سے لاپرواہ۔ رسوا۔ بدنام۔
الهتك. پارہ پارہ شدہ۔
هَتَلَتْ (ض) هَتْلًا وهُتُوْلًا و تَهْتَالًا و هَتَلَانًا السَّمَاءُ: آسمان کا لگاتار برسنا۔
سَحَائِبُ هُتَّلٌ. لگاتار برسنے والے بادل۔
الهتلان. ہلکی لگاتار بارش۔
هَتْلَمَ هَتْلَمَةً الرَّجُلَانِ: دوسروں سے چھپا کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔
الهَتْلَمَة. س۔ پوشیدہ بات۔
هَتَمَ (ض) هَتْمًا فَاهُ: اگلے دانتوں کو توڑنا الثَّنِيَّةَ: جڑ سے توڑنا۔
هَتِمَ (س) هَتَمًا. سامنے کے جڑ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت أَهْتَم مؤنث هَتْمَاء ج هُتْم.
هَتَّمَهُ بِالضَّرْبِ: مار مار کر ضعیف و کمزور کر دینا۔
اَهْتَمَ. دانتوں کو توڑنا۔
تَهَتَّمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَتَّمَتْ اَسْنَانُهُ" اس کے دانت ٹوٹ گئے۔
تَهَاتَمَا. ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا۔
الهُتَامَة. ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔
هَتْمَرَ الرَّجُلُ: بہت بولنا۔

هَتْمَلَ الرَّجُلُ: آہستہ بولنا الرَّجُلَانِ: دوسرے سے چھپا کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔
الهَتْمَلَة. پوشیدہ بات۔
هَتَنَتْ (ض) هَتْنًا وهُتُوْنًا و هَتَنَانًا و تَهْتَانًا و تَهَاتَنَتِ السَّمَاءُ: آسمان سے لگاتار بارش ہونا الدَّمْعُ: آنسو کا ٹپکنا۔
الهَتْن. لگاتار بارش۔
سَحَابٌ هَاتِنٌ و هَتُوْنٌ لگاتار بارش والا بادل ج هُتُنٌ و هُتَّن. عَيْنٌ هَتُوْنُ الدَّمْعِ لگاتار آنسو ٹپکانے والی آنکھ۔
التَّهْتَان. لگاتار برسنے والی بارش۔
هَتْهَتَ الشَّيْءَ: توڑنا فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا الْبَعِيْرَ: اُونٹ کو "هَتْ هَتْ" کہہ کے پینے کے وقت ڈانٹنا۔
الهَتْهَات. ہلکا پھلکا۔ جلدی بولنے والا۔
هَتَاهُ يَهْتُوْهُ هَتْوًا. پیروں سے روند کر توڑنا۔
هَاتَاهُ مُهَاتَاةً. دینا (اس فعل کی گردان عاطی کی گردان کی مانند ہے) کہا جاتا ہے "هَاتِ يَا رَجُلُ" اے مرد دے "وَهَاتِي يَا امْرَأَةُ" اے عورت دے "وَمَا أُهَاتِيْكَ" میں تم کو نہیں دوں گا۔
هَتَّ (ن ض) هَتًّا. جھوٹ بولنا۔ صفت هَتَّات یعنی جھوٹا۔
هَثْرَمَ هَثْرَمَةً. بہت بولنا۔
هَثَمَهُ (ض) هَثْمًا. کوٹ کر باریک کرنا۔
هَثَمَ لَهُ مِنْ مَالِهِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الهَيْثَم. ایک کھٹے مزے کا درخت۔ شکرا۔ اور بقول بعض گدھ یا عقاب کا بچہ۔ سرخ رنگ کا ریت کا ٹیلہ۔
هَثْهَثَ هَثْهَثَةً الشَّيْءُ: مخلط ہونا۔ الْوَالِي النَّاسَ: ظلم کرنا السَّحَابَةُ بِقَطْرِهَا: بہت زور سے برسانا الشَّيْءَ: سخت روندنا۔
الهَثْهَاث. جلدی کرنے والا۔ شَيْءٌ هَثْهَاثٌ: ملی ہوئی بے ترتیب چیز۔ رَجُلٌ هَثْهَاثٌ: جھوٹا مرد۔

الهَثْهَثَة. س۔ لڑائی میں مخلط آوازیں۔
هَثَى يَهْثِي هَثْيَانًا التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
هَاثَاهُ مُهَاثَاةً. مذاق اڑانا۔
هَجَّ (ن) هَجًّا و هَجِيْجًا الْبَيْتَ: گھر ڈھانا (هَجِيْجًا) الْعَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ النَّارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔ هَجَّجَ النَّارَ: آگ زور سے بھڑکانا۔
وَهَجَّجَتْ عَيْنُهُ: آنکھ دھنس جانا۔
اِهْتَجَّ فِي الْأَمْرِ: دیر لگانا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔
اِسْتَهَجَّ فُلَانٌ: خود رائے ہونا۔ السَّيَّارَةَ او الْقَافِلَةَ: تیز چلانا۔
عَيْنٌ هَاجَّةٌ. دھنسی ہوئی آنکھ۔
الهَجَاجِ. تیز چال۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ هَجَاجِ" مبنی علی الکسر یعنی وہ خود سر ہوا (اور کبھی هَجَاج کے آخر کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے) اور اگر کوئی شخص لوگوں کو کسی چیز سے روکنا چاہتا ہے تو کہتا ہے "هَجَاجَيْكَ وَهٰذَا ذَيْلُكَ" یعنی دور رہو۔
الهَجَاجَة. گرد و غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَاجَةٌ"
الهُجُّ. بیل کی گردن کا جوا۔
الهُجْهُج. پوکھرے۔
الهَجِيْج. مص۔ گہری وادی۔ لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے۔ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچی جائیں۔ ج هُجَّان.
الأَهْجِيْج. گہری وادی۔
عَيْنٌ مُهَجِّجَة. دھنسی ہوئی آنکھ۔
المُهَجَّج. فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
المُسْتَهِجُّ. ہر حق ناحق میں بولنے والا۔
هَجَأَ يَهْجَأُ هَجْأً وهُجُوْءًا جُوْعُهُ: بھوک بند ہونا (هَجْأً) الطَّعَامَ: کھانا بَطْنَهُ: پیٹ بھرنا هُ الطَّعَامُ: آسودہ کر دینا۔
هَجِئَ يَهْجَأُ هَجَأً. بہت بھوکا ہونا۔
اَهْجَأَ اهْجَاءً جُوْعَهُ: بھوک زائل کرنا۔ فُلَانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو کچھ کھلانا۔

تَهَجَّا الْحَرْفَ ہجے کرنا۔
الْهُجَاءُ ہر وہ چیز جو تمہارے اندر ہو اور ختم ہو جائے۔
الْهُجَاةُ بیوقوف مرد یا عورت۔
هَجَبَ (ض) هَجْبًا ہانکنا۔ دوڑنا۔ لاٹھی سے مارنا۔
هَجَدَ (ن) هُجُوْدًا رات میں سونا۔ بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض هُجُوْد دن میں سونے اور هُجُوْع رات میں سونے کے لئے ہے۔
هَجَّدَ تَهْجِيْدًا الرَّجُلُ بیدار ہونا۔ رات میں سونا۔ رات میں نماز پڑھنا فُلَانًا جگانا۔ سلانا (ضد)
اَهْجَدَ الرَّجُلُ سونا فُلَانًا سلانا۔ سوتا ہوا پانا۔
تَهَجَّدَ الرَّجُلُ رات میں سونا۔ بیدار رہنا۔
الْهَاجِد سونے والا۔ رات میں نماز پڑھنے والا ج هُجُوْد و هُجَّد.
الْهَجُوْد رات میں نماز پڑھنے والا۔ ج هُجُوْد و هُجَّد.
التَّهَجُّد س۔ رات کی نماز۔
الْمُتَهَجِّد فا۔ رات کی نماز کیلئے نیند سے بیدار ہونے والا۔ ازہری کا قول ہے کہ کلام عرب میں ھاجد کا اطلاق رات میں سونے والے پر اور متہجد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے۔
هَجَرَ (ن) هَجْرًا و هِجْرَانًا قطع تعلق کرنا۔ چھوڑنا۔ هَجَرَ الشَّيْءَ ترک کرنا۔ اعراض کرنا زَوْجَهٗ بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا (هَجْرًا و هِجِّيْرٰی و اِهْجِيْرٰی) فِي نومه او مَرَضِه نیند یا مرض میں بکواس کرنا (هَجْرًا) بِهٖ فِي النَّوْمِ خواب دیکھنا (هَجْرًا و هُجُوْرًا) الْبَعِيْرَ پاؤں باندھنے کی رسّی سے باندھنا۔
هَجَّرَ الْقَوْمُ دوپہر میں چلنا النَّهَارُ سخت گرم ہونا اِلَى الشَّيْءِ سویرے جانا اور سبقت کرنا۔

هَاجَرَ مُهَاجَرَةً مِنَ الْبَلَدِ و عَنْهُ ہجرت کرنا۔
اَهْجَرَهٗ اِهْجَارًا چھوڑنا۔ اَهْجَرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا۔ اَهْجَرَ فِي مَنْطِقِه بکواس کرنا بِفُلَانٍ ٹھٹھا کرنا اور بُری بات کہنا۔
تَهَجَّرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا فُلَانٌ مہاجرین کے مشابہ ہونا۔
تَهَاجَرُوْا و اهْتَجَرُوْا باہم قطع تعلق کرنا۔
تَهَاجَرُو الْمَاءَ پینا۔
اِهْتَجَرَهٗ چھوڑنا۔
اَلْهَاجِر اسم فاعل۔ شَيْءٌ هَاجِرٌ نہایت عمدہ چیز۔
الْهَاجِرَة. الْهَاجِر کا مؤنث گرمی کا دوپہر یا زوالِ آفتاب سے عصر تک کا وقت۔ سخت گرمی۔ ج هَاجِرَات و هَوَاجِر اور کبھی هَاجِرَة ان مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَة کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَاقِبَةٌ و عَافِيَةٌ وغیرہ۔ نَاقَةٌ هَاجِرَةٌ عمدہ اُونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِهَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال فاحشہ سے متہم کیا۔
الْهَاجِرِيُّ بہت عمدہ۔ اعلیٰ و فائق۔ معمار۔ شہری۔
هَاجَرَة حضرت اسمٰعیل علیٰ نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی۔
الْهَجْر س۔ حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا۔ بہت عمدہ۔ مہار۔ دوپہر۔ سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ عَنْ هَجْرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد یا غیوبت کے بعد ملا۔ "وَذَهَبَتِ الشَّجَرَةُ هَجْرًا" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہوا۔
الْهِجْر عمدہ اُونٹ یا اُونٹنی۔
الْهُجْر قبیح گفتگو۔ فحش گوئی۔ اِهْجَار کا اسم۔
الْهَجِر نہایت عمدہ۔ آہستہ چلنے والا۔
اَلْاَهْجَر اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَهْجَرُ مِنْ ذَاكَ" یعنی یہ اس سے لمبا موٹا اور بڑا ہے۔

الْهُجْرَاءُ قبیح گفتگو۔ کفایت۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ غِنَاءُ ذٰلِكَ وَلَا هَجْرَاؤُهٗ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لیے غنا ہے اور نہ کفایت۔
الْهَجْرَة. هَجْر کا اسم مرۃ۔ موٹی عورت۔
الْهِجْرَة. هَجْر کا اسم نوع۔ تَهَاجُر کا اسم۔
الْهِجْرَة و الْهُجْرَة ترک وطن۔ ایک مُلک سے دوسرے مُلک کو جانا۔
الْهَجْرُ دیہات میں منتقل ہونا۔
الْهَجِيْر دوپہر۔ سخت گرمی۔ بڑا اور کشادہ حوض۔ بڑا پیالہ۔ جما ہوا دودھ۔ موٹا گورخر۔ پاؤں باندھنے کی رسّی سے بندھا ہوا اُونٹ ج هُجُر. الْهَجِيْر کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ۔
الْهَجِيْرَة دوپہر۔ سخت گرمی۔
الْهِجَار. تانت۔ طوق۔ تاج۔ اُونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی۔
الْهِجِّيْر و الْهِجِّيْرَة عادت۔
الْهِجِّيْرٰی. هَجَرَ فِي نومه او مَرَضِه کا مصدر۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا هِجِّيْرَاه" یہ اس کی عادت ہے۔
الْهِجْرِيَّاء عادت۔
الْهَجُوْرِيُّ دوپہر کے وقت کا کھانا۔
الْاُهْجُوْرَة و الْاِهْجِيْرٰی و الْاِهْجِيْرَاءُ عادت۔
الْمُهْجِر شریف۔ خوبصورت۔ ہر چیز سے عمدہ۔ دوسروں سے بڑھا چڑھا۔ عَدَدٌ مُهْجِر: بہت عدد۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِمُهْجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال قبیحہ سے متہم کیا۔
الْمَهَاجِر ہجرت کے مقامات۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ بِالْمَهَاجِرِ" اس نے فحش گفتگو کی۔
الْمَهْجُوْر مف۔ بیمار یا سوئے ہوئے کی بکواس۔ وہ لفظ جس کا استعمال چھوڑ دیا گیا ہو۔
الْهِجْرِس. لنگوز۔ لومڑی اور بقول بعض لومڑی کا بچہ۔ ریچھ۔ نالائق آدمی ج هَجَارِس
الْهَجَارِس زمانہ کی سختیاں۔

الهِجْرِع والهِجْرَع. بیوقوف پاگل۔ لمبے قد کا لنگڑا۔ ایک بہترین قسم کا شکاری کتا۔
هَاجَزَهٗ مُهَاجَزَةً چپکے چپکے بات کہنا۔
هَجَسَ (ن ض هَجْسًا) الشَّيْءَ فِيْ صَدْرِهٖ: وسوسہ گزرنا فُلَانًا: کام سے روکنا۔
هَاجَسَهٗ. چپکے چپکے بات کہنا۔
اِنْهَجَسَ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا۔
الهَاجِس. فا۔ اندیشہ؛ وسوسہ ھو اجس.
الهَجْس. مص۔ پست آواز جو سنائی دے اور سمجھ میں نہ آئے۔ اندیشہ۔ وسوسہ۔
الهَجَّاس. آواز کو سننے والا شیر۔
الهَجِيْسَة. مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ۔
خُبْزٌ مُتَهَجِّس. فطیری روٹی، بے خمیر کی روٹی۔
المَهْجُوْس. مف۔ کہا جاتا ہے وَقَعُوْا فِيْ مَهْجُوْسٍ مِنَ الْاَمْرِ" وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔
هَجَشَ (ن هَجْشًا) الدَّابَّةَ چوپایہ کو نرمی سے ہانکنا۔ القَوْمَ: فساد ڈالنا۔
هَجَشَتْ لَهٗ نَفْسِيْ: بہت خواہش مند ہونا۔
الهَاجِشَة. لوگوں کی جماعت۔ ج هَوَاجِش. کہا جاتا ہے جَاءَتْ هَاجِشَةٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت آئی۔
الهَجْشَة. اسم مرۃ۔ اٹھنا۔
هَجَعَ (ف هُجُوْعًا و تَهْجَاعًا. رات میں سونا۔ سونا۔ اور کہا جاتا ہے هَجَعَ جُوْعَهٗ هَجْعًا فَهَجَعَ جُوْعُهٗ هُجُوْعًا" اس نے اس کی بھوک کو تسکین دی۔ پس اس کی بھوک تسکین پا گئی (لازم و متعدی) هَجَعْتُ اِلَيْهِ فَخَدَعَنِيْ" میں اس سے مانوس ہوا اور اس کے سامنے جھک گیا اور اس نے مجھے دھوکا دیا۔
هَجَّعَ تَهْجِيْعًا القَوْمُ: سونا۔
اَهْجَعَ جُوْعَهٗ: بھوک کو تسکین دینا۔
الهَاجِع. فا۔ هُجُوْعٌ وهُجَّعٌ.
الهَاجِعَة. رات میں سونے والی هُجَّعٌ و هُجُوْعٌ و هَوَاجِع و هَوَاجِعَات.
الهِجْع والهِجَع والهَجِع والهُجَعَة. غافل۔ بیوقوف۔ الهُجَعَة: بہت سونے والا۔
الهَجْعَة. هَجَعَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے اَتَيْتُ فُلَانًا بَعْدَ هَجْعَةٍ" میں فلاں کے پاس ابتدائی رات میں تھوڑی سی نیند کے بعد آیا۔
الهِجْعَة. هَجَعَ کا اسم نوع۔ رَجُلٌ هِجْعَة: غافل بیوقوف مرد۔
الهَجِيْع مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے مَضٰى هَجِيْعٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
التَّهْجَاع. ہلکی نیند۔
المِهْجَع. غافل؛ بیوقوف۔ ہر ایک کا مطیع و فرمانبردار۔
هَجِفَ (س هَجَفًا. بھوکا اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ کوکھ کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا۔
اِنْهَجَفَ. لاغری کی وجہ سے نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا
الهَجْفَان. پیاسا۔
الهِجَفّ. سخت بدن سست (شتر مرغ یا آدمی) موٹا اور لمبا آدمی۔ بڑے پیٹ والا۔
الاَهْجَف. دُبلا۔ مؤ هَجْفَاء.
هَجَلَ (ن هَجْلًا بالقَصَبَتِ وَغَيْرِهَا: پھینکنا هَجَلَتِ الْمَرْاَةُ بِعَيْنِهَا: آنکھ مارنا۔
هَجَّلَ عِرْضَهٗ: بے عزتی کرنا بِفُلَانٍ: فحش سنانا اور گالی دینا۔
هَاجَلَ مُهَاجَلَةً. پست اور ہموار زمین میں چلنا فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔
اَهْجَلَ الْاِبِلَ: اونٹوں کو بیکار چھوڑ دینا الشَّيْءَ: کشادہ کرنا المَالَ: مال ضائع کرنا القَوْمُ: قوم کا پست اور ہموار زمین میں آنا۔
اِهْتَجَلَ الشَّيْءَ: ایجاد کرنا۔
الهَاجِل. فا۔ سونے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔
الهَجْل. مص۔ پست و ہموار زمین۔ ج اَهْجَال و هِجَال و هُجُوْلٌ.
الهَجْلَة. هَجَلَ کا اسم مرۃ۔ پست و ہموار زمین۔ ج هَجَلَات.
الهَجُوْل. بدکار عورت۔
الهَجِيْل. پست و ہموار زمین۔ حوض جو اچھی طرح سے نہ بنا ہو۔
دُمُوْعٌ هُجُوْلٌ. بہنے والے آنسو۔ مفرد هَاجِل.
هَجَمَ (ن هُجُوْمًا عَلَيْهِ: غفلت کی حالت میں اچانک آنا۔ یا بغیر اجازت کے آنا البَيْتَ: مکان کا گرنا البَرْدُ اوِ الشِّتَاءُ سردی یا جاڑے کا جلدی شروع ہونا هَجْمًا) فُلَانًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا فُلَانًا عَلَى الْقَوْمِ اچانک لانا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا البَيْتَ: گھر کو ڈھا دینا الهَوَاجِرُ فُلَانًا: پسینہ بہانا مَا فِي الضَّرْعِ تھن سے سارا دودھ لینا هَجْمًا و هُجُوْمًا) الشَّيْءُ: قرار و سکون پانا المَرَضُ: بیماری کا زائل ہونا اور سست پڑنا فُلَانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا هَجَمَتْ عَيْنُهٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔
هَجَّمَهٗ. اچانک لانا۔
هَاجَمَهٗ مُهَاجَمَةً. ایک دوسرے پر اچانک آنا۔
اَهْجَمَهٗ عَلَيْهِمْ: اچانک لانا اَهْجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا الاِبِلَ: اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس لانا اللّٰهُ المَرَضَ: بیماری کو زائل کرنا۔
تَهَاجَمَا. ایک دوسرے پر اچانک آنا۔
تَهَجَّمَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر اچانک آنا۔
اِنْهَجَمَ البَيْتُ: مکان کا شکستہ و ویران ہونا الدَّمْعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا۔
اِنْهَجَمَتِ الْعَيْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔
اِهْتَجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا۔
اُهْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
الهَجْم. مص۔ بڑا پیالہ۔ پسینہ ج اَهْجَام.
الهَجَم. بڑا پیالہ۔
الهَجْمَة. هَجَمَ کا اسم مرۃ مِنَ الشِّتَاءِ: سخت سردی مِنَ الصَّيْفِ: سخت گرمی مِنَ الْاِبِلِ: چالیس یا ستر اونٹوں سے لے کر سو تک

کا گلہ۔ الهَجْمَةُ: بوڑھی بھیڑ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ بَعْدَ هَجْمَةٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔

الهَجَّام: قوم پر بہت ہجوم کرنے والا۔ بہادر۔ شیر۔

الهَجُوْم: جلد ہجوم کرنے والی من الرِّيَاح تیز ہوا۔ پسینہ آور۔ کہا جاتا ہے "تَحَمَّمْ فَإِنَّ الحَمَّامَ هَجُوْمٌ" حمام میں داخل ہو جاؤ اس لیے کہ حمام پسینہ آور ہے۔

الهَجِيْمَة: گاڑھا دودھ۔

الإِهْتِجَام: رات کا آخری حصہ۔

المَهْجُوْم: ـت بَيْتٌ مَهْجُوْمٌ: گرا ہوا گھر۔ خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

الهَيْجُمَانَة: موتی۔ نر مکڑی۔

هَجَنَ (ن ض) هَجْنًا: ہاجن ہونا (دیکھئے لفظ هاجن)

هَجُنَ (ک) هُجْنَةً و هَجَانَةً و هُجُوْنَةً: کمینہ ہونا۔ فرومایہ ہونا۔ دوغلا ہونا۔ الكَلَامُ: غلط ہونا۔

هَجَّنَهُ تَهْجِيْنًا: ہجین بنانا (دیکھئے لفظ هَجِين) هَجَّنَ الأَمْرَ: حقیر کرنا۔ عیب دار بنانا۔

أَهْجَنَ الرَّجُلُ: شریف النسل اونٹوں کا مالک ہونا۔ الجَارِيَةَ: بلوغ سے پہلے شادی کر دینا۔

أُهْتُجِنَتِ الشَّاةُ: حمل ظاہر ہونا۔

إِسْتَهْجَنَ فِعْلَهُ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا يُسْتَهْجَنُ ذِكْرُهُ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جن کا ذکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔

الهَاجِن: فا۔ چقماق جس سے ایک دفعہ کے مارنے میں آگ نہ نکلے۔ بچی جس کی شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے۔ کھجور کا درخت جو چھوٹے ہونے پر ہی پھل دے۔ ج هَوَاجِن۔

الهِجَان مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: عمدہ و خالص من الإِبِلِ: سفید نسل کا شریف اونٹ (اس میں مذکر مؤنث جمع سب برابر ہیں) کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ هِجَانٌ و نَاقَةٌ هِجَانٌ وَإِبِلٌ هِجَانٌ" اور بسا اوقات هَجَائِن بھی بولتے ہیں۔ رَجُلٌ هِجَانٌ: شریف النسل مرد۔ عَلٰى هٰذَا القِيَاسِ اِمْرَأَةٌ هِجَانٌ و نِسْوَةٌ هَجَائِن۔ أَرْضٌ هِجَانٌ: سفید نرم مٹی والی زمین۔

الهِجَانَة: شرافت۔ سفیدی۔

الهُجْنَة: مص۔ من الكَلَامِ: عیب و قباحت۔ فِي العِلْمِ: علم کی بربادی۔ ج هُجَن۔

الهَجِيْن: کمینہ۔ وہ جس کی ماں باندی اور باپ عربی ہو۔ ج هُجُن و هُجَنَاء و هُجْنَان و مَهَاجِين و مهاجنة۔ مؤنث هَجِيْنَة ج هُجُن و هِجَان و هَجَائِن۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ و بِرْذَوْنَة هَجِيْنٌ" خراب نسل کا گھوڑا یا ترکی گھوڑا۔ و الهَجِيْن مِنَ الخَيْلِ: ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا شدہ گھوڑا ج هُجُن و هَوَاجِن۔ لَبَنٌ هَجِيْنٌ: دودھ جو نہ پتلا ہو نہ گاڑھا۔

غِلْمَةٌ أُهَيْجِنَةٌ: بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے۔

المَهْجَنَة و المَهْجَنِي و المَهْجُنِي و المَهْجُنَاء: ناکارہ لوگ۔

المُهَجَّنَة مِنَ النُّوْقِ: ہجان کی جانب منسوب اونٹنی جو اچھی نسل سے ہونے کی وجہ سے خراب نسل کے اونٹوں سے باز رکھی جائے۔ کھجور کا درخت جس پر پہلی مرتبہ نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ اونٹنی جو پہلی مرتبہ حاملہ ہو۔

المُهْتَجَنَة: کھجور کا درخت جس پر پہلی بار نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ کھجور جو چھوٹے ہونے کے باوجود پھل دے۔ بچی۔

الهَجَنَّف: لمبا چوڑا۔ ج هَجَانِيْف۔

هَجْهَجَ الفَحْلُ فِي هَدِيْرِهِ: زور سے آواز نکالنا۔ الرَّجُلَ: کسی چیز سے باز رکھنا۔ الجَمَلَ او بِالجَمَلِ: "هِيْج هِيْج" کہہ کر روکنے کیلئے ڈانٹنا۔

الهَجْهَاج: بیوقوف۔ بڑا شریر۔ کم عقل والا۔ بہت بڑبڑانے والا اونٹ۔ لمبا مرد یا اونٹ۔ مصيبت۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ يَوْمٌ هَجْهَاجٌ: تیز ہوا کا دن۔

الهَجْهَاجَة: بنجر زمین۔ ج هَجَاهِج۔ مَاءٌ هُجَاهِجٌ: پانی جو نہ کھاری ہو نہ میٹھا۔

هَجَاهُ يَهْجُوْهُ هَجْوًا و هِجَاءً و تَهْجَاءً: معائب شمار کرنا۔ عیب گیری کرنا۔ گالی دینا۔ مذمت کرنا۔ صفت فاعلی هاج اور صفت مفعولی مَهْجُوٌّ (هَجْوًا و هِجَاءً) الحُرُوْفَ: حروف کے ہجے کرنا۔

هَجَا يَهْجُو هِجَاءً: پڑھنا۔

هَجُوَ (ک) هَجَاوَةً۔ اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

هَجّٰى تَهْجِيَةً الحُرُوْفَ: حروف کے ہجے کرنا۔ اللَّفْظَةَ: لفظ کے حروف کا جوڑ ملانا۔ الصَّبِيَّ الكِتَابَ: بچے کو کتاب پڑھانا۔

هَاجَيْتُهُ مُهَاجَاةً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

أَهْجٰى إِهْجَاءً القَوْلَ: ہجو والا پانا۔

تَهَجّٰى تَهَجِّيًا الحُرُوْفَ: حروف کی ہجے کرنا۔

تَهَاجَيَا تَهَاجِيًا و إِهْتَجَيَا إِهْتِجَاءً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

الهِجَاء: حروف کا جوڑ۔ حُرُوْفُ الهِجَاءِ: الف سے لے کر یا تک اور ان کا نام حروف التهجي و التَّهْجِيَة بھی ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰى هِجَاءِ هٰذَا" یہ اس کی شکل پر ہے "وَهُوَ عَلٰى هِجَاءِ فُلَانٍ" وہ لمبائی اور شکل میں فلاں کے اندازہ پر ہے۔

الهَجَاة: مینڈک۔

الهَجَّاء: بہت ہجو کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَّاءٌ" بہت ہجو کرنے والا مرد۔

الأُهْجُوَّة و الأُهْجِيَّة: ہجو جو قطعہ یا قصیدہ سے کی جائے۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ أُهْجُوَّةٌ او أُهْجِيَّةٌ يَتَهَاجَوْنَ بِهَا" ج أَهَاجِي۔

هَدَّ (ن) هَدًّا و هُدُوْدًا البِنَاءَ: عمارت کو

دھماکے سے گرانا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّتْهُ الْمُصِيْبَةُ" مصیبت نے اس کے اعضاء کو ضعیف بنا دیا۔ "وَهَدَّنِي هٰذَا الْاَمْرُ اَوْ هَدَّرُكْنِيْ" یعنی اس معاملہ نے میری کمر توڑ دی۔

هَدَّ (س ض) هَدًّا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

هَدَّ (ض) هَدًّا الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا (هَدِيْدًا) الحَائِطُ و نَحْوُهُ: دیوار وغیرہ کا دھماکے سے گرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے۔ بعض لوگ اس قول میں لفظ هدّ کو مصدر قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ نہیں لاتے اور یہ اکثر کا قول ہے۔ اور بعض فعل قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ سب لاتے ہیں۔ کہتے ہیں "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ و بِامْرَأَةٍ هَدَّتْكَ مِنْ امْرَأَةٍ وَبِرَجُلَيْنِ هَدَّاكَ وَبِرِجَالٍ هَدُّوْكَ بِامْرَأَتَيْنِ هَدَّتَاكَ و بِنِسَاءٍ هَدَدْنَكَ" الخ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَهَدَّ الرَّجُلُ" یعنی وہ اچھا آدمی ہے اور یہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ قوت اور طاقت کی تعریف کی جائے۔ اور مطلقاً تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے اور فُلَانٌ يَهُدُّ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ بہادری اور قوت کی تعریف کی جائے۔

هَدَّدَهُ و تَهَدَّدَهُ دھمکانا۔ خوف دلانا۔

تَهَادُّوْا تَهَادًّا ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

اِنْهَدَّ الْجَبَلُ او الْبَيْتُ: پہاڑ یا مکان کا ٹوٹ پڑنا۔ گرنا۔

اِسْتَهَدَّ کمزور سمجھنا۔

الْهَادُّ فا۔ سمندر کا شور۔

الْهَادَّةُ الْهَادُّ کا مؤنث گرج۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْنَا الْعَامَ هَادَّةً" ہم نے امسال گرج نہیں سنی۔

الْهَدُّ س۔ فیاض۔ سخت آواز (والهِدّ) کمزور مرد۔ ج هُدُّوْن و هِدُّوْن۔

الْهَدَد سخت آواز۔

الْهَدَّةُ. هَدَّ کا اسم مرۃ۔ دھماکا۔

الْهَدَاد. مہربانی۔ نرمی۔ مہلت۔ اور اسی سے ہے "هَدَادَيْكَ" اور یہ "حَنَانَيْكَ" کے قبیل سے ہے۔ گویا کہ کہنے والا کہتا ہے "مَهْلًا بَعْدَ مَهْلٍ" یعنی چھوڑ دو۔ دور رہو۔ علیحدہ ہو جاؤ قَوْمٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔

الْهَدَادَة. بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدَادَةٌ" بزدل مرد۔

الْهَدُوْد. نرم زمین۔ دشوار گزار گھاٹی اَكَمَةٌ هَدُوْدٌ: ٹیلہ جس سے اترنا دشوار ہو۔

الْهَدِيْد. س۔ لمبا مرد۔ دھماکا۔ آواز کی گنگناہٹ۔

الْهِدَّان. اکھڑ۔ بیوقوف مرد۔

الْاَهَدّ. بزدل۔

التَّهْدَاد. ڈرانا۔ دھمکانا۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا مُتَهَادِّيْنَ و مُتَسَاتِلِيْنَ" وہ سب ایک دوسرے کے پیچھے آئے گویا کہ بعض بعض کو توڑ رہے تھے۔

هَدَأَ يَهْدَأُ هَدْأً و هُدُوْءًا. سکون ہونا (حرکت و آواز وغیرہ میں) هَدَأَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَسَاقَطُوْا اِلٰى بَلَدِ كَذَا فَهَدَأَ وَافِيْهِ" لوگ فلاں شہر میں پہنچے اور وہاں اقامت کی فُلَانٌ: مرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ وَقَدْ هَدَأَتِ الْعَيْنُ والرِّجْلُ" یعنی فلاں ہمارے پاس اس وقت آیا جبکہ سارے لوگ سو چکے تھے (اور کبھی هَدَا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں) هَدَأَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکی دینا۔

هَدِئَ يَهْدَأُ هَدَأً. کبڑا ہونا الْبَعِيْرُ: کثرتِ بوجھ کی وجہ سے چھوٹے کوہان والا ہونا۔

هَدَّأَهُ تَهْدِئَةً. تسکین دینا۔ چپ کرانا۔

اَهْدَأَهُ اِهْدَاءً. تسکین دینا۔ چپ کرانا۔

اَهْدَأَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکی دینا الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا الْكِبَرُ او الضَّرْبُ فُلَانًا: کبڑا کر دینا۔ جھکا دینا اللّٰهُ مَنْكِبَهُ: مونڈھے کو پست کر دینا۔ عرب کہتے ہیں "لَا اَهْدَاَهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس کے رنج و غم کو دور نہ کرے۔

الْهُدْءُ و الْهَدْءُ. رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بَعْدَ هَدْءٍ مِنَ اللَّيْلِ" وہ ہمارے پاس ایک حصہ رات گزرنے کے بعد یا لوگوں کے سونے کے بعد آیا الْهَدْءُ: سیرت و خصلت۔ (لغت ہے هَدْىٌ بالیاءِ میں)

الْهَدْأَة. هدأ کا اسم مرۃ مِنَ اللَّيْلِ رات کا ابتدائی حصہ۔

الْهِدْأَةُ. هَدَأَ کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ هِدْأَةُ لَيْلَةٍ" اس کے پاس رات کا گزارہ نہیں۔

اَلْهَدَأَة. ایک قسم کی دوڑ۔

الْهُدَاءَة. وبلا گھوڑا۔ (نر ہی کیلئے خاص ہے)

الْهُدُوْءُ س مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ هُدُوْءً" فلاں ہمارے پاس سونے کے بعد آیا۔

الْهَدْئُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الاَهْدَأ. کبڑا کہا جاتا ہے "مَنْكِبٌ اَهْدَأُ" جھکا ہوا کندھا "وَرَجُلٌ اَهْدَأُ وامْرَأَةٌ اَهْدَأُ" کبڑا مرد ؛ کبڑی عورت "وَهُوَ اَهْدَأُ مِمَّا كَانَ" زیادہ مطمئن۔

المَهْدَأُ. مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

المَهْدَأَة. حالت ؛ کہا جاتا ہے تَرَكْتُهُ عَلٰى مُهَيْدِئَةٍ میں نے اس کو سابق حالت پر چھوڑ دیا اور یہ مَهْدَأَةٌ کی تصغیر ہے۔

هَدَبَ (ض) هَدْبًا الشَّيْئَ: کاٹنا۔ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوھنا الثَّمرَةَ: پھل توڑنا۔

هدِبَت (س) هَدَبًا الْعَيْنُ: آنکھ کا لمبی پلکوں والی ہونا الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

هدَّبَ الثَّوْبَ: کپڑے میں جھالر بنانا هَدَّبَ وَاِهْتَدَبَ الثَّمرَةَ: میوہ توڑنا۔

اَهْدَبَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

تَهَدَّبَتِ الْاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا لٹکنا تَهَدَّبَ السَّحَابُ: لٹکے ہوئے بادل والا ہونا۔

الْهُدْب والهُدُب. پلک ؛ واحد هُدْبَةٌ

وهُدبَةٌ. کپڑے کا جھور ج اَهْدَابٌ. واحد هُدْبَةٌ.

الهَدَبُ. ارطی اور اس کے مانند درختوں کی ٹہنیاں؛ درخت کے پتے جو ہمیشہ رہیں جیسے سرومِنَ النَّبَاتِ: گھاس جس کے پتے نہ ہوں اور وہ خود پتوں کے قائم مقام ہو اور بقول بعض ہر پتے جن میں چوڑائی نہ ہو۔ هَدَبُ الشَّجَرَةِ: ٹہنیوں کی لمبائی اور ان کا لٹکنا ج اَهْدَاب.

الهَدِب. شیرٌ مِنَ الْعُيُوْنِ وَالْاَشْجَارِ لمبی پلکوں والی آنکھ؛ لمبی شاخوں والا درخت۔

الهُدُبُ. کند خاطر وعاجز۔

الهُدَّاب. کند خاطر وعاجز۔ پتے جو چوڑے نہ ہوں؛ واحد هُدَّابَةٌ کہاجاتا ہے "قَطَعَ هَدَبَ الشَّجَرَةِ وهُدَّابَهَا" اس نے درخت کی لمبی شاخیں کاٹیں "هُدَّابُ النَّخْلِ" درخت خرما کی شاخیں هُدَّابُ الثَّوْبِ: کپڑے کے جھور۔

الهَيْدَبُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔ الهَيْدَبُ مِنَ الرِّجَالِ: کند خاطر و عاجز۔ بہت بالوں والا الهَيْدَب پستان۔

الهَيْدَبى. گھوڑوں کی ایک چال۔

الاَهْدَب. لمبی اور گھنی پلکوں والا۔ مؤنث هَدْبَاء ج هُدْبٌ. شَجَرٌ اَهْدَبُ: لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ نَسْرٌ اَهْدَبُ: لمبے پروں والا گدھ۔ عَيْنٌ هَدْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ شَجَرَةٌ هَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت اُذُنٌ هَدْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔ لِحْيَةٌ هَدْبَاءُ: لٹکی ہوئی داڑھی۔

هَدَجَ (ض) هَدْجًا وهَدَجَانًا و هُدَاجًا. بوڑھوں کی چال چلنا الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

هَدَجَت هَدْجًا وهَدَجَةً النَّاقَةُ: اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا زور سے اُبلنا الرِّيْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

هَدَّجَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بڑے اور بلند کوہان والی ہونا۔

تَهَدَّجَ الصَّوْتُ: کپکپی کی وجہ سے آواز منقطع ہونا۔ تَهَدَّجَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بچہ سے پیار کرنا۔ تَهَدَّجَ القَوْمُ عَلٰى فُلَانٍ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِسْتَهْدَجَ. کانپتے ہوئے چلنا۔

الهَدَّاجُ. اسم مبالغہ۔ بوڑھوں کی چال چلنے والا۔ ظَلِيْمٌ هَدَّاجٌ. کانپتے ہوئے چلنے والا شتر مرغ اور اسی سے ہے "فَنَافِذُ هَدَّاجُوْنَ حَوْلَ بُيُوْتِهِمْ" سیہیاں ان کے مکان کے ارد گرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔

قِدْرٌ هَدُوْجٌ. جلدی ابلنے والی ہانڈی۔

الهَوْدَج. ہودہ؛ ج هَوَادِج.

المِهْدَاج. بچہ سے پیار کرنے والی اُونٹنی۔ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔

المُسْتَهْدِج. فا۔ جلد باز۔

المُسْتَهْدَج. مئ۔ جلد بازی۔ (مصدر میمی)

الهَدْجَدَج. بوڑھوں کی چال چلنے والا شتر مرغ۔

هَدَرَ (ن ض) هَدْرًا وهَدَرًا. الدَّمُ وَغَيْرُهُ: خون وغیرہ رائیگاں جانا فُلَانٌ الدَّمَ وَغَيْرَهُ: باطل کرنا۔

هَدَرَ (ض) هَدْرًا وتَهْدَارًا الحَمَامُ کبوتر کا کوکو کرنا۔ گنگری کرنا الشَّرَابُ: جوش میں آنا۔ هَدَرَتْ جَرَّةُ النَّبِيْذِ: نبیذ کا مٹکے میں جوش میں آنا الرَّعْدُ: بادل گرجنا النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا (هَدْرًا و هَدِيْرًا) البَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا (هُدُوْرًا و هَدِيْرًا) العُشْبُ: بہت بڑھنا اور لمبی ہونا۔

هَدَّرَ البَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

اَهْدَرَ دمَ فُلَانٍ: باطل کرنا۔ مباح کرنا۔

تَهَادَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِهْدَوْدَرَ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا۔

الهَادِر. فا۔ ناکارہ ج هَدَرَة. دودھ جس کا اوپر کا حصہ گاڑھا ہو اور نیچے کا پتلا۔

الهَادِرَة. الهَادِر کا مؤنث اَرْضٌ هَادِرَةٌ: بہت گھاس والی زمین ج هَوَادِر.

الهَدَّار. اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْدٌ هَدَّارٌ" بہت گرجنے والا بادل۔

الهَدْر والهَدَر مص۔ ناکارہ و رائیگاں کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ هَدْرًا اَو هَدَرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ "ذَهَبَ مَالُهُ اَوسَعْيُهُ هَدْرًا اوهَدَرًا" اس کا مال یا اس کی کوشش رائیگاں گئی۔

الهَدَر. ناکارہ لوگ۔ کہاجاتا ہے "هُمْ اُنَاسٌ هَدَرٌ" وہ ناکارہ لوگ ہیں۔

الهِدْر. نکما ناکارہ ج هِدَرَةٌ. کہاجاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ هَدَرَةٌ وهِدَرَة وهُدَرَةٌ" فلاں کی اولاد نکمی اور ناکارہ ہے۔ اور ایسا ہی واحد کیلئے اور مؤنث کے لئے۔ کہا جاتا ہے "هُو جَبَانٌ هُدَرَةٌ"

الاَهْدَر. پھولا ہوا۔ مؤنث "هَدْرَاء ج هُدْر".

المَهْدَرَة. سامنے کے چھوٹے دانت۔

الهَدَارِيس. مصیبتیں۔

هَدَشَ هَدْشًا الكَلْبُ: کتے کا بھڑکایا جانا۔

اِنْهَدَشَ اِنْهِدَاشًا الكَلْبُ: کتے کا بھڑکنا۔

الهَوْدَع. شتر مرغ۔

هَدَغَهُ (ف) هَدْغًا. توڑنا۔

اِنْهَدَغَ. ٹوٹنا الشَّيُّ: خشک ہونے کے بعد نرم ہونا الرُّطَبَةُ: گر کر پھٹنا۔

هَدَفَ (ن) هُدُوْفًا. اِلَيْهِ. داخل ہونا۔ لِلْخَمْسِيْنَ. قریب پہنچنا۔

هَدِفَ (ض) هَدَفًا. سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ کسلمند ہونا اِلَى الشَّيِّ. جلدی کرنا۔

اَهْدَفَ لِلْخَمْسِيْنَ: قریب پہنچنا عَلَى التَّلِّ: ٹیلہ پر سے جھانکنا اِلَيْهِ. پناہ لینا لَهُ الشَّيُّ: پیش آنا مِنْهُ: قریب ہونا۔ کہاجاتا ہے "اَهْدَفَ لَكَ الصَّيْدُ فَارْمِهِ" شکار تمہارے قریب ہے اس پر تیر مارو۔

اِسْتَهْدَفَ لَهُ الشَّيُّ: سیدھا کھڑا ہونا۔ الشَّيُّ: بلند ہونا؛ نشانہ بننا اور اسی سے مشہور مقولہ ہے "مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَهْدَفَ"

جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ نشانہ بن گیا۔ اِسْتَهْدَفَ كَفَلُ الْإِنسَان او الْحَيْوَان: انسان یا حیوان کے چوتڑ کا بڑا ہونا۔

الهَادِف. فا۔ اجنبی۔

الهَادِفَة. جماعت۔

الهِدْف. بڑے جسم والا۔

الهَدَف. ہر ایک بلند (عمارت یا ٹیلہ یا پہاڑ۔ اور اسی وجہ سے نشانہ کو بھی 'هَدَف' کہتے ہیں

الهَدَف: بڑے جسم کا مرد؛ بہت سونے والا بھاری بھرکم؛ ناکارہ؛ ناموافق ج اَهْدَاف.

الهِدْفَة. لوگوں کی جماعت۔ مکانات کہ جن میں لوگ کچھ اقامت کریں اور پھر کوچ کریں ج هِدَف.

هَدَكَ (ض) هَدْكًا الْبِنَاءَ: عمارت کو ڈھانا۔

تَهَدَّكَ تَهَدُّكًا. بیوقوف بننا عَلَيْهِ بِالْكَلَام: دھمکانا۔

هَدَلَ (ض) هَدِيلًا الْحَمَامُ او الْغُلَامُ آواز نکالنا (هَدْلًا) الشَّيْءَ: لٹکانا۔

هَدِلَ (س) هَدَلًا ڈھیلا ہونا الْبَعِيرُ: زخم کی وجہ سے ڈھیلے ہونٹ والا ہونا۔

تَهَدَّلَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا اَغْصَانُ الشَّجرةِ او ثَمرَتُهَا: درخت کی ٹہنیوں یا پھل کا لٹکنا الثَّوْبُ: کپڑے کا لٹکنا۔

الهَادِل. فا۔ بَعِيرٌ هَادِلٌ: لٹکے ہوئے ہونٹ والا اُونٹ۔

الهُدَال. لٹکی ہوئی شاخیں۔

اَلْهُدَالُ: وہ طفیلی بیل جو دوسرے درختوں کی شاخوں پر چڑھ کر ان کا رس چوستی ہے۔ ان میں سے کچھ سفید پھلوں والی ہوتی ہیں موسم سرما میں بادام اور سیب پر چڑھی ہوئی ہوتی ہیں۔ اور کچھ سرخ پھلوں والی زیتون کے درخت پر ہوتیں ہیں۔

الهَدَالة. جماعت۔

جَمَلٌ هَدِلٌ. لمبے اور لٹکے ہوئے ہونٹ والا اُونٹ۔

الهَدِيْل. س۔ کبوتر کی کوکو، کبوتر کا بچہ، بہت بالوں والا مرد۔ اور بقول بعض گتھے ہوئے بالوں والا جو کنگھی نہ کرے۔ اور تیل نہ لگائے۔

رَجُلٌ هَدِيْلٌ: سست و بوجھل مرد۔

الاَهْدَل. لٹکے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث هَدْلَاء. ج هُدْل. مِشْفَرٌ اهْدَل: ڈھیلا ہونٹ کا اُونٹ۔ شَفَةٌ هدْلَاء: تھوڑی پر لوٹا ہوا ہونٹ اَلاَهْدِلُ مِن السَّحاب: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔

هَدَمَ (ض) هَدْمًا البِنَاءَ: عمارت ڈھانا الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَهَدَمَهُ" اس نے اُس کو مارا اور پیٹھ توڑ دی۔

هُدِمَ الرَّجُلُ فِي الْبَحْرِ: سمندر میں چکر آنا۔

هَدَّمَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا (تشدید مبالغہ کیلئے ہے) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

تَهَدَّمَ البِنَاءُ: عمارت کا آہستہ آہستہ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَدَّمَ عَلَيْهِ غضبًا" اس نے اسے دھمکی دی الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

تَهَادَمُوْا. ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِنْهَدَمَ البِنَاءُ: عمارت کا ویران و شکستہ ہونا۔

الهَادِم. فا. هَادِمُ اللذَاتِ: کنایہ ہے موت سے۔

الهُدَام. چکر جو انسان کو سمندر میں لاحق ہو۔

الهَدْم. س۔ مباح کیے ہوئے خون۔ کہا جاتا ہے "دَمُهُ هَدمٌ" اس کا خون مباح ہے۔

الهِدْم. بوسیدہ یا پیوند لگا ہوا کپڑا۔ ج اَهْدَام و هِدَم. کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ ثِيَابٌ هِدمٌ اَوْ اَهْدَا[ ]مٌ" وہ بوسیدہ کپڑے پہنے ہوئے ہے۔

الهِدْم: پیر فرتوت، کھوسٹ بڈھا۔ پرانا۔ چرمی موزہ۔

الهَدِم. مخنث۔ بیوقوف۔

الهَدَم. خون مباح۔ کہا جاتا ہے "دَمُهُ هَدَمٌ" اس کا خون مباح ہے۔ کنوئیں کے کناروں سے شکستہ ہو کر جو کنوئیں ہی میں گر پڑے۔ ہر وہ عمارت جو ویران و شکستہ ہو گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ حَفْرَكَ اِلَى لَهَدَمٌ وَاِنَّ حَبْلَكَ اِلَى لَاَنْشُوْطَة" یہ اس وقت بولا کرتے تھے جبکہ یہ کہنا مقصود ہو کہ تمہاری مدد بہت کم ہے نیز عرب معاہدہ اور نصرت کے وقت کہا کرتے تھے "دَمِيْ دَمُكَ و هَدَمِيْ هَدمُكَ" یعنی اگر کوئی مجھے قتل کرے تو تم میرے خون کا مطالبہ کرو جیسے تم اپنے اولیاء کے خون کا مطالبہ کرتے ہو اور اگر کسی نے میری عزت بگاڑی تو اس نے تمہاری عزت پر بٹہ لگایا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْقَضَّ هدمٌ مِنَ الْحائط" دیوار منہدم ہو گئی شَهِيْدُ الْهَدَم: وہ شخص جو کنوئیں میں گر جائے یا اس کے اوپر دیوار گر پڑے۔

الهَدْمَة. اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔

الهِدْمَة. پرانا کپڑا۔ ج هُدُوْم.

الهَدِيم. پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔

عَجُوْزٌ مُتهدِّمَةٌ. بہت بڑھیا۔

المُهْدَم والمهْدُوْم والمَهْدُوْمة گاڑھا اور جما ہوا دودھ۔ اَرْضٌ مَهْدُوْمَةٌ: زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

خُفٌّ مُهدَّم. بوسیدہ پیوند لگا ہوا چرمی موزہ۔

هدْمَلَ الرَّجُلُ: کپڑے پھاڑنا۔

الهِدْمِل. پرانا کپڑا۔ ویرینہ۔ بہت بالوں والا۔

الهِدْمَل. پرانا کپڑا۔ جمع شدہ بلند پشتہ۔

الهِدَمْلَة. بہت درختوں والا ریگستان۔ زمانہ قدیم۔ لوگوں کی جماعت۔

هدَنَ (ض) هُدُوْنًا. آرام پانا۔ بزدل ہونا ڈھیلا ہونا (هَدْنًا) آرام دینا۔ جھوٹے وعدہ سے راضی کرنا الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔ الشَّيءَ: دفن کرنا فُلَانًا: قتل کرنا۔

هُدِنَ عَنْكَ فُلَانٌ: کسی کا تم سے تھوڑی سی چیز پا کر راضی ہونا۔

هَدَّنَهُ. تسکین دینا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنُوْهُ بالقَوْلِ حَتّى هَدَنَ" اس کو انہوں نے قول سے راضی کیا یہاں تک کہ وہ راضی ہو گیا الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنَتِ الْمَرْاَةُ صَبِيَّهَا بِكَلَامِها لِيَنَام"

عورت نے اپنے بچے کو سونے کیلئے لوری دی۔
اَهْدَنَ الْخَيْلَ: دبلا کرنا۔ گھوڑے کو چھریرا بنانا۔
هَادَنَهٗ مُهَادَنَةً. صلح کرنا۔
تَهَادَنَ الْاَمْرُ: درست ہونا۔ الْقَوْمُ باہم صلح کرنا۔
اِنْهَدَنَ الرَّجُلُ عَنْ عَزْمِهٖ: سست ہونا۔
الهِدَان. اکھڑ۔ بیوقوف۔ جنگ میں سست۔ ج هُدُوْن.
الهِدَانَة. لڑائی کے بعد صلح۔
الهِدْن. سرسبزی۔ فراخی۔ ارزانی۔
الهَدِن. ڈھیلا۔
الهَدْنَة. هَدَنكا اسم مرة۔ تھوڑی ہلکی بارش۔
الهُدْنَة. مصالحت۔ آرام۔ سکون۔ ج هُدَن.
الهُدُوْن. سکون۔ صلح۔
المَهْدُوْن. ... بہت سونے والا جو نہ صبح کی نماز پڑھے اور نہ اپنی ضروریات کے لیے جائے۔ کند ذہن جو صرف باتوں سے راضی ہو جائے۔
المَهْدَنَة. سکون۔ آرام۔
الهَيْدَان. بزدل۔ بخیل۔
هَدْهَدَ هَدْهَدَةً البعيرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا الطَّائِرُ: پرندہ کا کٹکری کرنا۔ هَدْهَدَتِ الصَّبِيَّ اُمُّهٗ: بچے کو سونے کے لیے ہلانا
هَدْهَدَ الشَّيْءَ مِنْ عُلُوٍ اِلَى اَسْفَلَ: اتارنا۔ کہا جاتا ہے "يُهَدْهِدُ اِلَيَّ كَذَا" مجھے ایسا خیال ہوتا ہے۔
الهَدْهَدُ. جنات کی آوازیں (اس کیلئے واحد نہیں)
الهُدْهُد والهُدَهِد والهُدَاهِد هدهد واحد هُدْهُدَة وهُدَهُدَة و هُدَاهِدَة ج هَدَاهِد و هَدَاهِيْد "اَبْصَرُ مِنْ هُدْهُدٍ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ عرب کا خیال تھا کہ یہ پانی کو زمین کے نیچے سے دیکھ لیتا ہے۔
الهُدْهُد. ہر کو کو کرنے والا پرندہ۔ بہت کو کو کرنے والا کبوتر۔ ج هَدَاهِد و هَدَاهِيْد.
الهَدْهَدَة. مص۔ کبوتر کی کوکو کی آواز۔
الهَدَاهِد. نرمی۔ تم کہتے ہو "عَلَيْكَ بِالْهَدَاهِدَة" اپنے اوپر نرمی کو لازم کرو۔
هَدَاهُ يَهْدِيْهِ هُدًى و هَدْيًا و هِدْيَةً و هِدَايَةً. رہنمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَاهُ الطَّرِيْقَ و هَدَاهُ اِلَى الطَّرِيْقِ و لِلطَّرِيْقِ" اس نے اس سے راستہ بیان کر دیا اور پہنچوا دیا
هَدَاهُ اللّٰهُ اِلَى الْاِيْمَانِ او لِلْاِيْمَانِ: ہدایت کرنا۔ هَدَى الرَّجُلُ: ہدایت پانا۔
هَدَى يَهْدِى هِدَاءً العَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔ فُلَانًا: آگے ہونا "جَائَتِ الْخَيْلُ يَهْدِيْهَا فَرَسٌ اَشْقَرُ" گھوڑوں کا گلہ آیا جن کے آگے ایک ہلکے لال رنگ کا گھوڑا تھا۔
هَدَّى تَهْدِيَةً الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔
الهَدِيَّةَ لِفُلَانٍ و اِلَيْهِ: تحفہ دینا۔ العَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
هَادَاهُ مُهَادَاةً وهِدَاءً. ہر ایک کا دوسرے کو تحفہ دینا۔ هَادَى فُلَانٌ فُلَانًا: اپنا اپنا کھانا لا کر ساتھ کھانا۔ فُلَانًا: چلانا۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَادِى بَيْنَ اثْنَيْنِ" فلاں دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔
اَهْدَى اِهْدَاءً العَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔ الهَدِى اِلَى الْحَرَمِ ہدی کا جانور حرم میں بھیجنا۔ لِفُلَانٍ و اِلَى فُلَانٍ كَذَا: تعظیم واجلال کے لیے تحفہ بھیجنا الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا.
تَهَدَّى تَهَدِّيًا. ہدایت پانا۔
تَهَادَى تَهَادِيًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو ہدیہ دینا۔ الرَّجُلُ: لڑکھڑاتے ہوئے تنہا چلنا۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ يَتَهَادَى بَيْنَ اثْنَيْنِ" وہ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔ "وَهٰذَا شَيْءٌ يَتَهَادَى" یعنی وہ چیز ہے جس کو لوگ آپس میں تحفہ کے طور پر دیتے ہیں۔
اِهْتَدَى اِهْتِدَاءً. ہدایت پانا۔ راہ راست پانا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَدَى اِلَى الطَّرِيْقِ واهْتَدَى الطَّرِيْقَ اِلَى مَكَانٍ كَذَا" یعنی اس نے فلاں جگہ کا راہ راست پا لیا۔ اِهْتَدَى الْعَرُوْسُ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔ الْفَرَسُ الْخَيْلَ: گھوڑوں کے گلے کے آگے ہونا۔ اِهْتَدَى الرَّجُلُ: ہدایت طلب کرنا۔ ہدایت پر قائم رہنا۔
اِسْتَهْدَى اِسْتِهْدَاءً. ہدایت طلب کرنا الشَّيْءَ: ہدیہ طلب کرنا۔
الهَادِى. اسم فاعل ج هَادُوْن و هُدَاة.
الهَادِى: آگے رہنے والا۔ گردن۔ پیکان۔ لاٹھی۔ شیر ج الهَوَادِى. هَوَادِى اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔ هَوَادِى الْاِبِلِ: اُونٹوں میں سے پہلا اُونٹ جو نمودار ہو۔
الهَادِيَة: الهَادِى کا مؤنث۔ لاٹھی۔ پانی میں اوپر کو نکلی ہوئی چٹان۔ گردن۔ ج هَادِيَات و هَوَادٍ. کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتْ هَادِيَاتُ الْخَيْلِ و هَوَادِيْهَا."
رَجُلٌ هِدَاءٌ. کمزور کند ذہن مرد۔
الهِدَايَة. مص۔ رہنمائی۔
الهُدَى. رہنمائی۔ بیان۔ دلالت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الْهُدَى" وہ ہدایت پر ہے۔ دن۔
الهَدْى. مص۔ طریقہ۔ سیرت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَه" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے "وَهَدَى هَدْيَه" وہ اس کی سیرت پر چلا۔ الهَدْى: محترم۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ واحد هَدْيَة. اور کہا جاتا ہے "مَالِى هَدْىٌ اِنْ كَانَ كَذَا و كَذَا" یہ مقولہ بطور قسم کے ہے۔ "وَجِئْتُهٗ بَعْدَ هَدْىٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کے ایک حصہ گزرنے کے بعد آیا۔
الهَدْيَة والهِدْيَة. طریقہ۔ سیرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَتَهٗ و هِدْيَتَهٗ" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ ج هُدًى.
الهِدْيَة. هدى کا اسم نوع۔ اور کہا جاتا ہے "خُذْ فِى هِدْيَتِكَ" جس کام میں تم مشغول تھے اسی میں لگے رہو اور اس سے تجاوز مت

کرو۔ "وَصَلَّ هَدْيَتَهٗ" یعنی اس طریقہ کو چھوڑ دیا جس کو کرنا چاہتا تھا۔

هُدْيَةُ الْاَمْرِ بتثلیث الهاء جہت کار۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ فُلَانٌ هَدْيَةَ اَمْرِهٖ" فلاں نے اپنے طریقہ کار پر غور کیا۔

الهَدُوُّ رہنما۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدُوٌّ" یعنی راہنما مرد۔

الهَدِيُّ قیدی۔ دلہن۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ مرد محترم۔ الحمامُ الهَدِيُّ ڈاک کے کبوتر جو خطوط لے جائیں اور جواب لائیں۔

الهَدِيَّة. الهَدِيُّ کا مؤنث۔ دلہن۔ تحفہ ج هَدَايَا و هَدَاوَى و هَدَاوٍ.

الهُدَيَّا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عِنْدِي هُدَيَّاهَا" تمہارے لیے میرے پاس اس کے مثل ہے۔

المُهَادَاة صلح کرنا۔

المِهْدَاء وہ جس کی عادت ہدیہ دینے کی ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِهْدَاءٌ و امْرَاَةٌ مِهْدَاءٌ."

المِهْدَى تھالی طبق وغیرہ جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔

المَهْدِيُّ مثلہ۔ وہ شخص جس کی اللہ تعالیٰ حق کی طرف رہنمائی کریں۔

المُهْدَاة و المَهْدِيَة دلہن جو شوہر کے پاس بھیجی گئی ہو۔

هَذَّ (ن) هَذًّا و هَذَذًا و هُذَاذًا جلدی کاٹنا۔ کاٹنا اَلحَدِيثَ بیان کرنا۔

اِهْتَذَذْتُ الشَّيْءَ جلدی سے کاٹ دینا۔

هَذَا ذَيْكَ یہ کلمہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ کسی کو کسی چیز سے روکنا ہو۔

اَلهَذّ بہت کاٹنے والا۔

الهَذَّاذ و الهَذُوذ بہت کاٹنے والا۔ شَفْرَةٌ هَذُوذٌ کاٹنے والی دھار۔ جَمَلٌ هَذَاذٌ آگے بڑھنے والا اونٹ۔

اِزْمِيلٌ هَذٌّ تیز کاٹنے والی رانپی۔

هَذَأَهٗ يَهْذَأُهٗ هَذْأً جلدی کاٹنا۔ هَذَأَ العَدُوَّ دشمن کو ہلاک کرنا فُلَانًا بِلِسَانِهٖ تکلیف دینا اور تکلیف دہ باتیں سنانا۔ الكَلَامَ لغو باتیں کرنا۔ هَذَأَتِ الابِلُ تھک کر گر پڑنا۔

هَذِئَ يَهْذَأُ هَذْأً مِنَ الْبَرْدِ سردی سے ہلاک ہونا۔

تَهَذَّأَتِ القَرْحَةُ زخم کا خراب ہونا اور پھٹ جانا

سَيْفٌ هُذَّاءٌ و هذّاء تلوار قاطع۔

الهَذْأَة کدال۔ پھاوڑہ۔

هٰذَا ایک کلمہ ہے جو مرکب ہے ہائے تنبیہ اور ذا اسم اشارہ سے۔

هَذَبَ (ض) هَذْبًا الشَّجَرَ وَغَيْرَهٗ شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا النَّخْلَةَ: درخت خرما کی چھال اتارنا الشَّيْءُ: بہنا (هَذْبًا و هَذَابَةً) جلدی کرنا القَوْمُ بہت شور و غل کرنا۔

هَذَّبَ جلدی کرنا الشَّجَرَ وَغَيْرَهٗ شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) الشِّعْرَ درست کرنا۔ اصلاح کرنا الرَّجُلَ پاکیزہ اخلاق والا بنانا۔

هَاذَبَ مُهَاذَبَةً جلدی کرنا۔

اَهْذَبَ جلدی کرنا۔ اَهْذَبَتِ السَّحَابَةُ مَاءَهَا جلدی برسانا۔

تَهَذَّبَ پاکیزہ ہونا۔ درست ہونا۔ الرَّجُلُ شائستہ ہونا۔

الهَذَبُ صفائی۔ خلوص۔

فَرَسٌ هَذِبٌ تیز رفتار گھوڑا۔

اِبِلٌ مَهَاذِيْبُ تیز رو اونٹ۔ مفرد مِهْذَاب.

المُهَذَّب مثلہ۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ عیوب سے پاک صاف۔ كَلَامٌ مُهَذَّبٌ او شِعْرٌ مُهَذَّبٌ عیوب سے پاک کلام یا شعر۔ فَرَسٌ او طَائِرٌ مُهَذَّبٌ تیز رفتار گھوڑا یا پرندہ۔

هَذَرَ (ن ض) هَذْرًا و تَهْذَارًا الرَّجُلُ فِي كَلَامِهٖ بکواس کرنا (هَذْرًا: اليَوْمُ) دن کا سخت گرم ہونا۔

هَذِرَ (س) هَذَرًا كَلَامُهٗ لغو و بیہودہ ہونا۔

اَهْذَرَ فِي مَنْطِقِهٖ وَفِي كَلَامِهٖ بکواس کرنا۔

يَوْمٌ هَاذِرٌ سخت گرم دن۔

الهَذَر مص۔ بکواس و بیہودہ گفتگو۔

رَجُلٌ هِذْرٌ و هَذُرٌ و هُذَرَةٌ و هُذَرَّةٌ و هَذَّارٌ و هَيْذَرٌ و هَيْذَارَةٌ و هِذْرِيَانٌ و مِهْذَرٌ و مِهْذَارٌ و مِهْذَارَةٌ بکواس کرنے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔ و رَجُلٌ هِذْرِيَانٌ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔ امْرَاَةٌ هَذِرَةٌ و هَيْذَرَةٌ و مِهْذَارٌ بکواس کرنے والی عورت۔

هَذْرَبَ جلدی جلدی بہت بولنا۔

الهُذْرُبَان جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔

الهُذَيْرِبى عادت۔

هَذْرَفَ جلدی کرنا۔ تیز چلنا۔

الهُذْرُوْف تیز رفتار ج هَذَارِيف.

هَذْرَمَ هَذْرَمَةً بہت بولنا۔ پڑھنے اور بولنے میں جلدی کرنا الرَّجُلُ فِي كَلَامِهٖ گڑبڑی کرنا۔

الهَذْرَمة مص۔ تیز رفتاری۔

الهِذْرَام بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِذْرَامٌ" بہت بولنے والا مرد۔

الهُذَارِم و الهُذَارِمَة پڑھنے بولنے میں جلدی کرنے والا۔ کہا جاتا ہے امْرَاَةٌ هَذْرَمى بہت شور اور شرارت والی عورت۔

هَذَفَ (ض) هُذُوْفًا تیز چلنا۔

رَجُلٌ هَذَّافٌ و مُهْذِفٌ و هَذِفٌ تیز رفتار مرد۔

هَذَلَ (ض) هَذَلَانًا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "اَهْذَبَ فِي مَشْيِهٖ وَاَهْذَلَ" وہ تیز دوڑا۔

الهَاذِل رات کا درمیانی حصہ۔

الهُذْلُوْل ہلکا پھلکا مرد۔ ہلکا تیر۔ چست بھیڑیا۔ لمبا اور سخت بدن کا گھوڑا۔ چھوٹا ٹیلہ، پانی کی چھوٹی نالی۔ ریت کے ذرات۔ آفت۔ ابتدائی رات یا بقیہ شب۔ باریک بادل۔ بارش

جو دور سے دکھائی دے۔ ج هَذَالِيل.
هَوْذَلَ هَوْذَلَةً فِيْ مَشْيِه: تیز چلنا: دوڑنے میں لڑکھڑانا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔ پیشاب اوپر کو کرنا۔
الْهَوْذَل. بندر کا بچہ۔
الْهَذْلَبَة. جلدبازی۔ ہلکاپن۔
الْهُذْلُوغ. موٹے ہونٹ والا۔
الْهُذْلُوغَة. بدصورت۔ بیوقوف۔
هَذْلَمَ. چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
هَذَمَ (ض) هَذْمًا الشَّيْءَ: جلدی سے کاٹنا الرَّجُلُ: جلدی لے کھانا۔ صفت هَاذِمٌ.
الْهُذَام. بہادر۔ تلوار قاطع۔ سِنَانٌ هُذَامٌ تیز بھالا۔
سِكِّيْنٌ هَذُوْمٌ. تیز چھری۔
شَفْرَةٌ هُذَمَةٌ و هُذَامَةٌ. تیز دھار۔
الْمِهْذَم مِنَ السُّيُوْفِ: شمشیر براں۔
هَذْمَلَ. چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
الْهَذْهَا ذو الْهُذَاهِذ مِنَ السُّيُوْفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔ تیز رفتار۔ قَرَبٌ هذْهَاذٌ: پانی کے لئے رات میں دشوار سفر۔
الْهَذَاهِذ. وہ لوگ جو ہر ایک کو اپنا یا اپنا خادم بتلائیں۔
هَذَاهُ يَهْذُوْهُ هَذْوًا بِالسَّيْفِ: کاٹنا هَذَا فِي الْكَلَامِ: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔
هَذَى يَهْذِي هَذْيًا و هَذَيَانًا مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔ صفت هَاذٍ اور اسم الْهُذَاء.
اَهْذَى اِهْذَاءً اللَّحْمَ: گوشت کو اچھی طرح گلا کر پکانا۔
هَاذَاهُ مُهَاذَاةً. باہم بکواس کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ يُهَاذِي اَصْحَابَهٗ" وہ بیٹھا اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہم بکواس کرتا رہا۔
تَهَاذَى تَهَاذِيًا الْقَوْمُ: گفتگو میں بکواس کرنا۔
رَجُلٌ هَذَّاءٌ و هَذَّائَة ۔ بہت بکواس کرنے والا مرد۔
هَرَّ (ن ض) هَرًّا و هَرِيْرًا الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَرَّهُ النَّاسُ" فلاں کو لوگ ناپسند کرتے ہیں۔ هَرَّ فِي وَجْهِ السَّائِلِ: تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔ هَرَّتِ الْقَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا (هَرًّا) الشَّوْكُ: کانٹے کا خشک و پراگندہ ہونا بِسِلْحِه: پاخانہ کرنا الدَّوَاءُ سِلْحَهٗ: پیٹ چلانا۔
هَرَّ (ض) هَرِيْرًا الْكَلْبُ: کتے کا سردی کی وجہ سے بھونکنا (نباح سے کم) اَلْبَرْدُ الْكَلْبَ: بھونکانا هَرَّ الْكَلْبُ الضَّيْفَ: کتے کا مہمان پر بھونکنا۔
هَرَّتْ هَرًّا و هُرَارًا الْاِبِلُ: ہرار کی بیماری میں مبتلا ہونا سَلْحُهٗ: پیٹ چلنا یہاں تک کہ مر جانا۔
هَرَّ (س) هَرًّا. بدخلق ہونا۔
هَارَّه مُهَارَّةً. کسی کے سامنے تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔
اَهَرَّ الْكَلْبَ: بھونکانا۔ اور اسی سے مثال ہے "شَرٌّ اَهَرَّ ذَانَابٍ" (بڑے شر نے کتے کو بھونکایا) اَهَرَّ بِالْغَنَمِ: بکریوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا۔
الْهَارُّ. فا۔ کتا جبکہ اپنے دانت نکالے۔
الْهُرَار. اُونٹ کے گوشت اور کھال کے درمیان ورم کے مانند ایک مرض۔ اُونٹ کا اسہال۔
الْهَرّ. س۔ اُونٹ کے ڈانٹ کی ایک قسم۔
الْهِرّ. بلا ج هِرَرَةٌ. مؤنث هِرَّةٌ ج هِرَر اور بقول بعض هِرّ کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں کے لیے ہے۔ اور هِرَّةٌ
هِرَّة کی تصغیر هُرَيْرَة اور اسی سے ہے ابو ہریرۃ۔
الْهِرّ. اُونٹ کے ہانکنے یا پانی پر بلانے کی آواز۔ کراہت۔ ناپسندیدگی۔ اور امثال عرب میں سے ہے "لَا يَعْرِفُ هِرًّا مِنْ بِرٍّ" وہ دوست دشمن میں تمیز نہیں کرتا یا وہ بلی اور چوہے میں تمیز نہیں کرتا۔
الْهُرّ. شیر۔ بہت دودھ اور پانی۔
الْهَرَّار. اسم مبالغہ۔ دانت نکالنے والا کتا۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ مَنْ لَا هَرَّارَ لَهٗ" ہلاک ہوگیا جس کے پاس ہرار نہیں تھا جس سے دشمن کو بھگاتا۔
الْهَرَّارَان. نسر واقع اور قلب عقرب دو ستاروں کے نام۔ ماہ دسمبر و جنوری۔
الْهَرُوْر. زمین پر بکھرے ہوئے انگور کے دانے۔
الْهَرِيْر. س۔ کتے کی آواز (نباح سے کم) کہا جاتا ہے "اَدْبَرَ غَرِيْرُهٗ وَاَقْبَلَ هَرِيْرُهٗ" اس کی خوش خلقی جاتی رہی اور بدخلقی آ گئی۔ اس شخص کے لیے بولا کرتے ہیں جو بوڑھا اور بدخلق ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ فِيْ وَجْهِه هِرَّةً و هَرِيْرَةً" میں اس کے چہرے میں نفرت کے آثار محسوس کرتا ہوں۔
الْمَهْرُوْر. مرض ہرار میں مبتلا اُونٹ۔
هَرَاَ يَهْرَاُ هَرْءًا فِيْ مَنْطِقِه: بہت فحش گوئی کرنا۔ بہت غلطی کرنا (هَرْءًا و هَرَائَةً) الْبَرْدُ فُلَانًا ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا۔ هَرَأَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا سخت سرد ہونا اللَّحْمَ: گوشت کو بہت پکانا۔
هَرِئَ (س) هَرْءًا و هُرْءًا و هُرُوْءًا اللَّحْمُ: گوشت کا بہت پکا ہوا ہونا۔
هُرِئَتِ الْمَوَاشِي: مویشی کا سردی یا گرمی سے ہلاک ہونا۔ صفت مَهْرُوْءَةٌ.
هَرَّأَ تَهْرِئَةً اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا الْبَرْدُ الْمَاشِيَةَ: بدحال کر دینا۔
اَهْرَأَ اِهْرَاءً الْبَرْدُ: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا فُلَانٌ فُلَانًا: قتل کرنا الْكَلَامَ وَ فِي الْكَلَامِ: بہت بولنا اور بیہودہ بولنا۔
تَهَرَّأَ اللَّحْمُ: گوشت گلا ہوا پکنا۔ تَهَرَّأَتِ الْمَاشِيَةُ: مویشی کا سردی کی وجہ سے بدحال ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرَّأَ الْبَرْدُ الْمَاشِيَةَ فَتَهَرَّأَتْ" جانور پر سخت سردی پڑی جس سے

وہ بدحال ہوگیا۔

الھُرَاءُ بیہودہ و غیر مربوط کلام (والھُرَاءُ) بہت اور بیہودہ بکنے والا۔ اِمْرَاَۃٌ ھُرَاءَۃٌ و ھُرَاءَۃٌ بہت اور بیہودہ بکنے والی عورت۔

الھِرَّاءُ۔ بخت خرما کا پودا۔

الھَرِیُّ بہت پکا ہوا گوشت جو ہڈی سے علیحدہ ہو جائے۔

الھَرِیْنُ مؤنث الھَرِیْنَۃُ۔ سخت سردی کا وقت، کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ قُرَّۃٌ لَھَا ھَرِیْنَۃٌ" ایسی ٹھنڈک ہے کہ جس میں لوگوں کو اور جانوروں کو تکلیف پہنچتی ہے اور مر جاتے ہیں۔

المُھَرَّأُ۔ پکا ہوا گوشت۔

ھَرَبَ (ن) ھَرَبًا و ھُرُوْبًا و مَھْرَبًا و ھَرَبَانًا بھاگنا فِیْ مَشْیِہٖ تیز چلنا فِی الْاَرْضِ دور تک جانا فِی الْاَمْرِ مبالغہ کرنا۔

ھَرِبَ (س) ھَرَبًا الرَّجُلُ بوڑھا ہونا۔

ھَرَّبَ بھگانا۔

اَھْرَبَ الرَّجُلُ گھبرا کر یا بغیر گھبرائے ہوئے بھاگنے کی کوشش کرنا۔ دُور تک جانا فُلَانٌ فُلَانًا بھاگنے پر مجبور کرنا۔ اَھْرَبَ الرِّیْحُ ہوا کا غبار اُڑانا۔

تَھَارَبُوْا باہم مل کر بھاگنا۔

الھَارِبُ بھاگنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ ھَارِبٌ وَلَا قَارِبٌ" اس سے کوئی بھاگنے والا ہے نہ قریب جانے والا یعنی وہ ناکارہ ہے۔

المَھْرَبُ۔ بھاگنے کی جگہ، کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَنَا مَھْرَبٌ" یعنی فلاں شخص ایسا ہے جس کے پاس سختیوں میں ہم بھاگ کر جاتے ہیں۔

ھَرْبَجَ ھَرْبَجَۃً الْاَمْرَ برے طریقہ سے کرنا۔

الھِرْبِذُ ہندوؤں کے بڑے بڑے لوگ بقول بعض ہندوؤں کے پنڈت، آتش پرستوں کی آگ کا خادم۔ واحد ھِرْبِذٌ۔

الھِرْبِذَی ہلکی سی آہستہ چال۔

الھُرْبُعُ چست و چالاک چور، ہلکا پھلکا بھیڑیا ج ھَرَابِعُ۔

ھَرَتَ (ض) ھَرْتًا بِالرُّمْحِ نیزہ مارنا۔ و ھَرَتَ اللَّحْمَ گوشت گلا کر پکانا الثَّوْبَ کپڑا پھاڑنا عِرْضَ فُلَانٍ عیب ریزی کرنا۔

ھَرِتَ (س) ھَرَتًا الشَّیْءُ کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھَرِتَ شِدْقُہٗ" اس نے اپنی باچھیں کھولیں۔

اَھْرَتَ اللَّحْمَ گوشت گلا کر پکانا۔

الھَرِتُ والھَرَّاتُ والھَرُوْتُ والھَرِیْتُ شیر۔

الھَرِیْتُ کشادہ۔ کشادہ باچھوں والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔

الاَھْرَتُ کشادہ باچھوں والا۔ کہا جاتا ہے "اَسَدٌ اَھْرَتُ وَ اُسُوْدٌ ھُرْتٌ۔"

المُتَھَارِتُ بہت بکواس کرنے والا۔

المُھَرَّتُ شیر۔ کِلَابٌ مُھَرَّتَۃٌ الْاَشْدَاقِ چوڑی باچھوں والے کتے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مُھَرَّتُ الفَمِ" چوڑی باچھوں والا ہے۔ ج مَھَارِیْتُ۔ اَسَدٌ مُنْھَرِتُ الشِّدْقِ چوڑی باچھوں والا شیر۔

الھِرْثُ پرانا کپڑا۔

الھِرْثَمُ والھُرَاثِمُ شیر۔

الھِرْثِمَۃُ ناک کے نتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔ شیر۔

ھَرَجَ (ض) ھَرْجًا النَّاسُ فتنہ و فساد میں پڑنا البَابَ دروازہ کھلا ہوا چھوڑنا الفَرَسُ گھوڑے کا تیز دوڑنا فِی الْحَدِیْثِ بے جوڑ اور بہت باتیں کرنا۔

ھَرِجَ (س) ھَرَجًا الرَّجُلُ گرمی یا چلنے سے سانس چڑھنا۔

ھَرَّجَ بِالسَّبُعِ شیر کو ڈرانا النَّبِیْذُ فُلَانًا مست کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "ھَرَّجَ فِی الْحَدِیْثِ" اس نے ہنسی کی باتیں کیں۔

تَھَارَجَ الْقَوْمُ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِنْھَرَجَ فُلَانٌ مِنَ النَّبِیْذِ مست ہونا۔

اِسْتَھْرَجَ لَہُ الرَّأْیُ رائے کا قوی اور ہمہ گیر ہونا

الھَرْجُ فتنہ و فساد۔ آشوب۔

الھِرْجُ احمق۔ ہر چیز سے کمزور۔

الھَرْجَۃُ ھَرَکا اسم نوع۔ نرم کمان ج ھِرَجٌ۔

الھَرَّاجُ اسم مبالغہ۔ فَرَسٌ ھَرَّاجٌ بہت دوڑنے والا گھوڑا۔

الھَرَّاجَۃُ الھَرَّاجُ کا مؤنث۔ بے جوڑ اور بہت باتیں کرنے والی جماعت۔

فَرَسٌ مِھْرَجٌ و مِھْرَاجٌ بہت دوڑنے والا گھوڑا۔

الھِرْجَابُ والھِرْجَبُّ لمبا۔ ج ھَرَاجِیْبُ۔

الھِرْجَشُ عمر رسیدہ اونٹنی۔

الھِرْجَلُ بہاؤ لنگڑا۔

الھِرْجَفُ درشت و نرم۔

ھَرْجَلَ الرَّجُلُ چلنے میں لڑکھڑانا۔ دور دور قدم رکھنا۔

الھَرَاجِیْلُ لمبے لمبے لوگ۔ موٹے موٹے اُونٹ۔

الھِرْجَلُ لمبے قدم ڈالنے والا ج ھَرَاجِلُ۔

ھَرَدَ (ض) ھَرْدًا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ ھَرَدَ اللَّحْمَ گوشت کو گلا کر پکانا الشَّیْءَ قادر ہونا عِرْضَہٗ بے آبروئی کرنا الشَّیْءَ خراب کرنے کے لیے پھاڑ ڈالنا۔

ھَرِدَ (س) ھَرَدًا اللَّحْمُ گوشت کا گل کر پکنا۔

ھَرَّدَ زرد رنگا ہوا کپڑا پہننا اللَّحْمَ گوشت کو گلا کر پکانا۔ کہا جاتا ہے "ھَرَادَ الشَّیْءَ یُھَرِیْدُہٗ ھِرَادَۃً" یعنی اَرَادَ یُرِیْدُ اِرَادَۃً ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے جیسے اَرَاقَ و ھَرَاقَ۔

الھَرْدُ فتنہ و فساد۔

الھِرْدَبُّ نر مرغ، مرد بے وقار و بے اعتبار۔

الھُرْدُ زرد کرکم۔ سرخ مٹی، ہلدی۔

الھُرْدِیُّ والھُرْدِیَّۃُ ایک قسم کی گھاس۔

الھُرْدِیُّ ہلدی سے رنگا ہوا۔

رَجُلٌ اَهْرَد الشَدْق: چوڑی باچھوں والا مرد۔
المَهْرُوْد: ھُرد سے رنگا ہوا زرد کپڑا۔
هَرْدَبَ هَرْدَبَةً: سُست دوڑنا۔
الهِرْدَبَّة: بڑھیا۔ بزدل۔ بڑے پیٹ والا۔
هَرْدَجَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
الهِرْدِشَة: عمر رسیدہ اُونٹنی و بھیڑ، بڑھیا۔
هَرَزَ(ض) هَرْزًا: سختی سے چھونا۔ لکڑی سے مارنا۔
هَرِزَ(س) هَرْزًا و هُرُوْز: ہلاک کرنا۔ مرنا۔
تَهَرْوَز مِنَ الْجُوْع: بھوک سے ہلاک ہونا۔
هَرَسَ(ن) هَرْسًا الشَيْءُ: سخت کوٹنا۔ الطَعَامَ: بہت کھانا۔
هَرِسَ(س) هَرَسًا: بہت کھانے والا ہونا۔ چھپا کر کھانا۔
الهَرَاس: بڑے کانٹوں کا ایک درخت واحد هَرَاسَة۔ هَرَاسَةُ الْقَوْم: قوم کی عزت۔ قوم کا سخت حملہ۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِيْ فُلَان هَرَاسَة": فلاں کی اولاد کے لیے عزت و قہر ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں۔
الهُرَاس: بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرْس: بلی۔
الهِرْس: بلی۔ پرانا کپڑا۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔ مَكَان هَرِسٌ: ہراس درخت اگانے والی جگہ۔ مؤنث هَرِسَةٌ۔
الاَهْرَس: سخت گرانبار۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرَّاس: اسم مبالغہ۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر، ہریسہ بنانے والا ہریسہ بیچنے والا۔
الهَرِيس: باریک کوٹا ہوا (و الهَرِيْسَة) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِهْرَسٌ: بہت کھانے والا۔

المِهْرَاس: ہاون۔ المِهْرَاس: پتھر کا ہاون۔ اوکھلی۔ بہت کھانے والا اُونٹ۔ بھاری جسم کا اُونٹ۔ مرد جو رات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ ج مَصَارِيْس۔
هَرَشَ(ن ض) هَرْشًا الدَّهْرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
هَرِشَ(س) هَرَشًا: بد خلق ہونا۔
هَرَّشَ بَيْنَ الكِلَاب: کتوں کے درمیان بھڑکانا بَيْنَ النَّاس: لوگوں میں فساد ڈالنا۔
هَارَشَ مُهَارَشَةً و هِرَاشًا بَعْضَ الكِلَاب عَلٰى بَعْضِهَا: بعض کو بعض پر بھڑکانا فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَهَارَشَت وَاهْتَرَشَتِ الْكِلَابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَهَرَّشَ الغَيْمُ: بادل کھل جانا۔
الهِرَاش: هَارَشَ کا مصدر، جھگڑا۔ مقاتلہ۔
الهَرِش: سخت عادت والا۔ اکھڑ۔
المُهَارِش: فا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مُهَارِشُ العِنَان": ہلکی لگام والا گھوڑا۔
الهِرْشَبَّة: بہت بڑھیا۔
هَرْشَفَت وَاهْرَشَفَت الهِرْشَفَّةُ: دوات کے صوف کا سوکھ جانا۔
الهِرْشَفُّ مِنَ الرِّجَالِ: دبلا بوڑھا۔ بہت پینے والا۔ بہت بڑھیا۔
الهِرْشَفَّة: بہت بڑھیا۔ بوڑھی اُونٹنی۔ دوات کا خشک شدہ صوف۔
هَرِصَ(س) هَرَصًا: خشک خارش والا ہونا۔
هَرَّصَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھٹک اٹھنا۔
الهَرْص: بر۔ کیڑا۔ خشک خارش۔
الهَرِيْصَة: پانی جمع ہونے کی جگہ۔
هَرَضَ(ن) هَرْضًا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔
هَرِضَ(س) هَرَضًا: خشک خارش والا ہونا۔
هَرَّضَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھٹک اٹھنا۔

هَرَطَ(ن) هَرْطًا عِرْضَ فُلَانٍ و فِيْ عِرْضِهٖ: آبروریزی کرنا فِي الكَلَامِ: غیر مربوط اور بیہودہ کہنا۔
هَرِطَ(س) هَرَطًا: بیماری وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ہونا۔
الهَرْطَقَة: عیسائیوں کے نزدیک - دین میں بدعت، اس کی طرف نسبت - هرطوقي-
تَهَارَطَا: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
الهَرْط: بر۔ (و الهِرْط) بہت دبلا گوشت۔ متمول مرد۔ دبلی بوڑھی بھیڑ۔ نَاقَةٌ هِرْطٌ: عمر رسیدہ اُونٹنی۔ ج اَهْرَاط و هُرُوْط۔
الهِرْطَة: دبلی بوڑھی بھیڑ۔ بیوقوف۔ بزدل۔ کمزور ج هِرَط۔
الهَيْرَط: نرم۔ الهِرْطَال: لمبے قد والا۔
الهُرْطُمَان: ایک قسم کا غلہ۔
هَرَعَ(ف) هَرْعًا اِلَيْهِ: اضطراب کے ساتھ جلدی جانا۔
هَرِعَ(س) هَرَعًا الدَّمُ: خون کا جلدی بہنا۔
الرَّجُلُ: تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
هَرَّعَ الْقَوْمُ الرِّمَاحَ: قوم کا نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
هُرِعَ وَهُرِّعَ الرَّجُلُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
اَهْرَعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا الْقَوْمُ رِمَاحَهُمْ: نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
اُهْرِعَ الرَّجُلُ: خفیف العقل ہونا۔ غصہ یا کمزوری یا خوف یا سردی سے کانپنا۔ جلدی دوڑایا جانا۔ صفت مُهْرَعٌ اور کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الشَّيْخُ يُهْرَعُ": بڈھا مضطرب ہو کر دوڑنے لگا۔
تَهَرَّعَتِ الرِّمَاحُ: نیزوں کا سیدھا ہونا۔
تَهَرَّعَ اِلَيْهِ: جلدی کرنا۔
اِهْتَرَعَ العُوْدُ: لکڑی توڑنا۔
اُسْتُهْرِعَتِ الْاِبِلُ: حوض کی طرف دوڑنا۔
الهُرَاع: اضطراب کے ساتھ تیز رفتاری۔

تیز ہانکنا۔

الهَرع: س۔ اضطراب کی چال۔ تیز ہانکنا۔

الهَرِع: جلدی بہنے والا خون۔ رَجُلٌ هَرِعٌ جلدی رونے والا۔ تیز رفتار۔ مؤنث هَرِعَةٌ.

الهَرْعَة والهُرَعَة: جوں کے مانند ایک کیڑا۔ یا چھوٹی جوں، اور بقول بعض بڑی جوں۔

الهُرَيْعَة: باریک ٹہنیوں والا درخت۔

المُهْرِع والمِهْراع: شیر۔

المَهْرُوْع: پاگل۔ محنت و مشقت سے درماندہ۔

المُهْرَع: س۔ لالچی۔

الهَيْرَع: بزدل، بیوقوف، جلد باز۔ چست عورت رِيحٌ هَيْرَعٌ و هَيْرَعَةٌ: تیز چلنے والی ہوا جو مٹی اڑائے۔

الهَيْرَعَة: چرواہے کی بانسری اور اس کو يَراعه بھی کہتے ہیں۔

هَرَف (ض) هَرَفًا بِفُلانٍ: کسی پر تعجب کرتے ہوئے مدح میں مبالغہ کرنا۔ بغیر جانے بوجھے مدح کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَا تَهْرِفْ بِمَا لَا تَعْرِفْ" جس کو تم جانتے نہیں اس کی مدح مت کرو۔ هَرَفَتْهُ الرِّيحُ: ہوا کا اڑا دینا۔ وهَرَفَ السَّبُعُ: درندے کا لگاتار آواز نکالنا۔

هَرَّفَتْ تَهْرِيفًا النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔ هَرَّفَ القَوْمُ إِلَى الصَّلٰوةِ: نماز کیلئے جلدی کرنا۔

اَهْرَفَتِ النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔

اَهْرَفَ الرَّجُلُ: مال نامی کا مالک ہونا۔

هَرَقَ (ف) هَرْقًا وَاَهْرَقَ الْمَاءَ: پانی گرانا۔

هَرَّقَ الْمَاءَ: پانی گرانا (تشدید کثرت کے لئے ہے) اور کہا جاتا ہے (هَرِّقْ عَلٰى جَمْرِكَ" یعنی اپنی جگہ پر قائم رہو، یہ ایک مقولہ ہے جو غضبناک آدمی سے کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ اپنے غصہ کی آگ کو بجھاؤ۔

هَرَاقَ الْمَاءَ يُهَرِيقُهُ هِرَاقَةً: گرانا۔ اس کی اصل "اراقه يريقه اِرَاقَةً" ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے۔ اور هَرَاقَه کی اصل هَرِيْقَه دَحْرَجَه کے وزن پر ہے۔ اور اسی وجہ سے مضارع میں يُهَرِيْقُه کی ہا کو فتحہ دیا جاتا ہے جیسا کہ يُدَحْرِجه میں دال کو، اور امر کا صیغہ هَرِقْ کی اصل هَرِيْقْ ہے دَحْرِجْ کے وزن پر، ثقالت کی وجہ سے یا کے کسرہ کو نقل کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا گیا۔ تثنیہ کا صیغہ هَرِيْقَا اور جمع کا هَرِيْقُوْا. اور کہا جاتا ہے "هَرِيْقُوْا عَلَيْكُمْ اَوَّلَ اللَّيْلِ" وہ لوگ تمہارے پاس ابتدائی رات میں آئے۔

اور کبھی ہاء اور ہمزہ دونوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "اَهْرَاقَه يُهْرِيْقُهُ اهْرَاقَه" سکون ہاء سے گویا کہ ہمزہ یاء کی حرکت کی عوض میں بڑھا دیا گیا ہے۔ اور اسی وجہ سے اس زیادتی سے فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسم فاعل کا صیغہ مُهْرِيْق اور اسم مفعول مُهْرَاق و مُهَرَاق.

تَهَارَقُوْا: بعض کا بعض پر پانی گرانا۔

اِهْرَوْرَقَ اِهْرِيْرَاقًا الدَّمْعُ وَالْمَطَرُ: آنسو یا بارش کا جاری ہونا۔

الهِرْق: پرانا کپڑا۔

المُهْرَق: اَهْرَق کا اسم مفعول۔ صحیفہ۔ سفید ریشم کا کپڑا جس کو گوند سے چکنا کر کے لکھنے کے کام میں لاتے ہیں۔ چٹیل بیابان۔ کپڑا یا کاغذ چکنا کرنے کا آلہ۔ ج مهارِق.

المُهْرُقان والمَهْرَقان والمُهْرَقان: سمندر۔ کنارۂ سمندر جہاں پانی چڑھے اور پھر اتر جائے اور کوڑیاں باقی رہ جائیں۔

مَطَرٌ مُهْرَوْرِقٌ: موسلا دھار بارش۔

هَرْكَلَ هَرْكَلَةً: سست اور ناز سے چلنا۔

جَمَلٌ اور جُلٌّ هُرَاكِل: موٹا اور بڑے جسم کا اونٹ یا مرد۔

الهُراكِلَة: بڑی بڑی مچھلیاں، آبی کتے۔ بڑے چوتڑ والے دریائی جانور۔ سمندر کی موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد هِرْكِلٌ.

الهَرْكَلَة والهَرْكَنَة والهِرْكَلَة والهِرْكَوْلَة والهَرْكِيْل: خوبصورت اندام خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی عورت۔

الهَرْكَلَة: خرام ناز۔

الهَرَل: پہلے شوہر کا بیٹا۔

هَرِمَ (س) هَرَمًا و مَهْرِمًا و مَهْرَمَةً: کمزور ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَرِمٌ ج هَرِمُوْنَ و هَرْمٰى مؤنث هَرِمَةٌ ج هَرِمَات و هَرْمٰى.

هَرَّمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَرَّمَ فُلَانًا: تعظیم کرنا۔ اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَرِّمُ عَلَيْنَا الْاَمْرَ اَوِ الْخَبَرَ" فلاں آیا اور ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے بیان کرتا ہے۔

اَهْرَمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر دینا۔

تَهَارَمَ الرَّجُلُ: بتکلف اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔

اِسْتَهْرَمَهُ: بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا پانا۔

اِنْهَمَاَ و تَهَمَّاَ الثَّوْبُ: کپڑا پھٹنا اور بوسیدہ ہونا۔
الهِمْء. پرانا بوسیدہ کپڑا ج اَهْمَاء.
هَمَتَ (ن) هَمْتًا الثَّرِيْدُ: چکنائی سے تر ہونا۔
اَهْمَتَ الْكَلَامَ او الضِّحْكَ: آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔ چپکے چپکے ہنسنا۔
هَمَجَتِ (ن) هَمْجًا الْاِبِلُ مِنَ الْمَاءِ: ایک ہی مرتبہ پانی پی کر سیراب ہونا۔ صفت هَوَامِج (هَمْجًا) بھوکا ہونا۔
اَهْمَجَ الْفَرَسُ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ الشَّئَ: پوشیدہ کرنا۔
اِهْتَمَجَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا وَجْهُهُ پژمردہ ہونا۔
الهَامِج. انبوہ جس کا کوئی قائد نہ ہو۔ بے چرواہے کے ریوڑ۔ بے افسر کے فوج اور "هَمَج هَامِجٌ" کا اطلاق کمینے لوگوں پر ہوتا ہے اور یہ بطور تاکید ہے جیسے "لَيْلٌ لَائِلٌ" میں۔
الهَمَج. س۔ بھوک۔ بدانتظامی۔ ایک قسم کا مچھر۔ چھوٹی قسم کی مکھی جو جانوروں کے مُنہ اور آنکھ پر بیٹھتی ہیں۔ دُبلی بکری۔ واحد هَمَجَة. الهَمَج: بیوقوف لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَمَجٌ وهَمَجَةٌ و اِمْرَاَةٌ هَمَجَةٌ و رِجَالٌ هَمَجٌ و قَوْمٌ هَمَجٌ" ناکارے لوگ۔ ج اَهْمَاج.

الهَمِيجُ مِنَ الظِّبَاءِ: جوان خوبصورت ہرن مِنَ الرِّجَالِ: پچکے ہوئے پیٹ والا۔

هَمَدَتْ (ن) هُمُوْدًا النَّارُ: دھیمی ہونا، بجھنا۔ هَمَدَ الْقَوْمُ: مرنا۔ کہا جاتا ہے "كَادَيَهْمِدُ مِنَ الْجُوْعِ" وہ بھوک سے قریب المرگ ہے صفت هَامِدٌ و هَمِدٌ و هَمِيْدٌ. هَمَدَتْ اَصْوَاتُهُمْ خاموش ہونا۔ آواز بند ہونا۔

هَمَدَ (ن) هَمْدًا و هُمُوْدًا الثَّوْبُ: پُرانے ہونے کی وجہ سے تہوں پر سے پھٹنا۔ صفت هَامِدٌ ج هُمَّدٌ. هَمَدَتِ الْاَرْضُ: بنجر ہونا۔ اوسر ہونا۔ هَمَدَ شَجَرُ الْاَرْضِ: درخت کا پُرانا ہو کر ضائع ہونا۔

هَمَّدَهُ. بجھانا۔

اَهْمَدَ فِي الْمَكَانِ: اقامت کرنا فِي السَّيْرِ: تیز چلنا الْكَلْبُ: تیز دوڑنا۔ الْقَوْمُ فِي الطَّعَامِ: کھانے پر ٹوٹ پڑنا۔

اَهْمَدَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا الْهَدِيَّةُ غَضَبَهُ: غصہ فرو کرنا۔ بجھانا۔ اَهْمَدَ فُلَانٌ: ناگوار چیز پر خاموش رہنا اَصْوَاتُ الْقَوْمِ: خاموش ہونا۔ آواز بند ہونا۔ الْقَحْطُ الْاَرْضَ: خشک کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ فَاهْمَدُوْهُمْ" وہ لوگ قوم کے پاس آئے اور ان کو مار ڈالا۔

الهَامِدُ. فا۔ پرانا کالا متغیر شدہ۔ خشک نباتات و درخت۔ بنجر زمین۔ ج هَوَامِدُ.

اَلْمِهْمَادُ. آواز کو زیادہ کرنے کا آلہ۔

الهَمْدَةُ. سکتہ۔

الهَمِيْدُ. وہ مال جو کسی کے ذمہ حکومت کے دفاتر میں لکھا ہو۔

الهَمَاذِيُّ. تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَذُوْ هَمَاذِيَّ فِي جَرْيِهِ" وہ چلنے میں تیز رفتار ہے۔ تیز رفتار اُونٹ یا اونٹنی۔ بارش کی شدت۔ گرمی کی سختی۔

هَمَذَان. ایک شہر کا نام جو مملکت ایران میں ہے۔

الهَمَذَانِيُّ. همذان کی جانب منسوب۔ بہت بولنے والا مِنَ الْمَشْيِ: مختلف چالیں چلنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِيْ هَمَذَانِيًا" وہ مختلف چالیں چلتا ہے۔

هَمَرَ (ن) هَمْرًا. الْمَاءَ: پانی گرانا الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "هَمَرَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ نے آنسو بہایا۔ هَمَرَ مَا فِي الضَّرْعِ: سارا تھن دوہ لینا الْكَلَامَ و فِي الْكَلَامِ: بہت بولنا الْفَرَسُ الْاَرْضَ گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ: دینا الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔

هَامَرَهُ مُهَامَرَةً الشَّيْءَ: کل لے لینا۔

اِنْهَمَرَ الْمَاءُ: پانی بہنا الشَّجَرَةُ: جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا الْبِنَاءُ: عمارت گرنا۔ ویران ہونا۔ مسمار ہونا۔

اِهْتَمَرَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا الْفَرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا۔

الهَامِرُ. فا۔ سَحَابٌ هَامِرٌ: خوب برسنے والا بادل۔

الهَمِرُ. موٹا مرد۔ رَمْلٌ هَمِرٌ: بہت ریت۔

الهَمْرَةُ. هَمَرَ کا اسم مرۃ۔ بوچھار۔ غصہ سے گفتگو کرنا۔ الهَمَّارُ مِنَ السَّحَابِ: بہت برسانے والا بادل مِنَ الرِّجَالِ: بہت بک بک کرنے والا۔

الهَمِيْرُ والهَيْمَرَةُ. بہت بڑھیا۔ ظَبْيٌ هَمِيْرٌ: اچھے بدن والی ہرنی۔

المِهْمَرُ والمِهْمَارُ. بہت بک بک کرنے والا۔ المِهْمَارُ: مہمانوں کی بہت ضیافت کرنے والا۔

اليَهْمُوْرُ. بہت بک بک کرنے والا۔ بہت ریت۔

هَمْرَجَ. عَلَيْهِ الْخَبَرَ گڑبڑ خبر بیان کرنا۔

الهَمْرَجَةُ. خبر میں گڑبڑی۔ اختلاط۔ خفت۔ سرعت۔ لوگوں کا شور۔ باطل۔

الهَمَرْجَلُ. تیز رفتار اُونٹ و اونٹنی۔

الهُمْرُجَانُ. لوگوں کا شور۔

تَهَمْرَشَ الْقَوْمُ: حرکت میں آنا۔ اور اسم الهَمْرَشَةُ.

الهَمْرَشُ. حرکت۔

اَلْهَمَّرِشُ. بہت بڑھیا۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

هَمَزَهُ (ن ض) هَمْزًا. دبانا۔ بھینچنا۔ چبھونا۔ دفع کرنا۔ مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ پیٹھ پیچھے غیبت کرنا۔ صفت هَمَّازٌ و هُمَزَةٌ. توڑنا۔ هَمَزَ الشَّيْطَانُ الْاِنْسَانَ: شیطان کا وسوسے ڈالنا بِهِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا الْفَرَسَ گھوڑے کو دوڑانے کے لیے مہمیز چبھونا۔ الْعِنَبَ اَوْرَاسَهُ: نچوڑنا الْكَلِمَةَ او الْحَرْفَ: ہمزہ کے ساتھ بولنا یا ہمزہ کی علامت لگانا۔

اِنْهَمَزَتِ الْكَلِمَةُ او الْحَرْفُ: ہمزہ کے ساتھ پڑھا جانا یا ہمزہ کی علامت والا ہونا۔

الهَامِزُ. فا۔ عیب گیری کرنے والا۔ ج هُمَّازٌ و هَامِزُوْنَ.

الهَمْزُ. مص۔ هَمْزُ الشَّيْطَانِ: جنون۔ کہا جاتا ہے: رِيْحٌ هَمْزَى: تیز آواز والی ہوا "قَوْسٌ هَمْزَى" زور سے تیر پھینکنے والی کمان۔

الهَمْزَةُ. هَمَزَ کا اسم مرۃ۔ حروف ہجا کا حرف۔ ج هَمَزَاتٌ. هَمَزَاتُ الشَّيْطَانِ: شیطانی خطرے۔

الهُمَزَةُ. عیب جو۔ نکتہ چیں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هُمَزَةٌ وَامْرَاَةٌ هُمَزَةٌ" عیب جو مرد۔ عیب جو عورت۔

الهَمَّازُ. عیب جو۔ طعن تشنیع کرنے والا۔

قَوْسٌ هَمُوْزٌ. زور سے تیر پھینکنے والی کمان۔

رَجُلٌ هَمِيْزُ الْفُؤَادِ: تیز طبیعت مرد۔

المِهْمَزُ والمِهْمَازُ. مہمیز ج مَهَامِزُ و مَهَامِيْزُ.

المِهْمَزَةُ. چابک تازیانہ۔ ڈنڈا جس کے سرے پر لوہا لگا ہو۔ اور جانور کے تیز کرنے کے لیے کام میں لایا جائے۔

هَمَسَ (ض) هَمْسًا. الصَّوْتَ: آواز کو پست کرنا اِلَى بِحَدِيْثِهِ: آہستہ آہستہ باتیں

كرنا العِنَبَ: انگور کو نچوڑنا الشَّيْءَ: توڑنا الطَّعَامَ: مُنہ بند کر کے چبانا الشَّيْطَانُ: وسوسہ ڈالنا بِالْقَدَمِ: آہستہ قدم رکھنا الرَّجُلُ: بغیر سستی کے رات میں چلنا۔

هَامَسَهُ مُهَامَسَةً. چپکے چپکے باتیں کرنا۔

تَهَامَسَا. باہم چپکے چپکے باتیں کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَامَسُوْا سِرًّا" انہوں نے رازدارانہ باتیں کیں۔

الهَمْس. س۔ پست آواز۔ آہستہ قدم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَطَأُ الْاَرْضَ هَمْسًا" وہ زمین پر آہستہ قدم سے چلتا ہے "وَيَتَكَلَّمُ هَمْسًا" وہ آہستہ بولتا ہے۔ "هُوَ يَاكُلُ هَمْسًا" وہ کھانے میں منہ نہیں کھولتا "وَاَخَذْتُهُ اَخْذًا هَمْسًا" میں نے اس کو سختی سے پکڑا۔

الهَمَّاس. اسم مبالغہ۔ شکار کو پھاڑنے والا شیر۔ **الهَمُوْس.** رات میں چلنے والا۔ شکار کو پھاڑنے والا شیر۔ آہستہ قدم سے چلنے والا شیر

الهَمِيْس. آہستہ چال۔ اُونٹ کے پاؤں کی آہٹ۔

المَهْمُوْس. مع مِنَ الْكَلَامِ: غیر واضح مِنَ الْحُرُوْفِ: ضد مجہور۔ اور حروف مہموسہ دس ہیں۔ جن کا مجموعہ "حَثَّهُ شَخْصٌ فَسَكَتَ" ہے۔

هَمَشَ (ن) هَمْشًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ فُلَانًا: دانت سے کاٹنا۔

هَمَشَ (ض) هَمْشًا و هَمِشَ (س) هَمَشًا الرَّجُلُ: بہت بک بک کرنا۔ القَوْمُ: بولنا اور حرکت میں آنا الجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونے کے لیے حرکت کرنا۔

هَامَشَهُ مُهَامَشَةً. جلدی کرانا۔

تَهَمَّشَ مَنْبَطُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے سوت کا جاری ہونا الشَّيْءُ: کھوکھلا ہو جانا۔

تَهَامَشَ الْقَوْمُ: آپس میں گڈمڈ ہونا اور حرکت کرنا۔

اِهْتَمَشَ الْقَوْمُ: مخلوط ہونا اور آگے پیچھے ہونا۔ اِهْتَمَشَتِ الدَّابَّةُ او الجَرَادُ: آہستہ چلنا، رینگنا۔

الهَامِش. فا۔ کتاب کا حاشیہ (مولد)

الهَمْش. س۔ کھانے کی تیزی۔

اِمْرَأَةٌ هَمْشَى او هَمَشَى الْحَدِيْثِ بہت بولنے والی اور شور مچانے والی عورت۔

الهَمِش. انگلیوں سے تیز کام کرنے والا۔

الهَمِيْشَة. ہانڈی میں پکی ہوئی ٹڈی۔ اور اگر آگ پر بھونی جائے تو اسے المَحْسُوْس کہتے ہیں۔

الرَّجُلَ: کسی کو پچھاڑ کر اوپر بیٹھنا اور قتل کرنا۔

هَمَطَ (ض) هَمْطًا الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ بولنے اور کھانے میں لاپروا ہونا الشَّيْءَ: بغیر اندازہ کے لینا المَالَ: زبردستی لے لینا۔

تَهَمَّطَ واهْتَمَطَ الْمَالَ: زبردستی لے لینا۔ اِهْتَمَطَ عِرْضَ فُلَانٍ: بے آبروئی کرنا۔ گالی دینا الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کو پکڑنا۔

الهَمَّاط. ظالم۔

هَمَعَت (ف ن) هَمْعًا و هَمَعًا و هُمُوْعًا و هَمَعَانًا و تَهْمَاعًا العَيْنُ: آنسو بہانا۔ اور هَمَعَتِ العَيْنُ بِالدَّمْعِ بھی بولا جاتا ہے وَهَمَعَ الطَّلُّ عَلَى الشَّجَرَةِ: شبنم گرنا۔ هَمَعَ رَاسَهُ: زخمی کرنا۔

اَهْمَعَ الدَّمْعَ و نَحْوَهُ. آنسو بہانا الطَّلُّ درخت پر شبنم گرنا۔

تَهَمَّعَ الرَّجُلُ: بتکلف رونا الدَّمْعُ و نَحْوُهُ: آنسو بہنا۔

اُهْتُمِعَ لَوْنُهُ: رنگ بدل جانا۔

الهَامِعَة. الهَامِعُ کا مؤنث ج هَوَامِع

دُمُوْعٌ هَوَامِعُ: بہنے والے آنسو۔

سَحَابٌ هَمِعٌ. برسنے والا بادل۔ عَيْنٌ هَمِعَةٌ: ہمیشہ روتی ہوئی آنکھ۔

الهَمُوْع. بہنے والا۔

الهَيْمَع. فوری موت۔

هَمَغَ (ف) هَمْغًا رَاسَهُ: سر توڑنا۔

اِنْهَمَغَتِ الرُّطَبَةُ: تر کھجور کا پھٹ جانا القَرْحَةُ: زخم کا ابھرا ہونا۔

الهِمْيَغ. موت یا فوری موت۔

الهَمِق. نرم گھاس۔ بہت گھاس۔ خشک گھاس۔

هَمَكَهُ (ن) هَمْكًا فِي الْاَمْرِ: کسی کام کے لیے کسی پر زور دینا۔

تَهَمَّكَ وَانْهَمَكَ فِي الْاَمْرِ: کسی کام میں منہمک ہونا۔ بے حد مصروف ہونا۔

اِهْمَاكَّ اِهْمِيْكَاكًا الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا۔ صفت مُهْمَكٌّ.

هَمَلَتْ (ن ض) هَمْلًا و هَمَلَانًا و هُمُوْلًا عَيْنُهُ: آنسو بہانا السَّمَاءُ: آہستہ آہستہ لگاتار برسنا۔

هَمَلَتْ (ض) هَمْلًا الْاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادانہ پھرنا۔ صفت هَامِلٌ ج هَوَامِل و هَمُوْلَةٌ و هَامِلَةٌ و هَمَلٌ و هُمَّلٌ و هُمَّالٌ و هَمَلَى.

اَهْمَلَهُ. جان بوجھ کر یا بھولے سے چھوڑ دینا۔

اَهْمَلَ اَمْرَهُ: اچھی طرح سے نہ کرنا الحَرْفَ حرف پر نقطے نہ لگانا۔

اِنْهَمَلَتْ عَيْنُهُ: آنسو بہانا السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔

الهِمْل. پیوند لگا ہوا کپڑا۔

الهَمَل مِنَ الْاِبِلِ: رات یا دن میں بغیر چرواہے کے چھوڑے ہوئے اونٹ۔ اُتارا ہوا کھجور کا چھلکا۔ بے روک کے بہنے والا پانی۔

الهَمَلُّ. چھوٹا مکان۔

الهِمِلُّ. عمر رسیدہ۔

الهُمَّال. نرم، ویران زمین جس کو کوئی آباد نہ کرے۔

الهَمَالِيْل. گھاس کا بقیہ۔ پھٹا ہوا کپڑا۔

المُهْمَل. مع مِنَ الْكَلَامِ: غیر مستعمل۔ مِنَ الْحُرُوْفِ: غیر منقوط حروف۔

هَمْلَجَ هَمْلَجَةً البِرْذَوْنُ: تیز رفتاری کے ساتھ نرم چال چلنا۔ عمدہ چال والا ہونا۔

الهِمْلَاج. عمدہ چال کا ترکی گھوڑا۔ ج هَمَالِيْج. اور کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ هِمْلَاجٌ" تیز رفتاری کے ساتھ اچھی چال والا جانور۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔

الهَمَلَّع. بے وفا آدمی۔ تیز رفتار اونٹ۔ تیز رفتار آدمی جو سختی سے قدم ڈالے۔ بھیڑیا۔
هَمْلَقَ هَمْلَقَةً. تیز چلنا۔
هَمْهَمَ هَمْهَمَةً. آہستہ بولنا۔ غم کی وجہ سے آواز کو سینہ میں پھرانا الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا۔
الهَمْهَام. بہادر سخی سردار۔ شیر۔
الهَمْهَامَة والهُمْهُومَة. ادنٹوں کا بڑا ریوڑ۔
هَمْهَامِ. مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنے کچھ باقی نہیں۔
الهَمْهَمَة. س۔ گائے ہاتھی وغیرہ کی آواز۔ ہر آواز جس میں کچھ گلوگرفتگی ہو ج هَمَاهِم.
الهُمْهُوم والهِمْهِيم. شیر۔ الهُمْهُوم: آواز لگانے والا۔ ہوا کی وجہ سے ہلنے والا بانس۔
الهِمْهِيم: رینگنے والا گدھا۔
هَمَا يَهْمُو هَمْوًا المَاءُ او الدَّمْعُ: بمعنے هَمٰى يَهْمِي
هَمٰى يَهْمِي هَمْيًا وَ هُمِيًّا و هَمَيَانًا المَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو بہنا۔ جاری ہونا۔ هَمَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا المَاشِيَةُ: جانوروں کا چرنے کے لیے منتشر ہونا (هَمْيًا) الشَّيْءُ: گرنا۔ ضائع ہونا۔
الهَامِيَة. اسم فاعل مؤنث ج هَوَامٍ هَوَامِي الإِبِلِ: چراگاہ میں گم شدہ اونٹ۔
الهِمْيَان. پٹی۔ وہ پٹی جو تھیلی یا بٹوے کا کام دے ج هَمَايِين. (دخیل)
هَنَّ (ض) هَنًّا و هَنِينًا. رونا اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔
اَهَنَّ الجَمَلَ: قوی کرنا۔ صفت مفعولی مَهْنُون. خلاف قیاس ہے جیسے اَحَمَّهٗ کا صفت مفعولی مَحْمُوم. قیاس کے مطابق مُهَنٌّ و مُحَمٌّ آنا چاہئے تھا۔
الهَانَّة والهُنَانَة. آنکھ کی پتلی کے نیچے کی چربی۔ کہا جاتا ہے "مَابِهٖ هَانَّةٌ" یعنی اس کے اندر کچھ بھی خیر نہیں۔
الهَنَّانَة. رونے والی عورت۔

هَنَّا. بتثلیث الهَاءِ: دور کی جگہ کے لیے اشارہ۔ وہاں۔ اس جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "تَنَحَّ هَاهُنَا و هَاهَنَّا و هَهُنَّا" کچھ ہٹ جاؤ۔
هَنَأَهٗ يَهْنُؤُهٗ و يَهْنِئُهٗ هَنْأً. کھلانا۔ هَنَا فُلَانًا: دینا الإِبِلَ: اونٹ پر قطران ملنا الرَّجُلَ: مدد کرنا۔
هَنَأَ يَهْنِئُ و يَهْنَأُ و يَهْنُؤُ هِنأً و هَنْأً و هَنَاءً الطَّعَامُ الرَّجُلَ وَلِلرَّجُلِ: خوشگوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَنَأَ تَنِيْهِ العَافِيَةُ" یعنی عافیت میرے لیے خوشگوار ہے۔ اور عرب دعا کے موقع پر کہا کرتے تھے۔ "لِيَهْنِئْكَ الوَلَدُ" یعنی لڑکا تمہیں مبارک ہو۔
هَنَأَهٗ يَهْنَأُهٗ هَنْأً بِالأَمْرِ: کسی سے "لِيَهْنِئْكَ" کہنا (هِنأً و هَنْأً و هَنَاءَةً) الطَّعَامَ: کھانا تیار کرنا۔ درست کرنا۔
هَنِئَ (س) هَنأً و هَنْأً بِهٖ: خوش ہونا۔ الطَّعَامَ: کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَكَلْنَا مِنْ هٰذَا الطَّعَامِ حَتّٰى هَنِئْنَا مِنْهُ" اس کھانے کو ہم لوگوں نے کھایا یہاں تک کہ شکم سیر ہو گئے۔
هَنُؤَ يَهْنُؤُ هَنَاءَةً و هَنَاءَةً و هَنْأً بغیر رنج و مشقت کے حاصل ہونا۔
هَنَّأَهٗ تَهْنِيئًا و تَهْنِئَةً بِكَذَا: مبارکباد دینا۔
اَهْنَأَهٗ اِهْنَاءً. دینا۔
تَهَنَّأَ تَهَنُّؤًا بِهٖ: خوش ہونا الطَّعَامَ کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔
اِهْتَنَأَ اِهْتِنَاءً. درست کرنا۔
اسْتَهْنَأَهٗ اِسْتِهْنَاءً. مدد طلب کرنا۔ عطیہ مانگنا الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔
الهَانِئُ. فا۔ خادم۔
الهِنَاء. قطران (تارکول) کھجوروں کا گچھا۔
الهِنْءُ. قطران یعنی تارکول ملنا۔ عطیہ۔ رات کا حصہ۔
الهَنِيْءُ. خوشگوار۔ بلا مشقت کے حاصل ہونے والی چیز۔ ابدال اور ادغام کر کے الهَنِيُّ بھی کہنا جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ اَتَاكَ هَنِيئًا" یہ بات تم کو بلا مشقت حاصل ہوئی

"وَاَكَلْتُهٗ هَنِيئًا مَرِيئًا" میں نے اس کو بغیر کسی مشقت کے بڑے مزے سے کھایا "وَهَنِيئًا لَكَ" تمہارے لیے بغیر مشقت کے ہے۔
المَهْنَأ. بلا مشقت حاصل ہونے والی چیز۔
هَنْبَتَ هَنْبَتَةً الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔
الهَنْبَثَة. مشکل کام۔ قول میں گڑبڑی ج هَنَابِث. الهَنَابِث: مصیبتیں۔ گڑبڑ معاملے۔ گڈمڈ خبریں۔
الهَنْبَذَة. سخت کام۔ ج هَنَابِذ.
الهَنَابِير. ریت کے بلند ٹیلے۔ واحد هُنْبُورَةٌ (اور يَنَابِير کا مقلوب ہے)
الهِنْبِر. گدھے کا بچہ۔ بجو کا بچہ۔
الهِنْبِر والهِنْبِرَة والهَنَّبِر. بجو۔
الهِنْبِرَة هِنْبِر کا مؤنث۔ گدھی۔
الهَنَّبِر. بیل۔ گھوڑا۔ خراب چمڑا۔ یا اس کا کنارہ۔
الهُنْبُور. ریت کا بلند ٹیلہ۔
هَنْبَس و تَهَنْبَس. خبروں کی کھوج میں ہونا۔
الهُنْبُع. لڑکیوں کے لیے نقاب جیسی ایک چیز جس کے اگلے حصہ کو سی دیتے ہیں۔
هَنْبَعَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا العَجَاجُ: غبار کا بہت ہونا اور اڑنا۔
الهُنْبُغ. ذرا سی حرکت سے اڑنے والی خاک۔ شیر۔ بدکار بیوقوف عورت۔ بھوک کی سختی۔ اور بھوک کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جُوعٌ هُنْبُغٌ و هِنْبَاغٌ و هُنْبُوغٌ" یعنی سخت بھوک۔
هَنْبَلَ الرَّجُلُ: لنگڑا ہونا اور بجو کی طرح چلنا۔
هَنْتَبَ فِي اَمْرِهٖ: سستی کرنا۔
تَهَنَّجَ الفَصِيلُ. اونٹ کے بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔
هَنَدَ الرَّجُلُ: الو کی طرح چیخنا فِي الأَمْرِ: کوتاہی کرنا فُلَانًا: قبیح گالی دینا زَيْدٌ: گالی برداشت کرنا اور گالی دینے والے کو گالی دینے

سے باز رکھنا السَّیْفَ تلوار تیز کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا هَنَّدَ عَنِ الْاَمْرِ" وہ کام سے پیچھے نہیں ہٹا۔

هَنَّدَتْهُ الْمَرْأَةُ نرمی اور ملاطفت سے اپنے عشق میں مبتلا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هَنَّدَتْ بِقَلْبِهٖ" وہ اس کے دل کو اُڑا لے گئی۔

هِنْد و هُنَيْدَة سو یا سو سے زائد اونٹوں کا ریوڑ ج اَهْنُد و اَهْنَاد و هُنُوْد. هند: عورت کا نام۔ پھر عورتوں کیلئے عِلم جنس کے طور پر استعمال ہونے لگا جیسے زید عمرو مَردوں کے لیے ج هُنُوْد و هِنْدَات. والهِنْد: ہندوستانی ملک کو بھی ہند کہتے ہیں۔ اور نسبت کے لیے هِنْدِيٌّ ج هُنُوْدٌ اور بسا اوقات امریکہ کے اصلی باشندوں کو بھی هُنُوْدٌ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "لَقِي هِنْدَ الْاَحَامِسِ" یعنی وہ مر گیا۔

الهِنْدُوَانِيُّ والهُندُوَانِيُّ ہند کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ هِنْدُوَانِيٌّ" ہندی تلوار (اور یہ نسبت شاذہ ہے)

الْاَهَانِد والهَنَادِك ہندوستان کے مرد۔

الْمُهَنَّدُ ہندوستانی لوہے کی تلوار۔

الهِنْدَب والهِنْدَبَاء والهِنْدِبَا والهِنْدِبَاء کاسنی۔

الهِنْدَبَاة والهِنْدِبَاة هِندبا کا واحد۔

الهِنْدَاز حد و قیاس۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ بِلَا هِنْدَازٍ وَلَاحِسَابٍ" اس نے اسے بلا اندازہ اور حساب کے دیا۔ (دخیل)

الهِنْدَازَة گز۔

المُهَنْدِز انجینئر۔

هَنْدَسَ هَنْدَسَةً عمارت کا اندازہ کرنا اور نقشہ بنانا۔

الهِنْدِس مِنَ الرِّجَالِ تجربہ کار۔ دور اندیش۔

الهَنْدَسَة حد و قیاس۔ اور اس کی اصل اندازہ فارسی زبان کا لفظ ہے۔ جامیٹری۔

هُنْدُوْس الْاَمْرِ کام کا جاننے والا۔ ج هَنَادِسَةٌ.

المُهَنْدِس انجینئر۔ جامیٹری کا جاننے والا۔

الهَنَادِك ہندوستان کے مرد (کاف تحقیر کے لیے ہے) واحد هِنْدِكِيٌّ.

هَنْدَمَ الشَّيْئَ بقدرِ تناسب ترتیب دینا۔ مضبوط کرنا العُوْدَ وَغَيْرَهُ اندازہ سے درست کرنا۔

الهِنْدَام قد کی خوبصورتی اور اعتدال۔

هَنَعَ (ف) هَنْعًا الشَّيْئَ موڑنا۔ دُہرا کرنا لِفُلَانٍ فروتنی کرنا۔ صفت هَانِعٌ هُنَّعٌ.

هَنِعَ (س) هَنَعًا پست گردن اور جھکے ہوئے قد والا ہونا۔ صفت اَهْنَع.

اِسْتَهْنَعَ الرَّجُلُ جواب سے عاجز ہونا۔

الهُنَاع ایک قسم کی بیماری جو آدمی کی گردن میں ہوتی ہے۔

الهَنَع قد کا جھکاؤ۔ اونٹ کی گردن کا جھکاؤ۔

الهَنْعَاء. اَهْنَعُ کا مؤنث۔ نَعَامَةٌ هَنْعَاءُ پیچیدہ گردن کا شتر مرغ۔ اَكَمَةٌ هَنْعَاءُ: چھوٹا ٹیلہ۔

الهَنْعَة. هَنَعٌ کا اسم مرۃ اونٹ کی گردن کی جڑ کا داغ۔ چاند کی ایک منزل جو صف بستہ پانچ ستاروں پر مشتمل ہے اور جَوْزَاء کے بائیں جانب واقع ہے۔

الاَهْنَع جھکے ہوئے قد والا۔ زین پر اِدھر اُدھر مائل ہونے والا۔

هَنَفَ الرَّجُلُ دوڑنا۔ تیز چلنا۔

هَانَفَتْ مُهَانَفَةً و هِنَافًا الْمَرْأَةُ خَاصَةً: مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا۔ هَنَّفَ فُلَانٌ صَاحِبَهٗ باہم کھیل کود کرنا۔

اَهْنَفَ مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا الرَّجُلُ تیز چلنا الصَّبِيُّ بچے کا روانسا ہونا۔

تَهَنَّفَ رونا۔

اَهْنَفَتِ الْمَرْأَةُ بمعنے هَانَفَتْ.

تَهَانَفَ مخول سے ہنسنا الصَّبِيُّ بچے کا روانسا ہونا۔ تَهَانَفَ بِهٖ تعجب کرنا۔

الهُنُوْف مسکراہٹ سے کچھ زیادہ ہنسی۔

الهَنَق بے آرامی۔ بے قراری۔

الهَنَم کھجوریا اس کی ایک قسم۔

الهَيْنَم روئی۔

الهَيْنَمَة نرم و پست آواز۔ ایک قسم کی ترکاری۔

الهِنْو وقت۔

الهَنُ. بتخفيف النون و قد تَشَدَّدَ فِي الشِّعْرِ ہر اسم جنس سے کنایہ کے لیے بمعنے شیٔ کہا جاتا ہے "هٰذَا هَنُكَ" یہ تمہاری چیز ہے اور اس کی تصغیر هُنَيٌّ ہے۔ اور مؤنث هَنَة اور اس کا لام کلمہ محذوف ہے بعض لغت میں وہ لام کلمہ ہاء ہے تو اس کی تصغیر هُنَيْهَة ہوگی۔ اور اسی سے ہے "اُمْكُثْ هُنَيْهَةً" یعنی تھوڑی دیر ٹھہرو۔ اور بعض لغت میں لام کلمہ واؤ ہے تو اس کی تصغیر مؤنث کی صورت میں هُنَيَّة ہوگی اور اس کی جمع هَنَوَات اور کبھی جمع لفظ کے لحاظ سے ہوتی ہے تو کہتے ہیں هَنَات اور اس کا اعراب حروف سے ہے۔ حالتِ رفعی میں هَنُوْهُ اور نصبی میں هَنَاهُ اور جری میں هَنِيْهِ کہیں گے۔ اور هَنٌ کا تثنیہ هَنَان لفظ کے لحاظ سے اور هَنَوَان اصل کے لحاظ سے اور جمع هَنُوْن۔ اور کہا جاتا ہے "فِي فُلَانٍ هَنَاتٌ" فلاں کے اندر بری خصلتیں ہیں اور اس کا استعمال خیر میں نہیں ہوتا۔

الهَنَا خسیس و کمینہ نسب۔ وَهَنَا بمعنی اَنَا. تم کہتے ہو هَنَا فَعَلْتُ بمعنے اَنَا فَعَلْتُ.

هُنَا اسم اشارہ ہے۔ مکان قریب کے لیے بمعنے یہاں۔ اور اس میں هاء تنبیہ اور کاف خطاب لاحق ہوتے ہیں تو کہا جاتا ہے "هٰهُنَا" اور "هُنَاكَ" اور کاف خطاب کے ساتھ ساتھ لام بُعد بھی لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے هُنَالِكَ. هُنَا معرفہ کھیل کود۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْ هَنِيْ" یعنی وہ یہاں سے آیا۔

الهَنَاة مصیبت ج هَنَوَات.

هَهْ تذکرہ اور دھمکی کیلئے اسم صوت۔

هَهَّ (س) هَهًّا و هَهَّةً ہکلانا۔ زبان رکنا۔

هُوَ مفرد مذکر غائب کی ضمیر ہے اور تثنیہ کے لیے هُمَا جمع مذکر کے لیے هُمْ مفرد مؤنث کے لیے هِيَ اور جمع کے لیے هُنَّ اور

اور فا کے بعد ھْوَ اور ھِیَ کے ھاء کو ساکن کرنا بھی جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "وَھْوَ فَھْوَ وَھْیَ وَفَھْیَ" اور لام کے بعد جیسے "اِنَّ ھٰذَا لَھْوَ الْحَقُّ" مگر یہ قلیل ہے۔ اور کبھی اشعار میں ہمزہ استفہام کے بعد بھی ساکن ہوتا ہے۔

الْھُوِیّۃ چیز یا شخص کی حقیقت جو صفات جوہری پر مشتمل ہو۔ اور یہ ھُوَ کی جانب منسوب ہے۔

الْھُوْھُو لفظ ہے جو مرکب ہے ھُوَ مکرر سے اس کو اسم معرف بنالیا گیا ہے۔ اور اس کے معنے اتحاد بالذات کے ہیں۔

ھاءَ یَھُوْءُ ھَوْءًا بنفسہ اِلَی الْمَعالِی: بلند کرنا۔ ھاءَہُ بخیرٍ اوْ شرٍّ و ھاءَ بہ خیرًا اوْ شرًّا گمان کرنا یا تہمت لگانا۔ "ھاء بفلان" خوش ہونا اور کہا جاتا ہے "ھاء ھیئۃً حسنۃً" وہ اچھی شکل وصورت پر ہوگیا۔

ھوِیَ یَھْوأُ ھوأً الیہ: ارادہ کرنا۔

ھاءِ. کلمہ اجابت ہے۔ مبنی بر فتحہ ہے۔ کہا جاتا ہے "ھاءِ یا رجلُ بکسر الھمزہ" یعنی لاؤ۔ اور اس میں ھاتِ کی گروان جیسی گردان ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "ھاءِ ھائیا ھاءُوْا ھائی ھائیا ھائِیْنَ" ھمزہ ھات کی تا کے قائم مقام ہے اور جب تم ھاءَ یا رجلُ فتح ھمزہ کے ساتھ کہو گے تو اس وقت اس کے معنے ہوں گے۔ اے مرد لے۔ مذکر کی صورت میں "ھاءَ ھاؤُمَا ھاؤُا" اور مؤنث کی صورت میں ھاءِ کسرہ کے ساتھ بغیر یاء کے۔ اور ھاؤُما ھاؤُنَّ اور تم کہہ سکتے ہو ھاكَ ھاكُما ھاكُمْ ھاكِ ھاكُما ھاكُنَّ کاف ھمزہ کے قائم مقام ہے۔

الھُوْءُ مص۔ ہمت۔ رائی صائب، ارادہ۔ گمان۔ کہا جاتا ہے "وقع کذا فی ھوِئی او ھُوْئِی" میرے گمان میں ایسا واقع ہوا۔

الْھُوْب دُوری۔ بکواس کرنے والا۔ بیوقوف۔ آگ کی بھڑک۔

الھَوْبَر سوسن یا سرخ سوسن۔ چیتا۔ بہت بالوں والا بندر۔

ناقۃ مُھوبرۃ بہت گوشت والی اونٹنی۔

اُذنٌ مھوبرۃ و مھوبرۃ کان جس پر بال یا اون ہو۔

ھوّت بہ تھویتا. چلانا فُلانٌ پست زمین میں آنا۔

الْھُوْتۃ والہوتۃ. پست زمین۔ ڈھلوان راستہ جو پانی کی طرف جاتا ہو۔ ج ھُوت

الْھُوْتۃ. پیاس۔

ھوِجَ یَھْوَجُ ھوجا لمبا بیوقوف۔ جلد باز ہونا۔ صفت اَھْوَج

اَھْوجہٗ لمبا بیوقوف جلد باز پانا۔

تھوّج الحرّ شدت سے گرمی پڑنا۔

الھَوْجاء الاھوج کا مؤنث۔ تیز رفتار اونٹنی (اونٹ کو اھوج نہیں کہتے) الھوجاء من الرّیاح: تیز آندھی ج ھُوْج. کہا جاتا ہے "لعبتْ بہا ھوجُ الرّیاح" تیز آندھیوں نے اس کے ساتھ کھیل کود کیا۔

ضرْبۃ ھوْجاء، ایسی مار جس کا اثر جوف تک ہو۔

الاھْوج. بہادر جنگ آزمودہ۔ اور کہا جاتا ہے "ھو اھوجُ الطّوْل" وہ بہت لمبا ہے۔

ھوْجل الرّجلُ تھوڑا سا سونا۔ بے نشان راستہ پر چلنا۔

الھوْجل. بے نشان دُور کا بیابان، بے نشان راستہ، ایسی زمین جس میں کچھ پتہ نہ چلے، ست، بیوقوف، بدکار عورت، لمبی رات، اونگھ کا بقیہ، کشتی کا لنگر، ماہر رہبر، ست رفتاری، اور کہا جاتا ہے "مشْیٌ ھوجلٌ" ڈھیلی ڈھالی چال۔

ھادَ یھُوْدُ ھوْدًا توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "ھاد المذنبُ الی اللّٰہ" گنہگار نے توبہ کی۔ صفت ھائد ج ھُوْد فُلانٌ یہودی بننا (تھوّدا) نرم آواز سے بولنا فی المنطق نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

ھوّد تھویدا نرمی کے ساتھ گلے میں آواز پھرانا۔ گانا۔ آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کے چلنا۔ کوہان کا گوشت کھانا فلانا یہودی بنانا۔ طرب میں ڈالنا۔ کھیل کود میں ڈالنا الشراب فُلانا: مست کرنا فلانٌ فی الْمنْطق. نرمی اور آہستگی سے بولنا فی السّیْر. دیر کرنا۔

ھوّد: سونا۔

ھاودہ مُھاودۃ ایک دوسرے کو مائل کرنا۔ صلح کرنا۔ باہم وعدہ کرنا۔

تھوّد تھوُّدا توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ یہودی ہونا فی الْمنْطق: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

الھوادۃ نرمی۔ وہ چیز جس سے قوم کے درمیان بھلائی کی امید کی جائے۔ تخفیف و سہولت۔ میلان۔ اور اسی سے ہے "لا بْعثنّك الیّ رجلٍ لا تأخذہ فیك ھوادۃ" میں تم کو ایسے شخص کے پاس بھیجوں گا جس کو تمہارے بارے میں کوئی میلان نہ ہوگا۔

الْھُوْد. یہود ھائد کی جمع۔

ھُوْد ایک نبیؑ کا اسم گرامی۔ وقوْم ھُوْد قوم عاد.

الھودۃ و الھُوْدۃ. کوہان ج ھود.

التّھْوِید. مص۔ ریت میں ہوا کی سائیں سائیں کی آواز۔

التّھْوِیْد والتّھْواد کمزور و نرم آواز۔

التّھْواد: نرمی وملائمت۔

یھُوْذ. یہودی۔ علمیت اور وزن فعل کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور اس پر الف لام داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے الیھُوْد.

الیھُوْدیّ الیھود کا واحد۔

الیھُوْدیّۃ یہودن۔ بیت المقدس اور اس کے ارد گرد کا علاقہ۔

الْمُھاودۃ مص۔ مراجعت۔

الْمھوّد فا۔ کھیل کود طرب میں ڈالنے والا۔

اَھْوَد پیر کا دن۔ دوشنبہ۔

الھوْدج. ہودہ ج ھوادج

الھوْدع. شتر مرغ۔ واحد ھودعۃ.

الھوْدك. موٹا۔ مؤنث ھودكۃ.

ھوذا ھُو مبتدا اور ذا خبر سے مرکب ہے اور کبھی اس پر ھاء تنبیہ داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے

"هَا هُو ذَا"

الهَاذَة. ایک قسم کا درخت ج هَاذٌ.

الهَوْذَة. سنگ خوار پرندہ ج هَوْذ.

الیَهُوْذِیُّ. یہودی۔

هَارَ یَهُوْر هوْرًا فُلَانًا بِالْاَمْرِ: تہمت لگانا ہ بکذا: گمان کرنا۔ خیال کرنا عَنِ الشَّیِّ: باز رکھنا عَلَی الشَّیِّ: برانگیختہ کرنا فُلَانًا: دھوکا دینا۔ پچھاڑنا الشَّیَّ: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا البناء: عمارت ڈھانا البناءُ: عمارت منہدم ہونا۔ شکستہ و ویران ہونا هَوْرًا و هُؤُورًا) البناءُ. عمارت کا پھٹ جانا۔ صفت هَائِر اور هَار بھی کہا جاتا ہے جیسے شَائِكُ السِّلَاحِ میں شَاكِي السِّلَاحِ.

هَوَّرَهُ تَهْوِیْرًا پچھاڑنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔

تَهَوَّرَ تَهَوُّرًا و تَهَیَّرَ و تَهَیُّرًا البناءُ: عمارت کا منہدم ہونا۔ کرنا الرَّجُلُ: لاپروائی سے کسی کام میں گھس پڑنا الوَعْكُ النَّاسَ: بخار پھیل جانا اللَّیْلُ: گزر جانا یا اکثر حصہ گزر جانا الشِّتَاءُ: جاڑے کا قریب قریب ختم ہونا۔

اِنهَار اِنْهِیَارًا البِنَاءُ: عمارت شکستہ و ویران ہونا۔ کرنا الجرف: پھٹنا اور گرنا۔

اِهْتَوَرَ اِهْتِوَارًا الشَّیُّ: ہلاک ہونا۔

الهَوْر. س۔ چھوٹا سمندر جس میں ندی نالوں کا پانی آ جانے سے وسعت پیدا ہو جائے ج اَهْوَار. الهَوْر: بکریوں کا ریوڑ اس وجہ سے کہ وہ بھی کثرت کی وجہ سے ایک دوسرے پر گرتی ہیں خَرْقٌ هَوْرٌ: کشادہ پھٹن۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَارٍ و هَارٌ: زمانہ کی سختی کی وجہ سے کمزور مرد۔

الهَوَارَة. ہلاکت۔

الهَوْرَة. ہلاکت کی جگہ ج هَوْرَات.

الهُوْرَة. تہمت اور گمان اور هَیَارَة کا اسم ہے۔

الهَیَّار. کمزور۔

الهَیِّر. بے باکی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

التَّیْهُوْر. ریت کے تودہ سے گری ہوئی ریت۔ پست زمین۔

هَوَّزَ تَهْوِیْزًا. مرنا۔

الهُوْز. آفرینش پیدائش۔ تم کہتے ہو "مَا فِي الْهُوْزِ مِثْلُكَ" مخلوق میں تمہارے مانند کوئی نہیں۔ "وَمَا اَدْرِی اَیُّ الْهُوْزِ هُو" میں نہیں جانتا وہ کون مخلوق ہے۔

هَوَّز. حساب جمل کے حروف کا دوسرا مجموعہ۔

الاَهْوَاز بصرہ اور فارس کے درمیان کا ایک علاقہ جو نو آبادیوں پر مشتمل ہے، ہر آبادی کا علیحدہ علیحدہ نام ہے اور ان سب کے مجموعہ کو اهْوَاز کہتے ہیں۔ اور ان آبادیوں میں سے ایک کو هُوْز نہیں کہتے۔

الهَوْزَب. گدھ۔ مضبوط و قوی اونٹ۔

الهَوْزَن. غبار۔

هَاسَ یَهُوْسُ هوْسًا الشَّیَّ: کوٹنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "حمل علی العسکر فداسهم وهاسهم" اس نے لشکر پر حملہ کیا اور ان کو تتر بتر کر دیا اللَّیْل: رات میں گھومنا پھرنا الطَّعَام: بہت کھانا الابلُ: اونٹوں کو آہستہ ہانکنا الرَّجُلُ: زمین پر سخت ٹیک لگاتے ہوئے چلنا الذِّئْبُ فِی الْغَنَمِ. بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی پھیلا دینا حَوْلَ الشَّیِّ: اردگرد گھومنا۔

هَوِسَ یَهْوَسُ هوسًا لقَوْم. حیرت و اضطراب میں پڑنا فُلَانٌ: ہوس والا ہونا (دیکھئے لفظ ہوس)

هَوَّسَهُ. ہوس پر ابھارنا۔ کوٹنا۔

تَهَوَّس. ہوس والا ہونا۔ نرم زمین میں سخت چال چلنا۔

الهَوَس. س۔ جنون کی ایک قسم۔ سبکی عقل۔ اور کہا جاتا ہے "برأسه هوسٌ" اس کے سر میں چکر ہے۔

الهَوَّاس والهَوَّاسة رات میں گھومنے والا شیر۔ تجربہ کار بہادر رَجُلٌ هَوَّاسٌ بہت کھانے والا مرد۔

الهَوِیْس فکر۔ وہ چیز جس کو تم اپنے دل میں چھپاؤ۔

الاَهْوَس ہوس والا۔ بہت کھانے والا مؤنث هَوْسٰی: کہا جاتا ہے "النَّاسُ هوْسٰی و الزَّمَان اهْوَس" یعنی لوگ زمانہ کی لذیذ اور پاکیزہ چیزوں کو کھاتے ہیں اور زمانہ لوگوں کو کھا جاتا ہے۔

المُهَوَّس ہے رَجُلٌ مُهَوَّسٌ: خود بخود باتیں کرنے والا۔

هَاشَ یَهُوْشُ هوْشًا المالَ. حرام طریقہ سے جمع کرنا القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ قوم کے درمیان فتنہ واقع ہونا اهْلُ الْحَرْبِ بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضِهِمْ: بعض کا بعض کی طرف اٹھنا هَاشَتِ الْخَیْلُ فِی الْغَارة: بدکنا، ادھر اُدھر ہونا۔ صفت هائش

هَوِشَ یَهْوَشُ هَوَشًا. مضطرب ہونا۔ اور بقول بعض لاغری کی وجہ سے چھوٹے پیٹ والا ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

هَوَّشَ تَهْوِیْشًا الشَّیَّ: ملانا۔ هَوَّشَتِ الرِّیْحُ بِالْغُبَارِ: ہوا کا طرح طرح کا غبار اڑانا کے القوم: فتنہ اور اختلاف ڈالنا الشَّیَّ: ادھر اُدھر سے جمع کرنا۔

هَاوَشَهُمْ مُهَاوَشَةً. باہم ملنا۔

تَهَوَّشَ الْقَوْمُ تَهَوُّشًا و تَهَاوَشُوْا تَهَاوُشًا. ملنا۔ تَهَوَّشُوْا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔

الهَائِش. فَاهُوْشٌ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْهَوْشِ الْهَائِشِ" وہ بہت تعداد میں لایا۔

الهَوْش س۔ پیٹ کا خالی ہونا۔ عدد کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْهَوْشِ وَالْبَوْشِ" وہ لوگوں کی بڑی جماعت لے کر آیا۔

الهَوْشَة. اسم مرۃ۔ مخلوط جماعت۔ فتنہ و اضطراب۔ ج هَوْشَات. اور کہا جاتا ہے "اِیَّاكُمْ و هوْشَاتِ اللَّیْلِ" اپنے آپ کو رات کے حوادث اور مکروہات سے بچاؤ۔ "وَاتَّقُوْا هوْشَاتِ السُّوْقِ" اس سے بچو کہ بازار میں کوئی تمہارے ساتھ حیلہ کر کے تمہارا

مال چرا لے۔
الھَوَاشَات. لوگوں کی جماعتیں۔ اونٹوں کے ریوڑ۔ مال حلال و حرام جمع کیا ہوا۔
الھُوَیشَة. مخلوط جماعت۔
التَّھَاوِش. مال حرام۔
المھاوِش. حرام طریقہ سے جمع کیا ہوا مال۔
ھَاعَ یَھَاعُ ھَوْعًا. سبک ہونا اور گھبرانا
القَوْمُ بَعْضُھُمْ الٰی بَعْضٍ. ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا (یَھَاعُ و یَھُوعُ ھَوْعًا)
الرَّجُل: بغیر تکلف کے قے کرنا۔ اسم الھَوعُ والھُوَاعُ والھَیْعُوْعَة.
ھَوَّعَ تَھْوِیْعًا الرَّجُل مَا اکلہٗ. قے کرا دینا اور تہویل کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَاُھَوِّعَنَّہٗ مَا اَکَلَہٗ" جو کچھ اُس نے کھایا پیا ہے اس کے حلق سے نکال لوں گا۔
تَھَوَّعَ تَھَوُّعًا. تکلف سے قے کرنا۔ خون کی قے کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَھَوَّعَ الْقَیْئَ" اس نے بتکلف قے کی۔ "وَتَھَوَّعَ نَفْسَہٗ" اس نے اپنے نفس کی قے کی گویا کہ وہ اسے نکال رہا ہے۔
الھُوَاعُ وَالھُوَاعَة. قے۔ اَلْھُوَاعُ: ماہ ذی قعدہ ج ھُوَاعَات و اَھْوِعَة.
الھَاعُ. حیص۔ لالچی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ھَاعٌ و ھَاعٌ" یعنی لالچی مرد (اور یہ ھائع کا مقلوب ہے)
الھَوْعُ. مص۔ بدترین قسم کا لالچ۔
الھَوْعُ والھُوْعُ. دشمنی۔
المِھْوعُ وَالمِھْوَاعُ. لڑائی میں چلانے والا۔
الھَوْغُ. بہت چیز۔
الھَوْفُ والھُوْفُ. گرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔
الھُوْفُ: خیر و برکت سے خالی مرد۔ بیوقوف مرد۔
الھَوْقَة. جماعت۔ گروہ۔
ھوِكَ یَھْوَكُ ھَوَكًا. احمق ہونا۔ صفت ھَوْكٌ.
ھَوَّكَ تَھْوِیْكًا. گڑھا کھودنا۔ ھوّکہٗ: بیوقوف بنانا۔
تَھَوَّكَ تَھَوُّكًا وانْھَاكَ اِنْھِیَاكًا. حیران ہونا اور لاپروائی اور بے فکری کی وجہ سے مشکل میں پھنسنا۔ مضطرب القول ہونا۔
الھَوْكُ والھَوِكُ والاَھْوَكُ والھِوَكُ والیَھْكُوْكُ. بیوقوف جس میں تھوڑی سی عقل بھی ہو۔
الھَوَكُ. مص۔ تھوڑی عقل کے ساتھ بیوقوفی۔
الھَوْكَة. گڑھا۔
الھَوَّاكُ. حیران و سرگشتہ۔
الھَوَّاكَة. ھَوَّاك کا مؤنث اَرْضٌ ھَوَّاكَةٌ و ھَوْكَة: زمین شور۔
الاَھْكَاء. متحیر لوگ۔
المُتَھَوِّكُ. حیران۔ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا۔
ھَالَ یَھُوْلُ ھَوْلًا الاَمْرُ فُلَانًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔
ھِیْلَ ھَوْلًا السَّکْرَانُ: حالت نشہ میں مختلف قسم کے رنگ دیکھ کر گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "ھِلْتُ مِنْہُ" میں اس سے گھبرایا۔
ھَوَّلَہٗ تَھْوِیْلًا. گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ھَوَّلَت الْمَرْاَةُ: لباس اور زیورات سے مزین ہونا۔
ھَوَّلَ الْاَمْرَ. بُرا دکھانا۔ عِنْدی الْاَمْرَ خوفناک بنانا۔ القَوْمُ عَلٰی الرَّجُلِ بِکَذَا گھبرا دینا۔ عَلَی الرَّجُلِ. حملہ کرنا۔
تَھَوَّلَ تَھَوُّلًا الرَّجُلُ. خوفناک ہونا۔ ھَالَہٗ: نظر بد لگانے کا ارادہ کرنا۔
اِھْتَالَ اھْتِیَالًا. گھبرانا۔ تم کہتے ہو "ھُلْتُہٗ فَاھْتَالَ" میں نے اس کو گھبراہٹ میں ڈالا وہ گھبرا گیا۔
اسْتَھَالَ یَسْتَھِیْلُ فُلَانٌ الْاَمْرَ: خوفناک پانا۔ بعض لوگ "یَسْتَھْوِلُہٗ" کہتے ہیں مگر جید لغت "یَسْتَھِیْلُہٗ" ہی ہے۔
الھَائِلُ. گھبراہٹ میں ڈالنے والا۔ مِن الْاُمُوْرِ: خوفناک۔ تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "ھَوْلٌ ھَائِلٌ" مانند "لَیْلٌ لَائِلٌ" کے۔
الھَالُ. سراب۔
الھَوْلُ. مص۔ خوف۔ ج اَھْوَال و ھُؤُوْل.
اَبُوالْھَوْل. ایک شاعر کا نام۔ اہرام مصر کے قریب ایک مجسمہ۔
الھَالَة. چاند کا کنڈل۔
الھُوْلَة. خوف دلانے کی آگ۔ اس کی صورت یہ ہوا کرتی تھی کہ کسی کنوئیں میں آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک اور گندھک ڈالتے تھے جب آگ بھڑک جاتی اور نمک چٹخنے لگتا تو اس شخص سے جس کو قسم کھلانی ہوتی تھی اور وہ پہلے سے وہیں موجود ہوتا تھا کہا جاتا کہ یہ آگ تجھ کو دھمکا رہی ہے اور وہ قسم کھانے سے اعراض کرتا۔ وہ چیز جس سے بچے کو ڈرایا جائے۔ تعجب۔
الھِیْلَة. کسی کام کا خوف۔
التَّھَاوِیْل. سرخ زرد۔ سبز مختلف قسم کے رنگ۔ تصاویر اور زیورات کی زینت۔ واحد تَھْوِیْلٌ. تَھَاوِیْلُ الرَّبِیْعِ. موسم بہار کے مختلف رنگ کے پھول۔
التَّھْوِیْل. مص۔ ڈرانے کی چیز۔
المَھَال والمَھِیْل. خوفناک جگہ۔
المُھُوْل. خوفناک۔
المُھَوِّل. فا۔ اور تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "ھَوْلٌ مُھَوِّلٌ"
الْمُھَوِّلُ: قسم کھلانے والا۔
ھَوَّمَ تَھْوِیْمًا و تَھَوَّمَ تَھَوُّمًا. اُونگھ کی وجہ سے سر جھکانا۔ تھوڑا سا سونا۔
الھُوَام. سخت پیاس۔
الھَوْم. پست زمین۔ ہلکی نیند۔ ھَوْمُ الْمجوس چنبیلی کے مانند ایک پودہ۔ اس کو ھَوْمُ الْمَجُوْس اس وجہ سے کہتے ہیں کہ آتش پرست اس کو عبادت کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے بہت منافع بیان کرتے ہیں۔
الھَامَة. ہر چیز کا سر۔ دھڑ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ سردار قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔ ج ھَامٌ و ھَامَاتٌ. الھَامَة: ایک چھوٹی قسم

کا الّو جس کو "الصدی" بھی کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "ھذا ھامۃُ الیوم او غد" یعنی وہ آج یا کل مر جائے گا "واصبح فُلانٌ ھامۃً" فلاں مر گیا۔ بناتُ الھام۔ دماغ کا مغز۔

الھیم۔ ریگستان جو کبھی سیراب نہ ہوتے ہوں۔ قَوْمٌ ھِیْمٌ۔ پیاسے لوگ۔

الھوماۃ و الھومۃ۔ بے آب و گیاہ میدان۔

الھوّام۔ شیر۔

الاھوم۔ بڑے سر والا۔

ھان یھُون ھَوْنًا الامرُ علی فُلان۔ نرم و آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُنْ عندی الیوم" یعنی آج میرے پاس اقامت کرو اور آرام کرو۔

ھان یھُونُ ھُوْنًا و مھانًا و مھانۃً الرّجلُ۔ ذلیل و حقیر ہونا۔ کمزور اور مسکین ہونا۔

ھوّن تھوینًا علیہ الامرَ۔ نرم و ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھوِّنْ علیک" کوئی پروا نہ کر۔

ھوَّنَ الشیَٔ۔ ہیچ سمجھنا۔

ھاون مُھاونۃً نفسہٗ۔ نرمی کرنا۔

اھانہٗ اھانۃً۔ حقیر و ہیچ سمجھنا۔

تھاون بہ تھاوُنًا و استھان بہ استھانۃً۔ حقیر سمجھنا۔ استہزاء کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔

اِھْوِ أنّتْ اھْوِنانًا المفازۃُ۔ بیابان کا وسعت کے ساتھ پست ہونا۔

الھاوَن و الھاوُن و الھاوُوْن۔ دوا وغیرہ کوٹنے کا ہاون ج ھواوِین۔

الھَوْن۔ مص۔ سکون و وقار۔ کہا جاتا ہے "امْشِ علی ھَوْنِکَ" یعنی اپنی روش پر چلو۔ "وھذا شیٔ ھَوْنٌ" یہ حقیر چیز ہے "اَحْبِبْ حبیبکَ ھَوْنًا مّا" اپنے دوست سے دوستی کرو جس میں افراط نہ ہو۔

الھُوْن۔ مص۔ رسوائی۔ قرآن میں ہے "فاخذتھم صاعقۃُ العذابِ الھُوْن" مخلوق۔ کہا جاتا ہے "ما ادری ایُّ الھَوْنِ ھو" مجھے نہیں معلوم وہ کون مخلوق ہے۔

الھُوْنۃ۔ تسکین۔ صلح۔ ج ھُون (و الھُوْنۃ)

آہستگی سے کام کرنے والی عورت۔

الھِیْنۃ۔ اسم نوع۔ سکون۔ وقار۔ کہا جاتا ہے "امْشِ علی ھِیْنتِکَ" نرمی سے چلو۔

الھُوَیْنا۔ نرمی و ملائمت۔ اور یہ ھُوْنی کی تصغیر ہے اور ھُوْنی اھوَن کی تانیث ہے۔

الھَیِّن و الھَیْن۔ نرم۔ کمزور۔ ذلیل۔ آہستہ کار۔ ج اھوناء و ھَیْنون و ھَیِّنُون و مؤنث ھَیِّنۃ و ھَیْنۃ ج ھَیِّنات و ھَیْنات

الاھوَن۔ اسم تفضیل۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "ھو اھوَن علیہ" وہ اس پر آسان ہے۔

المھوَنُ و المھوانُ۔ دور جگہ یا پست ہموار زمین ج مَھُوننات

المِھوان۔ بہت نرم۔ ج مَھاوِین۔

المَھانۃ۔ رسوائی۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ فیہ مَھانۃٌ" کمزور و ذلیل مرد۔

تھوَّہَ الرّجلُ۔ دردمند ہونا۔

الھُوْھۃ و الھُواھیۃ۔ بزدل۔

الھُواھی۔ واہی تباہی باتیں۔

الھُوْھانۃ۔ بیوقوف (و الھُوْھا) کنواں جس میں اترنے والے کے لیے کوئی سہارا نہ ہو۔

رجلٌ ھُوْھاۃ۔ کمزور دل۔ بیوقوف۔

الھُوُّ۔ جانب۔ کنارہ۔ روشندان۔

الھُوَّۃ۔ پست زمین۔ گہرا گڑھا۔ فضاء آسمانی۔ ج ھُوًی و ھُوٌّ و ھُوَیٌّ

الھُوّائۃ۔ پست زمین۔ گہرا گڑھا۔

ھوتْ تھْوِی ھَوِیًّا الطَّعْنۃُ۔ نیزے کے زخم کا چوڑا ہونا۔ العُقابُ۔ عقاب کا شکار وغیرہ پر ٹوٹ پڑنا۔ یدی لہٗ ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا۔ الرّیحُ۔ ہوا کا چلنا۔ النّاقۃُ براکبھا۔ اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ ھوی الرّجلُ۔ مرنا۔ فی السَّیر۔ گزرنا۔ فی الارض۔ جانا۔

ھوی یھوی ھوِیًّا و ھُوِیًّا و ھُویانًا الشیُٔ۔ اوپر سے نیچے گرنا۔ بلند ہونا۔ اور چڑھنا اور کہا گیا ہے کہ الھَوِیّ بفتح الھاء ارتفاع کے لیے اور الھُوِیّ انحدار کے لیے۔ ھوت الامُّ۔ ہلاک ہونا اور بقول بعض لڑکا گم کرنا۔ صفت ھاوِیۃ۔

ھوی یھوی ھُوۃً۔ الجبل پہاڑ پر چڑھنا۔

ھوتْ تھوی ھوِیًّا الاذنُ کان کا سنسنانا۔

ھویہٗ یھواہٗ ھوًی۔ محبت کرنا۔ خواہش کرنا۔ صفت ھوٍ

ھاواہٗ مھاواۃً و ھِواءً۔ مدارات کرنا۔

ھاوی فلانٌ۔ تیز چلنا۔

اھوی اھواءً الشیُٔ۔ گرنا۔ اھوت یدی لہٗ ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اھوی الیہ بیدہ لیاخذہ" اس نے پکڑنے کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ اور بعض لوگوں کے نزدیک باء زائدہ ہے۔ اور اس کی اصل "اھوی یدہ الیہ" ہے۔ یعنی اس نے اس کی طرف ہاتھ جھکا دیا۔ اور کہا گیا ہے "اھویت بالشیٔ" یعنی میں نے اس کا اشارہ کیا۔ "واھویتُ لہ بالسیف فاطرتُ ارنبۃَ انفہ" یعنی میں نے اس کی طرف تلوار سے اشارہ کیا اور اس کی ناک کا بانسہ اُڑا دیا۔

اھوت العقابُ۔ عقاب کا شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

اھوی الشیَٔ۔ اوپر سے گرانا۔

تھاوی القومُ فی المھواۃ۔ بعض کا بعض کے پیچھے گڑھے میں گرنا۔ تھاوی الرجلُ۔ تیز چلنا۔

اھتوی اھتواءً۔ الیہ بشیٔ۔ اشارہ کرنا۔

انھوی انھواءً الشیُٔ۔ اوپر سے نیچے گرنا۔

استھواہ استھواءً۔ سرگشتہ و حیران بنا دینا۔ مدہوش کر دینا۔ عشق کو مزین کرکے دکھلانا۔

الھاوی۔ فا۔ ٹڈی۔ حرفِ الف کو بھی "ھاوی" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ واؤ اور یا کے مخرج سے اس کا مخرج زیادہ وسیع ہے اور معنی ذو الھواء کے ہیں جیسے نابلٌ بمعنے ذو النبل و النّاشب بمعنے ذو النُّشاب۔

المھاویہ۔ قضا۔ بچہ گم کرنے والی عورت۔

ھاویۃ۔ دوزخ۔ معرفہ اور غیر منصرف ہے اور کبھی الف لام بھی صفت کا لحاظ کرکے داخل کرتے ہیں۔

الھواء۔ فضاء آسمانی۔ ج اھویۃ۔ خالی چیز۔ بزدل۔ واحد اور جمع اس میں برابر ہیں۔ کہا جاتا

ہے "هُو هواءٌ اوهُم هواءٌ" وہ بزدل ہے یا وہ سب بزدل ہیں۔ الهواء: ہر وہ چیز جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ جس کی وجہ سے چیز کی حفاظت نہ ہو سکے جیسے توشہ دان کہ جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ ھوا کا اطلاق ہر اس بہنے والی چیز پر بھی ہوتا ہے جس کو تم سونگھ سکو۔

الهواء واللّواء. کبھی نرمی اور کبھی سختی سے معاملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عاملهٗ بالهواء واللّواءِ" اس نے اس سے نرم گرم معاملہ کیا۔

الهوی. هوی کا مصدر۔ خواہش۔ عشق چاہے خیر ہو یا شر۔ محبوب و معشوق محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اتّبع هواهُ" فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے۔ ایسا ہی "فُلانٌ مِن اَهلِ الاَهواءِ" فلاں ان لوگوں میں سے ہے جو راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں۔

الهوِی. مشتاق۔ شائق۔ مؤنث هوِیةٌ۔

الهویّ. کان میں سنسناہٹ۔ محبوب اور کہا جاتا ہے "مضی هویٌّ او هُویٌّ مِن اللّیلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ "وجلستُ عندهٗ هویًّا" میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا۔

الهوِیَة. گہرا کنواں ج هَوایا۔

الاهوی. هوی کا اسم تفضیل۔ تم کہتے ہو "هٰذا الشّیُ اهوی الیَّ مِنْ کذا" یہ چیز میرے نزدیک فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے۔

الاُهوِیَة. فضاء آسمانی۔ گہرا گڑھا۔ کہا جاتا ہے "مَضیت هواءٌ من اللّیلِ" یعنی رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

المَهوی وَالمَهواة. فضا۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا فاصلہ ج مَهاوٍ۔

هاء یهیءُ و هیئ یهاءُ و یَهْیَاءُ و هیوء یهیُؤُ هیأةً و هیانةً. خوش شکل ہونا۔ هاء یهاءُ هیاةً الیهِ: مشتاق ہونا (یهاءُ و یهیئُ هیاةً لِلامرِ) تیار ہونا۔

هیّاهٗ تهیئةً و تهیئًا درست کرنا۔ تیار ہونا۔

هایأهٗ مُهایأةً فی الامرِ: موافقت کرنا۔ کبھی ہمزہ کو یاء سے تخفیفاً بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں "هایئنه مُهایاة" کہا جاتا ہے "هایأهُ فی دارِ کذا" یعنی کچھ مدت تک ایک رہا اور کچھ مدت تک دوسرا۔ اور بقول بعض اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر ایک نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا۔

تهیّأ تهیّوًا لِلامرِ: تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا الشّیُ لفلانٍ. قدرت دینا۔

تهایأوا تهایُؤ علی الامرِ: باہم موافقت کرنا علی کذا: مجتمع ہونا۔

الهِیُّ والهِیُّ. کھانے پینے کا بلاوا۔

الهیئة والهِیئة حالت۔ کیفیت۔ شکل صورت ج هیئات علم الهیئة: وہ علم جو اجرامِ سماویہ کے احوال سے بحث کرے۔

الهیّئُ والهِیّئُ خوش شکل۔

هابهٗ یهابهٗ هیْبًا و هیْبةً و مهابةً خوف کرنا۔ بچنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت فاعلی هائبٌ و هیُوبٌ و هیُوبةٌ و هیّابٌ و هیِّبٌ و هیْبانٌ و هیبانٌ و هیّبانٌ و هیّابةٌ اور مَهُوبٌ و مهیبٌ و هیُوبٌ و هیّبانٌ اس کو کہتے ہیں جس سے لوگ ڈریں۔ اور ایک لغت هابهٗ یهیبهٗ کی بھی ہے هاب الرّجلُ فلانًا: تعظیم و توقیر کرنا۔

هیّبهٗ تهییبًا الی فلانٍ: ہیبت دار بنانا۔ رعب دار بنانا۔

اهاب اهابةً الرّاعی بغنمه: بکریوں کو ٹھہرنے یا لوٹنے کے لیے چلانا۔ بالابل اونٹوں کو "هاب" کہہ کے ڈانٹنا۔ بالخیل گھوڑے کو هبْ یا هبی کہہ کے بلانا یا ڈانٹنا۔ اهاب بصاحبه: پکارنا۔ بلانا۔

تهیّبهٗ تهیُّبًا خوف کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوف دلانا۔ کہا جاتا ہے "تهیّبنی زیدٌ" زید نے مجھ کو خوف دلایا۔

اهتاب اهتیابًا. ڈرنا۔ خوف کرنا۔

الهاب. سانپ۔

الهیبة. مص۔ خوف۔

الهیّبان. لوگوں سے ڈرنے والا۔ بزدل۔ ہلکا۔ چرواہا۔ مٹی۔ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ بہت۔

الاهیب. زیادہ رعب والا۔

مکانٌ مهابٌ و مهُوبٌ. خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا الشّیُ مهْیبةٌ لک" یعنی یہ چیز تمہارے لئے ڈر کا باعث ہے۔

هیّت تهییتًا بفلانٍ: چلانا۔ پکارنا۔

هاتِ اسم فعل بمعنی اعطنی. کہا جاتا ہے "هاتِ یا رجلُ وهاتی یا امرأةُ و هاتیا یا رجلان و یا امرأتان و هاتوا یا رجالُ وهاتین یا نساءُ"۔

الهیْت. بہت گہری زمین۔ کہا جاتا ہے هیْت و هیْت لک (بتثلیث التّاء فیهما) بمعنی هلُمّ و تعالَ یعنی آؤ، حاضر ہو واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے جیسے هیْت لکُما و هیْت لکُمْ و هَیْت لکُنّ۔

هاث یهیثُ هیْثًا و هیْثانًا لِفلانٍ تھوڑا سا دینا من المال: ضرورت کے مطابق پانا الشّیَ: فساد ڈالنا اور ایسا ہی عاث الذّئبُ فی الغنمِ: بھیڑیے نے بکریوں میں تباہی ڈالی برِغلِه التّراب مٹی کو پاؤں سے کریدنا (هیثًا) القومُ جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا الشّیُ ہلنا۔

هایثهٗ مُهایثةً. کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔

تهیّث تهیُّثًا لهٗ شیئًا: دینا۔

تهایثوا. جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا۔

استهاث استهاثةً. ما اعطاهُ: زیادہ کرنا المال: تباہ کرنا۔

الهیْث. حرکت۔

الهیْثة. لوگوں کی جماعت۔

هایثة. القومِ: قوم کا شور۔

المُهایث. بہت لینے والا۔

هَاجَ يَهِيجُ هَيْجًا و هِيَاجًا و هَيَجَانًا الشَّيْ: بھڑکنا۔ برانگیختہ ہونا البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا الرَّجُلُ: بیوقوفی سے مضطرب ہونا۔ بہادر ہونا۔ کود پڑنا الشَّيْ و بِالشَّيْ: برانگیختہ کرنا هَاجَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا پیاسا ہونا۔ هَاجَتِ النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ هَاجَتِ الْاَرْضُ: سوکھی نباتات والی ہونا۔ هَاجَ الْاِبِلَ: اونٹوں کو رات میں گھاس یا گھاٹ کی طرف چلانا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَتِ السَّمَاءُ فَمُطِرْنَا" آسمان میں ابر و باد ظاہر ہوا اور ہمارے اوپر بارش ہوئی۔

هَيَّجَ تَهْيِيْجًا الشَّيْ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "هَيَّجَ بَيْنَهُمَا الشَّرَّ" اس نے ان دونوں کے درمیان شر و فساد کو بھڑکا دیا۔

هَايَجَهُ و مُهَايَجَةً و هِيَاجًا: برانگیختہ کرنا اور لڑائی کرنا۔

اَهَاجَتْ اِهَاجَةً الرِّيْحُ النَّبْتَ: ہوا کا نباتات کو خشک کرنا۔

اَهْيَجَ اِهْيَاجًا الْاَرْضَ: سوکھی نباتات والی پانا۔

تَهَيَّجَ تَهَيُّجًا: برانگیختہ ہونا۔ بھڑکنا۔

تَهَايَجَ تَهَايُجًا الْقَوْمُ: باہم لڑائی کرنا۔

اِهْتَاجَ اِهْتِيَاجًا الشَّيْ: بھڑکنا۔

الهَائِجُ: فا۔ جوش۔ غضب۔ کہا جاتا ہے "هَاجَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ بھڑک گیا "وَهَدَأَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

الهَائِجَةُ: الهَائِجُ کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَائِجَةٌ: خشک یا زرد شدہ گھاس والی زمین۔

الْهَيْجُ: مص۔ لڑائی۔ زردی۔ خشک شدگی۔ حرکت۔ تیز ہوا۔ کہا جاتا ہے "يَوْمُ هَيْجٍ" ہوا یا بادل بارش کا دن۔ جب بادل اوّل اوّل اٹھنا شروع ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاجَ لَهُ هَيْجٌ حَسَنٌ"۔

شَيْءٌ هَيُوْجٌ: بھڑکی ہوئی چیز۔ مؤنث کے لیے هَيُوْجٌ و مِهْيَاجٌ مستعمل ہے۔

الهَاجَةُ: مینڈکی۔ ج هُيُوْجٌ و هَاجَاتٌ۔

الهَيْجَا و الهَيْجَاءُ: لڑائی۔

هَادَهُ يَهِيْدُهُ هَيْدًا و هَادًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ غم زدہ کرنا۔ ہلانا۔ درست کرنا۔ زائل کرنا۔ منہدم کرنا۔ باز رکھنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَهِيْدُنِي ذٰلِكَ" یہ چیز مجھ کو برانگیختہ نہیں کرتی اور نہ اس کی میں پروا کرتا ہوں۔ بعض کا قول ہے کہ يَهِيْدُ کا استعمال حرف نفی کے ساتھ خاص ہے۔

هَيَّدَهُ تَهْيِيْدًا: بمعنی هَادَهُ (مذکورہ بالا معانی میں) هَيَّدَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَا هَيَّدَ عَنْ شَتْمِي" وہ مجھے گالی دینے سے نہ پیچھے ہٹا نہ رکا۔

الهَادُ: مص۔ اونٹ کی ڈانٹ کا کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ هَادٌ" یعنی وہ ایسا ہے کہ نہ تو اسے منع کیا جا سکتا ہے نہ ڈانٹا جا سکتا ہے۔

الهَيْدُ: مص۔ مضطرب و پریشان۔

الهَيْدَانُ: بزدل۔ مضطرب۔ بیوقوف۔ بخیل۔

هَيَرَهُ فَتَهَيَّرَ: هَوَرَهُ فَتَهَوَّرَ میں ایک لغت۔

الهَيَارُ: جو منہدم اور ساقط ہو۔

الهَيْرُ و الهَيِّرُ: بادِ شمالی۔ الهَيْرُ و الهَيِّرُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا نصف اول۔ رَجُلٌ هَيِّرٌ: لاپروائی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الهَيْرَةُ: نرم زمین۔

رَجُلٌ هَيَّارٌ: کمزور مرد۔

الهَيْرُوْنُ: ایک قسم کی کھجور۔ واحد هَيْرُوْنَةٌ۔

هَاسَ يَهِيْسُ هَيْسًا الشَّيْءَ و مِنَ الشَّيْءِ: بکثرت لینا۔ تیز چلنا۔ فُلَانٌ: بہادر۔ بہت کھانے والا۔

الاَهْيَسُ: کسی چیز سے نہ رکنے والا اونٹ۔ مِنَ الْاِبِلِ: ...

الهَيْسُ: جوتنے کے لیے بیلوں کی جوڑ اور بقول بعض اس کا کل سامان۔

هَاشَ يَهِيْشُ هَيْشًا الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ الْقَوْمُ: جوش و حرکت میں آنا۔ کہا جاتا ہے "هِشْتُمْ عَلَيْنَا" تم ہم لوگوں کے اوپر جوش و حرکت میں آئے۔ فُلَانٌ: بہت بولنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو آہستہ آہستہ دوھنا الْمَالَ: جمع کرنا۔ الرَّجُلُ: بشاش ہونا۔

الهَيْشَةُ: مخلوط جماعت۔ اضطراب۔ فتنہ۔ ج هَيْشَاتٌ۔

هَاضَ يَهِيْضُ هَيْضًا بِالشَّيْءِ: سختی برتنا عُنُقَهُ: گردن توڑنا الطَّيْرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

المَهَايِضُ: پرندے کے بیٹ کرنے کی جگہ۔ واحد مَهِيْضٌ۔

الهَيْضُ: پرندے کی بیٹ۔

هَاضَ يَهِيْضُ هَيْضًا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ فُلَانٌ الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَاثَلَ الْمَرِيْضُ فَهَاضَهُ كَذَا" مریض اٹھ کھڑا ہوا تھا کہ اس کو فلاں چیز نے پھر دوبارہ مبتلاء مرض کر دیا۔ الْحُزْنُ قَلْبَهُ: بار بار غم لاحق ہونا۔

هَاضَهُ: توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا۔

هَيَّضَهُ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔

تَهَيَّضَ تَهَيُّضًا وَانْهَاضَ اِنْهِيَاضًا الْعَظْمُ: ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹنا۔

تَهَيَّضَهُ الْمَرَضُ و نَحْوُهُ: بیماری کا بار بار لوٹنا۔

اِهْتَاضَ اِهْتِيَاضًا الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔

الهَيْضُ: پرندے کی بیٹ۔

الهَيْضَاءُ: لوگوں کی جماعت۔

الهَيْضَةُ: هَاضَ کا اسم مرۃ۔ رنج و غم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا هَيْضَةُ الْكَرَى: نیند لاحق ہونے کی وجہ سے سستی۔

عَظْمٌ مَهِيْضٌ: جڑنے کے بعد توڑی ہوئی ہڈی۔

الْمُسْتَهَاضُ: وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے، وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔

هَاطَ يَهِيْطُ هَيْطًا: شور مچانا۔

هَايَطَ مُهَايَطَةً و هِيَاطًا: شور مچانا۔ فُلَانًا: [illegible] جھگڑنا۔

تَهَايَطَ تَهَايُطًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔

الهَیْطُ س۔ کہاجاتا ہے "مَا زَالَ فِی هَیْطٍ و مَیْطٍ" وہ ہمیشہ شور و غوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے هُمْ فِی هِیَاطٍ و مِیَاطٍ وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔

هَاعَ یَهِیْعُ و یَهَاعُ هَیْعًا الشَّیْءُ زمین پر پھیلنا الرَّصَاصُ: پگھلنا الرَّجُلُ: بھوکا ہونا الْإِبِلُ إِلَی الْمَاءِ: خواہش مند ہونا الرَّجُلُ: بتکلف قے کرنا (هَیْعًا و هَیْعَةً و هُیُوْعًا و هَیْعُوْعَةً و هَیَعَانًا): بزدل ہونا۔ گھبرانا (هَیْعَةً و هَاعًا) سخت حریص ہونا مِنَ الشَّیْءِ تنگ دِل ہونا، زچ ہونا۔

تَهَیَّعَ تَهَیُّعًا وَانْهَاعَ اِنْهِیَاعًا الشَّیْءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَیَّعَ وَانْهَاعَ السَّرَابُ" سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔

الهَائِعُ فا۔ لَیْلٌ هَائِعٌ: تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ" بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔

الهَائِعَةُ الهَائِعُ کا مؤنث۔ تیز آواز۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔

الهِیَاعُ پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "رِیْحٌ هَیَاعٌ لَیَاعٌ" تیز ہوا۔

الهَاعُ سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ" یعنی کمزور بزدل مرد۔ اور ایسا ہی "امْرَأَةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ"۔

الهَیْعَةُ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر بہنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔ اَرْضٌ هَیْعَةٌ: کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔ رَجُلٌ هَیِّعٌ لَیِّعٌ کمزور گھبرانے والا مرد۔

الْمُتَهَیِّعُ برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔

المَهْیَعُ کھلا ہوا کشادہ راستہ۔ اور کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مَهْیَعٌ" ج مَهَایِعُ. بَلَدٌ مَهْیَعٌ: کشادہ شہر۔

هَیْعَرَتْ هَیْعَرَةً الْمَرْأَةُ: بدکار ہونا (وتَهَیْعَرَتْ) ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔

الهَیْعَرَةُ خفت۔ طیش۔ بھوتنی۔ بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔

هَیَّغَ تَهْیِیْغًا الْمَطَرُ الْأَرْضَ بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔

اَهْیَغَ الْقَوْمُ قوم کا خوش حال ہونا۔

الأَهْیَغُ تر و تازہ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز سال۔ والأَهْیَغَانِ تر و تازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔

هَافَ یَهِیْفُ هَیْفًا بہت پیاسا ہونا (یَهَافُ هَیَفًا) الْعَبْدُ غلام کا بھاگنا۔ (هِیَافًا و هَیَافًا) الْإِبِلُ اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔

هَیِفَ یَهْیَفُ ,هافَ یهافُ هَیْفًا و هَیَفًا الْغُلَامُ پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْیَفُ صفت مؤنث هَیْفَاءُ ج هِیْفٌ.

اَهَافَ اهَافَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اهْتَافَ اهْتِیَافًا پیاسا ہونا۔ صفت مُهْتَافٌ.

اسْتَهَافَ بادِ هَیْف کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے هَیْف)

الهَائِفُ فا۔ سخت پیاس والا۔

الهَائِفَةُ هائف کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر بادِ هیف کی طرف رُخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے هیف)

الهَیْفُ س۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثالِ عرب میں سے ہے "ذَهَبَتْ هَیْفُ لِأَدْیَانِهَا" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے، یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔

رَجُلٌ هَافٌ پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔

اِبِلٌ هَافَةٌ جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔

المِهْیَافُ والهَیْفَانُ والهَیُوْفُ پیاسا۔ سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔

اَهْیَقَ الظَّلِیْمُ شتر مرغ کا لمبا ہونا۔

الهَیْقُ مِنَ الرِّجَالِ بہت لمبا تڑنگا۔ اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شتر مرغ۔ ج اَهْیَاقٌ و هُیُوْقٌ مؤنث هَیْقَةٌ.

الأَهْیَقُ لمبی گردن والا۔

هَیَّكَ تَهْیِیْكًا جلدی کرنا۔ کھودنا۔

هَیْكَلٌ ہ ک ل کا مادہ دیکھئے۔

هَالَ یَهِیْلُ هَیْلًا عَلَیْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔

هَیَّلَ تَهْیِیْلًا عَلَیْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لیے ہے)

تَهَیَّلَ تَهَیُّلًا وَانْهَالَ اِنْهِیَالًا التُّرَابُ: مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے "هَالَهُ فَانْهَالَ و هَیَّلَهُ فَتَهَیَّلَ" اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ اِنْهَالُوْا عَلٰی فُلَانٍ فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔

الهَائِلُ ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے "رَمْلٌ هَالٌ" گرنے والی ریت۔

الهَیْلُ س۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے "جَاءَ بِالْهَیْلِ و الهَیْلَمَانِ" یعنی وہ بہت مال لایا یا وہ ریت اور ہوا لایا۔

الهَیَالُ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الهَیَلَانُ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الهَالَةُ چاند کے ارد گرد کا حلقہ۔ ج هَالَاتٌ.

الهَیُوْلُ ذرات جو روشندان میں دھوپ پڑتے وقت معلوم ہوں۔

الهَیُوْلٰی والهَیُوْلٰی مادۂ اولی۔ نسبت کے لئے هَیُوْلِیٌّ و هَیُوْلَانِیٌّ ج هَیُوْلَاتٌ.

هَیْلَلَ هَیْلَلَةً لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کہنا۔

هَامَ یَهِیْمُ هَیْمًا و هُیُوْمًا و هِیَامًا و هَیَمَانًا و تَهْیَامًا بكذا: محبت کرنا عَلٰی وَجْهِهِ: آوارہ پھرنا (هُیَامًا) پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هِمْ لِنَفْسِكَ" یعنی اپنی ذات کے لیے طلب کرو اور اسی کے لیے اہتمام کرو۔

هَیَّمَهُ الْحُبُّ: محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔

تَهَیَّمَ تَهَیُّمًا الْهَوٰی فُلَانًا پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا فُلَانٌ: اچھی چال چلنا۔

اهْتام اهْتیاما لنفسہ: حیلہ کرنا۔
اَسْتُهیم فُؤادُه: محبت وغیرہ کی وجہ سے دِل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت مُستهام الفواد.
الهائم. فا۔ حیران۔ ج هُیَّم و هُیَام.
الهُیَام: وسوسہ میں مبتلا عشاق۔
الهیام. ہمیشہ گرتے رہنے والی ریت جھُیُم.
الهُیام. جنون عشق۔ سخت پیاس۔ الهُیام: سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔
الهیْم. مں۔ کہا جاتا ہے "هیْمُ اللّه" بمعنے "ایْمُ اللّهِ" یعنی خدا کی قسم۔
الهیْماء بے پانی کا بیابان۔
الاَهْیم. هُیام کی بیماری والا۔ مؤنث هیْماء جهِیْم. لَیلٌ اهْیَم و لَیْلَةٌ هیْماءُ: رات جس میں ستارے نہ ہوں۔
الهیْمان. پیاسا هُیام کی بیماری والا۔ مؤنث هیْمی جهیام و هیْمی. رجُلٌ هیْمان: محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔
الهَیُوْم. حیران۔
رجُلٌ اهْیم سخت پیاس والا مرد۔

قلب مُستهام. عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔
المهْیُوْم. سخت پیاس والا۔ هُیام کی بیماری والا۔
هیْمن هیمنة. آمین کہنا۔
الطّائرُ علی فراخه: پرندے کا بچے پر پر پھیلانا۔
فلانٌ علی کذا نگہبان ہونا۔
المُهیْمِنُ و المُهیمن. اللہ تعالٰی کے اسماء حسنٰی میں سے ہیں۔ بمعنے خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت و حیات وغیرہ کا کفیل۔
الهیْنم. روئی۔
الهیْنمة. پست آواز۔
الهیْنُوْم غیر مفہوم کلام۔
هِیْه هیْه. کسی چیز کو دفع کرنے کیلئے بولا جاتا ہے (کلمہ استزادہ ہے)
هیْهات. بتثلیث الآخر: اسم فعل ہے بمعنے دور ہوا۔ اور اس میں چند لغات اور ہیں اَیْهاتَ وایْهان وهیْهاد، وهایهات و هایهان حرفِ آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔

معرب بھی ہیں اور مبنی بھی۔ اور ایک لغت ایها ہے۔
الْهیُو فاریْقون. زرد پھولوں والا پودا بعض طبی فوائد رکھتا ہے۔
هیا. بعید کے لیے حروفِ نداء میں سے ہے اور اس کی اصل اَیا ہے۔
هَیّ بن بیّ و هیّانُ بْنُ بیّان غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔
هیَ. اسم فعل بمعنے امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے ویْدكَ اور هاكَ میں، کہا جاتا ہے هیَكَ اور کبھی تثنیہ کے لیے "هیّا" اور جمع کے لیے "هیُوْ" کہا جاتا ہے۔
هَیّا هیّا اسماء افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔
الهیَاة. شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "ما هَیَاتُهٗ" اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

ی

ی: الیاءُ حروف تہجدی میں سے اٹھائیسواں حرف ہے- یہ حروف جوف سے ہے- بحساب جمل اس کا عدد (۱۰) ہے-

الیاءُ. ضمیر مؤنث کے لیے آتی ہے جیسے تقُوْمِیْن و قُوْمی. اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے جیسے ضربنِی و کتابِیْ.

یا. حرفِ ندا ہے۔ بعید و قریب دونوں کے لیے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یا "لیْتنِیْ کُنْتُ معهُمْ" و یا "رُبَّ کاسیةٍ فی الدُّنْیا عارِیةٌ یوْم الْقیامة" اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لیے ہے-

اور "اتانی رجُلٌ ویالهٗ رجُلا اوْ منْ رجُلٍ" و "یا للك منْ فارِس" جیسی ترکیبوں میں یا حرِف ندا اور لام تعجب کے لیے ہے-

یئس ییْاسُ و ییْئسُ یأْسا و یئاسة منه: ناامید ہونا۔ صفت فاعلی یائسٌ و یؤُسٌ و یؤُوْسٌ جمع یؤُوْسٌ اور صفت مفعولی میْؤُوْسٌ منْهُ. اور کبھی یئِس جاننے کے معنے میں آتا ہے۔ جیسے "الَمْ تیْاَسُوْا انِّیْ ابنُ فارِس زهْدمٍ" کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں۔

